الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

کتاب فیض انتساب در حالات شیخ وقت عارف کامل موحد واصل جناب مولوی حاجی
سید محمد غوث علیشاہ صاحب قادری نقشبندی چشتی سہروردی بغدادی پانی پتی

موسوم

ریاض الفقر

معروف بہ

دفتر حقیقت

١٣٠٢

از تالیف حافظ محمد امداد حسین ظہور عرفانی ساکن میرٹھ حسب ارشاد جناب
منشی فضل رسول صاحب رئیس میرٹھ مرید خاص مولانا صاحب دام فیضہ

در مطبع فیض مرقع شگوفہ فیض منشی نور علی بہار آرائی طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بنام حق کنم آغاز تفسیرِ خدا دانی ❊ تمنا دارم از فضلِ رسول پاک یزدانی
ریاض الفقر از فیض علی غوثِ ربانی ❊ بقلب عاشقان تا حشر دارد نور افشانی

خداوندا خدائی تجکو زیبا ہے اور سزاوار تیری مالک الملکی وہو بکل شئی محیط سے آشکار تیری شاہنشاہی کا فعال لما یرید سے اظہار تجکو روا ہے فرمانا لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار ہو قل ہو اللہ احد اللہ الصمد تیری یکتائی اور بے نیازی کی دلیل لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد شاہد یکتائے بے قال وقیل ازل وابد جزو وکل سب تیری صفات کا ظہور ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن سے ہر شئے معمور ۰

ای غیر تو در ہمہ جہان موئی نے ❊ جز روئی تو در ہمہ جہان روئی نے
از ہر سوئی کہ بنگرم در دو جہان ❊ ان سوی تو نے ولیک ان سوئی نے

اندر چشم ہمہ توئی بینائی ❊ اندر دہنم ہمہ توئی گویائی ❊
در ہر قدمم تو راہ مے پیمائی ❊ بس جملہ توئی دگر چہ میفرمائی ❊

لیس کمثلہ شیٔ سے بے مثلی تیری پیدا الملک القدوس سے منزہ اور مقدس ہونا تیرا ہویدا ؎

اے پاکی تو منزہ از ہر پاکی ‌ ‌ قدوسی تو مقدس از ادراکی
در راہ تو صد ہزار عالم گردے ‌ ‌ در کوی تو صد ہزار آدم خاکی

تیری ادراک معرفت مین عقل بلند پرواز مقربان بساط قرب پریشان تیری کنہ حقیقت مین خیال لامکان سیر بار یافتگان سراپردہ عزت حیران ؎

نے عقل بکنہ لایزالِ تو رسد ‌ ‌ نے فکر بغایت جلالِ تو رسد
در کنہ کمالات نرسد ہیچ کسے ‌ ‌ کو غیر تو کس تا بکمالِ تو رسد

کن سے تو نے نقشہ کون و مکان جمایا فاطر السموات والارض سے تو نے چمن کن فکان کا رنگ دکھلایا ذرات مکونات کو تو کتم عدم سے منصہ ظہور پر لایا ۔ الحمد للہ الذی خلق السموات والارض کو تو نے نغمہ خالقیت ٹھہرایا ؎

اے ہمہ ہستی ز تو پیدا شدہ ‌ ‌ خاک ضعیف از تو توانا شدہ
زیر نگین علمت کائینات ‌ ‌ ما بتو قایم چو تو قایم بذات
ما ہمہ فانی و بقا بس ترا ‌ ‌ ملک تعالے و تقدس ترا

زمین و آسمان سے تو جلوہ گر ۔ اللہ نور السموات والارض سے تیری ذات اظہر شب و روز سے تیری قدرت عیان واللہ یقدر اللیل والنہار کا تو شایان پیدا اور نا پیدا کرنا تیرا کام یخرج الحی من المیت و یخرج المیت من الحی تیرا کلام

؎ سبحان اللہ زہے خداوند وجود ‌ ‌ مستجمع فضل و کرم و رحمت و جود
در ہر آنے برد جہانے بعدم ‌ ‌ آرد دگرے جہان ہماندم بوجود

احدیت کو وحدت مین تو نے منزوی کیا وحدت کو واحدیت مین تو نے مخفی رکھا عناصر اربع کو تو نے احدیت سے ظاہر کیا اعیان ممکنات کو تو نے حجاب اسما بنایا اسما کو تو نے حجاب صفات ٹھہرایا صفات کو حجاب ذات تو نے قرار دیا ؎

اے بر ہمہ آشکار و بر جملہ نہان ‌ ‌ در عین عیان مخفی و در خفیہ عیان

اندر تو عجب بماندہ ام اے جان جہان   آنی وہم اینی ونہ این ونہ ہم آن

کعبہ کی سجدہ ریزی سومنات کی خاک بیزی صومعہ کی خلوت خرابات کی جلوت شمع کا نور پروانہ کی سوختگی بادہ کا جوش پیمانہ کی نوشانوش عاقل کی عقل کی رسائی دیوانہ کی فہم کی کج ادائی آشناؤن کی آشنائی بیگانونکی ہرزہ سرائی تیری ہی نیرنگ قدرت کا تماشا ہے

درکعبہ و سومنات افسانہ توئی ٭   در ہر منزل عاشق دیوانہ توئی
خود گل شدہ و بلبل شیدائی -   بر شمع جمال خویش پروانہ توئی
یک طاؤس است و ہر دو کونش دو پر است   ہر لحظہ برنگے نو و نقش دگر است
بر جلوہ او نظارہ کن اینست بس ٭   تو جلوہ چہ می کنی چو او جلوہ گر است

نیسان کے قطرہ کی ابداری ابداری کی گوہر شاری ذرہ کی چمک چمک کی دمک آفتاب کی تجلی تابی تجلی کی برق وشی تجلی سے طور کی نمود طور سے تجلی کا وجود وشہود ثواب سے خطا کا نام خطا سے ثواب کا احترام تیری ہی ندرت کا چرچا ہے ٭

ہر چیز کہ ہست در دو عالم کم و بیش   از جلوہ گری نور اوست ایدرویش
تا جلوہ ہمی کند ہمہ جلوہ اوست   چون جلوہ کند ترک نماند کم و بیش
در جملہ جہان عابد و معبود توئی ٭   ساجد ز ہمہ جہان و مسجود توئی
زان روے کہ ہر کہ عابد و معبود است   موجود بود یقین و موجود توئی

حسن کو آن چشم کو جان زلف کو تسلسل نگاہ کو کیف مل کفر کو ظلمت و زنار داری دین کو ضیا و نور باری زمین کی مرجائی آسمان کی جہان پیمائی آب کی روانی آتش کی تیز زبانی خاک کی بربادی باد کی ازادی چشم کو نور دل کو حضور عقل کو ادراک آدراک کو شناسائے شناخت وشناسائے کو عرفان تو نے عطا کیا ٭

کس نیست کز و بسوی تو راہی نیست   بے ہستی تو سنگ و گل و کاہے نیست
یک ذرہ ز ذرات جہان نتوان یافت   کاندر دل او ز مہر تو ماہے نیست

اے مہر رخت مظہر ذرات دو کون اے دادہ بہ ہستی جمالت ہستی +	ذاتت بصفت معنی آیات دو کون وے کردہ ز نفی عین اثبات دو کون

کثرت کو وحدت وحدت کو کثرت موسی کو طور ظلمت کو نور عاشق کو نار منصور کو دار
گلشن کو آب گل کو تاب چشم کو بینائی دل کو دانائی تونے بخشی ۵

اے گشتہ عیان بروے تو از جام جہان پیدائے جہان توئی و پنہان جہان	پیدا شدہ از بوی خوشت نام جہان آغاز جہان توئی و انجام جہان
اے حسن تو در کل مظاہر ظاہر از نور رخ و ظلمت زلفت دایم +	وے چشم تو در جملہ مناظر ناظر قومے شدہ مومن اند و قومے کافر

باریافتگان بارگاہ صمدیت کی زبان تیری حمد پردازی اور ثناطرازی عجز سے گنگ و لال لا احصی ثناء علیک کا
شاہد حال مقربان سراپردہ احدیت کی عقل تیری شناسائی مین قاصر ما عرفناک حق معرفتک و ما قدرناک حق قدرک سے ظاہر ۵

سبحان خالقی کہ صفاتش ز کبریا گر صد ہزار سال ہمہ خلق کائنات آخر بعجز معترف ایند کاے الہ	بر خاک عجز مے فگند عقل انبیا فکرے کنند در صفت و عزت خدا دانستہ شد کہ ہیچ ندانستہ ایم ما

کون ہے کہ تجھ بے چون و بیچگون کی مدح مین قلم اوٹھائے اور کسکی ہمت ہے کہ شان بے
نشان کی وصف مین حرف زبان پر لائے + ۵

ای شرح و بیانت ز بیان مستغنی این جملہ توئی ہر آنچہ ہستی لیکن	وے نام و نشانت ز نشان مستغنی اظہار تو در عین عیان مستغنی +

اندیشہ کو اس بارگاہ مین راہ نہین عقل اس منزل سے آگاہ نہین دانش عذر خواہ نادانی
فکر درماندہ پریشانی + ۵

افکار درین شیوہ ندارد پائے مشکل طلبی عجیب تر سود اسے	اندیشہ درین راہ ندارہ پائے ہیہات کجا قطرہ و کو دریائے

+ ہان جبا ذکر دنی فاذکر کم سامعہ نواز جان

ہے تیری فضل وکرم سے امید بیکران ہے کہ ذرات زبان تیرے ذکر سے شیرین کام ہو اور دل تیرے فکر مین محو تمام غنچہ مقصود جاودانی تیری نسیم مرحمت سی شگفتہ اور خندان ہووے نکہت گلہای فرحت افزای نعمت سرمدی سے دماغ معطر اور دل شادان اور فرحان — ۵

ملکا ذکر تو گویم کہ تو پاکی و خدائی نروم من بجز ان رہ کہ توان رہ نمائی
ہمہ درگاہ تو جویم ہمہ در کار تو پویم ہمہ توحید تو گویم کہ بتوحید سزائی
تو خداوند یمینی تو خداوند یساری تو خداوند زمینی تو خداوند سمائی
تو زن و جفت نجوئی تو خور و خفت نخواہی احد بے زن و جفتی ملکا کامروائی
نہ نیازت بولادت نہ بفرزند تو حاجت تو جلیل الجبروتی تو امیر الامرائی
تو کریمی تو رحیمی تو سمیعی تو بصیری تو معزی تو مذلی ملک العرش بجائی
ہمہ را عیب تو پوشی ہمہ را غیب تو دانی ہمہ را رزق رسانی کہ تو با جود و عطائی
نہ بدی خلق تو بودی نہ بود خلق تو باشی نہ تو خیزی نہ نشینی نہ تو کاہی نہ فزائی
نہ سپہری نہ کواکب نہ بروجی نہ دقایق نہ مکانی نہ منازل نہ نشینی نہ بپائی
بری از چون و چرائی بری از عجز و نیازی بری از صورت و رنگی بری از عیب و خطائی
بری از خوردن و خفتن بری از تہمت مردان بری از بیم و امیدی بری از رنج و بلائی
تو علیمی تو حکیمی تو خبیری تو بصیری تو نماینده فضلی تو سزاوار ثنائی
نتوان وصف تو گفتن کہ تو در وصف نگنجی نتوان شرح تو کردن کہ تو در شرح نیائی
احد لیس کمثلہ صمد لیس لہ ندی + لمن الملک تو گوئی کہ سزاوار خدائی
لب و دندان ثنائی ہمہ توحید تو گویند مگر از آتش دوزخ بودش زود رہائی

نعت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

جیسی حمد طرازی جناب کبریائی اور ثنا پردازی ذات مولائی انسان کو دشوار ہے ایسی ہی نعت

فرمان روای کشور رسالت خدیو اقلیم نبوت حلی بند شاهد شریعت خواجه دیوان معرفت

پیش رو کعبهٔ انبیا سید الاصفیا ؎

صدری که ز هر چه بود برتر او بود
مقصود ز اعراض و جواهر او بود
انجا که میان اب و گل بود آدم
در عالم جان و دل پیمبر او بود

خاتم رسل هادی سبل سید مطلق خواجه بر حق فیض مقدم نور مکرم جود مجسم عقل معظم ؎

بدر دین صدر هدی ختم رسل
فیض مطلق نفس کامل عقل کل

فخر کائنات مظهر اسما و صفات سلطان صاحب برهان حبیب الرحمان شفیع المذنبین سید المرسلین امام المتقین خاتم النبین ؎

شاه عربی قبله ارباب نجات
آئینه ذات احد و مرآت صفات
در پیروی اوست علوی درجات
لازال علیه زاکیات الصلوات

شهسوار فضای سبحان الذی اسری شاهباز اوج دنی فتدلی صدر نشین وساده قاب قوسین او ادنی نکته دان رموز فاوحی الی عبده ما اوحی دانای معانی اسرار و ما ینطق عن الهوی آگاه کنایات سرایران هو الا وحی یوحی جلوهٔ طور تجلی لولاک لما طور تماشای لعطیک ربک فترضی خورشید مشرقستان والنهار اذا تجلی قمر اکلیل واللیل اذا یغشی ائینه جمال والشمس والضحی طرهٔ اسامی واللیل اذا سجی کحل الجواهر و ما زاغ البصر ما طغی صدر نشین صفه اعزاز اهل صفا گوهر درج لطحی مایه افرینش ارض و سما ؎

ای شاه رسل شمع سبل رهبر کل
شهباز دنی طایر اوج فتدلی
یک نسخه ز وصف شب معراج تو والنجم
طغرای تو یس و لوای تو فتحنا
واللیل قسم بر شکن طرهٔ مویت
والشمس بماه رخت ای شمع دل آرا
بالای تو سرویست ز جویبار مدثر
محراب دو ابروی تو قوسین او ادنی

فرمان فرمای کنت نبیا و آدم بین الماء والطین واقف مواقف علم الاولین والاخرین متکی اریکهٔ طه دیس جلیس بزم و ما ارسلناک الا رحمة للعالمین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی الله علیه

والہ واصحابہ وسلم دایرہ امکان سے باہر ہے انسان ضعیف البنیان کی کیا طاقت اور کیا ہمت ہے کہ منشور نویس آدم ومن دونہ تحت لوائی کا مداح بنے اور فرمان فرماے من رانی فقد رای الحق کی وصف کا دم بھرے ؎

هفت اخترم از شش جهت این نامه نوشت
ده عقل ز نه سپهر واز هشت بهشت
کز پنج حواس وچہار ارکان وسه روح
ایزد بدو کون چو تو یک تن نسرشت

حق ہے جسکی مداح ذات حق ہو اوسکی مدح طرازی محال ہے اور جسکی مدح کلام خالق برحق ہو اوسکی ثنا پردازی از قسم اشکال ہے ؎

هلا اے مرغ زیرک پر مبند از
که اینجا مشکل است آهنگ پرواز
درین وادی نه ره پیدا نه منزل
ازین پرده نه بانگ آید نه آواز

خوش انکه بندم در سد ہت برناقه محمل از وطن
خیزم چو گرد افتم چو اشک آیم بسبز علطم به تن
چون پا نهم در راه تو باشد پی قطع رهم
پا را حله کف ابله چشم قدم عمر آدمن
آیم برین دار الشفا گویم بزاری دمبدم
کای شمع دین ختم رسل مطلوب حق فخر زمن
شاه سریر سلطنت سلطان اوادنی لقب
مکی نسب امی حسب بطحی مکان یثرب وطن
از گفتن نعتت بود ساعت بساعت تازه تر
باغ امل شاخ طرب گلزار جان نخل بدن
از شوق باغ عارضت از دست حسرت چاک زد
لاله گریبان غنچه دل نسرین قبا گل پیرہن
از شرم خاک درگہت برخاک خواری ریخته
رنگ گل وآب بل وتاب چمن بوی سمن
سحر آفرین عقل را در وقت وصفت او فتد
کلک از بنان حرف از بیان نطق از زبان حسن از دہن
کمتر گداے درگہت بر سند شاہی بود
خسرو صفت دارا محل خاقان مکان جمشید فن
بعد وفاتم بس بود گردی زراه مقدمت
زاد سفر زیب عمل شمع لحد عطر کفن
یا رحمة للعالمین برخیز تا خیزد دگر ؎
شور از فلک حور از ملک ننگ از زحل سحر از علن
از سطوت حشمت سزد گر روی تابد تا ابد
آب از زمین تاب از شرر بلبل ز گل باد از چمن
از سنگ کین بد گوہران خستند روز کین ترا
محراب دین لعل ختن درج گہر در عدن

برگردن اعدای تو دست سپهر انداخته
زنجیر غم بند الم غل ستم طوق محن

عیسی و صالح در رهت با خضر و موسی آمده
او چتر دار این ناقه کش آنجا کبوس این بادزن

عقل و دل و دین و خرد گردند گرد روضه ات
این شادمان آن جان فشان این طوف کن آن چرخ زن

شمشیر شرع انورت از بهر دفع کفر شد
گیتی ستان آتش فشان کشور کشا اعدا فگن

از هیبت شرعت عجب نبود اگر دوری کند
چشم از غضب ابرو ز چین خال از فسون زلف از شکن

ای از طفیل ذات تو موجود گشته از عدم
چرخ و فلک املاک و ملک لوح و قلم سر و علن

کلک بدایع سنج من از صفحه نعتت شود
دستان سرا معنی نما عیسی نفس عنبر فگن

پی ناقه ات هر جا نهد از دولت گامش بود
باغ ارم ملک بقا صحرای چین دشت ختن

وقت چریدن از دهن خاری که افتد بر زمین
سوسن شود نسرین دمد خیزد گل آرد نسترن

بسته میان بندگی در پیش خدام درت
علم و ادب عقل و هنر ذهن و ذکا جور و محن

بنمای روی نازنین تا بر زمین افتد ز شرم
زهره ز بام ماه از افق مهر از تتق شمع از لگن

از حجره بیرون نه قدم برکن درخت ظلم را
برباد ده آتش فگن درهم شکن از پا فگن

جمع خطا اندیش را از برق تیغ آبدار
از پا برار از جانشان و بخاک کش گردن بزن

فرمان بر حکم ترا در زیر فرمان آمده
چین و خطا مصر و حلب روم و ری شام و یمن

گر حفظ تو مانع شود گردد گریزان تا ابد
مرگ از مرض تنگ از عرض گرگ از غنم زاغ از زغن

یاری دهی گر شمع را حفظت نه بیند بعد ازین
در کشتن و آویختن از مردن و از سوختن

از بهر دفع دشمنت ایام تعین ساخته
تیر و کمان گرز و سنان تیغ و تبر دار و رسن

با دشمنت روز ازل زائیده است از یک شکم
داغ برص رنج بهق گنده بغل بوی دهن

از دولت نعتت بود لحظه بلحظه تازه تر
فیض ازل عمر ابد روز نو و عیش کهن

ای آفتاب شرع و دین چون خاک پامال توام
در من نگر بر من گذر سایه فگن بر فرق من

هستی شفیع المذنبین خویت شفاعت کردن است
بیچاره من نامه سیه حالم تبه دل پر حزن

صدیق اول پس عمر عثمان چہارم حیدر است　　ان صادق واین عادل وان جامع واین بوالحسن
باذکر و فکر نعت تو خرم نشستہ بوعلی　　آسودہ جان ازادوش بی فکر دل اندر بدن
دارد امید مغفرت از دولت نعت شما　　با این عمل با این گنہ با این جفای ذوالمنن
باد از ما بر آل تو پیوستہ صلواۃ وسلام　　در آشکار و در نہان در خلوت و در انجمن

امابعد ہیچمدان ہیچ میرز پر قصور حافظ محمد امداد حسین ظہور عرض پرداز ہے کہ مجکو آغاز سن تمیز سے
فقرا کی خدمت کا شوق اور اہل اللہ کی کفش برداری کا ذوق تھا ٥

شد مرا از قفس بیضہ بلبل معلوم　　کہ گرفتاری عشاق بود مادر زاد
کسے کہ عشق بود در روز اول استادش　　کتاب صرف ہوا ئیست کاغذ بادش

بامید حصول فیض باطن ہر قسم کی فقیر سے ہمیشہ بلا امتیاز ناقص وکامل ملتا تہا پر کسی پر ایسا عقیدہ نہ تہا کہ بیعت کرتا

اگر بسوختہ جانی رسد شرارۂ من ٭٭　　امید ہست کہ روشن شود ستارۂ من
بر تخت فنا نشستہ درویشانند　　از ہر دو جہان گذشتہ درویشانند
خواہی کہ مس وجود تو زر گردد　　با ایشان باش کیمیا ایشانند

جب کوئی اسم مبارک شیخ الشیوخ قطب عالم غوث الثقلین محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ کا لیتا تہا
دل تڑپ جاتا تہا اور دیر تک دل پر اثر رہتا تہا ٥

محبت شمع فانوس است کے پوشیدہ مے ماند　　غم او عاقبت در پردۂ رسوا مے کند مارا

قریب ستر برس کے ہوئے اتفاقاً ایک بزرگ حاجی محمد صدیق نام باشندہ کشمیر بطور سیاحی
میرٹھ مین وارد ہوئے ایک روز تذکرہ فرمانے لگے کہ ہم تیس ۳۰ برس تک تمام ہندوستان مین پہرے
ہر سالک و مجذوب سے ملے لیکن جیسا مجمع صدق وصفا منبع خلق وولا مصدر اسرار سرمدی
مظہر فیوضات صمدی زبدہ خدا آگاہان قدوہ حق شناسان مظہر رحمت الہی مصدر کرامت نا متناہی
صاحب مقامات عرفان نقاوہ ارباب ایقان مقتدای ارباب ارشاد پیشوای طریق سداد امام
اصحاب ریاضت رونق بزم افاضت مخزن لطائف تصوف معدن شرائف تعرف فہرست جریدہ

تجرید عنوان صحیفہ تفرید باریاب بارگاہ باری مقرب بساط کردگاری سالک مسالک شریعت و طریقت عارج معارج معرفت وحقیقت خازن کنوز معرفت الہی نکتہ دان رموز خدا آگاہی مطلع انوار لاہوتی مخزن اسرار جبروتی سایۂ ذات حق مرکز اسرار مطلق عارف کامل موحد واصل سیاح بیدای فنا کشاف رموز بقا جامع الکمال برگزیدۂ ذوالجلال آفتاب ہند ؏

خورشید سپہر لایزالی	یکتائے جہان بے مثالی
قدرت تسلیم دستگاہش	عرفان تحیر نگاہش
گنج اسرار عالم جان	نقد صدف وجوب امکان

مولانا واولینا مرشدنا وہادینا مولوی حاجی سید **محمد غوث علی شاہ** صاحب بغدادی پانی پتی کو دیکھا ایسا کسیکو نہ دیکھا نہ سنا یہ اونکا فرمانا تہا کہ ایک شوق کی آگ خرمن تن مین لگ اوٹھی

؏ نہ تنہا عشق از دیدار خیزد	بسا کین دولت از گفتار خیزد
در آید جلوۂ حسن از رہ گوش	ز دل آرام برباید ز جان ہوش

قدم بوسی اور زیارت کا شوق پیدا ہوا اب ہادن یہی خیال تہا کہ وہ کونسا دن ہوگا جو خاک آستانہ سرمۂ چشم بصیرت بنیگی اور دیدۂ آرزو جمال خدام سے مشرف ہوگی ؏

اے خوش آن دم کہ بر دیتو نظر باز کنم	خویش را گرم نیازت کنم و ناز کنم
اے خوش آن روز کہ در بزم وصال از سر ناز	حال من پرسی و من بیخودی آغاز کنم
اے خوش آندم کہ وصال تو میسر گردد	چون نفس جان بلب آمدہ ام سر گردد

اس شوق کے زمانہ مین سوائے مشفقی مکرمی رمز شناس ذوق نکتہ یاب شوق جناب مولوی عبدالحکیم انکی صاحب جوش کی اور کوئی مونس اور ہمدم دہر از اپنا نہ تہا ؏

کجا روم چکنم حال خود کرا گویم	کہ داد من بستاند بدہ سزای فراق

مولوی صاحب سے رسم ملاقات دیرینہ تہی ان کو بہی بزرگون سے ملنے کا از حد شوق تہا طریقہ چشتیہ مین مولوی ضامن علی صاحب جلال آبادی قدس سرہ کی فیضان صحبت سے آتش ذوق اونکے وجود مین

مشتغل تھی اور طریقہ نقشبندیہ مین مولوی نیاز علیصاحب سے مستفیض تھے مین اونکو اپنا حال دل اکثر سناتا رہتا تھا ؏

چسان از ہمدمان دارم نہان راز دل خود را		کہ ہمچون نے نفس در سینۂ من نالہا دارد

اسی عرصہ مین ایک شغل کرنے سے اونکو عارضہ اسہال جگری پیدا ہو گیا ہرچند طبیبون نے دوا کی کچھ فائدہ نہوا جب سب طرح سے مایوس ہوئی اور کئی سال اس حالت مین گذر گئے تب بمقام پانی پت حضور کی خدمت مین پہونچے آپ نے کثرت اسہال کا حال زار سنکر فرمایا کہ تمنے کبھی ریشہ خطمی کا استعمال بھی کیا ہے یا نہین عرض کیا کہ برس گذر گئے ایک ریشہ خطمی کیا کثرت سے دوائین مجرب کھا چکا ہون فرمایا آج ریشہ خطمی پھر ہو گلزار شاہ بازار سے ریشہ خطمی لایا آپنے کوزہ وضو سے قدرے آب ملاکر لعاب پلوایا ریشہ خطمی کا لعاب آبحیات ہو گیا پیتے ہی ہر رگ و ریشہ سے عارضہ رخصت ہوا اور صحت حاضر معمولی حاجت بھی بند ہو گئی ؏

ہین کہ اسرافیل وقت اند اولیا		مردہ را زیشان حیات است و نما	

تیسرے دن جب شکایت کی کہ عادت قدیمی مین بھی فرق ہو گیا تب مسکرا کر فرمایا کہ قدیمی عادت جاری رہیگی اوس ولولہ شوق کے عالم مین جب مینے یہہ کرامت دیکھی اور بھی آتش شوق بھڑک اوٹھی ؏

عشق آمد و صبر از دل دیوانہ برون رفت		صد شکر کہ بیگانہ ازین خانہ برون رفت

ایکروز عالم خواب مین مینے دیکھا کہ مولوی نیاز علیصاحب ایک ظرف مین تخمیناً سیر بھر آٹا گوندھا ہوا دست راست مین لئے ہوئے سبز عمامہ سر پر اور دست چپ مین عصا رحیم بخش تنبولی کی دوکان پر رونق افروز ہین اور مجھسے فرماتے ہین کہ لو ہمنے یہہ آٹا گوندھ دیا ہے اب اسکو پانی پت لیجاؤ اور پکوا لو ؏

باز آتش عشق در دلم زد تابے کین معرکہ شعبدہ بازے خیال		یکشاد بروئیم از حقیقت بابے در چشم خدا بین نبود جز خوابے	

مینے صبح کو مولوی عبد الحکیم صاحب سے تذکرہ کیا اور تعبیر کے واسطے انکو مولوی نیاز علیصاحب کی پاس بھیجا جب یہہ اونکی خدمت مین حاضر ہوے سبے اسکے کہ کچھ عرض کرین خود ہی اونھون نے فرمایا

کہ آج اپنے دوست حافظ امداد حسین کا کچھ پیام لائے ہو یا نہین مولوی عبد الحکیم نے خواب حرف بحرف سنایا ارشاد ہوا کہ یہہ خواب سچا ہے اب اوسکو ہمارے پاس ہر روز آنا چاہیے تاکہ آٹا گوندہنے سے جو مراد ہے وہ یہان ہو جائے اور پختگی اور شلغم سیری حضرت کی خدمت مین پہونچکر ہوا اوسی روز سے ہر روزہ قدمبوسی سے مشرف اور فیضان سے بہرہ مند ہونے لگا جسقدر مولوی صاحب کے فیضان صحبت سے کیف حاصل ہوتا تھا اوسیقدر جناب قبلہ کی حاضری خدمت کا شوق روز افزون ہوتا جاتا تھا اور یہہ خیال آتا تھا کہ جب مولوی صاحب کے فیضان صحبت مین یہہ کیف ہے تو حضرت کی خدمت مین جو ایک دریائے بے پایان ہے کیا کچھ ہوگا اور ایسا دل مضطر تھا کہ تمام عمر یہہ اضطراب و التہاب خواب مین نہ دیکھا تھا ؎

خاصیت سیماب بود عاشق را	تا کشتہ نگردد اضطرابش نرود
عشق در جوش اور دخون دل افسردہ را	شعلہ جنبش مے دہد نبض چراغ مردہ را
افتادہ است بر سر من طرفہ آتشی	گویا بشمع چہرہ بدل کردہ ایم ما
از سر دم چون شمع اخر سوز پنہان سر کشید	زانچہ دامن مے کشیدم از گریبان سر کشید

جب مولوی صاحب نے حالت پریشان دیکھی ایک خط سفارشی قبلہ و کعبہ کی خدمت مین بھیجا تیسرے دن جواب آیا ؎

میل معشوقان نہانست و ستیر	میل عاشق با دو صد طبل و نفیر
ہر کہ او در عشق صادق آمدہ ست	بر سرش معشوق عاشق آمدہ ست

تحریر تھا کہ عنقریب حافظ امداد حسین سے ملاقات ہوگی بالفعل سورہ حشر اور دعائے غوثیہ کا ورد کرے اور اپنے آپکو آج ہی سے ہمارے آشناؤن مین شمار کرے اس کرامت صحیفہ کے آنے سے دل کی کچھ اور ہی حالت ہوگئی

نوید عاطفتے کز جناب شاہ رسید	مرا از ان سر حشمت باوج ماہ رسید
از ان جناب خطابے باین کمینہ رسید	گل مراد من از روضہ امید دمید
اے سواد نامہ ات نور سواد دیدہ ام	تازہ جانی یافتم تا نامہ ات من دیدہ ام

نامہ آیا گویا عیسی آیا ۔ تن بیجان مین جی سا آیا

تین برس کامل آیت سورہ حشر اور دعاے غوثیہ پڑہتا رہا شوق بڑہتا رہا عرایض برابر ہر ہفتہ مین دو بار بدین مضامین ارسال کرتا رہا ۔

خدانخستان بجناب تو ارزو مندم ۔ کہ شرح آن بزبان قلم نتوانم گفت
نیازمند چنانم بدان جناب شریف ۔ کہ وصف آن نتوان کرد و شرح نتوان گفت
بذات پاک خدای کہ مبدع الاشیا است ۔ کہ اشتیاق بجانت بشرح نا یدراست
باستان شریفت کہ بوسگاہ من است ۔ کہ شوق روی تو دارم خدا گواہ من است
در و دیوار مین آئینہ شد از کثرت شوق ۔ ہر کجا مینگرم روے ترا مے بینم

مگر جب جواب آیا یہی آیا کہ ابھی صبر کرو آخر انتظار کرتے کرتے اور مفارقت کا درد بھرتے بھرتے مایوسی کا رنگ پیدا ہوا ۔

طالع اگر مدد کند دامنش آورم بکف ۔ گر بکشد زہے طرب ور بکشد زہے شرف
مہر رخت سرشت من خاک درت بہشت من ۔ عشق تو سرنوشت من راحت من رضاے تو
اگر بخشے زہے رحمت نہ بخشے تو شکایت کیا ۔ سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار مین آئے

اس عرصہ مین بارہا مولوی صاحب بھی فرماتے رہے کہ خاندان نقشبندیہ مین بہت جلد آدمی فیضیاب ہوتا ہے اس خاندان مین بیعت کر لو چونکہ کاتب تقدیر نے اس خاندان مین بیعت ہونا نہین لکھا تھا دل آمادہ نہوا ۔

انچہ در روز ازل رفتہ قلم ۔ حک نگردد بعد ازان حرفی رقم
نیست بر لوح دلم جز الف قامت دوست ۔ چکنم حرف دگر یاد نداد استادم
دل سراپردہ محبت اوست ۔ دیدہ آئینہ دار طلعت اوست
من کہ سر در نیاورم بدو کون ۔ گردنم زیر بار منت اوست
تو و طوبی و ما و قامت یار ۔ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

دور مجنون گذشت و نوبت ماست	ہر کسے پنج روز نوبت اوست
نظر ظاہر بین کرسا فقط راہ	سینہ گنجینہ محبت اوست

ایک شب خواب دیکھا کہ کسی بزرگ نے ایک کتاب دی اور کہا تا وقتیکہ پانی پت جاوا ور بیعت سے مشرف ہو اس کتاب کو دیکھو یہ خاندان قادریہ کی کتاب ہے اور تم خاندان قادریہ مین بیعت کرو یہ خواب دیکھکر مین صبحکو مولوی محمد نیاز علی صاحب کی خدمت مین گیا اور خواب بیان کیا اونھون نے اسیوقت کتاب الہامات غوثیہ مجھکو تکیہ کے نیچے سے نکال کر دی اور فرمایا مجھکو بھی اشارہ ہوا ہے کہ یہ کتاب اسکو دیکھا اور واقعی تمہارا حصہ خاندان قادریہ مین ہے پھر ایکدن یہ خواب دیکھا کہ ایک شاہ مجذوب کہ آج کل میرٹھ مین موجود ہین میرے پاس آئے اور فرمانے لگے کہ غم نکرو اضطراب نکرو اسوقت مین سید غوث علی شاہ صاحب سے بہتر کوئی باکمال برگزیدہ ذوالجلال نہین ہے اونسے مرید ہو جاو پھر چند روز کے بعد ہم کچھ دیکھا ایکدن ایک بزرگ بطور سیاح میرے مکان کی طرف کو نکلے مینے سلام کیا بخندہ پیشانی جواب دیا۔ بیٹھ گئے فرمانے لگے کہ کس سے بیعت ہے مینے کہا کہ مین کسی سے بیعت نہین بولے غلط ہے تیرے وجود سے بوے خاندان نقشبندیہ بکثرت اور بوے خاندان قادریہ کسی قدر مجھکو تمیز ہوتی ہے تب مین حیران ہوا خدایا یہ کون بزرگ ہین جنکو ایسی شناسائی اور ادراک ہے آخر عرض کیا کہ مولوی نیاز علی صاحب کی خدمت مین جو نقشبندی ہین حاضر ہوتا ہون اور مولانا صاحب سے جو قادری طریقہ اور نسبتا مین ارادہ بیعت ہے فرمایا الحمد للہ تم بادشاہ وقت سے ارادت رکھتے ہو اب ہم بیت جاتے ہین بعد واپسی کے پھر ملین گے یہ کہکر چلدیے شام کو مولوی نیاز علی صاحب سے مینے یہ حال کہا وہ فرمانے لگے افسوس ہمسے ملاقات نکرائی وہ شخص شہباز تھا مین پانی پت مین حاضر ہوا حضرت قبلہ سے بھی ذکر کیا گیا فرمایا واقع مین بڑی ادراک اور شناسائی کا آدمی تھا مگر حق ایسے ہی ہوتے ہین تمہاری خوش قسمتی تھی کہ تمسے ملے انشاءاللہ تعالی پھر بھی ملین گے۔ دو چار دن کسیقدر تسلی رہی پھر ناامیدی کے دریاے جوش مارا۔

اے دریغا دیدہ بختم نخفتی یک سحر	تا شبے درخواب یارم رخ نمودی کاشکے

درپے سیمرغ وصلش عالمے دل خستہ اند	بود ی اورا درہمہ عالم وجودی کاشکے

پھرایکشب خواب دیکھاکہ ایک بزرگ قوی تن بلند قامت وجیہہ حسین ریش بروت سیاہ چہرہ سے فربزرگی ظاہر تشریف لائے اور کسی شخص نے مجھسے کہاکہ اوٹھو اور قدم لو تمہارے مرشد بزرگوار سایہ رحمت کردگار مقبول اللہ سید غوث علیشاہ صاحب یہین ہین بکمال شوق اوٹھا اور قدمون پر گر پڑا آپ نے دست پاک سے میرا سر اوٹھا کر اپنے سینہ سے لگایا اور فرمایا کہ اتنا اضطراب اچھا نہین

اب ہم تمکو دو چار ہی دن مین بلائے لیتے ہین +

غافل مشو کہ مرکب مردان مرد را	در سنگلاخ بادیہ پے ہا بریدہ اند
نومید ہم مباش کہ رندان بادہ نوش	تا کہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند

جسدن یہہ خواب دیکھا یقین کامل ہوگیا کہ اب مراد دلی ملی

ما نہ امروزست کز عشق دو لا دم مے زنیم	سالہا شد کاین منادی را العالم مے زنیم
درد لیست درد عشق کہ گفتن نمے توان	گفتن نمیتوان و نہفتن نمے توان

اضطراب زیادہ ہوگیا ہر رگ وپے سے ایک شعلہ شوق بلند ہوا اور ہر تن موسے ایک جوش ذوق نمودار

شب بخوابش دیدہ ام فرخ است خوابے دیدہ ام	مید مدامروز چون صبح آفتاب از دیدہ ام
خوابے دیدم کہ درآمد ز درم آن خورشید	غالبا شام غمم را سحرے مے آید
کار موقوف بوقت است کہ چون وقت رسید	خوابی از بند رہایند مہ کنعان را

تیسرے دن بعد اسکے کہ عریضہ بہیجا جاے قدسی صحیفہ کالوحی من السماء رنگ افروز وصول ہوا رقم تہا کہ اب وقت ملاقات آگیا ہے مضطرب نہونا چاہئے اوسیوقت وہ کرامت نامہ مولوی نیاز علی صاحب کو سنایا فرمایا کہ بس درد دوری کا زمانہ تمام ہوا اور مہاجرت کے ایام ہو چکے خزان گئے

بہار آئی خوشی مناؤ اور چلے جاؤ

وعدۂ وصل چون شود نزدیک	آتش شوق تیز تر گردد

اوسیوقت ساز وسامان سفر تیار کیا اور حافظ نثار علی و رحیم بخش تنبولی کو ہمراہ لیکر

پانی پت کو روانہ ہوا گرمی کا موسم جیٹھ کا مہینا تھا آفتاب کی تمازت حرارت کی شدت موسم بہار سے زیادہ فرح بخش معلوم ہوتی تھی ؎

آمد بہار و شد در و دیوار لالہ رنگ / از جوش لالہ شیشہ پر بادہ گشت سنگ

ظہر کے وقت میرٹھ سے ریل میں بیٹھا نماز عصر اور مغرب کی دہلی میں ادا کی تصور نے مضطرب کیا تھا

؎ در نمازم خم ابروی تو چون یاد آمد / حالتے رفت کہ محراب بفریاد آمد

مغرب کے بعد گھوڑا گاڑی پر سوار ہو کر پانی پت کو چلا تمام رات پلک پلک سے نہ لگی

؎ شب کہ اختر شمرد تا بسحر دیدۂ من / کار انگشت کند ہر مژہ بر دیدہ من

بیا کز دوریت مژگان بچشم سوزن ست امشب / نفس در سینہ ام چون خار در پیراہن ست امشب

ہر سر مو چشم گشتہ ہر بن مو شد نگاہ / اینچنین از پائے تا سر انتظار کیستم

صبح کی نماز کے بعد پانی پت کے در و دیوار نظر آنے لگے گاڑی سے اوترا اور قلندر صاحب کے مزار پر انوار کا پتا پوچھکر چلا ؎

ز شوق کوے تو رویم بجانب حرام ست / بکعبہ مے روم و پائے تا سرم صنم ست

یکایک باریک باریک ابر آسمان پر نمودار ہوا ہلکی ہلکی بوندیاں پڑنے لگیں ابر رحمت کی بارش میں ڈاک سے اوتر کر حضور کے آستانہ تک پہونچا ؎

ازان زمان کہ برین آستان نہادم سر / فراز مسند خورشید تکیہ گاہ من است

بحمد اللہ کہ عاشق با سگ کوے تو ہمدم شد / کسے کو با سگ کوے تو ہمدم گشت آدم شد

در فیض منظہر پر گلزار شاہ خادم ملا اوس سے معلوم ہوا کہ اسوقت حضور اقدس قلندر صاحب کے مزار میں رونق افروز ہیں نو ۹ بجے تشریف لاوینگے گلزار شاہ کہنے لگا تم کون ہو کہاں سے آئے ہو میں نے سنکر کہا

؎ پتا کیا پوچھتے ہو خانہ بر دوشان وحشت کا / وہی گھر ہے غبار آسا جہاں گر پڑکے جا بیٹھے

ہزار آتش و دود و غم ست و نامش عشق / ہزار محنت و درد و بلا و نامش یار

گہ معتکف دیرم و گہ ساکن مسجد / یعنی کہ ترا مے طلبم خانہ بخانہ

گلزار شاہ بولا رات قبلہ وکعبہ نے محمد اللہ سے ارشاد کیا تھا کہ کل کو ہمارے یہان ایک مہمان عزیز
آنے والا ہے صبحدم اوسکے واسطے ایک مرغ پکانا اور چاول اور دو دہی موجود رکھنا زیادہ تر گرم
مزاج آدمی ہے گرم سرد کھانا اوسکے لیے ہونا چاہیے شاید وہ مہمان تم ہی ہو مینے اپنے جی مین سوچا
کہ مجھسے نالایق کی ایسی قسمت کہان کہ یہہ سامان میرے لیے ہو اور مہمان عزیز میرا نام رکھا جاوے
قلندر صاحب کی مسجد مین منتظر بیٹھا رہا کہ کب تجلی دیدار سے مشرف ہونگا آخر نو بجے کی بعد ایک خادم نے
قلندر صاحب کے مزار پاک کے دروازہ پر نعلین مبارک سیدہی کی مین سمجھ گیا اب حضور تشریف لائے

؎ خبراز مقدم عیسیٰ داد نسیم — کہ توان کرد بجاے قدمش جان تسلیم
بعزم دل نواز یہا کہ مے آید کہ در گوشم — صداے آمد آمد از در و دیوار مے آید

حجرہ کے سامنے دست بستہ مودب کھڑا ہو گیا جناب قدس ؎ چون مہر کہ از مطلع انوار بر آید ؞
تشریف لے آئے مین جھٹ قدمون پر گرا ؞ ؎

گر نثار قدم یار گرامی نکنم — گوہر جان بچہ کار دگرے باز آید

فرمانے لگے بس بس زیادہ تکلف نکرو حجرہ مین آو مین اوٹھ کھڑا ہوا آپ حجرہ مین تشریف لیگئے پوچھنے
لگے کہ کھو صاحب کہان سے آئے کیا نام ہے عرض کیا میرٹھ سے حاضر ہوا ہون امداد حسین نام ہے
فرمایا اوہو تم آگئے ؞ ؎

سرہانے کھڑا ہو کے بولا کہ ہے ہے — یہہ کشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا ؞

اوسے پہر ملو یہہ شعر پڑہ کر آپ کھڑے ہو گئے اور مجھے سینہ مبارک سے دیر تک لگائے رکھا اوسوقت
شعر کے پڑہنے اور سینہ بسینہ ہونے کے التفات سے جو حالت گذری اوسکو کیا بیان کرون ؎

در بر آمد یار و ما بیخود شدیم — بخت شد بیدار و ما را خواب برد
بہ بزم وصل دل بازجائے جنبد — سرم چو شمع برقص است پائے جنبد
از بسکہ محو حسن تو گشتم بجائے خویش — خود را کنم نگاہ و ترا مے کنم خیال
ہوشش ازسرم نظارہ روی تو بردہ است — آئینہ داغ منصب حیرانے من است

نمیدانم کرا دیدم که از خود می روم هوشم	جنون آهسته می گوید مبارک باد در گوشم

سالہا سال کی پریشانی بہول گیا دین و دنیا کی غم مٹ گئے تہوڑی دیر گذری تہی کہ میرے دلمین اوس خواب کا خیال آیا اور نیچی نگاہون سے حضرت کے جمال باکمال پر بخوبی نگاہ کی ؂

هزار دیده کنم وام اگر توانم کرد ÷	که در جمال تو هر دیده تماشائیست

دیکہا ریش مبارک تمام سفید اور شفاف پرانوار ہے سوچا خواب مین جوان دیکہا تہا اور اب پیر ضعیف ہین ؂

هان به بین ای دیده آن حسنی که میکردی طلب	مرد می باید که حالا تاب دیدار آورد

معاً خاکسار کے خطرہ دلی پر مطلع ہوگئی ؂

ای لقای تو جواب هر سوال ÷	مشکل از تو حل شود بی قیل وقال
ترجمانی هرچه ما را در دلست	دستگیری هر که پایش در گلست

اوسیوقت آپ نے ایک نقل دو بہائیون کی جو نواب آصف الدولہ کے ملازم تہے اور جنگ گاہ مین اونکو پانی پلانے کے لیے خضر علیہ السلام صورت بدلکر تشریف لائے تہے اور نقول و حکایات مین درج ہوچکی ہے . بیان فرمائی ÷÷ ؂

این مدرسه نیست جای آواز	از سینه بسینه میرسد راز

پہر ایک نظر التفات سے نگاہ کی ایک بیخودی طاری ہوئی ÷ ؂

گر رهبر مستان نه شدی نکهت می	مشکل بردی کسی بسوی میکده پی
ور چشم خرد نیافتی نور از وی	کی درک حقیقتش توانستی کی

کیا دیکہتا ہون کہ ایک دریائے مواج مین مین کہڑا ہون اور پانی جوش مارتا چلا جاتا ہے یہان تک کہ لبون تک آگیا مین سمجہا کہ ڈوبا ایکدفعہ ہے چونک پڑا فرمانے لگے کیا ہے صاحب ؂

درین دریای بی پایان درین طوفان شورافزا	دل افگندیم بسم الله مجریها و مرسیها
تماشا شدم محو تماشایت ندیدم خویش را	شد نهان در دیده همچون شمع سر تا پای من
چون آئینه از جلوه ات آگاه گشتم ÷	از حیرت دیدار بحجاب است دل ما

اے حسن تو در مملکت صورت و معنی	در دادہ ندائے لمن الملک بدعوی

پھر والد کا نام دریافت کیا مینے کہا بدیع الدین فرمانے لگے آہا تم غلام محی الدین کے پوتے ہو ہم تمہاری والد کو اور تمہاری عمو منشی شرف الدین اور شیخ الٰہی بخش تمہاری والدہ کا ماموں کو خوب جانتے ہین

برادر و پدر و اصل و نسل من عشق است	کہ خویش عشق بماند ز خویشی و نسبی

شیخ الٰہی بخش با نسبت درویش مشرب اعلی درجہ کے آدمی تھے مولوی نیاز علی صاحب نے ابتدا مین اونھین سے فارسی کی استعداد حاصل کی تھی اونکے ہی فیض صحبت سے اس راہ تصوف کا اونکو شوق ہوا تھا اونکی ہی صحبت کے اثر نے اونکو یہانتک پھونچایا تمہارے محلہ مین عظیم اللہ دیدار محمد مسیح اللہ یہہ لوگ بھی زندہ ہین عرض کیا نہین فرمایا انسے بھی ہم خوب واقف ہین پھر فرمایا بختاور سنگھ قانونگو جی لہردیان سنگھ زندہ ہے عرض کیا زندہ ہے فرمایا ابتدائی عمر مین یہہ بختاور سنگھ کمال حسین جمیل آدمی تھا ایک درویش آزاد مشرب اسپر عاشق ہوگیا تھا اور اوسنے اسکا نام اپنے سینہ پر ناخن گیر سے کندہ کیا تھا ؞

عشق آمد وشد چو خونم اندر رگ و پوست	تا کرد تہی از من و پر کرد ز دوست
اجزاے وجودم ہمگی دوست گرفت	نامے ست ز من بر من و باقی ہمہ اوست

ہولی کے موسم مین یہہ بختاور سنگھ چہرہ پر گلال ملے ہوئے پھر رہا تھا پندرہ سولہ برس کا سن تھا جوبن کا عالم دیکھکر اونہون نے یہہ شعر پڑہا

کسنے چہڑکا ہے گلال اس ابروی خمدار پر	خون کسکا جم گیا اس مغربی تلوار پر

شعر پڑہ کر غش کر گئے

چنانم با خیالت خوی شد در کوی تنہائی	کہ بر بندم در از خورشید و ماہ و ملکہ روزن ہم

اوس روز سے ہمیشہ گھنٹہ دو گھنٹہ اوسکے دروازہ پر آکر بیٹھتے تھے ہم اوس درویش سے بھی ملے تھے باکمال آدمی تھا بعد چندے وہ میرٹھ مین ہی مر گیا بختاور سنگھ نے ہی اوسکی تکفین کا سامان کیا چند روز ہمنے بھی بختاور سنگھ کو پڑہایا ہے اور مولوی نیاز علی صاحب نے چند سال تک پھر مولوی

نیاز علیصاحب کا حال دریافت فرمایا اور فرمانے لگے وہ ہمارے قبلہ وکعبہ ہین تم ہمیشہ اونکی خدمت مین
جاتے رہو اور ہمارا بزرگ اونکو تصور کرتے رہو پہر فرمایا منشی فضل رسول صاحب کو بہی تم جانتے
ہو عرض کیا حضور جانتا ہون وہ سیتاپور مین ہین فرمایا وہ ہماری نہایت درجہ کے عزیز ہین اونسے
جہانتک ممکن ہو ملتے رہو اونکے عادات حمیدہ اور خصائل پسندیدہ سے ہم بہت خوش ہین جب
سے اونہون نے اس راہ مین قدم رکھا ہے نہایت استقلال اور ثابت قدمی اور جد وجہد سے اپنے
اوقات بسر کرتے ہین اس راہ کی سمجھ اعلی درجہ کی رکھتے ہین ابتدا سے طبیعت توحید کی جانب مائل ہے
ہمارے حرکات سکنات کے نہایت پابند ہین وضع کی پابندی کا نہایت خیال ہے نوکری چاکری
سے ایکبار دل برداشتہ ہوکر چاہتے تہے کہ ہماری پاس بیٹھ رہین مگر ہمنے اسکو پسند نہین کیا اور
سمجھا دیا کہ جبتک ہوسکے نبہاو۔ پہر دیکھا جاویگا کچھ تکمیل راہ توحید اسی پر موقوف نہین ہے
کہ خانہ نشین اور گوشہ نشین ہوکر بیٹھ رہی بلکہ یہہ مردونکا کام ہے کہ دنیا کے تعلقات سے بہی آزاد
نہون اور یاد دوست مین بہی مشغول رہین اونکے گھر مین بہی بکمال درجہ کی شوق ذوق کی طبیعت
ہے اور اونکو جیسے سمجھ بوجھ راہ خدا کی ہے ویسا فضل خدا نے اونپر فرمایا ہے عورات مین ہمنے
کسیکو نہین دیکھا گو عورت ہین مگر شمائل اور خصایل اور کمالات باطنی مین مرد ہین غرض مربع
نشین چار بالش عصمت خلوت گزین وسادہ عفت زینت بخش صفہ صفا زیب افزاے حجلہ اتقا رونق
خانہ خدا آگاہی آرایش کاشانہ عفت پناہی ماجدہ سراپا اشفاق کاملہ یگانہ آفاق کی نسبت بہت
کچھ تعریف فرمائی پہر فرمایا اچہا کہانا کہاو گلزار شاہ کو ارشاد ہوا الحمدللہ سے کہو کہانا لاوے یہہ
سنتے ہی مین سمجہا کہ واقعی مرغ تمہارے ہی لئے پکا ہے الحمدللہ اوسیوقت مرغ کا گوشت اور شیر
برنج لیکر آے مین اوس زمانہ مین حرارت مزاج اور مولوی نیاز علیصاحب کے التفات کی گرمی سے ایک
درد جانکاہ مین مبتلا تہا دوست احباب حرارت کے سبب میری پاس بیٹھنا بہی پسند نکرتے
تہے دلمین ڈرا کہ اس مرغ کے گوشت کو کیونکر ہضم کرونگا اور غسل ہین وہم اوس زمانہ مین اس
درجہ پر تہا کہ سو سو گہڑے پانی سے نہاتا تہا یہہ بہی خوف ہوا کہ اگر یہان غسل کی ضرورت ہوئی

تو بڑی وقت ہوگی پہر سوچا ہ

بمے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغان گوید	کہ سالک بیخبر نبود زراہ و رسم منزلہا

اپنی بلند قسمتی سمجہکر کہالیا اور شام تک منتظر رہا کب در دولت کہلے کب حاضری نصیب ہو عصر کے بعد پہر مشرف خدمت ہوا عشار تک فیضیاب صحبت رہا پہر چلا آیا اور اپنے بستر پر لیٹ رہا تہجد کے وقت آگ کی تلاش ہوئی سوچا کہ وطن غیر ہے کوئی مجہسے آگاہ نہین اسوقت کہان سے آگ آے جو حقہ پیا جاے یہہ سوچا ہی تہا کہ گلزار شاہ نے آواز دی میرٹہ والو کیواڑ کہولو مینے اوٹہکر کیواڑ کہولے دیکہا کہ ایک ٹوکرا اوپلون سے بہرا ہوا اور آگ بکثرت اوسکے پاس ہے ہنسکر کہنے لگا حضور نے اسوقت مجہے سوتے سے اوٹہا کر بہیجا ہے اور فرمایا ہے کہ میرٹہ والے حافظ حقہ پیتے ہین جلد آگ لیجاو ورنہ اونہین تکلیف ہوگی ہین سخت شرمایا اور ڈرا کہ خدایا مجہسے نالائق کا اتنا بڑا خیال ایسا نہو کہ کوئی بات ناپسند خاطر ہوجاے صبح تک اسی خیال ہین نیند نہ آئی صبحکی نماز کے بعد حافظ نثار علی نے مجہسے کہا مجہے بہوک لگی ہے دو آنہ دو تاکہ پیڑے خرید کر لاؤن رحیم بخش کہتا ہی یہان کے پیڑے نہایت عمدہ ہوتے ہین مینے اوسکو دو آنہ دے اور وہ پیڑے خریدنے گیا ابہی خرید کر نلایا تہا کہ گلزار شاہ ایک چینی کی قاب پیڑون سے پُر اور پیڑے بہی تازہ لایا اور کہنے لگا حضور فرماتے تہے کہ شہر کے رہنے والونکو صبح کی نماز پڑہتے ہی بہوک لگتی ہے حافظ امداد حسین کی ساتہ جو دو نوجوان ہین اونکو زیادہ بہوک لگے ہوگی یہہ پیڑے دے آؤ خیر مینے وہ پیڑے لے لیئے اور پہر زیادہ تر ہر بات کا خیال رہا ظہر کے بعد گلزار شاہ نے مجہسے پوچہا تم کس غرض کے لئے آے ہو کیا مدعا ہے ہمسے کہو تا کہ ہم سفارش کرین چونکہ مین نہایت ہی گرم مزاج اور پریشان طبیعت آدمی تہا مجہے یہہ بات ناگوار ہوئی مینے اوس سے کہا تم کون ہو جو تم سے کہون جنکے پاس آیا ہون کیا اونکو میری مدعا کی خبر نہین ہ

حدیث اشتیاق خویش و شرح روزگار خود	نمے گویم چرا گویم چہ میدانم کہ میدانست

مین واسطہ اور وسیلہ پسند نہین کرتا ہون ہ

دو ہمدم را کہ با ہم شان حسابست	اگر موئے میان باشد حجاب است

من و تو ہر دو ز یک بادہ ایم مست شدہ ندانم آنکہ قضا بر سرم چہ حرف نوشت	من آفتاب پرست و تو بت پرست شدہ کہ راہ نیست نہ در مسجدم نہ دیر و کنشت

گلزار شاہ نے میری غیبت میں حضور اقدس سے شکایت کی کہ یہہ میرٹھ والے بدمزاج اور بدعقیدت معلوم ہوتے ہین ارشاد ہوا کہ بدعقیدتی اور بے ارادتی کی یہہ بات نہین ہے یہہ خصوصیت قلب اور ارادت کامل کی جوش کا اثر ہے کہ دوسرے کو اپنے راز دل و مدعای اصلی سے آگاہ کرنا نہین پسند کرتا کیا ہمکو اوسکے آنیکی آگہی اور اوسکے مدعا کی اطلاع نہین ہے یا جیسا پُر شوق وہ آیا ہے اوسکا ہمارے دل پر اثر نہین ہے کہ تمہاری سفارش اور تمہارے وسیلہ کی وہ تمنا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جیسا کچھ ہونا ہے اوسکا ظہور ہوگا ؎

زجام دہر زہر قہر خوردن	بتلخی جان شیرین را سپردن
بدست خویشتن خون دل خود	ببزم دشمنان در شیشہ کردن
زمستان در بیابانہاے مہلک	چو آب از شدت سرما فسردن
بتابستان زگرماہاے مفرد	میان بادیہ لب تشنہ مُردن
بچندین مایہ مرد اہل تحقیق	بہ از حاجت بہ پیش خلق بردن

جب مغرب کی نماز مین پڑہ چکا تب آپ نے بکمال التفات فرمایا کہ حافظ صاحب آپ اسوقت ذرا ٹھیرے رہین مینے کہا بہت اچھا جب سب نمازی چلے گئے۔ پیرجی محمد یعقوب صاحب اور محمد امام اور رحیم بخش نامی ایک شخص باشندہ بریلی جو بامید بیعت چھ مہینے سے ٹھیرا ہوا تھا اور حضور اوسکو امروز فردا پر ٹال رہے تہے موجود تھے ارشاد ہوا او صاحب ہم آپکو بیعت کرین ہین نہایت بشاش ہوا اور عرض کیا کچھ شیرینی وغیرہ منگاؤن فرمایا بہت مناسب ہے اوسیوقت حافظ نثار علی کو بازار بہیجا آپ نے مجھے دوسری حجرہ مین جو کہانا کہانے کے لیے خاص تہا اندر بلا لیا اور نفل پڑہنے کی اجازت دی جب نفل پڑہ چکا آپ نے اپنے دست مبارک سے کنڈی بند کر دی اور پکار کر فرمایا کہ جب حافظ نثار علی مٹھائی لائے ہماری اجازت کا باہر منتظر رہے کوئی ہمکو اسوقت

آواز نہ دی پھر بطریق شریعت آپ نے کلمہ پڑھایا میری اوسوقت یہہ کیفیت ہوئی کہ ہرچند اپنے آپ کو ضبط کرتا تھا لیکن ایسا بیخودی کا جوش ہوا کہ سب کلمہ و کلام بھول گیا آپ ایک ایک حرف بتلاتے رہے مین پڑھتا رہا بعد مین ارشاد ہوا کہ یہہ بیعت شریعت ہو چکی اب ہم بیعت طریقت کرتے ہین اوسوقت کا معاملہ لایق تحریر نہین ہے ؎

شد الحمد ہران چیز کہ خاطر می خواست	اخر آمد زپس پردہ تقدیر پدید
یہی بہتر ہے کہ تو پردہ مین روپوش رہے	برملا منہ کو دکھائے تو کسے ہوش رہے

بعد مین کنڈی کھولدی نثار علی آپھونچا شیرینی پر آپ نے فاتحہ دیدی اور پیرجی محمد یعقوب کو بلاکر تقسیم کرائی ایک پیڑا اپنے ہات سے اوٹھا کر نصف خود کھایا اور نصف اوسمین سے اپنے ہی دست مبارک سے مجکو کھلادیا اور ایک عطیہ خاص ایسا عطا ہوا کہ اوسکا ذکر خالی از سوادب نہین۔ تھوڑی دیر کے بعد گلزار شاہ سے مخاطب ہوکر ارشاد ہوا لو صاحب حافظ صاحب مرید ہوگئے رحیم بخش بریلوی نے اوسوقت عرض کیا حضرت قبلہ و کعبہ میری بھی گرہ کشائی ہونی چاہیے کہ چھہ مہینے سے امیدوار بیٹھا ہون یہہ بڑی بلند قسمت ہین کل میرٹھ سے آئے اور آج غلامی سے مشرف ہوئے فرمایا جب یہہ میرٹھ چلے جائینگے تب تم مرید ہوگے اوسکے بعد حاضرین کو اجازت ہوئی اچھا صاحب اب ست تشریف لیجائین سب چلے آئے دوسرے دن نماز صبح سے پہلے پیرجی محمد یعقوب صاحب میرے پاس آئے اور بولے کہ حضور کے ارشاد کے موافق مین حاضر ہوا ہون تم نماز صبح پڑہ لو اور میرے ساتھ چلو مینے پوچھا کہان پیرجی نے کہا بتانے کی اجازت نہین ؎

عذر در راہ وفا پیش نخواہد رفتن	بر سر عذر میا بر سر رفتار بیا

اوسیوقت ساتھ ہولیا پیرجی صاحب مجکو ایک مزار متبرک پر لیگئے جب وہان پہونچا مجھسے کہا کہ اندر جاؤ اور فاتحہ پڑھو لیکن کیواڑ اندر سے بند کر لو معلوم ہوا کہ حضرت شاہ شمس الدین ترک پانی پتی شاہ ولایت کا مزار متبرک ہے تھوڑی دیر مین اندر رہا بعد مین وہانسے چلکر مخدوم صاحب قدس سرہ وہانسے سید اصغر شہید وغیرہ دو چار مزارات پر ہوکر آخر قلندر صاحب کے مزار مین

فاتحہ پڑہ کر حضور کی خدمت مین پہونچا پیرجی صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ رات ارشاد ہو چکا تھا کہ فلان فلان مزارات پر انکو صبحدم لیجانا تعمیل ارشاد کی گئی جب حجرہ مین پہونچا تو آپنے دریافت فرمایا کہو صاحب مزارات پر ہو آئے عرض کیا کہ ہو آیا ارشاد ہوا کہ طالب کی لیے ضروری جس شہر مین جائے وہان کی اکابر اوسکو جان جائین اور پہچان لین اب تم جب کبھی یہان آیا کرو اور فرصت ہوا کرے تہوڑی دیر کے لیئے ان مزارات مین سے جہان موقع ہو ہو آیا کرو دس روز تک بعد بیعت وہان قیام رہا

بسا لہا شب وصلی گر اتفاق افتد		شفق فروشدہ صبحدم کند غماز	
شبے کہ نوبت ہجران بود موذن صبح		بہ بامداد قیامت بر آورد آواز	

دس روز کے بعد جب مینے ارادہ چلنے کا کیا تو فرمانے لگے گھوڑا گاڑی مین آج نجاؤ یکہ کرایہ کر لو مینے عرض کیا کہ یکہ مین تکلیف ہوگی فرمایا تکلیف کا خیال نکرو ہم ابھی عمدہ یکہ منگائے دیتے ہین اوسوقت اپنی معرفت یکہ منگا کر اور اپنے سامنے سوار کرا کر فرمایا

اب تو جاتا ہے میکدہ سے میر		دیکھیے کب خدا ملائے گا	

مین قدمبوس ہو کر رخصت ہوا

نے با تو لتوان بود نہ ہم بے تو توان زیست حیرانم ازین شیوہ ندانم کہ چہ سازم

جب ایئن کی سرا پر پہونچا ایک ہنگامہ دیکھا معلوم ہوا کہ گھوڑا گاڑی پر چورون نے حملہ کیا اور دو آدمی جو اوسمین سوار تھے سخت مجروح ہوئے ایک قریب المرگ ہے دوسرا کسیقدر زخمی ہے اوسوقت سمجھ مین آیا کہ اسی حکمت سے آپ نے یکہ مین مجھے بہیجا ہے وہان سے چلکر دہلی آیا اور دہلی سے ریل مین سوار ہو کر میرٹھ پہونچا چھ مہینے گذرنے نہ پائے تھے کہ گھاسی رام نامی جناب منشی نجم الدین صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع میرٹھ کا محرر ایک کام کے لیے پانی پت گیا تھا وہ عقیدتاً خدمت والا مین بہی حاضر ہوا اوس سے ارشاد ہوا کہ حافظ امداد حسین کو جاتے ہی ہماری طرفسے کہنا کہ تمہارے ملنے کو بہت جی چاہتا ہے جلد رخصت لیکر آؤ اوسیوقت جناب منشی نجم الدین صاحب سے کہ حضور کے مریدان با اعتقاد سے خلیق متواضع مزاج ہین رخصت لی پہر پانی پت چلدیا

زانَدم کہ گرفت این بشارت دستم		برخاستم و دگر ز پا نہ نشستم	
بشوق بزم وصالت دویدہ می آیم		زبہر دیدن رویت بدیدہ مے آیم	
سوئے تو چو باد تند ترمے آیم		از جانب شوق بے خبرمے آیم	

اور حاضر خدمت والا ہو کر یہہ عرض کیا ؎

اے سحاب فضل نان رشحی کہ عالم پرورست		این نہال آرزو ہا را بکام دل رسان

اس دفعہ جو کچھہ حضرت نے شفقت اور عنایت فرمائے اوسکا شکر ادا نہین ہوسکتا فیضان صحبت سے ایسی فرحت اور خورمی اور محویت طاری ہوئی کہ دل گہر آنیکو نہین چاہتا تہا ؎

دل زکوئیت گر بسوی تن نیاید باک نیست		مرغ چون یابد گلستان کی کند یاد قفس

پھر بعد ہفتہ کے واپس آیا مگر بغیر ارسال عرایض دل کو قرار نہ آیا اور متواتر عرایض بہجتا رہا پہر ہر شش ماہی مین حاضر خدمت ہوتا رہا ہمیشہ عنایت کی ترقی پر ترقی رہی جو کچھہ کہ مقدر مین تھا تعلیم اور تلقین سے ستفید ہوا ایکبار ایک شخص آیا اور اوسنے کہا کہ تمکو مولانا صاحب بلاتے ہین یہہ کہکر معاً غایب ہوگیا مین اوسیوقت سامان سفر طیار کرکے روانہ ہوا جب خدمت والا مین پہونچا یہہ کیفیت عرض کی ہنسکر فرمانے لگے ؎

	ہرچہ آید در نظر غیر تو نیست		یا توئی یا خوئی تو یا بوئی تو

علی ہذا القیاس عجب عجب التفات کی باتین اور الطاف کے معاملے پیش آئے شرف بعیت سے سال بہر کے بعد مولوی نیاز علی صاحب کی زیادہ تر التفات فرمانے سے ایک ایسی حالت ہوگئی کہ کسی بات کو دل نہ چاہتا تہا نماز سے بہی طبیعت برداشتہ رہتی تہی ہر وقت قلب پر ایک شعلۂ آتش افروختہ تہا آنکہین سرخ ہوگئی تہین مجذوبانہ حرکات اکثر وقت صادر ہوتی تہین کمال تکلیف سے شب و روز بسر ہوتی تہی جب حد سے تکلیف گذر گئی تب مولوی نیاز علیصاحب سے شکایت کی کہ اس حرارت کا کچھ علاج ہونا چاہیے اونہون نے صاف جواب دیا کہ جو ہونا تہا وہ ہوچکا اب ہم کچھ نہین کرسکتے وہ وقت قریب ہے کہ تم پر حالت جذب طاری ہو مین اس جواب سے نا ...

ہوا اور سوچا کہ اب اس حرارت کا علاج سوائی آستانہ پاک کے اور کہین نہ ہوگا اوسیوقت تہیہ
سفر کیا اور پانی پت پہونچا اتفاق سے حجرہ ابہی بند نہوا تہا کہ مشرف قدمبوس ہوا صورت اور
حالت دیکہکر فرمانے لگے نقشبندیہ فیوضات نے تمکو مجنون بنادیا اکثر بزرگ خاندان نقشبندیہ کی
زیادہ توجہ پر مصروف ہوتی ہین اور وہ طالب کو تمارستی اور صحت سے مایوس کرتی ہی زیادہ تر خاندان
نقشبندیہ کی بزرگون کا یہی طریقہ ہی کہ طالب سے جد وجہد نہین کراتے اپنے ذمہ مشقت توجہ رکھتے
ہین بعضی ایسے ہین کہ شبار وز توجہ کی حرارت اور گرمی کو ضبط کر جاتے ہین بعض سے ضبط نہین ہوتی قادریہ
کے فیوضات سے یہہ حرارت اور گرمی ایکدم مین ملیامیٹ ہوسکتی ہے یہہ کہتی ہی زمین پر ایک ہات
مارا کہ اگر دیپک آگ لگاتی ہی تو ملہار بجہادیتا ہے اب غم نکرو خدا تعالی سبطرح فضل رکہیگا اگر مولوی صاحب
کی خدمت مین پہلے دو وقت جاتے تہے اب چار چار وقت جاؤ اور جس مجذوب سالک سے چاہو
ملو کسیکی نسبت تمپر حاوی نہوگی اوسیوقت صحت کامل عطا ہوئی دہانسے واپس آکر ہمیشہ مولویصاحب
کی خدمتمین جاتا رہا پہر کسی قسم کی تکلیف نہوئی اور مولوی صاحب کا کچھ اثر نسبت ایسا موثر نہوا
کہ جس سے دقت ہو نہ کبہی اور کسی مجذوب ورسالک سے ناگواری ہوئی جب کبہی خدمت کا اتفاق
ہوا جناب مولوی نیاز علیصاحب رحمت اللہ علیہ کا حال دریافت فرمایا پہر مظہر فیوضات صمدی منبع
الطاف سرمدی دریاے ورع والقان نیسان حقیقت و عرفان خورشید آسمان جامع الکمالی تجلی
طور بے مثالی مقرب باختصاص مرید اخص الخواص حضرت قبلہ و کعبہ منشی مفضل رسول صاحب کا ذکر خیر
ضرور ہوا ایکبار ارشاد ہوا کہ منشی صاحب ابتدائی سن تمیز سے ہمارے عزیز قلبی ہین ایام درس
تدریس کتب سے ہماری طبیعت انکی جانب راجع تہی جب ان پر سرکار نے فضل فرمانا چاہا تو بابری
مین ہمارے پاس پہونچے اور مرید ہوئے اور پہر ہمیشہ چہہ چہہ مہینے ہمارے پاس ٹہیرے جسقدر رہے ہمارے
پاس بابری مین ٹہیرے اور دوسرا کوئی شخص نہین ٹہیرا اوسوقت تک زیادہ تر ہمکو یہہ بات پسند
خاطر نہ تہی کہ کوئی مرید کیا جاوے ہان جب سے پانی پت آئے سرکار کی مرضی اسی پر قرار پائی پہر میر
عباس علیصاحب کا عریضہ حضور قبلہ نے دکہلایا اور فرمایا کہ یہہ میر عباس علی چشتیہ خاندان مین

مرید تھے پھر منشی فضل رسول صاحب کی صحبت چند روز اونکو نصیب ہوئی بکمال ذوق شوق یہان
آکر قادریہ خاندان مین مرید ہوگئے ہین اب اونکے دلمین یہہ تمنا ہے کہ منشی صاحب جیسی حالت میری
بھی بہت جلد ہوجائے سو یہہ بات قبضہ قدرت مین ہے ہم ناچار ہین تم بھی اونسے اگر کبھی موقع ہو
ملنا اور سمجھنا کہ کجا منشی صاحب کے خیالات وتعلیم وسلوک توحیدی کجا انکی نسبت ذوق و
شوقی اور تم جہانتک ممکن ہو منشی صاحب جب تشریف لایا کرین زیادہ تر اونسے ملا کرو تم دونون
کا باہم اخلاق وارتباط کا ہونا ہماری عین خوشی کا سامان ہوگا ایکبار مولوی نیاز علی صاحب
نے فرمایا کہ ہماری انتقال کا وقت قریب آپہونچا ہے اور منشی فضل رسول صاحب کے روزگار ترک
کرنی اور مکان پر بیٹھنے کا وقت بھی قریب ہے تم جہانتک ممکن ہو اونسے انس ورغبت سے ملنا
یہہ دو ذات کا ملنا تمکو نفع دیگا مینے یہہ تذکرہ ایکدن قبلہ وکعبہ سے کیا فرمانے لگے مولوی صاحب نے
سچ فرمایا ہماری خوشی بھی یہی ہے کہ تم منشی فضل رسول سے زیادہ تر رسم رکھو اس اتحاد کا نتیجہ
عمدہ ہوگا ایک بار جب پانی پت پہونچا اول پیرجی محمد یعقوب صاحب ملے فرمانے لگے ؎

بلے ہر کس ازین آگاہ باشد	کہ دلہا را بدلہا راہ باشد

مینے کہا کیا بات ہے بولے ریاست جمون سے ایک خط حضور کے نام نظم فارسی آیا ہے
چند موزون طبع اوسکے جواب پر آمادہ ہوئے مگر حسب منشاے حضور کوئی ذمہ دار جواب لکھوا
آخر بوقت عشا ارشاد ہوا کہ انشاء اللہ تعالے کوئی ہمارا خاص شاعر اسکا جواب لکھیگا مینے عرض کیا
وہ کون ہے فرمایا انشاء اللہ تعالی کل معلوم ہوجاویگا اب ہم سمجھ گئے کہ اس اشارہ خصوصیت کے
مشار الیہ تم ہو مجکو کمال خوشی ہوئی ؎

ملک از نسبت آن سجدہ آدم میکرد	کہ گل قالبش از خاک سر کوی تو بود
من کیستم تا باشدم در کوی لیلی خانہ	پہلوی مجنون کاشکے بودی مرا ویرانہ
پہلو بپہلو در تنم خواہم نشیند ناوکش	تارہ نیابد در دلم اندیشہ بیگانہ

جب در حجرہ مبارک حسب دستور وا ہوا قدمبوس سے مشرف ہوا ارشاد ہوا میان امداد حسین

خوب ہوا تم آگئے ہم بہی کل سے تمکو یاد کرتے تہے عرض کیا ؎

این عنایت ازلی بود کہ رہ برسیدیم — وین ہدایت ابدی گشت کہ رویت دیدیم
زہے ضمیر تو زاسرار قدسیان آگاہ — لوائے عزم ترا اوج قدس نصرت خواہ
زہے ضمیر تو روشن بفیض روح امین — جواہر سخنت گوہر محیط العقین

فرمایا ایک نظم خط کا جواب لکھو مگر طرز نہ بدلے اور تعداد شعر برابر ہو مینے اوسیوقت قلم اوٹھایا اور بتصرف حضور اقدس ومن پندرہ منٹ مین چالیس شعر کا خط لکھا اور پیش کیا دیکھتے ہی فرمایا شاباش خدائی پاک تمکو بہرہ یاب مقاصد دارین کرے اور حاضرین کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد ہوا شاعری اسکو کہتے ہین جسوقت قلم اوٹھایا مضامین برجستہ الفاظ شستہ برآمد ہوئے آورد کا غم نہوا آمد نی لطف دکھایا عرض کیا سب حضور کے الطاف ظاہر و باطن کا نتیجہ ہے۔ ؎

از کیمیائے لطف تو زر گشت خاک من — آری بہ یمن مرحمتت خاک زر شود

فرمایا تمہارا تخلص پہلے سے ظہور ہے آج سے عرفانی تخلص رکھو اور دونون تخلص سے کچھ کچھ موزون کرتے رہو شاعری بہی عمدہ شیوہ ہے لیکن ترہات سے پرہیز چاہیئے مین آداب بجا لایا اور اس خطاب باصواب سے ایسا خوش ہوا کہ پھولا نہ سمایا اور اوسیدن عرفانی تخلص سے ایک غزل موزون کرکے حضور کو سنائے حضور نے داد دی اور آفرین فرمائی میرٹھ سے چلتے وقت مولوی نیاز علیصاحب نے بطریق معما فرمایا تہا کہ خلوت مین میری طرفسے صرف اتنا عرض کرنا حضرت کب تک اور جو اسکا جواب ملے وہ کیسیکو نہ سنانا اور صورت مرشدی کی تحقیق کرنا مجکو یہہ پیام یاد نرہا مغرب کی نماز کے بعد ارشاد ہوا مولوی نیاز علیصاحب کا بہی کوئی پیام ہے یا نہین مین کمال منفعل ہوا اور شرما کر عرض کیا قبلہ و کعبہ خطا ہوئی بہول گیا اب یاد آیا اور وہ پیام سنایا فرمایا اس کب تک کا جواب بیس برس ہی ہین پہلی اس کب تک کے راز سے قطعی آگاہ نہ تہا مگر اوسوقت بتصرف و الطاف حضور سمجھ گیا کہ مولویصاحب کا وصال عنقریب ہے اور بیس سال سے مراد بیس دن ہین فرمایا کیا سمجھ مین آیا جو کچھ سوچا تہا عرض کردیا فرمایا

خوب سمجھے اور درست سمجھے ۵

بندگانِ خاص علامّ الغیوب	در جہان جان جواسیس القلوب
در درون دل در آید چون خیال	پیش او مکشوف باشد سرِ حال
آنکہ واقف گشت بر اسرارِ ہو	سر مخلوقات چہ بود پیش او
جسم شان را ہم زنور اسرشتہ اند	تا ز روح واز فلک بگذشتہ اند

پھر نصیحتاً فرمایا کہ تم اور مولوی عبد الحکیم مولوی نیاز علیصاحب کی خدمت مین اب کم کم جاؤ اور جب پانچ دن باقی رہین قطعی مت جاؤ پھر صوت سرمدی کی تحقیق بیان فرمائی چنانچہ بیس دن کے بعد مولویصاحب نے انتقال کیا ہین اور عبد الحکیم حسب ارشاد وقت انتقال تک کم کم گئے نذر محمد نامی ایک خدمتی وقت وصال کے نظر خاص سے مجذوب ہوگیا ۵

آنکہ از حق یابد او وحی وجواب	ہرچہ فرماید بود عین صواب
نہ نجوم ست ونہ رمل ست ونہ خواب	وحی حق واللہ اعلم بالصواب
از پے روپوش عامہ درمیان	وحی دل گویند آن را صوفیان

پھر عشا کے بعد ایک شغل کی اجازت فرمائی دوسرے دن چاشت کے وقت ارشاد ہوا کہ جس کسی ذکر شغل ورد کو تمہارا دل چاہتا ہو بیان کرو عرض کیا جو میری آرزوئے دلی ور تمنائے قلبی ہے حضور پر روشن ہے ۵

نہ تخت جم نہ ملک سلیمانم آرزوست	را ہے بخلوت دلِ جانانم آرزوست
تو صبح مطلع حسنی من از ہوای تو مستم	در آفتاب جمالت من آفتاب پرستم
مرا بباغ چہ حاجت کنون کہ روی تو دیدم	مرا ز سروچہ خیزد کنونکہ با تو نشستم
شمعی درون سینہ زدل برفروختم	ہر چیز غیر عشق تو دیدم بسوختم
ہمہ جمال تو بینم چو دیدہ باز کنم ٭	ہمہ شراب تو نوشم چو لب فراز کنم
حرام دارم با دیگران سخن گفتن	حدیث عشق تو گویم سخن دراز کنم

اور جو مرضی حضور ہوا اور جو کچھ مرحمت ہو عین الطاف و غلام نوازی ہے ٥

عرض حاجت در حریم حضرتت محتاج نیست
راز کس مخفی نباشد بر دل دانائے تو

گرچہ مین حاجت طلب از شرمساری نیستم
لیکن آخر خالی از امید واری نیستم

تو بندگی چو گدایان بشرط مزد مکن ٭
کہ خواجہ خود روش بندہ پروری داند

اوسیوقت سب حاضرین کو رخصت فرمایا اور نفی اثبات کی تعلیم فرمائی اور سورہ یوسف کی چند تراکیب خاص اور نماز تہجد و اوابین خاص طریقے سے اور چند نقوش عطا فرمائے کہ داشتہ آید بکار اور عام اجازت فرمائی کہ جس کسی چیز کی اجازت منظور ہوا کرے بے تکلف بذریعہ عریضہ درخواست کیا کرو اور ختم قادریہ و صلواۃ العاشقین و صلواۃ الاولیا بتلا کر فرمایا کہ انکی مواظبت رکھو اور ایک اور ورد خاص عطا فرمایا اور یہہ بھی ارشاد ہوا کہ جس کسی کو ہم کوئی ورد وظیفہ یا ذکر شغل وغیرہ بتاوین اور تم اوس سے سن لو یا کسیکو بذریعہ کرامت نامہ لکھین اور تم اوسکو دیکھ لو تو وہ ہمارا اجازتی اپنے واسطہ سمجھو اور جو شخص تمسے دریغ کریگا وہ ہمارے نزدیک ناگواری کا سامان ہوگا اور جس فقیر مجذوب یا سالک سے جی چاہو بے تکلف جاؤ ملو انشاء اللہ تعالی کسیکی نسبت و حالت جذب تمکو تکلیف نہ دیگی مینے آداب عرض کیا اور کمال اپنی خوش قسمتی پر نازان ہوا ٥

شاد باش اے دل کہ آخر عقدہ ات وا می شود
قطرہ تو مے رسد جائیکہ دریا مے شود

اے دادہ زلطف دولت جاویدم ٭
افروختہ روے بخت چون خورشیدم

از مین عطایت کہ بود چشمۂ فیض +
افتادہ لشست ماہی امیدم ٭

پھر فرمایا خوب یاد آیا شجرہ خاندان قادریہ چند شخصون نے نظم کیا مگر ہمکو قطعی کسیکی ترتیب و تصنیف پسند نہین آئی تم اکابران طریقت کے نام لکھکر لیجاؤ میرٹھ سے نظم کرکے بھیجدینا حسب ارشاد سب نام مینے لکھ لئے اور آٹھ دس دن کے بعد میرٹھ آیا اور شجرہ نظم کرکے ارسال خدمت کیا حضور والا نے بدست خاص اوسپر صاد کیا اور بقلم فیض رقم یہہ عبارت لکھی کہ شجرہ بہت عمدہ نظم ہوا ہمکو کمال پسند آیا خدائے پاک تمکو جزائے خیر دے یہہ شجرہ تم اپنے پاس رکھو پھر حسب ارشاد

شجرہ مذکور چھپکر خدام کو تقسیم ہوا اور وہ دستخطی حضور مینے اپنا حرز جان سمجھکر اپنے پاس رکھا ایکدن وہ شغل جو تازہ اجازتی تھا اتفاقاً قضا ہوگیا بخار شدت سے پیدا ہوا بیہوشی اس درجہکی ہوئی کہ تمام گھر کے آدمی گھبرا گئے کچھ تن بدن کی ہوش نہ رہی اوس ایام مین لخت جگر نور نظر سرور اثر فرخندہ اختر خجستہ سیر محمد ممتاز حسین طولعمرہ وزاد قدرہ کم سن تھا لیکن ایکبار میرے ساتھ جب والدہ ماجدہ مرحومہ بیعت کے لیئے پانی پت تشریف لیگئی تھین حضور قدسی منزلت کی قدمبوسی سے مشرف ہوا آیا تھا بار بار گھبرا کر اور میرا حال زار دیکھکر کہتا تھا کہ حضرت کی خدمت بابرکت مین انکو لکھو یا انکا حال لکھ بھیجو اور عزیز از جان سعادت توامان گلبن چمن دولت و اقبال نونہال گلشن عزت واجلال لخت دل نور العین امراو سنگھ آوج سلمہ اوس زمانہ مین مجھسے پڑہتا تھا اوسنے میری یہہ حالت اور ممتاز حسین کے اضطراب کی صورت دیکھکر ایک عریضہ اپنی طرف سے خدمت اقدس مین بھیجا

ع بگذر بدیار یارم اے پیک شمال
در قصہ حال من کن راز تو سوال

بر خاک رہش بجائے من دیدہ بمال
قل مات من الہجر علی اصعب حال

جسدن عریضہ بھیجا اوسیدن صحت ہوگئی تیسرے دن جواب آیا کہ شاید کوئی شغل قضا ہوگیا ہے یقین ہے صحت ہوگئی ہوگی آیندہ سے آخر آیات سورہ روم کا صبح و شام ورد رکھو اور ممکن ہو تو دو چار دن کے واسطہ ہو جاو اس مژدہ جان نواز سے عجب فرحت اور بشاشت حاصل ہوئی

ع آمد بہار و رایحہ مشکبار داد
مرغان باغ را خبر نوبہار داد

بوی جان می آید از باد صبا این بو چہ بوست
مشک را این حد نباشد نکہت گیسوی اوست

چیست گو واقف شدن از سر محبوب ازل
آنکہ چون آئینہ با ذرات عالم روبروست

آخر ہمہ شوق وہمہ تمنا حاضر حضور ہوا ارشاد ہوا کہ یہہ شاگرد تمھارا جسکا عریضہ ہمارے نام پہونچا ہے نہایت بلند اقبال اور خجستہ طالع معلوم ہوتا ہے اللہ تعالی عنقریب اسپر فضل فرماویگا ہم اسکے طرز تحریر سے بہت خوش ہوئے اسکو تمسے کمال درجہ کے ارادت اور محبت قلبی معلوم ہوتی ہے غرض کیا واقعی نہایت سلیس اور سعادتمند ازلی ہے آٹھ دس پشت سے انکے خاندان سے رسم استادی

شاگردی ہے مجکو بھی اس سے کمال انس ہے یہہ بھی حد کی ارادت رکھتا ہے ہوشیار ہے عنقریب
مڈل کالج کا امتحان دینے والا ہے فرمایا انشاء اللہ تعالی اگرا بکی مرتبہ کچھہ دقت رہی سال آئندہ مین
ضرور کامیاب ہوگا چنانچہ ایساہی ہوا اور ارشاد حضور کا ظہور بھی عمدہ طور سے ہوا روز بروز
سعادتمندی اور اہلیت کی ترقی ہے فقراسے محبت اور ارادت منہیات سے نفرت یاد بود ذات
حق سے رغبت ہے والدین کی اطاعت مین مستغرق ہے ؎

طاعت کند سرشک ندامت گناہ را	بارش سفید مے کند ابر سیاہ را
درکوے خرابات کسی را کہ نیاز ست	ہشیاری و مستیش ہمہ عین نماز ست

امراؤ سنگھ کے ذکر کے بعد مجکو خیال آیا کہ بوقت حاضری بیعت حضور نے یہہ شعر پڑہا تھا ؎

سرہانے کھڑا ہوکے بولا کہ ہے ہے	یہہ کشتہ تو کچھہ جان پہچان نکلا

اور اوسوقت کی الطاف بغایت اور اکرام بے نہایت یاد آئی مگر ارشاد ہوا میان سنتے
بھی ہو جب حضرت سلطان نظام الدین قدس سرہ حضرت فرید الدین گنج شکر نور اللہ مرقدہ کی
خدمت مین اول روز پہونچے تو آپ کی ارادت صادق اور عقیدت واثق پیر دستگیر کے آئینہ قلب
پر روشن اور مبرہن تھی دیکھتے ہی آپ نے یہہ شعر پڑہا تھا ؎

اے آتش فراقت دلہا کباب کردہ	سیلاب اشتیاقت جانہا خراب کردہ

اہل اللہ اپنے ارادتمندون کے حالات اور خیالات سے غافل اور بے خبر نہین ہوتی جیسا خلوص
اور اعتقاد ہوتا ہے سب اون پر ظاہر ہوتا ہے ؎

پیش اہل حال می باید لب از گفتار بست	چون طرف آئینہ باشد دم نمے باید زدن

پھر رخصت ہوکر مین میرٹھ آیا دو چار دن ہی گذرے تھے کہ عظیم اللہ نامی نگی ساز ہمسایہ میرا
بارزوی بیعت حاضر خدمت ہوا اور اوسنے میرا ذکر بھی کیا آپ بہت خوش ہوئے اور غلام شاہ
سے فرمایا یہہ حافظ امداد حسین کے ہمسایہ مین آے ہین انکو اپنے حجرہ مین ٹھہراؤ اور دوسیدن بیعت سے
مشرف فرمایا اور دوسرے دن رخصت کرکے ایک انہ اوسکو دیا کہ یہہ میرٹھ لیجاؤ اور حافظ

امداد حسین کو دوا اور اونسے کہو کہ اسکو خود کہاوین اور کسیکو ندین جسوقت اونسے وہ عطیہ
عظمی پہونچایا بینے کہالیا ؂

رسید قاصد و درجے زمشکناب آورد — چه جاے مشک که دُرج در خوشاب آورد
زان تحفہ زیبا کہ کرم فرمودی — بر روئے دلم در فرح بکشودی
من خود ز کرمہائے تو ممنون بودم — مہر دگرے بر سر آن افزودی

اور قرآن شریف اپنا جو عظیم اللہ کے ہاتھ جلد کی تیاری کے لیئے بہیجا تہا جلد تیار کرا کے حسب ارشاد
حضور حاضر پانی پت ہوا فرمایا اگر تمہارے گہر مین حمل کے اثار ہون تو ہمکو مطلع کرنا مین خاموش
ہو رہا اوسیدن ذکر حضرت خضر علیہ السلام کا شروع ہوا فرمانے لگے کہ حضرت خضر علیہ السلام ہر برگزیدہ
حق کے قیام گاہ پر ہر روزہ رونق افروز ہوتے ہین بلکہ ہر فیضیاب راہ حق سی یا ظاہر یا عالم خواب
مین ہمیشہ ملتے ہین مجکو خیال آیا کہ افسوس ہمنے کبہی خواب مین بہی ندیکہا ارشاد ہوا کہ ایک شخص
پیرجی محمد تقی نامی دہلی سے بارادہ بعیت یہان آئے تہے اور کسی بزرگ سے خاندان چشتیہ مین
پہلی مرید تہے ہمنے اونسے کہدیا کہ بس اب بعیت کرنا کیا ضرور ہے ایک بزرگ کی ہی بعیت کافی
ہے اور جو کسی چیز کی ضرورت ہو دریافت کرلو اونہون نے فرمایش کی کہ مجکو حضرت خضر علیہ السلام
کی زیارت کی آرزو ہے ہمنے اونکو ایک دعا کی اجازت دی کہ اسکو پڑہو اور جو کچہ خواب مین دیکہو
صبحکو بیان کرنا دوسرے دن اونہون نے آکر خواب سنایا کہ رات محمد ابراہیم بیگ ذوق دہلوی کو
مینے خواب مین دیکہا کہ مجہسے بکمال الطاف پیش آئے اور فرماتے ہین کہ تم ہمکو کیون یاد کیا کرتے
ہو جو مطلب ہو کہو آنکہ کہل گئی مگر حضرت خضر علیہ السلام کو ندیکہا ہمنے کہا کہ پہلے کبہی میان ذوق
کو بہی تمنے خواب مین دیکہا تہا بولے کبہی نہین تب ہمنے اونکو سمجہایا میان در ہر لباسے شان دیگر است
جسدن میرٹہ آیا اوسیدن رات کو وہ معاملہ پیش آیا کہ عقل حیرت مین آئے کیا کیا تفضلات
کریمانہ کا ظہور دیکہا اور کس کس سے خوابمین ملا بعد دو مہینے کے کرامت نامہ آیا یقین ہی حمل ہوگا
جب پانچ مہینے کا حمل ہوجائے ہمکو اطلاع دینا ؂

میرسد میوہ نورس ز گلستانِ مراد | مے شود از قدمش خانہ دولت آباد

یہاں افضالِ الٰہی سے بیشک حمل تہا بعد پانچ مہینے کے اطلاع دی گئی ارشاد ہوا کہ جب لڑکا پیدا ہو اوسکا نام ہم رکھینگے چنانچہ لڑکا پیدا ہوا اور حضور نے محمد حسین اوسکا نام رکھا اور ارقام فرمایا کہ یہ لڑکا عجب خوش قسمت اور بلند اقبال ہوگا ؎

طالع شد از سپہر کرم کوکب امید | خورشید بلے و زہرہ رخ و مشتری خرد
زہرہ در رقص بصد ناز و طرب زین شادی | چرخ خم گشتہ بہ تسلیم مبارکبادی

المختصر الطاف بیغایت اور انعامات بیحد کا کہانتک بیان کروں ؎

اگر این جملہ راسعدی املا کند | مگر دفترے دیگر انشا کند

جب اس دار فانی سے رحلت فرمائی کمال ملال ہوا کہ اب کون بہرہ یاب فیوضات باطنی فرمائے گا نشیب و فراز راہ سلوک کون سمجہائیگا ؎

آہ این چہ حال بود کہ عالم خراب شد | دلہا ز آتشِ غم و حسرت کباب شد
واحسرتا کہ رشتہ دولت گسستہ شد | پشت اجل ز بار مصیبت شکستہ شد
بیمار غم عشق ترا کار خراب ست | افتادہ بکوی تو کہ بر بستر خواب است
بغیر از انکہ ز غم سینہ پارہ پارہ کنم | ندانم آنکہ چہ سازم دگر چہ چارہ کنم
عجب غمیست مرا کان نمے توانم گفت | چہ جای فاش کہ پنہان نمے توانم گفت
شدم ہلاک ز درد و سخن بہ پیش طبیب | بہیچگونہ ز درمان نمے توانم گفت
بداغہاے تو مردن نکو غمیست مرا | کہ داغ بر سر ہر داغ مرہمی ست مرا
شمع از چہ چو من داغ جدای دارد | باگریہ و سوز آشنای دارد
سر رشتہ شمع بہ کہ سر رشتہ من | کان رشتہ سری بہ روشنائی دارد

درد مہاجرت اور دقت مفارقت ہر دم نشتر دل تہی ہرچند سوچتا تہا ؎

خدا ہر چہ خواہد کند بندہ باش | رضا پیش گیر و سر افگندہ باش

ہر آنکہ زاد بناچار بایدش نوشید   زجام دہر مئی کل من علیہا فان

لیکن کسیوقت کسیطرح حضور کا تصور اور قلق کم نہوتا تھا

کجاست جویم وگر جویمت کجا یابم   غمم کہ داند و ہمدرد خود کرا یابم

جب قلق مفارقت حد سے گذرا ایک شب خواب مین دیکھا حضور والا فرماتے ہین کیون روتے ہو غم کیون کرتے ہو ہم تمہاری واسطہ جیسے پہلے تہے ویسے ہی اب موجود ہین جو کچھ ضرورت تعلیم کی ہوگی ہم خود تعلیم کرینگے یا جو پوچھوگے ہم بتائینگے

منکر تو کہ پیر و پیر مینا کہ شود   یا معتکف مسجد اقصی کہ شود
یا آخر کار ز آتش توبہ عشق   خالص کہ برون اید و رسوا کہ شود
گر والہ آن مہی بہر کس منگر   در ہر خم ابروے مقوس منگر
گر صاعقہ عشق بگردد پس و پیش   مردانہ ہمی میرو و واپس منگر

آنکھ کھلتے ہی تسلی سی ہوگئی اور اضطراب جاتا رہا اطمینان نے رنگ دکھایا سوچا

در سینہ نہان تو بودہ من غافل   در دیدہ عیان تو بودہ من غافل
عمرے زجہان ترا نشان مے جستم   خود جملہ جہان تو بودہ من غافل
خوشوقت کسی کہ بوے میخانہ شمید   رفت از پے آن بو و بمیخانہ رسید
آمد برقے زکوے میخانہ پدید   در بر تو آن حریم میخانہ بدید

وصال سے ایک مہینے کے بعد بعارضہ بخار سخت بیمار ہوا پیشاب مین خون آنے لگا یہانتک مرض نے شدت کی کہ زندگی سے مایوسی ہوئی ایکدن بحالت مایوسی دیکھتا ہون کہ قبلہ و کعبہ میرے پاس چارپائی پر رونق افروز ہین اور سرہانے کی طرف ایک اور بزرگ قوی تن پر رعب وشوکت تشریف فرما ہین اور حضور اقدس زبان معجز بیان سے فرماتے ہین کہ اب مایوس نہ رہو بیماری رخصت ہوئی اور تمہارے سرہانے جناب فیضمآب حضرت شاہ شرف الدین بوعلی قلندر پانی پتی قدس سرہٗ بیٹھے ہین ہماری ساتھ تمکو دیکھنے آئے ہین آپکے قدم لو مینے اونکے قدم لیے آنکھ

کھل گئی اوسیوقت سے صحت ہوئی ایک شب اشارہ ہوا کہ چھجو شاہ صاحب مجذوب سے تم ہمیشہ ملا کرو اونکا پتا لگا کر صدر بازار مین پھونچا اونسے ملا دیکھتے ہی بول اوٹھے فلان وزیر سید بادشاہ نے حکم دیا تہا آج تم آگئے خوب ہوا ہمیشہ آیا کرو ہم تم ایک دریا کے حباب ہین اور ایک ہی مصطبہ کے جام نوش ہین چنانچہ ہمیشہ اونسے ملتا ہون عجب عجب اسرارات بیان فرماتے ہین اور عجب طرح کے کشاف ہین ایکروز قاضی فتح محمد صاحب ساکن جرچری اودری سے مینے کہا کہ ابرسا حبرسا کی نقش کی زکوۃ کی ترکیب ہمکو لکہا دو بولے ہمکو حضرت قبلہ نے منع کر دیا تہا اور فرما دیا تہا کہ کسیکو اس کی اجازت نہ دینا مجکو یہ بات ناگوار ہوئی اور سوچا کہ اگر حضور بعالم حیات ظاہر ہوتی تو دریافت کر لیتے دوسرے دن قاضی صاحب آئے اور کہنے لگے لو صاحب وہ زکوۃ کی ترکیب لکھ لو مینے پوچھا خیر ہے کل کیا بات تہی آج کیا ہے بولے رات مینے حضور والا کی حجرہ مین اپنے آپ کو حاضر پایا اور دیکہا کہ حضور مجھسے سخت ناراض ہین اور فرماتے ہین کہ حافظ امداد حسین کو تمنے زکوہ ایک نقش کی نہ بتائی اور دریغ کیا ہم تمسے ناخوش ہین اگر اپنی بہتری چاہتے ہو جاؤ اوسکو ضرور لکھوا دو اسلیے حاضر ہوا ہون جو ناگواری ہو معاف کرو مینے اپنی خوش قسمتی سمجھی اور لکھ لیا ایک مرتبہ ایک حضور کے خادم سے دعای حزب البحر کی مینے ترکیب دریافت کی اور نقل چاہی اوسنے آج کل مین ٹالا مجکو ملال ہوا پیرجی محمد یعقوب صاحب نے پانی پت مین بعالم خواب دیکہا کہ حضور تاکید فرماتے ہین پیرجی صاحب تم امداد حسین کو حزب البحر بھیجدو پیرجی نے یہ خواب آپا محمدی صاحبہ کو سنایا اور دعا بھیجدی ایک روز مجکو خیال آیا کہ افسوس کوئی جانشین حضرت قبلہ نے نکیا کچھ تو سلسلہ کے اجرا کی صورت رہتی کچھ ہمکو بھی سہارا ہوتا اوسیدن خواب دیکہا کہ حضور نے ایک خاص مستفیض کی سر پر دستار باندہی اور ایک عمامہ ایک دوسرے کو عطا کیا پہر دریافت کیا لکھو صاحب تسکین ہوئی مینے عرض کیا اب غم نہین رہا ہ

زصد ہزار پسر ہمچو ماہ مصریکی +	چنان شود کہ چراغ پدر کند روشن
بعد ازین دستورے گفتار نیست	بعد ازین با گفتگو یم کار نیست

عالمے را بیک سخن ویران کند	روبہان خفتہ را شیران کند
سینہ ہا را خامشی گنجینہ گوہر کند	یاد دارم از صدف این نکتہ سربستہ را

ایک ورس ۱۳۰۲ھ مین حسب عادت معہودہ منشی صاحب کی خدمت مین جب حاضر ہوا تو اونہون نے مفتی برکت علی صاحب ساکن بٹالہ خادم حضور کا خط مجہے دکھلایا۔ لکھا تھا کہ میرا ارادہ ایک مختصر کتاب لکھنے کا ہے آپ جازت دیجیے خط دکہلا کر فرمانے لگے کہو صاحب تمھاری کیا رائے ہے مینے عرض کیا۔ ؏ بندہ چہ دعوی کند حکم خداوند راست ۰۰ آپ سے زیادہ کوئی حضور اقدس کا محرم نہین راز دار نہین حضور کے حالات سے جیسے آپ کو واقفیت اور آگاہی ہے اور کسیکو نہین حضور کی رموز و اشارات جیسی آپ سمجھتے ہین دوسری کی مجال نہین جو صحبت خلوت جلوت آپ کو نصیب ہوئی کسکی قسمت مین تہی جس زمانہ مین آپنے شرف بیعت طریقت حاصل کیا اور کون اس دولت سے بہرہ یاب ہوا تہا۔ ہمین بہی جو آپ کی رائے ہووے بہتر ہے فرمایا اگر تم توکل بخدا کمر ہمت باندہو اور ایک کتاب لکھو تو ہم حتی الامکان ہر طرح کی امداد و اعانت کرین اور جو کچھ معلوم ہے اوسکی تشریح و شرح بسط کے ساتھ ہووے مینے عرض کیا مین کہان اور کتاب نگاری کہان ؎

من ہیچم و کم ز ہیچ و کم بسیاری	از ہیچ کم از ہیچ نیاید کاری
ہر سر کہ ز اسرار حقیقت گویم	زانم نبود بہرہ بجز گفتاری

کتاب لکھنے کو بڑا حوصلہ چاہیے ہیچمدان نالیاقت کس مپرس آدمی اور اوسپر تعلقات دنیا اور تفکرات عالم التعلق کا طرہ ؎

ہیہات من از کجا و این کار کجا	در خورد من ضعیف این بار کجا
اوصاف بزرگان ز شمار افزون ست	در طاقت تحریر من زار کجا

اور کتاب بہی ایسے شیر مرد کے حالات مین بہلا یک اہم کام ہے فرمایا چلو عبارت آرائی اور انکسار پیرائی تو ہوئی اب نام خدا لیکر ہمت کرو ناچار المامور معذور فضل ایزدی پر بہروسا کر کے اور حضور والا کی تصرف ظاہری و باطنی کو سرمایہ اطمینان سمجھکر اور منشی صاحب کے الطاف

کو رہبر بناکر لکھنا شروع کیا زمانہ تحریر مین طرح طرح کی معاملات عالم رویا مین دیکھے اور انواع انواع کے اشارات و کنایات ہوئے - ایکروز جب چند اوراق لکھے گئے اشارت ہوئی تعلیم کا باب فقط اپنی راے کے موافق مت لکھو رات کو خلوت مین منشی فضل رسول صاحب سے مشورت کرو اور اور اونکی مشورت کے موافق لکھو اور یہہ شعر اشارت مین داخل تھا ؏

بگفتن در نیاید رمز وحدت	بیانش سر بسر باشد حماقت

پھر بمشورت منشی صاحب وہ اوراق درست کیے گئے ایک شب ارشاد ہوا کہ جناب غوث الاعظم کے نام پاک کا جہان ذکر ہو خلیفۃ اللہ کے ساتھ ہونا مناسب ہے اوسکی مطابقت و متابعت بھی کی گئی ایکشب ارشاد ہوا کہ ہمارے بزرگونکا حال شرح لکھو جو بزرگون کے نام حسن عقیدت سے زندہ کرتا ہے خداے تعالی اونکے دلکو زندہ کرتا ہے ایکشب ارشاد ہوا کہ حضرت غوث پاک کا حال جبتک درج نکرو گے کتاب بے تاج بے سر ہے وہ بھی لکھا گیا جسدن سب کتاب تمام کی گئی دیکھا کہ ایک حوض ہے اب صافی و شفاف اوسمین بھرا ہے درختان سایہ دار کا ہجوم ہے فضا کا مقام ہے قابل دید جگھہ تھی حضور وہان رونق افروز ہین فرماتے ہین یہہ جاے آسایش ہمکو نصیب ہے کسیدن انشاء اللہ تعالی ہمکو بلائینگے دلجمعی رکھو مگر ابھی عرصہ دراز ہے - ہواے سرد خوشبودار اور سایہ درختان پر ثمر دیکھا کہ تادم عمر وہ کیف خیال سے نجاویگا پھر ایک بستہ کتابون سے پر عطا ہوا فرمایا لو یہہ خاص انعام ہے اور تمھاری کتاب دلپسند ہے الغرض جو کچھ حضور اقدس نے بتصرف مقدس لکھوایا اور جو کچھ درج کرایا درج کیا جب اجزاے پریشان کو جمع کیا **ریاض الفقر** نام رکھا اور نام تاریخی **دفتر حقیقت** پایا اور پانچ باب اور ایک تتمہ قایم کیا ہر باب کو گلزار سے نامزد کیا اور ہر باب کی فصول کو چمن ٹھہرایا ❊ **پہلا گلزار** حسب و نسب و مولد و موطن کے بیان مین اِس گلزار مین دو چمن ہین ❊ **پہلا چمن** حسب و نسب و وطن و ولادت اور تحصیل علم و بیعت کے ذکر مین + **دوسرا چمن** خصایل و شمایل و واقعات شبانہ روزی و ریاضت و مجاہدہ و سیاحت کے شرح مین **دوسرا گلزار** تعلیم مین

اس گلزار مین دو چمن ہین ۔۔ پہلا چمن تعلیم وارشاد مین ۔۔ دوسرا چمن اقسام درویشان واذکار اشغال طریقہ قادریہ واقسام خلافت و اجازت و اقسام خاندان ہائے مکرم ہین ۔۔ تیسرا گلزار کشف وکرامت مین ۔۔ چوتھا گلزار نقول وحکایات سودمند مین ۔۔ پانچوان گلزار حال مرض ووصال مقبول ذوالجلال مین ۔۔ ضمیمہ ملاقات فقرائے سہرورد وذکر اشغال طریقہ سہروردیہ مین ۔۔ صاحبان کامل اور منصفان ہمت بلند سے امید ہے کہ سہو وخطا و نسیان کو لطف وعطا سے معاف فرمائین اور اسکے مطالعہ اور دید سے حظ دارین اٹھائین

چو من بخیر کنم یاد رفتگان دایم | امید آنکہ مرا ہم بخیر یاد کنند
چو شاد می کنم ارواح دیگران شاید | کسان رسند و مرا نیز روح شاد کنند
بماند سالہا این نظم و ترتیب | زما ہر ذرہ خاک افتد بجائے
نگر صاحبدلی روزی برحمت | کند در حال این مسکین دعائے

پہلا گلزار

حسب ونسب مولد وموطن کے بیان مین اس گلزار مین دو چمن ہین

پہلا چمن حسب ونسب ووطن ولادت تحصیل علم بیعت کے بیان مین

رباعی

ہر کس کہ کمال اولیا را نشناخت | چون نعمت خاص بے بہا را نشناخت
پس شکر نگفت حب ایشان نگزید | میدان بیقین کہ او خدا را نشناخت

جناب تقدس مآب برہان الشریعت سلطان الطریقت گنج حقیقت بحر معرفت سالک طریق

آشنای بحر عمیق عمدۃ الابرار قدوۃ الاخیار سلطان الاصفیا تاج الاولیا سید السالکین سند العارفین
عالم عامل عارف کامل مخزن اسرار غیبی مطرح انوار لاریبی مقبول بارگاہ بیچون مصداق الا ان
اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون ہمراز و واسرار پردہ کبریائی نکتہ شناس اولیائی تحت قبائی
واقف مواقف فنا و آشنائے رموز بقا کشاف حقایق عرفان آگاہ اسرار یزدان برہان العاشقین
دلیل الموحدین محرم حریم جلال شاہد بزم وصال مستغرق بحر توحید سیاح بادیہ تجرید و تفرید گنجینہ
اسرار ربانی گنجور وحدت یزدانی شہسوار میدان نظیر اقطاب سوی اللہ شہبازاوج اذا تم الفقر
فہو اللہ سید حاجی مولوی محمد غوث علی شاہ صاحب نور اللہ اسرارہ قدس اسرارہ حسنی و
حسینی نسباً حنفی مذہباً قادری و نقشبندی و چشتی و سہروردی طریقتاً بغدادی الاصل
ہندی المولد تھے آپ کا سلسلہ نسبتی بغیر واسطے سے سرور کائنات فخر موجودات

صدر عالم آفتاب شرع و دین	قدر او را عرش اعظم چون زمین
یک پیادہ در رکابش عقل کل	یک سوار اندر جلوش روح الامین
نازل منشور او خیر البشر	تا ابد طغرای شان ختم المرسلین
من چہ گویم مدح او جبار گفت	وصف پاکش رحمت للعالمین

احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر منتہی ہوتا ہے اور بتیرہ واسطے جناب قطب الاقطاب فرد الافراد
جناب شیخ الشیوخ العالم غوث الثقلین خلیفۃ اللہ

توئی شاہ و ہمہ شاہان گدائی تو	گدایان جہان زاہد ز تو یابند سلطانی
توئی مطلوب ہر والہ توئی مقصود ہر آگہ	توئی ہادی ہر گمرہ توئی محبوب سبحانی
نہ چون تو صاحب تحریر و تقریر آمدہ دیگر	نہ مثل تو کسی پیدا قرب قرب ربانی
بفرمان عارف حقی لب زاسرار حق آگہ	بجلوت میر میرانی بخلوت پیر پیرانی

حضرت سید محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی الحسنی الحسینی رضی اللہ عنہ پر پہونچتا ہے

تیمناً ذکر پاک غوث اعظم قطعہ

باسم اللہ کنم آغاز مدح شاہ جیلانی | کہ بر قدش درست آمد لباس اعظم الشانی
بغوثیت بود غوث عظیم ظاہر و باطن | بہ قطبیت چو او قطبی نہ در اقطاب ربانی

حضرت فیض مرتبت مقبول بارگاہ صمدی مورد انوار سرمدی شیر نیستان عالی کمالی مرد میدان اسرار جمالی و جلالی خورشید سپہر کرامت نیاہی گوہر دریای مکرمت دستگاہی افضل اتقیای عظام اصلح اولیای کرام حامی شریعت و طریقت واقف مواقف معرفت و حقیقت ہادی روزگار منظور کردگار پیشوائی ارباب ہدایت و ارشاد مقتدای اصحاب استقامت و سداد سلطان اقلیم فقر و توکل رونق دہیم صبر و تحمل دلیل سبیل فلاح و مفاد رہبر طریق صلاح و سداد امام الصادقین محبت العارفین قلب الحقیقت روح المعرفت سید صحیح النسب عالی لقب و حبیب الالہ واقف رموز لی مع اللہ تارک ماسوی اللہ محو شہود ذات اللہ خلاصہ خاندان مصطفوی نقاوہ دودمان مرتضوی خلف رشید حسن مجتبی نور دیدہ شہید کربلا رونق دین متین جناب سید المرسلین مظہر کبریا پشت و پناہ امت خاتم النبین محی السنت قامع البدعت قطب الاقطاب فرد الاحباب شیخ شیوخ العالم غوث الاعظم غوث الثقلین امام الطایفتین شیخ الاسلام خلیفۃ اللہ محی الدین ابو محمد عبدالقادر الحسنی الحسینی الجیلانی رضی اللہ عنہ اکمل اولیای اہل بیت اور اعظم سادات حسینیہ سے ہوی سلسلہ پدری حضور والا کا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر اور واسطہ مادری جناب فیضماب کا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہے

ان شاہ سرافراز کہ غوث الثقلین است | در اصل سیادت چہ صحیح النسبین است
از سوی پدر تا بحسن سلسلہ اوست | وز جانب مادر در دریای حسین است

سلسلہ پدری آپکا یہ ہے حضرت ابو محمد محی الدین عبدالقادر جیلانی بن سید ابو صالح بن سید موسی بن سید عبداللہ بن سید محمد عمر زاہد بن سید محمد روحی بن سید داود بن سید موسی ثانی بن سید عبداللہ ثانی بن سید موسی ثالث بن سید عبداللہ محض بن سید محمد المشہور بحسن مثنی بن امام ذو الاحترام حضرت حسن علیہ السلام بن جناب ولایت ماب مظہر العجایب اسد اللہ الغالب علی

ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سلسلہ مادری بہ جناب والدہ ماجدہ حضور اقدس بی بی فاطمہ کنیت ام الخیر
ولقب امتہ الجبار بنت عبداللہ صومعی بن سید ابو الجمال بن سید ابو محمد بن سید ابو محمود بن سید طاہر
بن سید ابو عطا بن سید عبداللہ بن سید ابو کمال بن سید سید علی بن سید علاء الدین محمد بن
سید امام جعفر صادق بن سید امام محمد باقر بن سیدنا و مولانا امام زین العابدین بن سید الشہدا
شہید دشت کربلا نور العین سید کونین امام حسین علیہ السلام بن علی مرتضی شیر خدا کرم اللہ وجہہ رضوان
اللہ تعالی علیہم اجمعین **نقل** صاحب اقتباس الانوار لکھتے ہین کہ جناب غوث الثقلین کے والد
بزرگوار حضرت سید ابو صالح سیاحی کے عالم مین دشت وصحرا مین ریاضت ومجاہدہ کی حالت مین ایکبار
تین روز کے فاقہ سے تھے اتفاقاً ایک دریا کے کنارہ پر پہونچے دریا کی موج مین ایک دانہ سیب بہتا چلا
آتا تھا وہ کنارہ پر لگا آپنے اوٹھا کر تناول فرمایا جب کھا چکے یہہ خیال پیدا ہوا خداوند کسکا
مال تھا کیسی یہہ دانہ سیب پانی مین یہان تک پہونچا ہم پر اسکا کھانا کیونکر حلال ہوا ملال کی حالت
مین دریا کے کنارے کنارے آپ اوس تلاش مین چلے کہ اسکی مالک کا سراغ لگائین اور اوس سے
معاف کرائین چند منزلین طے کرکے چند روز کے بعد ایک عمارت عظیم اور ایک باغ نایاب کنارہ دریا پر
نظر آیا وہان درخت سیب نہایت پر ثمر موجود پایا چند شاخین اوس درخت کی پانی مین تھین اکثر
دانہاے پختہ خود بخود پانی مین گرتے تھے اور بہتے تھے آپکو تسکین ہوئی کہ وہ سیب جو مینے کھایا
ہے اسی درخت کا تھا اسکا مالک ضرور یہان ہوگا یہہ سوچکر جستجو کی وہان کسی نے عرض کیا کہ یہہ باغ
حضرت سید عبداللہ صومعی کے ملک سے ہے آپ نے اونکی خدمت مین پہونچکر سب ماجرا بیان کیا اور
عذر چاہا حضرت سید عبداللہ صومعی نے سب قصہ سنکر سمجھ لیا کہ یہہ دوست حق ہین انسے اپنی دختر کی
شادی کرنی چاہے اور دختر آپ کی اوسیوقت مین چہل و ہشت سالہ تھین فرمایا ہم آپکا قصور جب
معاف کرین جب آپ بارہ برس ہماری خدمت مین رہین اور جو خدمت ہم چاہین آپ ادا کرین پہر ہمسے
عفو چاہین آپ نے قبول کیا اور بارہ برس وہان گذارے اوسکے بعد پہر آرزوے عفو تقصیر کی
سید عبداللہ صومعی نے فرمایا ایک بات باقی ہے وہ بھی کرو تب ہم معاف کرین عرض کیا فرمائے

حضرت عبداللہ صومعی نے فرمایا کہ میری ایک دختر ہے اوسمین چند عیب ہین ایک عیب یہہ ہے کہ نابینا ہے دوسرا عیب یہہ ہے کہ بہری ہے تیسرا عیب یہہ ہے کہ اوسکے ہاتھ پانون لنج ہین اوس سے تم شادی کرو اور بعد شادی کے دو سال تک یہان رہو تا کہ کوئی اولاد پیدا ہوے پہر جہان تمہارا دل چاہے چلے جانا اس شرط کو بھی آپ نے قبول فرمایا اور نکاح کیا جب آپ عروس کے پاس خلوت مین تشریف لے گئے عروس کو ماہ شب چاردہ کی مثل بے عیب و بانوار حسن و جمال رشک حور بہشت دیکھا سوچا کہ میری منکوحہ یہہ نہین تمام رات بات نکی صبح کو حضرت سید عبداللہ صومعی کی خدمت مین حاضر ہوئے اونھون نے فراست سے سمجھ لیا کہ انکو وہم ہوا ہے فرمایا یا ابوصالح میری دختر نابینا اسوجہ سے ہے کہ اوسنے اپنی آنکھ کسی نامحرم کی طرف نہین کھولی اور نہ آیندہ کھولیگی اور بہری اس معنی سے ہے کہ سخن غیر حق نہ سنا ہے نہ سنیگی اور لنج اس اعتبار سے ہے کہ نامحرم کو اوسنے مس نہین کیا اور کبھی تمہارے بے اجازت کہین قدم نہ اوٹھائیگی سید ابوصالح صاحب سمجھ گئے بعد ایک عرصہ کے حمل ہوا اور اللہ جل جلالہ نے حضرت سید محی الدین غوث الثقلین کو جلوہ آرای عالم امکان فرمایا

نقل حمل کے زمانہ مین ایکروز آپ کے والدہ ماجدہ پرستارون کے ساتھ باغ کی سیر مین مصروف تھین ایک سیب کے درخت پر عمدہ دانہ سیب دیکھکر ہات دراز کیا ہات نہ پہونچ سکا تب چوکی رکھکر ہات سے لینا چاہا اوس درخت پر ایک مار سیاہ موجود تھا اور والدہ ماجدہ حضور نے اوسکو دیکھا نہ تھا آپ نے جگر والدہ پر ناخن اس زور سے لگایا کہ ایک درد بے تعداد معلوم ہوا اور اوسکی پریشانی مین آپ نے ہات کھینچا اس عرصہ مین وہ مار سیاہ درخت سے گرا اور درد بھی موقوف ہوگیا سب نے کہا یہہ حکمت الہی تھی کہ مار سیاہ سے خدائے پاک نے بچایا اول یہہ کرامت غوثیہ آپکے شکم مادر مین ظاہر ہوئی صاحب مراۃ الاسرار نے لکھا ہے کہ آپ کے جد مادری حضرت شیخ عبداللہ صومعی پیشوائے مشائخ گیلان تھے اسوجہ سے آپ گیلانی کہلاتے ہین اور وطن اصلی آپکا جیلان ہے اور بعض کا قول ہے گیلان جیلان ایک ہی مقام کا نام ہے جو کوہ جودی کی دامن مین واقع ہے جہان نوح علیہ السلام کی کشتی نے قرار کیا تھا نہایت پر فضا و پر کیف مقام ہے اور بغداد سے جیلان تک سات روز کی

مسافت ہے بعض نے لکھا ہے جیل ایک ملک ہے علاوہ طبرستان کے کہ اوسیکو گیلان جیلان اور گیل بھی کہتے ہین بعض نے لکھا ہے کہ جیل ایک موضع کنار دجلہ پر اور ایک روزہ راہ ہے بغداد سے اور ایک موضع ہے گیل نام نزدیک مدین کے بسبب اون دو موضع کے گیلی و گیلانی و جیلانی مشہور ہے۔ صاحب روضۃ النواظر کہ اکابر وقت سے تھے لکھتے ہین کہ حضرت نے اوس موضع مین چند روز قیام کیا ہے جیسے برج عجمی مین اور اصل آپکی ولایت گیلان سے ہے ظہور پر نور و پیدایش آپکی چارسو اکہتر ہین اور وفات پانسو باسٹھ مین ہوئی عمر شریف آپکی نوے سال کی ہوئی ٭

قطعہ تاریخ

جناب غوث اعظم قطب عالم	کہ نورش تافت از مہ تا بماہی
سنینش کامل و عاشق تولد	وصالش دان تو معشوق الٰہی

قطعہ تاریخ

آنکہ بیشک قطب ربانی بود	بیگمان محبوب سبحانی بود
شاہ شاہان شیخ عبد القادر ست	دلنشین و دلربا و دلبر ست
سید و عالی نسب در اولیاست	نور چشم مصطفیٰ و مرتضیٰ ست
سال مولودش ز اوج کبریا	گفت ہاتف زیب تاج اولیا
سال مولودش کہ بس رنگین تر ست	شد رقم محبوب عبد القادر ست
عقل سال نقل آن عالی شیم	صاحب فردوس اعلیٰ زد رقم

بعض کے نزدیک پیدایش آپکی چارسو ستر مین ہوئی ہے بعض کے نزدیک ماہ رمضان آپکا ماہ ولادت ہے بعض کے نزدیک ماہ ربیع الآخر اور وفات بھی آپ نے ماہ ربیع الآخر مین پائی ہے

قطعہ تاریخ

سلطان عصر شاہ زمان قطب اولیا	کامد وفات روز قیامت علامتی
تاریخ سال و وقت وفاتش چو خواستم	از راوی حدیث بگفتا قیامتی

اسم شریف آپکا عبدالقادر اور کنیت ابو محمد اور لقب محی الدین ہے اٹھارہ برس کی عمر مین بغداد شریف آپکے قدوم سے مشرف ہوا تحصیل و تکمیل علوم بغداد مین ہی فرمائی تیتیس برس آپکے درس وتدریس مین بسر ہوئی چالیس برس ارشاد و ہدایت مین گذرے ٭

قطعہ تاریخ

آنکہ محبوب حضرت حق است ۔ بہر آفاق رحمت حق است
قطب بغداد غوث جیلانی ۔ لیس فی الدہر مثلہ ثانی
ادہمش چرخ مہ رکاب آمد ۔ قدمش مالک الرقاب آمد
لقب او بدان بصدق ویقین ۔ قطب کونین شاہ محی الدین
مفخر اولیا وجودش دان ۔ اصفیا جملہ در سجودش دان
دستگیر جہان واہل جہان ۔ پیر و پیر زمان واہل زمان
نہ شود ہیچکس باو ہمسر ۔ کے شود ہمسر مسیحا خر
ماہ نخشب نہ ماہ تابان است ۔ ماہ تابان نہ مہر رخشان است
ذات او صاحب کرامات است ۔ بیگمان آبروے سادات است
غوث و قطب و ولی و سلطان ست ۔ برہ حق دلیل و برہان است
جیلی و حنبلی و بغدادی ۔ بیشک و شبہ مہدی و ہادی
حسنی و حسینی ست و شریف ۔ احسن و محسن و لطیف و نظیف
درے و ثاقب و فرید و وحید ۔ عالی و والی و حمید و رشید
اعلم و افقہ و بلیغ و فصیح ۔ در ہمہ اولیا ملیح و صبیح
پدرش را است نسبت احسن ۔ بیشک وریب با امام حسن
مادرش را بجعفر صادق + ۔ نسب راسخ ست و ہم واثق
ذات آن شاہ روشن ست چو ماہ ۔ باز اولاد او برفعت و جاہ

تا قیامت ہمیشه معمور ست / در دو آفاق فایض النور ست

گر زبانم بیکی ہزار شود / صد ہزارش سخن گذار شود

وصف او را شمار نه توانم / بلکه یک از ہزار نه توانم

سال مولود آن علی شان / ہاتفم گفت کاشف دو جہان

سال فرخندهٔ ولادت او / وہبی مالک الرقاب بگو

سال مولود او بصدق و صواب / گو ولی سرآمد اقطاب

سال مولود آن سعید ازل / سر اقطاب و اولیای اجل

بیشک و شبه از ربیع دوم / روز آدینه بود یازدہم

که ز دنیا باوج علیین / ہمچو خورشید شد ز روی زمین

گفت سال وصالش از دل و جان / صاحب رونق جنان رضوان

گفته ام سال نقل آن حق رس / قطب اقطاب عالم اقدس

شد رقم سال نقل آن عالی / قدس اللہ روحه العالی

سال نقلش بخوان که بادم قدس / ہاتفم گفت نور عالم قدس

مرقد پاک اوست در بغداد / اہل عالم ازو گرفته مراد

ہادی خلق بود سوی خدا / قدس اللہ سره ابدا

اخلاق ذات قدسی آیات مین جو کچھ تھے اوسکے وصف و ثنا محال ہے فقر اسکے ساتھ باوصف علو مرتبت و رفعت منزلت کمال تواضع سے پیش آتے تھے ضعفا کے ساتھ اکثر مجالست و صحبت رکھتے تھے رسم سلام مین سب سے تقدیم فرماتے تھے مہمان و طلبا کی خاطر داری حد سے زیادہ ہوتی تھی اگر کوئی شخص آپکے حضور مین قسم کھاتا گو جھوٹ ہوتی یقین فرماتے تھے باوجود علم و کشف کی کچھ نہ کھتے مہمان و ہمنشین کے ساتھ خندہ روئی و خوش خلقی سے ایسی پیش آتی تھی کہ کوئی ہمسری نکر سکتا تھا کسی امیر و وزیر کے دروازہ پر قدم نہ رکھا + نقل ایک روز خلوت مین آپ کچھ لکھ رہے

تھے مکان کی چھت مین ہی آپکے جامہ و دستار پر تین بار خاک گری چوتھی مرتبہ آپ نے سر اوٹھاکر
دیکھا ایک چوہا تھا کہ چھت کو کرود تا تھا بمجرد نظر کی اوسکا سر تن سے جدا ہوکر ایکطرف گرا اور جسم
دوسری جانب گر گیا آپ نے لکھنا موقوف کیا اور چشم مبارک نمناک ہوئی راوی کھتا ہے مینے
عرض کیا کہ حضرت کس سبب سے چشم مبارک نمناک ہوئی فرمایا مجکو یہہ غم ہے کہ شاید اس موش کے
طرح کسی مسلمان کو مجھسے مضرت پھونچے اسیطرح ایکروز آپ مدرسہ مین وضو کرتے تھے ایک چڑیا نے عام
ہوا مین بول کیا آپکے پارچہ پر کچھ گرا آپ نے نظر اوٹھاکر دیکھا معًا وہ گر پڑی آپ نے وضو کے بعد
کپڑا دہو ڈالا اور وہ کپڑا خادم کے حوالہ کیا اسکو بیچ ڈالو اور اسکی قیمت فقرا پر تصدق کرو یہی جزا
مکافات ہوگی **نقل** ایک بار آپنے ارادہ حج کیا جب ایک موضع مین کہ بغداد سے قریب ہے پہونچے
حکم دیا کہ ایسا کوئی مکان تلاش کرو جسکے مالک سے زیادہ کوئی فقیر و محتاج و گمنام نہو
ہمراہیونکو تاکہ اوسکی مکانمین ہم قیام کرین ہرچند وہان کے سردارون اور رئیسون نے ارزو کی اور مکانات عالیہ
آپکے لئے تجویز کئے آپ نے منظور نہ فرمایا آخر ایک ضعیفہ عورت کے مکان مین جو نہایت محتاج تھے
آپنے اجازت لیکر قیام فرمایا اور شب بسر کی اسقدر ہدیہ و نذر نقد و جنس و حیوانات سے جمع
ہوئے کہ جسکی تعداد نہین آپنے وہ سب ضعیفہ کو عطا کیا حاضرین نے بھی جو کچھ مال اسباب تھا وہ
سب ضعیفہ کے حوالہ کیا وہ ضعیفہ اسقدر مالدار ہوگئی کہ اوسموضع مین اوس سے زیادہ کوئی بہر
غنی نہ تہا **نقل** ایک تاجر نے خدمتمین حاضر ہوکر عرض کیا مین اپنے مال سے جو وافر ہے اور بے
زکوۃ ہے فقرا پر تقسیم کرنا چاہتا ہون مگر مجکو مستحق و غیرہ مستحق کی تمیز نہین حضرت جسکو مستحق سمجھین
اوسکو دیدین فرمایا مستحق و غیر مستحق سبکو دو تاکہ خدا تعالی اوسکی جزا مین تمکو جس چیز کے مستحق ہو وہ
بھی دے اور جسکی مستحق نہین ہو وہ بھی عطا فرماوے کرامتین آپکی ذات سے بے تعداد طاہر
ہوئین ہین کسکی ہمت ہے کہ اونکی حصر و تعداد کرسکے **نقل** صاحب اقتباس الانوار لکھتے ہین کہ
جسوقت آپ صلب پدر سے رحم مادر مین جلوہ افروز ہوئے آپکی والدہ ماجدہ کی عمر شریف ساٹھ برس
کی تھی اور ساٹھ برس کی عمر ہنگام نومیدی حمل ہوتی ہی آپکی ذات بابرکات کی کرامت تھی اور

بعد آپکے سید ابی احمد عبد اللہ آپکے برادر خورد پیدا ہوئے وہ عین عنفوان جوانی مین اونکا انتقال ہوگیا
نقل صاحب تحفۃ الراغبین بلفوظ غیاثی سے نقل کرتے ہین کہ زمانۂ طفولیت مین ایکبار آپ کنار
دایہ سے اوٹکر عالم ہوا مین پہونچے اور بمقابلہ آفتاب پارہ سیماب کی طرح پہڑ تڑپے دایہ نہایت بیقرار
ہوئی آخر پہر کنار دایہ مین آپ تشریف لے آئے جب بغداد شریف مین آپنے قیام کیا وہ دایہ گیلان
سے آپکے ملنے کو آئی اوسنے عرض کیا یا سیدی عالم طفلی مین ایکمرتبہ یہہ معاملہ پیش آیا تھا اب بھی
کبھی ایسی صورت پیش آتی ہے آپنے تبسم کیا اور فرمایا اے مادر اب عنایات الہی بیش از بیش ہین
اوس وقت وجود ضعیف تھا تاب تجلیات کم تھی اب اوسکی افضال سے وہ تاب تجلیات عطا ہوئی
ہے کہ ویسی تجلی صد ہزار اس وجود مین گم ہوتی ہین نقل صاحب تحفۂ قادریہ لکھتے ہین کہ شیر خوارگی
کے زمانہ مین جب ماہ رمضان آیا کبھی آپ نے دودھ نہین پیا ایکبار ماہ رمضان کا ہلال ابر کے
سبب نمودار نہوا تھا اہل شہر نے آپکی والدہ سے دریافت کیا آپنے فرمایا آج میری فرزند سید عبد القادر
نے دودھ نہین پیا ضرور ہے کہ یکم رمضان ہے تب شہرت ہوگئی کہ خاندان سادات مین ایک ایسا
فرزند ہے کہ ماہ رمضان مین دنکو دودھ نہین پیتا صاحب اقتباس لکھتے ہین کہ آپنے اصلی فیض و
فائدہ تعلیم وتربیت روح مکرم سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے تکمیل کو پہونچایا اور آپ حقیقتاً اویسی
تھے اور خرقہ تصوف آپنے اپنے والد بزرگوار سے و حضرت شیخ ابو سعید مخزومی سے اور تاج العارفین
شیخ ابو الوفا بغدادی سے حاصل کیا اور ابتدائے حال مین آپنے خضر علیہ السلام سے بھی تربیت
پائی ہے اور ریاضت اور مجاہدہ اسقدر آپ نے کیا ہے کہ اور کسیکو اولیا سے ایسا نصیب نہین ہوا حضرت
شاہ سامر لاہوری لکھتے ہین کہ حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ مینے غار حرا مین بارہ برس
سلطان الاذکار مین بسر کئے اور کشایش ہای عظیم وتصرفات بے تعداد پائے اور یہہ غار حرا وہی غار ہے
جہان جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی عرصہ چھہ سال تک قیام فرمایا تھا اور صاحب
تحفۃ الراغبین کا قول ہے کہ آپنے خرقہ حضرت ابو الحسن علی الہنکاری سے بھی حاصل کیا ہے جو حضرت
شیخ ابو سعید مبارک مخزومی کے پیر ہین اور سلسلہ حضرت ابو سعید مبارک مخزومی کی خرقہ کا حضرت معروف

کرخی پر پہونچتا ہے اور حضرت معروف کرخی نے حضرت شیخ داود طائی سے بھی خرقہ حاصل کیا ہے
جو خواجہ حبیب عجمی کے مرید تھے اور وہ امام حسن بصری کی اور وہ حضرت علی کرم اللہ وجہ کے
اور حضرت امام علی رضا سے خرقہ حاصل کیا ہے اونھون نے امام موسیٰ کاظم سے اونھون نے امام جعفر
صادق سے اونھون نے امام محمد باقر سے اونھون نے امام زین العابدین سے اونھون نے حضرت امام حسین
سے اونھون نے حضرت امام حسن سے اونھون نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اونھون نے رسول
پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے اور جو خرقہ آپنے اپنی والد سے پایا ہے وہ بھی سلسلہ حضرت امام حسن
پر منتہی ہوتا ہے اور لکھا ہے کہ شیخ ابوزکریا یحییٰ علی تبریزی اور شیخ حماد دباس سے بھی خرقہ
حاصل کیا ہے **نقل** صاحب تحفہ قادریہ نے لکھا ہے آپ سے کسی نے سوال کیا یا حضرت آپنے
کسوقت آپکو پہچانا کہ ہم ولی ہین فرمایا دس برس کے عمر مین مین مکان سے مکتب کو جاتا تھا راستہ
مین مجکو فرشتہ ملے کہ میرے گردا گرد چلتے تھے جب مین مکتب مین پہونچا اونھون نے کہا جگہ چھوڑو
خدا کے ولی کے واسطے ایکدن مینے ایک شخص دیکھا جسکو کبھی نہ دیکھا تھا وہ فرشتون سے دریافت
کرتا تھا کہ یہ کون لڑکا ہے کہ جسکے سب ایسی تعظیم کرتے ہین فرشتون نے کہا یہ اولیا مین سے
ایک ولی ہے جسکی شان عظیم ہوگی چالیس برس کے بعد مجکو معلوم ہوا کہ وہ ابدال وقت تھا۔
نقل شیخ علی ہیتی فرماتے ہین کہ مینے خوارق وکرامات مین حضرت شیخ عبدالقادر سے زیادہ کسیکو
نہین دیکھا جسوقت ہم مین سے کسیکا جی چاہے کرامت دیکھ لے **نقل** آپکی مجلس وعظ مین چارسو
آدمی دوات قلم لیکر بیٹھتے تھے اور جو کچھ زبان فیض ترجمان سے سنتے تھے لکھتے تھے آپنے
فرمایا ہے کہ ابتدا ے حال مین جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ
وجہہ کو مینے خواب مین دیکھا کہ دونو صاحبون نے مجکو تکلم کا ارشاد فرمایا اور اپنا لعاب دہن میری
دہن مین ڈالا اور ابواب سخن مجھپر کھولے۔ **نقل** آپکی مجلس کبھی جماعت یہود ونصاری اور
ارباب بدعت وفساد وبدعتقاد ولامذہبون سے جو بارادہ اسلام آتے تھے خالی نہوتی تھی
یعنی ہمیشہ ان لوگون مین سے حاضر مجلس ہوتے تھے اور توبہ کرتے تھے اور مشرف بہ بیعت ہوتے

سے تھے لکھا ہے یھود و نصاری پانسو سے زیادہ اور دیگر فرقون کے لوگ ایک لاکھ سے زیادہ آپکے
ہات پر مشرف باسلام و توبہ و بیعت ہوئے اور سوائے انکے اہل اسلام اور دیگر مخلوق کی تعداد
و انتہا نہین **نقل** ایکروز مسجد جامع مین آپکو چھینک آئی آپنے الحمد للہ کہا۔ یرحمک اللہ و رحیم
بک کی صدا اسقدر بلند ہوئی کہ مستنجد باللہ خلیفہ کہ مسجد کے حجرہ مین موجود تھا متوہم ہو کر پوچھنے
لگا یہ کیا شور و فریاد ہے لوگون نے عرض کیا حضرت شیخ عبد القادر رض نے چھینک لی ہے اور
لوگون نے اوسکا جواب دیا ہے **نقل** حضرات مشایخ قدس اللہ اسرارہم نے لکھا ہے کہ حضرت
شیخ عبد القادر رض نے اپنے مریدون کی نسبت ارشاد فرمایا ہے کہ تا روز قیامت کوئی اون کے
سلسلہ کا مرید بے توبہ انشاء اللہ تعالی نہ مریگا **نقل** کسی بزرگ نے آپ سے دریافت کیا تھا کہ جس
شخص نے آپ سے بیعت نکی ہو اور آپ سے خرقہ نہ لیا ہو مگر آپ سے نسبت عقیدت رکھتا ہو وہ بھی
آپکے مریدون مین سے شمار کیا جاویگا اور اونکے فضایل مین شریک ہوگا یا نہین فرمایا بیشک اوسپر
بھی خدائے پاک فضل فرماویگا اور اوسکو توبہ نصیب کریگا اور میرے مریدان و اصحاب سے شمار کیا جائیگا
اور اللہ تعالی نے اپنے فضل سے ایسا ہے وعدہ فرمایا ہے کہ میرے اصحاب کو اور میرے تابعان
طریق کو اور میرے محبون کو بہشت عطا فرماوے گا اور پھر فرمایا البیضہ منا الف والفرج لا یقوم یعنی
بیضہ ہمارا ہزار قیمت رکھتا ہے اور چوزہ کی قیمت تو ہو ہی نہین سکتی پھر فرمایا کہ حق سبحانہ و تعالی نے
مجکو ایک سجل عطا فرمائی ہے کہ اوسمین نام میرے اصحاب کے اور مریدون کے جو تا قیامت ہونگے
ثبت ہین اور فرمایا اللہ جل شانہ نے ان سب کو تیرے توسل سے مینے بخشدیا اور مینے مالک سے
جو خازن دوزخ ہے پوچھا کہ میرے اصحاب مین سے کوئی تیرے پاس ہے کہا ہرگز نہین اور میرا دست
حمایت مریدون پر آسمان کی طرح زمین پر ہے اگر میرا مرید جید نہین ہے مین خود جید ہون قسم پروردگار
کی کہ جب تک مجکو میرے اصحاب کے ساتھ بہشت مین نہ بھیجے گا مین اوسکے سامنے سے علیحدہ نہوگا
اگر میرا مرید مشرق مین ہو اور اوسکا پردہ عفت مین کچھ خلل آیا اور مین مغرب مین ہون بیشک اوسکے
پردہ داری کرونگا مین اپنے مریدونکی قیامت تک ہر لغزش مین دستگیری کرونگا جسوقت کوئی

تم مین سے خدا تعالی سے کچھ چاہے میرے وسیلہ سے مانگو بیشک دعا مستجاب ہوگی اور جو کربت کی
حالت مین استعانت چاہو بیشک رفع ہوگی اور جس شدت کی وقت مجکو یاد کروگے آسانی پاؤگے اور
جس حاجت کے واسطہ میرا توسل کرکے دعا مانگوگے قضای حاجت سے خوش ہوگے اور جو شخص دو
رکعت نماز بعد فاتحہ گیارہ بار سورہ اخلاص سے پڑہے اور بعد سلام درود پڑہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر
اور یاد کرے رسول مقبول کو پھر گیارہ قدم جانب عراق چلے اور میرے اسما کو کہے اور حاجت اپنی
درگاہ الہی سے چاہے بیشک روا ہوگی **نقل** ایک بزرگ نے جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو عالم خواب مین دیکھا عرض کیا یا رسول اللہ دعا فرمایے کہ میرا قران وحدیث پر خاتمہ ہووے فرمایا اور
ایسا کیون نہو گا جب تیرا پیر شیخ عبد القادر جیلانی ہی وہ بزرگ فرماتے ہین مینے تین بار رسول اللہ سے یہی درخواست
کی اور ہر بار یہی جواب ملا **نقل** زمانہ آخر مین آپ کپڑا نہایت نفیس پہنتے تھے ایکدن آپکا خادم ابوالفضل
بزاز کے پاس گیا اور کہا ایسا کپڑا دو جو ایک دینار کو ایک گز ملتا ہو نہ زیادہ ہو نہ کم ہو بزاز نے پوچھا
یہ کپڑا کسکے لیے خریدتے ہو خادم نے کہا اپنے شیخ محی الدین عبد القادرؓ کے لیے بزاز کے دلمین خیال
آیا کہ شیخ نے بادشاہ کے لیے بھی کپڑا بیش قیمت نہ چھوڑا ابھی یہہ خیال پورا نہو چکا تھا کہ غیب سے
ایک کیل اوسکی پانو مین چبھ گئی اور قریب ہلاکت پہونچا ہرچند کہ اوسکی نکالنے مین سعی کی گئی کچھ
فایدہ نہوا آخر اوسکو آپکے سامنے لائے فرمایا یا ابو الفضل تونے اپنے دلمین ہمپر کسلیے اعتراض کیا قسم
عزت معبود کی مینے ایسا جامہ نہین پہنا جب تک اجازت نہین ہوئی کہ یا عبد القادر پہن ایسا جامہ جو
ایک دینار کا ایک گز ہو یا ابو الفضل یہہ جامہ کفن میت ہے اور کفن میت نیک ہوتا ہے پھر اپنا دست
مبارک موقع تکلیف پر رکھا اوسیوقت وہ تکلیف رفع ہوگئی **نقل** آپنے مرض موت مین ارشاد
فرمایا کہ مجھمین اور مخلوق مین زمین وآسمان کے تفاوت ہے یا اہل زمین شرق وغرب یا اہل
سما حق تعالی نے فرمایا ہے واعلم ما لا تعلمون مین ان ونمین سے ہون مجکو خداے تعالی شانہ جانتا ہے اور
تم لوگ نہین جانتے جسوقت مین تمسے کوئی بات کہون اوسکو سچ جانو کہ جو بات مین کہتا ہون
شک کا اوسمین دخل نہین ہے جو اجازت ہوتی ہے مین کہتا ہون اور جو دیا جاتا ہے وہ مین دیتا ہون

اور جو حکم ہوتا ہے وہ مین کرتا ہون میرا قول سچ نہ جاننا تمھاری دین کے واسطے زہر قاتل ہے اور
تمھاری دنیا و آخرت کے زوال کا سامان ہے اگر شریعت کے بندش نہوتے مین تمکو بتا دیتا وہ
چیز جو تم کھاتے ہو اور جو اپنے مکانون مین رکھتے ہو مین جانتا ہون اوسکو جو تمھارے ظاہر و باطن
مین ہے ۔ مجکو دفعات مین شتر بار کہا جاتا ہے یا عبد القادر جو حق ہمارا تجھپر ہے اوسکے موافق کر تاکہ
سنا جاوے تجھسے اور کہا جاتا ہے یا عبد القادر جو حق ہمارا تجھپہ ہے اوسکے موافق کہا اور پی اور
کھہ ہمنے تجکو امین کیا قسم ہے خدائے پاک کے مینے نکیا کوئی کام اور نہ کھے کوئی بات جب تک اوسپر
مامور نہوا **نقل** شیخ ابو عمر عثمان ضریفینی رحمت اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک رات کو فضائے
آسمان کے طرف مینے دیکھا کہ پانچ کبوتر جاتے ہین ایک زبان فصیح کھتا ہے سبحان من عندہ خزاین
کل شی وما ینزلہ الا بقدر معلوم اور دوسرا کھتا ہے سبحان من بعث الانبیا اعطی کل شی خلقہ ثم ہدی
اور تیسرا کھتا ہے سبحان من بعث الانبیا حجۃ علی خلقہ و فضل علیہم محمدًا اور چوتھا کھتا ہے کل ما فی
الدنیا باطل الا ماکان للہ و رسولہ اور پانچوان کھتا ہے یا اہل الغفلۃ عن مولاکم قوموا الی ربکم رب کریم
یعطی الجزیل و یغفر الذنب العظیم جب یہ آوازین مینے سنین مین بیہوش ہو گیا جب کچھ ہوش آیا معلوم
ہوا کہ محبت دنیا و مافیہا میرے دل سے دور ہو گئی جب صبح ہوئی اپنے خدائے پاک سے مینے عہد
کیا کہ ضرور کسی شیخ کا مین مرید ہو جاونگا تاکہ تیرا مجکو راہ بتاوے پھر اس ارادہ پر گھر سے چلا مگر سوچتا
تھا کدہر جاؤن کسکے پاس جاؤن ناگاہ ایک ضعیف العمر آدمی نے سامنے آکر کہا السلام علیک یا
عثمان مینے جواب سلام دیا اور قسم دیکر پوچھا کہ تم کون ہو اور میرا نام کیونکر جانتے ہو کہ پہلے مینے
تمکو کبھی نہین دیکھا ہے اوس پیر بزرگ نے فرمایا مین خضر علیہ السلام ہون مین اسوقت شیخ عبد القادر
جیلانی کے پاس تھا اونھون نے مجھسے فرمایا اے ابو العباس خضر آجکی رات ضریفین کے رہنے
والون مین سے ایک شخص کو خدائے پاک نے اپنی طرف کھینچا ہے اوسکا نام عثمان ہے اور وہ خدائے
پاک کی طرف پورا پورا متوجہ ہو گیا ہے اور اوسنے اپنے دلمین عہد کیا ہے کہ مین کسیکا مرید
ہو جاؤن اور خدا کی جانب سے اوسکے لیے ندا ہوتی ہے مرحبا بک یا عبدی اے خضر تم اوسکو

ہمارے پاس لاؤ ای عثمان تو سید عبد القادرؓ کے پاس چل وہ عارفون کا سردار ہے اور وصلونکا قبلہ ہے اوسکی ملازمت اختیار کر اور اوسکی عظمت اور حرمت کا مطیع بن بیٹھ اوسیوقت چلنے کا ارادہ کیا دیکھتا ہون کہ مین بغداد مین حاضر ہون اور خواجہ خضر غائب ہو گئے حتی کہ سات برس تک پھر مینے خضر علیہ السلام کو کبھی نہ دیکھا مین اوسیوقت شیخ عبد القادرؓ کی خدمت مین حاضر ہوا آپنے مجھے دیکھتے ہی فرمایا مرحبا بمن جذبہ المولی الی اللہ بالسنتہ الطیر وجمع لہ کثیرا من الخیر اے عثمان آخر وقت مین خدائی پاک تجھکو ایک مرید نصیب کریگا جسکا نام عبد الغنی ہوگا بہت اولیا دن مین وہ فایق ہوگا پھر آپنے طاقیہ عطا فرمایا اوسیوقت ملکوتی اسرار مجھپر کھل گئی اور تمام عالم کی تسبیح اور تقدیس کرنیوالون کا حال جدا جدا زبانون سے معلوم ہو گیا پھر شیخ نے چند ماہ مجکو خلوت مین بٹھلایا اور تمام امورات ظاہری و باطنی سے آگاہ کیا اور مقامات اور حالات اور مشاہدات اور مکالمات عالم غیب بغیر اسکے کہ مین کچھ کھون یا دریافت کرون سب مجھپر منکشف ہوئی اور تفصیل مجملات اور حل مشکلات اور اصول و فروع سب ظاہر ہوئی اور بعض بعض اون باتون پر مجھے مطلع کیا کہ جنکا تیس برس کے بعد اظہار ہوا۔ **نقل** شیخ عبد الرزاقؒ آپکے فرزند فرماتے ہین کہ ایکروز حضرت شیخؒ نماز کے واسطے تشریف لیچلے مین اور میرے بھائی عبد الوہابؒ اور عیسیؒ ہمراہ تھی رستہ مین تین چارپایی جن پر شراب تھی اور بادشاہ کے لیئے وہ شراب جاتی تھی سدراہ ہوئے بوے سخت آپکو ناگوار ہوئی آپنے سرہنگان شاہی سے اشارہ کیا کہ ٹھیرو وہ نہ ٹھہرے اور جلد جلد چارپاؤن کو لیچلے پھر آپنے چارپاؤن کی طرف مخاطب ہو کر اشارہ کیا کہ ٹھیر و اوسیوقت چارپاے رک گئے ہر چند سرہنگ اونکو مارتے تھے وہ نہین چلتے تھے پھر یک لخت سب سرہنگونکو درد قولنج پیدا ہوا سب نے توبہ کی اوسیوقت صحت پائی اور وہ شراب سرکہ ہو گئی آپ مسجد جامع مین تشریف لے گئے تمام خلق مین شور ہوا جب وہ ظروف شراب کھولی گئی اونمین سے سرکہ نکلا بادشاہ تائب ہو کر خدمت مین حاضر ہوا **نقل** شیخ ابو عبد اللہ قرشی فرماتے ہین کہ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ اپنے اہل زمانہ کا سید ہے اولیاؤنمین اوسکی شان اعلی و اکمل ہے علماؤن مین اوسکی ذات اورع او زاہدی عارفون مین اعلم اور اتم ہے مشایخ

مین اقرب ہے ٭ **نقل** شیخ ابراہیم رحمت اللہ علیہ فرماتے ہین کہ شیخ عبدالقادر ہمارا سردار اور محققون کا شیخ ہے صدیقون کا امام ہے عارفون کی حجت ہے سالکونکا قدوہ ہے **نقل** شیخ ابومدین مغربی رحمت اللہ علیہ فرماتے ہین کہ مین ایکوقت خواجہ خضر علیہ السلام سے ملا اور تمام مشرق و مغرب کے مشایخ کا حال وینسے پوچھا خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ شیخ عبدالقادرؒ امام صدیقان اور حجت عارفان ہے اوسکی شان اولیاؤنکی شان مین غریب تر ہے المختصر حضرت تقدس مرتبت کے دس فرزند تھے۔

اسمائے مبارک	تاریخ تولد	تاریخ وفات	جائے مزار
شیخ سیف الدین عبدالوہاب	ماہ شعبان سنہ ۵۱۲ھ	۲۵ شوال سنہ ۶۰۳ھ	بغداد
شیخ شرف الدین عیسیٰ کنیت عبدالرحمان	.	سنہ ۵۷۳ ہجری	مصر
شیخ شمس الدین عبدالعزیز کنیت ابوبکر	.	سنہ ۵۸۹ ہجری	سنجار
شیخ ابوالفضل محمد سراج الدین عبدالجبار	.	۲۵ ذیقعد سنہ ۶۰۰ھ	بغداد
شیخ تاج الدین عبدالرزاق عبدالرحمان و کنیت ابوالفرج۔	سنہ ۵۱۹ ہجری	۶ شوال سنہ ۵۹۵ھ	بغداد
شیخ ابواسحاق ابوابراہیم	سنہ ۵۲۷ ہجری	۲۵ ذیقعد سنہ ۶۲۳ھ	بغداد
شیخ ابوعبدالرحمان عبداللہ	.	۲۷ صفر سنہ ۵۵۷ھ	بغداد
شیخ ابوبکر زکریا یحییٰ	۶ ربیع الاول سنہ ۵۵۰ھ	شب برات سنہ ۶۰۰ھ	بغداد
شیخ ابونصر موسیٰ	سلخ ربیع الاول سنہ ۵۳۹ھ	غرہ جمادی الآخر سنہ ۶۱۸ھ	دمشق
شیخ محمد رئیس	.	.	.

بعض بزرگ حضرت محی الدین ابن عربی کو آپکا گیارہوان فرزند بتلاتے ہین اور ان کے پیدا ہونے کی روایت کرتے ہین کہ علی ابن محمد پدر شیخ محی الدین ابن عربی کی اولاد نہ تھی اور پچاس برس کی عمر اونکی ہوگئی تھی بامید حصول اولاد حضرت غوث الاعظمؒ کی خدمت مین حاضر ہوے اور

دعاکی استدعاکی حضرت نے جسوقت دعاکے واسطہ ہاتھ اوٹھایا ہاتف غیب نے آواز دی کہ سایل کی قسمت مین اولاد نہین ہے اگر کوئی شخص اپنی اولاد مین سے اسکو دیدے تو ہو سکتی ہے اسلیے حضرت غوث الاعظم نے اپنی پشت علی بن محمد کی پشت سے مس کی اور فرمایا کہ ہمارے صلب مین ایک فرزند باقی رہا تھا سو ہمنے تمکو بخشدیا اب وہ لڑکا تمھارے گھر پیدا ہوگا اور ہمنے نام اوسکا محمد رکھا مشہور باسم محی الدین اور اولیای امت نبوی مین صاحب درجہ اعظم اور رتبہ اعلی ہوگا شیخ علی رخصت ہوکر اپنی گھر آے اور اوسی رات کو اہلیہ ان کی حاملہ ہوئی بعد نو ماہ کی محی الدین بن عربی پیدا ہوے اور آپکی والد انکو حضرت غوث الاعظم کی خدمت مین لے گیے حضرت نے بنظر محبت آپکی طرف دیکھا اور فرمایا کہ یہہ پسر ہمارا پسر ہے انشاء اللہ تعالی ولی زمانہ اور قطب یگانہ ہوگا اور صاحب تصانیف عالی ہوگا اور اسرار الہی ایسے بیان کریگا جو ابتک کسی نے بیان نہین کیے چنانچہ تصانیف شیخ محی الدین ابن عربی کی پانسو کتاب سے زیادہ ہین اور فتوحات مکی مشہور کتاب انکی ہے منجملہ صاحب زادونکی سید سیف الدین عرف عبدالوہاب رضی اللہ عنہ کے دو فرزند تھے ایک سید صوفی ابو نصر کہ اونکو ابو منصور عبد السلام عرف نصیر الدین بھی کہتے ہین اور دوسرے فرزند شیخ ابو الفتح سلیمان قبلہ و کعبہ سید ابو النصر عرف نصیر الدین کی اولاد پاک سے ہوے یہہ شجرہ نسبی آپکا ہے۔ سید غوث علیشاہ بن سید احمد حسن عرف احمد علی بن سید ظہور الحسن عرف ظہور محمد بن سید محمود عرف محمد علی بن سید حامد حسن عرف حامد علی بن حمید علی عرف حمید الدین حسن بن سید ابو سعید معروف انوار الحسن بن سید مصلح الدین عرف ناصر الحسن بن سید مبارک حقانی بن سید محمد نور عرف سید محمد غوث بن سید شمس الدین عرف محمد اعظم بن سید شاہ امیر عرف عبد العلی و سید کرم علی بن سید علی عرف محمد صالح بن سید مسعود عرف نور الدین بن سید احمد عرف سید حمید الدین بن صوفی ابو النصر عرف نصیر الدین بن سید سیف الدین عرف عبد الوہاب بن حضرت قطب آفاق شیخ المشایخ خلیفہ اللہ غوث الثقلین محبوب سبحانی محی الدین شیخ عبد القادر جیلانی بن سید ابو صالح بن سید موسی بن سید ابی عبد اللہ ثالث بن سید محمد زاہد بن سید محمد اوچی

بن سید داؤد بن سید موسیٰ دوم بن سید عبداللہ ثانی بن سید الموسیٰ الجون بن سید عبداللہ المحض بن حسن مثنیٰ عرف سید محمد بن امام حسن بن حضرت علی و فاطمہ الزہرا بنت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم حضور والا کے بزرگون مین سے مخدوم سید محمد غوث اوچی حلبی گیلانی قادری مخلص سب سے اول پنجاب مین تشریف لائے ہین مخدوم صاحب کے بزرگون مین سے سید ابوالعباس احمد بن سید صوفی معہ سید ابوسلیمان اپنے بھائی کے بوقت قتل و غارت بغداد جو ہلاکو خان کے وقت مین وقوع مین آئے بغداد سے روم تشریف لیگئے تھے جب فساد ہلاکو خان کا ختم ہوا تو حلب مین پھونچکر اونھون نے سکونت اختیار کی حضرت مخدوم سید محمد غوث وہین پیدا ہوئے اور ابتداے جوانی مین دور دور کے ملکون کی آپ نے سیر کی کئی مرتبہ حج ادا کیا پھر لاہور مین چند سال قیام کیا پھر حلب تشریف لے گئے پھر اپنے باپ کی وفات کے بعد خراسان کے رستہ سے ملتان مین آئے اور بلدہ اوچھ دیار ملتان مین جو سید صفی الدین کا آباد کیا ہوا ہے آٹھ سو ستاسی ۸۸۷ھ ہجری مین سکونت اختیار کی سلسلہ نسبی آپکا دس واسطے سے حضرت خلیفہ اللہ غوث الثقلین پر منتہی ہوتا ہے جب آپ اوچھ مین سکونت پذیر ہوئے سلطان حسین مرزا حاکم سندھ اور سکندر لودی بادشاہ ہند آپکے مرید ہوئے لاکھون آدمیون نے فیض پایا خوارق و کرامات بکثرت ظاہر ہوئی نکاح آپکا سلطان قطب الدین لنگاہ حاکم ملتان کی دختر سے بایماے جناب غوث الثقلینؓ کی ہوا اوس سے اولاد نہوئی تب سید ابوالفتح حسینی کی دختر سے جنکا بی بی فاطمہ نام تھا نکاح ہوا نسبت ابائی ابوالفتح کے چار واسطہ سے سید صفی الدین بانی مقام اوچھ پر پھونچتی ہے جو ہمشیرہ زادہ سید اسحاق کازرونی میران بادشاہ لاہوری کا تھا جنکا مزار لاہور مین نواب وزیر خان کی مسجد مین ہے انکی دختر کے بطن سے چار فرزند ہوئے سید عبدالقادر ثانی سید عبداللہ ربانی سید مبارک حقانی سید محمد نورانی سب صاحب کمال ہوئے سب سے سلسلہ فیض جاری رہا آپ نے نوسو تینتالیس ۹۴۳ھ ہجری مین وفات پائی اور اوچھ مین ہی دفن ہوئے محمد مخدوم عالم اور محمد حسنی پاک وقت آپ کی تاریخ وصال ہے شعرگوئی کا بھی آپکو شوق تھا صاحب دیوان ہین عارف نامی مولانا عبدالرحمان

جامی نے اکثر اپنی تصانیف آپ کی خدمت مین بھیجی تھی مناقب غوث پاک مین اکثر فکر شعر ہوتا تھا

یہ چند شعر آپ کی تصنیفات سے ہین ؎

رندیم و قلندریم و چالاک	مستیم و معربدیم و بیباک
جامیم و صراحیم و بادہ	دُر و صدفیم و بحر و خاشاک
والی ولایتِ شش و پنج	جامیٔ بلادِ فہم و ادراک
مجموعہ رازِ عالمِ دال	منصوبہ کشائی سرِ لولاک
بگذشتہ ز خویش بے کدورت	بگذشتہ ز عشق جوہر خاک
آئینہ صاف با غل و غش	صافی دل و پاک ای و سکاک
گر صاف شوی و پاک دایم	میگوی چو قادری تو ناپاک
ما بلبل بوستان قدسیم	شہباز سفید و مست الستیم

صاحب اخبار الاخیار نے لکھا ہے کہ سب سے اول خاندان عالیشان قادریہ سے سید اسمٰعیل بن ابدال قادری کے بزرگ جنکا سلسلہ چند واسطہ سے سید عبدالرزاقؒ بن سید الافاق غوث الثقلین قدس سرہ کو پہونچتا ہے ہندوستان مین آئے تھے اور ان سے ہزارہا آدمی فیضیاب ہوئے اور سید اصغر علی گیلانی صاحب شجرۃ الانوار نے لکھا ہے کہ دیار ہندوستان مین سب سے اول سلسلہ قادریہ شاہ سید ابی الحیات سے جنکا سلسلہ چند واسطون سے شیخ عبدالرزاق بن سید الافاق غوث الثقلین رضی اللہ عنہ تک پہونچتا ہے جاری ہوا المختصر حضرت عبدالقادر ثانی فرزند بزرگ سید محمد غوث حلبی گیلانی امام طریقت و مقتدائے حقیقت ہوئی تعلیم علم ظاہری و باطنی انہون نے اپنے باپ سے پائی جامع فضل و کمال تھے خوارق و کرامات کی کچھ تعداد نہ تھی جو کوئی کفار یا فساق و فجار مین سے آپکی خدمت مین حاضر ہوتا تھا معاً مسلمان اور تائب ہوتا تھا ایک نسبت خاص آپ کو حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے تھی اور حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ سے آپکو خطاب عبدالقادر ثانیؒ کا بعالم باطن عطا ہوا تھا۔ والد بزرگوار کی وفات کے بعد

جب سید عبدالقادر سجادہ نشین ہوئے بادشاہون اور امیرون کی صحبت ترک کی شاہ دہلی
نے ناراض ہوکر چاہا کہ سجادہ نشین دوسرا شخص ہووے یہہ تجویز عمل مین نہین آئی تھی کہ خود
حضرتؒ نے فرامین جاگیر و وظایف وغیرہ جو متعلق خانقاہ تھی بادشاہ کے پاس بھیجدیے اور
لکھا کہ ہمکو بادشاہی جاگیر وائمہ کی ضرورت نہین جسکو تم سجادہ نشین بناؤ اوسکو دیدو بعد
ازان مدار آپکے صرف کا خزانہ غیبی پر رہا ایکبار بادشاہ نے بہزار التجا اپنے پاس بولایا آپ
نے فقط یہہ اشعار لکھکر بھیجدیے

بہیچ باب ازین باب روگشتن نیست	ہر انچہ بر سر ما میرود مبارک باد
کسیکہ خلعت سلطان عشق پوشیدست	بحلہ ہاے بہشتی کجا شود دلشاد

یہہ واقعہ مشابہ اس حالت کے ہے کہ سلطان سنجر نے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ
کی خدمت مین لکھا تھا کہ اگر آپ اسطرف تشریف فرما ہون تو ولایت سیستان جو ملک نیم روز
ہے لنگر خانقاہ کے متعلق کردیجاوے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ نے اوسکے جواب مین تحریر فرمایا

چون چتر سنجری رخ بختم سیاہ باد	جز فقر اگر بود ہوس ملک سنجرم
زانگہ کہ یافتم خبر از ملک نیم شب	صد ملک نیم روز بیک جو نمی خرم

بعضے اس حکایت کو شیخ نجم الدین کبری رحمت اللہ علیہ کی طرف منسوب کرتے ہین حضرت
عبدالقادر ثانی کو شباب مین مزامیر کا شوق تھا کئی شتر آلات راگ اور باجے کے آپکے
ہمراہ رہتے تھے سجادہ نشین ہوتے ہی راگ اور مزامیر سے اجتناب کلی ہوگیا طالبون اور
خادمون کو بھی منع فرمانے لگے اگر کبھی اتفاقیہ نوبت سماع کی پہونچ جاتی تو اسقدر نالہ و بکا
شروع ہوتا تھا کہ جسکی حد نہ تھی ایکدن آپ اوچھ کے جنگل مین شکار کھیل رہے تھے ناگاہ
ایک تیتر بصورت عجیب اور آواز غریب نالان ہوا ایک درویش بھی بیابان مین پھر رہا
تھا اوس نے کہا کہ یہہ شکاری جوان بھی ایکدن تیتر کیطرح قلق اور محبت مولے مین فریاد اور
نالہ کریگا یہہ سنتے ہی ایک حالت پیدا ہوئی اور آپ کا دل تعلقات ماسوی اللہ سے سرد ہوگیا

اور روز بروز آثار جذب و شوق اور انوار محبت و ذوق پیدا ہونے لگے یہان تک کہ آپ
ہمہ تن خدائی پاک کیطرف متوجہ ہو گئے بعضون نے لکھا ہے ایک دن آپ کے والد ماجد چند ٹکڑے
مخمل کے لائے اور فرمایا کہ عبد القادر کے پاس پوستین کا ابرہ بنانے کے واسطے لیجاؤ آپ نے
فرمایا کہ سگان شکاری کے واسطے اسکی جھول بناؤ جب آپ کے والد ماجد کو اس بات کی خبر
ہوئی نہایت خفا ہوئے اوسی شب کو آپ کے والد ماجد سے حضرت غوث الثقلین رضی نے خواب
مین فرمایا کہ عبد القادر ہمارا فرزند ہے ہم اوسکی تربیت کرتے ہین تمھارے اور فرزند ہین تم اونکی
تربیت کرو تمکو عبد القادر سے کچھ کام نہین ہے اس واقعہ کے بعد آپ عیش و نشاط و مزامیر اور
جانوران شکاری کو ترک کرکے ہمہ تن حق کی طرف مشغول ہو گئے لکھا ہے کہ ابتدا مین آپ کو
اوراد اور اعمال اور عبادات ظاہری کا اسقدر شوق تھا کہ تمام دن فرصت کلام کرنے کی
نہین ملتی تھی آخر مین اسقدر استغراق اور مشغولی باطن کا غلبہ ہوا کہ بعد ادائے نماز فجر
اشراق تک بحر مراقبہ مین غرق رہتے تھے اور بعد ادائے اشراق چاشت تک علی ہذا اور وقت
بھی قیلولہ بوریائے مسجد پر کرتے تھے اور بعض اوقات اذان بھی آپ دیتے تھے ایک روز بوقت
شب آپ اوٹھے تھے محرمان خانہ کو آپ نے آواز دی کہ اوٹھو اور سعادت دارین حاصل کرو
اون لوگون کے اوٹھنے تک وہ سعادت تمام ہو گی جب وہ اوٹھکر آئے آپ نے فرمایا جناب
رسالت مآب اسوقت تشریف فرما ہوئے تھے اگر تم جلدی آجاتے تو تم بھی زیارت سے مشرف
اور فیضیاب ہوجاتے **نقل** ایک قوال آپ کی خدمت مین حاضر ہوا آپ نے اوسکو فرمایا
کہ تو توبہ کر اور رباب کو توڑ اور سر منڈا اور درویش ہوجا قوال تو منہور قوال ہی رہا مگر حاضرین خدمت
مین سے ایک امیر کے دل مین اس ارشاد کا اثر ایسا ہوا کہ اوس نے اپنا سر منڈایا اور تمام گناہون سے
توبہ کی اوسیوقت اوسکو کشف جلی ہو گیا اور گریہ وزاری کرکے کہنے لگا کہ میرا ایک بھائی بگجرات
مین تھا وہ مر گیا اور اوسکے جنازہ کو دفن کرنے لیے جاتے ہین **نقل** ایک مرتبہ ملتان مین مرض
طاعون پیدا ہوا اور وبا پھیل گئی آپکے وضو کے جگہ پر جو سبزہ جما ہوا تھا اوسکو جو کوئی مرض

کی جگہہ لگاتا تھا شفا پاتا تھا **نقل** آپ فرمایا کرتے تھے کہ خدا تعالی نے ہمارے ہاتھ مین یہہ
خاصیت عطا فرمائی ہے کہ جس مرض پر رکھا جاوے وہ مرض جاتا رہے اور یہہ خاصیت وراثت
غوث الثقلین رضی اللہ عنہ سے ہے بعض اولیائی ہم عصر نے فرمایا ہے الشیخ عبد القادر یبری الاکمہ
والابرص ویحی الموتی باذن اللہ ایکدفعہ ملتان مین مرض درد استخوان ایسا پیدا ہوا کہ اوسکے
پیدا ہونے سے فوراً انسان مرجاتا تھا غیاث الدین لنگاہ آپ سے عقیدہ رکھتا تھا اور نہایت
متقی اور پرہیزگار تھا اور ہر شب جمعہ کو زیارت جناب سرور کائنات صلعم سے مشرف ہوتا تھا ایک
رات جناب سرور کائنات صلعم نے ایک بانس کا ٹکڑا ایک ہات کی مقدار کا اوسکو عطا کرکے فرمایا کہ
ہمارے فرزند عبد القادر کو دیدے اور یہہ بشارت پہونچا دی کہ جس جاے درد ہو اوس کو رکھکر دس بار
قل ہو اللہ احد پڑہو گے حق تعالی فوراً شفا بخشیگا اور آپ کو بھی رسالت مآب کی طرف سے
بشارت ہوئی کہ غیاث الدین کو امانت سپرد ہوئی ہے وہ لیلو اور عمل مین لاؤ اسقدر آثار اور اسرار
اوس نے سے ظہور مین آئے کہ تحریر اور تقریر سے خارج ہین اوراس نے کی حکایت دیار ملتان مین اب
تک مشہور ہے اور والدہ حضرت عبد القادر ثانی کے سید شیخ ابو الفتح کی دختر تھی شیخ ابو الفتح
جد مادری حضرت کے بڑے بزرگ اور عالی مقام تھے تسخیر جن مین کمال تھا سن شریف حضرت
مخدوم کا اٹھتر برس کا ہوا اور آپ کی وفات ماہ ربیع الاول نو سو چالیس ہجری مین ہوئی ہے
اور مزار اوچہ مین ہے اور تاریخ وفات یہہ ہے **تاریخ**

	سال ترحیلش باقوال صحیح		دان خدادان سید اہل الیقین

حضرت عبد القادر کے دو فرزند ارجمند ہوئے ایک شیخ عبد الرزاق اور دوسری زین العابدین
سید زین العابدین اپنے والد کی حیات مین شہید ہو گئے اونکے ایک فرزند تھا سید محمد غوث
نام وہ اوچ کو چھوڑکر قصبہ ستگرہ ملک پنجاب مین جا رہا اور عبد الرزاق صاحب کمال ہوئے۔
سید عبد اللہ ربانی بن سید محمد غوث اوچی حلبی بھی جامع علوم معقول و منقول حاوی فروع
و اصول و صاحب علم و عمل ہوئے بہت لوگون نے آپ سے فیض باطنی پایا نو سو اٹھتر ہجری مین

اکبر بادشاہ کی سلطنت کے زمانہ مین وفات پائی آپ کا مزار بھی اوچہ مین ہے سید محمد نورانی صاحب لاولد رہے میران سید مبارک حقانی بن سید محمد غوث اوچی حلبی گیلانی بڑے صاحب زہد و تقوی و ترک و تجرید و عشق و محبت و جذب و سکر ہوئی آبادی چھوڑکر جنگل مین سکونت پذیر ہے کوئی آپکے سامنے خوف سے نہ جاتا تھا اور جو جاتا تھا مست مجذوب ہوجاتا تھا ایک شیخ معروف چشتی نے کہ فریدالدین گنج شکر رحمت اللہ علیہ کی اولاد مین ہین اور اونھین سے خانوادہ نوشاہی جاری ہوا ہے اور ایک آپکے فرزند دلبند دو شخصون نے نعمت خلافت پائی آپ بارہ برس اسی حالت مین رہے پھر لاہور مین تشریف لائے اور یہان نوسو چھپن ہجری مین وفات کی نعش مبارک آپ کے اوچھ گئی اور وہین دفن ہوئے تاریخ وفات یہہ ہے **تاریخ رحلت**

بسالِ رحلتِ آن شاہِ مردان	بگو سید مبارک پیر رہبر

حضرت مصلح الدین ناظر حسن عرف سید میر میران آپکے فرزند دلبند صاحب کرامت و خوارق و ولایت ہوئی خلافت و بیعت آپکو والد بزرگوار سے تھی جب مقام لاہور مین تشریف لائے تعلیم و تلقین کے سلسلہ سے خلق خدا کو فیضیاب کیا نوسو چھیاسی ہجری کو لاہور مین وفات پائی گورستان میانی مین آپ دفن ہوئی یہہ گورستان شہر لاہور کے قریب ہے انکی چھٹی پشت مین حضرت سید ظہور الحسن عرف ظہور محمد حضرت مرشدنا ہادینا کے جدامجد سیر و سیاحت کرتے ہوئے صوبہ بھار مین وارد ہوئے اور موضع استھاوان و یونکر مین آپنے قیام فرمایا اور اسی موضع مین ایک سید عالی نسب کے ہان شادی کے دو فرزند اللہ تعالی نے عطا فرمائے ایک سید احمد حسن عرف سید احمد علی صاحب دوسرے سید محمد حسن عرف محمد علی صاحب سید ظہور الحسن صاحب تا دم زیست اوس موضع مین رہے اور اپنے فیض و ہدایت سے ہزارہا آدمی کو مشرف فرماتے رہے آپ اہل معرفت اور صاحب توحید تھے بعد حصول علم ظاہری کے اپنے والد ماجد سید محمد علی عرف سید محمود صاحب سے بیعت کرکے استفادہ علم باطن کیا تھا سید محمود صاحب رحمت اللہ علیہ بھی بڑے عارف کامل اکمل تھے سید ظہور الحسن صاحب کے چھوٹے بھائی صوبہ بھار مین موضع استھاوان ہی مین مقیم رہے اور اونھون

نے بسبب نہونے اولاد صلبی کے سید احمد علیصاحب قبلہ وکعبہ کے والد بزرگوار کو فرزند بنایا اور جب اونکا اوراونکے اہلخانہ کا انتقال ہوگیا تو سید احمد علی صاحب اپنے باپ سید ظہور الحسن صاحب کے پاس چلے آئے سید ظہور الحسن صاحب کے چھوٹے بھائی بہی جنہون نے سید احمد علیصاحب کو فرزندی مین لیا تہا صاحب کرامت وصاحب حال تہے ہمیشہ چار ٹکے لیکر شادی وغیرہ کی محفلون مین حال کھیلا کرتے تہے ایک بار سید ظہور الحسن صاحب کو یہہ بات ناپسند آئی منع فرمایا کہ یہہ تمہارا حال کہیلنا ایک بدنامی وتمسخر کا سامان ہے جواب دیا کہ مجھکو غوث پاک رضی اللہ عنہ کی طرف سے یہہ اجازت ہے **نقل** کسی امیر کے لڑکے کی شادی مین یہہ حال کھیلتے تہے تماشائی تمسخر سے پیش آئے نوشہ بہی گستاخی سے پیش آیا نوشہ نے آپ کے شکم مین ایک اونگلی ماری اور ہنسے تو آپ نے کچھ نکہا مگر نوشہ کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا ابے کیون لونڈیون کی سی شوخی کرتا ہے یہہ کہتے ہی وہ عورت ہوگیا اور تمام آثار عورت کے اوسکے جسم مین پیدا ہوگئے **شعر**

خاکساران جہان رابحقارت منگر	توچہ دانی کہ درین گرد سواری باشد
ظفر ایک خاک کا پتلا ہے یارو	پر اس مین بولتا کیا جانے کیا ہے

نوشہ نے یہہ حال اپنے مادر سے کہا اونسے تمام مردمان خانہ کو یہہ قصہ سنایا سب حیران ہوئے اوراونکی خدمت مین جاکر عرض معروض کی آپ نے سنکر فرمایا ہم کون اور ہم کیا کرسکتے ہین خدا جانے وہ کیا موقع تھا اور کیا ہوا ناچار پہر مجلس کرو چار ٹکے دلواؤ اور پہر ہمین چہیڑو پہر خدا جو کچھ دکھلائے اوسکا اثر دیکھو آخر پہر مجلس کی گئی اور حال کھیلا اور نوشہ نے چہیڑا اور آپنے فرمایا ابے لونڈی کیا کرتا ہے اوسیوقت حالت اصلی نوشہ کی ہوگئی **شعر**

اولیا راہست قدرت از الہ	تیر جستہ باز گرداند زراہ

اوسیدن سے آپ نے ترک وطن کیا اور اظہار حال کے سبب سے تین کوس علیحدہ ایک موضع مین جارہے اور وہین توکل پر اوقات بسر کی **ع**

از درحق بدر خلق مبر حاجت خود	شکوہ از یار باغیار نمی باید کرد

نقل ایکدن اوس گانو کے آدمی جسمین آپ رہتے تھے جمع ہو کر آئے اور گنگا کی طغیانی کے شاکی ہوئے کہ اب گانو تباہ ہوا جاتا ہے دریا حد سے زیادہ جوش پر آگیا آپ نے فرمایا پھاوڑہ کدال لاکر گانو کی طرف سے مٹی گرادو سب نے حماقت سمجھی اور تمسخر کرتے ہوئے چلدئے آپنے خود اپنے ہاتھ سے دن بھر مٹی کاٹی شام کو گھر چلے آئے خدا کی قدرت رات رات مین دریا تین کوس ہٹ گیا صبح کو گانو کے آدمیون نے پوچھا یہ کیا راز تھا آپنے فرمایا جدہر راب ودہر سب خدا کو یہہ کرارا گرانا منظور تھا ہمنے بہی ویسیکے کاٹنے مین سعی کی جب وہ گر گیا دریا ہٹ گیا آپکے خاندان متبرک مین ہر شخص باکمال ہوا ہے جسکو دیکھئے فضال الہی سے قابل یادگار تھا ایک حضرت کے بھائی چچازاد سید قاسم علی تھے آپکے والد کے ذریعہ سے رسالہ مین نوکر تھے لکھنے پڑھنے مین طاق تھے چندروز کے بعد ایک انگریز کو اردو پڑھانے لگے ایک مرتبہ بیے کھے اونھون نے انگریز کے نام سے تنخواہ کا بل بنا کر خزانہ سے پیشگی روپیہ وصول کر لیا جب انگریز نے بل بھیجا تو قضیہ ہوا آخر بعد تحقیق سید قاسم علی کی دستاادی معلوم ہوئی انگریز نے تحقیقات کی آپنے سچ سچ کہدیا کہ ہم آزاد مزاج آدمی ہین خرچ کی ضرورت تھی ہمنے بے شک روپیہ لیا ہے اونے سنگین پہرہ مین بٹھادیا تین دن تک رہے بعدہٗ پہرہ والون سے کہا ابتو دل گھبرا گیا ہم جاتے ہین یہ کہکر غایب ہوگئے تھوڑی دیر کے بعد ظاہر ہوئے اور پہرہ والون سے کہا صاحب سے ہمارا سلام کہنا اب جاتے ہین اگر کسیکو دعوی ہے پکڑلے لوگون نے صاحب سے کہا صاحب نے فوراً رسالہ تیار کرایا محاصرہ کیا پہر غایب ہوگئے پہر ظاہر ہوئے صاحب نے کہا پکڑلو دیکھا تو کیکر کا درخت ہے قاسم علی نہین ہے پہر تلاش کیا تو وہان ایک ندی بہتی تھی اوسکے پرلے کنارہ پر تھے بولے کہ اب جاتے ہین آخری سلام ہے پہر نظر نہ آئے انگریز کو بہی سخت افسوس ہوا کہ بہت صاحب کمال آدمی تھا حیف ہمنے قدر نجانی قدرِ نعمت بعد زوال جب سرکار انگریز نے راجہ رنجیت سنگھ والے لاہور کو خلعت فاخرہ دیا اور سید احمد علی صاحب رسالدار معہ اپنے رسالہ کے وہ خلعت لیکر لاہور گئے اور حضرت قبلہ بھی ہمراہ تھے تب لاہور مین سید قاسم علی ملے

ہر چند سید احمد علیصاحب نے سمجھایا مگر اونھون نے آنا اور انکو بڑے قصور معاف کرانا منظور نہ فرمایا اور سید قاسم علی جبس دم مین بھی کمال رکھتے تھے سید احمد علیشاہ صاحب آپکے والد نے فیض باطنی اپنے نانا صاحب کی خدمت مین رہکر حاصل کیا تھا مگر بیعت اپنے والد بزرگوار سے کی تھی اور رسم آپکے خاندان کی ہمیشہ سے یہہ جاری تھی کہ فرزند پدر سے اور زوجہ اپنے شوہر سے بیعت کرتے تھے جب آپکی عمر سولہ برس کی ہوئی تو رسم خاندان کے موافق سید ظہور الحسن صاحب سے بیعت کی سترہوان سال تھا جو آپکی شادی ہوگئی پھر دوسرا تیسرا نکاح ہوا سوارون مین نوکر ہوگئے رفتہ رفتہ نوبت رسالداری کی پھونچی ایک مدت روزگار کیا پھر خانہ نشین ہوئے اور یاد الٰہی مین مصروف رہے بڑے صاحب ریاضت و مجاہدہ اور شب بیدار اور اہل ذوق و شوق تھے دن کو کارہاے متعلقہ نوکری کرتے اور راتکو ذکر و شغل طاعت عبادت خدا مین رہتے تھے ؎

یاد خدا و خدمت سلطان نقیض نیست
دل با خدا ببند زبان را بجا کری ر

طالبان راہ خدا کو ہدایت اور تعلیم بھی فرماتے تھے قوت جسمانی ظاہری ایسی تھی کہ بڑا چرس پانی کا بھرا ہوا جسکو دو بیل زور آور کھینچتے ہین تنہا کنوے سے کھینچ لیتے تھے نوکری پر اپنے قانع تھے کہ ایکدفعہ ولیعہد شاہنشاہ روس بلباس فقیری اجمیر شریف مین مزار پر انوار خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ پر قیام گزین تھا آپکو بوقت ملاقات از راہ باطن یہہ معلوم ہوگیا کہ یہہ فقیر نہین امیر ہے باہم ربط ضبط زیادہ ہوگیا جب حال اونکے ولیعہد ہونے کا کھل گیا اور اونکا ارادہ اپنے دار السلطنت جانیکا ہوا تب شہزادہ نے ہر چند اصرار کیا کہ ہمارے ساتھ چلو ہم آپ کو بڑا عہدہ دینگے حتی کہ اپنی دار السلطنت مین پھونچکر بھی بولایا مگر جانا منظور نہین کیا اور یہی جواب دیا کہ میری قوت لایموت کے واسطے یہی نوکری کافی ہے ؎

قناعت کن بنان خشک تا بی آرزو گردی
کہ خواہشہای الوان ہست نعمتہای الوان را
سلیمان وار اگر سازی ہوا را زیر دست خود
فلک چون حلقہ خاتم بفرمان تو می گردد

جس رسالہ مین نوکر تھے اوس رسالہ کے کرنیل کا یہہ طریقہ تھا کہ نوکری کے وقت باہر جاتے تھے

ورنہ رات دن ایک کمرہ مین تنہا خاموش بیٹھے رہا کرتے نصف تنخواہ اپنے میم کو اور نصف بنام خدا دیا کرتے جب باہم زیادہ ربط ضبط ہوگیا تو ایک دن کرنیل صاحب نے یہہ بات کہی کہ آپ صاحب ذوق وشوق ہین مگر صاحب توحید نہین چونکہ حضرت کی نسبت ذوق شوق مین قوی تھی تین چار دفعہ کی ملاقات مین اوسپر نسبت غالب آگئے اور نسبت توحید کرنیل صاحب کی مغلوب ہوگئی اور گریہ وزاری اون پر طاری ہوگیا اللہ تعالی نے آپکو بارہ فرزند عطا کئے زوجہ اول سے حیدر حسن فیض الحسن وغیرہ سات فرزند زوجہ ثانی سے خورشید حسن عرف غوث علی شاہ اور انوار الحسن ایک فرزند زوجہ ثالث سے چار فرزند ہوئے اور سید احمد علی صاحب کے بھائی سید محمد حسن عرف سید محمد علی صاحب کے پانچ فرزند تھے قاسم علی عباس علی حیدر علی سید ابو الحسن اور ایک کہ جنکا نام یاد نہیں سید ابو الحسن جو آپکے برادر چچازاد تھے یہہ مادر زاد ابدال پیدا ہوئے تھے اور مثل ابدالون کے پرواز کرکے چلے جاتے تھے ایک روز حضرت قبلہ وکعبہ نے عالم طفولیت مین دیکھا کہ سید ابو الحسن پرواز کر گئے اور نظرون سے غایب ہوگئے حضرت نے یہہ ماجرائے عجیب وغریب دیکھ کر والدہ کی خدمت مین عرض کیا والدہ صاحبہ نے ارشاد فرمایا کہ یہہ اسرار کی بات ہے کسی سے کہنے کی بات نہین ہے اور چونکہ سید ابو الحسن اکثر غایب رہتے تھے والدہ صاحبہ سے اونکو بڑی محبت تھی گاہ گاہ بحالت تنہائی آپکی والدہ صاحبہ سے ملنے کو آجایا کرتے تھے اور کسی عزیز قریب سے کبھی نہین ملتے تھے حتی کہ آپکے والد ماجد سے بھی نہین ملتے تھے ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ والد بحصول رخصت گھر پر تشریف لائے اور حسب اتفاق سید ابو الحسن والدہ صاحبہ سے ملنے کو آئے والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تمھاری تائی آئی ہوئی ہین اونکا دل تمسے ملنے کو بہت چاہتا ہے اونسے بھی ملاقات کرلو اونسے بھی ملے جب والد ماجد نے آپ کے فرمایا کہ تم کہان رہتے ہو جو کبھی ہمسے بھی نہین ملتے عرض کیا کہ جس جگہہ مین رہتا ہون آپ وس جگہہ کو دیکھا چاہین تو دکھا دون چنانچہ انکھین بند کرائے وہان لے گئے سات روز بہت آرام اور آسایش سے وہان رہے بعد اوسکے والد نے فرمایا کہ مین نوکری پیشہ ہون ایام رخصت قریب آگئے ہین اور مجھے نوکری پر جانا ہے اب

تم ہمین گھر پھونچا دو اوسی طرح آنکھ بند کراکے گھر پھونچا دیا جب گھر پر آئے تو معلوم ہوا کہ وہ ہی دن اور وہ ہی وقت ہے وہان سات دن کا گذرنا اور یہان وہ ہی دن اور وقت ہونا یہہ صورت قبض اور بسط زمان کے تھے نفحات الانس مین شیخ موسیٰ سدرالی رحمت اللہ علیہ کے حال مین شیخ شہاب الدین سہروردی قدس اللہ سرہ سے منقول ہے کہ شیخ الشیوخ ابن سکینہ رضی اللہ عنہ کا ایک مرید تھا صباغ یعنی رنگریز اور اوسکا یہہ طریقہ تھا کہ صوفیون کے مصلی جامع مسجد مین لیجا کر بچھاتا تھا اور بعد نماز کے جمع کر کے خانقاہ مین لے آتا تھا ایک دفعہ جمعہ کے دن مصلون کی گٹھڑی باندھکر دریاے دجلہ پر غسل کرنے کو گیا دریا مین غوطہ مار کر جب پانی سے سر باہر نکالا دیکھا کہ ملک مصر مین ہون متعجب ہو کر پانی سے نکل کر شہر مین گیا اور ایک رنگریز کی دوکان پر جا کر کھڑا ہوا وہ از راہ فراست پہچان گیا یہہ رنگریز ہے اوسکے پاس سوائے ایک لنگوٹہ کے اور کچھ نہ تھا وہ اوسکو اپنے گھر لے گیا اور اپنی دختر سے اوسکا نکاح کر دیا تین فرزند ہوئے اور سات سال تک وہان رہا ایک دن دریا مین جا کر پھر اوسنے غوطہ مارا دیکھا کہ بغداد کے دجلہ مین ہون اور اوسی جگہہ ہون جہان پہلے سات سال سے غوطہ مارا تھا اور وہ ہی دن اور وہ ہی وقت ہے اور گٹھڑی مصلون کے کنارہ پر رکھی ہے دریا سے نکل کر کپڑے پہنے اور گٹھڑی مصلون کی جامع مسجد مین لیگیا اور بعد نماز پھر اونکو خانقاہ مین پھونچا دیا اور پھر اپنے گھر جلدی اور متعجب گیا گھر والون سے کہا کہ ماہی بریان جو تمنے پکائی تھی لاؤ مہمانون کو بلا کر ماہی بریان کھلائی بعد اوسکے اپنے شیخ ابن سکینہ کی خدمت مین آیا اور ماجراے گذشتہ سب سنایا اونھون نے فرمایا لڑکون کو مصر سے لے آؤ مصر گیا اور اونکو لایا تو بخوبی اوسکے بیان کی صحت اور تصدیق ہو گئی بعد اوسکے شیخ نے مرید سے پوچھا کہ اوس دن تیرے دل مین کیا خیال آیا تھا اوسنے کہا کہ یہہ جو آیت ہے کَانَ مِقْدَارُہٗ اَلْفَ سَنَۃٍ اسکا میرے دل مین دغدغہ اور نزاع تھا شیخ نے سنکر فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے تجھ پر یہہ رحمت کی ہے کہ جو تجکو واسطہ رفع اشکال اور درستی ایمان اور اعتقاد کی اپنی قدرت سے قبض اور بسط زمان کا حال آشکارا فرما دیا **نقل** صاحب فتوحات رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ایک جوہری قدرے

خمیر اپنے گھر سے نان بز کی دوکان پر روٹی پکانے کے واسطے گیا اور اوسکو غسل کی حاجت تھی دریاے نیل کے کنارہ پر آیا اور دریا مین غوطہ مارا اور خود غایب ہو گیا اور جس طرح کوئی خواب مین دیکھتا ہے اسی طرح اوسنے دیکھا کہ مین بغداد مین ہون میرا نکاح ہوا چھ سال ہوئے اور اولاد پیدا ہوئی اور جب وہ پھر باخود آیا تو اپنے آپکو پانی مین دیکھا اور غسل تمام کیا کپڑے پہنے اور روٹی لیکر اپنے گھر گیا اور اہلخانہ سے یہ واقعہ بیان کیا جب چھ ماہ گذرے وہ خاتون بغداد سے مع فرزندون کے آئی اور جوہری کا گھر تلاش کر کے پہونچی باہم ملاقات ہوئی جوہری نے اوسکو اور لڑکون کو پہچان لیا اوس عورت سے پوچھا کہ نکاح کب ہوا تھا اوسنے کہا کہ چھ سال ہوئے مدینہ منورہ مین ایک دفعہ حضرت قبلہ و کعبہ کے پاس خرچ نہ رہا تھا اور خرچ کی تکلیف تھی یہی سید ابوالحسن صاحب برادر چچازاد آپ کے ایک ترک کی صورت بنکر حضرت کے پاس گئے اور چند ریال آپکو دیے اور یہ فرمایا کہ آیندہ تمکو کبھی خرچ کی تکلیف نہوگی چنانچہ ایسا ہی ہوا پھر سید ابوالحسن صاحب نے والدہ کی خدمت مین حاضر ہو کر یہ حال بیان کیا والدہ نے فرمایا کہ تمنے اپنے آپکو ظاہر کیون کیا جواب دیا کہ عقب گذاری نہوتی جناب قبلہ و کعبہ سیدنا و مولانا و مرشدنا سید محمد غوث علیشاہ صاحب رحمت اللہ علیہ ماہ رمضان المبارک سن بارہ سو انیس ۱۲۱۹ ہجری مین بروز جمعہ تولد ہوئے تھے آپکے جد امجد نے خورشید علی اور آپکے والد نے انوار الحسن اور آپ کی بڑی والدہ صاحبہ نے غوث علی شاہ اور پنڈت رام سنہی نے گنگابشن آپ کا نام رکھا تھا

قطعہ تاریخ تولد من تصنیف پیرجی واجد علی صاحب خادم قبلہ و کعبہ ساکن تھانہ بھون

چندا فیض حضرت سرمد	مرحبا اے ظہور ذات احد
بارک اللہ اے ستودہ صفات	رشک فردوس از توشد مولد
خوش رسیدی بسیر ملک وجود	مظہر لم یلد و لم یولد
رنگ بوئے تو اے گل حسنین	از رخ پاک حضرت احمد
خلف بوتراب و جان بتول	یادگار جناب غوث صمد

مهر پیش رخ تو رنگ شکست
ذنگ در خوبی تو عقل و خرد

جامعیت نداشتے مظهر بکو
جامع الخلق تو شدی مورد

اے ظهور تو کرده در عالم
بوریاے قلندری سند

راز توحید بود سر بسته
تو کشادے چو قفلی از ابجد

فیض عامت رسیده عالم را
لطف خاص تو داده جان بجسد

تو روا داشتی در آینت
نفس مسلم رود بقتل عمد

حیف نشناختیم روے ترا
لبکه در چشم داشتیم رمد

مے نماید ولت گرفته زمن
من فدایم خدائے از تو برد

عمر نوحی نیافتی تو هنوز
هجر طوفان چرا بخلق آرد

من نگویم هزار سال بمان
ز قیامت ولی چه کم از صد

هین چه هزیان همی سرایم و بس
ذکر هجر و وصال کے زیبد

جان به تن کی قریب کی دور است
او چو جان است و خلق همچو جسد

یا که دنیا است سجن مومن را
تو نخواهے که شه ز قید رهد

واجد اس جنون ره تو زو است
قید و شه این همه از ادب باشد

کل شی یرجع الی اصله
می کشد ذات سوی ملک احد

پس چو هفتاد و هشت سال گذشت
ذات حقی است تا ابد بد اید

١٢ ١٩

قطعه تاریخ دیگر عربی

اِذا لاحَ نُورُ الهُدیٰ سَالِهاً
کَاَنوارُ شمسُ الضحیٰ قدصَعَدَ

لِتارِیخِهِ قَالَ وَاجِدُ علی
غُلامٌ حلیمٌ وَدُودٌ وَلَدَ

١٩ ھ ١٢

قطعه تاریخ دیگر فارسی

پیدا شده چوان حضر مسلکِ یقین
ان عالم الحقایق فردِ المدققین

واجد بوجد سال ولادت زخویش رفت	آمد صدائے غیب کہ فخر المحققین ۱۳۱۹

قطعہ دیگر فارسی

پیدا شدہ یگانہ درگاہ ذوالجلال	شیخ جہان فرید زمان صاحب الکمال
اللہ جمیل و یحب الجمال ہست	خود را ظہور داد درین مظہر جمال ۱۲۱۹

قطعہ تاریخ من تصنیف شوکت علی برادر پیرجی واجد علی

مولای ما کہ غوث علی ہست اسم پاکش	ہم نور چشم مصطفوی ہم شہ ولایت
نور جمال سرمدی و شمع بزم عرفان	ان شارع شریعت وان رہبر حقیقت
از ملک معنی جو بصور تگہ شہودی	ان شیخ جلوہ ساختہ شوکت نشان شوکت
باغ جہان کہ پیش ازین بود بلی سرون	گل گل شگفتہ از اثر مژدہ ولادت
خلقی ز فیض مقدم ان کامیاب گشتہ	از کشف و ز کرامت و ز بیعت و ہدایت
ذاتش شیون قدرت حق کرد اشکار	ارسے ظہور ان بود الحق ظہور قدرت
سال ظہور جستم تا کہ سروش غیبی	گفتا شدہ طلوع زہی طالع مہر وحدت ۱۲۱۹

والدہ ماجدہ حقیقی حضرت قبلہ و کعبہ کے گانا مادر زاد صاحب جذب و سکر تھین اونھون نے اپنی والد ماجد سے جو بڑے کامل اور مکمل تھے فیض فایدہ باطنی حاصل کیا تھا ایسا حال رہتا تھا کہ کھانے کے واسطہ جو کسی نے کہا تو کھالیا نکہا تو نکھایا غسل کے واسطہ کسی نے کہا تو غسل فرمالیا ورنہ خیر بباعث جذب کے پرورش اور دودھ پلانے کی طرف چندان توجہ اور التفات نہ تھی حضرت کے جد امجد کو بسبب اونکے بعد جذب کی تھی اندیشہ اور خیال حضرت کی طرف کا تھا کہ اگر ہر وقت ان کے پاس رہے تو حالت جذب ابھی سے ان کی وجود مین سرایت کر جائیگی اور مجذوب صفت ہو جاوینگے اسلیئے ایک برہمنی کے آپ کو سپرد کیا تھا اوس بخت بلند مائی نے بخوشی تمام آپکو دودھ پلایا دارین کی دولت کا حصول سمجھا آپ کی پرورش مین بجان و دل مصروف ہوئی چونکہ اولاد دختری برہمنی کی پہلی سی ہوتی تھی اور فرزند نرینہ نہ تھا آپ کی

برکت نے وہ اثر کیا کہ فرزند نرینہ سے مائی شادکام ہوئی اور اون کی شوہر پنڈت رام سنہی رطب اللسان شکر گذار اور خورسند ہوئے پنڈت جی آسودہ اور خوشحال تہی بعد زمانہ شیر نوشی ہمیشہ آپ کے واسطہ کہانا بہیجتے رہے جب حضرت نے وطن چھوڑکر سیاحت اختیار کی تب کہانا موقوف ہوا جب حضور کی عمر چار برس چار مہینے کی ہوئی آپ کی بڑی والدہ نے قرآن پڑہانا شروع کیا اور پنڈت رام سنہی جی نے شاشتر شروع کرا دی دس برس کی عمر تک نصف قرآن حفظ ہوا اور نصف ناظرہ پڑہا پہر فارسی کا شوق دامنگیر ہوا سکندر نامہ تک والد سے اور سارت سدہ چندر کا تک شاشتر کی نوبت رام سہنی جی سے پہونچی اور صرف نحو عربی بہی کسیقدر اپنے نانا محمد حیات سے پڑہی تہی کہ سید احمد علی صاحب حضور کے والد بزرگوار نے اپنے پاس دہلی مین بولالیا دہلی مین مولوی شاہ عبد العزیز صاحب اور مولوی شاہ اسحاق صاحب سے بخوبی تحصیل علم حدیث وغیرہ فرمائی اور کتابین منطق و دینیات کی مولوی فضل امام صاحب خیرآبادی سے پڑہین جب مولوی فضل امام صاحب کا انتقال ہوگیا آپ نے ترک تحصیل کیا ؎

جبہی جاکے مکتب عشق مین سبق مقام فنا لیا	وہ جو کچھ پڑہا تہا نیاز نے تیری غم مین سب وہ بہلا دیا

خط عربی فارسی نستعلیق شکستہ بہت عمدہ میر پنجہ کش خوش نویس سے اصلاح لی تہی مولوی قلندر علی جلال آبادی سے ایک دفتر مثنوی مولانائے روم کا پڑہا تھا جب دفتر ثانی مین یہہ شعر آیا ؎

قال را بگذار مرد حال شو	پیش مرد کاملے پامال شو

اسکے معنی ظاہری سنکر فرمایا کہ قال تو سمجہہ مین آگیا کچہہ حال فرمائیے وہ کیا ہے مولوی قلندر علی صاحب اسبات پر آبدیدہ ہوئے اور فرمایا کہ یہہ تو ہمکو بہی نہین نصیب ہوا اوسیدن سے آپ نے مثنوی پڑہنی چھوڑ دی تھوڑی سی عمر مین ذات خدا کا شوق پیدا ہوگیا تہا بچپن ہی سے آثار کمالات اور ولی ہونے کے عیان تہی مگر جب تک نوبت حاجی لال صاحب کی توجہ دینے کی نہین آئی تہی جسکا ذکر آگے لکہا جائیگا تب تک اظہار اور اعلان اسبات کا نہین ہوا تہا کہ آپ ولی ہین جب حاجی لال صاحب نے نظر باطن سے آپکی طرف توجہ فرمائی اوس وقت سب کو معلوم ہوگیا کہ یہہ ولی مادرزاد ہین جب

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کی خدمت مین تحصیل علم کے واسطے حاضر ہوئے تھے طبیعت اقدس ہمہ تن تحصیل علوم باطنی کی طرف زیادہ متوجہ تھے بلکہ ہر طرح اسی کے جویان اور خواہان تھے مولوی صاحب نے بارہا فرمایا کہ ابھی تمھاری عمر بہت تھوڑی ہے اور راہ خدا بسیار دشوار گذار اور پیچدار ہے عرض کیا کہ اب تو قدم راہ خدا مین رکھدیا ہے جو ہو سو ہو ؎

عشق مین تیری کوہ غم سر پہ لیا جو ہو سو ہو	عیش و نشاط زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو
عقل کے مدرسے سے اوٹھ عشق کے میکدہ مین آ	جام فنا و بیخودی اب تو پیا جو ہو سو ہو

چارون اوستاد جنسے مین تحصیل کیا علم اور فضل مین شہرہ آفاق تھے مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب جامع علم ظاہری اور باطنی تھے ان کی آپ بہت تعریف اور توصیف فرمایا کرتے تھے۔ حال مولوی عبدالعزیز صاحب۔ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی قدس سرہ امام المحدثین مقتدائے مفسرین جامع علوم ظاہری اور باطنی تھے علم اور حلم اور زہد اور ورع و تقوی و تدریس و تلقین مین رتبہ بلند اور مقام ارجمند رکھتے تھے نہایت درجہ کے ذہین فہیم فصیح بلیغ تھے صدہا آدمی امصار اور بلاد نزدیک و دور سے آپکے زمرہ شاگردان مین داخل ہو کر مرتبہ تکمیل کو پہونچے صدہا انس اور بعض جن آپکی خدمت مین دور دور سے واسطے دریافت مسایل آدق کے حاضر ہوئے اگر آپ کو خاتم العلما اور ختم الفضلا کہا جائے تو صحیح اور درست ہے بہت کتابین عقاید الیقین و حدیث و تفسیر وغیرہ مین لکھی ہین سر الشہادتین اور بستان المحدثین تفسیر عزیزی تفسیر سورہ بقر آپ سی یادگار ہین کتاب تحفہ اثنا عشریہ دربارہ رد روافض ایسے تحفہ اور عمدہ اور لاجواب لکھے کہ جہان جانتا ہے صاحب کمال تھے سوائے علم ظاہری کے علم باطنی مین دسترس بدرجہ اتم رکھتے تھے کشف و کرامت وخوارق آپ سے بہت ہوئی ہین **نقل** ایک مرتبہ مولوی صاحب نے مولوی خدا بخش ساکن میرٹھ سے فرمایا کہ ایک بار آیت الکرسی اور ایک بار امن الرسول پڑھ کر سو رہنا مولوی صاحب پڑھکر جو سوئی تو تمام آسمانون کی سیر عالم خواب مین ہو گئے صبح کو آکر چاہا کہ بیان کرین ارشاد ہوا خاموش رہو اور سمجھ لو ؎ شنیدہ کی بود مانند دیدہ **نقل** دو شخص نوجوان بعد نماز جمعہ

مولوی صاحب کے پاس تشریف لائے اور ایک مسئلہ مشکل اون دونون نے مولانا صاحب سے
دریافت کیا آپنے عمدہ طور سے تسکین کردی وہ کھکر اوٹھے کہ یہی جواب درست ہے آپنے فرمایا کیا
پہلے بھی کسی سے تمنے دریافت کیا ہے اون دونون نے کہا کہ یہہ مسئلہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
ہمنے دریافت کیا تھا مولانا صاحب نے فرمایا تمہاری عمر اوسوقت کیا تھی دونون نے کہا
قریب پانسو برس کی ہوگی پھر وہ چلدیئے حاضرین خدمت نے دریافت کیا حضرت یہہ کون تھے
آپنے ارشاد کیا یہہ جن تھے **نقل** مرزا بخش اللہ بیگ متوطن سنبل ضلع مراد آباد میرٹھ مین
ابتدائے عمر سے ڈاکخانہ مین نوکر تھے اونھون نے مفتی محمد قلی صدر امین میرٹھ سے جو شیعہ مذہب
تھے عربی پڑہنی شروع کی مگر مفتی صاحب اور مرزا صاحب کی ہمیشہ مذہب کی بابت بحث رہتی
تھی کیونکہ مرزا صاحب کا مذہب سنت و جماعت تھا ایک بار مفتی صاحب نے مرزا صاحب سے
کہا تمھارے طریقہ مین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب بڑے کامل مشہور ہین اونکو لکھو کوئی ایسی ترکیب
بتاوین کہ عالم خواب مین تصدیق و تکذیب دونون فرقون کی معلوم ہوجاوے مرزا صاحب نے
مولانا صاحب کی خدمت مین عریضہ لکھا مولانا صاحب نے دو تین آیت قرآن مجید کی لکھ
بھیجین کہ انکو پڑہ کر سو رہنا جیسا کچھ منظور الہی ہوگا ظاہر ہوگا مرزا صاحب نے حسب اجازت اون
ایات کو پڑہا اور سو رہے دیکھا کہ ایک میدان ہے اور اوسمین بے تعداد مقتولون کی نعشین پڑی
ہین اتنے مین ایک بزرگ معہ چند ہمراہیون کے وہان آئے اور اون نعشون مین سے ایک نعش تلاش
کرکے نکالی اور اوسکی نماز جنازہ پڑہی اور مرزا صاحب بھی نماز مین شامل رہے بعد نماز مرزا صاحب
نے ایک شخص سے پوچھا یہہ کون بزرگ ہین جنکی صورت بابرکت اور شان عالی ہے خود بخود
میرے دل مین ایک اُنس اور رعب پیدا ہوگیا اوس شخص نے کہا یہہ حضرت امام زین العابدین رض
ہین مرزا صاحب نے سنا اور سنتے ہی آگے بڑہے اور قدم بوس ہوئے اور عرض کرنے لگے یا حضرت
مجھکو دین حق بتائیے حضرت بزرگوار رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر تمہارا طریقہ حق نہوتا تو ہم تمکو اپنے
ساتھ نماز مین کیون شریک کرتے اور ہم تمہارے طور کی نماز کیون ادا کرتے اوسوقت مرزا صاحب

بیدار ہوئے اور مفتی صاحب نے اوسی رات کو یہہ خواب دیکھا کہ میرٹھ کی جامع مسجد مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ رونق افروز ہین تمام جہان زیارت کو جاتا ہے اور مشرف ہوتا ہے مفتی صاحب نے بہی ارادہ کیا مگر کسی نے جانے نہ دیا جب مرزا صاحب نے اپنا خواب سنایا اور مفتی صاحب نے اپنا خواب بیان کیا تو تمام آدمی سمجھ گئے مگر مفتی صاحب نے کہا خواب وخیال کا کیا اعتبار ہے * **مصرع** کہ نتوان شستن از زنگی سیاہی * **نقل** میانجی احسان علی ساکن کانڈھلہ نے ایکدن مولوی شاہ عبد العزیز صاحب کی خدمت مین عرض کیا کہ کشف قبور کی آپ کوئی ترکیب تبلائی فرمایا

سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح کسی قبر پر جاکر پڑہو اونھون نے شاہ ولی اللہ صاحب کے مزار پر جاکر اسکو پڑھا اول روز قبر مین ایک زلزلہ سا نظر آیا دوسرے دن اوس سے زیادہ ایک حرکت اور زلزلہ سا معلوم ہوا تیسرے دن یہہ دیکھا کہ قبر شق ہوگئی اور قبر کے شق ہوتے ہی شاہ ولی اللہ صاحب نے ایک نظر تیز سے اسکی طرف دیکھا دیکھتے ہی میانجی بیہوش ہوگئے اور اوس نظر کی تاب نلاسکے مولویصاحب کو خبر ہوئی اپنی طالب علم کو بھیجکر وہان سے اوٹھا منگوایا بیہوشی طاری تہی سال بھر تک اوسکا اثر رہا یہہ طریقہ کشف القبور سلسلہ قلندریہ مین جاری ہے عام لوگ اسکے تاب نہین لاسکتے **رباعی**

نہ ہر صدف کہ فرو خورد قطرۂ باران	درون سینہ او گشت جائے دُر دانہ
صدف بباید و باران و بحر چندین سال	ہنوز نیست محقق کہ مے شود یا نہ

نقل مولانا صاحب کو ایک عارضہ تہا جسکے باعث سے بعد تناول طعام روز چہل قدمی فرمایا کرتے تہے ایکدن چہل قدمی کی جگہہ بارش ہونے لگی مولوی صاحب نے ایک ٹہکری پر نقش بصورت ہمزہ لکھکر سقف چھپر پر رکھوادیا بارش بند ہوگئی جب مولویصاحب ٹہل چکے حضرت قبلہ وکعبہ نے اوس ٹھکری کو اوٹھا کر اپنی کتاب مین رکھ لیا اور کئی دفعہ اوسکو وقت بارش چھپر سقف پر رکھا جب اوسکو رکھتے بارش بند ہوجاتی کئی دن کے بعد مولویصاحب کو وہ ٹھکری یاد آئی اور اوس کو حضرت سے لیکر توڑ کر چوراچورا کردیا اور یہہ نقل فرمائی کہ ایک میانجی کے گھر ایک بزرگ کامل آئے

کپڑہ وغیرہ کی ضرورت تھی دفعتًا ایک بگولا نمایان ہوا اوس بزرگ نے ایک ٹھکری لکھکر بگولے مین ڈالدی اوسوقت کچھ میوہ اور پارچات بگولہ مین ہی موجود ہو گئے وہ ٹھکری میانجی نے اوٹھا کر رکھ لی بعد چلے جانے اوس بزرگ کے ایک دن بگولہ کو دیکھکر ٹھکری اوسمین ڈالدی معًا چند سر بلا دھڑ موجود ہو گئی اِس نقل کو فرماکر مولویصاحب نے فرمایا کہ میانجی صاحب نے ٹھکری تو بگولہ مین ڈالدی مگر اونکو اسبات کی تمیز نہ تھی کہ یہہ وقت اور موقع ٹھکری ڈالنے کا ہے یا نہین جسدن اوس بزرگ نے ٹھکری بگولے مین ڈالی تھی وہ دن شادی کا تھا اور جسدن میانجی نے ڈالی تھی وہ دن لڑائی کا تھا اِسی واسطہ سر بریدہ موجود کر دیئے تھے ایسے ہی بارش کا حال ہے کہ بعض وقت باران رحمت الٰہی کا بند کرنا اچھا نہین ہوتا ہے **نقل** ایک فقیر رند شرب ڈاڑی منڈا جناب مولویصاحب کی خدمت مین آیا اور یہہ بات کھی کہ مولویصاحب ہمکو شراب پلواؤ آپنے ایکرو دیکر فرمایا ہم تو شراب نہین پلوا سکتے شراب کا پینا حرام ہے آپ حجامت بنوا رہے تھے اوسنے ریش مبارک کیطرف اشارہ کرکے کہا کہ یہہ کیا مولویصاحب آپنے جھاڑ جھنکار رکھا ہے تم تو بڑی قید مین پھنسے ہوے ہو شاہ صاحب نے فرمایا کہ تم بھی مقید ہو تم ڈاڑھی مونڈانے کی ہم رکھنے کی قید مین تم بھنگ بوزہ کے ہم نماز روزہ کی قید مین ہین قید سے خالی نہ ہم نہ تم قید سے کوئی بشر خالی نہین ہے کھانا پینا سونا جاگنا یہہ بھی تو ایک قید ہے **رباعی**

تا دام کہ ہر دپاے بند دنیاست	اظہار غناش دعوی بے معنی است
تن نان خواہد اگرچہ جانش پاک است	خرزی کہ وجو بمیرد اگر از عیسی است
کہ کرد قطع تعلق کدام شد آزاد	بریدۂ زہمہ باخدا گرفتار است

نقل ایک شخص فریدآبادی نے اپنے فرزند کی کسی شریف کے ہان دہلی مین شادی کی جب نکاح سے فارغ ہوئے اور رخصت ہو کر معہ سامان و جہیز وطن کو چلے کسی مقام پر بغرض ناشتا راستہ مین قیام کیا براتی مرد رفع حاجات کے لیے جلدی مستورات کے لیئے ایک قنات استادہ کی تاکہ پس پردہ ضرورت انسانی سے فارغ ہو جائین عورات نے اسمین صلاح کی کہ پہلے دولہن کو قنات

کے پیچھے رفع ضرورت کے لیئے بھیجدو کہ بسبب شرم و لحاظ کے شاید کچھ تکلیف اوٹھائے یہہ صلاح
کر کے دو چار ہمعمر ہمراہ ہوئین اور اوسکو لے گئین اور سب علیحدہ اپنے اپنے خیال مین مصروف تھین
دفعتاً ایک عورت نے شور مچایا کہ خدایا یہہ کیا ہوا دولھن کہان گیئی ہر طرف مرد عورت متلاشی ہوئے
کہین نشان نملا خوشی مین رنج کا سامان دم کے دم مین ظہور پزیر ہوا ناچار ہر طرف سوار دوڑائے
چار شبانہ روز اسی دوا دوش مین تمام ہو گئے کہین کچھ پتا نہ لگا کوئی سراغ نملا ایک شخص نے
براتیون کو رائے دی کہ اس درد لا دوا کی دوا اور اس مرض لا علاج کا علاج سوائی مولانا شاہ عبد العزیز
صاحب کے اور سے ہونا محال ہے چند آدمی بزرگ حضرت کی خدمت مین حاضر ہوئے سب نے
بلجاجت تمام اس درد کو سنایا ارشاد کیا کہ تم دو روٹیان اڑد ماش کی روغن تلخ سے چرب
کر کے چاندنی چوک مین لیجاؤ وہان ایک خارشی کتا تمکو ملیگا اوسکے سامنے ڈالدینا ہر چند کہ وہ روٹیون
کو دیکھتے ہی نہایت خشمناک ہو کر حملہ کرنا چاہیگا خوف نکرنا اور جسطرح ممکن ہو یہہ ہمارا رقعہ اوسکے
گلے مین باندھ دینا اور جب وہ کسیطرف کو چلے سوار ہو کر اوسکے ساتھ چلے جانا ہرگز اوس سے علیحدہ
نھونا حسب ارشاد روٹیان اوسکے سامنے ڈالین اور رقعہ گلے مین باندھا وہ چلا جب قریب بیس
کوس کے دہلی سے نکل گئے کتا ٹھہرا اور اوسنے پنجون سے زمین کھودی تھوڑی دیر کے بعد اوس
زمین مین ایک دروازہ نکلا وہ کتا اوسکے اندر چلا گیا یہہ سب باہر کھڑے رہے تہوڑے عرصہ کے بعد
چند شخص باشان معہ دولھن کے اوس دروازہ پر آئے اور کھنے لگے کہ مولانا صاحب سے ہمارا اسلام کھنا
اور عرض کرنا کہ ہماری قوم مین سے ایک پاجی نے یہہ حرکت کی تھی اوسکو پاداش اسکا دیا گیا **بیت**

الٰہی زنہار از قرین بدزنہار	وقنا ربنا عذاب النار

اور اس دولھن کو ہمنے اول ہی روز سے نہایت عصمت و عفت کے ساتھ رکھا ہے کسی طرح
کی بے اعتدالی نہین ہوئی یہہ کہکر وہ رخصت ہوئے اور کتے نے دروازہ سے نکلکر پھر پنجون سے وہ
جگہہ بند کی اور جانب دہلی چلدیا یہہ لوگ بھی معہ دولھن اوسکے ساتھ واپس آئے اور سب مولانا
صاحب کی بیعت سے مشرف ہوئے **بیت**

گر تو سنگ خارہ و مرمر شوے
چون بصاحب دل رسی گوہر شوی

نقل ایک شخص دہلی مین مسافرانہ لب دریائے جمن ٹھہرے کسی سے بولتے نہ تھے تمام شہر کو عالم تماشا ٹھہرا جناب مولانا صاحب بھی یہہ خبر سنکر تشریف لیگئے اونسے حضرت کی تعظیم کی اور آپسے گفتگو کی آپنے عالم خاموشی کا سبب اوس سے پوچھا عرض کیا ہم دو شخص سیر و سیاحت کرتے تھے اتفاقاً میرا ہمراہی رفیق بیمار ہوا ہر چند تدبیر کی مرض الموت سے شفا نہوئی اور اوسنے قضا کی ؏

چون قضا آید طبیب ابلہ شود
وان دوا در نفع ہم گمرہ شود

جب اوسکو دفن کیا تو وقت دفن ایک کٹار پانسو روپیہ کی قیمت کا میری کمر سے لگا ہوا تھا جنازہ اوتارنے کیوقت وہ مینے کمر سے کھول کر قبر مین کھدیا اور نعش کو اوتارا بعد دفن کے یاد آیا کہ کٹار قبر مین رہ گیا دل ہی دلمین سوچکر چپ ہو رہا رات کو تنہا جاکر قبر کو کھولا دیکھا کہ مردہ ندارد ہے بکمال حیرت ہوئی ادہر ادہر دیکھنے لگا کٹار تو ملگیا مگر مردہ کے غایب ہونسے دہشت پڑہی ناگاہ قبر کے گوشہ مین ایک کہڑکی نظر آئی اوسمین جہانکا تو باغ سرسبز و شاداب نظر آیا طبیعت نرہ سکی بے سوچے سمجھے کہڑکی کی راہ سے باغ مین پہونچا نہایت سیراب تھا کیفیت سبزہ نوخیز و گلہائے تازہ کی کچھ بیان نہین کرسکتا اپنے رفیق یعنی صاحب قبر کو دیکھا کہ کلام مجید کی ایک طرف تلاوت کر رہا ہے مجھے دیکھتے ہی ہنس پڑا اور خوش ہوکر بولا آؤ دوست باغ کی سیر کرو مینے ہر طرف سیر کی ایک جانب باغ کے کیا دیکھتا ہون کہ چند کڑاہ آگ پر رکھے ہین اور بعض بعض آدمی پکڑ پکڑ کر اون کڑاہون مین ڈالے جاتے ہین ایک شخص نے آکر میرا زور سے ہاتھ پکڑا اور کہا کہ تونے مجھسے فلان وقت فلان شئے مول لی تہی اوسکے چار پیسے تیرے ذمہ باقی ہین لا مینے سوچا تو واقع مین اوسکا قرض یاد آیا ناچار مینے اوسکو وہ کٹار پیش کیا پیسے تو اسوقت نہین ہین اوسکی عیوض مین یہہ کٹار لیلو انکار کیا قرض لینا اور ادا نکرنا کیسا ہے ہنوز مرکر مردون مین شامل بھی نہین ہوا تھا جو مطالبہ اوسکا ہونے لگا ایسا ہی اور اعمال اور افعال کا بھی حال ہے سچ ہے نیکی کا بدلہ نیک اور بدی کا بد بیت

از مکافات عمل غافل مشو
گندم از گندم بروید جو ز جو

فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ غرض وہ رفیق صاحب قبر وہان آگئے اونھون نے اوسکو سمجھایا کہ یہ ابھی اس عالم مین نہین آئے ہین ابھی زندہ ہین سخت مشکل کے بعد میرے وہان سے نجات ہوئی اور مین اوسی کھڑکی کے رستہ سے واپس آیا اوس شخص نے جو زور سے میرا ہاتھ پکڑا تھا اوسکی نشان میرے ہاتھ پر موجود ہین اوس روز سے ایسی وحشت ہوگئی ہے کہ خاموش رہتا ہون مولانا صاحب نے پانی دم کرکے ایک دو وقت اوس کو پلایا اور اپنے پاس مدت عمر تک اوسکو رکھا وحشت سب جاتے رہے اور صاحب علم ہوگیا باقوال صحیح ایک ہزار دو سو اونتالیس ہجری مین مولوی صاحب کا انتقال ہوگیا **تاریخ وفات قطعہ**

چو عبد العزیز آن ولی خدا	کہ دنیا بچشمش نبود ہیچ چیز
برفت از جہان سال وصلش بجو	امین والی فیض عبد العزیز

مولوی محمد اسحاق صاحب دہلوی جامع فضل وکمال تھے اور علوم فقہ اور حدیث اور تفسیر مین درجہ بلند رکھتے تھے اور مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کے نواسے تھے چہل حدیث کتاب اونکی تصنیف سے ہے اور دہلی سے عالم ضعیفی مین آپ بیت اللہ شریف کو ہجرت کرگئے تھے اور تا زیست وہین رہے اور مکہ معظمہ مین ایکہزار دو سو باسٹھ ہجری مین اس جہان فانی سے رحلت فرما عالم جاودانی ہوئے

قطعہ تاریخ وفات

شاہ اسحاق رہبر آفاق	آنکہ ذاتش بدو جہان طاق است
دل بسال وصال او از سر	گفت اسحاق شیخ آفاق است

مولوی فضل امام صاحب ساکن قصبہ خیرآباد ضلع سیتاپور متعلقہ ملک اودھ بڑے عالم نامی اور گرامی تھے جنکے فرزند ارجمند مولوی فضل حق علم منطق مین یکتائے روزگار ہوئے ہین ہندوستان مین بڑے بڑے عالم جلیل القدر اونکے شاگرد ہوئے اور ہنوز موجود ہین

ذکر بیعت

جیسا کہ بغیر نبی اور رسل کی امت کو ہدایت نہین ہوتی ویسی ہی راہ طریقت حقیقت اور معرفت کا

بغیر پیر و بیعت کے طے ہونا محال ہے خدا تعالی فرماتا ہے اِنَّ الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ ومن اوفی بما عاہد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجراً عظیماً ؛ اول قبلہ وکعبہ نے بیعت رسم خاندانی کے موافق اپنے والد بزرگوار سے کی اونھون نے وہ ورد و اشغال و ذکر و فکر کے طریقے جو سینہ بسینہ طریقہ عالیہ قادریہ مین یکے بعد دیگرے نسلاً بعد نسلاً چلے آتے تھے تعلیم فرمائی تعلیم کا حال مفصل طریقہ تعلیم کے ضمن مین لکھا جائیگا جب حضرت کی والد کو حضرت کی طلب اور استعداد کا حال معلوم ہوا اور بزرگون سے ملانا شروع کیا اول ایک بار جناب والد اور حضرت جد امجد آپ کو بمقام دہلی حاجی لعل صاحب کی خدمت مین لیگئے فرماتے تھے کہ اوسوقت مین ہماری دس گیارہ برس کی عمر تھی یہہ بزرگ مولانا فخر الدین صاحب فخر عالم چشتی نظامی کے خلیفہ تھے جب اون کی خدمت مین پھونچے تو سروقد تعظیم کے لیئے کھڑے ہوگئے اور نہایت تپاک سے فرمانے لگے بھائی لڑکی مین مدت سے تمہارا منتظر تھا جو امانت تمہارے ہمارے پاس ہے اسکو لیجاؤ محفل خاص تھی قوالی ہورہی تھی یکایک شاہ صاحب از راہ باطن ایسے مہربان ہوئے کہ ہمکو اپنے تن بدن کی کچھہ خبر نہ رہی اور محویت کا عالم رنگ لایا بیت

ہوشم بنگاہی بر د جانانہ چنین باید	یک جرعہ خرابم کرد پیمانہ چنین باید

جب خداوند کریم کو کسی پر فضل فرمانا اور اپنی طرف اوسکو لگانا ہوتا ہے تو خود بخود اوسکے ظہور کا ساز اور سامان غیب سے پیدا کر دیتے ہین بیت

خود بخود آن بت عیار ببر می آید	نہ بزر و نہ بزاری نہ بزر می آید

دادا صاحب قبلہ کو بسبب شفقت پدری یہہ بات ناگوار ہوئی کہ شاہ صاحب نے ایسے کم عمر پر ایسی عنایت کیون کی والد صاحب نے فرمایا جائے شکایت نہین ہی جائے شکر ہے۔ آٹھ روز تک اوس عنایت کا اثر ظاہر رہا نوین روز ضبط ہو گیا فرمایا اوسکے بعد کچھ یہہ حال ہو گیا کہ جو کچھ کسی بزرگ نے از راہ توجہ بالقافیض فایدہ پہونچایا سب ہضم ہوتا چلا گیا ایسی بیخودی اور بیہوشی جو حاجی لعل صاحب کی نظر اندازی سے ہوئی تھی ہوئی اور اگر لمحہ دو لمحہ کو بیخودی ہوئی تو علم قایم رہا یہانتک

بلند بجز باشد وحدت نوش سلسلہ رباعی

تو چون ساقی شوی در ہیکلی نی بلند — در حضرت معشوق بجز رہ نبود وہ
از بادہ عشق ہر کہ بے خود نبود وہ — کاید خود او دلبر او خود نبود
در مسکری عشق جز این محوی نیست

ہزاروں لاکھوں طالبان خدا مین سے کوئی طالب عالی ظرف دریا نوش بلند ہمت شاہ باز
بلند پرواز ہوتا ہے جیسے حضرت شیخ کہ سمندر کی طرح سیکڑوں دریا فیضان باطنی کے وجود مین
سمانے چلے گئے اور آپ سب کو ہضم کر گئے اور سیر نہین ہوتے تھے اور اپنے آپکو خشک لب در

طالب قصور فرماتے تھے فرد

من فدائے آنکہ او در ہر رباط — خویش را واصل نماند بر بساط

ایک روز حضور کے والد ماجد آپکو میان غلام علیشاہ صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت
مین لیگئے تھے شاہ صاحب نے دیکھکر فرمایا ہمارے پاس چند سے انکو چھوڑ دو ہم تعلیم اور تربیت
اپنی راہ کی کرینگے حضور کے والد نے منظور فرمایا پھر سید محمد حسین شاہ صاحب سول شاہی کی
خدمت مین لیگئے اور ایک روپیہ پیش کیا میان صاحب نے اپنا ہاتھ آپکے ہاتھ پر رکھکر فرمایا۔
یداللہ فوق ایدیہم فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ ومن اوفی بما عاہد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجرا عظیما +
اور روپیہ اوٹھا لیا حضور کے قبلہ گاہ صاحب نے آپکی طرف متوجہ ہوکر فرمایا مبارک ہو پھر شاہ صاحب
نے ایک چہرا اور کنٹھہ کہربائی اور رومال سبز عطا فرمایا رومال تو اپنے دست پاک سے آپکے سر پر
باندھا اور چہرا و کنٹھہ میان توکل حسین شاہ صاحب اپنے مرید سے منگوا کر دیا میان محمد حسین شاہ صاحب کے
پاس حضرت اکثر جاتے رہے اونکا طریقہ ظاہر مین خلاف شریعت تھا چار ابرو کا صفایا رکھتے تھے شراب
نوش تھے نماز نہ روزہ ہر دم بھنگ و ربوزہ بدن پر بھبوت رمائی نشہ جمائے بیٹھے رہتے تھے عصر کے
وقت ہر روز دور شراب چلتا تھا اوس کیفیت کے وقت خادم و طالب سب حاضر خدمت ہوتے
تھے اونپر نظر توجہ بھی اوسیوقت فرمائی جاتی تھی ایکروز اتفاقا خاص دور شراب کیوقت آپ بھی پہنچے
خادم نے آپکی طرف اشارہ کیا کہ آج سید بادشاہ ایک جام آپ بھی اوڑائے جاوے یا کہ اگر ایسی پلاؤ

جسکا تمام عمر نشہ باقی ہے تو کیا مضایقہ ہے لاؤ ورنہ ایسی شراب ہم نہیں پیتے کہ ابھی پل بھر میں اتر جاوے اور ابھی کچھ
نہیں میاں فدا حسین صاحب نے اپنے خادم سے کہا ہوگی کہ نادان تو انکو نہیں جانتا وہ مرد کامل ہیں
پہچانتا ۔

فرد

ہمکو ملی ہے راہ محمد رسول سے ۔		ہم خاکساروں میں نہیں قدموں کی دھول سے

اگر انکو یہہ شراب پانی کے قابل ہوتی تو ہم خود نصیحت دیتے ایسی بات پھر کبھی نہ کہنا میان غلام شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ میان فدا حسین شاہ صاحب کی نسبت ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ رسول شاہی جادوگر ہے ایک روز فدا حسین شاہ صاحب نے پیغام بھیجا کہ آپ مجھکو جادوگر بتاتے ہیں اور انکو شیخ مانتے ہیں جو مرید زیادہ فیض یافتہ صحبت اور پختہ کار انکا ہو اوسکو میرے پاس بھیجئے اور ایک اپنا آزاد رند مشرب خادم میں آپکی خدمت میں بھیجتا ہوں پھر دیکھنا چاہئے کہ یہہ جام شراب کے کیفیت سے آپکا خادم مسرور ہوتا ہے یا آپکے فیض باطن سے میرا رند مشرب تو نصیب بنتا ہے شاہ صاحب نے یہہ بات قبول فرمائی اور ایک شخص کو اپنے خدام سے جو نہایت فہیم و متقی و پابند صوم و صلوۃ تھا بھیجدیا اور ہر طرح اوسکو سمجھا دیا وہ میاں فدا حسین شاہ صاحب کے فیض نظر سے دو چار دن میں داڑھی مونچھ منڈا کر شراب و کباب اڑانے لگا ۔

اشعار

اختلاط دین عینک را حروف اموز کرد		صحبت روشن ضمیران کور را بینا کند
به از هم صحبت شایسته اکسیری نمی باشد		ز قرب لاله از یاقوت رنگین تر شود شبنم
نیست اکسیری به از هم صحبت کامل عیار		گفته ام حرفی که می باید بآب زر نوشت

اور فدا حسین شاہ صاحب کے خادم کو ایک عرصہ دراز تک شاہ صاحب نے فیض صحبت سے مشرف کیا مگر جیسا تھا ویسا ہی رہا ۔ جس وقت یہہ نقل قبلہ و کعبہ نے فرمائی منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ سیدنا و ہادینا فدا حسین شاہ صاحب کا طریقہ شیطانیہ اور فیض صحبت میں یہہ اثر کیا بھید کی بات ہے ارشاد ہوا

اشعار

میان عاشق و معشوق رمزیست		کراما کاتبین را هم خبر نیست ۔

می سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو	اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے

ایضاً ایک عالم فدا حسین شاہ صاحب کو اکثر سمجھایا کرتے تھے کہ خلاف شرع ہونا شراب پینا بہت برا ہے اور کبھی کبھی شاہ صاحب کو کلمات ناگفتنی بھی کھاو ٹہتے تھے ایک روز میاں صاحب بنظر التفات بطوئی خادموں کی طرف متوجہ تھے دور شراب چل رہا تھا سرور آرہا تھا سماں بندھ رہا تھا کہ مولوی صاحب آپہونچے اور وہی خشک باتیں کرنے لگے شاہ صاحب نے یہ شعر پڑہا **اشعار**

بیا ساقی کہ من مردم کفن از برگ تاکم کن	بآب می بدہ غسلم درین میخانہ خاکم کن
بہل فاتحہ بدہ روحم دگر گورم ازین ترکن	کہ روزی عاقبت مارا بیک جرعہ بجامم کن

اور مولوی صاحب کی طرف نظر خاص سے دیکھا معاً مولوی صاحب کے وجود میں ایک حال پیدا ہوا **اشعار**

آہن کہ بپارس اشنا شد	فی الحال بصورت طلا شد
صحبت اہل نظر دل را مصفا میکند	نور گردد توتیا در دیدہ چون جا میکند

شاہ صاحب نے جام دیا مولوی صاحب نے پیا اور دل و جان سے اوسکی کیفیت سے مسرور ہوئے اور حالت بیخودی میں میاں صاحب کو برا بھلا جو زبان پر آیا کہنا شروع کیا اور پتھر مارے خادموں نے چاہا کہ اونکو روکیں یا نکال دیں آپنے منع فرمایا آسن مارے بیٹھے رہے اور سنتے رہے جب نشہ کم ہوا تو مولوی صاحب نے عذر معذرت شروع کی مجھے خطا ہوئی قصور ہوا کم نظری کا قصور ہے کم فہمی کی خطا ہے شاہ صاحب نے توحید شروع کی کس سے خطا ہوئی خطا کرنے والا کون کس نے پتھر مارا اور پتھر کہانے والا کون **اشعار**

ہمسایہ و ہمنشین و ہمرہ ہمہ اوست	در دلق گدا و اطلس شہ ہمہ اوست
در انجمن خلق و نہان خانہ جمع	باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست
تا چند حدیث جسم ابعاد و جہات	تا کی سخن معدن و حیوان و نبات
یک ذات بود فقط محقق نہ ذوات	این کثرت وہمی ز شیونست و صفات
گر طالب شہر بود دگر کاسب خیر	گر صاحب خانقہ دگر راہب دیر

از روے تیقن ہمہ غیر اند نہ عین	ور روے حقیقت ہمہ عین اند نہ غیر
در کون مکان نیست عیان جز یک نور	ظاہر شدہ ان نور بانواع ظہور
حق نور تنوع ظہورش عالم	توحید ہمین است دگر وہم غرور

سنتے ہی مولوی صاحب کا پھر حال متغیر ہوا آخر مولوی صاحب نے چار ابرو کی صفائی کرائی اور مرید ہو گئے ایضاً ایک دفعہ ایک طالب علم حضرت کے ساتھ میان فدا حسین صاحب کی خدمت مین گیا ہر چند اپنے اوسکو منع کیا لیکن اوسنے نمانا اونکی خدمت مین پہونچکر دور سے ہی کہنے لگا کہ یہ تو شیطان ہے فدا حسین صاحب نے فرمایا کہ شیطان کا کام اغوا کرنیکا ہے مینے آپ کو کب اغوا کیا جو شیطان کہتے ہو رات کو میانصاحب کے تصرف کا اوسپر ایسا اثر ہوا کہ صبح ہوتے ہی کہنے لگا کہ مین تو ڈاڑہی مونڈاؤنگا ہر چند اوسکو منع کیا اوسنے نمانا آخر کار اوسکو مولوی شاہ عبد العزیز صاحب کی خدمت مین لیگئے مولوی صاحب نے حضرت کو بلا کر پوچھا کہ کیا آپ اسکو فدا حسین صاحب کے پاس لیگئے تھے حضرت نے فرمایا کہ یہ زبردستی ہمارے ساتھ گیا تہا تب مولویصاحب نے فرمایا کہ یہ ضرور ڈاڑہی منڈاویگا چنانچہ ڈاڑہی منڈا کر داخل طریقہ ہو گیا اور مولویصاحب نے اور طالب علمون کو منع فرما دیا فدا حسین شاہ صاحب شاعر بھی تھے یہ چند اشعار اون کے واردات طبع مناسب مقام لکھے جاتی ہین

اشعار

دوار کا مکہ عبادت گاہ ہین	آپ کے ملنے کے لاکھون راہ ہین
راہ اوس کو چاہیے جو دور ہو	آپ سر سے پاؤن تک بھرپور ہو
آپ کا پہچاننا دشوار ہے	آپ کی ہر شان اپرم پار ہے
دل بے خطرہ مظہر ذات است	بحر بے موج عین مرآت ست

قطعہ

کانین پھونکا ہے سب کے اسم اعظم ہے تو ہی	تو کسی سے کم نہین ہے سب سے اعظم ہے تو ہی
سب کے دل مین ہے یہی تجھسے سوا کوئی نہین	سب عوام الناس ہین اور خاص آدم ہی تو ہی

ہین پرستش گاہ ذاتِ بے نشان کے سب نشان
عرب مین مکہ مدینہ ہند مین ہر ہر مکان

عارف چو بحق رسید گمراہ گویند
گمراہ از آنم کہ مرا راہ نماند ؞

یہہ جہان سارا مفصل آیت قرآن ہے
مدرک ہر جز و کل یہہ حضرت انسان ہے

ہے یہی قرآن مین اور سر بسر عرفان ہے
غور کر دیکھو اسی یہہ جسم ہے یا جان ہے

پاس کھو تو پاس ہے دور کھو تو دور
جان اجان جہان مین ہر ہر مین بھرپور

ہر ایک اپنے ذات مین واحد ہے بے مثال
اور لاشریک سب مین سمایا ہی ذوالجلال

راہین خدا کی بہت ہین ان گنت بے شمار
بہتر وہی ہے راہ کہ جس مین ملا وہ یار

سب زمین مسجد ہی سب ساجد ہے سب مسجود ہے
سب طرف ہی سجدہ جب سب طرف معبود ہے

عشقبازی و سیاہی عاقلون کا ننگ ہے
روسیاہی دو جہان کی عاشقون کا رنگ ہے

گو فکر ساتھ دل کے تیری سو لگی رہے
شرط طلب یہی ہی کہ وہ لو لگی رہے

ملنے نہ ملنے کے تو وہ مختار آپ ہین
پر تجھکو چاہیے کہ تک و دو لگی رہے

از عدم صورتے ہویدا شد
ہرچہ معدوم بود پیدا شد

ہرچہ موجود شد شود معدوم
ہست قایم بذات خود قیوم

ہست زندہ بذات خود بندہ
ہست بندہ بذات خود زندہ

ہر کہ داند جدا جدا باشد
ور نداند جدا خدا باشد

جملہ کائینات قایم از دست
این جہان و جہانیان ہمہ اوست

جلوہ گاہ است جملہ خلق اللہ
جلوہ گر در جہان لطیف اللہ

حضرتِ انسان صورتِ اللہ
در ہمہ صورت است بسم اللہ

چون وجود موج از دریا بود
از وجود حق ہمہ اشیا بود

نفخت فیہ من الروحی بفرمودند در قرآن
جمالِ حسن روی خویش ہمنودند در انسان

ہر کہ قدر جمال میداند
نفس را ہم کمال میداند

اوست بے صورت و ہر صورت از وست
خود عبارت خود کتابت خود معانی خود توئی
ہست بے چون و چگون و بے نمون
حضرت انسان قرآن المبین
خالق جملہ خلایق قل ہو اللہ احد
لم یلد بی حکم لم یولد کہے ❊
صورت رحمان ہمین انسان بود
عشق و علم و عقل ہم عرفان بود
کھہ پردہ پندار اگر دور ہو دلسے
کعبۂ دل مین جو داخل ہو کری جان کا طواف
جو سوا او لوجہ فی الدارین کا یکا رنگ ہے
وجہ کی آنکھو نمین تیلی ہے سوادِ نور ذات
چو وجہ اللہ را معدوم داند
چو دیدار خدا در دل نشیند
دیدار خدا ہست جملہ اسما و صفات
خود را طلبی غیر خدا ہیچ نیابی
جو کہ دیکھا اوس سے بہتر جو سنا اوس سے سوا
بے فکر با فراغت خوش باش اے فقیر
تو آن سلطان اقلیم وجودی
جو نھو تا تیری زبان پے حق ہو
جو نھو تا زبان مین من ہو

خود مشبہ خود منزہ جملہ اوست
در حریم حرف و حارث در نگے گنجد دوئی
بے مشبہ ذات بیرون اندرون
قاری آیات رب العالمین
رازق اسلام و کفرستان اللہ الصمد
لم یکن لہ ہم کفواً احد
در حق او علم القران بخوان
خلق الانسان علمہ البیان
دیدار خدا ساری ہی بھرپور ہو دلسے
ہوی ب البتہ اوسدل مین عیان بے پردہ صاف
نور اسود سے نظر آتا ہے جو جو رنگ ہے
روسیاہی دو جہان کی عاشقو نکا رنگ ہے
ز دیدار خدا محروم ماند
بھر سو ثم وجہ اللہ بہ بیند
اسما صفات کی بود غیر از ذات
حق را طلبی از تو جدا ہیچ نیابی
ما عرفنا اسلیئے بولے محمد مصطفیٰ
فعال لما یرید علی کل شئی قدیر
کہ خود را با ہمہ صورت نمودی
کون کہتا وجود ہے مطلق ❊
کون کہتا کہ مین ہین اور تو تو

جو نہ ہوتا البشر سین حق موجود
کیسی ہوتا ابوالبشر مسجود وہا

جو نہ ہوتا وجود بیت اللہ
کون کہتا زبان سے الا اللہ

عشق کی صورت یہی انسان ہے
عشق ساری معرفت کی جان ہے

ذات باری کی صفت ہر شان ہے
ذات باری ہر صفت کی جان ہے

ذات واجب کی تجلی صورت انسان ہے
صورت انسان ساری ہستی سبحان ہے

سب طرف سے دل اوٹھانا ہی بڑا آرام ہے
راس کُل عبادت جز دلیل عام ہے

جسکو حسن لم یزل کا دید ہے
اوس کو ہر دم شادیان ہے عید ہے

جو سبکو نیست جانے وہ ہر دم آنند ہے
حق کی پسند ہے سو ہماری پسند ہے

قایم اوسیکی ذات سے ہے ساری کائینات
وہ صرف ایک ذات ہی خلق اوسکی ہے صفات

اوس ذات کا ظہور وجود صفات ہے
نزدیک عارفون کے سبھی ایک ذات ہے

کعبہ کے درمیان ہے روا ہر طرف سجود
جس رخ کو دل جھکا وہین ہی واجب الوجود

اپنی طرف جھکانا دل کا نماز ہے
اور شش طرف بھٹکنا راہ دراز ہے

جو راہ کی قبول کسی نے وہ مل گیا
اوسکی طرف جو آیا اوسی سے وہ مل گیا

شجرہ خاندان سہروردیہ رسول شاہی

محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بعدہ حضرت امام حسن بعدہ حضرت امام حسین بعدہ حضرت زین العابدین بعدہ حضرت امام محمد باقر بعدہ امام جعفر صادق بعدہ امام موسی کاظم بعدہ امام علی موسی رضا بعدہ خواجہ معروف کرخی بعدہ خواجہ سری سقطی بعدہ حضرت شیخ جنید بغدادی بعدہ خواجہ ممشاد دینوری بعدہ خواجہ احمد بعدہ خواجہ عبداللہ دینوری بعدہ شیخ وجیہ الدین سہروردی بعدہ شیخ ضیاء الدین ابوالنجیب سہروردی بعدہ شیخ شہاب الدین سہروردی بعدہ خواجہ بہاؤالدین ذکریا ملتانی بعدہ خواجہ رکن الدین ابوالفتح ملتانی بعدہ شیخ جلال الدین بخاری بعدہ شاہ احمد کبیر الحسن جلال بخاری بعدہ شاہ راجو بعدہ شاہ داؤد قریشی بعدہ خواجہ اسحاق مغربی

بعدہ[26] شاہ محمد گوشہ نشین بعدہ[27] شاہ منجھن گوشہ نشین بعدہ[28] شاہ پیرن بندگی بعدہ[29] شاہ اللہ داد عرف
عارف بعدہ[30] شاہ رزاق بعدہ[31] سید شاہ مرتضی بعدہ[32] شاہ اسمعیل بعدہ[33] شاہ سخی حبیب اللہ بعدہ[34] شاہ
داؤد مصری بعد[35] سید رسولشاہ بعدہ[36] شاہ نعمت اللہ بعدہ[37] شاہ محمد حنیف بعدہ[38] شاہ فدا حسین بعدہ
سید[39] غوث علیشاہ رحمت اللہ علیہم اجمعین۔ جب حضرت سیاحی کرتے ہوئے میرٹھ تشریف لائے
سرائے پختہ مین جو میرٹھ مین نامی اور عمدہ ہے قیام کیا جس مکان مین آپ رونق افروز تھے ایک مسافر
اور بھی اوسی مکان مین مقیم تھا بعد چندے وہ چلدیا اور جس دکاندار سے جنس خوردنی وغیرہ خریدتا
تھا اوسکی قیمت اوسکے ذمہ باقی رہ گئی دکاندار نے آپسے روپیہ طلب کیا اگرچہ آپکو کوئی وجہ ادا
کی لازم نہ تھی مگر بہ ہمت کامل اوسکے ذمہ کا روپیہ ادا کرنا منظور فرمایا اور تین روز تک سورہ یس
کا ورد کیا بالعنایت سرمدی جسقدر روپیہ دکاندار کا دینا تھا ادا ہوگیا پھر لالہ گلاب سنگھ رئیس میرٹھ
سے ملاقات ہوئی وہ آپ کو سرائے سے اوٹھا لائے اور اپنے محلہ کی مسجد مین آپکو ٹھہرایا پھر لالہ گلاب سنگھ
کی لڑکی کو آپنے تعلیم فرمانا شروع کیا تین برس سلسلہ فیضیابی آپسے بذریعہ تعلیم فارسی جاری رہا
اسی عرصہ مین ایک شخص ہریرام نامی سے آپ کی ملاقات ہوئی اوسکی معرفت ایک شخص کو آپنے
گوٹالے دیا بتیس روپیہ اوسکے ذمہ باقی رہگئے اور وہ بلا ادائے زر قیمت چلدیا آپنے اپنی زر اجرت
تعلیم سے وہ روپیہ ادا کیا پھر لالہ بانکے رائے وکیل سے آپکو میر اعظم علیشاہ صاحب کا حال معلوم ہوا
میر صاحب لالہ مذکور کے مکان پر فروکش ہوا کرتے تھے اونکے مکان پر ایک روز میر صاحب رحمۃ اللہ
علیہ سے ملاقات ہوئی میرٹھ سے میر صاحب کے ساتھ بابری کو تشریف لیگئے وہان جاکر میر صاحب
سے بیعت کی چھ ماہ تک بابری مین قیام فرمایا اوسوقت مین اکیس برس کی عمر تھی پھر سونی پت میر
صاحب کے ساتھ تشریف لیگئے اور ایک سال وہان ہی پھر پیران کلیر کیطرف تشریف فرما ہوئے قبلہ اعظم
وکعبہ معظم جناب میر اعظم علیشاہ صاحب حضرت عبدالرزاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلف رشید حضرت
غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین تھے میر صاحب نہایت باکمال صاحب ذوق وشوق و
حال عابد کامل عارف واصل تھے دل وجان سے حضور پر عنایت فرماتے تھے اور ہر وقت دلدہی

ودلداری مین مصروف رہتے تھے اگر دو چار روز کے لیے حضور کہین جاتے تو بار بار اقرار کرا لیتے کہ زیادہ نہ ٹھہرنا جلد چلے آنا اور اگر اتفاقاً حسب وعدہ حاضری مین دیر ہوتی تو خود مضطربانہ تشریف لیجاتے اور اپنے ہمراہ گھر لاتے یا اپنے فرزند کلان میان علی حسن کو بولانے کیواسطے بھیجدیتے اونکی مرضی یہہ بھی تھی کہ اپنی دختر عالی اختر سے قبلۂ قلندر مشرب کا نکاح کردیا جائیگا مگر چونکہ روز ازل کاتب تقدیر نے آپکے لوح پیشانی پر خط تجرید وتفرید کھینچدیا تھا ہرگز منظور نکیا بلکہ جب ایک روز حضرت شاہ صاحب نے زبان فیض ترجمان سے ارشاد فرمایا آپ نے توبہ لطائف الحیل جواب دیا اور کوشش وسعی کرکے قصبہ جھنجانہ مین اوسکی شادی کرادی اور ایک دفعہ میر صاحب نے میان علی حسن اپنی فرزند کے پاس آپ کو دہلی مین بھیجا کہ وہ وہان پہڑتے تھے اور اونکا خط حضرت کے بولانے کو بحیلہ بیماری کے آیا تھا جب آپ وہان گئے تو مولوی اسحاق صاحب نے آپکی دعوت کی اور میان علی حسن صاحب کو شادی سے اوٹھادیا اور پہر مولوی اسحاق صاحب اور مولوی یعقوب صاحب نے آپکو احکام شرعی اور فوائد نکاح سناکر شادی کرنیکی رغبت دلائی اور یہہ کہا کہ نکاح کرنے سے جو اولاد ہوتی ہے گے کو نام چلتا ہے فرمایا کہ یہہ تو مین سب جانتا ہون مگر مجھکو خدا نے اس کام کے واسطہ پیدا نہین کیا ہے جس کام کے لیئے پیدا کیا ہے اوسمین لگا رکھا ہے **فرد**

ہر کسی را بہر کارے ساختند		میل او اندر دلش انداختند	

ابتدا سے ذات ایزدی نے اپنا عشق اور محبت ایسا عطا فرمایا تھا کہ رات دن ذکر شغل مین مشغول اور مستغرق رہتے تھے اور ہزارون کوس اہل باطن کی تلاش مین تن تنہا پیادہ پہرتے رہے کبھی خیال نکاح کرنیکا نہین آیا اور سوائے طلب ذات کسی چیز کا شوق آپکو پیدا نہوا **اشعار**

مردی کہ براہ عشق جان فرساید		باید کہ بدون یار خود نگراید
عاشق برہ عشق چنان مے باید		کز دوزخ واز بہشت یادش ناید
اندر رہ عاشقی چنان باید مرد		کز دریا خشک آید واز دوزخ سرد
طالبان را ز دو عالم کار نیست		در دل طالب بغیر از یار نیست

ہر کہ را این عشق بازی در ازل موختند — تا ابد در جان او شمعی ز عشق افروختند
آن دلی را کز براے وصل او پرداختند — ہمچو بارش از دو عالم دیدگان بردوختند

ایک روز میر صاحب نے فرمایا کہ ہمارے پاس جو زمین اور باغ ہین اوس مین سی تم بہی کچھ لیلیو جواب دیا کہ ہم تن تنہا توکل بخدا بادیہ گرد جہان نورد مین کیا کرینگے اپنے فرزندون کو آپ دیدیجیٔ

من نخواہم مال وجاہ وطمطراق — سوز خواہم درد خواہم اشتیاق
قناعت بہتر است از ہر دو عالم — قناعت کردہ توبہ یافت آدم
قناعت انبیا کردند پیشہ — ازان در وصل بودندی ہمیشہ
قناعت کردہ اند این جای مردان — تو از عین قناعت رخ مگردان
قناعت جوہریست از عالم عشق — کہ می خوانند اورا آدم عشق
زفقر است اے برادر این قناعت — قناعت کن کہ تا یابی سعادت

بعد چندے خلعت خلافت سے مشرف فرمایا اور اپنی اولاد کو تبرکاً آپکے ہاتھ پر بعیت شرعی کرایا دن رات جب تک عالم حیات ظاہری مین رہی ہمیشہ خوش وخرم شاد رہے مولوی نیاز علی صاحب رئیس میرٹھ خادم میان حبیب اللہ شاہ صاحب نقشبندی حضرت کی نسبت یہہ ارشاد فرماتے تھے اور میان علی حسن صاحب فرزند بزرگ میر صاحب سے بہی سنا گیا کہ قبلہ وکعبہ جناب میر اعظم علیشاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تہے کہ ہمنے ایک جال چڑیونکے پکڑنے کا پہلا رکھا تہا اوسمین شاہ باز پہس گیا ہے اگر ہمکو انکی طلب اور استعداد کا حال معلوم ہوتا تو ہم انکو بعیت نکرتے بلکہ ہم ان سے بعیت کرتے فرد

ہر کہ صاحب ہمت آمد مرد شد — ہمچو خورشید از بلندی فرد شد

ابتدائے بعیت سے تا تشریف آوری وقیام مقام پانی پت جو وقتاً فوقتاً سیاحی سے پہر کر بابری مین قیام فرماتے رہے وہ قریب تیرہ سال متفرق طور پر موضع بابری مین گذرے میر اعظم علیشاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عمر جب اٹہتر سال کی ہوئی تب آپ رحلت فرمائے عالم جاودانی ہوگئے

مزار پرانوار میر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا قصبہ سونی پت مین ہے کرامت ایک دفعہ میر صا
بابری سے سونی پت کو جاتے تھے اثناء راہ مین جب دریائے جمن پر پہونچے ملاحون نے
لگانے سے انکار کیا آپ وسیوقت بلا کشتی معہ ہمراہیان اوتر گئے تا عبور دونو طرف پانی
اور بعد عبور کے بھی پہٹا رہا جب اپنے کنکر ٹہ کر ماری تب پانی دریا کا باہم ملگیا شجرہ
کا یہ ہے اول جناب سرور کائنات مفخر موجودات محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ حضرت
علی کرم اللہ وجہہ بعدہ حضرت خواجہ حسن بصری بعدہ خواجہ حبیب عجمی بعدہ حضرت داؤد
حضرت معروف کرخی بعدہ حضرت خواجہ سری سقطی بعدہ حضرت شیخ جنید بعدہ حضرت ابوبکر شبلی
حضرت عبد الواحد بعدہ حضرت ابوالفرح طرطوسی بعدہ حضرت ابوالحسن علی قرشی ہنکاری
خواجہ ابوسعید مبارک مخرمی بعدہ قطب الافاق شیخ الشیوخ خلیفۃ اللہ غوث صمدانی محبوب
حضرت شیخ عبد القادر جیلانی بعدہ حضرت عبد الرزاق بعدہ حضرت ابوصالح بعدہ حضرت شا
بعدہ حضرت شہاب الدین بعدہ حضرت شمس الدین بعدہ حضرت علاء الدین بعدہ حضرت نو
بعدہ حضرت محمود بعدہ حضرت عبد الجلال بعدہ حضرت بہادل شیر قلندر بعدہ حضرت شاہ
عرف ابوالمعالی بعدہ حضرت سید مقیم محکم الدین بعدہ سید امیر بالا پیر بعدہ سید عبد اللطیف
بعدہ درویش محمد بعدہ حضرت احمد شاہ بعدہ حضرت عبد اللطیف دوم بعدہ حضرت مدح شاہ بعدہ
اعظم علی شاہ بعدہ حضرت سید مولوی محمد غوث علیشاہ رحمت اللہ علیہم اجمعین۔ جب سید اعظم علی
صاحب رحمۃ اللہ کے طریقہ کے موافق قبلہ و کعبہ سیر سلوک و کیفیات سے بخوبی محظوظ ہوچکے ایک
نے میر صاحب سے کہا کہ سیدنا ہادینا اب فرمائے کیا کرین کہ جوش شوق سے نعرہ ہل من
ہے اور درد طلب سے جگر پاش پاش ہے

من قاش فروش دل صد پارہ خویشم	لختی بردار از دل گذرد ہر کہ بہ پیش

جناب میر صاحب قبلہ نے بکمال الطاف ارشاد فرمایا کہ اب تم میرٹھ جاؤ وہان میان جیس
شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کشمیری نقشبندی رونق افروز ہین اونسے ملو اور استفادہ کرو

میرٹھ تشریف لائے اور مولوی نیاز علی صاحب سے جو شاہ صاحب کے خلیفہ اول تھے ملے مولویصاحب نے حضرت کا سب ذکر بعیت کا سید حبیب اللہ شاہ صاحب رح سے کیا میانصاحب نے فرمایا کہ جسدن ہم کہین اوسدن اونکو تم ملاقات کے واسطے لانا کئی بار مولویصاحب نے حضرت کا ذکر سید حبیب اللہ شاہ صاحب رح سے کیا آپ نے یہی فرمایا کہ جب ہم کہین تب اونکو لانا اخرکار بروز جمعہ مولویصاحب نے میان حبیب اللہ شاہ صاحب رح کی دعوت کی میانصاحب نے فرمایا کہ آج مولوی سید غوث علیشاہ کو بہی بولاؤ اور اِس دعوت مین اونکو بہی شریک کرو چنانچہ مولوی نیاز علیصاحب نے حضرت قبلہ کو شریک دعوت کیا کہانا تہوڑا تہا اور آدمی کہانیوالے زیادہ تہے مولویصاحب کو فکر اضطراب تہا میان حبیب اللہ شاہ صاحب رح نے انکے اضطراب کو دیکہکر فرمایا کہ کچھ مت گہبراؤ خدا اسی مین برکت دیگا یہہ کہکر میانصاحب نے اپنے ہاتھ سے کہانا اوتار کر کھلانا شروع کیا باواز بلند یہہ فرماتے تہے کہ یہہ دعوت خداہی خوب شکم سیر ہوکر کہاؤ غرض کہ سب نے خوب کہالیا اور کہانا بچ رہا اسی موقعہ پر سید حبیب اللہ شاہ صاحب رح نے حضرت قبلہ کو بعیت کیا اور توجہ کامل دی مولوی نیاز علیصاحب مرحوم فرماتے تہے اوسوقت چند مرید حضرت شاہ صاحب قبلہ کی خدمت مین حاضر تہے سب سے فرمایا کہ ہرگز کوئی تم سے انکے جسم کو ہاتھ نہ لگانا یہی عالی ظرف دریانوش ہین کہ اِس توجہ کا تحمل کر گئے ورنہ اور دوسرے طالب کا اس وقت جگر شق ہوجاتا

اشعار

نوش آن جام وخاموشی گزین تو — چو مردان عین بیہوشی گزین تو
چو مردان نوش کن این جام وحدت — کہ تا یابی یقین تو عین قربت
چو مردان نوش کن چندی تو مخروش — زدست شاہ جام دوست می نوش
اگر طاقت بود دان را کند نوش — بجز نشہ حملہ ات گردد فراموش

مولوی نیاز علیصاحب کا قول ہے کہ میان حبیب اللہ شاہ صاحب رح حضرت قبلہ کی نسبت بارہا فرماتے تہے جیسی طالب کی ہمکو تلاش تہی ویسے ہی سید غوث علیشاہ ملے سچ ہے جیسی طالب کامل شیخ کے جویان ہوتے ہین ایسی ہی شیخ کامل بہی طالب کامل کے خواہان رہتے ہین ٥

عاشقان ہرچند مشتاق جمال دلبرند
دلبران بر عاشقان از عاشقان عاشق‌تر[illegible]

حسن می‌نازد بعشق و عشق می‌نازد بحسن
آری آری این دو معنی حسن یکدیگر[illegible]

مولانا روم

میل عاشق با دو صد طبل و نفیر
میل معشوقان بود دستر و ستیر

بارہا شاہ صاحب یہہ بھی فرماتے تھے کہ مولوی صاحب کے لطیون کو جہان تک ہمنے دیکھا او[illegible] دریاے بے پایان پایا انتہا کا پتہ ہرگز نہ لگا ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء ایک سال حضرت اونکی خدمت مین رہے رات کو ہمیشہ شاہ صاحب انکو اپنے پاس ہی رکھتے تھے جب سلوک نقشبندی طے ہو گیا تب اجازت خلافت دی بعد خلافت لیکر آپ نے بکمال ادب و تعظیم جناب ممدوح کی خدمت مین عرض کیا کہ آپکی توجہ اور عنایات باطنی سے جو کچھ میسر گذرا اور مکشوف ہوا اوسکا شکر ادا نہین ہو سکتا مگر ذات بار[illegible] جو بیچون اور بیچگون اور بیرنگ ہے اور جسکی طلب ہے اوسکا پتہ کچھ نہین لگا اشعار

بس بے رنگ است یار دلخواہ ایدل
قانع نشوی برنگ ناگاہ ایدل

اصل ہمہ رنگہا ازین بیرنگ است
من احسن صبغۃ اللہ ایدل

جان محو شد و ہیچ رویش نشناخت
دل در خون گشت و خاک کویش نشناخت

اے از سر ہر بود و جہان کردہ پدید
کس در دو جہان یک سر مویت نشناخت

چہ نسبت خاک را با عالم پاک
کہ ادراک است عجز از درک ادراک

شاہ صاحب بہت خوش ہوئے اور فرمایا آفرین صد آفرین ہمارے پاس صدہا طالب آئے مگر اس سمجھ بوجھ اور فہم و ادراک کا کوئی نہ آیا یہہ جو کچھ تم کہتے ہو سب درست اور درست ہے ع

نے عقل بدان حضرت جاوید رسد
نے روح بقدر وسع امید رسد

گرمی جنبد سایہ دگر استادہ است
ہرگونہ کہ ہست کی بخورشید رسد

بر وصف تو دست عقل دانا نرسد
و ادراک ضمیر جان بینا نرسد

عرشی کہ دو کون پرتو عظمت اوست
موری چہ عجب اگر بر آنجا نرسد

بعد اسکے جناب شاہ صاحب نے حضرت قبلہ کو شاہ ابو سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ دہلوی کی خدمت مین لیگئے جناب ممدوح نے توجہ سے مشرف فرمایا اور ارشاد کیا مصرعہ رہ بے انجام سالک بے خبر ہے آپ راہ مین کبھی سیر نہوا ہے اور نہ ہو جو کچھ ہمکو بزرگون سے پہونچا تہا ہمنے تمکو پہونچا دیا تمکو اگر طلب زیادہ ہے تو اور تلاش کرو مصرعہ متاع نیک ہر دکان کہ باشد ❊ باقتضائے مقام مختصراً حضرت حبیب شاہ صاحب رحمۃ اللہ کا کچھ حال بہی لکہا جاتا ہے حضرت سید حبیب اللہ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ابن سید عطاء اللہ ابن سید عبد الوہاب سید حسینی باشندہ پرگنہ شاہ آباد علاقہ کشمیر جنت نظیر تہے شادی آپکی لاہور مین ہوئی تہی ایک پسر بسم اللہ شاہ اور ایک دختر آپکی تہی بعد پیدا ہونے پسر اور دختر کے جب غلبہ خدا جوئی زیادہ ہوا آپنے بیوی کو چہوڑ دیا اور لاہور سے بارادہ طلب حق شاہجہان آباد مین تشریف لائے اور حضرت ابو سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے مشرف بیعت ہوئے اور بعد تکمیل کلی مراتب نقشبندیہ و حصول اجازت تعلیم و تلقین طالبان حق میرٹھ مین تشریف لائے اور برہانی منڈی مین قیام کیا سب سے اول شہر میرٹھ مین مولوی نیاز علی صاحب ولد شیخ محمد روشن صاحب رئیس میرٹھ کو بیعت فرمایا اور چہ مہینے تک مولوی نیاز علی صاحب کے مکان کے پاس جو مسجد واقع ہے بعد عصر وہان تشریف لیجاتے رہے اور مولوی صاحب کو توجہ و ارشاد سے مستفید فرماتے رہے توجہ آپ کی ایسی قوی الاثر تہی کہ جسوقت مولوی صاحب کو توجہ دیتے تہے فرش مسجد پر غلطان اور بیہوش ہو جاتے تہے

قطعہ ہو فنا ذات مین کہ تو نہ رہے | تیری ہستی کی رنگ و بو نہ رہے
استقدر ڈوب اوس مین اے صابر | کہ بجز ہو کے غیر ہو نہ رہے

بعد چندے فرمایا کہ پہلی حکم ایزدی ہمکو تمہارے مکان پر جانے کے لیے تہا اب یون حکم ہوا ہے کہ تم ہمارے پاس آیا کرو دوسرے روز سے ہمیشہ مولوی صاحب حاضر خدمت بابرکت ہوتے رہے چند روز مین سرور و ذوق و شوق کثیر پیدا ہوا اور انوار و جذبات و واردات و عروج و نزول و ظل و عکوس و مواد و مقامات و قبض و بسط کہ اس طریقہ کی لوازمات مین بخوبی مشاہدہ ہونے لگے اور کیفیات و مقامات و لطائف خمسہ عالم امر کو جو فوق العرش اور لامکانی موصوف مین مولوی صاحب نے بخوبی اپنی ذات

مین مشاہدہ فرمائے اور ظہور تاثیر ہر ایک مقام کا عمدہ حالت سے ہوا آخر یہان تک بیخودی کا غلبہ ہوا کہ جب مولویصاحب نماز جمعہ کو مسجد مین جاتے تو امام نماز سے فارغ ہوتا اور مولویصاحب سجدہ یا رکوع یا قیومہ مین رہ جاتے کئی مہینے تک جذبہ اور بیخودی کی شدت رہی شاہ صاحب کی خدمت مین بھی آنا جانا چھوٹ گیا

غزل

نیستی ہستی ہے یارو اور ہستی کچھ نہین	بیخودی مستی ہے یارو اور مستی کچھ نہین
لامکان کی منزلت پاتا ہی کب کون و مکان	ہو کے ویرانے کے آگے ہے کی بستی کچھ نہین
کچھ نہین سب کچھ ہے یارو اور سب کچھ کچھ نہین	غیر اسکی معنی رمز الستی کچھ نہین

اسی عرصہ مین بغل مین ناسور پیدا ہوا اور وہ تکلیف ہوئی کہ مولویصاحب دن بھر مین دو تین بار تلوار ہاتھ مین لیکر اپنا گلہ تراشنا چاہتے تھے اوسیوقت صورت شاہ صاحب رح کی سامنے ہوتی تھی متنبہ فرماتے تھے کرامت حق داد خان نامی ایک شخص باشندہ فرخ اباد بتلاش معاش میرٹھ کی سرائے مین فروکش ہوا اور شاہ صاحب کی خدمت مین حاضر ہو کر مشرف بہ بیعت ہوا فیضان صحبت نے اوس پر ایسا غلبہ کیا کہ سب مال و اسباب اپنا فروخت کر کے تلاش معاش کا خیال مٹا کر خدمت مین ہی دوام کا رہنا قبول کیا

شعر آنانکہ شراب عاشقی نوش کنند	از ہر چہ بجز اوست فراموش کنند

کرامت شاہ صاحب رح نے بمقام سنبھل ایک مسجد بنا کر جب غسل خانہ کی بنیاد رکھی تو ایک پٹھان مانع ہوا کہ یہان غسل خانہ مت بناؤ حضرت نے اوسکو ہر چند سمجھایا کہ تیرا کچھ حرج نہین ہے اور یہہ غسل خانہ واسطے راحت و آرام عوام کے بنتا ہے لیکن اوسنے نمانا آخر کار آپنے ناچار ہو کر فرمایا کہ لو اپنے ہاتھ سے اسکی اینٹین اوکھاڑ کر دوسری جگھ رکھدے جسوقت کہ اوسنے اینٹ اوکھاڑی آپ کو غصہ آیا اور فرمایا کہ خدا نے چاہا تو ہاتھ ندارد ہوجائے گا اوسی عرصہ مین نامردہ سنبھل سے مراد آباد کو روانہ ہوا راہ مین چورون نے بضرب شمشیر اوسکا ہاتھ کاٹ ڈالا ایسا کاٹا کہ بالکل بدن سے علیحدہ ہوگیا اور غسل خانہ بدستور وہین بنا جہان آپ بنانا چاہتے تھے کرامت اچپل نامی ایک طوائف خوش الحان حسین پری پیکر میرٹھ کی منڈی مین رہتی تھی جہان شاہ صاحب رح کا قیام تھا رات کو ہمیشہ

اوسکے یہان گانا ہوتا تہا ہرچند کہ شاہ صاحبؒ سماع سے محترز تہے مگر بعض وقت اوسکی خوش آوازی اور خوش الحانی آپکو پسند آتی تہی کیسیدن توجہ دلی سے اوسپر ایسے مہربان ہوئے کہ اوسنے گانا بجانا سب ترک کیا اور اپنا پیشہ و شیوہ سب چھوڑا اور آپسے بیعت کرلی اور فیض صحبت سے اوسپر ایسا جذب غالب ہوا کہ سراپا برہنہ ہوکر پہرنے لگی پہر قصبہ کہاتولی مین جذب کی حالت مین اوس نے تادمِ زیست بسر کی اور وہین اوسنے انتقال کیا ٥

بے عنایاتِ حق و خاصانِ حق	گر ملک باشد سیاہستش ورق
فضلِ ساعت کار صد سالہ کند	نار ابراہیم را لالہ کند

اور مسماۃ راجن اوسکی نائکہ بہی اپنا پیشہ چھوڑکر نماز گذار و تہجد و اشراق خوان ہوئی اور تادم عمر سوت کات کر اوسنے بسر کی اشعار

ترک دنیا گیر تا سلطان شوی	ورنہ ہمچون چرخ سرگردان شوی
زہر دارد در درون دنیا چو مار	گرچہ بینی ظاہرش نقش و نگار

جب اچپل طوائف اپنا پیشہ کرتی تہی اور فیض باطنی سے بہرہ یاب نہین ہوئی تہی جب کبہی قبلہ و کعبہ مرشدنا کو اوسکے گہر کیطرف اتفاق جانے کا ہوتا تو ازراہ خوش طبعی یہہ بات کہا کرتے تہے کہ اگر آپکا ارادہ نکاح کرنے کا ہو تو مین حاضر ہون بعد ہونے جذب کے جب گہر چھوڑکر کہاتولی مین جارہی تب آپ ایکدفعہ اوسکی ملاقات کو گئے اور ایک دونا شیرینی کا اوسکے لیئے لے گئے اور ازراہ ظرافت فرمایا کہ جب تم جو نکاح کرنے کیواسطے کہا کرتی تہی اب ہم موجود ہین کرلو اسکو سنکر بولی کہ حضرت وہ باتین تو غفلت اور نابینائی کی تہین مجہے آپکے مراتب اور حالات باطنی کی تمیز نہ تہی معاف فرمائیے

اہل دل را ذوق فہم دیگر است	کان ز فہم ہر دو عالم برتر است

کرامت جب قبلہ حبیب اللہ شاہ صاحبؒ اول روز میرٹھ مین تشریف لائے تو بازار کیطرف قدم رنجہ فرمایا گوہر شاہ مجذوب جو بڑے کامل اکمل تہے یک لخت بڑ لگانے لگے کہ بڑے بہائی آئے بڑے بہائی آئے اشعار

اولیا را مے شناسد اولیا — وز دراہم دزد داند بے ریا
این وان از وہم خیزد مرد را — مرد کو تا مرد داند مرد را

حاضرین خدمت نے خیال کیا آج کون شخص تشریف لاتے ہین تھوڑی سی دیر مین گوہر شاہ کھڑے ہوگئے اتنے مین شاہ صاحب بھی آہی پھونچے گوہر شاہ بغل گیر ہوکر ملے اور تھانہ دار شہر کو حکم دیا جلدی ایک لحاف ایک توشک ایک چارپائی بھائی کیواسطے تو پھونچا تھانہ دار نے اوسیوقت سب حاضر کیا اور جب تک شاہ صاحب میرٹھہ مین رہے شام کیوقت گوہر شاہ سے ملتے رہے ایکروز جو سید حبیب اللہ شاہ صاحب رحمت اللہ علیہ بازار سے تشریف لائے حضرت قدسی مرتبت بھی اونکے ہمراہ تھے جب گوہر شاہ صاحب کے قریب پھونچے گوہر شاہ نے بڑ لگانی شروع کی کہ بڑے بھائی آتے ہین اور تلو رئے مرد اونکے ساتھ ہین سب نے حیرت سے دیکھنا شروع کیا آخر سب سمجھہ گئے کہ تلو رئے مرد مولانا صاحب سے مراد ہے کرامت ایک شخص دایم علی بن قایم علی نامی بیمار تھے اونکے بھائی الٰہی بخش جناب شاہ صاحب کو اپنے گھر لیگئے اور جناب مولوی نیاز علی صاحب بھی ہمراہ گئے مولویصاحب سے آپنے فرمایا کہ مراقب ہوکر اس بیمار کا حال دیکھو مولویصاحب نے دیکھکر کچھہ عرض کیا آپ نے فرمایا مشیت ایزدی مین کسیکو دخل نہین اوسی دن اوسکا انتقال ہوگیا **فرد**

رضا بقضا نشود اے عزیز من ہرگز — تو خواہ فال ببین خواہ استخارہ بکن

مکاشفہ عیانی حضرت شاہ صاحب کو خوب تھا اور مزاج مین خاکساری و انکساری اسقدر تھی کہ مریدون کے لئے کوے سے پانی خود کھینچتے تھے اور اکثر کام مریدون کے خود کر دیتے تھے جمعہ کے روز جب نماز جمعہ کو تشریف لیجاتے تو بعد نماز تمام نمازیون کی جفت پاپوش سیدھی کرتے رہتے **اشعار**

بوریا از خاکساری مستحق سجدہ شد — یاد می باید گرفت افتادگی از بوریا
نیست اکسیرے بعالم بہتر از افتادگی — قطرۂ ناچیز گردد گوہر از افتادگی
خاکساران را در آن درگاہ قرب دیگر است — سجدہ گاہ خلق شد سجادہ از افتادگی
ہم مٹ گئے تو صورت ہستی نظر پڑی — ویران جو آپ ہوگئے بستی نظر پڑی

دیکھا تو خاکساری ہی عالی مقام ہے	جون جون بلند ہم ہوئے پستی نظر پڑی

میرٹھ مین بہت آدمی آپسے بیعت ہوئے بعد حضور کی بیعت کے شاہ صاحب سنبھل تشریف لیگئے وہان
بہت آدمی آپسے مرید ہوئے ماہ شوال بارہ سو چھپاسٹھ ہجری مین آپکی طبیعت ناساز ہوئی اور
ایک دوست ہر روز آتے رہے ایکدن میر محمد علی نے جو آپکے مرید تھے عرض کیا کہ بارہ شوال کو میرا ارادہ
چندوسی جانے کا ہے ارشاد ہوا کہ ابھی مت جاؤ ہماری شادی قریب ہے اوسکے بعد جہان دل چاہے
جانا یہ میر محمد علی ہوائے خوش طبعی کے سمجھے آپنے ارشاد کیا کہ خوش مزاجی سے ہم نہین کہتے ہین سچ
بات ہے اور اگر جاتے ہو تو اٹھارہ تک ضرور آجانا آخرکار میر محمد علی اوسدن کو سنبھل آئے تو زیادہ طبیعت
ناساز پائی آپنے فرمایا کہ ہماری شادی قریب آگئی ہے بائیس شوال سنہ بارہ سو چھپاسٹھ روز جمعہ
جب رات تمام ہونے پر تھی آپ نے فرمایا کہ رات کسقدر ہے حاضرین خدمت نے عرض کیا کہ تھوڑی ہے
کو یہ سنتے ہی واصل بحق ہوئے **مصرعہ** دوست کا دوست سے وصال ہوا **اشعار**

اے خوش ان کو یابد از توفیق بہر	آورد رو سوے آن بے نام شہر
این وطن مصر و عراق و شام نیست	این وطن شہریست کانرا نام نیست
زانکہ از دنیا است این اوطان تمام	ہیچ دنیا کی کند خیر الانام
تو در این اوطان غریبی اے پسر	خو بغربت کردہ خاکت بسر
رو تبرا از جسم و جان ارشاد کن	موطن اصلی خود را یاد کن +
تا عزیز مصر ربانی شوے +	وا رہی از جسم روحانی شوی

مولوی نیاز علی صاحب کو بوقت عصر اوس روز میرٹھ مین یکصدا عالم غیب سے آئی کہ دریاے
رحمت جو جاری تھا اب بند ہوا بعد اوسکے میان محمد نور حضرت شاہ صاحب کے مرید سنبھل سے میرٹھ مین
آئے اونھون نے قصہ وصال بیان کیا آپکی رحلت کے بعد تھانہ دار تحصیلدار تمامی روساے
سنبھل جمع ہوئی اور عنایت اللہ خان نامی ایک شخص نواب ریاست رامپور کے خانسامان نے مبلغ پانسو روپیہ
اوس جلسہ مین رکھدیے اور باواز بلند کہا کہ شاہ صاحب کی ذمہ جس کسی کا قرض ہو وہ اسمین سے لیلے

ایک عورت نے بیان کیا کہ ایک اشرفی میری بطور امانت شاہ صاحب کے پاس تھی تلاش کے بعد وہ آپکے پٹیارہ مین سے نکلی اوسکو دی گئی اور پچیس روپیہ نقد نکلے وہ آپکی تجہیز اور تکفین مین صرف ہوئی اور اوس احاطہ مین جسکو بذات خود چند سال پہلے آپنے زمین خرید کر معہ چاہ پختہ ودالان ودروازہ کلان تیار کرایا تھا مدفون ہوئے **شجرہ خاندان نقشبندیہ** محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بعدہ حضرت سلمان فارسی بعدہ حضرت امام قاسم بعدہ حضرت امام جعفر صادق بعدہ حضرت بایزید بسطامی بعدہ حضرت ابوالحسن خرقانی بعدہ حضرت بوعلی فارمدی طوسی بعدہ خواجہ یوسف ہمدانی بعدہ عبدالخالق غجدوانی بعدہ خواجہ عارف ریوگری بعدہ خواجہ محمود فغنوی بعدہ خواجہ علی رامتنی بعدہ خواجہ بابا سماسی بعدہ خواجہ میر کلال بعدہ خواجہ بہاؤالدین نقشبند بعدہ خواجہ علاء الدین عطار بعدہ خواجہ یعقوب چرخی بعدہ خواجہ عبداللہ احرار بعدہ خواجہ محمد زاہد بعدہ خواجہ درویش محمد بعدہ حضرت خواجگی امکنگی بعدہ خواجہ باقی باللہ بعدہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی بعدہ خواجہ محمد معصوم بعدہ حضرت سیف الدین بعدہ سید نور محمد بعدہ حضرت مرزا مظہر جان جانان بعدہ حضرت شاہ غلام علی بعدہ حضرت شاہ ابوسعید بعدہ حضرت حبیب اللہ شاہ بعدہ حضرت مولوی غوث علیشاہ صاحب رحمت اللہ علیہم اجمعین ٭

ذکر فیضیابی وحصول اجازت طریقہ چشتیہ

بوڑیہ کے قریب حضرت قلندر صاحب کی چلہ کشی کا مکان ہے وہان حضرت امیر الدین شاہ صاحب چشتیہ خاندان کے ایک بزرگ رہتے تھے نہایت باکمال جہد وریاضت مین بے مثال ذوق وشوق کے دریا مین غرق سید اعظم علیشاہ صاحب رحمت اللہ علیہ سے آپنے اونکے اوصاف حمیدہ سنے اور ملاقات کی تمنا سے اونکی خدمت مین پہونچے واقعی اوس وقت مین ایکسو پچاس برس کی عمر شاہ صاحب کی تھی جیسا سنا تھا اوس سے زیادہ پایا کشف اونکا آئینہ کمال تھا کرامت اونکی شاہد حال تھی وجیہ خوش خلق خوش منظر آدمی حضرت بابا صاحب رحمت اللہ علیہ کی اولاد مین سے تھے اور اونکی ہی سلسلہ مین صاحب اجازت تھے کبھی کبھی جذب بھی ہوتا تھا ایکروز بکمال عنایت نظر باطن سے متوجہ ہوئے

اوس توجہ سے آپکا قلب آئینہ وار مجلی ہوگیا اور ہر طرف جلوہ ذات وصفات حق نظر آنے لگا خیال خودی اور ہستی دفعتًا مٹ گیا

اشعار

جو شراب وحدت یار کا مجھے اوسنے جام پلا دیا
تو میں کیا کہوں بس اک ہمیں غم دو جہان کو بھلا دیا

نہ تو ہستی اپنی نظر پڑی نہ وجود غیر کی سدہ رہی
کہا دل نے سب میں وہی وہی جو خیال غیر مٹا دیا

جسے ہستی سمجھے تھے اپنی ہم نظر آئی ہمکو وہ صرف علام
رہا تن بدن میں ہم میں دم ہمیں حق نے حق کو دکھا دیا

وہی انجمن وہی ساز ہے وہی آپ ساز نواز ہے
وہی راز دان وہی راز ہے جو دوئی کا پردا اوٹھا دیا

وہی گل ہے اور وہی گلستان وہی بلبل اور وہی باغبان
سب اوسکی رنگ کی بو عیان تجھے کہہ تو مینے سنا دیا

نہیں اوسکی بن کوئی خوب و زشت سب اوسکی ذہن ہیگی سو سوجھ
نظر آگیا وہ ہی کو بکو جو دل آئینہ سا بنا دیا

وہی مہر میں وہی ماہ میں وہی ماہ رو نکی چاہ میں
وہی نور چشم سیاہ میں ہمیں پیر نے بتا دیا

پانسو کوس تک تمام عالم بے حجاب نظر آنے لگا

شعر

صحبت روشن دلان دل را منور میکند
مغز را زانسان کہ بوی گل معطر میکند

رباعی

یکدم چو رسی بصحبتِ اہل کمال
افزون شمر از عبادت یکصد سال

صحبت چہ قدر اثر پذیر است دریاب
از شمع شود شمع منور فی الحال

بعد توجہ کے فرمانے لگے کہ اللہ اکبر ذات ذوالجلال نے سید داتا تمکو کیا عالی ظرف بنایا ہے اگر میری اِس توجہ کے مقابل ستون آہن ہوتا تو وہ بھی ہل جاتا تم دریا نوش ہو بلا نوش پھر ایسے مہربان ہوئی کہ تمامی شغل اشغال اپنے طریقہ کی تعلیم فرمائی اور سلوک چشتیہ طی کرایا پھر شاہ صاحب نے ایک کشتہ اپنے ہاتھ کا بنایا ہوا نزلہ کیواسطے کھلایا اٹھارہ برس تک اوسکا اثر حضور کے وجود میں باقی رہا ایکبار عارضہ ہیضہ میں کہ عرب میں ہوا تھا اوسکا اثر زائل ہوگیا شاہ صاحب کو ورد وظایف میں جیسا دخل تھا ایسا ہی عمل وغیرہ میں بھی معلومات تھی اور سوائے عمل کے اکثر دوائیں بھی جانتے تھے مرغ کے گوشت کا شوق تھا ہمیشہ معتقدین قرب وجوار کے دیہات سے مرغ لاتے تھے ایکبار بنظر الطاف فرمانے

لگے ایک عزلمیت ہمکو یاد ہے تم اوسکی زکوۃ دیلو نہایت عمدہ چیز ہے مگر گوشت وغیرہ ترک حیوانی
فقط دال مونگ اور نان گندم چلہ تک کہانا پڑیگا عرض کیا حضرت آپ تو ہر روز مرغ نوش جان فر
اور ہم دال مونگ پر بسر کرین یہہ دشوار ہے دوسری عزلمیت سے کوئی فایدہ راہ حق کیلئے اگر
ہو تو اِس پرہیز کا مضایقہ نہیں اور اگر فقط دنیا ہی کی کاربرآری کے واسطے ہے تو ہمارا اسلام
تب آپنے ہر روزہ ایکبار پڑہنے کی اجازت فرمائی کہ بے زکوۃ بہی اِس سے کاربرآری خلایق
رہے گی اور عزلمیت معہ ترکیب زکوۃ اور طریق فواید عطا فرمائے تین سال تک شاہ صاحب کی
مین رہے اور اِس عرصہ مین پیران کلیر اور سہارنپور وغیرہ مین شاہ صاحب کے ہمراہ جانے کا اتفاق
ہوا آخر درجہ شاہ صاحب پاک صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر جانے والے تہے آپکا بہی قصد ہوا
اونکے ہمراہ چلین مگر سید اعظم علیشاہ صاحب رحمت اللہ علیہ نے اپنے بڑے صاحبزادہ میان علی حسن
کو بہیجکر بلا لیا بوقت روانگی پاک پٹن شاہ صاحب نے طریقہ چشتیہ کی اجازت بیعت و خلافت و شجرہ
عطا فرمایا شجرہ **خاندان چشتیہ** محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بعدہ
حضرت خواجہ حسن بصری بعدہ حضرت عبد الواحد بعدہ حضرت فضیل عیاض بعدہ حضرت سلطان ابراہیم
ادہم بعدہ حدیفتہ المرعشی بعدہ ہبیرۃ البصری بعدہ ممشاد دینوری بعدہ ابو اسحاق شامی چشتی
بعدہ خواجہ احمد چشتی بعدہ حضرت محمد بزرگ چشتی بعدہ خواجہ قطب الدین ابدال بعدہ حضرت
ابی یوسف بعدہ حضرت خواجہ مودود چشتی بعدہ خواجہ حاجی شریف زندنی بعدہ حضرت خواجہ عثمان
ہارونی بعدہ خواجہ معین الدین چشتی بعدہ خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کاکی بعدہ حضرت خواجہ فرید الدین
گنج شکر بعدہ حضرت خواجہ یعقوب چشتی بعدہ حضرت جوہر چشتی بعدہ شیخ سلیم چشتی بعدہ حضرت
شاہ فیض اللہ چشتی بعدہ شاہ مصطفی چشتی بعدہ خواجہ غلام احمد چشتی بعدہ غلام اولیا چشتی بعدہ
حضرت شاہ امیر الدین چشتی بعدہ حضرت سید مولوی محمد غوث علیشاہ رحمت اللہ علیہم اجمعین ::

پھلے گلزار کا
دوسرا چمن

خصایل و شمایل و اوقات شبانہ روزی و ریاضت و مجاہدہ و سیاحت کے بیان میں

بصورتیکہ تو ئی کمتر آفرید خدا	ترا کشیدہ دوست از قلم کشید خدا
ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم	کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

حضرت قبلہ و کعبہ شیر مرد فرد موحد یکتا عارف بے باک قلندر مشرب غرق بحر بے پایان توحید و عرفا مستغرق ذات مستغنی بالصفات محو جہد و ریاضت منبع شریعت و طریقت عابد شب زندہ دار گم شدہ یار جامع کمالات صوری و معنوی مظہر اسرار خفی و جلی مصدر فیوضات نا متناہی مخزن انوار الٰہی آئینہ تقدس صفات جوہر تمیز بیہ ذات تھی فصاحت بلاغت متانت و رزانت لطافت و ظرافت خوش خوئی و خوش روئی و خوش کلامی آپکا حصہ خاص تہا ٥

روئی خوش و خوئی نکو چون دوست میدارد خدا	خرم کسے کو را بود خوئی خوش و روئے نکو

ہر کلام معجز نظام لطیفہ غیبی و عطیہ لاریبی تھا خلق و مدارات و عنایات عالم کا ایک ابر تہا کہ ہر وقت برستا تہا ٥

من ندیدم در جہان جست و جو	ہیچ اہلیت بہ از خوئے نکو
ہر کہ در و سیرت نیکو بود	آدمی از آدمیان او بود
با خلق بخلق زندگانی می کن	نیکی ہمہ وقت تا توانی می کن
کار ہمہ کس برار از دست و زبان	وانگہ بنشین و کامرانی مے کن

خیر الناس من ینفع الناس ترک اور تجرید اور تفرید میں آپکا حال مطابق قول حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ تہا العافیۃ فی ترک طلب العافیۃ و الغناء فی ترک الغناء الدواء فی ترک الدواء کل الدواء فی التسلیم الی الحق عز و جل و قطع الاسباب و قلع الارباب من حیث قلبک ٭

یہ شعر اکثر ارشاد ہوتا تہا **شعر**

گذشتم از سر مطلب تمام شد مطلب	حجاب چہرۂ مقصود بود مطلب ہا

ظاہر آپکا اعراض سے مجرد اور باطن آپکا اغراض سے معرا تہا تمام افعال ظاہری اور باطنی آپکے

خالصاً للہ تھے طاعات و عبادات ظاہری و باطنی سے کوئی غرض یا عیوض اخروی یا دنیوی کی آرزو نہ تھی **شعر**

عاشقان اول قدم بر ہر دو عالم میزنند	بعد ازان در کوی عشق از عاشقی دم میزنند

ہر وقت اثار بشاشت اور فرحت و انوار ولایت بمصداق اذا راؤ ذکر اللہ آپکے چہرہ مبارک سے عالم بہار کی مانند جلوہ افروز تھے ایک ایک موئی ریش مبارک پر نور اور شگفتہ رہتا تھا **رباعی**

ان راکہ وقوف ست بر احوال جہان	شادی و غم و رنج بروشد آسان
چون نیک و بد جہان بسر خواہد شد	خواہی ہمہ درد باش خواہی درمان

رباعی

روزی کہ زتو گذشتہ شد یاد مکن	فردا کہ نیامدست فریاد مکن
از آمدہ و بگذشتہ خود یاد مکن	حالی خوش باش و غم بر باد مکن

ایک بار منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ بعض بزرگ مغموم ہوتے ہین کیا وجہ ہے فرمایا کہ اقسام بزرگون کے بہت ہین ازان جملہ بعض مغموم اور بعض شادان رہتے ہین اور بعض شادی و غم دونون سے آزاد ہوتے ہین **شعر**

نہ شادی داد سامانی نہ غم آورد نقصانی	بہ پیش ہمت ما ہر کہ آمد بود مہمانی
غم نکیجے غم کا اور شادی نکیجے عیش کی	دونون حالت دیکھیئے موںھ سے نہ کچھہ فرمائے

جو کوئی حسرت زدہ و اندوہ اگین حاضر خدمت ہوا حجرہ مین قدم رکھتے ہی غم و اندوہ بھولا شادان و فرحان واپس گیا کبھی کسی کو کسی بات سے مایوس نفرمایا ہمیشہ رحمت حق اور فضل الٰہی کا امیدوار بنایا اگر کوئی مایوسانہ کچھہ کہہ اوٹھا تو ارشاد ہوتا **اشعار**

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو	کہ آیا ہے قران مین لا تقنطو
ہین مشو نا امید خود را شاد کن	پیش آن فریاد رس فریاد کن

کیسی ہی تکلیف جسمانی حالت حضر یا سفر مین ہوتی کبھی شاکی نہوتے جب کوئی دریافت کرتا فرماتے

بہت اچھی ہین زبان مبارک پر کبھی لفظ شکایت نہ آتا قسم کہانا شیوہ نہ تھا دروغ ہزل سے اجتناب تھا جو وعدہ کسی کے ساتھہ فرماتے اوسکو کمال خیال سے وفا کرتے **بیت**

مکن وعدہ اگر کردی وفا کن	طریق بے وفائی را رہا کن

کسی پر لعنت ملامت نہ فرماتے نکسی کو کسی طرح کی ایذا پہونچانے پر نظر رکہتے **ہ**

بزرگ اوست کہ بر خاک ہمچو سایہ ابر	چنان رود کہ دل مور را نیازارد

کسی کی حق مین کبھی بد دعا نکی کوئی کیسا ہی ہو اور کچھ کرے کسی پر الزام شرک وکفر ونفاق نہ لگایا منہیات ظاہری اور باطنی کے خواہش نہوئی کسی پر کسی طرحکا اپنا بار نہ رکھا کسی سی کسی طرحکا اپنے واسطہ سوال نکیا **شعر**

در دل بے آرزو راہ غم و تشویش نیست	در جہان بے نیازی ہیچکس درویش نیست

حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا قول ہے طامع مثل حروف طمع کی خالی ہے طمع راسہ حرف است ہر سہ تہی نہ کسی امیر کے پاس جانے کی خواہش تہی نہ اونکے بلانے کی تمنا بہ نسبت امیرون کے غربا اور مساکین کے حال پر زیادہ توجہ اور التفات فرماتے تہے کیونکہ حدیث فَضْلُ الْفُقَرَاءِ عَلَى الْاَغْنِيَاءِ كَفَضْلِىْ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ اکثر فرماتے تہے جو کوئی ہماری پاس آوے بسم اللہ اور جو نہ آوی الحمد للہ اور گاہ یون ارشاد ہوتا تہا کہ جو کوئی آوے بر چشم اور جو نہ آوے بر چشم نہ کسی کے آنے کی خوشی اور نہ جانے کا غم حضرت ابو علی وفاق کا قول ہے کہ امیرن کو فقیرون کی تواضع کرنا دیانت ہی اور فقیرونکو امیرون کی تواضع خیانت ہے تواضع مین یکتا تہے درجب تواضع کا ذکر آتا تہا تو اپنی نسبت یون ارشاد فرماتے تہے **بیت**

تواضع ز گردن فرازان نکوست	گدا اگر تواضع کند خوی اوست

کسی دوسری سی تواضع وخدمت کرانی منظور نہ تہی اگر کوئی چاہتا کہ مین آپکی خدمت کرون یا میرے مکان پر قیام فرمائے تو ارشاد ہوتا **رباعی**

نشوم گشتہ در آن شہر کہ ماتم باشد	نخورم زخم در آن کوچہ کہ مرہم باشد

خجل آن کشتہ کہ چون تیغ کشد غمزہ دوست		احتیاجی بدم عیسیٰ مریم باشد	

رسومات دنیوی مین کسی کے شریک نہین ہوتے تھے مدح سے خوش تھے نہ ذم سے دلگیر اگر کوئی خادم یا معتقد کوئی غزل یا قصیدہ آپکی نعت وثنا مین لکھکر لاتا فرماتے کہ ہم اِس لائق نہین ہین اور چونکہ آپکا نام نامی اجزاے اسم پاک حضرت غوث الاعظم اور حضرت علی سے مرکب تھا فرماتے تھے کہ حضرت غوث الاعظم اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شان مین جو کچھ کہو زیبا ہے نہ ہماری نسبت حسب ارشاد حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ لاتخف احدا ولاترج سوای خدای عزوجل کے کسی سے کچھ بیم و امید دل مین نہین رکھتے تھے بموجب وکل الحوائج الی اللہ واطلبوا منہ سب کامون اور حاجتون کو سپرد خدا رکھتے تھے ولا تثق باحد سوی اللہ نہ سوای خدا کے کسی پر اعتماد تھا **بیت**

دست خواہش چون صدف مکشای پیش خاکیان		ہر چہ میخواہد دلت از عالم بالا طلب	
توکل نزبود اندیشہ مادہ		چرا غم میخوری اے مرد سادہ	

ایک روز منشی فضل رسول صاحب نے معاملہ باطنی مین کچھ عرض کیا فرمایا کہ ہمنے جس طرح اپنا معاملہ سپرد خدا کر رکھا ہے اسی طرح تو بھی خدا کے سپرد کر دے جو کچھ خدا کو کرنا ہوگا وہ آپ ہی ظہور مین آویگا مردم شناسی آپکی ذات پر ختم تھی حاضرین خدمت کی مدعا و مرام کا جواب بی عرض و گذارش نقول و روایات قصص و حکایات کے پردے مین تلمیح و کنایات کے پیرایہ مین ایسی توضیح اور تشریح کے ساتھ ہوتا تھا کہ ہر شخص کامیابی کے مزہ سے خورسند اور تحقیق کے لطف سی خورم ہو جاتا تھا ہر بات سے طرح طرح کے معنی اور ہر لفظ سے انواع انواع کے رمز سامعین کی سمجھ مین آتے تھے **بیت**

کیجے رمزون سین مذکور نگار		قصۂ اغیار سین ہو ذکر یار	

ہر بیان خزینہ اسرار کا جوہر اور ہر تشریح دریاے رموز کا گوہر تھی باستانی کہانی حال کی نشانی اور استقبال کی رمز دانی تھی **رباعی**

اے لفظ خوش تو موج دریاے کمال		عالم ز جواہر سخن مالا مال	
یک لفظ تو با ہزار معنی دربر		او بیت جوامع الکلم راست مثال	

جو بیان موحدانہ قلندرانہ یا بیان حقایق و معارف تھا ہر کس و ناکس کے روبرو نہین فرماتے تھے جب کوئی خادم فہمیدہ سنجیدہ یا کوئی بزرگ اہل توحید و تفرید حاضر خدمت ہوتا تھا اوسوقت رمز و کنایہ و نقل و حکایات کے ذریعہ سے بنظر تعلیم و تلقین و بخیال ہدایت و ارشاد حقایق و دقایق ذات و صفات کا دریا بہاتے تھے **اشعار**

مگو اے جان حقیقت آشکارا	کہ ناگاہ ہست کند حق پارہ پارہ
مگو اے جان زبان خود نگہدار	وگرنہ زود آویزند بر دار
مگو اے جان دمی دل سوئی خود آر	زبان اندر دہان خود نگہدار

جب کوئی غیر وضع یا اس راہ سے ناآشنا پھونچا معاً گریز فرما کر اور طرف متوجہ ہو گئے۔ تکلموا الناس علی قدر عقولہم **اشعار**

فکر نادان کی رسد در فکر شان	فکر ایشان مے رسد حق را نشان
سر حق را کی بداند مرد عام	خام کی پختہ شود خام است خام
لایق اسرار نے ہر بوالہوس	محرم راز خدا عشق است و بس
اسرار تو با زاہد و ملا نتوان گفت	با کور دلان نور تجلی نتوان گفت

جو آدمی جس قسم اور جس ظرف کا حاضر ہوا اوسنے اپنی لیاقت اور سمجھ کے موافق جواب پایا کبھی کسیکی دل مین کسی طرح کی شکایت نہ آئی کسی کے مخالف مزاج کوئی لفظ نفرمایا مقالات اسرار توحید کے بارہ مین طالبون کو ارشاد ہوتا تھا کہ دل سے سمجھنا اسکا فرض ہے مگر زبان سے کہنا کفر **اشعار**

در خموشی صد ہزاران سود دان	گفتگو دارد ہزار اینجا زیان
اے زبان ہم گنج بے پایان توئی	اے زبان ہم رنج بے درمان توئی

من سکت سلم و من سلم نجیٰ مناظرہ مباحثہ مذہبی یا غیر مذہبی سے بالکل احتراز تھا **بیت**

حافظا گر وصل خواہی صلح کن با خاص و عام	با مسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام

ایکدفعہ مولوی عمار علی مجتہد اہل شیعہ حسب عادت بمقام بائی پت آپکی خدمت مین آئے اور ایک فخر

اور ہم مذہب ونکا اونکے ساتھ تہا اوسنے بنظر مباحثہ حضرت امام حسین علیہ السلام اور یزید کا قصہ شروع کیا آپنے سنتے ہی فرمایا وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ہمکو خدا تعالی نے اپنی اطاعت کے واسطے پیدا کیا ہے سو ہم اوسمین مصروف ہین ان جھگڑون کے لیئے ہمکو پیدا نہین کیا ہے اوسکو مجتہد صاحب نے منع فرمایا وہ خاموش ہو رہا اہل مناظرہ بحث اور مناظرہ کے تفکرات اور خیالات مین ایسے غلطان پیچان شبانہ روز رہتے ہین گویا اوسیکو خدا پرستی سمجھتے ہین اور عاشقان ذات بحت ہر لحظہ جویان وخواہان ورود حال رہتے ہین قیل وقال کے بھنور جال مین نہین پھنستے بیت

قال را بگذار مرد حال شو	پیش مرد کاملے پامال شو

العلم حجاب الاکبر **اشعار**

پاے استدلالیان چوبین بود	پاے چوبین سخت بے تمکین بود
گر باستدلال کار دین بدے	فخر رازے راز دار دین بدے
جذبہ از حق باید استدلال چیست	حال مے باید درین رہ قال چیست

عالمانہ وعظ کہنے کا ابتدا مین شوق تہا اب جبکہی اتفاق ہوتا تہا فتوی وسند پر مہر ودستخط کبہی نفرماتے مسئلہ شرعی اگر کسی نے دریافت کیا بکمال انکسار ارشاد ہوا کہ مدت سے کتب دینیات کے دیکھنے کا اتفاق نہین ہوتا شاید کچھ غلطی ہو جائے علمائے وقت سے دریافت کر لو پہر ہمکو بہی سنا دینا بعض وقت خود بہی بتا دیتے تھے مگر یہی تاکید ہوتی تہی کہ اور کسی سے بہی تحقیق کر لینا کسیکی ظاہری یا باطنی حال پر کسی طرح اعتراض نہین فرماتے تھے تخلقوا باخلاق اللہ کوئی کسی ملت مذہب کا ہندو یا مسلمان یہود یا نصاری کافر مومن مرد عورت آپکی خدمت مین آیا اوس سے بکمال لطف و مرحمت پیش آئے اور جو کچھ خلا یا ملا مین اوسنے کہا بتوجہ خاطر سنا اور بلا اکراہ جواب باصواب دیا **رباعی**

خاک آپکو سمجھنا اکسیر ہے تو یہ ہے	اخلاق سب سے کرنا تسخیر ہے تو یہ ہے
سب کام اپنے کرنا تقدیر کے حوالہ	نزدیک عارفون کے تدبیر ہے تو یہ ہے بیت
صاف دل باہمہ کس مونس و دمساز بود	دل آئینہ بروئے ہمہ کس باز بود

ہمہ بیگانہ ام ہر چند با خلق آشنا باشم	چو نور دیدہ در یک خانہ از ہر دم جدا باشم
بحسن خلق دلہا را مسخر می توان کردن	باین عنبر دو عالم را معطر می توان کردن

ہر کس و ناکس زن و مرد سے بے تکلف ملنا اور گفتگو کرنا کمال درجہ کے عارف اور موحد ہونے کی دلیل ہے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ اَشَدُّ الاَشیَاءِ عَلٰی مَن عَرَفَ اللہَ تَعَالٰی اَلنُّطقُ مَعَ الخَلقِ وَالقُعُودُ مَعَہُم وَلِہٰذَا یَکُونُ اَلفُ اَلفِ عَارِفٍ وَالمُتَکَلِّمُ فِیہِم وَاحِدًا ۔ طوائفان بازاری پیشہ ور آپ کی خدمت مین حاضر ہوتی تہین بے تکلف اون سے بھی گفتگو کرتے تھے **بیت**

شاہ و گدا بدیدہ دریا دلان یکیست	پوشیدہ است پست و بلند زمین در آب

حضرت مولانای روم علیہ الرحمت کا حال بھی ایسا ہی تھا **نقل** حضرت مولانای روم رحمت اللہ علیہ کے وقت مین ایک فاحشہ تھی نہایت حسینہ و جمیلہ ایک دن مولانا کا اوسکی طرف گذر ہوا وہ عورت دوڑی اور اوسنے سر اپنا آپکے پانو پر رکھدیا اور بہت کچھ تضرع اور انکسار کیا حضرت مولانا نے فرمایا رابعہ رابعہ بعد اوسکے کنیزکین اوسکی آئین اور اونھون نے بھی سر اپنا قدم مبارک مولانا پر رکھ دیا فرمایا کہ زہے پہلوانان زہے پہلوانان اگر بار کشی کا تمہارا نہوتا اسقدر نفوس امارہ کو کون مغلوب کرتا اور عفت زنان عفیفہ کی کہان پیدا ہوتی ایک شخص نے جب یہ بات سنی تو کہا کہ ایسے بزرگ کو قحبات خرابات سے مشغول ہونا اور سرفرازی بخشنا نچاہئے مولانا نے فرمایا کہ یہ مرتبہ یکرنگی مین ہے اگر تو مرد ہے تو تو بھی ایسا ہوجا اور دو رنگی سے نکل آتا کہ ظاہر تیرا ہمرنگ باطن کے ہوجاے اور اگر ظاہر و باطن یکسان نہو تو باطل اور عاطل ہے آخر الامر وہ خاتون جمیلہ رابعہ دار تایب ہوئے اور کنیزکون کو آزاد کردیا اور گھر کو لوٹا دیا اور نیک بختان آخرت سے ہوگئے فقط جس ملت مذہب کا آدمی آپکے سامنے آتا تھا اوسکے دل کو آپکیطرف خود بخود کشش ہوتی تھی ایک دفعہ آپ بمقام لکھنؤ ایک مسجد مین رونق افروز تھے ایک روز سلیمن صاحب بہادر رزیڈنٹ لکھنؤ کا اوس طرف گذر ہوا ایک امیر دور سے دیکھکر مسجد کے اندر چلا گیا اور صاحب سے نکلا سلیمن صاحب نے بھی اوسکو دیکھ لیا مسجد کے قریب پہونچکر سواری سے اوترکر مسجد مین آیا حضرت قبلہ کو دیکھتے ہی سر پر سے

اپنی ٹوپی اوتار کر بکمال ادب و تعظیم سلام کیا اور باتین کرتا رہا پھر آپ کی دعوت کی اور تواضع تکریم سے پیش آیا علاوہ انسانون کے قوم اجنہ آپکے معتقد تھے جب کوئی قوم اجنہ مین سے آپکی خدمت مین حاضر ہوتا تھا یکایک اوسکو ہیبت اور عظمت کے مارے گفتگو کرنیکا حوصلہ نہوتا تھا ایک دفعہ ولی عہد شاہ اجنہ خدمت بابرکت مین حاضر ہوا دیر تک حاضر رہا مگر خوف کے باعث سے کچھ عرض نکر سکا جب آپ خود ہی بکمال نظر لطف و کرم سے اوسکی طرف متوجہ ہوئے تب اوسنے مدعائے دلی اپنا عرض کیا خدا تعالی کے فضل سے حسب مدعای دلی اوسکا حاصل ہوگیا نہایت خوش اور شکر گذار ہوا الغرض شاہ بہی مشکور ہوئے جانوران درندہ مثل شیر باگھ گرگ آپکی ہیبت مین ایسی دبجاتی تھی کہ ذرا کان نہین ہلاتے تھے جس زمانہ مین آپ امام صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر جو ہیران کاہر کے جنگل مین واقع ہے رونق افروز تھے اون روزون مین وہان بڑا بن اور جنگل تھا میان علی حسن اعظم علیشاہ صاحب رح کے صاحبزادے آپکی خدمت مین وہان تشریف لیگئے ایکدن آپنے فرمایا کہ اس جنگل مین ایک درخت رائے بیل کا پرانا مدت دراز کا ایک بیل کے درخت کے اوپر پھیلا ہوا ہے اور اوسمین تخم بہت لگتی ہین میان علی حسن آپکے ساتھ دیکھنے گئے اتفاقاً اوسکے نیچے شیر سوتا تھا اوسکے اوپر آپکا پانو پڑ گیا وہ بیدار ہوا اور آپکی طرف اوسنے دیکھا آپنے بھی نظر قہر سے اوسکی طرف دیکھا شیر وہین بے حس و حرکت رہ گیا آپ اوس درخت کے تخم توڑ کر لے آئے **بیت**

ہر کہ ترسید از حق و تقوی گزید	ترسد از وی جن و انس و ہر کہ دید

من خاف اللہ خافہ کل شیء ومن خاف غیر اللہ خوفہ اللہ عن کل شیء آواز آپکی بلند پر رعب تھی یادداشت اور ضبط حافظہ کی یہ کیفیت تھی کہ سوائی علم تفسیر و قران و حدیث عربی و فارسی کتابون کے مقامات اور اشعار عربی و فارسی ہندی دوہرہ و کبت ادر بھجن وغیرہ قریب ستر ہزار کے یاد تھی نقول و حکایات انبیای علیہ السلام و اولیائے علیہ الرحمت کی اسقدر یاد تھین کہ ہر وقت ہر موقع پر تمثیلاً فرمائی جاتی تھین **بیت**

خوشتر ان باشد کہ سر دلبران	گفتہ آید در حدیث دیگران

سن تمیز سے تا دم آخر سفر اور حضر کے معاملات اور حالات و واردات بقید تاریخ و ماہ و سال کی بخوبی یاد تھے ہزارہا قسم کے شغل اشغال ورد و وظایف ذکر فکر ہر خاندان کے عمل تعویذ جنتر منتر زکوۃ کی ترکیبیں صدہا ادویات زبانی یاد تھیں ہمیشہ یادداشت زبانی سے بتاتے رہتے تھے اثناء کلام مین موافق موقع ایات حدیث اقوال بزرگان دین اشعار گھر بار پڑھتے جاتے تھے ہندی عبارات اور دوہرہ وغیرہ بڑی فصاحت و بلاغت سے نہایت صحیح اور درست اوسی لہجے سے پڑھتے تھے کہ سامعین زبان دان حضرت کو علم شاستر کا ایک بڑا پنڈت زبان دان جانتے تھے حاضرین خدمت بدل و جان جو ارشاد ہوتا تھا سنتے رہتے مگر خوش تقریری اور خوش بیانی اور ہیبت و رعب و عظمت سے کسیکو یارائے دخل نہوتا تھا حاضر جوابی مین یکتائے روزگار تھے کیساہی فہیم آیا اوسنے معاً جواب کافی پایا یہہ ہیبت و عظمت آپکے وجود باجود مین بوجہ ظہور شان حیدری تھی جو خادم طالب فہمیدہ اور مودب ہوتے تھے وہ گفتگوی رموز اور بیان حقایق اور دقایق کو سنتے سنتے اوسکے لطف اور اثر کیف مین محو ہو جاتے تھے اور مانند نقش دیوار ساکت و خاموش بیٹھے رہتے تھے

از تہ دل گفتگوی اہل حق را گوش کن	خالی از سرچشمہ حیوان سبوی خود میار

اور جبکا دل کلام معجز نظام کے اثر سے بے بہرہ ہوتا تھا وہ کبھی کچھ بول اوٹھتے تھے آپ ہنسکر ٹال دیتے تھے

شعر حلم سرمایہ کمال بود	سبب عزت و جلال بود

بعض آدمیون کا یہہ حال تھا کہ انواع انواع کی باتین بارادہ عرض دل مین سوچکر جاتے تھے جس وقت خدمت مین پہونچتے تھے یک لخت سب بھول جاتے تھے اور گاہ ایساہی ہوتا تھا کہ بعض آدمی بارادہ عرض خلا یا ملا مین جب حاضر ہوتا اور آپکو اوسکا سماعت فرمانا کسی حکمت سے منظور نہوتا ہرچند اوس سے دریافت فرماتے کہو کیا کہنا ہے اوسکی زبان سے کچھ برآمد نہین ہوتا تھا ایضاً ایک شخص حضرت غوث پاک کی خدمت مین کچھ عرض کرنے کے واسطے خلوت مین حاضر ہوا کئی روز تک موقع تنہائی کا اوسکو نملا ایک دن بعد فراغت نماز عصر یا مغرب غوث پاک تشریف لاتے تھے وہ شخص بھی ساتھ تھا اپنے اور دن کو رخصت کر دیا اور اوس شخص سے فرمایا کہ تو جو تنہائی مین کچھ کہنا

چاہتا ہے اب تنہائی ہے کہہ کیا کہتا ہے ہر چند پوچھا مگر اوسکے مونہہ سے کچھ نہ نکلا بیت

کار درویشی ورای فہم تست | سوئی درویشی تو منگر سست تست

اگر کوئی بنظر اظہار لیاقت ارشاد والا پر کچھہ اعتراض کرتا فرحت اور شادمانے سے اوسکو سماعت
تاکہ معترض کو اپنی خطا اور نادانی پر وہم نہو اور فرماتے اشعار

ما شاخ درختیم پر از میوۂ توحید | ہر راہ روی سنگ زند عار نداریم
مرد حق بین کہ بلا را ز خدا می بیند | تیغ را بر خرد بال ہما می بیند
نے شود دل پاکان ز حرف بد غمگین | ز عکس زشت نیفتد بروی آئینہ چین

والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین اشعار

گر گزندت رسد ز خلق مرنج | کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج
از خدا دان خلاف دشمن و دوست | کہ دل ہر دو در تصرف اوست

محمد بن الفضل البلخی کا ارشاد ہے کہ علامت شقاوت کی تین چیزین ہین ایک تو یہ کہ علم ہو اور
عمل کی نہو دوسرے اخلاص نہو تیسرے دولت صحبت دوستان خدا تعالی حاصل ہو اور طریقہ اکرام
اور احترام اونکا بجا نہ لائے

پایۂ دولت ابد ادب است | پایۂ رفعت خرد ادب است
جز ادب نیست در دل ابدال | جز ادب نیست داب اہل کمال

جن خادمونکو کمالات و عظمت کا حال ظاہر تہا اونپر ایسی ہیبت طاری رہتی تہی کہ کوئی گفتگو اور کلام
بے باکانہ یا معترضانہ زبان پر نہ آتا تہا اور جنکا حال مثل نابینا یونکے تہا وہ جو چاہتے تہے گفتگو کرتے
تہے ایکدن ایک شخص عرض پرداز ہوا کہ آپ فیض باطنی سے مجہے بہرہ یاب نہین فرماتے اور فیض
رسانی مین بخل کرتے ہین اپنے کمال ظرافت اور خوش طبعی سے فرمایا کہ سو روپیہ ماہواری کی
پنشن ملتی ہے ایک ماہ کی تنخواہ نذر کرو پہر دیکہو تو خدا تعالی کیا کرتا ہے وہ سو روپیہ کا نام سنتے ہی
[illegible]

شعر گر جان طلبد مضایقہ نیست | در زر طلبد سخن در نیست

تب فرمایا کہ خواہش حصول دولت سرمدی فقر رکھتے ہو جو بے بہا اور لازوال ہے اور دولت دنیا کی جسکی سامنے کچھ حقیقت نہین ہیچ در ہیچ اور فنا پذیر ہے قدر کرتے ہو اگر تم سو روپیہ دیتے اوسیوقت ہم اور کسی کے حوالہ کر دیتے برای نام بھی تمنے دینے کا اقرار نکیا ہمسے کہتے ہو کہ آپ بخل کرتے ہو ایضاً ایک دفعہ ایک شخص بہت سے پارچہ جات پوشیدنی کا گٹھڑ لیکر خدمت مین حاضر ہوا اور کئی دن تک دربارہ تعلیم اور تلقین راہ فقر انواع انواع قسم کی باتین کرتا رہا بکشادہ پیشانی سنتے رہے جب ایک دن اوسنے زیادہ اصرار کیا اور اپنے ہمت اور حوصلہ سے بڑھکر گفتگو کرنے لگا تب فرمایا کہ جس طرح ہمنے اپنا وطن اور عزیز واقارب چھوڑکر خانہ بدوشی اختیار کی ہے اسی طرح تو بھی اختیار کر پہلے تو کپڑون کی گٹھری کو آگ لگا دے اور اپنے تن من کو مار کر صحرا نشینی اختیار کر تب ہم تجکو راہ خدا کی تعلیم کرینگے چونکہ وہ طالب صادق خدای تعالی نہ تہا ایک بوالہوس تہا کپڑون کو نجلا سکا اور چلدیا پابندی شریعت کی یہہ کیفیت تہی کہ تمامی علمای دین متین اور بزرگان واکابران طریقت جنسے آپ ملے اور جو آپکے وقت مین زیب مسند ارشاد و تلقین تھے آپکے مداح اور ثنا خوان رہے تمام عمر مین کسی فرد بشر نے کسی طرح کا اعتراض نکیا بلکہ اکابران دین کا دربارہ اتباع شریعت یہہ قول تہا کہ اسوقت مین صوفیاے کرام مین ایسا پابند شریعت عزا کوئی نہین ہے اشعار

کسی کو در شریعت راسخ آید	حقیقت راہ خود بروی گشاید
چو گل خواہی شدن اندر طریقت	زدست خود مہل جانان شریعت
شریعت را دمی مگذار از دست	کہ او راہت نماید تا شوی مست
شریعت رہ نمای سالکان شد	نمود دید جملہ و اصلان شد
زقول شرع مگذر یک زمان تو	زحق بشنو مران شرع و بیان تو
زقول شرع مگذر اندرین راہ	کہ تا شرعت کند زاحوال آگاہ
زنور شرع یابی جان جانان	کہ بعد ہر غمی شادی ست سان
حقیقت در شریعت می توان یافت	نہ در عین طبیعت می توان یافت

از صراط المستقیم شرع پا بیرون منہ — چون گسست از رشتۂ سوزن زود خود را گم کند

نقل رسول علیہ السلام حسب باوجود واقفیت کیکا عیب ظاہر نہ فرمایا پردہ پوشی نہایت پسند خاطر تھی شب معراج سے واپس ہوئے اصحابؓ سے فرمایا کہ مجکو حضرت صمدیت سے یہہ خرقہ عطا ہوا ہے اور ارشاد ہوا ہے کہ جو میرے سوال کا جواب مناسب دے اوسکو یہہ خرقہ دینا چاہیے سب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ سوال ارشاد ہو خاتم النبیین نے اول حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا کہ اگر تمکو خرقہ عطا ہو تو تم کیا کرو حضرت صدیق اکبرؓ نے عرض کیا کہ مین صدق کامل اور طاعت وافر مین مشغول رہون اور جو کچھ مال دنیا ہے سب خیرات کردون پہر حضرت عمرؓ سے سوال کیا اپنے فرمایا کہ یہہ خرقہ مجکو عطا ہو تو عدل کرون اور مظلومون کو راحت پہونچاؤن پہر حضرت عثمانؓ سے سوال کیا اپنے فرمایا سخاوت تمام کرون اور باتفاق یکدیگر ہر کام انجام دون پہر حضرت علیؓ سے سوال کیا اپنے فرمایا کہ عیب پوشی بندگان خدا کرون تب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خرقہ کا عطا فرمانا اسی پر منحصر تہا خرقہ جناب ولایت مآب کو عطا فرمایا رباعی

راز کس اے صاحب بینش مکن زنہار فاش — صد زبان گر باشدت چون مردمک خاموش باش

کدام جامہ بہ از پردہ پوشی خلق است — بپوش چشم خود از عیب خلق و عریان باش

آئینۂ خود باش صفائی بہ ازین نیست — عیب ہمہ کس پوش قبائی بہ ازین نیست

ز عیب کس نگفتن شد میسر کعبۂ مطلب — خطا پوشی لباس وقت احرام است پنداری

اگر کوئی خادم کسی فعل ناشایستہ خلاف شریعت کا مرتکب ہوتا اشارہ کنایہ سے تادیب فرماتی تہی یعنی اوسکو تنبیہ کرتے مگر بمقتضای حلم و حیا و ستار العیوبی جلسہ مین زبان مبارک سے کچھ ارشاد نفرماتے یا تصرف باطنی اوسکی وجود مین ایسا تصرف فرماتے کہ وہ خود بخود اون حرکات کو چھوڑ دیتا حدیث

اِنَّ لِلّٰہِ تعالیٰ عِبَادًا یَعرِفُونَ النَّاسَ بالعلامۃِ وَلہٗ عِبَادٌ یَعرِفُونَ النَّاسَ بالفراسۃِ وَلہٗ عِبَادٌ لَہم نورٌ یَمشُونَ فِی النَّاسِ کَمَا یَمشِی الارواحُ فِی الاجسادِ وَلہٗ عِبَادٌ یَمشُونَ فِی النَّاسِ کَمَشیِ المَرَضِ فِی الاعصابِ اور جسکا حال از راہ باطن معلوم ہوجاتا تہا کہ یہہ اس حرکت سے باز آنے والا نہین ہے اوسکو زبان مبارک سے کچھ نہین فرماتے تہے۔ شعر

اور جو کوئی کسی خادم کی بد اطواری کا حال آپکی خدمت مین عرض کرتا تو فرماتے کہ باپ کے سب بیٹے نیک اطوار اور نیک چلن نہین ہوتے جب کوئی خادم یا مرید یا شایق دانستہ یا نادانستہ نزدیک یا دور سے آیا اوسکی مہمانداری اور تواضع و مدارات اس الطاف سے فرماتے کہ شفقت پدری اور مادری یاد آئے

راہ بسیار است مردم را بقرب حق ولی متواضع بزرگ دار بود	راہ نزدیکش ولی مردم بدست آوردنست منظہر لطف کردگار بود

جسکو مفلس سمجھا نقد و جنس سے مشرف اور دلشاد فرما کے رخصت کیا جب کسی نے عریضہ خدمت مین بھیجا خواہ وہ آشنا ہو یا ناآشنا معاً جواب تحریر ہوا صدہا خطوط روزانہ آتے تھے شاہ وزیر امیر فقیر خادم و مرید آشنا و ناآشنا سب کو باستثنائے منشی فضل رسول صاحب کے ایک القاب محب الفقرا دوست اہل اللہ لکھا جاتا تھا اور منشی فضل رسول صاحب کو بالقاب سعید الکونین مقبول دارین اکثر سرفراز فرماتے تھے جواب ہر خط کا بلا توقف لکھا جاتا تھا حاضرین خدمت جواب لکھتے تھے منجملہ حاضرین کے حافظ عبد القادر و قاضی عبد الحق صاحب باشندگان پانی پت بوجہ زیادہ حاضری بکثرت لکھتے تھے اسرار بطونی کے اخفا مین ایسے ضابطہ تھے کہ ہزارون طرح کے اسرار عرفان اور توحید الہی کے از راہ باطن منکشف ہوتے رہے مگر مطلق اونکو زبان پر نہین لاتے تھے ؎

در راہ فقر بے زبانی اولی زان کس کہ ناہل ذوق و اسرار بود	در قصۂ عشق بے بیانی اولی گفتن بطریق ترجمانی اولی

اور اگر فرماتے تھے تو رمز و کنایہ اور اشارات کے ساتھ فرماتے تھے کہ جسکو اسرار دان اور تیز فہم سمجھ سکتا تھا ہر شخص حضرت کے ارشادات رموز آگین مطالب کو نہین سمجھتا تھا ہمیشہ بتاکید فرمایا کرتے تھے کہ جس طالب پر جو اسرار کھلے اوسکو ہرگز ظاہر کرنا نچاہئے ظاہر کرنا مضر ہے ... رباعی

اے دل چو شراب معرفت کردی نوش در ہر سخنے چو چشمہ کوہ مجوش مصلحت ہست زبان زیر گام	لب بر ہم نہ سر الہی مفروش دریا گردی اگر نشینی خاموش تیغ پسندیدہ بود در نیام

وار درین طشت زبان را نگاه — تا سرت از طشت نگوید که آه
لب مکش ارچه در دو نوشهاست — گو لب دیوار بے گوشہاست

انخفاے اسرار مین آپکا پورا پورا عمل اس حدیث پر تھا حدیث مَنْ كَتَمَ سِرَّهُ فَقَدْ حَصَلَ أَمْرُهُ

گفت پیغمبر ہر آن کو سر نہفت — زود گردد با مراد خویش جفت
چون ترا خازن اسرار الہی کردند — سر نگہدار ز اسرار نہان ہیچ مگوی
بیرون در بخلق بر امین خلق باش — کس را بوے راز درونی نشان مدہ
صد سر در دین روا نہ بے یک حرف بیہودہ — خاموش باش ان سر خود رایگان مدہ

اکابران دین دو قسم کے ہوتے ہین ایک آداب دان دوسرے سوختہ جان مولانا روم فرماتے ہین

موسیا آداب دانان دیگر اند — سوختہ جان و روانان دیگر اند

حضرت مولانا ے روم قدس اللہ سرہ نے بحالات ذوق فرمایا کہ حضرت کردگار جل شانہ نے شب معراج کلمات اسرار جناب انوار احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمائے اور فرمایا کہ پینتیس ہزار کا تمکو اختیار ہے جسکو سے چاہو اپنے یاران اخیار سے کہو اور پینتیس ہزار کو پوشیدہ رکھو کسی اخیار یا ابرار سے مت کہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو بعض اسرارات سے آگاہ فرمایا اور قریب دس ہزار اسرار کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کان مین کہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب ان اسرارات سے مالامال ہوئے شورکنان اور نعرہ زنان جنگل کو تشریف لیجاتے اور سر مبارک کو چاہ کی طرف جھوکا کر آہ آہ کرتے اور معانی کہتے اور ہمیشہ اسی حال مین لَوْ كُشِفَ الْغِطَاءُ مَا ازْدَدْتُ يَقِينًا فرماتے ایک دن حضرت رسالت پناہ صلعم کے خیال اصفیا و یاران باوفا سے ملاقات ہوئی اور وہ اسرار جو آپ مخفی رکھے تھے اونسے سنے اور پوچھا کہ ہمارے بھید کسنے کہے اونھون نے جواب دیا کہ جسنے کہ ہمکو چھپانے کے واسطے فرمایا اور بے واسطہ ملک مقرب و نبی مرسل ہمکو آگاہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اونکی قرب و قبولیت مین ایک ہزار چندان حیرت ہوگئی اور تواجد کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ للہ الحمد والمنۃ کہ حق تعالی نے ہمکو اور ایک اسرار کی اطلاع بخشی ہے کشف و کرامت پر کسی قسم کا ناز نہ تھا بلکہ اگر کوئی کسی بات کے

مدامی کرتا تھا تو ٹال دیتے تھے باقر شاہ صاحب نامی ایک بزرگ نے موضع بابری مین اپنا حال باطنی کچھ
آپکو سنایا اور آپ سے متوقع ہوئے کہ آپ بھی کچھ فرماۓ ارشاد ہوا کہ ایکو مجاز مین ہذیان ہو جاتا ہے
اور ایکو سکوت ہم اپنا حال کہنا پسند نہین کرتے

رباعی

کر کہ بنور رسد ز خود پنہان دار ۔ امید ہمہ بدر و بی در مان دار
وانکہ در جان آئینہ ساز مدام ۔ وان آئینہ را در بر جانان دار
کاملان از بسکہ عالی رتبہ اند ۔ حال خود اظہار زان کمتر کنند

تکلف اور تواضع سے اگر کوئی زیادہ پیش آتا تھا خوش نہوتے تھے سادگی اور بے تکلفی منظور خاطر تھی کسی کی خاطر و تواضع مین کسی طرح کا تکلف نہین فرماتے تھے ذوق کا شعر اکثر ایسے موقع پر یاد فرماتے تھے

اے ذوق تکلف مین ہے تکلیف سراسر ۔ آرام سے ہین وہ جو تکلف نہین کرتے
حیات خوش ممات خوش کسی را ۔ کہ دنیا را بدنیا دار بسپرد
تکلف گر نباشد خوش توان زیست ۔ تعلق گر نباشد خوش توان مرد

بے تعلقی حد سے زیادہ تھی تعلق ناپسند تھا ع

بے تعلق زیستن خوش زیستن ۔ با تعلق زیستن نگریستن

دعوی و انانیت کی بات سے کبھی لب آشنا نہوئے اور کسر نفسی و فروتنی مزاج مین اسقدر تھی کہ کسی بات مین کسی بزرگ پر اپنا آپکو فضیلت نہین دیتے تھے عظیم علیشاہ صاحب ایک بزرگ نقشبندیہ حیدرآباد میرٹھ مین آکر ٹھہرے تھے ایک خط اور مضمون سے بمقام موضع بابری منشی افضل رسول صاحب کی معرفت یہ پیغام خدمت مین بھیجا کہ آپکے نام مین غین ہے اور میرے نام کے شروع مین الف ہے بحساب ابجد غین کے ہزار ہوتے ہین اور الف کا ایک آپکو خدا نے ہزار درجہ مجھسے زیادہ افضل اور اعلی پیدا کیا ہے آپ میرے حال پر بھی نظر عنایت فرماوین جب پیغام منشی افضل رسول صاحب نے حضرت کی خدمت مین عرض کیا تو بجواب اسکے آپنے یہ رباعی پڑھی

رباعی

اندر تعینات چون یافت حقی ۔ کثرت ہمہ وحدت است بے ہیچ شکی

چون سفر شد نہان از رقمت	بنگر کردہ و صد و ہزار ست کی

کسی بزرگ پر اپنے آپ کو ترجیح نہ دیتے تھے کسی بات کو اپنی طرف منسوب فرماتے تھے بلکہ بعض او
جو کوئی شخص کسی بات کا علاج یا تعویذ خواں ہوتا تو یون فرما دیا کرتے تھے یہہ حضرت قلندر صاحب رح
اللہ علیہ کا دربار ہے۔

رباعی

بیشی طلبی ز ہیچکس بیش مباش	چون مرہم و موم باش و چون نیش مباش
خواہی کہ ز ہیچکس گزندے نرسد	بدگوے بد آموز و بد اندیش مباش

ایک دفعہ ایک بزرگ بطلب دعائے آپکی خدمت مین آئے اور بمقام پانی پت ایک بڑے عالم
کے گھر ٹھہرے اور چند بار آپکی خدمت مین حاضر ہو کر مولوی صاحب سے جنکے گھر ٹھہرے تھے کہنے لگ
کہ مین کئی دفعہ حضرت کی خدمت مین گیا اور وہ ایک دفعہ بھی یہان تشریف نہ لائے مین کیا اون سے
کچھ کم ہون مولوی صاحب نے یہہ بات سنکر جواب دیا کہ حضرت مین اور تو سب کچھ ہے مگر یہی ... مین نہین
ہے جو آپنے فرمایا کسی خادم کی نسبت سوائے دوست اور آشنا کے مرید کا لفظ نفرمایا بلکہ جناب
صاحب کے ساتھ خادم و مرید کا نام لیتے تھے اور جس کسی بزرگ آدمی یا اعلی کا ذکر فرماتے تھے تو
نہایت ادب اور تعظیم سے نام لیتے تھے حتی کہ عوام الناس کو بھی ادب سے یاد فرماتے تھے رباعی

ادب بہتر از گنج قارون بود	فزون تر ز ملک فریدون بود
حافظا علم و ادب ورز کہ در مجلس شاہ	ہر کرا نیست ادب لائق صحبت نبود

ظاہر و باطن کی مقاصد کے واسطے خواہان دعا اور ہمت کے طالب جو آئے کامیاب و بامراد کام ہوئے
اگر کسی نے کسی بات کو عرض کیا اوسکا جواب سوائے اسکے نہ تھا کہ جو سرکار کی مرضی و مشیت ہو گی
اوسکا ظہور ہو گا لیکن ہو گا کا لفظ ظہور پذیر امورات کا رمز تھا اور فقط یہہ فرمانا کہ جیسی مرضی حق ہو
ویسا ہی ہونیوالا ہے یہہ ناکامی طالب کی دلیل تھی ہونے والے کے لیے انشاء اللہ ہو گا ہر جملہ مین
ہوتا تھا اور نہ ہونے والی بات پر جو مرضی حق کی سوا زبان تک کچھ نہ آتا تھا توکل اور قناعت
مین تمام عمر بزحمت تمام بسر فرمائی جو کچھ نقد و جنس فتوحات غیبی سے آیا بے تامل تقسیم کر دیا اپنے پاس کچھ نہ رکھا

ہین توکل کن ملرزان پا و دست	رزق تو بر تو ز تو عاشق تر است
ور تو نستانی بیاید بر درت	ور تو بستانی دہد درد سرت
در نخواہی ور بخواہی رزق تو	پیش تو آید دوان از عشق تو
رزق از وی جو مجو از زید و عمر	مستی از وی جو مجو از بنگ و خمر
چون رزق تو آنچہ علل قسمت فرمود	یکذرہ نہ کم شد و نخواہد افزود
آسودہ ز ہرچہ ہست می باید شد	وازادہ ز ہرچہ نیست می باید بود
گر زمین را بآسمان دوزی	ندہندت زیادہ از روزی

دوہرہ

انس نج وڑے جل بیترا اودم مینہ برجو یا	بس بہو ہیٹے دلدر بہی اک بہوکہ دوجی ماپی پوتہا
ایسے کے پیٹ کو توہی بہرتے مہا چتر اوڑ کے دیوتا	بہو رسو سانجہ سانجہ سے بہجو جر ہسا کوٹ وقتو سادہ یہا

ہدیہ اور تحفہ فرستادہ حق سمجھکر قبول فرماتے تھے شعر

چیزیکہ بے سوال رسد دادہ خدا است	انرا تو رد مکن کہ فرستادہ خدا است

اکثر حاضرین پر اوسکو تقسیم فرما دیتے تھے اگر کوئی چیز کسی ایسے شخص کو عطا فرمانی منظور ہوتی تھی جو اوسوقت موجود نہ ہوتا تھا اوسکو رکھہ چھوڑتے تھے پہر اوسکو بوقت حاضری عطا فرماتے تھے اکثر ازند ہدیہ کو خواہ اوسوقت خواہ بوقت دیگر کوئی شی تبلافی ہدیہ عطا ہوتے تھے یہی طریقہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کا تھا حضرت ابو اسحاق ابراہیم کا قول ہے مرد وہ ہے جو لے اور دے نیم مرد وہ ہے کہ دے اور نہ لے نامرد وہ ہے کہ نہ دے اور نہ لے اور حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ درویشی وہ ہے جو کچھ عالم فتوح وغیرہ سے حاصل ہو سب کو صرف کرے اور راہ خدا میں دیدے درویشی یہ نہیں ہے کہ لنگوٹہ باندھے یا چمڑہ بدن پر لپیٹے یا لقمہ کے واسطے دربدر پہرے یا کسی کے آگے ہاتھ دراز کرے درویشی یہ ہے کہ اپنی جگہہ سے جنبش نکرے اور جامہ لطیف پہنے اور خدا دے تو طعام عمدہ پکا کے درویشوں کو کہلاوے ۵

گر چو گل سلطنت تخت چمن مے طلبی	زر بدست اور و از کیسۂ صد چاک انداز
زر نیک و بد نظر مرحمت دریغ مدار	حیات بخش گل و خار ہمچو باران باش

اکثر ایسا ہوتا تہا کہ جسوقت کوئی ہدیہ کہین سے آیا اور حاضرین مجلس مین سے کسی نے اوسکو پسند فرمایا فوراً اوسکو عطا ہو گیا حتی کہ پارچہ پوشیدنی جب تیار ہوا جسوقت کسی نے اتنا کہا کہ بہت اچہا ہے اوسیوقت اوسکے حوالہ فرما دیا مخفی طور پر غربا اور مساکین اور بیوگان پردہ نشین کی خبر گیری زیادہ مرغوب تہی جو سایل علانیہ مانگتا اوسکو علانیہ بہی دیتے مگر کوئی نقد ہو وے کم نہوتا تہا اگر کسنے ماہانہ یا سالانہ مقرر کرنا چاہا تو منظور نفرمایا سوائے خالق کے اور کسی کا بار احسان اوٹھانا پسند خاطر نہ تہا مولانا جامی قدس اللہ سرہ

اشعار

بدندان رخنہ در فولاد کردن	بناخن راہ خارا را بریدن
فرو رفتن بآتش دان نگونسار	بہ پلک دیدہ آتش پارہ چیدن
بفرق سر نہادن صد شتر بار	ز مشرق جانب مغرب دویدن
بسے بر جامے آسان تر نماید	ز بار منت دونان کشیدن

لالہ بانکے راے وکیل میرٹھ خادم الفقرا تہا اور میر اعظم علیشاہ رحمۃ اللہ علیہ کا اوسنے کچھ نقد بطور بخشش ماہی یا سالانہ مقرر کر رکہا تہا جب میر صاحب کا انتقال ہوا اوسنے خدمت مین عرض کیا کہ جو کچھ مین میر صاحب کو دیا کرتا تہا وہ اب آپ کو دیا کرونگا آپنے فرمایا کہ میر صاحب عیال دار تہے اور ایک جگہہ قیام گزین تہے ہم زن و فرزند کچھ نہین رکھتے جہان جاتے ہین وہین ہمکو رزق ہماری مقدر کا ملجاتا ہے ہمکو مقرر کر کے لینا منظور نہین ہے جب خدائے پاک ہمکو بلا مقرر کئے دیتا ہے تو توکل چھوڑ کر دوسرے کے آسرے اور سہارے پر کیون رہین اکثر ارشاد ہوا دنیا تین چیز کا نام ہے زن زمین زر سب سے حق تعالی نے ہمکو علیحدہ رکہا

شعر

خواہی کہ در جہان نرسد ہیچ کلفتے	الفت بکس مگیر کہ کلفت ز الفت است

کسی عورت سے کبہی کسی طرح کا تعلق نہین ہوا ایک دفعہ لکھنؤ مین ایک مسجد مین آپ تشریف رکھتے تہے وہ

مسجد نواب کی بڑت سے بنی تھی چند اچھوتی مسجد کو دیکھنے آئیں ایک کنیز بولی اچھوتیاں آتی ہیں پردہ کرو فرمایا کہ اگر وہ اچھوتی ہوی ہیں تو ہم بھی اچھوتے میان ہیں

اشعار

مرد آزاد و بجتی نکند میل بمند چیز — تا ہمہ عمر ز آفات سلامت باشد
نکند زن اگرش دختر قیصر بدہد — وام نستاند اگر وعدہ قیامت باشد
نرود بر در ارباب کرم بہر طمع — فی المثل حاتم طائی بسخاوت باشد

دوھرہ

گن روپ بل درب کو پریت کری سب کوئی — تلسی پریت سرائی انتی باہر ہوے
کنک تجھو کامنی تجھو تجھو سبن کا نیھہ — مان بڑائی ایر کہا تلسی دُرلب کوی
اور اخواہی ز زن و فرزند ببر — مردانہ دراز خویش پیوند ببر
ہر چیز کہ ہست سد راہ است ترا — پابند چگونہ رہ روے بند ببر

نقل ایک دفعہ راجہ راج گندھنے جو پہلے ہندو تھا پھر مسلمان ہو گیا ڈھائی ہزار روپیہ بطریق نذر بخدمت میں بھیجا کوئی تو بولا کہ آپ زمین خرید لیجئے کسی نے کہا مکان بنا لیجئے اپنی اپنی رائے سب نے دی ارشاد ہوا ہمنے ساری عمر کبھی مکان بنایا نہ بناوینگے ع درویش ہر کجا کہ شب آمد سرای اوست

رباعی

غرہ چہ شوی بمسکن و کاشانہ — ہر عمر کہ ہست حاصلش افسانہ
ہمخوابہ بادی و توا فروزی شمع — بر رہگذر سیل چہ سازی خانہ

دتاترہ نے جو نامی فقیر ہندوؤں میں ہو گیا ہے اوسنے سمجھ جوگ سب گوروں کو ایک گورو اپنا سا بنایا تھا سانپ اپنے واسطے گھر نہیں بناتا جہاں اوسکو بنا بنایا ہاتھ لگجاتا ہے اوسمیں گھس جاتا ہے ایسا ہی ہمنے بھی اپنا شیوہ رکھا ہے اور چیل کو بھی دتاترہ نے اپنا گورو بنایا تھا اوسکا خواص ہے کہ جب گوشت اوسکے پنجوں میں ہوتا ہے اور کوئی اوسکو دق کرنے میں تو وہ اوسکو چھوڑ کر الگ جا بیٹھتی ہے اسی طرح ہم بھی اس روپیہ کو ہاتھ لگانا یا اپنے پاس رکھنا نہیں چاہتے کہ وون کیطرح

لوگ ہمکو دق کرینگے چنانچہ اوس روپیہ کو ہاتھ نہ لگایا اور تقسیم کرا دیا رنگین لباس کبھی نہ پہنا سفید پوشی پسند تھی اور لباس کے بارہ مین یون بھی فرمایا کرتے تھے کہ عمدہ یا غیر عمدہ لباس کا مقید ہونا نچاہیئے ع

در چشم محققان چہ زیبا و چہ زشت	منزل گہ عاشقان چہ دوزخ چہ بہشت
پوشیدن بیدلان چہ اطلس چہ پلاس	زیر سر عاشقان چہ بالین چہ خشت

ہر جگہ دعوت کھانیکو پسند نہین فرماتے تھے شاذ و نادر کبھی کسی کی دعوت قبول ہوتی تھی اشعار

نان و حلوا چیست اے مرد فقیر	لا طمع بودن ز سلطان و امیر
بر در سلطان مرو درویش مبین	گنج قارون گر دہم سویش مبین

علایق اور عوایق دنیوی سے بیغم اور آزاد تھے بموجب قول ابوبکر الدقی قدس سرہ علامت القرب الانقطاع عن کل شی سوا اللہ + رباعی +

تا با خیال وصل تو ہم خانہ گشتہ ایم	از خویش و آشنا ہمہ بیگانہ گشتہ ایم
چون عقل خود پسند شد محرم وصال	زان روز رمیدہ از وی و دیوانہ گشتہ ایم
زیر بار اند درختان کہ تعلق دارند +	اے خوش آن سرو کہ از بار غم آزاد آمد
دنیا بمراد راندہ گیر آخر چہ +	وین نامۂ عمر خواندہ گیر آخر چہ
گیرم کہ بکام دل بماندی صد سال	صد سال دگر بماندہ گیر آخر چہ

ایک بار باقر شاہ صاحب نے آپ سے عرض کیا کہ اس مدت العمر مین کبھی عورت یا مرد یا شہر یا مکان یا باغ وغیرہ پر آپکی طبیعت بھی مائل ہوئی یا نہین فرمایا جب سے ہمنے ہوش پکڑا ہے تب سے سوائے ذات پاک حق کی ہمارا دل کسی پر نہین آیا جب تک جہان جی چاہا رہے جب چاہا چلدیے باقر شاہ صاحب نے کہا کہ یہی باعث آپکی سیاحی کا ہے اگر دل کہین پھنس جاتا تو وہین قیام ہو جاتا حضرت بایزید سے کسی نے پوچھا تھا کہ مردون کا کام کیا ہے تو فرمایا سوائے خدا تعالی کے کسی سے دل بستگی نکرنا اور حضرت ابو العباس سیاری کا قول ہے کہ ماسوائے حق کا دل مین خطرہ نہو اور خاطر مخلوقات کا دل مین گذر نہو شعر

آنانکہ شراب عاشقی نوش کنند	از ہر چہ بجز اوست فراموش کنند

صفات قیام پذیر نہین ہے اوسکو تغیر اور تبدل ہوتا رہتا ہے اور فنا پذیر ہے **اشعار**

پس بایں خال و خط مشو مغرور	باد زر الایش رعونت دور
کین ہمہ زیب و زینت صور است	حال صورت زمان زمان دگر است
ہر کہ او دل درین صور بست است	بگذر از وی کہ ہمتش پست است
حسن معنی چو جاودان باید	عشق آن اعتماد را شاید
حسن صورت محل تغیر است	عارف از عشق آن گران گیر است

ایک دفعہ ایک بزرگ سدا سہاگ والے حجرہ کے دروازہ پر ایستادہ ہوکر دعا دینے لگے کہ خدا آپ کا سدا سہاگ قایم رکھے آپنے فرمایا کہ یہہ عورات کے واسطے ہی طالب مولی نذکر دین پھر فرمایا کہ جسنے جب سے ہوش سنبھالا ایکبار بنارس مین کسیقدر راگ مجاز کی بو دو چار روز آئی تھی سو وہ بھی ناگوار ہوئی ۵

عشق ہائے کز پے رنگے بود	عشق نبود عاقبت ننگے بود
ہر چہ جز عشق خدائے احسن است	گر شکر خوردن بود جان کندن است
عاشقان را شادمانی و غم اوست	دست مزد و اجرت خدمت ہم اوست

حقہ پان تماکو سب علتون سے احتراز تھا سوائے دو وقتہ طعام اور کوئی چیز مطبوع نہ تھی اوس مین بھی لذیذ و غیر لذیذ کی قید نہ تھی کبھی کوئی چیز فرمایش کر کے نہین پکوائی جو مقدر نے کھلایا وہی کھالیا ۵

قناعت کن بنان خشک تا بے آرزو گردی	اگر خواہش ہائے الوان است نعمتہائے الوان را

ایک روز طعام تناول فرما رہے تھے چٹائی پر قدرے گر پڑا اوسکو اوٹھا کر کھا لیا ایک شخص کے دل مین اسبات کو دیکھکر کراہت پیدا ہوئی فرمایا کہ اگر ہم کوڑے مین تو کوڑے مین کوڑا ملگیا اور اگر ہم دریا مین تو دریا ناپاک نہین ہوسکتا حضرت بایزید رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے عارف وہ ہے کہ کوئی مشرب اوسکو تیرہ نکرے اور ہر کدورت اوس سے صاف ہوجائے وضع ظاہری مشایخانہ یا فقیرانہ نہ تھی جبہ عمامہ کا شوق ظاہر یا

خورم دل آن کسی کہ معروف نشد	در جبہ و دراعہ و در صوف نشد

سیمرغ صفت بہ پیش پروازی کرد | در کنج خرابہ جہان کوف نشد ...
دلقت بچہ کار آید و تسبیح و مرقع | خود را ز عملہائے نکوہیدہ بری کن
حاجت بکلاہ برکی داشتنت نیست | درویش صفت باش و کلاہ تتری کن

سفر اور حضر مین رات کو کسیکو اپنے پاس کہانا شب کا کہانا ہمیشہ عشا کے بعد کہایا تصنیف و تالیف کا کچھ شوق نہ تہا ایک بار منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ قبلہ و کعبہ آپ بہی کوئی کتاب بنظر افادہ و یادگار تصنیف یا تالیف فرمائیے ارشاد ہوا لکھنے والے بہت کچھ لکھ گئے ہین لکہی ہوئی بات کا لکھنا فضول ہے اور اگر کسی پر کوئی بات اور منکشف ہوا وسکا لکھنا سوائے مطعونی کے کیا نتیجہ دیگا علم سینہ کو سفینہ مین لانا مناسب نہین **شعر**

بے نام و نشان رہنے دو بس نام یہی ہے | بیخود مجھے چھوڑ و میرا آرام یہی ہے

ہزارون طرح کے حالات بزرگان دین پر منکشف ہوتے ہین جو ایک پر منکشف ہوتے ہین وہ دوسرے پر نہین اور جو دوسرے پر وہ تیسرے پر نہین ہوتے اسی سبب سے بزرگان دین کے بیانات مختلف ہین اور ایک کا حال دوسرے کی فہم و ادراک مین نہین آتا **نقل** جب حضرت خضر اور موسی علیہ السلام کا اتفاق صحبت ہوا ایک جانور آیا اور سمندر مین سے ایک قطرہ پانی کا چونچ مین لایا خضر علیہ السلام نے موسی علیہ السلام سے کہا کہ میرا اور تمہارا اور کل انبیا اور اولیا اور کل مخلوق کا علم علم الہی کے مقابلہ مین ایسا ہے جیسا سمندر مین سے یہہ جانور ایک قطرہ لایا ہے

علمہا از بحر علمش قطرہ ایست | آن چو خورشید است وینہا ذرہ ایست
گر کسے در علم صد لقمان بود | پیش علم کاملش نادان بود

ایسا ہی حال ہر بزرگ کی بینائی اور شنوائی اور گویائی باطن کا ہے یکسان نہین ہوتی **نقل** جب موسی علیہ السلام کو کوہ طور پر تجلی ہوئی بینائی دیدۂ ظاہری کی حضرت کی اسقدر تیز ہو گئی کہ چالیس کوس سے پائے مورچہ آپکو نظر آتے تھے جب دیدہ ظاہری کا یہہ حال تھا تو باطن کا کیا ٹھکانا ہے ایک روز ایک شخص خدمت مین حاضر تہا کچھ اشعار آپ پڑھ رہے تھے وہ لکھنے لگا اور کہنے لگا کہ مینے سب

کتابین اپنی تلف کردین مین یہہ اشعار ایک پارہ کاغذ پر لکھتا ہون ارشاد ہوا ؛ **شعر**

سینہ را از یاد حق گلزار کن	صد کتاب و صد ورق در نار کن

اس شعر کو سنتے ہی اونسے وہ کاغذ چاک کرکے پھینک دیا اور ایک کتاب تصوف بہی اوسکی پاس تہی اوسکو بہی چاک کرڈالا جب آپکو کتاب چاک کرنے کا حال معلوم ہوا فرمایا کہ اس شعر کا مطلب اوسکی سمجھ مین نہ آیا اول سینہ کو یاد حق سے گلزار کرنا چاہیے تہا اوسکے بعد اگر کتاب چاک کرتا تو مضایقہ نہ تہا ٭ پیر طریقت بننے اور مرید کرنے کا ابتدا سے شوق نہ تہا بلکہ یہہ خیال تہا کہ یاد معبود مین شبانہ روز مستغرق رہین یا ایسا حال وارد ہو کہ ادہر سے بیخبر اور اودہر سے باخبر ہوجاوین اور ہر طرف کا مطلق خیال نہ رہے

آنرا کہ از روز ازل سودای دلبر در سر است	دیوانہ گشتہ ہر زمان حیران و لال دلبر است
وابستہ قید جنون وارستہ از عقل و فنون	فارغ شدہ ازین و آن این سود و سودا دیگر است
عاشق کجا و فکر او سامان دنیا از کجا	چون فقر دیوان غم بر دست مجنون برابر است
دارند صیت سلطنت عشاق بر خاک درش	از موی ژولیدہ ازان بر فرق ایشان افسر است

جب تک حکم قطب ارشادی اور پیر طریقتی کا صادر نہوا تب تک فقط باعتبار اجازت ظاہری آپ کو سلسلہ بیعت کا جاری فرمانا پسند نہوا ہر چند کہ جا بجا زن و مرد خواستگار بیعت کے ہوتے رہے مگر آپ انکار فرماتے رہے جب از طرف حق حکم ہدایت اور تعلیم و تلقین کا نافذ ہوا تب آپنے سلسلہ بیعت جاری فرمایا تحمل اور بردباری ثبات و استقامت آپکا حصہ تہا **نقل** فیضا نامی ایک نابینا آپکے حجرہ کے دروازہ کے قریب پیشاب کیا کرتا تہا کبہی اوسکو منع نفرمایا اور نہ کبہی اوس کے اس حرکت ناشایستہ سے رنجیدہ خاطر ہوئی بلکہ اوسکی خاطر اور تواضع کرتے رہے ایک دن پیرجی محمد یعقوب علی نے جو اوس کو پیشاب کرتے ہوئے دیکہا تو انکو اوسیوقت غصہ آیا اوسکو زجر و توبیخ کرنے لگے فرمایا کہ بھئ آنکھون سے معذور ہے خدا تعالی اسکو بینائی عطا فرماوی پیرجی کا غصہ فرو ہوگیا اوسی عرصہ مین ایک کحال آگیا اور آپ نے اوسکو روپیہ دیکر اوسکا علاج کرایا بینا ہوگیا ؛ **شعر**

نظر کردن بدرویشان بزرگی را بیفزاید	سلیمان با ہمہ حشمت نظرہا بود با مورش

خدا ترسی اور رحمدلی کی یہہ کیفیت تھی اپنی خواہش اور ارادہ سے کسی جانور چرند یا پرند کو اپنے واسطے
ذبح نہین کراتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے خود ذبح کرتے تھے ایکدفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ مکان خواب
مین ایک بچہ سگ بند ہو گیا آپ قفل لگا کر چلے گئے وہ گھبرا کر جو کوٹھی پر چڑہکر کودا تو اوسکے دو پانون
مین ایسی ضرب لگی کہ بیکار ہو گئی جب آپکو خبر ہوئی آپ نے اوسکے پانون کو باندھا اور علاج کیا وہ
اچھا ہوا اور عرصہ تک زندہ رہا جب بمقام بابری تشریف رکھتے تھے طفلان صغیرسن کے لیے موسم گرما مین
اپنے ہاتھ سے پانی کوئے سے کھینچکر لاتے اور بچون کو اپنے ہاتھ سے غسل دیتے ایکدفعہ میر اعظم علیشاہ صاحب
نے فرمایا کہ یہہ آپ کیا کرتے ہین فرمایا کہ یہہ بھی ایک قدرت کا تماشا ہے **شعر**

فروتنی است دلیل رسیدگان کمال	کہ چون سوار بمنزل رسد پیادہ شود

ہر ایک شخص سے ایسے اخلاق سے پیش آتے تھے کہ جس سے ہر شخص کو ناز تھا کہ میرے
سوا دوسرے پر مہربان نہین مگر یہان دلمین سوائے وحدہ لاشریک کے کسیکا دھیان نہ تھا **دوہا**

جا کے جاے لگن ہے واہی وا کا رام	روم روم مین بس رہیو نہین اور سو کام

ایکدفعہ منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ میرے دلمین ایک ایسی نفرت مخلوق کی طرف سے
پیدا ہوئی ہے کہ کسی سے رہنے ملنے کو دل نہین چاہتا فرمایا کہ ہمارا بھی حال ایسا ہی ہے **رباعی**

ز بس شکستہ دلم لب بخندہ وا نکنم	نمونۂ جرس بے لم صدا نکنم
ز آشنائے مردم چنان گریزانم	کہ چشم بر رخ آئینہ نیز وا نکنم

مگر بظاہر ہر قرینہ کے آدمی سے ملنا لابد ہے جس مرتبہ کا جو آدمی ہو اوس سے دل لیا کرو عشق و محبت
طالب کو خاص خدا ہی کے ساتھ رکھنا چاہیے **اشعار**

درین نشیمن حرمان بکس مکن پیوند	کہ ہر کسے کہ تہی دل بر آشنائی او
اگر مخالف طبع تو باشد او ضاعش	عذاب روح شود صحبت ریائی او
وگر موافق طبع تو باشد اخلاقش	مذاق مرگ دہد شربت جدائی او

سیر وجود و دیدۂ بینا ایسی تھی کہ جس کو ایکبار دیدۂ باطن سے دیکھ لیا اوسکی ابتدا اور انتہا کی کیفیت

جیسی کچھ تھی اوس سے ماہر ہوگئی ویساہی اوسکے ساتھ برتاو رکھا جو دولت اور مال کا طالب تھا
اوسکو زر و مال سے شاد کیا جو تحفہ تحایف کا خواہان تھا اونکو تحفہ تحایف سی مسرور فرمایا اور جو
لوگ خاص طالب حق تھے اونکو راہ حق بتلایا اور از راہ باطن حاضر غایب و نیز توجہ اور التفات
فرمائی لیکن اکثر اونکو دور رکھا تاکہ اونکے دل مین زیادہ محبت پیدا ہو زُر غباً تزد د حباً۔
کیونکہ ہر وقت کی نزدیکی اور قربت رہنے سے محبت جاتی رہتی ہے اور ادب و تعظیم بھی دل
مین کم ہوتا ہے اور جنکو خدمت سے دور رکھتے تھے اونکی نسبت فرمایا کرتے تھے

دوران باخبر در حضور	و نزدیکان بے بصر دور
جلوہ دیدار جانان روز و شب در خاطر است	گر بصورت غایب است الا بمعنی حاضر است

حضرت سلطان نظام الدین رحمت اللہ علیہ کا بھی یہی طریقہ تھا خادمان دور ماندگانکی نسبت
یون فرمایا کرتے مصرعہ بیرون زدرون بہ کہ درون بیرون ٭ راضی برضا اور شاکر
بقضا تھے بقول غوث الثقلین مَن کَانَ فِی حَالَتٍ مِنَ الاَحوَالِ مَعَ مُلاَزَمَتِ الشَّرعِ وَلَم
یَطلُبْ مَافَوقَھَا وَلاَتَحتَھَا وَلاَزَوَالَھَا وَلاَبَقَائَھَا فَقَد حَصَلَ لَہٗ شَرطُ الرِّضَاءِ وَالمُوَافِقَتِ وَالعُبُودِیَّتِ۔

بدر و صاف تراحکم نیست دم درکش	کہ انچہ ساقی ما ریخت عین الطاف است
رباعی قومی بہ تمنائی زر و مال خوش اند	قومی بہ تماشائی خط و خال خوش اند
اینہا ہمہ اسباب خرابی دارد ٭	خوش حال کسانی کہ بہمہ حال خوش اند

استقامت کا یہ حال تھا کہ جو شیوہ طریقہ ابتدا سے اختیار کیا یا جس کسی کے ساتھ جو راہ و رسم
رلت ملت جس طرح شروع کی حاضر غایب نزدیک دور آخر تک اوسکو اوسی طرح نباہا ذکر شغل اور
ورد وظایف جو بزرگان دین سی آپکو پہونچے اونکو بسرگرمی تمام سالہائے دراز تک کرتے
رہے ورترک نفرمایا ابتدا سے راہ توحید پر ایسے مستقل ہوئے کہ تا دم آخر اوسپر قایم اور پختہ رہے گو صدہا
طرح کے بزرگون سے ملے مگر اوسمین سر مو فرق نہ آیا بلکہ روز بروز استقلال افزون ہوتا گیا استقامت
راہ خدا مین عجب دولت ہے محمد بن الفضل البلخی کا قول ہے کہ وہ چیز کہ جسکے ہونے سے سب یکسان ہیں

ہوں اور ہوتے سادہ کے سب شفیان ثقفی ابن ؟ کیا ہے استقامت ہی کی سی طرح جناب رسالت مآب
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے کچھ وصیت فرمائیے فرمایا آمنت باللہ ثم استقم
ہندو مسلمان سالک مجذوب کافر و مومن منتہی نابلد اہل فن اہل کمال جاہل ناقص سب کے ساتھ عمر بھر یکساں
آپ کے مزاج پر جو ایک بار ہوتے دیا پابندی شریعت اور طاعت عبادت شبانہ روزی میں سرمو
فرق نہ آیا اپنا طریقہ اور وضع کی محبت رہی عوام الناس کے فائدہ کے لیے نقش و تعویذ دیتے تھے جسکو
ورد و کسب و جاہ و عا کے لیے بتلائے اٹھارہ برس چند ماہ پانی پت میں قیام کیا مکانوں کے کھلے
تھے کوئی دربان نہ تھا کہ سد در وارد و شل یا ہیچ آپ کے یہاں نہ ہوتے تھے — **شعر**

چو کعبہ قبلہ حاجت شد از دیار بعید	روند خلق بدیدارش از بسی فرسنگ

جو لوگ دور سے کسی کام دینی یا دنیوی کے واسطے خدمت میں حاضر ہوتے نہایت خلق اور محبت
اور خوشی کے ساتھ اونکے حال کے پرسان ہوتے تھے اور جبتک کوئی رہے اوسکو ٹھہراتے تھے کبھی تنگ
وک نہ ہوتے تھے اور جب کوئی نزدیک یا دور سے چلا آتا اور یہ کہتا کہ میری حاضری اور عرض معروض
سے آپکا کچھ ہرج اوقات نہو تو بجواب اوسکے ارشاد فرماتے کہ آپ بھی تو اپنا ہرج اوقات کر کے
یہاں تشریف لائے ہیں جس شخص کے ساتھ ذرا سی شناسائی تھی اوسکے ساتھ تمام عمر مروت سے نباہی
بلکہ اوسکی اولاد اور متوسلین کے ساتھ وہ مہربانہ الطاف فرمائی کہ سبحان اللہ اور با این ہمہ بے
تعلقی اور آزادی ایسی ملی کہ اللہ اللہ

امیر غریب حاکم محکوم سب سے دن رات کا معاملہ ایک صورت پر تھا کسی کی زیادہ تعظیم تکریم تھی نہ
تحقیر سماع کا بالکل شوق نہ تھا کبھی مجلس سماع کرتے تھے نہ کبھی سنتے تھے فرماتے کہ گو سماع اہل
صفا کے واسطے غذا روح ہے مگر خطرے سے خالی نہیں کبھی وجد بھی نہیں ہوتا تھا اور طریقہ قادریہ میں وجد
بھی نہیں ہے اکابران تمام دوست پر اعتراض نہیں فرماتے تھے عرس کسی بزرگ کا نہیں کرتے تھے
ذکر نے والوں کو منع فرماتے تھے نہ کسیکو اپنی حرکت سے کرنیکی تحریک کرتے تھے مشائخ زمانہ کے موافق مرید

سامنے بٹھانا آنکھیں بند کرانا حلقہ کرنا توجہ دینا آپکا شیوہ نہ تھا بلکہ یون فرمایا کرتے تھے کہ شیخ کا باطن ہے متوجہ رہنا اور اوس نزدیک کے واسطے کہ رنگ ہے یہہ کوئی ضرورت نہین کہ ایک شکل اور ہر رخ بنا کر توجہ دیجاوے صرف خیال دلی کافی ہوتا ہے چنانچہ بارہا ایسا ہوتا تھا کہ گفتگو اور کلام فرماتے مین اور بہت سے آدمی حاضر ہین اور اونھین سے گفتگو کرتے تھے جسکی طرف ذرا آپ خیال فرماتے تھے تمام اوسی پر اثر فیضان ایسا ہوتا تھا کہ وہ بیخود ہوجایا کرتا تھا شیخ کی ذات مثل دکان عطار کے ہے جو آئیگا مشام معطر ہوگا اور جسطرف خیال فرمائیگا دور و نزدیک والے فیضیاب ہونگے **اشعار**

آن دلے کز آسمانہا برتر است — آن دل ابدال یا پیغمبر است
دست پیر از غائبان کوتاہ نیست — دست او جز قبضۂ اللہ نیست
کار مردان روشنی و گرمی است — کار دونان حیلہ و بیشرمی است
صورتش بر خاک و جان بر لامکان — لامکانی فوق وہم سالکان

مشایخان طریقت کے طور پر سامنے بٹھا کر توجہ دینے کا باعث یہہ بھی تھا کہ توجہ بڑی قوی تھی متحمل ہونا دشوار تھا ایک دفعہ ایک طالب خاص کو اپنے سامنے بٹھا کر ذرا سی یہ توجہ دی تھی اوس توجہ کے لینے سے جو کچھ اوسپر گذرا تھا لائق تحریر نہین ایک دفعہ ایک شخص نے خدمت مین حاضر ہو کر بار بار اصرار کیا کہ مجھے آپ توجہ اتحادی دیجیے از راہ انکسار فرمایا کہ ہم اس لائق نہین مین توجہ اتحادی دینے کے واسطے بڑی لیاقت چاہیے اور لینے کے واسطے بھی بڑا ظرف اور حوصلہ چاہیے حضرت خواجہ باقی باللہ صاحب نے جو نانبائی کو توجہ دی تھی اور صورت اوسکی بعینہٖ خواجہ صاحب کی سی ہوگئی تھی تیسرے دن مر گیا اس توجہ کا کیا لطف ہوا اوس شخص نے نمانا اور اصرار کرتا رہا فرمایا کہ اچھا اوٹھو اور مبارز خان صاحب کی مسجد مین چلو اتنا سنتے ہی وہ شخص بیخود ہوگیا اور حجرہ ہی مین بیٹھا ہی رہگیا فرمایا کہ اسی ظرف اور حوصلہ پر توجہ اتحادی لینا چاہتے ہو چلو اوٹھو [illegible] بارہا فرماتے تھے کہ مشایخان طریقت لطائف ستہ سے توجہ دیتے ہین کاملین کے نزدیک سارا جسم ایک لطیفہ ہے اعلی درجہ کی توجہ یہہ ہے کہ تمام وجود سے طالب کی طرف متوجہ ہو ایسی توجہ کے دینے

اس بات پر بہت اصرار کیا کہ آپ ایک دفعہ ایک بزرگ نے
والے اور لینے والے دونون کم ہوتے ہین وہ فضل سے متعلق ہے
مجہے توجہ دیجیے آپ نے سمجہایا کہ میان راہ خدا مین جسکو ہونا ہو نا کہتے ہین
توجہ سے کیا ہوگا اوسنے نمانا فرمایا کہ تم ہمکو یہہ لکہدو کہ اگر متحمل نہوئے اور ہلاک ہوگئے تو ہمسے مواخذہ
نہو تب وہ خاموش ہو رہا فرماتے تھے کہ حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کی توجہ ایسی تہی کہ جیسے
وجود مین صور پہونکدے یا ایک دفعہ کی توجہ کافی ہوجاتی تہی اور حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کی
توجہ ایسی قوی تہی کہ قبل از دینے توجہ کے چند ظروف گلی خام منگا کر اول اوسکے اوپر نظر ڈالتے تھے
اوسکے بعد طالبون کی طرف توجہ اور التفات فرماتے تھے ایک دن موضع بابری مین منشی فضل رسول
صاحب سے توجہ کا ذکر فرما رہے تھے ذکر کرتے کرتے اتفاقیہ زبان مبارک سی یہہ بات بہی نکل گئی کہ جیسے
توجہ عام مشایخ دیتے ہین اس قسم کی توجہ تو اگر سو دو سو آدمی ہون اونکو ذرا سی دیر مین دیجا سکتی
ہے جسوقت خاص اوقات مین عرفان ربانی اور دقایق وجدانی اور حقایق سبحانی کا دریا جوش
مارتا تھا عام انسان اور خدام تو درکنار جاہل اور ناقص بہی ایسی کامیاب ہوتے تھے کہ اوس کیف
کا لطف اور اوس لطف کا کیف اونکی طبیعت سی نہ جاتا تھا عالی ظرفی و والا ہمتی بلند حوصلگی ذی
استعدادی کا یہہ حال تھا کہ باوجودیکہ بہت بزرگون سے آپکو فیض و فاید حاصل ہوا اور اکثر اولیاء
انبیاء سے کہ جو اس جہان فانی سے رحلت فرمائے عالم جاودانی ہوگئے ہین فیضیاب ہوئے اور مجاہدہ
اور ریاضت بہی بے حد مثل بعض بزرگان متقدمین کیا ہزارون کوس طلب فدات مین تنہا پیادہ پا پہر
صدہا مزارات پر گئے ذکر شغل دعا شنا طریقہ اسلام اور اہل ہنود کے کئے زمانہ طفلی سے تا دم آخر اسی
مین مصروف اور مشغول رہے مگر ایسے سمندر نوش تہے اور ایسا آپکا ہاضمہ اس راہ مین تھا کہ سب طرح کے
سلوک اور فیضان سالک و مجذوب کو ہضم کرتے چلے گئے اور کسی طرحکا حال ظاہری مین تغیر واقع نہوا تمام
عمر سلوک ہی مین بسر کی اگرچہ ظاہر اور باطن کا سب کچہہ کمال تہا اور سب کچہہ دیکہا بہالا مگر اکثر یون فرماتے تہے رباعی

انچہ دیدیم درین باغ ندیدن بہ بود	ہر گلی تازہ کہ چیدیم نچیدن بہ بود
ہر قبائے کہ خریدیم باوقات عزیز	بود اگر یوسف مصری نخریدن بہ بود

جس طالب مین مادہ ذات پرستی و توحید نظر کامل سے معلوم فرماتے تھے اوسکو وقت بیعت ہے التوحید اسقاط الاضافات اور تطہیر القلب ما سوا اللہ سمجھاتے تھے اور اسم ذات اور نفی اثبات کے سوا کچھ تعلیم نکرتے تھے ارشاد ہوتا تھا کہ باتباع شریعت غرا از رذایل اعمال و اقوال سے بچو سلوک کو بجد و جہد و ریاضت و طاعت طے کرو رفتہ رفتہ خیالات ما سوی اللہ مٹاؤ تاکہ توحید حاصل ہو ۔ اشعار

دل صفا از صیقل توحید کن	ترک از پندار و از تقلید کن
ظاہر از افعال نیکو پاک دار	باطن از حق الیقین بے باک دار

بعض کو ابیات توحیدی پڑھوا کر ذکر شغل کی اجازت دیتے تھے جس طالب کو ناتوان اور ضعیف البدن دیکھتے تھے اوسکو فقط نظری فیوضات سے مشرف کرتے تھے چنانچہ محمد اسمعیل صاحب برادر خورد محمد عبد الحکیم صاحب جسوقت بیعت سے مشرف ہوئے بسبب ضعیف و ناتوانی انکو ذکر شغل کچھ آپنے تعلیم نکیا اور فیض نظری سے مشرف فرمایا نہ تصور اپنا کسی طالب توحید کو بتایا نہ کوئی ذوق انگیز شغل کی تعلیم فرمائی ہان جنکا مادہ قابل تصور پایا اونکو بتایا آپکی تعلیم باغبان تجربہ کار کے سے ابیاری تھی بعض کو بلا مجاہدہ و ریاضت سیر عالم ملکوت و جبروت اس آسانی سے کرائی کہ عقل بخین کام کرتی اور جب کسیکو جذبات سکر کی صورت پیش آئی افاقیہ توجہ ایسی دی کہ معاً حالت درست ہو گئی اگر کسی طالب نے اپنی خواہش سے کچھ تعلیم چاہی اوسکو رمز و کنایہ سے اوسکی لیاقت جتا دی اگر سمجھ گیا بہتر ورنہ وہ پیش آیا جس سے پھر اوسکی تمنا نکرے اسکا عظمت اللہ خان نامی باشندہ میرٹھ پہلے طریقہ نقشبندیہ مین شاہ احمد سعید صاحب دہلوی کے مرید تھے اور مولوی نیاز علی صاحب کی خدمتمین بھی کبھی کبھی آتے تھے جب آپ کی خدمت مین پہونچے قادریہ سلسلہ مین مرید ہوئے پنج سورہ آپ نے پڑھنے کو بتایا اونھون نے التماس کیا کہ راہ توحید کی مجھے تعلیم فرمائی فرمایا استخارہ کرو استخارہ کیا تو معلوم ہوا مولوی نیاز علی صاحب کا انتقال ہو گیا اور حضرت قبلہ نفی اثبات تعلیم فرماتے ہین صبحکو یہ خواب عرض کیا ارشاد ہوا کہ ۳۰ یا ۳۵ دفعہ نفی اثبات کر چند روز کرتے رہے جب اونھون نے اجازت سے زیادہ نفی اثبات کرنا شروع کیا خور و نوش مین فرق آگیا حالت بگڑنے لگی پھر خدمت مین آکے عرض کیا ارشاد ہوا مت کرو پھر کبھی نکر سکے دوسرے بزرگ کے مرید کو حتی الوسع

یکایک مرید نہین فرماتے تھے سالہا سال کے جمے ہوئے رنگ کا مٹانا اور دوسرا رنگ چڑھانا خالی از دقت نہین ہوتا جب مشغولی حق سے فرصت ملے تب اس مین اپنی اوقات صرف کیجیے اگر کسی نے حد سے زیادہ اصرار کیا اور تکلف ہوا تو آپنے ناچار ہو کر مرید کر لیا پہر جس رنگ کا ہوتا تھا اوسی طریقہ اور اوسی پیرایہ سے فیضیاب فرماتے رہتے تھے اور اوسی قسم کے ورد و وظایف شغل اشغال اوسکو تعلیم فرماتے تھے کہ فیضیابان خاندان چشتیہ و نقشبندیہ خدمتمین مستفیض ہوئے کبہی اونکو سوائے اونکے طریق کی اور کوئی تعلیم اپنے نفرمائی اور کسی خادم یا مرید کو سوائے دوست یا آشنا کے اپنا مرید نہین فرماتے تھے۔ ایک دفعہ منشی فضل رسول صاحب نے خدمت مین عرض کیا کہ آپکو خدائے تعالی نے بڑا جامع کمال اور عالی ظرف اور ذی استعداد پیدا کیا کہ باوجود حصول کمالات گوناگون آپکے ظاہری حال مین کچھ فرق نہ آیا فرمایا کہ جیسے ہمارے حال مین تغیر واقع نہین ہوا ہے انشاء اللہ تعالی ویسا ہی تیرا حال بھی رہیگا یعنے تو بھی سلوک مین رہے گا پھر فرمایا کہ جیسے شراب پینے کا لطف اور کیفیت اور سرور اوس حالت مین پینے والے کو ہوتا ہے کہ جب اوسکے ہوش و حواس قایم رہین ویسا ہی فقر کی راہ کا حال ہی جو شخص شراب ایسی پیتا ہے کہ بالکل مدہوش اور بیخود ہو جاتا ہے اوسکو شراب نوشی کا کچھ لطف حاصل نہین ہوتا ہے اور کمیل بھی اس راہ کی حالت سلوک مین قرار واقعی ہوتی ہے اگر قبل از تکمیل کسی پر غلبہ حال ہو جائے تو اوسکی تکمیل مین ایک گونہ نقص ہو جاتا ہے جن بزرگان پر بعد تکمیل کے غلبہ استغراق اور فنا کا ہوا ہے وہ کو اس راہ مین یکتائے روزگار ہوئی ہین استغراق اور فنائے ذاتی جو مقصد اعلی و انتہا اس راہ کا ہے وہ آپکو حق نے ایسا عطا فرمایا تھا کہ شاذ و نادر کسیکو نصیب ہوا ہو گا یہہ موہبت الہی ہی خود اختیاری نہین گفتگو اور کلام کرتے کرتے جسوقت موج فنا آتی تہی حس و حرکت اور گفتگو کلام سب موقوف ہو جاتا تھا حاضران خدمت سب خاموش بیٹھے رہتے تھے جب بحر ناپیدا کنار استغراق اور فنا سے مثل غواص کے باہر آتے تھے پہر بدستور اوسی طرح ہوش و حواس کے ساتھ گفتگو اور کلام فرمانے لگتے تھے اور حالت فنا اور استغراق برسون ہی آپپر وارد تھی اور تا دم اخیر وارد رہی آیام بیماری مین بباعث ضعف و نحافت اور بھی اوسکا زیادہ غلبہ ہو گیا تھا خواب بیداری آپپر برابر تہی اس حالت مین جملہ

صفات سالک کی صفات حق مین محو ہوجاتی ہین جیسے عامۂ خلایق خواب مین سودای سود و زیان سے امن مین ہوتے ہین عارف کامل بیداری مین وسواس ماسوی اللہ سے فارغ ہوتا ہے **اشعار**

عین این وادی فراموشی بود
گنگی و کری و بے ہوشی بود

صدہزاران سایۂ جاوید تو
گم شدہ بینی ز یک خورشید تو

سالکانِ پختہ و مردان مرد
چون فرو رفتند در میدان درد

چون ہمہ در گام اول گم شدند
گر جمادی و اگر آدم شدند

عود و ہیزم چون بآتش در شوند
ہر دو بر یک جای خاکستر شوند

جامۂ از نیستی در پوش تو
کاسۂ پر از وفا کن نوش تو

تا نگردی بے خبر از جسم و جان
کے خبر یابی ز جانان یک زمان

تا کہ تو دم میزنی ہمدم نئے
تا کہ موئی ماندۂ محرم نئے

گر تو خواہی تا بدین منزل رسی
تا کہ موئے ماندۂ مشکل رسی

انچہ کارِ تست مردانہ در آئے
عقل برہم سوز مردانہ در آئے

قطرہ بودم گم شدم در بحر راز
مے نیابم این زمان آن قطرہ باز

محو گشتم گم شدم ہیچم نماند
ذرۂ در دل خم و ہیچم نماند

نیست ہرگز گر تو ہست و رکھن
زان فنا بعد از بقا کس را سخن

ہمچنان کو خویش دورست از نظر
شرح او دور است از وصف و خبر

زانکہ اسرارِ بقا بعد از فنا
ان شناسد کو بود او را سزا

تا تو ہستی در وجود و در عدم
کے توانی زد در آن منزل قدم

نیست شو تا ہست از پی در رسد
تا تو ہستی ہست در تو کی رسد

زانکہ ہشیاری گناہِ دیگر است
راہِ فانی گشتہ راہِ دیگر است

چون بطوفِ خود بطوفی مرتدی
چون بجانانہ آمدی ہم باخودی

پیش ہست او ببابد نیست بود	چیست ہستی پیش او کور و کبود
ہست خود در ہست آن ہستی بباز	ہمچو مس در کیمیا اندر گداز
ہرکہ او را ہستی خود دور شد	منتہائے کار او مسرور شد
سایہ آئی و عاشقی بر آفتاب	شمس آید سایہ لا گردد شتاب
ہمچنین جویائے درگاہ خدا	چون خدا آید شود جویندہ لا
گرچہ آن وصلت بقا اندر بقاست	لیک ز اول آن بقا اندر فناست
چیست معراج فلک این نیستی	عاشقان را مذہب و دین نیستی
سر موتوا قبل موتوا این بود	کز پس مردن غنیمتہا رسد
زندگی در مردن و در محنت است	آب حیوان در درون ظلمت است
آب دریا مردہ را بر سر نہد	ور بود زندہ ز دریا کے رہد
بے ہشانرا می دہد حق ہوشہا	حلقہ حلقہ حلقہا در گوشہا

نسبت جذب بہی آپکو بزرگون سے پہونچی تہی گاہ گاہ اوسکا اثر بہی ہوتا تہا بباعث ضابط ہونے
کے ہر ایک کو اوس نسبت کے وارد ہونے کی تمیز نہین ہوتی تہی ایسی حالت مین خادم خاص کا خدمت مین
حاضر رہنا پسند نہین فرماتے تہے اس حالت کی نظر سے اوسکو محفوظ رکہنا چاہتے تہے اس وجہ سے کہ اگر
اتفاقاً ایسی حالت مین نظر طالب پر پڑگئی اور وہ فیض نظری کا متحمل نہوا اور دفعتاً جذبہ غالب ہوگیا تو تجلی
خراب ہوجائیگا اور مرتبہ تکمیل کو نہ پہونچے گا اور راہ سلوک مین خلل پڑجائے گا بوقت وصال بہی
اسکا بہت لحاظ رکہا ایک نسبت جذبی خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ سے بہی آپکو تہی ابتدا مین مرتبہ
فنافی الرسول آپکو حاصل ہوچکا تہا مگر بباعث غلبہ فنافی الذاتی زیادہ تر ذات کی طرف رجحان تہا
اور جو کچھ معاملہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور خواجہ اویس قرنی رحمت اللہ علیہ عاشق صادق
رسول مقبول کے ساتھ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور دیگر اصحاب کبار کے ساتھ اور نیز حصول فیضان
روحی دیگر اکابران کا تہا وہ لائق تحریر اور تقریر نہین ہے فرمایا کرتے تہے کہ جو کچھ فیض فائض روحی

کسی نبی یا ولی سی حاصل ہو یا جو کچھ فیض و فائدہ اون بزرگون مین سی حاصل ہو جو بقید حیات ہین سبکو حاصل کرے اور نچھوڑے مگر ذات ہی کی طرف لگا رہے اور سبکو منسوب بذات کرے آپ خطہ ہندوستان مین قطب ارشاد تھے جو بزرگ سالک یا مجذوب نزدیک یا دور ہندوستان مین اہل باطن تھے از راہ باطن سبکو آپکے قطب ارشاد ہونے کا علم تھا اور کمالات باطنی مین فرد الافراد اور توحید مین لاثانی یگانہ آفاق عارف بے باک تھے اور منجملہ کمالات دیگر مرتبہ غوثیت یعنی جدا ہوجانا اعضا کا جو مشہور ہے یہہ بھی آپکو حاصل تھا ایک دفعہ ایک شخص نے اتفاقیہ بوقت شب اس حالت کو دیکھ لیا تھا اوسکو آپنے منع فرما دیا تھا اوسکے بعد جب تک وہ زندہ رہا رات کو جس وقت حجرہ کی طرف دیکھتا تھا اوسکو کچھ نظر نہین آتا تھا گلزار کشف کرامت مین یہہ حال مفصل لکھا جائیگا خواجہ بھاری رحمت اللہ علیہ کی حال مین لکھا ہی کہ خواجہ بہاری ایک دفعہ شیخ محمد فاضل کے گھر مین جاکر رہے اہلیہ محمد فاضل کا نسہ آش خواجہ بھاری کے واسطے لیگئی جب حجرہ کے دروازہ پر پھونچی دیکھا کہ خواجہ کے اعضا جدا جدا پڑے ہین کسی نے قتل کر ڈالا ہے فریاد کرتی ہوئی شوہر کے پاس آئی اور حال بیان کیا شوہر نے جاکر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ خواجہ صحیح اور سلامت مراقبہ مین مصروف ہین۔ مرتبہ طے الارض بھی آپ کو حاصل تھا ہزارون کوس کا سفر پیادہ پا تھا طے کیا اور کچھ گران معلوم نہوا اوسکا یہی باعث تھا دہلی پانی پت سی چالیس کوس ہی ایک دفعہ آپ جمعہ کی نماز کے واسطہ پانی پت سی دہلی مین بوقت نماز جمعہ تشریف لائے اور نماز پڑھکر اوسیوقت پانی پت کو واپس تشریف لیگئے دہلی مین جنہون نی دیکھا متعجب اور متحیر رہ گئے مرتبہ جسم اکتسابیہ بھی حاصل تھا چونکہ آپ عارف کامل مکمل تھے اور عبور آپ کا عالم بیرنگی مین تھا اور جسکا عبور عالم بے رنگی مین ہوتا ہے وہ جس شکل و صورت اور ہیئت مین متشکل ہونا چاہی ہو سکتا ہے ایسا ہی آپکا حال تھا اور نسبت حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر رحمت اللہ علیہ کی آپ فرمایا کرتے تھے کہ قلندر صاحب جب چاہتے تھے شیر بن جایا کرتے تھے ایک دفعہ جو آپ شیر بنے اور حضرت خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی قدس اللہ سرہ کو خبر ہوئی تو آپنے فرمایا کہ شیر را بیشہ می باید اوس روز سی آپنے شہر پانی پت کو چھوڑ دیا اور شہر سے باہر کچھ فاصلہ پر ایک جگہہ جا رہے اور حضرت مولانای روم رحمت اللہ

نقل ملکہ زمان بانوی جہان خاتون سلطان کرخم مولانای روم رحمۃ اللہ علیہ کو بہی یہہ مرتبہ حاصل تہا علیہ کے مرید تہے اور آپکی کمال محبت و عقیدت رکھتے تہے بمقتضای غلبۂ شوق آپکی خدمت مین اونے جانا چاہا مگر سلطان کے باعث سے حاضر نہو سکے ناچار ہو کر عین الدولہ کو جو مصوری مین کمال رکھتا تہا مولانا صاحب کی خدمت مین تصویر کہینچنی کو روانہ کیا جب وہ مولانا صاحب کی خدمت مین پہونچا ہنوز کچہہ کہنے نہین پایا تہا اپنے فرمایا کہ مصلحت ہے اگر تجہسے ہو سکے وہ تصویر کشی مین مشغول ہوا جب دوسری دفعہ اوسنے آپکی طرف دیکہا تو اور صورت نظر آئی غرض کہ جب آپکی طرف دیکہتا جب ہی اور صورت نظر آتی ہیں کاغذون پر بیس طرح کی تصویر اوسنے کہینچی آخر اونے متحیر ہو کر نعرہ مارا اور بے ہوش ہوگیا جب ہوش آیا تو قلم کو توڑ ڈالا اور عاجزانہ سجدے کرنے لگا حضرت مولانا صاحب نے بحالت وجد اور مستی کے یہہ شعر فرمائے **اشعار**

این چہ بیرنگ و بے نشان کہ منم	کے بہ بینی مرا چنانکہ منم
گفتی اسرار در میان آمد	کو میان اندرین میان کہ منم
کے شود این روان من ساکن	اینچنین ساکن روان کہ منم

مکاشفہ ذاتی علم و آگہی باطن الہام القا کشف اسرارات الٰہی و دیگر کمالات باطنی کا کچہہ بیان نہین ہو سکتا اور وہ حالات اور کمالات لایق تحریر بہی نہین ہین جب کبہی غلبۂ حال ہوتا تہا اوسوقت بیان حقایق اور دقایق اور رموزات توحید کا مثل شطحیات بہی زبان مبارک سے بے باکانہ ہوتا تہا شطحیات اکثر بزرگون کی زبان سے بوقت ورود حالت سرزد ہوتے رہے ہین حضرت منصور سے انا الحق اور حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے سُبحَانِی مَا اَعظَمَ شَانِی اور شیخ جنید سے لَیسَ فِی جُبَّتِی سِوَی اللہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اَنَا اَخَذتُ العَہدَ عَلَی الاَروَاحِ فِی الاَزَلِ اَنَا المُنَادِی لَہُم اَلَستُ بِرَبِّکُم اَنَا مُخرِجُ مَن فِی القُبُورِ اَنَا حَیٌّ لَا یَمُوتُ اَنَا جَاوَزتُ بِمُوسَی البَحرَ وَاَغرَقتُ فِرعَونَ وَجُنُودَہُ اَنَا اَرسَیتُ الجِبَالَ الشَّامِخَاتِ وَفَجَّرتُ العُیُونَ الجَارِیَاتِ ۔ مگر اکثر اسرارات توحید سے بلحاظ ابتری یا کم فہمی یا تنگ ظرفی بعض طالبان کی بہر گریز فرماجاتے تہے بقول مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ **بیت**

شرح این را گفتی من از مری | ایک ترسم تا نہ لغزد خاطری

اور فرماتے تھے کہ جیسے دوئی از راہ گوش جاگزین دلون مین ہوئی ہی اوسی طرح حالات اور کلمات توحید و وحدت سن سنکر خارج ہوگی رباعی

من بندۂ آن کسم کہ شوقے دارد | بر گردن خود ز عشق طوقے دارد
تو لذتِ عشق و عاشقی کے دانی | این بادہ کسے خورد کہ ذوقے دارد

اس موقع پر بجناب باری التجا اور دعا کرتا ہون۔ اشعار

خداوندا دلی بخش این گدا را | کہ اندر وی نہ بینم جز خدا را
خداوندا چگویم من ازین بیش | توئی دانا و بینا بر ہمہ چیز
چہ داند پاکی تو خلق خاکے | زہے پاکی کہ ما دانیم پاکے
خدایا رحمت دریاے عام است | ازان یک قطرۂ ما را تمام است
چہ کم گردد ازان دریاے رحمت | کہ یک قطرہ کنی بر خلق قسمت
منم با صد ہزاران ناتوانی | تو دانی تا چہ میخواہی تو دانی
توئی مقصود جان جاودانی | خداوندا بمقصودم رسانی
توئی معنی و بیرون تو اسم است | توئی گنج و ہمہ عالم طلسم است
یکو گوئی یکو گفت است در ذات | کہ التوحید اسقاط الاضافات
نہ بینم من بجز تو چیز دیگر | تو ہستی و نباشد غیر دیگر

ایکدن منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ شیخ عطار صاحب رحمت اللہ علیہ نے اپنی تصنیفات مین تحریر فرمایا ہے کہ ہمکو موت حیات کا غم نہین رہا خدا نے موت حیات سے ازاد کر دیا فرمایا کہ یہہ فرمانا شیخ عطار صاحب رحمت اللہ علیہ کا درست اور بجا ہے خداوند کریم نے ہمارے اوپر بہی ایسا فضل فرمایا ہے ہمکو بہی کچھہ غم نہین ہا سلطان نظام الدین صاحب رحمت اللہ علیہ کی نقل فرمائی کہ ایکدفعہ ایک نے سلطان جی رحمت اللہ علیہ کی خدمت مین عرض کیا کہ انبیا اور اولیاء اللہ کے زندہ رہنے کی

نسبت جو روایات ہین یہہ صحیح اور درست ہین یا نہین اپنے فرمایا کہ بعد چھہ ماہ کے ایک شخص برقع پوش تمکو ملیگا اوس سے تم سوال کرنا وہ تمکو اسکا جواب دیگا بعد چھہ ماہ کے سلطان جی کا وصال ہوگیا بعد وصال کے ایک دن ایک شخص برقع پوش اوس سایل کو ملے اوسکو ارشاد سلطان جی کا یاد آیا اور وہ سوال احیای انبیا اور اولیا کا اوس برقع پوش سے کیا اونھون نے اوسکے جواب مین برقع اوٹھاکر اپنا چہرہ مبارک دیکھلا دیا سلطان جی بذات خود تھے اوسکو دیکھتے ہی یقین کامل احیای انبیا اور اولیا کا ہوگیا **شعر**

تونے اپنا جلوہ دیکھا دیا جو نقاب موٴنہہ سے اوٹھا دیا	وہین محو حیرت بیخودی مجھے آئینہ سا بنا دیا

صاحب خزینة الاصفیا نے موسی پاک شہید قدس سرہ کے حالمین لکھا ہے کہ یہہ قطب الآفاق حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی رض کی اولاد مین سے تھے اور بحالت بیداری جناب ممدوح کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے شیخ حسین لاہوری قدس سرہ کے حال مین لکھا ہے کہ شیخ حسین رح دن کو بیابان اور نیستان کنارہ دریای راوی مین رہتے تھے اور رات کو شیخ علی مخدوم گنج بخش صاحب رح ہجویری کے مزار پر ایک دن رات کو تنہا مزار پر حاضر تھے تمام مکان مزار کا پر انوار ہوگیا اور حضرت مخدوم صاحب خود نمودار ہوئے اور توجہ کامل شیخ حسین رح کی حال پر فرمائی اور واصل حق کیا اور شیخ حسین رح پر عرش سے فرش تک جو کچھہ تھا منکشف ہوا **اشعار**

ہر کسے زاندازہ روشن دلے	غیب را بیند بقدر صیقلے
ہر کہ صیقل بیش کرد او بیش دید	بیشتر آید برو صورت پدید

شیخ میر المشہور بمیان میر بالا پیر قادری لاہوری رح کے حال مین لکھا ہے کہ جسوقت چاہتے تھے دیدار فیض آثار حضرت غوث الثقلین رض سے شرف یاب ہوتے تھے اور شاہ محمد غوث لاہوری گیلانی رح فرماتے ہین کہ جب مین بتلاش حق لاہور پہونچا مقبرہ عالیہ میان میر لاہوری مین رہتا تھا ایک رات کو میان میر صاحب تشریف لائے اور توجہ مجھہ پر فرماکر ایک شغل عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اس شغل مین مشغول رہو اور کسی پر ظاہر نکرنا اور صاحب اقتباس الانوار نے شیخ عبد القدوس گنگوہی صاحب رحمت اللہ علیہ کے حال مین لکھا ہے کہ ایک طالب خدا جب سارے مراتب طی کر چکا تو اوسکے دل مین تجلی ذات کی کیفیت کا شوق پیدا ہوا اور پیر اوسکے

بلخ کو چلے گئے تھے عبد القدوس رحمت اللہ علیہ کے مزار پر رات کو روتا رہا دو شب تو یہہ آواز آتی رہی کہ کیا بلخ دور ہے تیسرے دن ایک شخص گھوڑے پر سوار ہو کر آئے کہ ہم بلخ کو چلتے ہین تو بھی ساتھ چل غرض منزل بمنزل وہ بزرگ ساتھ گئے جب بلخ تھوڑی دور رہ گیا تب طالب کو اثناء راہ مین چھوڑ کر آپ آگے تشریف لے گئے اور وہان جاکر اوسکے پیر کو سمجھایا کہ تم اونکو جاکر لے آؤ اور دو تین دن دعوت کرنا اور پھر یہہ تعلیم کر دینا یہہ کہکر وہ بزرگ غایب ہو گئے چنانچہ پیر طالب کو اگر لیگئے فرمانے کے موافق دعوت کی اور وہی تعلیم کر دی جو کچھہ وہ بزرگ فرما گئے تھے اور یہہ بھی کہدیا کہ یہہ بزرگ جو تمہارے ساتھ آئے تھے یہہ حضرت عبد القدوس صاحب گنگوہی تھے اور حضرت خواجہ قطب الدین صاحب کاکی اوشی رحمت اللہ علیہ کے حال مین لکھا ہے کہ حضرت سلطان المشایخ سلطان نظام الدین غیاث پورسے خواجہ قطب الدین صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر جایا کرتے تھے ایکدن اونکے دلمین یہہ خیال آیا کہ میری آنے کی خبر خواجہ صاحب کو ہوتی ہی یا نہین جب مزار پر انوار کے قریب پھونچی تو دیکھا کہ مزار کے چبوترہ پر خواجہ صاحب تشریف رکھتی ہین اور کہتی ہین

مرا زندہ پندار چون خویشتن ؞ من آیم بجان گر تو آئی زتن

اگرچہ باسباب ظاہر خاص و عام کے مرگ مین کچھہ تفاوت نہین معلوم ہوتا ہے یکسان نظر آتا ہے مگر عالم باطنی بڑا فرق ہی سید محمد گیسو دراز رسالہ عشقیہ مین فرماتے ہین کہ عام کی موت اور ہے اور خاص کی موت اور ہے عام کی موت فصل ہے اور خاص کی وصل مرنا خاص کا عین زندگی ہی اور مرنا عام کا دوری اور مہجوری اَلْمَوْتُ جِسْرٌ یُوصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ عاشق بیچارہ ہر دم مرتا ہے اور ہر موت سے حیات دیگر اور جان دیگر پاتا ہے

کشتگان خنجر تسلیم را	ہر زمان از غیب جانی دیگر است

اسکو وہی جانتا ہے جسپر گذری ہی سب مسافر ہین اور ہر مسافر کا ایک وطن ہے جب تک اپنے وطن کو مسافر نہین پھونچتا اوسکو قرار نہین ہوتا عام کا وطن اور ہی اور خاص کا وطن اور صالحین کا وطن اور صدیقین کا اور عابدون کا وطن اور عارفان کا اور موحد متوطن دایرہ ہویت در کنج نشین خانقاہ عدم اور نہنگان دریای محیط ہین جو اولیاء اللہ کہ مرتبہ فنا و بقاء ذاتی کو پھونچکر اس وجود خاکی کو چھوڑتے ہین اونکا تصرف و بینائی اور گویائی اور شنوائی جیسے بحالت حیات اس عالم مین تھی وجود خاکی کے بعد باقی رہتی ہے بلکہ اوس سے

بھی زیادہ برخلاف عوام کے کہ اونکو یہہ بات حاصل نہین ہوتی

اشعار

سوی مرگ است خلق را آہنگ	دم زدن گام روز و شب فرسنگ
از ثری تا باوج عرش اثیر	ہمہ میرند شاہ میر و فقیر
ہستی حق زوال نہ پذیرد	انکہ مرگ افرید کے میرد
جز دو رنگے نشد ز مرگ ہلاک	ہر دیگر رنگ را ز مرگ چہ باک
نفخہ صور بود مردانست	ہر کہ زان نفخہ خورد مرد آنست
شیر دنیا جوید آبادی و برگ	شیر مولی جوید آزادی و مرگ

جیسے اولیائے کاملین کے سوا قوت و طاقت تصرف او فیض رسانی کے وجود خاکی چھوڑنے کے بعد ہر ایک کو حاصل نہین ہوتی ہے ویسی ہی اس عالم مین سوائے اہل باطن کامل کے ہر شخص کو قوت دید شنید کی حاصل نہین ہوتی ہے

زبان در کام کش تا خامشانرا ہم زبان بینی
بپوشان چشم تا پوشیدہ رویانرا عیان بینی

شیخ بقا ابن بطو رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے فرماتے ہین کہ مین ایکروز مجلس مین حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے حاضر تہا اور وہ منبر پر وعظ فرما رہے تھے ناگاہ وعظ فرماتے فرماتے خاموش ہوگئے منبر پر سے اوترآئے پھر منبر پر تشریف لیگئے اور دوسرے پایہ پر بیٹھے اور دیکھا کہ پایہ اول کشادہ ہوا اور جہانتک نظر جاتی تھی فرش اخضر نظر آتا تہا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم معہ اصحاب کے اوسجگہر رونق افروز تھے اور حضرت حق سبحانہ تعالی نے حضرت غوث الاعظم کے دل پر تجلی کی کہ جسکے باعث سے وہ گرنے لگے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو پکڑ لیا اور نگاہ رکہا بعد اوسکے غوث پاک خرد اور لاغر ہوگئے مانند عصفور کے پھر بالیدہ اور بزرگ ہوئی بصورت سہمناک اور سہمگین کے بعد اوسکے تمام میری نظرون سے چھپ گئے حاضرین نے مجھسے کیفیت رویت حضرت رسول مقبول صلعم اور اصحاب کی دریافت کی مینے کہا خدا تعالی نے انکو وہ قوت دی ہی کہ ارواح مطہرہ انکی متشکل ہوتے ہین اجساد و صفات اعیان کے ساتھ اور دیکھتے ہین انکو وہ لوگ جنکو خدا تعالی نے قوت رویت ارواح او صور و اجساد و صفات اعیان کے دی ہی بعد اوسکے باعث خرد و بزرگ ہونے کا پوچھا فرمایا تجلی اول اوس صفت کے ساتھ ہوئی تہی جسکے

بشر کو قوت متحمل ہونے کی نہین اگر رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہ پکڑتے آپ گر پڑتے تجلی ثانی ساتھ صفت جلال کے تھی اس باعث سے غوث پاک گداخت ہوکر خورد ہوگئے تجلی ثالث ساتھ صفت جمال کے تھی اس باعث سے بزرگ اور بالیدہ ہوگئے ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ان ایام شیخ بقا رحمۃ اللہ علیہ کو قوت رویت تھی اوروں کو نہ تھی جسکو خدا تعالی دیدہ بینا گوش شنوا عطا فرماتا ہے وہ دیکھتا ہی سنتا ہے دولت فقر جسکی نسبت سرور کائینات محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے الفقر فخری فرمایا ہے ایسے بے بہا ہے کہ تمامی روی زمین کی دولت و ثروت و حشمت و سلطنت اسکے مقابلہ مین ہیچ در ہیچ ہے **بیت**

پیش ایشان صد جہان ہمچون خس است	یک اشارت مرد دانا را بس است

یہ دولت بغیر صحبت خدمت محنت ادب تعظیم مردان خدا حاصل نہین ہوسکتی **اشعار**

یاد است مرا این سخن از صاحب دردے	مردی نشوی تا نکنی خدمت مردی
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا	گو نشین اندر حضور اولیا
از حضور اولیا گر بگسلی	تو ہلاکی زانکہ جزوی بے کلی
چون شوی دور از حضور اولیا	در حقیقت گشتہ دور از خدا
اولیا اطفال حق اند اے پسر	در حضور و غیبت آگہ باخبر
پیش خلقان خوار و زار و مستمند	پیش ما محفوظ و مقبول و پسند
ہان وہان این دلق پوشان منند	صد ہزار اندر ہزار و یک تن اند
اندرین وادی مرو بے این دلیل	لا احب الافلین گو چون خلیل

ترک تعلقات ظاہری کرا کے کسیکو جنگل یا تکیہ یا مسجد مین رہنے کی اجازت نہین دیتے تھے فرمایا کرتے تھے

نے گویم کہ از عالم جدا باش	بہر جائے کہ باشی با خدا باش
اے گدا ہر جا نشینی با خدا دیوانہ باش	خواہ در مسجد نشین وخواہ در بتخانہ باش
باخدا گر بت تراشی کعبہ ات سنگ اورد	بے خدا اگر کعبہ سازی از تو بت ننگ آورد

راست گوے بے تکلف بے باک تھے **شعر** * راست گویان در جہان پیدا کم اند *
چون دغل بازان درین عالم پُر اند * ہنود مین سے اگر کوئی بنظر استفادہ تعلیم آتا تھا اوس کو بھی تعلیم فرماتے تھے مگر اوسی پیرایہ مین رکھتے تھے ایک ہندو کو کمال عقیدہ اور محبت اور شوق پیدا ہوا کہنے لگا آپ مجھکو مسلمان کرلین فرمایا گوشت کہانے اور ختنہ کرانے کو مسلمانی اور مومن ہونا سمجھتا ہے کسی مولوی کے پاس چلا جا وہ تجھے مسلمان کرلیگا اور جو دل سے خدا اور رسول پر ایمان اور یقین رکھتا ہے تو الاعمال بالنیات سمجھ

خواجہ الاعمال بالنیات گفت	نیت خیرت بصد گلہا شگفت
نیت مومن بود بہ از عمل	اینچنین فرمود سلطان ازل

حدیث ان اللہ لاینظر الی صورکم واعمالکم ولکن ینظر الی قلوبکم ونیاتکم * **شعر**

ما برون را ننگریم و قال را	ما درون را بنگریم و حال را

جسکو مسلمانی اور مومن ہونا کہتے ہین وہ باوجود سیاحی و جہان گردی و ریاضت و مجاہدہ کے ہمکو بھی ہنوز حاصل نہین ہوئی حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین المومن الموقن العارف لہ عینان ظاہرتان وعینان باطنتان فیری بالعینین الظاہرتین ما خلق اللہ عز وجل فی الارض ویری بالعینین الباطنتین ما خلق اللہ فی السموات ثم یرفع الحجاب عن قلبہ فیراہ بلا تشبیہ ولا تکلیف فیصیر مقربا محبوبا والمحبوب لا یکتم عنہ شی انما یرفع الحجب عن قلبہ اذا تعری عن الخلق وعن النفس والطبع والہوی والشیطان والقی مصابیح کنوز الارض من یدہ واستوی عندہ الحجر والمدر والذہب کن عاقلا ما اقول وتفہم * اذا صح توکل المومن وتوحیدہ عاملہ الحق عز وجل بما عمل بہ ابراہیم علیہ السلام * ایک بزرگ کا ارشاد ہے مادون ہمہ سے جسنے رستگاری پائی وہ مسلم ہے اور جو تمام مرادات اور مقصودات سے امن مین ہو وہ مومن ہے فرمایا کرتے تھے گو ہمنے طریقہ توکل اختیار کیا یعنی واسطہ اوقات بسری کے کوئی طریقہ حصول معاش نہین رکھا مگر اس سے خوش نہین ہین ہمت والے وہی لوگ ہین جو اپنی قوت بازو سے پیدا کرتے ہین اور شیر کا خواص رکھتے ہین آپ بھی کہاتے ہین اور اونکو بھی کھلاتے ہین **اشعار**

نخورد شیر نیم خوردۂ سگ　　گر بسختی بمیرد اندر غار
تن بہ بیچارگی و گرسنگی　　بنہ و دست پیش سفلہ مدار
ہر کہ نان از عمل خویش خورد　　منت حاتم طائی نبرد

نقل ہے ایک جگہہ ایک روباہ بے دست و پا پڑی رہتی تھی ایک درویش نے اوسکو دیکھکر خیال کیا کہ اسکو کھانے کو کہان سے اور کیونکر ملتا ہے اتنے مین ایک شیر آگیا اوسنے ایک گیدڑ کا شکار کیا اور اوسکو کھایا جو کچھہ بچ رہا اوسکو روباہ نے سیر ہوکر کھایا درویش دیکھکر ایک گوشہ مین بیٹھہ رہا کہ غیب سے ہمکو بھی روزی آویگی چند روز مین بباعث گرسنگی جب لاغر ہوگیا اور بے صبر ہوا تب اوسکو آواز آئی کہ اے کم ہمت تو لومڑی نہ بنا شیر بنا **اشعار**

چنان سعی کن کز تو ماند چو شیر　　چو روباہ چہ باشی بوامانده سیر
چو شیران کرا گردن فربہ است　　گر افتد چو روبہ سگ از وی بہ است
بچنگ آر و با دیگران نوش کن　　نہ بر فضلہ دیگران گوش کن
چو مردان ببر رنج و راحت رسان　　مخنث خورد دست رنج کسان
چو باز باش کہ صیدے کنی و لقمہ دہی　　طفیل خوارہ مشو چون کلاغ بی پر و بال

باوجودیکہ تراکیب دست غیب بہت معلوم تہین اکسیر بنانا بھی جانتے تھے مگر کبھی اکسیر سے طلا یا نقرہ بنا کر اپنے صرف مین نہ لائے نہ کبھی دست غیب پر تکیہ کیا **نقل** اوائل عمر مین ایک بزرگ آپکے گھر آئے اور چند روز رہے ایکروز آپکو

قطعہ

اے کریمی کہ از خزانۂ غیب　　گبر و ترسا وظیفہ خور داری
دوستان را کجا کنی محروم　　تو کہ با دشمنان نظر داری

کا پڑہنا دست غیب کے واسطے بتلایا آپنے کیا روپیہ روز آنے لگا جب یہہ حال والدہ صاحبہ کو معلوم ہوا اونکو بھی آپنے بتا دیا اونہون نے بھی کیا اونکو بھی روپیہ آنے لگا پھر والد نے کیا اونکو پانچ روپیہ آئے مگر والد صاحب نے فرمایا ہم پانچ روپیہ روز کے ملازم ہین اگر اسکو کرینگے سلسلہ نوکری کا جاتا رہیگا یہہ کہکر چھوڑ دیا جب دادا صاحب کو خبر ہوئی فرمایا کہ رات کو کرنا کہ اول کے تین اشعار پڑہکر اور مٹھی بند کرکے سو رہو جب

ارشاد کے رات کو اوسکو پڑہا تو پانچ روپیہ آگئے بعد اسکے دادا صاحب نے خفا ہوکر فرمایا کہ حسن فقیر نے تمکو یہہ عمل بتایا ہے وہ بڑا نادان تہا اوسکو چاہئیے تہا کہ فقیری کی طرف لگاتا نہ کہ دنیا کی طرف اور آئندہ کے واسطے منع فرمایا کہ اسکو چھوڑ دو توکل رکھو ہم بہی اسکو جانتے ہین مگر اسکے ذریعہ سے اوقات بسری کرنا گویا خدا کو چھوڑکر دست غیب پر بہروسا رکھنا ہے اوس روز سے آپنے اوسکو چھوڑ دیا ایکروز ایک شخص ساکن پانی پت نے خدمت مین عرض کیا آپ کو اکسیر آتی ہے یا نہین از روی ایمان ارشاد فرمائے فرمایا ہم از روی ایمان کہتے ہین کہ آتی ہے مگر یہہ بہی از روے ایمان کہتے ہین کہ تم کو ہرگز نہین بتلائینگے کسب کرنا چاہئیے بے کسب رہنا اچھا نہین زن فرزند عیال اطفال کو چھوڑکر تکیہ یا جنگل یا پہاڑ مین جا بیٹہنا آسان ہے مگر مردی کے خلاف ہے بہتر یہہ ہے کہ زن و فرزند رکھے جیسے صحابہ کبار کا طریقہ تہا کہ وہ مرد فرد تھے عیال کے خبرگیران ہی یاد خدا مین لگے رہے خواجہ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے مرد آنست کہ در بازار نشیند و نان خرید و داد و ستد نماید و بازیکدم از یاد خدا تعالی غافل نماند بیت

در توکل جہد و کسب اولی تر است	زانکه در ضمنش محبت مضمر است

الکاسب حبیب اللہ رئیست خانصاحب ساکن اترولی کی اس موقعہ پر تعریف فرماتے تھے کہ ہمکو خانصاحب کا شیوہ اور طریقہ پسند ہے اپنے قوت بازو سے بلا منت غیری روپیہ پیدا کرتے ہین آپ بہی کہاتے ہین اپنے خادمون عیال و اطفال کو بہی کہلاتے ہین طالبان راہ خدا سے اپنی خدمت کسی طرح نہین کراتے بزرگان متقدمین کا بہی اکثر یہہ طریقہ رہا ہے کہ جو طالب راہ خدا تعالی ہوتے تھے اونکو خدا تعالی کی راہ پر لگانا اپنے ذمہ فرض سمجہتے تھے اونسے اپنی خدمت نہین کراتے تہے خادمون کو اجازت عام دے رکھی تہی کہ جو کوئی مرد خدا سالک مجذوب ہندو مسلمان ملے اوس سے ملو اور جو کچھ فیض فائدہ حاصل ہو اوسکو حاصل کرو اپنے خادم کو کسی کے پاس جانے آنے سے ممانعت نہین فرماتے تھے ایک روز فرمایا خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ کا یہہ طریقہ تہا کہ جنکو تعلیم اور اپنے فیض باطنی سے بہرہ یاب فرماتے تھے اوسکو اجازت عام دیکر بزرگونکی خدمت

مین بھیجتی تھے اسمین یہہ حکمت تھی کہ طالب کو ابتدا مین اپنے حال کا علم نہین ہوتا جب وہ بزرگون
کی خدمت مین جاتا تھا اور وہ اپنے دیدہ بینا سے دیکھکر فرماتے تھے کہ خوب تعلیم فرمایا ہے اور
اچھے جوہر بہرے ہین تو طالبونکی تشفی ہوتی تھی اور عقیدہ کامل اور پختہ ہوجاتا تھا جو خادم حضرت
آپکے کا کسی بزرگ کی خدمت مین جاتا تھا اونکی طرف کچھ رغبت اور مائل نہین ہوتا تھا اسمین بھی ایک
حکمت تھی کہ جو مرد خدا اہل ذات ہوتے ہین یعنی نسبت ذاتی رکھتے ہین اون سے جو طالب کما حقہ
فیض یاب ہوتا ہے اوسپر صحبت نسبت کسیکی غالب نہین آتی اگر ویسا ہی شیر مرد فرد اہل فرات سے ہو
تب تو اثر صحبت ہوتا ہے ورنہ نہین ہوتا چلہ بھی کسی سے نہین کراتے تھے ذکر شغل حبس دم
کے ساتھ کرنیکی تعلیم نہ فرماتے تھے **قطعہ**

چو ہر ساعت از تو بجائی رود دل	بہ تنہائی اندر صفائی نہ بینی
ورت مال و جاہ است و زرع و تجارت	چو دل با خدا ہست خلوت نشینی

صدہا مرد و زن نے بیعت کی لیکن اپنی طرف سے کسیکو بیعت کرنے کی رغبت نہین دلائی جو شخص
اپنے ارادہ اور خواہش سے ملتجی ہوتا تھا اوسکو بیعت فرماتے تھے اور اونمین سے بعضونکو مہینون
اور برسون کے بعد اور بعض کو بلا توقف اوسیوقت لوگ دور سے اجازت حاضری خدمت بارادہ
بیعت بذریعہ نیازنامجات طلب کرتے تھے اونکو یک اجازت نہین دیتے تھے اور جواب دیتے تھے کہ
اوس نواح مین جو کوئی مشایخ ہو اوس سے بیعت کرلو **نقل** ایکدفعہ ایک شخص نے ایک عریضہ
بطلب اجازت حاضری خدمت بھیجا جواباً تحریر فرمایا کہ جو جو کام دنیا کے مجھسے لینے کا ارادہ ہے اول
اونکی ایک فہرست بنا کر بھیجدو اکثر عورات کو بھی بیعت فرمایا ہر خادمہ کو بلقب مائی جی یاد فرماتے
تھے جو عورت بارادہ بیعت حاضر خدمت ہوتے تھے بعض کو بیعت کرتے تھے بعض کو نہین کرتے تھے
اور جو زن شوہردار بلا ہمراہی شوہر یا بلا اجازت شوہر بارادہ بیعت حاضر ہوتی تھی اوسکو ہرگز بیعت
نہین فرماتے تھے ایکدفعہ ایک طوائف بلزاری ساکن میرٹھ بارادہ بیعت خدمت مین حاضر ہوی فرمایا
مولوی ضامن علی صاحب طوائفونکو بیعت کیا کرتے ہین اونکے پاس چلی جاؤ عورات کو کوئی ورد وظیفہ

ایسا نہین بتلاتے تھے جسکے پڑھنے سے بے قابو اور بے اختیار ہوکر بے پردہ ہو جاوے جو طالب لباس فقیرانہ یا وضع فقیرانہ بناکر خدمت مین جاتا تھا پسند نہین فرماتے تھے ایک روز ایک شخص پارچہ رنگین پہنکر حاضر ہوا آپنے یہہ نقل فرمائی سلیمان علیہ السلام کے وقت مین ایک شخص کفنی پہنے ہوئے نماز پڑھتا تھا آہو اوسکو کفنی پہنے ہوئے دیکھکر اوسکے پاس کو نکلا اوس شخص نے نماز کی نیت توڑکر اوسکے ایک لاٹھی ماری اوسکی ٹانگ زخمی ہوگئی حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت مین گیا اور فریاد کی سلیمان علیہ السلام نے تحقیقات کی قصور مارنے والے کا ثابت ہوا آپنے اوسکو سزا دینے کا ارادہ کیا تب ہرن نے یہہ عرض کیا میری ٹانگ ٹوٹنی تھی ٹوٹ گئی آپ اوسکو اور کچھ سزا ندیجیے بجز اسکے کہ کفنی کو اوتروا دیجیے اور اسکو سمجھا دیجیے کہ پھر اسکو نہ پہنے کفنی لباس مردہ کا ہے مین اسکو مردہ سمجھکر اسکے پاس گیا تھا ایسا نہو اور کوئی میری طرح دہوکے مین آجاے **اشعار**

پیش شیران دعوی شیری مکن چون روبہی	ناخوش است از زشت ولاغ لاف حسن فربہی
خوش نباشد با اسیری از امیری دم زدن	زشت باشد با گدائے لاف دعوی شہی
دعوی ناکردہ خود را از خودی خود بحق	خلق را دعوت بحق کردن بود از ابلہی
درویش از صفائی دل آمد گلیم پوش	این روشن است کز نمد آئینہ دان کنند

ایک روز ایک خادم عمامہ رنگین سر پر باندھکر روبرو گیا فرمایا ہم تو فقیر نہوئے اور جسکو فقیری کہتے ہین ابتک نصیب نہین ہوئی الحمد للہ تم فقیر ہوگئے۔ خادم بہت شرمندہ ہوا **اشعار**

در قزاگند مرد باید بود	بر مخنث سلاح جنگ چہ سود
پارسا بین کہ خرقہ در بر کرد	جامہ کعبہ را جل خر کرد

نقل ایکدن ایک شخص گیروا کپڑے پہنکر حاضر ہوا فرمایا اگلے بزرگون کو یہہ نسخہ نہین سوجھا تھا ایک پیسہ کا گیرو لیا کپڑے رنگ لیے فقیر بنگئے اگر اگلے بزرگو نکو یہہ نسخہ معلوم ہوتا سالہائی دراز تک ریاضت مجاہدہ نکرتے پیسہ کے گیرو سے فقیر بن جاتے موجب ارشاد حضرت باوا شیخ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے لباس گلیم وصوف اوسکو پہننا رواہی جسکا ظاہر اور باطن صاف ہو اور کوئی کدورت دنیا کی ہو

در دایرہ مردان نامرد نمے گنجد　　در صحبت با دردان بے درد نمے گنجد
در مدرسہ عاشق بے عشق نمے گنجد　　در مے کدہ وحدت جز مرد نمے گنجد

جو صفات اولیا کی محمد بن اسلم رح نے بیان فرمائی ہین بعینہ بلکہ اوس سے زیادہ آپکے وجود با جود مین موجود تھے کسینے محمد بن اسلم سے دریافت کیا بِمَا یُعرَفُ الاَولیَاءُ فِی الخَلقِ قَالَ بِکَفِّ لِسَانِہِم وَحُسنِ اَخلَاقِہِم وَبَشَاشَةِ وُجُوہِہِم وَسَخَاوَةِ اَنفُسِہِم وَقِلَّتِ اِعتِرَاضِہِم وَقَبُولِ عُذرِ ہِم مِنَ المُعتَذِرِ اِلَیہِم وَتَمَامِ الشَّفقَةِ عَلٰی جَمِیعِ الخَلقِ بَرِّہِم وَفَاجِرِہِم ＊

رباعی

ان کس کہ زخیل اولیا شد　　او محرم خاص کبریا شد
خاک قدمش ز نور مطلق　　بر دیدۂ خلق توتیا شد

حلیہ مبارک جسم قوی توانا ＊ قد طویل مناسب ＊ اعضا خوش ترکیب ＊ جامہ زیب فربہی موزون رنگ سرخ وسفیدی آمیز ＊ سر بزرگ ＊ پیشانی وسیع وفراخ ＊ ابرو کشادہ بینی دراز و باریک ＊ چشم اوسط حیرت انگیز ＊ ریش متوسط شگفتہ مو موتابندہ ＊ سینہ فراخ ＊ انگشت دراز ＊ زانو ساق کثرت نشست ذکر و مراقبہ سے سیاہی مایل بلکہ تختہ سے زانو تک دونون پانون پر ایک خط چوڑا سیاہ کھچا ہوا ＊ سر سے پاتک وجیہ چہرہ مبارک نورانی

اشعار

دفتر تمام گشت وبپایان رسید عمر　　ما ہمچنان در اول وصف تو ماندہ ایم
بکف چیزی ندارم تا نثار مقدمت سازم　　کہ در راہت دل وجان قدر و مقداری نمی دارد

اوقات شبانہ روزی　قطعہ

اگر بآب ریاضت برآوری غسلی　　ہمہ کدورت دل را صفا توانی کرد
ولیکن این صفت رہروان چالاک است　　تو نازنین زمانے کجا توانی کرد

نماز جماعت سے پڑھتے تھے امامت کا شوق نہ تھا مبارز خان رح کی مسجد مین جمعہ کے دن جب کوئی نماز پڑہانے والا نہین ہوتا تھا بناچاری جمعہ کی نماز پڑہا دیتے تھے خطبہ جو حفظ یاد تھا وہی پڑہتے تھے بحالت بیماری وضعف وناتوانی جب اوٹھنے بیٹھنے کی طاقت نرہی لیٹے لیٹے اشارات سے نماز ادا کرتے رہے

عاشقان جانباز این ره آمدند	وز دو عالم دست کوته آمدند

سوائی نماز کے طاعت عبادت حجرہ مین کرتے تھے فرماتے تھے بھوجن اور بھجن ایکینت اچھا ہوتا ہے

فساد طاعت بے پردہ افزونست از عصیان	نہان کن چون گناہ از چشم مردم طاعت خود را

نقل ایک دفعہ کمبل پوش نے جو ملامتیہ طریقہ کے تھے آپ سے از راہ ظرافت کہا کہ آپکا زمین کا سونگھنا اور وضو کا کلھڑانہ گیا فرمایا ہم ہزارون کوس پھرے اور سالک اور مجذوب سب سے ملے صدہا مزارات پر گئے کوئی ایسا نملا جو اسکو چھوڑا دیتا تم اگر ایسی قدرت طاقت رکھتے ہو کچھ ایسی عنایت فرماؤ غلبہ حال ہو جائے پھر غم چھوٹ جائے کمبل پوش خاموش ہو رہے چھ برس کی عمر مین سورہ یسین یاد کی تھی نو برس کی عمر سے تہجد شروع کیا تھا روز واپسین تک ایسا نبھایا کہ کبھی ناغہ نکیا ابتدا مین تیس ہزار دفعہ اسم ذات کا ورد تھا اسی دفعہ سورہ یسین نفلون مین پڑھتے تھے صدہا طرح کے ذکر شغل جو بزرگون نے بتلائے ہمیشہ کرتے رہے سفر حضر مین کبھی بجز ذکر و فکر کوئی شوق نرہا جسقدر مجاہدہ زیادہ کرتے تھے اوسیقدر طلب اور زیادہ ہوتی چلی جاتی تھی تادم آخر مجاہدہ اور طلب مین فرق نہ آیا غزل شمس تبریز

بیجا شو و در وحدت در عین فنا جا کن	هر سر که دوئی دارد در گردن ترسا کن
اندر قفس خاکی این طوطی قدسی را	زان پیش که هر پرواز شکر خا کن
اندر حیوان بنگر سر سوی زمین دارد	گر آدمئی آخر سر جانب بالا کن
در مدرسه آدم با حق چو شدی محرم	بر صدر ملک بنشین تدریس فلما کن
چون سلطنت الا خواهی تو بلا لا شو	جاروب نے لابستان فراشی اشیا کن
گر عزم سفر داری بر مرکب معنی رو	ور زانکه کنی مسکن بر طارم خضرا کن
نی باش چو مستسقی کو را نبود سیری	هر چند شوی عالی تو میل باعلی کن
همسر تو وهم محرم همدم شو و هم همدم	یارا شو و هم یا شو هم بندگی ما کن
موسی خضر طینت شمس الحق تبریزی	چون یار عصا آرد تو قصد ید بیضا کن

جب بابری مین قیام تھا پاس انفاس ذکر ارہ ذکر چار ضرب حبس دم شغل آفتابی وغیرہ کرتے رہتے

عشا کی نماز سے صبح تک چار زانو بیدار یک جلسہ بیٹھے رہتے تھے عشا کے وضو سے صبح کی نماز سالہا ادا فرماتے تین تین دن کا روزہ رکھتے تھے روزا ایک گلاس آپ ورادھ پاو آرد کی روٹی پر بسر تھی عرصہ دراز تک یہی مجاہدہ رہا اوس زمانہ مین نہایت درجہ کی جسم پر لاغری تھی طریقہ دہوتی یعنی علی الصباح بارہ گرہ کا پارچہ ازراہ دہن نگلتے تھے اوسمین ایک ڈورا بندہا ہوتا تہا پہر عرصہ کے بعد اوسکو نکالتے تھے چندروز بلغم آلود نکلا پہر خون آلود نکلا جب بالکل صاف برآمد ہونے لگا اسکا استعمال چھوڑ دیا صبح کی نماز کے بعد کپالی یعنی روح دماغ مین چڑہانے کا بھی طریقہ جاری کیا چاشت کے وقت تک تنہا خلوت مین بے حس و حرکت بیٹھے رہتے تھے میر اعظم علیشاہ صاحب رح نے سبکو منع فرمادیا تھا کہ چاشت تک کوئی خلوت مین نجایا کرے ایک مرتبہ میر ناصر علی میر اعظم علیشاہ صاحب رح کے برادر زادہ چلے گئے آپکو بے حس و حرکت پایا میر صاحب قبلہ سے آکر حال کہا آپ ونپر بہت خفا ہوئے اوس روز سے یہہ عمل چھوڑ دیا جب سے پانی پت مین رونق افروز ہوئے فجر کی سنت اول وقت ادا کرکے اکتالیس بار سورہ فاتحہ بسم اللہ کا میم الحمد کے لام سے وصل کرکے ہر بار معہ تسمیہ اوسکے بعد سورہ اخلاص اونچاس بار معہ تسمیہ دعاے سریانی ایکبار نود نہ نام ایکبار پڑہکر مراقب بیٹھتے تھے **اشعار**

گر مراقب باشی و بیدار تو	بینی ہر دم پاسخ کردار تو
چون مراقب باشی و گیری رسن	حاجتت نیاید قیامت آمدن

جماعت سے فرض ادا کرکے گیارہ بار آیت الکرسی گیارہ بار کلمہ توحید ستر بار اللہم اجرنی من النار یا مجیر سورہ یسین یکبار سورہ دخان ایکبار لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین سو بار سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ سو بار تسبیح فاطمہ بہ تعداد مقررہ دعای مغنی ایکبار آیات سورہ روم فسبحان اللہ حین تمسون سے تخرجون تک گیارہ بار قصیدہ بردہ ایکبار دعای حرب البحر ایکبار نماز اشراق دو رکعت نماز استخارہ دو رکعت پڑہکر سورہ یوسف ایکبار اسم یا ودود ہزار بار شکر النہار دو رکعت **قطعہ**

بذکرش ہر چہ بینی در خروش است	ولے داند درین معنی کہ گوش است
نہ بلبل بر گلش تسبیح خوان است	کہ ہر خارے بہ تسبیحش زبان است

بارہ رکعت نماز چاشت اوسکے بعد صلوٰۃ التسبیح بعدہ سو بار لا الہ الا ہو الحی القیوم اوسکے بعد
ختم قادریہ یعنی جمعہ کو ہزار بار لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین شنبہ کو ہزار بار ایاک نعبد و ایاک
نستعین یکشنبہ کو ہزار بار یا حی یا قیوم دوشنبہ کو ہزار حسبی اللہ نعم الوکیل سہ شنبہ کو ہزار بار یا غفور
یا رحیم چارشنبہ کو ہزار بار لاحول ولا قوت الا باللہ العلی العظیم پنجشنبہ کو ہزار بار یا ذوالجلال والاکرام
مناجات حضرت علی کرم اللہ وجہہ مناجات حضرت ابابکر صدیق رض ایک بار درود مستغاث
پنج گنج طریقہ قادری بلا تعداد جسقدر ہو سکتا تھا پڑہکر حجرہ کھولتے تھے صلوٰۃ التسبیح کسی
روز ناغہ بھی ہوجاتے تھے مگر اور سب اوراد کبھی قضا نہین ہوتی تھی **اشعار**

بطاعت خوی کن چون انبیا تو	کہ از طاعت بیابی مر بقا تو
ز طاعت جملہ مردان راز دیدند	جمال جاودان طاعت باز دیدند
ز طاعت انبیا اسرار دیدند	در آخر جملگی دیدار دیدند
ہر آن کو طاعت مولا کند او	چو مردان پشت بر دنیا کند او

پھر مریدین و معتقدین و حاضرین جمع ہوتے تھے تا دوپہر جلسہ عام تہا اکثر مرد و عورت اطفال کو
دم کرانے کے لئے لاتی تھین بعض پانی دم کراکے لیجاتے تھے نقش و تعویز بھی تقسیم ہوتے تھے صادر
وارد کا استفسار حال ہوتا تھا خطوط کے جواب لکھے جاتے تھے جو کوئی خط سفارشی کسی کے نام کا
لکھوانا چاہتا تھا لکھوا دیتے تھے سایل کے سوال کو رد نہین فرماتے تھے دل شکنی کسی کی
روا نہین رکھتے تھے نقل و حکایات و دقایق و حقایق لطایف و ظرافت رمز و کنایت کا دریا بہتا تھا
قریب دوپہر طعام تناول فرمانے کے لئے دوسرے حجرہ مین تشریف لیجاتے تھے حاضرین کو اجازت
رخصت ہوتی تھی تنہا دوسرے حجرہ مین طعام تناول فرماکر حجرہ قیامی مین قیلولہ فرماتے تھے ظہر
کو اول وقت نماز پڑھکر سو بار حسبی اللہ نعم الوکیل سورہ انا فتحنا ایکبار درود شریف بقدر ممکن ایک
یا دو سپارہ قرآن مجید کی تلاوت کرکے دس رکعت نفل پڑھتے تھے ہر رکعت مین بعدہ سورہ فاتحہ بعدہ
سورہ اخلاص تین تین بار اوسکے بعد چار رکعت سنت عصر سورہ اخلاص سے بطور عروج نزول پھر

سورہ رحمان پڑھکر مبارز خان رحمت اللہ علیہ کی مسجد مین نماز عصر ادا فرماتے تھے بعد نماز عصر دس بار کلمہ توحید سو بار سبحان اللہ بحمدہ اسم ذات کی برزخ سے اور ایکبار یا تین بار سورہ عم یتساءلون اور سات بار یا گیارہ بار چہل اسما کا اخیری اسم یا غیاثی پھر استغفار پڑھتے ہوئے بکمال شان و وجاہت حجرہ مین آتے تھے تا مغرب جلسہ عام ہوتا تھا مغرب کی نماز جماعت سے قلندر صاحب کی مسجد مین پڑھکر ایکبار سجدہ مین نود نہ نام معہ آخر سورہ حشر گیارہ بار کلمہ توحید ستر بار اللھم اجرنی من النار یا مجیر دعای اللھم حرق قلبی الخ سات بار سورہ واقعہ یکبار مزمل تین بار پڑھکر دو رکعت ہدیہ رسول سورہ والضحی اور الم نشرح سے دو رکعت دوگانہ قادریہ سورہ اخلاص سے دو رکعت حفظ الایمان سورہ سجدہ یکبار دعای گنج العرش ایکبار کبریت احمر ایکبار نماز اوابین کبھی بیس رکعت کبھی دس رکعت دو رکعت شکر اللیل سو بار ہو اللطیف الخبیر پھر نماز عشا جماعت سے پڑھکر مسجد سے حجرہ مین تشریف لاتے تھے اگر نماز مغرب کے بعد قلندر صاحب کے روضہ مین تشریف لیجاتے تو نوافل اور اوراد وہان پڑھکر عشا قلندر صاحب کی مسجد مین پڑھتے مغرب کے بعد سورہ یٰسین سورہ دخان سورہ محمد سورہ فتح سورہ مدثر اور کبھی سورہ ق کی منزل بھی پڑھ لیتے تھے اور مناجات ابابکر صدیق رض و مناجات زین العابدین رض بھی اکثر پڑھے جاتے تھے عشا کے بعد آپکا ورد درود غوثیہ سو بار سورہ ملک ایکبار تھا اور قبل از وتر اَللّٰھُمَّ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ تین بار اور تین بار سبحان اللہ المقدر لمن یشاء بقدرتہ فعال لما یرید پڑھتے تھے بعد عشا خدام کے لیئے خاص وقت تھا جو آپکے مرید و خادم دور و نزدیک سے حاضر ہوتے تھے اور جن پر نظر عنایت خاص طور پر تھی وہ اوسوقت کی کیفیت سے محظوظ ہوتے تھے تعلیم بھی اوسوقت کی خاص طرز اور خاص شان سے ہوتی تھی دریاء رحمت ربانی بحر فیوضات یزدانی اوسوقت مین جوش و خروش اور موجی پر ہوتا تھا جسنے اوسوقت کی صحبت ایکدن بھی پائی اوسکا بیڑا پار ہوا اور بحر بے پایان کے آب صافی کو سیراب بنا گیارہ بجے تک یہ لطف رہتا تھا

نار خندان باغ را خندان کند	صحبت مردانت از مردان کند
گر تو سنگ خارہ و مرمر شوی	چون بصاحب دل رسی گوہر شوی

مہر پاکان درمیان جان نشان	دل مده الا به مهر دل خوشان
یار غالب جو که تا غالب شوی	یار مغلوبان مشو تو ای غوی
سایه شاہان طلب ہر دم شتاب	تا شوی زان سایه بهتر ز آفتاب

پھر حجرہ بند فرماتے تھے پھر دس رکعت نفل صلوۃ الحاجت سورہ اخلاص سے اور نوافل کے بعد یہ اشعار مولانا کے روم

اوست مہر پادشہ راہ پادشاہ	حکم او را افعل اللہ ما یشاء
ہست سلطانی مسلم مر ورا	نیست کس را زہرہ چون و چرا
ہیچکس در ملک او انباز نے	قول او را لحن نے آواز نے
تا قیامت گر بگویم این کلام	صد قیامت بگذرد واین ناتمام

پڑھتے ہوئے بستر پر استراحت فرماتے تھے جس وقت بارہ بجے نماز تہجد کے لیے اوٹھے اول وضو پھر تیمم کرتے کہ تیمم خاکساری کی دلیل ہے کبھی بارہ رکعت کبھی اٹھ کبھی چار نماز تہجد سورہ یسین سے کبھی مزمل سے کبھی الم نشرح سے کبھی سورہ یوسف سے کبھی اور ترکیبات سے جسکا بیان باب تعلیم مین مفصل لکھا جائیگا پڑھکر پھر چار رکعت صلوۃ العاشقین دو رکعت صلوۃ الاسرار دو رکعت صلوۃ اولیا پڑھکر ذکر بطور طریقہ قادریہ نفی اثبات و اسم ذات و ذکر علوی و شش ضربی و حیدری جسکا بیان بتعداد خالی طوالت سے نہین تا فجر کرتے رہتے تھے

آذکر اللہ کار ہر اوباش نیست	ارجعی بر پای ہر قلاش نیست

پچھلے فجر کی نماز مبارز خان صاحب کی مسجد مین پڑھکر قلندر صاحب کے مقبرہ مین تشریف لے جاتے تھے اشراق چاشت عرصہ تک وہان پڑھتے رہے بعدہ حجرہ مین رہنا اختیار کیا تھا جمعہ کی نماز پچھلے مسجد جامع مین اور نماز عیدین عیدگاہ مین ادا ہوتی تھی لیکن تھوڑی عرصہ سے مبارز خان صاحب کی مسجد مین اور کبھی قلندر صاحب کی مسجد مین پڑھنے لگے تھے ہر جمعہ کی نماز کے بعد سورہ کہف ایکبار سورہ طہ ایکبار سورہ سجدہ سورہ دخان سورہ یسین ہمیشہ ورد تھا شب برات کی شب مین سورہ یسین تین بار سورہ نور سورہ سجدہ سورہ دخان سورہ معارج ایک ایک بار کبھی ترک نہین فرمائی سو رکعت ہمیشہ شب برات کو سورہ اخلاص سے پڑھتے تھے اور دو رکعت سورہ نور کی رکوع اللہ نور السموات سے رمضان کی منتہی عین شب قدر سرکے ستون

مین سورہ روم سورہ عنکبوت ایکبار اور سورہ یسین گیارہ بار ورد تھا عاشورہ کے روز دس رکعت
چاشت کے بعد اول مین آخر سورہ بقر دوسری مین عم یتساءلون تیسری مین سورہ والشمس تین بار
چوتھی مین سورہ والیل تین بار پانچوین مین والضحی تین بار چھٹی مین الم نشرح تین بار ساتوین مین سورہ کافرون
تین بار آٹھوین مین سورہ اخلاص تین بار نوین مین سورہ فلق تین بار دسوین مین سورہ ناس تین بار شب
عاشورہ کو تہجد کے بعد نماز ہدیہ الشہدا دو رکعت اول و دویم مین بعد فاتحہ انا انزلنا گیارہ بار اور اوس
کے بعد ہزار یا پانسو بار یہہ درود پڑھتے تھے اللھم صل علی سیدنا محمد و سید الشجاع علی المرتضی و الفاطمہ خیر النساء
و حسن و حسین مجتبی بحر الانہار الکرم ہر ماہ نو کو دیکھ کر تین بار سورہ یسین پڑھنا اور نئے کپڑے پر تین بار
انا انزلنا دم کرنا شیوہ تھا جب سیاحی اور جہانگردی مین ایک مدت دراز صرف کر کے چندے بابری و
چندے سونی پت مین قیام کر کے پانی پت تشریف لائے ایک حجرہ مین متصل حوض متعلقہ خانقاہ
حضرت قلندر صاحب ہی قیام فرمایا یہہ حجرہ قدیمی بنا ہوا ہی کوئی مکان جدید اپنے واسطہ نہین بنایا
ایکدن ایک شخص ایک چھپکلی کو جو حجرہ کے اندر دیوار پر تھی مارنے لگا فرمایا کہ مت مارو اس حجرہ
مین چھپکلی اور مچھر اور کیڑے مکوڑے سب رہتے ہین سبکے رہنے کا گھر ہے کچھ ہمارے ہی رہنے کا گھر
نہین ہی ہم بھی رہتے ہین وہ بھی رہتے ہین بروقت قیام پانی پت اول ہی روز سے حاجی فریدالدین صاحب
جو ایک نیک بخت اور نیک کردار آدمی تھی آپکی خدمت مین حاضر ہوی اور آپکی خدمتگذاری اور خاطرداری
اور مدارات مین مصروف بجان و دل رہی کئی سال تک طعام دو وقتہ خدمت بابرکت مین اپنے گھر سے
پکوا کر حاضر کرتے رہے اور جو طالب دین یا دنیا کا نزدیک و دور سے خدمت مین حاضر ہوا اوسکی خدمت اور تواضع
بھی کرتے رہے حضور بھی اونکو تحفہ تحائف نقد و جنس سے خاطرخواہ شادکام فرماتے رہے جب حاجی صاحب
کا انتقال ہوگیا اور اونکے عیال و اطفال خورد سال رہگئے اور کوئی صورت اونکی ترتیب اور پرورش کی نہ رہی
آپنے ہر طرح نقد و جنس سے اونکی پرورش فرمائی کوئی لنگرخانہ یا باورچی خانہ اپنے واسطہ یا اورونکے
لئے مقرر نہین فرمایا تھا آزادانہ بے تعلقانہ اوقات بسری فرمائی تھی بعد انتقال حاجی صاحب اہلخانہ
حکیم اشرف خان عرف موجو خان جو خادم اور مرید تھے مصر ہوی کہ طعام دو وقتہ مین یہاں کا قبول فرمایا

اور دس ماہ تک وہ اس خدمت سے بہرہ اندوز ہوتے رہے ایک عرصہ تک گلزار شاہ بجاآوری کی
خدمات صاحبزادے والا دودمان میں بھی وہ اور سعادت [illegible] رہا بعد اس کے عبدالرحیم نامی ساکن پانی پت نے اس
خدمت کو اپنے ذمہ لیا اتفاقیہ بحالت جذب ایک روز ادھر نظر پڑگئی حال وارد ہوا حجرہ مبارک کی
ساتھ ایک عرصہ تک [illegible] سنا ہے خفقانی ہو رہے کے بعد یک لخت و سکوت طاری ہوا
بجا آوری خدمت ہمارے دل وہ پھر مامور ہوا بعدہ انتقال حاجی فریدالدین ادائی خدمت اور توضیع
وارد تک [illegible] مرد و زن میں از راہ علالت رہتی وہ بند وحشتی [illegible] سی جو خادم [illegible] بی بی
شمس النساء صاحبہ دختر نیک اختر شیخ امیر علی مرحوم ساکن پانی پت برسوں یکتا ہی دارین پائی
توصیف میں جس قدر طالب [illegible] چار دس میں وزمرہ [illegible] اور شہر و دیاری حاضر ہوتے تھے
واسطہ بکمال شوق طعام دو وقت پکا کر حاضر کرتی تھیں اور جو عورات مستورات پردہ نشین
وحیت یا کسی اور غرض مطلب کے واسطے شہر اور دور سے حاضر ہوتی تھیں ان کو اپنے مکان میں
اور ہر طرح اونکی خدمت میں بخوشی تمام مصروف رہتی تھیں اور باوجود مصروفیت خدام اور اوخوا
بھی جو تعلیم ہوئی تھی سرگرم رہیں اور تاحال با استقلال تمام سرگرم ہیں بمقتضائے خلوص ولی بات کے
وقت بلاناغہ اپنی کنیز کے نیک بخت نامی کو حضرت کی مزاج پرسی کے لیے بھیجا کرتی تھیں شہر پانی پت
میں اگرچہ علاوہ بی بی صاحبہ موصوفہ کے اور بہی خادمہ حضرت کی ہیں مگر ویسی عابدہ [illegible]
سلیقہ شعار عصمت و عفت دثار برگزیدہ و مقبول بارگاہ کبریائی بی بی محمدی صاحبہ دختر نیک اختر حا
مرید حسین صاحب ہیں ایسی اور کوئی پانی پت میں نہیں ہے یہ اولاد امجاد حضرت مخدوم جلال الدین رحمۃ
اللہ علیہ کبیر الاولیاء سے ہیں بی بی محمدی صاحبہ کو بڑا عقیدہ اور اخلاص ہے بجاآوری خدمات خدام
میں سرگرم رہتی ہیں پارچہ ہائے پوشیدنی حضور کمال شوق و تمنائے دلی سے قطع اور دوخت کرتی
تھیں شبانہ روز یاد بود الہی اور اوراد خوانی میں مصروف رہتی ہیں قرآن شریف دوازدہ ماہ اطفال خورد
سال کو پڑھاتی ہیں اپنی والدہ ضعیف العمر اور والد نابینا کی خدمت میں مصروف رہتی ہیں ان کی علم اور
فراست اور قناعت اور ہمت کی کچھ تعریف نہیں ہو سکتی حضور اپنی زبان مبارک سے فرمایا کرتے تھے کہ اگر

پیہم وہ حالی ہوئی پیچ خدمت مین ایک گونہ دوری مستقل اونکے ہمیشہ حاضر رہنا شبانہ روز بھی پیرجی محمد یعقوب علیہ الرحمۃ
پیس کرانہ وبانی پت مین پیرجی صاحب حضرت مشائخ از طرف والد واولاد امجاد قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین
حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا پانی پتی اور از طرف والدہ اولاد امجاد حضرت شیخ عبدالرزاق قادری
حسنی الحسینی رحمت اللہ علیہ سے ہین اور سما گوہرات النسا احمانہ پیرجی صاحب خادمہ حضرت قبلہ وکعبہ عالم
وعرف کلن پیرجی صاحب تھے اونکی پوتی اور پیرجی صاحب لطیف مسکین مزاج کم گو خوش اعتقاد
نیک نہاد باادب ہیں حضرت قبلہ کے ان پر بہت مہربانی عنایت تھی بمقتضائی صدق واخلاص کے
پیرجی صاحب نے معہ بانوی خانہ پانی پت مین رہنا اختیار کر لیا تھا جو نقد یا جنس کسی نذر ہو وہ حضرت
صاحب یا کسی مرکز حضور طریق نفسی عطا فرمانا چاہتے تھے اس ثواب عظیم مین پیرجی صاحب کو بھی شریک
فرماتے تھے یعنی انہی کی معرفت عطا فرماتے تھے اور یہ بھی ایک حکمت ودانائی حسب مرضی حضرت کی اس امر
پیہ پہنچاتے تھے کسی کو خبر نہ ہوتی تھی عادت اخفائے راز کی حضور کو بہت پسند تھی بنظر شفقت وعنایت
اختتام ختم کی اوراد اور وظایف کے پیرجی صاحب کو اجازت دی تھی جو ادب تعظیم عقیدت حضرت کے ساتھ
بعالم حیات تھا ویسا ہی بعد وصال بھی پیرجی صاحب کے ہے اور جو کچھ کہ حضرت نے تعلیم فرمایا ہے اوس پر قایم
ہین اور یہ بات زیادہ تر لایق یادگار ہے کہ جس طرح پیرجی صاحب بعالم حیات حضرت بی بی محمودی صاحبہ
کی اطاعت و فرمان برداری کرتے تھے بعد وصال بھی بدستور اونکی خدمت مین رہتی مین ورنہ بعد وصال
حضرت کے اونکو زندگی اپنی تلخ ہو جاتی یہ پیرجی صاحب کی مروت اور وفاداری اور سلیقہ شعاری کا نمونہ ہے
کہ بعد وصال اونکی مروت مین کچھ فرق نہ آیا زندگی مین تو ہر شخص بلحاظ حضرت پرسان حال تھا بعد وصال
مثل پیرجی صاحب کوئی نہوا حضرت قبلہ وکعبہ بیسوین ماہ شعبان [illegible]ھ مین سونی پت سے بمقام پانی پت
بارادہ تشریف لیجانے کشمیر کے بغرض ملاقات حضرت احمد شاہ صاحب رح کے تشریف لائی تھے بوجہ رحلت فرما
ہوجانے شاہ صاحب کے ارادہ ملتوی ہوگیا اور پانی پت مین قیام فرمایا اٹھارہ برس سات ماہ چھ یوم پانی پت
مین رونق افروز رہے اپنی خوش خلقی خوش مزاجی فیض رسانی سے باشندگان پانی پت کو محظوظ و شاد کام
رکھا اونکی اعلی زمان سب یاد کرتے ہین یہ شہر پانی پت بہت پرانا شہر ہے بڑے بڑے اولیا کا

مکمل عالم فاضل باعمل قاری خوش الحان ہزارہا حافظ قران یہان ہوئے مزارات بزرگان دین سالکان راہ یقین شہر ہامین بکثرت موجود ہین جنکے قدوم میمنت لزوم کے فیض اور برکت سے شہر پر برکت اور پر انوار ہو رہا ہی علاوہ انکے شہدا کی بہی قبرین بہت ہین بعض بزرگون کے مزار شہر کے اندر ہین اور بعض کے شہر کی باہر ہین

مزارات مشہور مزار حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر رحمت اللہ علیہ ✣ مزار حضرت خواجہ شمس الدین شاہ ولایت رح ✣ مزار حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا رح ✣ مزار امام ناصر الدین رح ✣ مزار سید محمود رح ✣ مزار امیر دو لاری رح ✣ مزار اکبر علی شہید رح ✣ مزار شاہ فاضل جی رح ✣ مزار شیخ امان پانی پتی رح ✣ مزار پیر و مرشد شیخ امان رح ✣ مزار قاضی ثناء اللہ رح ✣ مزار سلطان محمود معروف کجی ال والی رح ✣ مزار سراج الدین مکی اوستاد قلندر صاحب رح ✣ مزار روشن علی شہید بر قلعہ رح ✣ مزار عبد الرحمان گاذرونی رح ✣ مزار امام بدر الدین رح ✣ مزار امام قاسم رحمت اللہ علیہ ✣ ✣

اس شہر مین شرفائی نامی گرامی کی بہت خاندان ہین علی الخصوص اولاد امجاد حضرت خواجہ مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا سے یہہ شہر پر ہے علم دینی اور قرآن شریف کے حفظ کرانے کا ایسا رواج ہے کہ تمامی قلمرو ہندوستان مین کسی شہر مین نہین معلوم ہوتا ہر قوم کے آدمی ادنی اعلی زن و مرد بکثرت سے قرآن شریف حفظ کرتے ہین ناظرہ خوانونکی تو کچھ شمار ہی نہین دینداری نماز روزہ کا چرچا بہت ہے باشندگان پانی پت قدیم سے فقیر دوست خوش اعتقاد ہین ✣

اشعار تعریف و توصیف پانی پت مین تصنیف عقیدت ممتلی شوکت علی ساکن تھانہ بھون المتخلص بشوکت خادم حضور

ای دل با اعتقاد و پاک باز
هم توصف ان زمین لب بر کشای
چرخ چون نبود بلاگردان او
ذرہ اش غیرت دہ شمس و قمر

از رہ صدق و صفا و از نیاز
ہست ان جائی مزار اولیا
کرسی کرسیست ہر ایوان او
ہست فیض سر زمینش وقف عام

ہم جبین بر خاک پانی پت بسای
ہست ان دار القرار اولیا
چون نباشد خاک او کحل البصر
نور عرفان جو شد از خاکش تمام

مست وبیخود و مجذوب ہر نادان عیان
ای خوشا باغ و بھاران دیار
جان رشد انجا بود آب و گلے
خار چین رشک ریاحین بہشت
ہر گلش چشم و چراغ اہمیت
ورد سوسن حمد عالم آفرین
سنبل اندر وجد و صوفی مذہبی
آمدہ بر وحدت مطلق گوا
ہر گذشتہ رہ نوردان زمین
بل مقام عشق حاصل می کنند
کس ندیدہ فرد کامل اینچنین
بے تعلق از قیود این و آن
ہین کجائی شوکتا یادہ ملاف
ذرہ چون گوید ز نور آفتاب
ان طبیب جملہ علتہا بدی
درد پیشش برد و درمانش نیافت
یعنی من ہستم بابن بے مایگی
اختلاج قلب وہم مختل مزاج
چون بدام عنکبوت افتد مگس
گاہ جان با جسم زارم در ستیز
دست بر سر جملہ مردان و زنان

ہر خرد و رسالک شیخ زمان
کثرت قرّا و حفاظش گران
گرد کویش غازۂ صاحبدلی
برگ و بارش حاصل حسن عمل
خار زارش خارہای گمرہیت
پُر ز شور ہوست گوش ہر گلی
قمری و صلصل قلندر مشربی
لالہ را دل ہمچو عاشق داغدار
شد بزویش منکشف نور یقین
این ہمہ فیضان مولانائے ما
نے شنیدہ مرد کامل اینچنین
چرخ وحدت را درخشان آفتاب
تو چہ دانی راز گفتن و انشگاف
تو منہ بیہودہ گامی بیش ازین
راز دان جملہ علتہا بدی
گو کہ ہم امد محل گفتگو
زرستان بوستان ان غوث علی
نے وقوف علم و نے ہوش عمل
می شناسد جان بیاری ہر نفس
بی رفیقی ہم نمی رفتم براہ
عاملان و ہم اطبای زمان

ای خوشا بلبل و بھاران دیار
منزلت خواہ است ابر سبز و جیان
غیر تقوایش نباشد کار و کشت
غنچہ اش صد راز عرفان در بغل
نرگسش چون چشم عارف دوربین
میزند گلبانگ حق ہر بلبلی
سرو انگشت شہادت کردہ وا
تاک مست بیخودی لیل و نہار
نے فقط طے منازل می کنند
یعنی ان سلطان بے پروائے ما
شیخ وقت و سید و غوث زمان
عالم کثرت ز نورش فیض یاب
شپرہ چہ نہد ظہور آفتاب
سرّ ہو را تو چہ دانی بیش ازین
کیست کان سویش سراسیمہ شتافت
شمۂ اینجا ز حال خود بگو
مبتلا بودم بدرد لا علاج
می زدم ہر لحظہ بانگ الاجل
گاہ دستم بر دل و دل بر گریز
گاہ می گفتم کہ عمرم رفت آہ
تا مرا شد بخت میمون رہنما

بر دران تاج دار اولیا
در وجود و بود خود باز آمدم
خبر کراماتش بگو دیگر چه بود
گو همین آمد نشان اولیا
قرب مولی هست جولان گاه شان
جسم شان گر منتقل شد از وجود
تو نمی دانی بل احیاء و لا
یارب بادا به توفیق و رسوخ

دست خود در دست شان دادن همان
باز گردیدم پر از راز آمدم
اینچنین صورت نماز صنعت بود
لیک دیگر هست شان اولیا
میل شان هردم سوی ذات قدیم
این خجالے هست بر روی شهود
در نظر ما شیخ ما را شد وصال
ایضا

یا که من بودم همان یا من نشان
این تصرف بود شوکت هر چه بود
اولیا را خرقه عادت بود
هر زمان سوی حقیقت راه شان
جسم اینجا هست و روح انجا مقیم
یعنی ایشانند مصون از فنا
هست زنده با حیات لازوال
خاتمه برجبان شیخ الشیوخ

اشعار تعریف پانی پت مِن تصنیف لاله امراو سنگھ اوج رئیس میرٹھ

شہر پانی پت ہے شہر دل پذیر
مہبط انوار حق خیر البلاد
کوچہ کوچہ رشک گلزار جنان
با ہمہ اعزاز و شان و احترام
ہر گلی کوچہ ہے گردون احترام
جسکی عظمت سے فلک جان بخش ہے
رشک گلشن ہر مکان خوش ادا
آسمان ہفتمین اوسکی زمین
ذکر حق مین دو جہان سے بےخبر
و نشاط حور کی ہے جست جو
بے قلندر روش ہر اک طفل و جوان

بے مثال و بے عدیل و بے نظیر
کشور ہندوستان کا انتخاب
غیرت خلد برین اک اک مکان
موطن مردان حق اوسکی زمین
عاشقان ذات حق کا ہے مقام
خاک اوسکی مثل اکسیر ہے
خوش سواد و خوش طراز و خوش فضا
اوسکے باشندے ہوئی وحدت سے مست
فکر دنیاوی سے بےخوف و خطر
یاد خالق سے سدا دل شاد ہین
نور باطن سے رنگ رخ سے ہے عیان

پر فضا خورم ہوا مینو سواد
ذرہ ذرہ جسکا رشک آفتاب
ہند کی شہرون مین ہے خیر المقام
عز و جاہ و شان مین عرش برین
اولیاء اللہ کا جائے قرار
ذرہ مین خورشید کی تنویر ہے
دلکشا خطہ ہے یا خلد برین
عاشق حق اور سرشار الست
نے بہار خلد کی ہے آرزو
فکر سے کونین کے آزاد ہین
جسکو دیکھو صوفی عالی مقام

جام وحدت سے ہی مدہوش مدام
عالم و فاضل بھی یکتائے زمان
ہے فضا اوسکی فضائے دلربا
کیون نہو یہ شہر رحمت ممتلی
کیون نہون اثار رحمت اشکار
جلوہ گاہ شاہ شمس الدین ہے
ذی ہمم ذی مرتبت ذی برہ جاہ

جسکو دیکھو حافظ قران حق
ہوتے ہین کثرت سے ایسے بیگمان
ہر در و دیوار ہین اثار نور
ہے یہان طیب مزار بو علی
جلوہ ارا یان ہے ہین حضرت امام
رشک فردوس و ارم تزئین ہے
او صد ہا اس زمین مین ہین شہید

واقف اسرار رمز نہ طبق ہو
ہے ہوا اوسکی ہوائے جان فزا
طاق و منظر سے عیان جلوات طور
یان قلندر کا وطن ہے اور مزار
جنکے قدمون سے بنا خیر المقام
مہبط فیض جلال الدین شاہ
جلوہ حق کی جنہین حاصل دید

مرشدون سے پر ہے جب اسکی فضا | مرشد آباد اسکا کہنا ہے بجا

سب سے بہتر اسکا ہی ہے احترام
مقتدای اصفیای ذو الجلال
سرور کونین کے نور نظر
نور چشم غوث پاک ذو الجلال
آوج کب تیری زبان مین ہے یہ تاب
خاک پر رکھ اپنا بس فرق نیاز
اہل پانی پت کے صدقے کر دگار

ہین یہان پر مرشد عالی مقام
مخزن اسرار خاص کبریا
شیر حق کے گوشہ جان و جگر
حضرت غوث علی ذی کرم
تو کرے توصیف شرق و آفتاب
کب تلک دلمین رہے تیری یہ جوش
دو جہان مین کر مرے بیڑے کو پار

پیشوای اولیای ذی کمال
معدن افضال و الطاف خدا
قرۃ العین ہے باکمال
شہریار کور فیض اتم
کب تلک تو ہوئیگا مدحت طراز
بس ادب لازم ہے ای نادان خموش
فضل رحمت کا ہر اک دم ہو وفور

ریاضت و مجاہدہ حصول فیضان بزرگان از راہ سیاحت دیار و امصار رباعی

مرد کامل در وطن ہرگز نگیرد قرار
یک دمی نیاید قرارش تا نہ بیند روی دوست

می شود چون گل جدا از شاخ بہر وصل یار
می دود ہر سو کہ تا یارش بیاید در کنار

اکثر بزرگان طریقت سے جب آپ فیضیاب ہو چکے اور مستسقی کی طرح تشنگی طلب روز افزون ہی ہوتی گئی سیاحی اختیار کی جا بجا اکابر دین کے مزارات پر اور جہان جہان کوئی بزرگ سنا جانا شروع

کیا چالیس برس تک اسی جد و جہد مین بسر کئے کہین دو ماہ چار ماہ کہین زیادہ کہین کم قیام کیا دوہرہ
چلتا پانی نرملا رو کا گہند یلا ہوئے جوگی تو رمتی بھلی داگ نہ لاگے کوئی اشعار

این طلب مفتوح مطلوبات تست	این نشان دولت و آیات تست	اہل ہمت جان و تن در باختند
سالہا باسوختن در ساختند	مرغ ہمت شان بحضرت شد قرین	ہم ز دنیا درگذشت و ہم ز دین
مرد باید کز طلب وز انتظار	ہر زمان صد جان کند در رہ نثار	نی زمانی در طلب ساکن شود
نی دمی آسود نفس ممکن شود	گفت پیغمبر کہ چون کوبی دری	عاقبت زان در برون آید سری
چون ز جائی میکنی ہر روز خاک	عاقبت اندر رسی در آب پاک	جو مسلمان یا ہندو سالک یا مجذوب

کہین سنا وہین قدم رنجہ فرمایا جو کچھ کسی شغل یا ورد ذکر یا فکر بتلایا اوسیکے پاس ٹھہر کر اوسکو کیا فرماتے تھے شعر

مدتون وحشت مین گو صحرا نوردی کی تو کیا	سیر کیے قابل جو تھا دل کا بیابان رہگیا	کبھی فرماتے تھے شعر
کام ما گر تر نشد از آب مقصد عیب نیست	زانکہ اولاد حسینم تشنگی میراث ماست	باوجود تکمیل و تحصیل کمال درد
طلب کبھی کم نہوا اشعار	ای برادر بے نہایت درگہی است	بر ہر آنچہ یافتی بروی مایست
من فدای آنکہ او در ہر رباط	خویش را واصل نداند بر بساط	آدمی تین قسم کے ہوتے ہین

ایک تو عارف کامل کہ فیوضات الٰہی گو کسیقدر اونکو حاصل ہون وہ کسیطرح سیر نہین ہوتی دریا نوش کرتے ہین تشنہ لب رہتے ہین دوسری وہ جو قدرے فیض ربانی سے بہرہ یاب ہوکر اوسی پر قانع ہوگئے تیسرے وہ جو بے نصیب محض ہے عمر رایگان برباد دی فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم سابق بالخیرات باذن اللہ ذلک ہو الفضل الکبیر انتہی کلامہ ہمیشہ اپنے آپ کو انکسار سے ناکام فرماتے رہے غزل

ای ز درد تب بیدلان را بوی درمان آمدہ	یاد تو مر عاشقان را مونس جان آمدہ
صد ہزاران ہمچو موسی مست در ہر گوشہ	رب ارنی گو شدہ دیدار جویان آمدہ
عاشقانت نعرہ الفقر فخری میزنند	بر سر کوئی ملامت پای گویان آمدہ
صد ہزاران عاشقان سرگشتہ بینم بر امید	در بیابان غمت اللہ گویان آمدہ

برسون سیر و سیاحت مین گذارے کبھی وطن کا خیال نہ آیا یاران وطن کے یاد نہوے شعر

کوئی مونس و ہمدم جب ملا تو غزال مید سے انس کیا	ہمین بے وطنی نے مزا یہ دیا کہ ذرا بھی خیال وطن نہ رہا

سفر حضر مین جسطرح پر اور جس حال پر سرکار نے رکھا راضی و شاکر و ابستہ سلسلہ تسلیم رہے **اشعار**

خواہی ز فراق در فغان دار مرا	خواہی ز وصال شادمان دار مرا
من با تو نگویم کہ چہ سان دار مرا	زان سان کہ دل تست چنان دار مرا
ہم بھی تسلیم کی خو ڈالین گے	بے نیازی تری عادت ہی سہی

جن بزرگون سے سفر اور حضر مین ملاقات ہوئی اکثرون سے فیضیاب ہوئے بعضون کی فقط ملاقات ہی سے حظ اوٹھایا بعضون کو خود مستفیض فرمایا سب کی تعداد اندازہ تحریر اور حیطہ تقریر سے باہر ہے مگر ایکبار اس ناچیز عالم کے سامنے یون ارشاد ہوا تھا کہ ہندو اور مسلمان درویشون مین اسّی سے ہمکو فیض و فایدہ بطونی نصیب ہوا ہے ہم اپنی خوش قسمتی پر ناز کرتے ہین کہ حضرت مخدوم جہانیان جہان گشت نے ستر بزرگون سے فیضیاب ہوئے اور ہمکو سرکار نے اسّی بزرگون سے کسی سے کم کسی سے زیادہ فیضیاب کیا ہے جنکے نام بقید تاریخ اور مقام ہمین یاد ہین بعض ایسے ہین کہ اونکا نام یاد رہا تاریخ یاد نرہی منجملہ اونکے مجکو جو یاد رہے درج نقشہ ہین جو یاد نہین رہا اونکے لکھنے سے معذوری ہے بعضون کا پتہ ٹھیک یاد نہین نمبر ۱ نام ہی فقط لکھا جاتا ہے بعضونکے نام نہین یاد رہے فقط مقام کا پتہ لکھدیا ہے مفصل ملاقات کی کیفیت علیحدہ موقع پر لکھی جائیگی

نقشہ فیضیابی ملاقات بزرگان

نمبر	نام بزرگ	نام مقام	نمبر	نام بزرگ	نام مقام
۱	سید احمد علی صاحب والد حضرت	استھاوان	۷	حاجی لعل صاحب	دہلی
۲	سید ظہور الحسن جد امجد حضرت	ایضاً	۸	سنیاسی ہندو فقیر	استھاوان
۳	برادر سید ظہور الحسن صاحب	ایضاً	۹	مولوی شاہ عبد العزیز صاحب	دہلی
۴	سید اعظم علی شاہ صاحب	بابری ضلع مظفرنگر	۱۰	جعفر شاہ صاحب سالک و مجذوب	پٹیالہ
۵	سید حبیب اللہ شاہ کشمیری	میرٹھ	۱۱	امیر الدین شاہ چشتی	بوڑیا سہارنپور
۶	سید فدا حسین صاحب رسول شاہی	الور و دہلی	۱۲	جمعیت شاہ صاحب	پانی پت کابلی باغ

نمبر	نام بزرگ	نام مقام	نمبر	نام بزرگ	نام مقام
۱۳ ۱۴	دو پرم ہنس	کنکھل قریب ہردوار	۳۵	ہندو فقیر	جودہ پور
۱۵	سروَن ناتھ	ہردوار	۳۶	سید العالم صاحب	بھوپال
۱۶	مسلمان فقیر جن کا اسم نامعلوم اور کامل ہے	ایضاً	۳۷	بابا سیتل داس	ایضاً
۱۷	ہندو فقیر	سری نگر	۳۸	قاری لالا صاحب	ایضاً
۱۸	برہمن	بابری	۳۹	حکیم عبد اللہ شاہ صاحب	بمبئی
۱۹	مولوی قلندر صاحب	جلال آباد	۴۰	واجد علی شاہ صاحب	زبیدہ
۲۰	روشن شاہ صاحب	میرٹھ	۴۱	حسین علیشاہ صاحب	بغداد
۲۱	مرزا غفور بیگ صاحب	خورجہ	۴۲	بھار شاہ صاحب	بمبئی
۲۲	درویش جن کا اسم نامعلوم جنہوں نے بذریعہ نقش کالی کو بلایا تھا	حیدرآباد دکن	۴۳	محکم الدین صاحب	لودہیانہ پنجاب
۲۳	شیدی میاں	بلاسپور علاقہ رامپور	۴۴	ہندو فقیر سر بھنگی بابا	کنارہ نربدا
۲۴	مولوی شاہ نیاز احمد صاحب	بریلی	۴۵	احمد شاہ صاحب	شمس اباد
۲۵	مولوی عبد الرحمن صاحب	لکھنو	۴۶	مولوی سلامت اللہ صاحب	لکھنو
۲۶	محمد شاہ صاحب ملتانی	علی گڈھ	۴۷	مولوی فضل رسول صاحب	بداؤن
۲۷	ابو البرکات صاحب	آگرہ	۴۸	کافر شاہ صاحب	پیران کلیر
۲۸	لنگر ٹی حضرت	گوالیار	۴۹	سبحان شاہ صاحب	رام پور
۲۹	کلن شاہ صاحب مجذوب	کوٹ پوتلی	۵۰	حبیب اللہ شاہ صاحب	ایضاً
۳۰	ہندو سادہو	قریب کوٹ پوتلی	۵۱	محمد شاہ صاحب	بیت اللہ
۳۱	جاروب کش حضرت موسی علیہ السلام	مزار موسی علیہ السلام	۵۲	حیات المیر صاحب	تغلق اباد قریب دہلی
۳۲	ریتی شاہ صاحب	قادر گنج قریب فرخ آباد	۵۳	احسان محمد صاحب	بغداد
۳۳	چراغ علی شاہ صاحب	سینتھل	۵۴	خادم روضہ منظور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم	مدینہ
۳۴	ہندو فقیر	قریب الور	۵۵	فقیر اسم نامعلوم مقیم روضہ امام حسن علیہ السلام	کربلا

نمبر	نام بزرگ	نام مقام	نمبر	نام بزرگ	نام مقام
۵۶	ایک بزرگ جو بعد وفات چالیس روز تک ملے	گلبرگہ حیدرآباد دکن	۷۳	حافظ جمال الدین صاحب	میرٹھ
۵۷	حافظ تاج محمد صاحب	مارہرہ	۷۴	اعظم علیشاہ صاحب نقشبندیہ	ایضاً
۵۸	مولوی غلام جیلانی صاحب	رامپور	۷۵	مولوی نیاز علی صاحب مرید جناب شاہ حبیب اللہ صاحب	〃
۵۹	بولن شاہ صاحب	مرادآباد	۷۶	نواب بنے میاں صاحب ساکن بریلی	〃
۶۰	غلام علی شاہ صاحب	دہلی	۷۷	کمال شاہ صاحب ساکن موضع کمال پور	علاقہ میرٹھ
۶۱	شاہ ابوسعید صاحب	دہلی	۷۸	منصور شاہ صاحب	موضع بات نور قریب پھلاودہ
۶۲	فقیر ہندو وضع نام نامعلوم	بیت المقدس	۷۹	بہار میان صاحب	سردہنہ
۶۳	فقیر کتی والے	میرٹھ	۸۰	ڈڈی شاہ صاحب	میرٹھ
۶۴	بخارا آنے والے بزرگ کامل اکمل نام نامعلوم	×	۸۱	ذوالفقار شاہ صاحب	میرٹھ
۶۵	مجذوب اسم نامعلوم	بمبئی	۸۲	بزرگ نام نامعلوم	سردہنہ مسجد
۶۶	میانجی نور محمد صاحب	جھنجانہ	۸۳	درویش اسم نامعلوم	مکان روشن شاہ میرٹھ
۶۷	گوھر شاہ صاحب مجذوب	میرٹھ	۸۴	پیرجی غلام مرتضی صاحب	جھنجانہ
۶۸	قربان علیشاہ صاحب مجذوب	پھلاودہ	۸۵	شاہ جی یار علی صاحب	کرانہ
۶۹	فقیر برچار دیواری مصر نام نامعلوم	مصر	۸۶	پیرجی غلام حسین صاحب پانی پتی	پیران کلیر
۷۰	مجذوب اسم نامعلوم	لاہور انارکلی	۸۷	شاہ ابوالبرکات صاحب چشتی نظامی	برہان پور
۷۱	مولوی رحمت اللہ فرخ آبادی	بمبئی	۸۸	کمبل پوش صاحب	دہلی
۷۲	حافظ جلال الدین صاحب	میرٹھ	۸۹	باباجی	چولی جھیسر

نقل جب مولوی فضل امام صاحب ہی پٹیالہ مین آپ علم تحصیل کرتے تھے وہان جعفر شاہ نامی سالک مجذوب رہتے تھے ہمیشہ اونکی خدمت مین تشریف لے جاتے تھے ایک آپکا ہم سبق بھی ہمراہ جاتا تھا ایکروز ان شاہ صاحب جذب کی حالت مین تھی طالب علم نے بے ساختہ اپنی نادانی اور عدم شناسائی سے سوال سلطان الاذکار کیا اوسیوقت شاہ صاحب نے اوسکی طرف نظر ڈالی اور اوسکی زانو پر ہات مارا اور فرمایا جا اجازت ہے

تھوڑی دیر کے بعد عشاء اوسکے بدن پر ظاہر ہوا اور بہرن بہت سی لہو کی بوندین ٹپکنے لگین طالب علم کا جسم فوراً زرد ہو گیا شعر

نمی گردد دل سرگشتہ ظرف کبریائی تو … شکوہ بحر کی در خلوت تنگ حباب آید
نہان شد گشت در دل صد چاک راز عشق … این خانۂ شکستہ ہوا رانگہ ندا شت

شاہ صاحب کی نگاہ کیا تھی ایک تیر جگر دوز تھی شعر

نگہ نہین جو قدر دل نشین تمہارے دہن کی تنگی سے تنگ ہو کر … نکل کر آیا جو راہ انکھو نکی دل مین بیٹھا خدنگ ہو کر

الصد دقت مکان تک آیا حکیمو نکو دکہایا سکی عقل عاری ہوئی آخر جان بحق ہوا پر خون بند نہوا شعر

کہا پتنگ نے یہہ دار شمع پر چڑھ کر … عجب مزا ہے جو مرئی کسی کے سر چڑھ کر

مولوی فضل امام صاحب کو خبر ہوئی طالب علم کا جنازہ شاہ صاحب کے پاس لے گئے عرض کیا حضرت جان سے تو بیچ گیا مگر اسکا خون تو بند ہو جائے فرمایا تا قیامت خون کا بند ہونا محال ہے آخر اوسکو دفن کیا پہر مولوی صاحب نے حضرت قبلہ کو منع فرمایا کہ آپ بہی نجایا کیجئے لیکن آپ کا درد طلب بلا جوش اور آپکا ظرف دریا نوش تھا ہمیشہ جاتے رہے اتفاقاً شاہ غلام علی صاحب کے ایک خلیفہ تھے وہان پہونچے آپکے ساتھ اونسے ملے اونھون نے بہی جعفر شاہ صاحب سے شکایت کی کہ میری لطایف جاری نہین ہوتے یک لخت بولے چل بے چل بے یہہ کہنا تھا اور لطایف کا جاری ہونا تھا حضرت قبلہ سمجھے کہ یہہ بہی طالب علم کی طرح سے چلے شعر ۔ پہر آیا لو وہ نگار خونی ادہر کو سر گرم جنگ ہو کر ۔ کہ جسکے ہاتون سے اوڑ گئے سر ہزارون مہدی کا رنگ ہو کر ۔ سفارش کی کہ حضرت اس پر عنایت فرمائیے ایسا نہو کہ طالب علم کی طرح سے جان بحق ہو جائے تب جعفر شاہ صاحب نے ارشاد کیا کہ ہمسے کسی بات کی طلب نکیا کرو اور عصر کیوقت تم خود ہمیشہ آیا کرو تھوڑی دیر خاموش بیٹھکر چلے جایا کرو تا کہ فیضان صحبت کے متحمل ہو شعر

سایۂ شاہان طلب ہر دم شتاب … تا شوی زان سایہ بہتر آفتاب

انکی نسبت آپ فرمایا کرتے تھے کہ ہم بہت مستفیض ہوئے اور بڑے اعلی درجہ کے شخص تھے جو لوگ اپنے مادہ اور ظرف کی خلاف دفعتاً کسی بزرگ سے فیضیابی کے امیدوار ہوتے ہین یا یہہ چاہتے ہین کہ دفعتاً انکشاف ہو جائے دونو صورتون مین نقصان پاتے ہین ۔ اشعار

در طلب صبرے بباید ہر درد را طالبان را صبرے باید بسے		صبر خود کے باشد اہل درد را طالب صابر نیفتد ہر کسے	

جو طالب جد وجہد کامل طور پر نہین کرتے اونکو تاب مشاہدہ ومعاینہ نہین ہوتی وہ تجلی دیدار کے مقابل کیا ٹھہر سکتی ہین اور جبتک رفتہ رفتہ واردات انکشاف کو تحمل نہین ہوتی ہے تو یک لخت فیضیاب ہونا سراسر مایہ ضرر ہو جاتا ہی رباعی

من شمع جان گدازم تو صبح دل کشائے
سوزم گرت نہ بینم میرم چو رخ نمائے
نزدیک اینچنینم دور اینچنان کہ گفتم
نے تاب وصل دارم نہ طاقت جدائی

پس طالب شیخ کامل کی مرضی پر ہے اگر اوسکی وجود مین استعداد وطاقت دیکھیگا زیادہ مستفیض فرماویگا اور کچھ کسی قسم کی دقت پیدا ہوگی اصلاح کریگا شعر سپردم بہ تو مایۂ خویش را + تو دانی حساب کم وبیش را + نقل ایکبار دہرہ دون کے پہاڑ کی سیر سیاحت کرتے ہوئے سری نگر مین ایک ہندو درویش سے ملے وہ نہایت خاطر سے پیش آیا چند روز آپ نے وہان قیام کیا پھر فقیر فن صنعت مین اوستاد تھا ایکدن اوسکے کسی چیلہ کو پدم ناگ سانپ نے کاٹا دوسرے چیلہ نے اوسپر کونڈی دہکدی اور گروجی کو اطلاع دی فقیر نے ایک خشخاش کی برابر اکسیر اوس مار خوردہ کے مونہہ مین ڈلوائی تھوڑی دیر مین زہر اوتر گیا پھر اوسی گھی پلوایا تھوڑی دیر مین ایک جوان کا دست ہوا طبیعت صاف ہو گئی پھر سانپ پر وہ اکسیر ڈالی وہ ہلاک ہو گیا پھر کہا آپ بھی اکسیر کھا لیجئے آپ نے انکار فرمایا یہ فقیر چار سو برس کا تھا ستر برس کے بعد کایا پلٹ کرتا تھا تھوڑی عرصہ کے بعد میر اعظم علیشاہ صاحب آپکو تلاش کرتے ہوئے وہان پہونچ گئے آپکو اپنے ہمراہ لے آئے میر صاحب کو اوس فقیر نے ستر روپیہ اور ایک بیل اکسیر کی نذر کی مگر میر صاحب نے وہ بیل دریا مین ڈلوادی ہر چند آپ نے سمجھایا کہ آپ عیالدار ہین مگر چونکہ میر صاحب خدا دوست اور متوکل تھے سمجھے کہ اولاد اوسکی تلاش مین پریشان ہو جائیگی اس درویش سے حضرت کو کچھ فیضان بطونی نہین ہوا فقط ملاقات ہی سے محفوظ ہوئے اس نقل سننے کے بعد جناب منشی فقیر رسول صاحب نے حضرت کی خدمت مین عرض کیا کہ یا حضرت فن کیمیا مین تو کمال تھا باطون کا کیا حال تھا فرمایا سب باتن مین جیتر تھے ثمرن کا کانچا یعنی یاد بود مین خام تھے نقل ایکبار جناب حبیب الله شاہ

کے ارشاد کے موافق آپ پھر خورجہ مرزا حضور بیگ صاحب سے ملنے کو خورجہ کو روانہ ہوئے موضع کہرکہودہ میں
ایک لڑکا آپ سے ملا اور آپ سے کہنے لگا کہ آپکے پاس پانچ روپیہ اور ایک آنہ ہے حضور نے دریافت فرمایا تمکو
کیسے معلوم ہوا اور تم کون ہو کہاں جاتے ہو لڑکے نے کہا ماں باپ کی خبر نہیں کون تھے عالم طفلی میں مجھکو
ٹھگ کہیں سے لائے تھے میں ٹھگوں میں پرورش پائی ہے اور مجھکو ایک منتر آتا ہے جسکی طرح کرنے میں
میں کو قدری جاتی ہے وہ عمل میں آجاتا ہے پھر سمجھی خوب ہوتی ہے اگر آپ چاہیں تو ہم اجازت دے دیں
اور وہ یہ منتر ہے ۷۸۶ آؤ آؤ اُمرنا اُمری پی اُجلا اُجلا کُھلا کُھلا کنکھیجا کنکھیجا مونیجا
مونیجا اگر سا گر سا سو ہفتا ہفتسا یا لپ یا لپ یا لپ چھو اگر کوئی موقع ہوا تو آپ کو
تماشا دکھلاونگا آخر وہ لڑکا خورجہ پہنچا اور مرزا صاحب سے ملے مرزا صاحب پر حضرت سے مغرب تک ایسا
حال طاری رہتا تھا کہ جو کوئی اوس وقت اونکی خدمت میں جاتا تھا اوسپر بھی ایک اثر صحبت موثر ہوتا
ایکدن اوس لڑکے نے حضرت کو تماشا دکھانے کی نیت سے کنکری پڑھ کر ماریں مرزا صاحب پر اوسکا اثر نہ
ہوا لڑکا گیا جھوٹ سی ہو گئی اور جو بات وہ پوچھتا رہا سبکا جواب دیتے رہے لڑکے نے کہا مرزا صاحب مجھکو اپنی
زوجہ کا سب زیور لا دو مرزا صاحب نے اوسیوقت سب لا دیا تب لڑکے نے کہا اب مرزا صاحب پر وہ اثر
کہ جو میں کہوں وہ کریں خواہ کوئی ناپسند بات ہو حضرت قبلہ نے وہ زیور اوس سے لیکر گہر میں بھیجدیا
ناراض ہو میں آپ نے اونکو کھلا بھیجا کہ مرزا صاحب نے اپنا کمال استغنا ظاہر کیا ایک شخص نے آپ سے
امتحان لیا تھا اوسکا جواب دینے کو زیور منگا لیا تھا آپ خفا نہوں غرض مرزا صاحب پر تین دن تک اوس
منتر کا اثر رہا مگر ایک مجذوب بھی وہاں آتے تھے حضرت نے فرمایا ان پر کچھ اثر ہوگا یا نہیں اوس لڑکے نے کہا
ان پر اثر ہونا محال ہے وہ مستغرق ذات میں کہتا تھا کہ مجذوب نے جڑ لگائی اب ہم ہی کیا مرزا صاحب
پھر آپ کو بھی اوس لڑکی نے اس عمل کے اجازت دی مگر آپکو ایسی باتوں سے کچھ شوق نہ تھا مگر جامع
کا مقتضا تھا کہ ہر قسم کی باتیں جو کوئی اپنی خوشی سے بتا دیتا آپ پوچھ لیتے تھے اور انکار نہ فرماتے تھے

نقل ایکبار حضور میرٹھ میں رونق افروز تھے ایک بزرگ میاں روشن شاہ درویش میرٹھ کے پاس
مقیم ہوئے اور عشاء کے بعد روشن شاہ سے بولے کچھ کہاؤ گے منگاؤں روشن شاہ نے کہا بازار بند ہے

کہان سے منگاوگے بولے اسکا غم نکرو اوسیوقت عالم غیب سے جو کہانا روشن شاہ نے فرمایش کی موجود ہوا دونو
سیر ہوکر کہا یا پھر سو رہے تھوڑی دیر کے بعد جو دیکہا تو کمبل موجود ہے شاہ صاحب نکلا اور پھر صبح کو وہ کمبل
روشن شاہ صاحب کمبل مین قایم رہے غرض ایسی ایسی صورتین اونسے اکثر ظاہر ہوئین ایکروز روشن شاہ ہمراہ کسی کے
بازار کو نکلے گذری کی مسجد کے سامنے کوئی شخص خوش آواز گاتا تھا خوش ہوئے اور وجد مین آکے
ایک جست کی کوٹھے مین جا رہے پھر جو جست کی باہر آئے نہ بدن تر ہوا نہ کپڑے بھیگے روشن شاہ کمال معتقد
ہوئے تو وہ در پردہ سر دہنہ کو چلدیے روشن شاہ کو ایک افسوس طاری ہوا اور بولے جیتا گمان ہے مرید
ہونا چاہیے پھر بھی خبر پاکر سر دہنہ کو چلدیے وہ بدوٹے پہونچے پیچھے بدوٹے گئے وہ کرنال پہونچے غرض کرنال
مین ملاقات ہوئی یہ طالب ہوئے اونھون نے جواب صاف دیا کہ تم شاہ آباد کی طرف فلان شخص
کے پاس جاؤ میرے پاس تمہارا حصہ نہین ہے **شعر** این سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد
خدائے بخشندہ **نقل** دکن کے ملک مین ایک درویش سے مستفیض ہوئے سوائے فقیری کے اس
بزرگ مین فن عمل و فن صنعت بکمال تہا ایکروز ایک زمیندار نے آکر کہا کہ میری بہینس گم ہوگئی کچھ
علاج بتایئے اونہون نے اپنی کف دست پر پندرہ کا نقش لکہا اور جس طرف کو اونسے نشان دیا تہا کہ ادہر
مویشی جنگل مین رات کیا وہ کالا تہوڑا سی پر مین پورتی ہوئی وہین اونکی پہر پشت دست پر وہی نقش
دوسری چال سے لکہا اور گاؤن کی طرف کیا اوسیوقت وہ بہینس بہاگ آئی اس پندرہ کے نقش کی زکوۃ
کی ترکیب حضرت قبلہ نے اس بزرگ سے سیکہی چھ مہینے مین یہ زکوۃ دیجاتی ہے مگر چونکہ زکوۃ
خالی از وقت نہین ہے ہر شخص کو اسکا عامل ہونا دشوار ہے اسواسطے اوسکا لکہنا فضول معلوم ہوتا ہے
ایکروز اسی درویش نے حضرت قبلہ کی تعریف شروع کی کہ تم بڑے مستغنی مزاج ہوکر عرصہ تک ہمارے پاس
رہے اور یہ بھی جانتے ہو کہ ہم کو فن کیمیا مین دخل ہے اور تم نے سوال نکیا آپ نے فرمایا **شعر**

ازمرگ میندیش وغم رزق مخور | کین ہر دو بوقت خویش ناچار رسد

رباعی

در دہر ہر آنکہ نیم نانے دارد | وز بہر نشست آشیانے دارد
نے خادم کس بود نہ مخدوم کسے | گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد

بکون و مکان ہر بزر تجمین تنا محت است	مور مرا بملک سلیمان چہ حاجت است

نقل ایکبار بلاس پور تھا قریب رام پور آپ شیدی میان سے ملے اور محظوظ ہوئی ایکروز وہ تالاب سے
غسل کر کے آئے تھے آپکو بطور اتفاق خیال آیا مصرعہ کہ آب چشمۂ حیوان درون تاریکی است
شیدی میان نے بخوبی جواب دیا شعر کالے گورے پہ کچھ نہیں موقوف ۔ دل کے لگنے کا ڈھنگ اور ہی ہے
تب آپ نے فرمایا شعر کب لباس ہندی میں چھپتے ہیں روشن ضمیر ۔ فانوس میں بھی شعلہ عریان ہی رہا
نقل بریلی میں آپ مولانا شاہ نیاز احمد صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر چند روز ٹھہرے شاہ صاحب نے
ایکروز فرمایا ہمہ اوست کے بھی آپ قائل ہیں یا نہیں جواب دیا کہ ہم طالب ہیں اور جسکی طلب ہے اوسکی انتہا
نہیں جب مطلوب کی انتہا نہو تو طالب کیسے منتہی ہوجاوے اور جب خود ہی مطلوب بن گئے تو طلب کیسی شاہ صاحب خاموش رہے

اشکار اولت از خواستن باید بحقی در شست	گر تو خواہی فقر راستی بغایت منتہی
ابتدائے نیست حق را پس تو چونی مبتدی	انتہائے نیست حق را پس تو جوئی منتہی
ابتدائے انتہائے گر بود کان از تو است	وا رہے از ہر دو گر یکبار از خود وا رہے

اونکے ایک خلیفہ نے بہت کچھ مدح ہو کر آپ سے فرمایا کہ فلان حجرہ میں آکر میں آپکو توجہ دونگا آپ ساتھ چلے
گئے اور توجہ لی بعد توجہ کے آپ نے فرمایا سبحان اللہ اوسوقت تم شاہ نیاز احمد صاحب بن گئے خلیفہ بولے
الحمد للہ مصرعہ چہ نسبت خاک را با عالم پاک ۔ تب آپ نے فرمایا سبحان اللہ ہمہ اوست تو
پسند اور فنا فی المرشد ناپسند نقل لکھنؤ میں مولانا عبد الرحمان صاحب سے ملے اور عرصہ تک مستفیض ر
خدمت رہے مولانا صاحب کی عادت تھی کہ جب کوئی آتا تو فرماتے آؤ معبود جب جاتا تو کہتے جاؤ
معبود ایکبار حضرت قبلہ نے دریافت فرمایا کہ معبود تو ہم سمجھے مگر حضرت یہ آؤ جاؤ کیسی اسکی ترجمہ
میں نہیں آتی فرمایا یہاں تکلف نہیں ہے مولانا عبد الرحمان صاحب کی حضور قبلہ یہاں تک تعریف
فرمایا کرتے تھے کہ بایزید وقت انکو کہتے تھے اور یہ کرامت بھی آپ اکثر ذکر کرتے تھے کہ آپ مسجد کی دیوار
پشت لگائے بیٹھے تھے ایک شخص نے چند گولیاں قرابین میں بھر کر کہ آج مولوی صاحب کو مار ڈالونگا
آپ ملے اور اسکے آنے سے پہلے سب نمازیوں سے کہدیا کہ بہت جلد چلے جاؤ سب چلے گئے اور سنئے آئے

قدا مین باری پانچ گولیان دیوار مین نشانہ ہوئین اور آپ پر کچھ ضرر نہ آئی اوسنے یہہ حال دیکھا اور مولانا کا مرید ہوئے خوف سے بھاگ گیا آپ اوٹھکر چلے آئے اسروز سے تمام لکھنؤ آپکا زیادہ تر معتقد ہوا اور حضور صاحب عالم کے لوگ تو کمال ہی معتقد ہوئے ایکبار حضرت قبلہ کے سامنے ایک عامل نے آکر مولانا عبدالرحمان صاحب سے کہا کہ مین دعائے حیدری کا عامل ہون ورپتھر لا کر اوسپر پڑہکر دم کیا وہ پتھر پارہ پارہ ہوگیا آپنے اوس پارہ پارے پر نظر ڈالی تو پھر صحیح و سالم پتھر ہوگیا وہ عامل قدمون پر گرا اور مرید ہوا حضور قبلہ کو بھی مولانا صاحب سے بہت صحبت رہی اور فیض ہوا جس زمانہ مین جناب قبلہ لکھنؤ مین رونق افروز تھے اوسی زمانہ مین مولوی محمد اسمعیل صاحب بارادہ بحث مولوی عبدالرحمان صاحب کی خدمت مین حاضر ہوے تھے سامنے جاتے ہی محو ہوگئے اور مقر ہوئے کہ یہہ بزرگ بساصاحب حال مین اونکے کامل ہونے مین کچھ شک نہین

نقل ایکبار غیبال سے آپ جب واپس آئے تو علی گڈھ مین محمد شاہ نامی ملامتی درویش سے ملے وہ ہمیشہ کالا موہنہ کرکے گدہے پر سوار ہوا کرتے تھے اور لڑکے پیچھے شور مچاتے تھے کہ بھڑوا ہے اتفاقاً جسروز حضور قبلہ تشریف لے گئے دوسروز بھی یہی ملامت کا بازار گرم تھا مکان پر ملے چونکہ آپ کو تحقیق و تدقیق اہل کمال کی مدنظر تھی آپ جستجو کرکے بازار مین جا ملے اور اون سے پوچھا کہ تم کسکے بھڑوے ہو اگر خدا کے ہو تو اوس سے ملا سکتے ہو یا نہین علی ہذا رسول کے ہو تو اسکا وعدہ فرماؤ اور اگر زنڈی کے ہو تو اسکا بھی کچھ مضائقہ نہین ہے وہ بھی سمجھدار آدمی تھا سمجھ گیا کہ حقیقت مین یہہ دعوی ہماری نادانی ہے بولے ہمارے گھر چلئے وہان آپسے باتین ہونگی اور ہم تو جہ بھی سچ ہے خدا کا بھڑوا بننا مردون کا کام ہے بوالہوس کو اس دعوے سے کیا مطلب

اشعار

ای نجود غرہ کہین کرامات ست | و نخفت خود کردہ کہین مناجات ست
سخن نفس گفتہ این حال ست | غم تن خوردہ کہین مقامات ست
بوالہوس پانو نہ رکھیو کبھی اس راہ کے بیچ | کوچہ عشق ہے یہہ رہگذر عام نہین
بے نہایت ہے کہ پایان نہین جسکا پایا۔ | جس جگہہ ہو نہ تجھے آغاز ہے انجام نہین

جو مرد ہوتے ہین وہ دعوی نہین کرتے اور شناسا اونکو ایک ہی نظر مین پہچان لیتے مین **دوہرہ**

چتر تارا اور سورما کرین لاکھ مین چوٹ
مین چھپائی نا چھپے پٹ گھونگٹ کی اوٹ

آپ نے محمدی شاہ صاحب کو سمجھایا کہ میان خلاف شرع ہونا نہایت ناروا ہے جو ہوا سو ہوا اگر خیال سے رنگ تو مضایقہ نہیں ہے وہ بھی کسی وقت اور موقع پر اور شرع سے جو ہر کو سر بازار ہمکانا مردوں کا کام نہیں اور محمدی شاہ نے وہ طریقہ ترک کیا **نقل** ایک گروہ سے جیسا ایکبار گوالیار رونق افروز ہوے اور لنگری حضرت جو وہان ایک بزرگ تہے ملے یہہ بزرگ مولوی حبیب اللہ شاہ سہوری کے پوتے تہے بہت خلوا اور تواضع سے پیش آئے اور متوجہ ہوے تو آپ نے فرمایا **شعر** مرزی کہ وجود او عدم باشد کو ⁂ یکدم کہ موافق قدم باشد تو ہم آپ کے مہمان تہے آپ نے خر من اللہ سے کہا کہ خواہ مخواہ باپ دادون کی آڑ زور آزمائی دکھائی لنگر کے میان خفا ہو کر بولے اگر ہم کچھ نہیں ہین تو ہمارے بزرگ تو بڑے تہے آپ نے فرمایا ⁂ **شعر**

این ناقصان کہ فخر باجداد مے کنند ⁂ چون سگ باستخوان دل خود شاد مے کنند

اگر آپ بزرگزادہ مین تو کوئی اور بھی شرافت سے محروم نہیں ہے یہہ کہکر چلدیے **نقل** حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ ایک دفعہ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامی رحمت اللہ علیہ کے مزار پر انوار پر تشریف لیگئے دلمین ناگہان خیال آیا کہ سید کا مرتبہ سب سے بڑا ہے اس خیال کے آتے ہی غیب سے یہہ شعر مزار پر نمودار ہوا **شعر**

ہر کہ عاشق شد جمال ذات را ⁂ اوست سید جملہ موجودات را

خیال حضرت غوثیت جاتا رہا پہر حضرت بایزید نے عالم روحانیت سے فرمایا یہہ میرا قصور نہین ہے بلکہ تعلیم الٰہی خاص ذات کی طرف سے ہوئی ہے آپ مجھسے ہر طرح بہتر اور افضل مین وہ ہر ذات بہانت کو نانا کے ہر کو بھیجے سو ہر کا ہووے **شعر** بندہ عشق شدی ترک نسب کن جامی ⁂ کہ درین فلان ابن فلان چیزی نیست ⁂ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حبیب یا فاطمۃ لا تتکلی علی انک بنت رسول اللہ اعملی اعملی لا اغرنک انک بنت رسول اللہ اور فرمایا لن تغنی آل قولہ تعالی فاذا نفخ فی الصور فلا انساب بینہم یومئذ ولا یتساءلون فمن ثقلت موازینہ فاولئک ہم المفلحون ومن خفت موازینہ فاولئک الذین خسروا انفسہم فی جہنم خالدون اور فرمایا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ⁂ مولانا جامی علیہ الرحمت

ہچو این جاہلان جاہ طلب
بسر افتادہ در نسب ازری
بادرش لولوی و پدر لالا
سازد از آل مصطفی خود را
ناکسان چون کنند دو پاکان
چون بود نقد مصطفی و علی
میوۂ بد مذاق تلخ سرشت
فند از ناف آہوی مشکین
تا بیابد ز عام و خاص قبول
دم زند در قرابت طینی
بود بوطالب آن تہی ز طلب
نسبت دین نیافت با خویشان

که غلو کردہ در علوی نسب
وی پدر را ز اراذل قردی
او زند دم ز جید روز بر را
این چہ گستاخی است و بی ادبی
نسب خویش تا چنین پاکان
مرغ مایل بدانۂ تلبیس
چون بود حاصل از درخت سرشت
ہذیان مسیلمۂ کذاب
میکند خویش را ز آل رسول
نسبت جان و دل چو باشد سست
مر نبی را عم و علی را اب
ہیچ سودی نداشت آن نسبش

پدر و مادر از نسب عاری
پسر امروز سید علوی
دارد از نسل مرتضی خود را
می ندانم کہ یا نبی و ولی
مایۂ زرق و قلبی و دغلی
چون بود در آشیانۂ قدس
کین چو نافہ خریطۂ سرگین
چون بود زادہ حدیث و کتاب
چون ندارد قرابت دینی
نسبت آب و گل چہ سود درست
خویش نزدیک بود با ایشان
شد مقر در سقر ابولہبش

پھر لنگری میان عذر معذرت کرنے لگے آپنے قیام کیا ایک لوہار نے آپکو ٹھہرایا اوسکے پاس چند روز آپ مقیم رہے اور اوس لوہار نے ایک عزیمت بتائی جسکے ذریعہ سے حاضرات ہوسکتی ہے **نقل** جب راجگڈھ سے آپ چلے ایک تکیہ مین ٹھہرے وس تکیہ مین ایک لڑکا ہفت سالہ آنکھین سرخ گم صم مخمور مسکرتا تھا آپکو دیکھتے ہی اوٹھا اور ایک جھونپڑی مین سے کچھ چنے لایا اور آپکے سامنے رکھا اور اشارہ کیا کہ شغل فرمائے تھوڑی دیر کے بعد ایک سقہ آیا معلوم ہوا کہ یہہ لڑکا اسکا ہے آپنے اوس لڑکے کا حال دریافت فرمایا اوسنے کہا اسکا حال نہ پوچھو جسکا نام ہے وہ دو تہینے مین یہہ غذا کہاتا ہے طاقت اسکی بدستور رہتی ہے سکتہ کے عالم مین رہتا ہے اشارون سے کام لیتا ہے کسیوقت اتفاقی تو ہے کوئی مجنون بتاتا ہے کوئی آسیب زدہ کہتا ہے دوسرے دن آپ وہانسے چہاونی مئو کی طرف روانہ ہوئے اور اپنے والد بزرگوار کی خدمت مین چھپنے سال مین پہونچے وہان سے پھر واپس ہوئے اوسی تکیہ

قیام کیا تکیہ ویران بابا لڑکے کا جنازہ تھا اوسکے باپ کو تلاش کرکے آپ سے معلوم ہوا کہ لڑکے نے
رمضان سے ایک مہینا پہلے کھانا پینا ترک کیا گویا دو مہینے کا روزہ رکھا اور عید کی صبح کو نہا دہو
کپڑے بدل کر عیدگاہ کو نماز کی غرض سے چلا اور سب خاندان کے آدمی اوسکے ہمراہ ہوے تھوڑی دور
سب کے ساتھ رہا بعدہ اپنا رستہ لیا سب ساتھی واپس آئے مگر باپ ساتھ رہا چلتے چلتے ایک
صحراے لق و دق میں پہونچا ہر طرح کی جانور درندے گزرتے تھے اور اوسکو سلام کرتے تھے آخر ایک
جگہ بیٹھ گیا تھوڑی دیر کے بعد ایک پیرمرد سفیدریش مستطیع صورت روشن پیشانی کچھ کباب و مٹھائی
اور ایک پیالہ دودھ کا لائے اور پوچھا کہ بھیک کا باپ تو ہے اوسنے کہا میں ہوں وہ کباب وغیرہ
اوسکی نذر کیے پھر تو ہر روز یہہ غذا عالم غیب سے اوسکے واسطے آتی رہی اور وہ کھاتا رہا
چند روز کے بعد جب وطن یاد آیا اور اوس جنگل میں بہت دل گھبرایا تب اوسنے بھیک سے کہا کہ اب گھر کو
چلو اوسنے جواب دیا کہ مجھکو خدا نے جس کام کے لیے پیدا کیا ہے اوس کام میں مصروف ہوں تم اگر
یہاں رہو بے خوف و خطر کھانا کھاؤ عمر گذارو اگر وطن یاد آتا ہے تو بےخوف چلے جاؤ اشعار

برنگ آسیا سنگ ست جان صبح ارزم ۞ بدست دیگری افتادہ ام ناچار می گردم
برفتاری کہ می خواہد ہمان رفتار می گردم

عنان اختیار خویشتن در ارم بدست او ۞ رشتہ در گردنم افگندہ دوست
می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

بھیک نے اوس پیرمرد سے جو کھانا لاتا تھا کہدیا کہ راہ بتادو پیرمرد نے راہ بتادیا کہ اسطرف کو
چلے جاؤ جو درندے تھے اوس سے کہنا کہ میں بھیک کا باپ ہوں کوئی تمکو آزار نہ دیگا غرض چلا آیا جو
درندہ ملا سر جھکا کر سلام کرتا تھا اور جہاں رات کو مقیم ہوتا تھا درندہ پاسبانی کرتے تھے اور پیرمرد کھانا
پہونچاتے تھے چار مہینے کے بعد گھر پہونچا اور دن رات بھیک کے غم میں مبتلا تھا آپ فرماتے تھے کہ
یہہ مرتبہ جو خدا نے اس بھیک کو عطا کیا یہہ فطرتی تہا تعلیم یا فیضان صحبت سے نہ تہا رباعی

آنجا کہ عنایت الہی باشد ۞ فسق آخر کار پارسائی باشد ۞ وآنجا کہ عتاب کبریائی باشد ۞ سجادہ نشین کلیسائی باشد

اس لڑکے کا حال جب آپنے مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب سے ذکر کیا مولانا صاحب نے فرمایا
وہ قطب وقت اور ابدال تھا نقل ایکبار سفر میں ایک شخص آپ سے ملا اوسنے بیان کیا کہ میں

تیس برس ہوئے اپنے گھر سے بارادہ زیارت کعبہ چلا تھا حج کر کے جا بجا زیارت کرتا ہوا موسی علیہ السلام کے مزار پر پہونچا وہان کا جنگل بہت خوش آیا آٹھ برس تک وہان ٹھیرا اور جاروب کشی کرتا رہا اتفاقاً ایک وطنی فقیر وہان پہونچا اوسنے پیام دیا کہ تمہاری زوجہ بہت پریشان ہے لڑکی جوان ہوگئی گذارہ اوقات نہین ہوتا شادی کا فکر ہے ضرور خیال کرنا چاہیے۔ **رباعی**

ہمین آن بے جمعیت کہ ہرگز نخواہد دید روی نیک بختی ہو آسانی گزینہ خویشتن را ہو زن و فرزند بگذار بسختی

مجکو اوس روز کمال ملال ہوا اوسی خیال مین سو رہا حضرت موسی علیہ السلام نے خواب مین جلوہ دکہایا فرمایا ای شخص غم نکر فلان مقام پر پتھر کے نیچے پانسو ریال گڑہے مین ہین اوٹھالے اور گھر چلا جا اور شادی کرکے واپس چلا آ ہم منتظر رہینگے جب آنکھ کھلی تو خیال سمجھا دوسرے دن پھر یہی خواب دیکھا آخر اوس پتھر کو اوٹھایا اور روپیہ نکالا وہان سے چلکر مدینہ آیا وہان خواب دیکھا کہ سرور کائنات ارشاد فرماتے ہین کہ بہت جلد چلے جاؤ موسی علیہ السلام منتظر ہین پھر گھر آیا اور لڑکیون کی شادی سے فراغت کی ایکدن دیکھا کہ موسی علیہ السلام فرماتے ہین تو اب تک کیون نہین آیا مینے عرض کیا پیادہ پائی اور سفر دراز کی دقت محال ہوتی ہے جب بیدار ہوا تو دیکھا کہ مزار پر موجود ہون اوس روز سے چھ مہینے کے بعد گھر آنے کی نیت سے سوتا ہون مجکو گھر پہونچا جاتا ہون آٹھوین دسوین دن پھر جانے کی نیت سے سوتا ہون وہان پہونچ جاتا ہون میرے حال پر موسی علیہ السلام کی بڑی عنایت ہے جب جاتا ہون گفتگو بھی ہوجاتی ہے ایکروز مینے یہہ بھی عرض کیا کہ مجکو کچھ تعلیم فرمایے ارشاد ہوا کہ تو متحمل نہوگا ہان بعد مرگ تجھہ پر کچھ عنایت ہوگی اور خرچ بھی جو ضروری ہو آپ مزار سے ملجاتا ہے حضرت قبلہ و کعبہ اس شخص کی نسبت فرماتے تھے کہ بہت اہل فضل اور زیرک تھا صاحب قسمت بلند تھا **نقل** جب سید اعظم علی شاہ صاحب کا انتقال ہوگیا آپ بابری سے چلدیے اور قادر گنج مین تیا شاہ صاحب سے ملے گنگا کنارے ایک جھونپڑی مین تیا شاہ صاحب رہتے تھے چند خادم پاس رہتے تھے جسوقت یہان پہونچے تیا شاہ صاحب جنگل مین اوپلی چن رہے تھے آپ بھی اونکے شریک ہوگئے تیا شاہ صاحب دیکھتے ہی بولے خوب ہوا سید ما و شاہ تم آگئے ہم بھی منتظر تھے اب ہمارا وقت قریب گیا ہے چند روز آپ دہلی خد

رہے اور فیوضات بے پایان سے مستفیض ہوئے آخر ریتا شاہ نے آپکو نصف شب کے وقت بحکم
رسید ایک گہڑا پانی گنگا کی ندی سے لاؤ رات کا وقت تہا برسات کی فصل تہی المامور معذور
دریا سواری پر تہا دار نظر آتی ادہر ادہر دیکہا ناچار پانی مین قدم رکہا دریا قدرت ایزدی سے
پایاب معلوم ہوا دو ہاری کی تلاش مین دوسرے کنارہ پر پہونچ گئے اور حیران ہوئے کہ یہ کیا کرشمہ قدرت
ہے کہ دریا اس جوش پر تہا پایاب ہو دیار کا نشان نہین ملتا دوسرے کنارہ پر دیکہتے ہین تو ریتا شاہ
موجود ہین اور فرماتے ہین میان جہان سے جی چاہے ہو بہر تو سب ہاری ہی ہے پہر گہڑا بہر کر دو نو باتین کرتے ہوئے
ہوئے چلدیے جب قریب آئے تو شاہ صاحب پیشاب کے لیے بیٹھ گئے پہر جو اکر دیکہا تو اپنے مکان مین جیسے لیٹا
چہوڑ گئے تہے موجود ہین اور خادم سے کہہ رہے ہین کہ سید گہڑا لیکر گیا تہا خدا جانے کہان رہ گیا آپنے خادم
سے پوچہا کہ شاہ صاحب بہی ہمارے پیچہے گئے تہے اوسنے کہا قدم بہی نہین اوٹہایا جب خلوت ہوئی فرمایا یہ
ایک تماشا تمکو ہمنے دکہایا تہا پہر فرمایا کہ دس دن ہماری زندگی کے اور باقی ہین بعد اسکے چراغ علیشاہ کے پاس
سہتیل جاؤ پہر واجد علیشاہ سے زبیدہ مین ملو یہ دو نو بزرگ تمہارے منتظر ہین ہر چند کہ حضرت کا ارادہ حج کا
تہا کیونکہ آپ پر فرض تہا ایسی استطاعت نہ تہی مگر ریتا شاہ کے حکم سے نیت حج مصمم کی اور اول اقلیم حج
چلکر سہتیل مین چراغ علیشاہ سے ملے وہ بہی کمال مدارات سے پیش آئے اور فرمایا آؤ سید ہم بہی تمہارے
منتظر بیٹہے تہے تین مہینے سے کچہہ زیادہ وہان آپنے قیام فرمایا اور اونکے فیضان صحبت سے بہرہ یاب ہوئے
نقل حضرت چراغ علیشاہ صاحب کی خدمت مین ایک حجام رہتا تہا اوسکو حج کعبہ کا شوق دامنگیر ہوا
چند بار اوسنے عرض کیا کہ حضرت کوئی ایسی صورت کرا دیجئے کہ میرا بیت اللہ جانا ہو جاوے آپنے کچہہ جواب
نہ دیا ایک روز حجام خط بنا رہا تہا اور آپ اوس وقت نہایت خوش تہے حجام نے عرض کیا کہ میرے حج کے
جانے کی ابتک کوئی صورت پیدا نہوئی اسکا آپنے کچہہ جواب نہ دیا اور فرمایا تیرے پاس آئینہ ہے اوسنے
کہا موجود ہے آئینہ اوس سے لیکر پہلے آپنے دیکہا پہر اوسکو دیا کہ اب تو اسکو دیکہہ حجام نے جسوقت آئینہ
دیکہا بیت اللہ اور دیگر مقامات متبرکہ مع مدینہ منورہ نظر آئے حیران ہوکر بولا حضرت آئینہ مین بیت اللہ نظر آتا
دیتا ہے فرمایا خوب جی بہر کر زیارت کرلے کوئی مقام باقی نرہ جاوے جب خوب دیکہہ چکا اور اوسکی

تسلی ہوگئی بیت اللہ جانے کا ارادہ فسخ ہوگیا اور وہان سے پھر میرٹھ تشریف لائے اور رسالہ بانکے رائے کی گلی
کے مکان پر جو خدا دوست اور درویش پرست آدمی تھے قیام کیا پھر میرٹھ سے چلکر آپ دہلی تشریف لیگئے
اور چند روز میان فدا حسین شاہ صاحب کی خدمت مین مستفیض رہے اور ارادہ سفر حج ظاہر کیا میان فدا حسین شاہ صاحب
نے فرمایا یہہ سفر سعادت اثر مبارک ہو جب حج سے فارغ ہوکر مدینہ منورہ مین پہونچو خاکسار کی طرف سے جناب
فخر موجودات سرور کائنات فخر العالم کے روضہ مطہر پر بعد سلام یہہ شعر عرض کرنا **شعر**
یا حبیب الالٰہ خذ بیدی ٭ ما لعجزی سواک مستندی ٭ آپ نے فرمایا کہ بشرط یاد رہنے عرض کرونگا اتفاقاً
جب آپ بعد فراغت حج مدینہ منورہ مین تشریف لیگئے اور روضہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے تو میان
فدا حسین شاہ صاحب کا پیام یاد نرہا خواب مین دیکھا کہ میان فدا حسین صاحب شکایت فرماتے ہین بیدار ہوتے
ہی آپکو زیادہ خیال ہوا اور روضہ مبارک پر حاضر ہوئے اور وہ پیام عرض کیا اور فیوضات سرمدی اور انعامات
صمدی سے جو اندازہ تحریر سے باہر ہے فیضیاب اور کامیاب ہوئے **نقل** جب آپ بمبئی پہونچے مع سید وزیر علی
صاحب اپنے ہمراہی کے حکیم عبد اللہ شاہ صاحب سے ملاقی ہوئے حکیم صاحب کے ہان درویشون کا مجمع تھا
آپکی طرف بسبب سفید پوشی کوئی مائل نہوا مگر سید وزیر علی چونکہ رنگین لباس تھے سب نے سمجھا کہ یہہ درویش
ہین اونسے ایک شخص نے پوچھا آپکا پیر کون ہے فرمایا روپے طریقہ کیا ہے فرمایا روپے ایک نے پوچھا شجرہ کیا ہے
سید وزیر علی نے ایک خط جیب سے نکالکر رکھدیا سب پڑھکر کہ یہہ ظریف آدمی معلوم ہوتے ہین پھر
حکیم عبد اللہ شاہ نے آپکو پہچانا اور بہت خاطر و تواضع سے پیش آئے جاتی مرتبہ بھی وہان مقیم رہے اور
واپس آکر بھی اونکے پاس قیام ہوا جب بمبئی سے بارادہ بیت اللہ جہاز پر سوار ہوئے ایک ناخدا سے آپنے پوچھا کہو
صاحب کوئی مرد خدا بھی کبھی جہاز مین آپکو ملا ہے ناخدا نے کہا ہان میرے باپ کے وقت مین ایک فقیر جہاز
مین سوار تھے میرے باپ نے اونکو بزرگ سمجھکر اونکی خدمت کرنی شروع کی یا نو دن بار ہا تھا کہ پوچھنے لگے اس
کے بعد کون لنگرگاہ ہوگا میرے باپ نے لنگرگاہ کا نام لیا پھر دوسرا لنگرگاہ پوچھا اسیطرح جب لنگرگاہ پوچھتے
پوچھتے جدہ کا نام آیا بولے جہاز تمام دو جدہ آگیا میرے باپ نے کہا حضرت ابتو بمبئی سے روانہ ہوئے ہین
ابھی جدہ کہان فرمایا دیکھو جدہ آگیا باہر نکلکر دیکھا تو بیشک جدہ کا لنگرگاہ تھا سب حیران ہوگئے اور شاہ صاحب

غایب ہو گئے پہر نظر نہ آئے ایک دو مرد خدا دیکھے لیکن آج آپ نظر آئے حضرت قبلہ نے فرمایا اوسکی تو ہمکو
ہم میں کیا کمال دیکہا تہا خدا بولا آپ مرد خدا کو پوچہتے ہیں جو مرد خدا ہوگا وہی مرد خدا کو دریافت کریگا نقل
جب بیت المقدس سے آپ روانہ ہوے اور عدن میں پہونچے تو شیخ عیدروس صاحب کی زیارت کے اور وہانسے جاز
میں عفر کے زبید میں پہونچے حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر پہونچے وہاں جبہ شریف کی بہی
کی تہی اور یہ وہی جبہ تہا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
وصیت کے موافق حضرت اویس قرنی کو لاکر پہنایا تہا آپ فرماتے تہے جس روز ہمنے جبہ کی زیارت کی کمال
نے ایسا مدہوش کیا کہ ہم نے سر پر جبہ شریف کو رکہ لیا جبہ کا سایہ تو کہان ہوتا ہمارا سایہ بہی اوسوقت معدوم
نقل جب آپ زبید میں پہونچے واحد علیشاہ سے ملے اور اونکی صحبت میں چند دنوں بہرہ یاب ہوے واحد علیشاہ
صاحب نے آپکے حال پر بہت مہربانی فرمائی تہی کہتے تہے جب ہم واحد علیشاہ صاحب کے پاس تہے بیداری میں خواب کا سا عالم
رہتا تہا اور تمام دنیا ہیچ پوچ نظر آتی تہی استغراق واحد علیشاہ صاحب پر بہت غالب تہا ایکبار واحد علیشاہ صاحب نے
آپکو توجہ دی تو آپ پر ایسا استغراق وارد ہوا کہ نماز ظہر قضا ہو گئی فرماتے تہے کہ ہمنے بہت بزرگ دیکھے توجہ ایسی
توجہ کسی کی زبردست نہیں دیکہی واحد علیشاہ صاحب بہت زبردست درویش تہے اور انکی صحبت میں یہ تاثیر
تہی کہ جو کوئی اونکے حجرہ میں آ بیٹہتا تہا قوت گفتار قطعی جاتی رہتی تہی شعر خدا قومی کہ دید حق بود دیدار
بود محو باشد در شہود ذات حق آثار شان ہو ایکروز واحد علیشاہ صاحب نے آپسے پوچہا کہ تمہارا اصل مطلب کیا ہے
فرمایا توحید و تنزیہ فرمایا آمین بحر حیرانی و سرگردانی کرو اور کچہ نصیب نہیں ہوتا آپنے کہا ہرچہ بادا باد کہ
آپنے مجنون کا مزار بہی دیکہا وہاں آپکو یہ شعر یاد آیا شعر قیس کا ماتم کرون میں یا کرون فرہاد کا ہو دو
یاد آتی مجہے کوہ و بیابان دیکہکر ایکروز زبید سے ملک خوارج کی طرف آپ چلے گئے ایک شیعہ میر جعفر علی
بہی آپکے ہمراہ تہے چلتے چلتے ایک گانوں میں پہونچ گئے وہانکی مسجد کی امام نے آپکو خاطر و تواضع سے ٹہرایا
دو دن مہمان رکہا اور بیان کیا کہ میں مولوی محبوب علی دہلوی کا شاگرد ہون تحصیل علم کر کے لکہنو چلا گیا شیعہ
مذہب اختیار کیا اس ملک میں خارجی مذہب نظر آیا خارجی ہو گیا ہون آپنے ظرافت سے فرمایا لندن جاؤ تو
مذہب اختیار کرو وہ ہنس پڑا اور آپکی ساتہ تہوڑی دور پہونچانے آیا اور وہ چلتے وقت کہہ گیا کہ میں آپکو

کیا ہون آپکے سننے مین اس ملک مین بطرز مستقط دکن خاموش چلے جاتے آخر آپ مسقط ہو پہونچے وہانکے حاکم نے
آپکا مذہب دریافت کیا فرمایا سنت جماعت مین ہون ساتھ ایک آدمی کیا اور ایک مسجد مین ٹھہرایا اور جمعہ کے
کو امام بارہ مین پڑھنے کا حکم دیا اور تین روز تک مہمانی کا حق ادا کیا مسقط سے چلکر بغداد شریف مین آپ تشریف
لائے چند روز وہان قیام کیا مزار حضرت غوث پاک کی زیارت اور فیوضات تمام سے مستفیض ہوئے پھر نجف اشرف
پہونچے فیوضات جناب حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مشرف ہوئے پھر کوفہ پہونچے تنور طوفان نوح دیکھا آپ فرماتے
تھے کہ اوس تنور مین پانی بہت تھی اور بہت عمیق تنور کا تھا اپنی ڈوری باندھکر تہہ تک لٹکایا ہر چند پیمان باندھتے
چلے گئے اوسکی حد نہ پائی وہان سے چلکر کربلائے معلی پہونچے تمامی زیارت سے عموماً اور حضرت سید الشہدا کی زیارت
خصوصاً مستفیض ہوگئے جناب امام علیہ السلام کا مزار دوہرا تھا ایک تہخانہ مین دوسرا اوپر زیارتگاہ خاص و عام
آپ تہخانہ مین ایک بزرگ کے ساتھ گئے شمع کافوری ہمیشہ امام صاحب کے مزار پر روشن رہتی تھی ایک خیمہ بھی
وہان نصب پایا جہان اہل بیت کا خیمہ میدان کربلا مین نصب ہوا تھا حسرت و بیکسی کا اثر آجتک اوس میدان مین
قایم ہو رہا وہان سے واپس دوبارہ بغداد شریف آئے اور چار مہینے تک قیام کیا ایکروز اوس مقام کی بھی زیارت کی
جہان منصور حلاج کو سولی دی گئی تھی وہان آپنے یہہ شعر پڑھا اشعار بعد از فنا بھی لے نہ گئے کوئے یار مین
کیا بار تھا صبا میری مشت غبار کا ✻ آوارگان عشق کا پوچھا جو مین نشان ✻ مشت غبار لیکے صبا نے اوڑا دیا
ایکدن حضرت معروف کرخی رحمت اللہ علیہ کے مزار کی زیارت کی خاص مزار ہے مگر جہان زیارت کو آتا ہے سنی شیعہ
سب معتقد ہین آپ فرماتے تھے کہ جب دوسری بار ہم بغداد آئے ایک ہمارے ہمنام سید غوث علی کہ جو بنارس مین کبھی
ہمسے ملے تھے بغداد مین ملے اونسے بھی ملاقات رہی ایک درویش حسین علیشاہ صاحب سجادہ نشین نے ایک شجرہ قادریہ
اپنا دیا آپنے فرمایا اگر ہمکو کسی بزرگ سے یا حضرت غوث الثقلین سے سینہ بسینہ از راہ باطن کچھ پہونچا ہو تو عنایت
فرماؤ اسبات کو سنکر بکمال حسرت و افسوس فرمایا کہ دولت سرمدی فقر ترکہ و ورثہ دنیاوی نہین ہے جو اولاد کو بموجب
قاعدہ ارث کے پہونچتا چلا آتا ہے مین حضرت کی اولاد مین ہون اور یہین پیدا ہوا اور پرورش پائی ساری عمر
حضرت کے مزار پر انوار پر گذر گئی ہے جو لوگ دور دور ملکون سے اپنی قسمت سے بہرہ یاب ہوکر چلے جاتے ہین اولاد
اور غیر اولاد پر کچھ حصر نہین ہے یہہ دولت خداداد ہے جسکو خدا چاہے عطا فرماوے ہمکو فایدہ باطن کا کسی کے کچھ نہین ہوا

البتہ ایک بزرگ نے اجازت قصیدہ بردہ کی تہی اور وہ ہمنے تین شخصون سے اوسی بزرگ کے موجب پڑہوایا
اونمین سے دو تو غایب ہو گئے خدا جانے ابدال ہو کر کہین کو چلے گئے یا کیا ہوا اور ایک نے جو پڑہا
تو اوسپر کچھ اوسکا اثر نا ہوا تو وہ ایک روز شکایت کرنے لگا ہمنے کہا کہ جو کچھ ہمکو معلوم تہا تبلا دیا فیض کا
ہونا نہونا خدا کے قبضہ قدرت مین ہے وہ اسکو سنکر مایوس ہو کر چلا تو اون روزون مین ایک بزرگ صاحب کمال
حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے مزار پر رہتے تھے او نہون نے اوسکو بلوایا اور چشم باطن سے اوسپر التفات فرما کر
رخصت کر دیا اور ہمکو بلوا کر سمجھایا کہ یہہ کیسا طریقہ تعلیم کا ہے کہ پہلے امیدوار کیا اور پہر نا امید کر دیا جب شاہ
صاحب نے یہہ حال بیان فرمایا تو آپ شاگردون نے پوچھا کہ جیسے یہہ بزرگ تھے ویسا کبھی اور بہی کوئی بزرگ آیا تہا
تو او نہون نے فرمایا کہ یہہ بزرگ سبکی تعظیم تکریم کو نہین اوٹھا کرتے تھے ایک دفعہ ایک بزرگ جو آئے تو اونکو دیکھکر
تعظیم کو اوٹھ کہڑے ہوئے وہ کہڑے کہڑے انکی طرف دیکھتے رہے اور یہہ کہکر چلے گئے کہ ہمنے یہہ سمجھا تہا کہ تم ایسے
شخص کے مزار پر رہتے ہو کسی لایق ہو گئے ہو گے مگر تم تو کسی لایق نہین ہوے یہہ کہکر چلے گئے پہر جب مین چلنے لگا شاہ صاحب نے قصیدہ
بردہ کی حضور کو اجازت دی اور چونکہ اسکی اجازت دینے کے واسطے پانچ روپیہ نذرانہ لینے کا طریقہ تہا اسلیے پانچ روپیہ
بہی او نہون نے لے لیے فقرای سنیاسی وغیرہ نے دربارہ توحید جو کچھ تعلیم کیا تہا بخوبی اوسپر حضور کا دل نہین جمتا تہا
جب بغداد شریف مین اوسجگہ جواہر ملفوظات حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے جو دربارہ بیان حقایق
و دقایق و انکشاف رموز توحید و عرفان مطالعہ مین آئے اوسکو پڑہتے ہی دل توحید پر جم گیا اور جو خیالات وغیرہ
دل مین تھے سب زایل ہو گئے واقعی حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ نے دربارہ توحید وغیرہ ایسے عمدہ ملفوظات تحریر فرمائے
ہین کہ طالب راہ توحید کے واسطے اونکا پڑہنا اور سمجھنا کافی ہے پہر کچھ ضرورت اور کتابونکے دیکھنے کی نہین رہتی
کتاب ہذا مین اکثر جگہہ ارشادات حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کتاب جواہر الملفوظات سے نقل کیے گئے ہین جیسا کہ
توحید ہونا حضرت کا ملفوظات مذکورہ اور اون اقوال سے جو درج کتاب ہذا مین ظاہر ہے ویسے ہی پابند شریعت
ہونا نقل ہذا سے جو شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اخبار الاخیار مین لکہی ہے بخوبی واضح اور لایح ہے

نقل حضرت ضیاء الدین ابو النصر موسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ مینے اپنے والد ماجد شیخ محی الدین عبدالقادر
رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ ایک بار عالم مسافرت مین ایک بیابان مین گذر ہوا کہ وہان پانی نایاب تہا چند روز

وہان قیام کیا پانی کی ذقت ہی تشنگی کی غلبہ کے وقت حق سبحانہٗ تعالیٰ نے ابر پیدا کیا وہ مجھ پر
سایہ گستر ہوا اور قطرات چند اوس سے گرے ایک گونہ تسکین ہوئی پھر ایک نور کی تجلی ہوئی کہ تمام افق
کو محیط ہوا اور اوس سے ایک صورت عجیب ظاہر ہوئی اور اوسنے ندا دی کہ ای عبدالقادر جو کچھ اور وں
پر حرام تھا وہ تجھ پر حلال ہوا جو تو چاہے طلب کر اور جو تیرے دل مین آوے وہ کر مینے کہا کہ اعوذ باللہ من
الشیطان الرجیم۔ اے ملعون یہ کیا گفتگو ہے یکایک وہ روشنائی تاریکی سے مبدل ہو گئی اور وہ
شکل دہوان بن گئی پھر ندا آئی کہ ای شیخ عبدالقادر تو نے اپنے علم کی بدولت مجھ سے نجات پائی مینے تجھ سے
پہلے ستر آدمی کو اسی طرح گمراہ کر دیا ہے اور ایسا گمراہ کیا ہے کہ کوئی اپنے مقام پر قایم نہین رہا یہ عجب علم
اور ہدایت ہے جو مجھکو تیرے پروردگار نے عطا فرمائی ہے تب مینے کہا۔ للہ الفضل والمنت ومنہ الہدایت
والنہایت حضرت کے کمالات باطنی احاطہ تحریر اور تقریر سے باہر ہین اونکا کچھ بیان نہین ہو سکتا شیخ
جمال العارفین ابو محمد بن عبداللہ بصری نے بوقت ملاقات خضر علیہ السلام سے کہا کہ کوئی حکایت عجیب
اولیاءاللہ کی بیان فرماو خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ ایکدفعہ بحر محیط کے کنارہ پر ہمارا گذر ہوا وہ ایسی جگہ
تھی کہ آدمیون کا گذر نہوتا تھا ناگاہ وہان دیکھا کہ ایک مرد کمبل لپیٹے ہوئے سوتا ہے میرے دل مین یہ
خیال آیا کہ کوئی ولی خدا ہے مینے کہا کہ اوٹھو اور عبادت کرو اوسنے کہا کہ اے ابوالعباس تم جاؤ اور
اپنے کام مین مصروف ہو مینے پوچھا مجھے تمنے کس طرح پہچانا اوسنے کہا کہ تم خضر ہو یا نہیں گر مجھکو تمنے
پہچانا یا نہین کہ مین کون ہون مینے جناب باری مین التجا کی کہ یارب مین نقیب اولیا ہون مگر انکو مینے
نہین پہچانا آواز آئی کہ اے ابوالعباس تو نقیب اولیا ہے مگر اونکا کہ جو ہمکو دوست رکھتے ہین اور یہ
اوس طایفہ مین سے ہے کہ جنکو مین دوست رکھتا ہون تب اوس مرد نے کہا کہ ای ابوالعباس تو نے
سن لیا اور وہ مرد غایب ہو گیا جب ہان سے آگے ایک تو دہ ریگ پر گیا جو نہایت بلند تھا اوسکے
اوپر ایک نور دیکھا کہ جس پر نظر نہین ٹھہرتی تھی وہان دیکھا کہ ایک عورت گلیم پوش لیٹی ہے مینے چاہا
کہ پانوسے اوٹھاؤن آواز آئی کہ ادب سے رہو اوسکے ساتھ جسکو ہم دوست رکھتے ہین بعد ایک ساعت کے
وہ بیدار ہوئی اور کہا الحمد للہ الذی احیانی بعد ما اماتنی والیہ النشور والحمد للہ الذی اغنی واقنی

خلق بعد اوسکے مجسے کہا کہ ای ابو العباس اگر منع کرنے سے پہلے باادب رہتا تو بہتر ہوتا پیشتر کہ
یا اللہ علیک تو بعد اوس مرد کی پہر کہا ان یہان ایک عورت ابدال سے مر گئی تہی خدا تعالی اوس کے
غسل اور تکفین کے واسطے مجہے یہان لایا تہا جب اوس سے فراغت ہوئی اوسکو اوٹھا کر آسمان کیطرف
لیگئے پہنے کہا کہ میرے واسطے دعا کرو کہا ای ابو العباس دعا تمکو کرنی چاہیے جب پہر کہا تو کہا وہ کہ اوس
نصیبک منہ پہنے کہا کچھ اور زیادہ کرو تو کہا کہ اگر تو مجسے غایب ہو جاوں تو ملامت مت کرنا پہر وہ بہی نظر سے
غایب ہو گئے بعد اس نقل کی کہ حضرت خضر علیہ السلام سے ابو محمد صاحب نے پوچہا کہ ایسے افراد کا کوئی سرگروہ
بہی ہوتا ہے جو بیہ اوسکی طرف رجوع رہین وکھون نے فرمایا کہ ہوتا ہے اور اس عہد مین شیخ عبد القادر
جیلانی رضی اللہ عنہ ان کے سرگروہ ہین اور وہ افراد سے ہین اور مقام فردانیت مقام انبساط اور
محویت ہے اور فرد کی کوئی مراد نہین ہوتی سوائے خدا تعالے کے اشعار

از خدا جز خدا نباید خواست
کہ بجز او ہر چہ ہست و بفناست — ہر چہ از غیر خواستی بدعا — ہم دولتش ترا شود فردا
پس چرا از کریم بے ہمتا — ہم خود را طلب کنی بدعا — دولت باقی از خدای کریم
چون بخواہی کہ دایم است قدیم — تاکہ آن را بود ہمیشہ بقا — نعمتی تو در عشق فردا

بغداد سے آپ سجادہ نشین صاحب کا خط اخلاص کے نام لیکر بصرہ ہو پہونچے چندرہ روز تک خدا نے آپکو ٹہرایا
اور بصرہ کی خوب سیر کرائی حضرت حسن بصری اور حبیب عجمی کے مزارات کی زیارت کرائی حضرت حبیب عجم
کے کپڑے رنگنے کی دکان دیکہی مگر رابعہ بصری کا مزار نہ ملا پہر جہاز مین سوار ہو کر شہر سورت مین آئے کمال شاہ
صاحب کے پیر کے مزار کی زیارت کی نہایت پر تاثیر مزار پایا وہان سے بمبئی آئے اور حکیم عبد اللہ شاہ کے مکان پر
ٹہرے بہار شاہ حضرت سے ملاقات کی پیر فقیر بہی صاحب نسبت تہا بہار شاہ کے کہنے کے موافق ایک مجذوب جو بجی
بہوپال سے قلعہ مین تہا گئے کچھ شیرینی نذر کی اوس مجذوب کی عادت تہی کہ جو کوئی جاتا اوسکو گالیان
دیتا تہا آپکے ساتھ بہی سخت کلامی سے پیش آیا آپنے اوسکی گردن پکڑ لی اور کہا تم ہمکو دم بہر دمین
کا پادشاہ بنا سکتے ہو کہا نہیں فرمایا پہر کیون گالیان دیتے ہو وہ خاموش ہو رہا اور شیرینی کہا لی
میان بہار شاہ نے آپکو سمجہایا کہ حضرت گم میٹہا اور نیم کڑوا اچہا ہوتا ہے دوسرے دن آپ پہر مجذوب

کے پاس گئے اور بخدمت آپکے کی پھر وہانسے چلکر دہلی آگئے اور چھ مہینے زینت المساجد مین قیام کیا اوسکے
بعد چھ مہینے کے پھر شہزادہ مرزا منگلو کی ہمراہ حج کو تشریف لے گئے منزل بمنزل لدھیانہ پہنچے وہان پر
محکم الدین شاہ ایک درویش کامل مشہور تھے اون سے آپ ملنے گئے آپنے نام پوچھا محکم الدین نے خدا فرمایا
سبحان اللہ ہم ہنسو آپکو تمام آسمان پر تلاش کرتے تھے تم زمین پر ہی مل گئے اوسنے آپسے نام پوچھا فرمایا تم کیسے
خدا ہو کہ مخلوق کا نام نہیں جانتے تھوڑی دیر کے بعد وہ بولے تمہارا نام سید غوث علی ہے باپ کا نام سید
احمد علی دادا کا نام سید منظور حسن ہے اوسیوقت ایک شخص مرید ہونے آیا اوسے کہا پڑھ لا الہ الا اللہ محکم الدین
رسول اللہ آپنے فرمایا بس معلوم ہوا آپ حالی خدا ہین راجہ دیکھکر سب کچھ کرتے ہین بس خدا ہی بنے رہو
رسول مت بنو پہلے بہی فرعون نمرود شداد وغیرہ خدا بن لئے ہین وہان سے آپ لاہور ملتان ہوتے ہوئے
کراچی سے جہاز پر سوار ہوکر بغداد کربلا و پہر نجف اشرف کی زیارت کرتے ہوئے مکہ پہنچے اور بعد حج پہر
مدینہ منورہ کی جا زیارت کی پھر مکے سے بمبئی بمبئی سے حالی مین آ پہونچے اس سفر حج جہاز مین تین درویش
آپکے ساتھ بظاہر وہ شکستہ حال تھے ناخدا نے اون پر چوری کی تہمت لگائی تب وہ خفا ہوکر دریا مین کود
پڑے ایک غرق ہوگیا اور دو پانی پر ایسے چلے گئے جیسے خشکی پر پیادہ آدمی چلتا ہے جب تک نظر آئے سب
دیکھتے رہے پھر غایب ہوگئے بیت المقدس مین آپسے دونو مدینہ تک آ ملے اور اونکا ساتھ رہا فرماتے تھے
کہ کامل تھے پھر چند روز کے بعد سیر و سیاحت کا شوق ہوا دہلی تو آپ تنہا دہلی سے اور جبلپور ہوتے ہوئے پہنچے
ایکبار شمس آباد کے قریب جنگل مین ایک فقیر احمد شاہ صاحب تھے اونکے پاس آپ تشریف لے گئے ایک نہایت
کہنہ اور بہت بڑی مسجد بادشاہی وقت کی تہی اسی مین رہتے تھے وہ درویش آپسے کہنے لگے یہان
شیر لگتا ہے یہان مت ٹھہرو ایسا نہو پہاڑ ڈالے آپنے نمانا اور وہین قیام کیا درویش حجرہ بند کرکے
سو رہے آپ نماز پڑھ کر کچھ کہانا آپ کے پاس تہا کہاکر مسجد کی چھت پر چلے گئے وہان دیکھا کہ ایک بڑا
سانپ پڑا ہو وہانسے چلے آئے وضو کرکے تمام رات مسجد کے چبوترہ پر بیٹھے رہے صبح ہوئی پھر میان صاحب نکلے
پوچھا شیر تو نہیں آیا فرمایا آپ شیر مین یا ہم نہین بہی احمد شاہ گنڈہ تعویذ بہت کیا کرتے تھے اور بہت مال
انکے پاس تہا پہر وہانسے چلدیے چند روز کے بعد سنا کہ شاہ صاحب مر گئے اور کسی شخص شرف کے کلمہ گری

خانہ مین داخل ہوے **نقل** انجناب آپ قنوج پہونچے کسی تکیہ مین قیام کیا فقیر نظر نہ آیا ایک عورت
جاروب کشی کرتی تھی اوس سے پوچھا کہ تکیہ کا فقیر کہان ہے عورت نے کہا حضرت اس تکیہ مین ایک فقیر
رہتا تھا مگر چار دن سے غایب ہے میرا لڑکا مدت سے گم ہو گیا تھا اب عمل تعویذ جب کر چکے تو اوس
فقیر کے پاس آئی اور اوسکی مدت تک خدمت کی تکیہ کی جاروب کشی کی ایک دن وہ خوش ہو کر
پوچھا تیرا مطلب کیا ہے مینے اپنا مطلب عرض کیا بولا مین تو اس قابل نہین ہون جو تیرا لڑکا منگا دون
ہان پھر دن مین مرد خدا ہے وہ کے پاس جا مگر میرا نام نلینا اور وہ کیسا ہی انکار کرے مت مانیو اور
بیہودہ بکا کریگا مین پھر دن مین گئی اور اوسکے سر ہوئی اوسنے ہر چند انکار کیا مینے اصرار کیا ناچار اوسنے
پوچھا تجھے کسنے بھیجا ہے اوسکا نام بتا جب منگا دونگا مینے اپنی غرض سے تکیہ والے کا نام بتا دیا بہت خفا ہوا
بولا ہم تو سمجھے تھے نالایق کچھ آدمی ہو گیا ہے آپ بھی برباد ہوا اور ہمین بھی برباد کیا یہ کہکر میرے سر پر
ہات رکھا اور فرمایا دیکھ لڑکا آگیا دیکھتی ہون کہ میرا لڑکا گھوڑے پر سوار چلا آتا ہے اور ایک قافلہ کے ساتھ
ہے مینے کہا یہہ سب کہا ہات پکڑ لے مینے اوسکا ہات پکڑا اونہون نے میرے سر سے ہاتھ اوٹھا لیا لڑکا مجھکو
پایا مگر فقیر صاحب غایب ہوگئے جب تکیہ مین آئی تو تکیہ والا بھی ندارد ہوا دیکھا اب بیٹا تو میرا گھر مین ہے اور مین
ہر روز شکریہ مین یہان جاروب کشی کرتی ہون اور اوس فقیر کے منتظر رہتی ہون آخر وہ قنوج سے
مین ایک مزار حاجی زندی شریف کے نام سے مشہور ہے پر فضا مقام مین واقع ہے گنجان درخت ہیں
آپ وہان گئے مجاورون نے کہا رات کو یہان صاحب مزار کا حکم نہین ہے تم نہ ٹھہرو آپ نے فرمایا ہم اون سے
لے لینگے آخر آپ وہان رہے اور اگلے دن آپنے مجاورون سے کہدیا کہ ہمکو رہنے کی اجازت ہو گئی ہے
آپ کا معتقد ہوا چند روز کے بعد وہان سے آپ چلدیے بیت السر مین ایک کونجڑا آپ کے وطن کا ملا
اوسکی زبانی معلوم ہوا تھا کہ آپ کے والد بہت یاد فرماتے ہین اور آرزو رکھتے ہین کہ ایکبار دیدار دکھا
آپ وطن تشریف لے گئے وہان جاکر معلوم ہوا کہ والد صاحب کی رحلت ہو گئی یہہ حال سنکر آپ گھر نگئے اور
ایک مسجد مین ٹھہرے مسجد کے ملا نے آپکے گھر خبر کی کہ مسافر ایک مسجد مین وارد ہے حیدر حسن آپکے چھوٹے بھائی
جو دوسری والدہ سے تھے بھائی جنکی عمر بارہ برس کی تھی کہا نا لیکر آئے آپنے نشان بتا انساب

کا پوچھا اونہون نے والدہ سے جاکر قصہ بیان کیا وہ سنکر خاموش ہو رہین ایکروز آپ نے حجام کو بلایا حجامت
کرائی آپ کے سر مین ایک نشان چلیپائی تھا اوسنے پہچانا اور کہا یہہ نشان تو میرے ہاتھ کا ہے معلوم ہوتا ہے کہ
آپ وہی ہین یا کوئی اور ہین اور آپ سید احمد علی صاحب کے صاحبزادے معلوم ہوتے ہین اور آپ چھٹپنے مجھے
اور آپکا نشان غلط تھا غرض آپکا نام بیٹے آپ نے اوسکو ٹالدیا اور جب وطن سے چلکر وہان تشریف لائے
جہان دوسری والدہ رہتی تہین تو گھر مین نگئے اور مسجد مین ٹھہرے اتفاقاً آپنے مسجد مین اذان دی والدہ نے
آواز سنکر پہچانا مگر بیٹون سے یہہ کہا کہ اس مسافر کی آواز تمہارے باپ کیسی آواز معلوم ہوتی ہے ایسا معلوم
ہوتا ہے کہ یہہ تمہارے فلان بھائی ہین تم انکی دعوت کرآؤ چنانچہ ایک بھائی آپ کا آیا اور دعوت کرگیا
صبح کو آپ دعوت کھانے گئے والدہ دفعتاً سامنے آگئی اور زار زار رونے لگی کہ تمنے کیا غضب کیا مسجد مین
مسافرانہ ٹھہرے اور ہماری پاس آئے آپ نے فرمایا اب ہم تمہارے قابل نرہے کیا گھر مین آتے ایکدن
آپ سے والدہ نے دریافت کیا کہ تمکو بیت اسمین شاید کچھ خرچ کی دقت ہوئی تھی اور کسی ترک نے پانچ
ر حال تمکو دی اور یہہ بہی کہدیا کہ آیندہ پہر تکلیف نہوگی آپ نے فرمایا بیشک ایسا ہی ہوا ہے تب والدہ
نے کہا وہ تمہارے بھائی ابوالحسن تھے اونہون نے اوسیوقت مجھسے آکر یہہ قصہ سنایا تھا اثنا راہ مین
جب نانی صاحبہ کا گھر آیا آپ وہان تشریف لیگئے اور ایک مسجد مین ٹھہرے ماموں صاحب سے ملاقات ہوئی انہون
نے آپکو نہ پہچانا آپنے بھی اونسے نہ کچھ حال ظاہر کیا نانی صاحبہ بیمار تہی آپکے ماموں آپکو مسافر سمجھکر روٹی
آپکے واسطے لائے تب ذکر بیماری کا آیا آپنے فرمایا کہ چلو ہمکو بھی ذرا دکھلاؤ اونہون نے اول غیر آدمی سمجھکر
انکار کیا آپنے فرمایا کہ ضعیفہ ہین جیسے تمہاری والدہ ویسی ہی ہماری غرض کہ وہ آپکو لیگئے نانی صاحبہ نے
پہچان لیا اور اپنے فرزند سے فرمایا کہ یہہ مسافر نہین ہے یہہ تو تمہارا بھانجا ہے پہر تو آپکی بہت خاطر تواضع ماموں
صاحب نے کی اور ایکدفعہ آپ والدہ ماجدہ کی حیات مین وطن مین تشریف لیگئے تھے اور آپکی منسوبہ بلانکاح بیٹھی
ہوئی تھی سبنے تقاضا کیا کہ تمہاری منسوبہ بیٹھی ہے کسی سے نکاح نہین کرتی تم نکاح کرلو آپنے انکار کیا اور
سیدالحسن کے ساتھ شادی کرادی **شعر** خوشا آنکس کہ زو برہم یا چون می زیئی خوشدل ٭ نہ گوید نیز زمین دارم
نہ زر دارم نہ زن دارم ٭ آپکی والدہ نے اپنے حصہ کی جائداد دلیوانی چاہی اوسے بہی انکار کیا اور کہا معاش دینی مجہے

نان جوین خور تو چشمۂ آب شور | سیپارۂ کلام و حدیث پیغمبری | ہم نسخہ دو چہار ز علمی کہ نافع است
در درین خلوت بعلم و ذکر و عنبری | تاریک کلبہ کردہ روشنی آن | بیہودہ مفتی خبر و شمع خاوری
با یکی دو آشنا گر نیز رو ہم جو | در مرشد چشم ہمت شان ملک سنجری | این آن سعادت است کہ حسرت برد بر آن
جو بپای تخت قیصر و ملک سکندری

اور وہانسے چلدیے **نقل** ایکبار میان حبیب اللہ شاہ صاحب کی وفات کے بعد آپ سنبھل پہونچکر غلام حسین نامی ایک شاہ صاحب کے خادم نے پہچانا اور تمام سنبھل میں شہرت کر دی کہ میاں صاحب کے بڑے خلیفہ آئے ہیں تمام اہل شہر جمع ہوئے اور دستار بندی کی تحریک کی اور وصیت شاہ صاحب بیان فرمائی آپنے فرمایا تم دنیا دار ہو یا فقیر سب نے کہا دنیا دار آپنے فرمایا ہم کون ہیں سب نے کہا آپ فقیر ہیں فرمایا مجھے افسوس کی بات ہے فقیر دنیا داروں کے ہاتھ دستار بند ہوا وے سب خاموش ہو رہے پھر آپ وہاں ایکسال چار یوم رہے ۔ **اشعار** ۔

چاہ شیخی ہمہ چاہ است عمیق | اندرین چاہ بسے گشتہ غریق | سالکانے کہ درین چاہ شدند
عاقبت غرق درین چاہ شدند | بستہ شیخی و پیرے ماندند | غافل از فقر و فقیرے ماندند

نقل رامپور میں لین دروازہ میان حبیب اللہ شاہ صاحب رہتے تھے آپ اونکے پاس گئے اونہوں نے دیکھتے ہی پہر اوٹھایا اور آپکی طرف دوڑے آپنے فرمایا پہر کیوں مارتے ہو نہ ملو ہم تو تمہارے دادا پیر سے مل لیے ہیں تم نہ ملوگے تو کچھ غم نہیں آخر وہ مہربان ہوئے آپ فرماتے تھے کہ بہت صاحب ذوق آدمی تھے ایک دن ایک شخص حبیب اللہ شاہ کے پاس آیا اور شکایت کرنے لگا کہ میں نے کوئی فقیر نہ دیکھا مکہ مدینہ بغداد اجمیر سب جگہ گئے کچھ نہ پایا حبیب اللہ شاہ کو جذب آیا اور اوسکو سامنے بٹھا کر ایک نظر ڈالی قلب شق ہو گیا اور منہ سے خون ٹپکا تیسرے دن مر گیا **نقل** رامپور میں ملا سبحان شاہ سے آپ ملے ملا سبحان شاہ موحد تھے اور انکی نسبت ور فیضان کا یہ حال تھا کہ مشایخ میں سے اگر کوئی اونکے کوچہ میں نکلتا تھا تو کہتا تھا کہ خدا جانے یہ فقیر کیسا بدعتی ہے جب اس کوچہ میں آتے ہیں تاریکی چھا جاتی ہے دو مہینے آپ رامپور میں رہے اور ملا سبحان شاہ سے ملتے رہے **نقل** حیات المیر صاحب سے قلعہ تغلق آباد میں حیات المیر صاحب غوث پاک کی اولاد میں حضرت شیخ تاج الدین عبد الرزاق کے پانچ فرزند تھے شیخ

ابو صالح ابو القاسم عبد الرحیم شیخ ابو محمد اسمعیل شیخ ابو المحاسن فضل اللہ سید جمال اللہ ان سب مین
سید جمال اللہ حسن و جمال مین غوث پاک سے مشابہ تھے اور غوث پاک کو انسے حد سے زیادہ محبت تھی خضر علیہ السلام
کی دعا سے آپکو عمر دائمی نصیب ہوئی ہنوز زندہ ہین اور دیار سمرقند کی طرف قیام رکھتے ہین اور
حیات میر عرف نام ہے اکثر اولیا کو ان سے فیض فائدہ ہوا ہے اور بہت سے اولیا اونسے مرید ہوئے ہین
حضرت سید محکم الدین صحروی بہی انکے مرید ہین اور شاہ لطیف بری صاحب نے بہی انسے فیض و فائدہ پایا
حضرت قبلہ کو بہی ان سے فیوضات تام نصیب ہوئے ہین اور بعض کہتے ہین کہ نواح بسطام مین رہتے ہین
اور گاہ گاہ بسطام مین آتے ہین ایک شخص نے جو بوقت ملاقات دریافت کیا کہ آپکی عمر کسقدر دراز ہوگی تو
فرمایا کہ تحقیق تو ہمکو معلوم نہین ہے مگر جد امجد حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ یون فرمایا تہا
کہ ان عیسی علیہ السلام سے ہمارا سلام کہدینا تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اونکے زمانہ تک زندہ رہونگا
اور اونکی امانت سلام اونکی خدمتمین پہونچاونگا ۔ **نقل** مصر کے قریب ایک مقام پر لب دریائے نیل
ایک بزرگ رہتے تھے اونسے ملاقات ہوئی دو چار دن اون کی خدمتمین ٹھہرے نہایت عنایت سے
پیش آئے ایک روز فرمانے لگے کہ سید بادشاہ آج ہمکو بخار آویگا تم مستعد ہو رہو اوس سے جنگ ہوگی
جہانتک ہوسکے ہمکو سنبہالنا تاکہ ہم مغلوب نہو جاوین عرض کیا کہ یہہ تماشا آجتک نہین
دیکھا ہے ضرور دیکھنا ہے آخر جب ظہر کی نماز پڑھ چکے تب اونھون نے فرمایا لو بخار آگیا اور ایک
بار وہ زمین پر لوٹنے لگے حضور نے بزور اونکو پکڑا اونکے جسم مین اس قدر قوت طاقت تہی کہ ہرچند
روکتے تھے مگر وہ نہ رکتے تھے اور دریا کی طرف غلطان غلطان جاتے تھے پہر بزور اونکے قیامگاہ کی
طرف لاتے تھے بہت دیر تک یہہ حال رہا پہر اونکو ہوش آیا اور اونھون نے فرمایا کہ بس بخار گیا ہم
غالب ہے وہ مغلوب ہو گیا کل پہر آویگا کل کی جنگ مین اگر ہم مظفر اور منصور ہوئے تو بچ گئے
دوسرے دن اوس سے بہی زیادہ اون کی حالت ابتر ہوئی ابعدین ہوش آگیا پہر اچھے ہوگئے
پہر ایک روز فرمایا لو صاحب اب ہمارا وقت آگیا تم ہمارا کفن دفن کرنا یہہ کہکر تھوڑی دیر
کے بعد جان بحق ہوگئے اون سے بہی آپ کو فیض نائل ہوا فقط مولف

طالبان راہ خدا اور عاشقان ذات کبریا پر واضح ہو کہ حضرت قبلہ و کعبہ نے راہ خدا طلبی اور خداجوئی میں جسقدر ریاضت اور مجاہدہ کیا ہے اور پچاس برس تک جا بجا مردان خدا کی جستجو اور تلاش میں سیاحی کی ہے اور نیز جو کچھ حیرانی اور سرگردانی اس راہ میں اوٹھائی ہے وہ کما حقہ اس ہیچمدان کے کابتدمین نہین آسکتی اور جو کچھ کہ خداوند کریم نے از راہ باطن فضل بے شمار آپکے اوپر فرمایا تھا اوسکا بھی بیان قرار واقعی نہین ہوا ہان جو کوئی صدق و اخلاق دلی سے اس راہ مین جد و جہد کریگا اوسکی محنت اور ریاضت رایگان نجائیگی اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ شعر

مرد می باید کہ در راہ طلب — راہ پیماید ہمیشہ روز و شب

جان سپر سازد بلاہائے ورا — ہم وفا خواند جفاہائے ورا

سینہ بر تیر غمش سازد ہدف — بہر ایثارش بگیرد جان بکف

اور حق تو یہہ ہے کہ جسپر وارث کو فضل فرمانا ہوتا ہے اپنی طلب اور توفیق ریاضت و مجاہدہ دیتا ہے اور وہ دن رات اوسکی یاد بود مین لگے رہتے ہین اور جسپر فضل فرمانا منظور نہین ہوتا نہ اوسکو طلب صادق دیتا ہے اور نہ توفیق طاعت و عبادت عطا فرماتا ہے رباعی

آنکس کہ اسیر و والہ یار بود — در سلسلۂ عشق گرفتار بود

دل از غم یار بے قرارش باشد — آرام دلش بذکر دلدار بود

دوسرا گلزار تعلیم مین

دوسرے گلزار کا پہلا چمن

رباعی

از نسخۂ توحید سبق می گویم
مضمون سواد نہ ورق می گویم
بیگانۂ حق زیار را گو نیست
حق شاہد حال ہست کہ حق می گویم

حضرت قبلہ وکعبہ رمز شناس اسرار احدیت نکتہ فہم رموز صمدیت برگزیدہ بارگاہ کبریائی گزین یاب اولیائے تحت قبائی ہادی طریق تفرید رہ نمائے منازل تجرید آئینہ دیدار توحید تجلی طور جلوات دید مستغرق ذات تھا تمام عمر بحر بے پایان توحید مین غرق رہے شب و روز اوقات شریف کو تکمیل توحید اور تحقیق تنزیہ مین صرف کیا فیضان صحبت و تعلیم پیران شریعت و طریقت رہ نمایان معرفت و حقیقت سے حظ وافی اوٹھایا جد وجہد ریاضت و مجاہدات جو کچھ ادا کرنے کے لایق تھا ادا کیا خاندان قادریہ چشتیہ سہروردیہ نقشبندیہ مین اہل اسلام سے طریقہ سینا بسینہ مین ہووے استفادہ کیا سوائے اسکے ہر اوس روش ہر طریق و طرز کے جو اہل کمال سے ملا اوسنے خالی از استفادہ نہ رہے از رہ تحقیق و تجربہ و انکشاف توحید نے ایسا رگ رگ مین اثر کامل پیدا کیا تھا کہ ہر طریق کے ذکر و شغل مجاہدہ و ریاضت مین اوقات صرف کی مگر عقائد و خیالات سوائے توحید کے اور طرف منتقل نہوے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ نے اپنے فرزند ارجمند شیخ عبدالوہاب کو بوقت وفات وصیت فرمایا تھا خُذِ التَّوحِیدَ التَّوحِیدَ التَّوحِیدُ جماعُ الکلِّ

ابیات

چشم حق بین بجز از حق نتوان دید ہیچ
ہر چہ می نگرم صورت تو می بینم
باطل اندر نظر مردم باطل بین ہست
ازانکہ در نظرم تجلی تو مے آئی

بمقابلہ توحید کے آپ کے وجود باجود مین سب نسبتین اور حالتین ایسی تھین جیسے آفتاب کے مقابلہ مین ستارے جیسے ذات کے مقابلہ مین صفات جو لوگ صاحب ظرف عالی ورصاحب فہم کامل خدمت بابرکت مین حاضر ہوے توحید سے مستفیض اور تعلیم توحید سے بہرہ یاب ہوے ہمیشہ ارشاد ہوتا تھا کہ حقیقت انسانی کا اس ہیکل جسمانی مین ظہور کرنا خالی از حکمت نہین ۵

ترا در بوتۂ گل بہر آن دادند این مہلت — کہ سیم ناقص خود را کنی کامل عیار اینجا

ہر بشر پر واجب ہی کہ اپنی اصل کی طرف رجوع کرے کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ ۵

ہر کسی کو دور ماند از اصل خویش — باز جوید روزگار وصل خویش

اور جب تک وہم تعینات سے خلاصی نہین ہوتی اصل کی طرف رجوع ہونا محال ہی بیہودہ اور بیہودہ عمر کا صرف کرنا حسرت و ندامت اُٹھانا ہی حضرت ابو الحسن نوری قدس سرہٗ فرماتے ہین مَنْ لَمْ یَعْرِفِ اللّٰہَ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا لَمْ یَعْرِفْہُ فِی الْاٰخِرَۃِ

رمز مَن کان فی ہٰذہٖ اعمی — بشنوید ای خران کودن سار
ہر کہ اینجا ندید محروم ست — در قیامت ز لذت دیدار
ہر کہ زینجا برفت ہمہ زشت بعقبی خیزد — کور از خواب محال ست کہ بینا خیزد

اللہ جل جلالہ نے جب انسان کو خلعت وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ سے مشرف فرمایا اوسپر بھی واجب ہی کہ اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ہُمْ اَضَلُّ مین شامل نہو

تنہا نہ ہمین دیر و حرم خانۂ اوست — این ارض و سما تمام کاشانۂ اوست
عالم ہمہ دیوانۂ افسانۂ اوست — عاقل بود آن کسی کہ دیوانۂ اوست

انسان کو چاہیے کہ طلب مطلب مین ہمیشہ سرگرم رہے تلاش و جست جو مین سعی کما ینبغی کرے مَنْ طَلَبَ شَیْئًا وَّجَدَّ وَجَدَ جوینده یابندہ جن ڈھونڈا اون پائیان اگرچہ حصول وصول فضل پر منحصر ہی مگر کوشش و اجتہاد بھی ضروری ہی اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ

گرچہ وصالش نہ بکوشش دہند — آن قدر ای دل کہ توانی بکوشش

طریق وصول دو صورت پر ہی ایک یہ کہ حق سبحانہ تعالی کسی ایسے فقیر سے ملائے جو ایک نظر کمال سے یا ایک ارشاد فیض بنیاد سے پردہ غفلت طالب کے دیدۂ دل سے دفع کر کے بے رنج ریاضت و شدت مجاہدہ جمال شاہد حقیقی سے مستفیض فرماوے اور خودی سے بیخود اور ہستی بے بود سے غافل کر کے غفلت اور پندار سے محترز بنا کر فکر اور استغراق ذات مین محو کر دے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ یا جذبہ الٰہی خود بخود دفعتاً اپنی طرف کھینچ لے جَذْبَةٌ مِنْ جَذَبَاتِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ الثَّقَلَيْنِ یہ نادر ہے اَلنَّادِرُ كَالْمَعْدُوْمِ دوسری صورت یہ ہی کہ کسی کتاب مین مضمون معرفت دیکھے اور دل مین ولولہ شوق پیدا ہو پھر کسی درویش حق اندیش سے عقیدت بہم پہونچا کر طریق ریاضت و جد و جہد مین قدم رکھے اور منزل مقصود تک پہونچے

ہر کسی بخیال است حالش خوب است	ہم اول کار و ہم مآلش خوب است

جب طالب اپنے آپ کو اطاعت مرشد مین ایسا رکھے جیسا مردہ غسال کے اختیار مین اور سر مو کسی بات مین دخل نہ دے اور شبانہ روز اطاعت اور فرمان برداری کو فرض سمجھے مرشد کو نائب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم خیال کرے موافق اتباع و اطاعت ریاضات شاقہ مجاہدات تام بجالاوے بیشک مدعا پاوے

آن زبان از ریا و عجب رہی	کہ شوی پیر را رہین و رہی
ہست در نفس دار و گیر بسے	کہ نداند بغیر پیر کسے
نفس افعی و پیر خضر شمار	کو رمے سازدش زمرد وار

دوہرہ

گور گو بندہ دونون کھڑے کسکے لاگے پاے	بلہاری گور اپنے جو گو بند دیے بتائے

مشاہدہ بغیر مجاہدہ کے محال ہی ارشاد حضرت خلیفۃ اللہ غوث الثقلین رضی اللہ عنہ اَلْمُجَاهَدَةُ بَحْرٌ مِنْ بِحَارِ الْمُشَاهَدَةِ وَحِيْتَانُهُ الْوُقُوْفُ فَمَنْ اَرَادَ الدُّخُوْلَ فِي بَحْرِ الْمُشَاهَدَةِ فَعَلَيْهِ بِاخْتِيَارِ الْمُجَاهَدَةِ لِاَنَّ الْمُجَاهَدَةَ بَذْرُ ...

الْمُشَاهَدَۃُ وَالْمُشَاهَدَۃُ بِدُوْنِ الْمُجَاهَدَۃِ مُحَالٌ جو طالب بغیر مجاہدہ کے مشاہدہ کا خواہان ہی نادان ہی وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا گو صد ہا اندیشہ دنیا و آخرت الم و محنت کوفت و سوخت ناامیدی و امید قبض و بسط سب کچھ عاید ہو سالک راہ روی سے باز نہ آے اور طلب مطلوب مین سرگرم رہے

غیر او چون هیچ در هیچ آمدست	اوست مقصود آن همه هیچ آمدست
چون بدانستی که هست این جمله هیچ	بصر هیچ این همه بر خود مپیچ
مرد او باش از همه دل سرد شو	راه مردان را تو مردانه برو
تا ز سر خویشتن آگه شوی	ره روی دانی و مرد ره شوی
صد بلا گر پیشت آید رو متاب	کم ز ذره نیستی این بر شتاب
ذره را در سر هوای آفتاب	ای بهمت کم ز ذره رو بخواب

متاع دو جہانی کے شوق مین مبتلا نہو تا کہ فضل و موہبت ذات لطف دیکھا ہی **قطعہ**

با یار اگر یکدل و یکرو گردی	از هر چه ورای اوست یکسو گردی
از قید وجود هستی موهومت	وارسته شوی و اصل هو گردی

سب راہون سے خوشتر سب طریقون سے بڑھکر توحید کا طریقہ ہی **رباعی**

در ره توحید جان ایثار کن	دیده را در باز رو دیدار کن
در جلال حق جمال حق به بین	در صفات و ذات رب العالمین

اس راہ مین نہ منزل ہی نہ مقام نہ سکون ہی نہ قیام قاطع ماسوا ورا رالو راہی

آن کس که بسوی بحر توحید نشتافت	تا محو نشد گوهر مقصود نیافت
گویند که موج و قطره و بحر یکیست	کس هیچ حباب این معما نشگافت
خواهی که ز توحید دلت گردد شاد	باید که شوی ز بند هستی آزاد
هر چند حباب آشنای دریاست	تا محو نشد گره ز کارش نکشاد

۵

اور تعلیم استعداد ذاتی اور مادہ فطرتی طالب پر ہو طالب مختلف الاقسام اور متلون الاحوال ہوتے ہین
ع ہر گلی را رنگ و بوی دیگرست + کسیکو مادہ وصول ذات ہوتا ہی کوئی محو بوئی صفات
یعنی جامع ذات و صفات جیسے طبیب حاذق مریض کے پہلے مرض کو اسباب و علامات سے تشخیص
فرماتا ہی اور بعد شناسای تمام اوسکا علاج کرتا ہی ایسے ہی طالب کے مادہ فطرتی اور استعداد ازلی پر
شیخ نظر فرماکر حسب استعداد و لیاقت تعلیم فرماتاہے جس طالب مین مادہ جامعیت ہی وہ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ کی ہدایت سے محظوظ ہی جس مین مادہ جامعیت نہین فقط لیس کمثلہ شیء سے
یا فقط ہو السمیع البصیر سے مستفیض ہے بعض بزرگ فرماتے ہین کاملین تین قسم ہوتے ہین بعض مقام تنزیہ مین بعض
مقام تشبیہ مین بعضے جامع جو فقط تنزیہی ہین وہ فقط عیسے علیہ السلام کے قلب پر ہین اور جو فقط
تشبیہی ہین وہ موسی علیہ السلام کے قلب پر ہین اور جو جامع ہین وہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
قلب پر ہین جو لوگ جامع تشبیہ اور تنزیہ ہین اونکو دوستی اور دشمنی اور نرمی اور سختی آسانی و دقت
سب یکرنگ ہی دوست و دشمن کے ہنر اور کمال پر برابر نظر رکھتے ہین کسیکو برا نہین جانتے سبکے
اندر قدرت کے تماشے دیکھتے ہین ۵

۵ نہین ہر ذرہ سے کوئی چیز اور وہ سنے والا ہی اور دیکھنے والا ۱۲

عشق کثرت بر نتابد پیش او باشد یکے ہیچ نہ نماید ز انجم در فروغ آفتاب	یوسف دگر و زلیخا و عزیز و جاہ و چاہ ہمچنان کز غایت نزدیکی خورشید ماہ
کثرتی از وحدتے خود کرد پیدا ناگہان باز ہر کثرت برد موج محیط وحدتش این خرد و بزرگ و کہ و مہ یکسانند امروز اگر بلند و پستی دارند در طریقت کعبہ و بتخانہ و منزل یکیست چند ہندو یا مسلمان کوزہ و یک کوزہ گر	تا کہ شد بر وحدت بی مثلش کثرت گواہ پاک شست از لوح ہستی رسم و اسم ماسواہ در دست زمانہ ہمچو انگشتانند فردا کہ بخاک اند ہمہ یکسانند گرچہ منزل دو بود مقصود منزل یکیست گرچہ کوزہ در شمار آید ولیکن گل یکیست

اور شیخ کا حال عطار جیسا ہونا چاہیے یعنی جیسے ہر مرض کا مریض عطار کی دکان پر

جاتا ہی اور اپنے اپنے مرض کی دوا لیتا ہی اور شفا پاتا ہی ایسے ہی شیخ کا سینہ گنجینۂ تعلیم
مخزن اسرار فیوضات ہونا چاہی حضرت غوث الاعظم غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا تو ذکر ہی کیا ہی
حضرت سید الطایفہ شیخ جنید بغدادی اور سلطان المشایخ سلطان نظام الدین بداونی بھی
الکمالاتی مین ممتاز زمانہ ہوئے طالبان صفات ہر وقت مین بکثرت ہوتے ہین اور طالبان ذات
شاذ و نادر

اشعار

خلق جہان کہ خدمت داد ار می کنند	ہستند بر سہ قسم کہ این کار می کنند
قومی شدند از پی جنت خدا پرست	این رسم و عادتیست کہ تجار می کنند
قومی دگر کنند پرستش ز بیم او	وین کار بندگانست کہ احرار می کنند
جمعی نظر ازین دو جہت قطع کردہ اند	بر کار ہر دو طایفہ انکار می کنند
چون غیر خویش مرکز ہستی نیافتند	بر گرد خویش دور چو پرکار می کنند
اینست راہ حق کہ سوم فرقہ می روند	سیر و سلوک و راہ بہنجار می کنند

راہ صفات مین طالب کا دل زیادہ لگتا ہی ذوق شوق سوز و گداز فراق کشف و کرامت انوار
رنگا رنگ منزل مقام لازمہ صفات ہین اور صفات کی کیفیت مثل گلزار پر بہار جان فزا و
فرحت افزا ہی ذات مین بیرنگی بی صفتی بی چونی بی چگونی بی نشانی حیرانی سرگردانی کے سوا
کچھ نہین راہ توحید مثل دشت ویران و میدان ریگستان ہی بعض وقت زبان قدس ترجمان
پر آتا تھا کہ ہم اوجڑے دیار کے رہنے والے ہین غرض اس فرمانے سے یہہ تھی کہ جس طرح اہل
صفات ذوق شوق اور گریہ و زاری و بیقراری و سوز و گداز مین مبتلا رہتے ہین اہل توحید
مراتب و حالات سے بے تعلق ہین ان کے نزدیک فراق و وصال یکسان ہی یہ ذات مین گم
بے نشان ہوتے ہین

وجودی ندارد بغیر از خدا	ہم او بود و باشد ہمیشہ بجا
بہر سو بہ باشد جمالش عیان	کسی نیست جز وی حقیقت بدان

لیس فی الدارین الا ہو حضرت محمد رویم قدس سرہ فرماتے ہین کہ اوسکی دوستی مین اپنی خواہشون کو فنا کرنا اور آثار بشریت کا محو کرنا توحید ہی

تا نیست نگردی رہ ہستت ندہند	این مرتبہ با ہمت پستت ندہند
چون شمع قرار سوختن تا ندہی	سررشتہ روشنی بدستت ندہند

ذوق شوق سوز گداز اس راہ مین اہل صفات کا سا نہین ہی مگر سالک کو جمعیت در جمعیت سرور در سرور راحت در راحت فرحت در فرحت سکر محویت صحویت سکون آرام مکاشفہ ذاتی الہام القا علم الٰہی گوناگون تجلی ذاتی یک سوئی یک نگی یکتائی بی نشانی حاصل ہوتی ہی وہ اسرار مکشوف ہوتے ہین کہ تحریر اور تقریر کے لایق نہین **بیت**

خورشید چو رخ نمود انجم برخاست	فریاد ز نور او ز مردم برخاست

جو شخص بتائید افضال ایزدی اس طرف مائل ہوتا ہی پھر اور کسی جانب اوسکی طبیعت نہین جاتی

شعر قدغن ہی کہ در تک بھی کوئی آنے نپائے	اور آئے تو پھر آگے کہین جانے نپائے

ہان ہر طالب کے وجود مین مادہ توحید و تفرید نہین ہوتا جیسے ذہن حافظہ فہم ذکا عقل اور دولت ظاہر و باطن مخصوص ہی ایسے ہی مادہ توحید ہی **بیت**

اسرار حقیقت را ہر دل نبود قابل	در نیست بہر دریا زر نیست بہر کانی

شیخ اپنے تصرف سے طالب کے بطون مین نور ذکر پیدا کر سکتا ہی تخم محبت طالب کے زمین استعداد مین بو سکتا ہی لیکن خاصیت استعداد وجود طالب مین دخل نہین کر سکتا حضرت ابوبکر واسطی فرماتے ہین توحید کی راہ کا سفر ہر وجود سے نہین ہو سکتا ہر شخص کو اوسکی ہمت نہین ہی جو شخص اپنی ہستی کا خیال رکھے اور اوسکی ذات کو بھی موجود جانے بے شک اپنے شرک کا خود گواہ ہی اور جو شخص اوسکی ذات کے خیال مین مستغرق ہو اور اپنے وجود کا بھی گمان کرے بے شک کفر پسند کرتا ہے اور جو اوسکی ذات کے مقابلہ مین اپنی ذات کو بھی موجود جانے کافر ہی اور جو اپنی ذات کو موجود سمجھے اور اوسکی ذات کی طلب بھی کرے نادان ہی جسنے آپ کو دیکھا اوسکو نہ دیکھا جسنے اوسکو

۱۵ نہین ہی دو نو جہان مین کوئی گروہ یعنی الفقر

دیکھا آپ کو ندیکھا حضرت ذوالنون مصری قدس سرہ کا ارشاد ہی کہ ایک راہ خرد ہی ایک بزرگ اگر راہ خرد کا طالب ہی تو ترک دنیا و گناہ و شہوت کر اور جو راہ بزرگ کا طالب ہی تو جو کچھ ماسوا حق ہی اسکو ترک کر **فرد**

خیال ملک دو عالم بنیا ورد بخیال		سری کہ نیست دمی خالی از خیال حبیب

نقل حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی والد بزرگوار جب اقسام اقسام کی جد وجہد کر چکے حضرت شیخ امان پانی پتی کی خدمت مین عرض کیا کہ یا ہادی طریق خاص پر لگا او نھون نے ارشاد کیا کہ پہلے تم اپنا حال اور اپنے خیالات بیان کرو تاکہ تمھاری استعداد اور قابلیت معلوم ہووے عرض کیا کہ بعض وقت میرے دلمین یہ خیال پیدا ہوتا ہی کہ سارے جہان مین مین ہی محیط ہون ہر جزو کل مین سوائے اپنے اور کچھ نظر نہین آتا شیخ نے فرمایا ہم تمھارے مادہ اور ظرف سے بخوبی آگاہ ہوگئے تمھارے وجود مین آفتاب توحید کی تجلی ہونے والی ہی اب سمجھو ایک راہ دو قدم ہی اور ایک ایک قدم ایک عدم ہی اور ایک وجود عدم تو عدم ہی اوسکا بیان اور تشریح کالعدم دوسرا وجود ہی یعنی خدا موجود اور غیر خدا جو کچھ ہے نابود و بے وجود **مصرعہ** بخدا غیر خدا در دو جہان چیزے نیست + یہ سمجھا کر سجود القلب یعنی فنا فی الحق کی ترکیب انکو بتلا دی کہ اسکو کرتے رہو **نقل** شاہ بھیک رحمتہ اللہ علیہ نے جو شاہ کمال قادری سے فیضیاب تھے ایکبار یہ دوہا باباسیتل داس کے پاس لکھ بھیجا **دوہرہ**

چلتے چلتے جگ بھیوا اوربھیک دوار دور		خرچی نبڑی پگ تھکی کیسے جائین حضور

باباسیتل داس نے بدیہہ یہ جواب بھیجا

جن ٹھین تم جات ہو اون ہین ہے دور		ست نام سیتل پوری جو سمکھ ہی حضور
صنما رہ قلندر سزد ار بمن نمائی		کہ دراز و دور دیدم رہ و رسم آشنائی

ہزارون طالبون مین سے کوئی ایسا بلند ہمت ہوتا ہی جو راہ توحید مین قدم رکھ کر ریاضت و مجاہدہ کرتا ہی اور بموجب **حدیث** اُقْتُلُوا اَنْفُسَکُمْ بِسَیْفِ الْمُجَاهِدَاتِ وَالْحَالُهَا مَحْلُوْنِیْنَاتِ

کو بنا کر مرد میدان نامرادی بنتا ہی اور چراغ ہدایت دین و آئین سرور کائنات مفخر موجودات سلطان الاصفیا شہنشاہ انبیا سیدنا و مولانا احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی سے اس راہ مین بے دغدغہ چلتا ہی ؎

برد کار خود کن سر خویش خار	کہ این گل نروید ز ہر بیخ خار
درین بوتہ بسیار بگداختند	ز ہر آہن آئینہ کے ساختند
کجا ہر صدف لائق گوہر است	نہ ہر نافہ مشک را در خور است
نہ ہر مرد کاؤس و کے مے شود	کہ ہر مرغ طاؤس کے مے شود
نزد بوے یوسف ز ہر پیرہن	کجا بار شہ یافت ہر پیرزن

حضرت ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین سلوک مین ایک تماشا ہی جسکو جوانمرد بازار طریقت کہتے ہین اوس بازار مین طرح طرح کی صورتین اور نیرنگ ہین جب راہ چلنے والے وہان پہونچتے ہین رہ جاتے ہین اون صورتون کا نام کرامت ہی آخرت ہی بہشت ہی جہان طالب ہی ان کی طرف التفات کیا رہ گیا بہتر ہی کہ سبکو ترک کرے اور سر بسجدہ ہو کر ذات سے خلوت کا طالب بنے اور دریاے لطف سے پار ہو کر یگانگی تک پہونچے اور خودی کو فنا کرے مطلب پاے ؎

ہر کس ز خدا دولت و دین مے طلبد	یا سیمبرے ماہ جبین مے طلبد
بیچارہ دلم نہ آن نہ این مے طلبد	خواہان وصال ست ہمین مے طلبد

جب خیال آخرت سد راہ طالب ہی تو مبتلاے خواہشات دنیا کا کیا ٹھکانا ہی ؎

ہم خدا خواہی و ہم دنیاے دون	این خیال ست و محال ست و جنون
پہلے پریت دیہہ سے توڑے	تا کے لیے جگت سے جوڑے
چھوڑے تین لوگ کا آسا	سبھی کرے بھجرم پرگاسا

بعض اوقات استقامت اور پختگی کی نسبت اشارت ہوتی تھی کہ انسان جس راہ مین ہو

پختہ ہو الاستقامۃ فوق الکرامۃ **نقل** خلیفہ بغداد حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا مرید تھا اوسنے عام حکم دیدیا تھا کہ اگر کسی مجرم کی نسبت ہم حکم دار دین اور ہمارے شیخ اوسکی رہائی چاہین تو ملازمان شاہی اور مقربان بارگاہی بلا ہماری اطلاع کے اور بغیر سوچے سمجھے اوس مجرم کو چھوڑ دین اور شیخ والا جایگاہ کے ارشاد کے خلاف نکرین اتفاقاً ایک چور نے قتل کی سزا کا حکم پایا اور جلاد اوسکو مقتل کی طرف لیچلے راہ مین حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ ملگئے آپنے اوسکو رہا فرمادیا اور اوسکو سمجھا دیا کہ آیندہ ایسی خطاے شرعی نکرنا چور نے بعد عرصہ قلیل کے پھر چوری کی پھر پکڑا گیا پھر حکم دار ہوا پھر آپنے رہا کردیا اسی طرح چند بار یہی معاملہ پیش آیا جب ملازمان سیاست نے دیکھا کہ چور اپنی حرکت سے باز نہین آتا اور دریاے رحمت شیخ کا بھی جوش کم نہین ہوتا ناچار خفیہ خفیہ مقتل مین پہونچایا حضرت شیخ بھی جا پہونچے اور فرمایا

باز آ باز آ ہر انچہ ہستی باز آ	گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ
این درگہ ما درگہ نومیدی نیست	صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ چور نے توبہ کی اور عفو تقصیر چاہا بعد چندے پھر چوری کی اور پھر پکڑا گیا اب کی مرتبہ جلادون نے شیخ کی بے خبری مین دار پر کھینچدیا تب حضرت شیخ اوسکی لاش پر تشریف لاے اور اوسکا قصہ سنکر فرمانے لگے آفرین شاباش پختگی اور استقلال اسیکو کہتے ہین بعضون نے لکھا ہی کہ آپنے اوسکی لاش کا طواف کیا اور فرمایا ؎

طالب راہ را ادب دادی	جان خود را درین طلب دادی

جس طالب کا اختر طالع بلند اور بخت یاور ارجمند ہوتا ہی رہبری فضل کبریا سے بحر ناپیدا کنار توحید مین غواصی استقلال سے کرتا ہی اور از راہ ریاضت و مجاہدہ تزکیہ و تصفیہ و تجلیہ و تخلیہ کے گوہر مقصود سے دامن آرزو پر کرکے مکاشفہ ذات اور فناے ذات تک پہونچتا ہی ؎

ہر دل کہ بدام غم او شاد بود	از ہر دو جہان فارغ و آزاد بود

دیدم ہمہ جا صورت و معنی ست یکے	این آئینہ ہر جاست خدا داد بود

اقسام فنا بہت ہین لیکن فناے ذات کے مقابلہ مین سب بیرنگ اور ہیچ ہین یہہ دولت عظمی اور نعمت کبری سواے طالب ذات کے اورکسیکو حاصل نہین ہو سکتی قاعدہ ہی جو شخص جسپر عاشق ہوتا ہی اوسکا عشق جب غلبہ کرتا ہی فنائی المعشوقی کی حالت ضرور عاشق پر وارد ہوتی ہی جب مجنون پر لیلی کے عشق نے غلبہ کمال اور اثر تام پیدا کیا اپنی ہستی کو بھول گیا انا لیلی اوسکی زبان سے ادا ہونے لگا مجنون ایک دلبر زیبا کا فریفتہ تھا اوسکے کمال عشق نے اوسکو لیلی بنالیا عشق الٰہی جس وجود پر اپنا رنگ لاتا ہی منصور کیطرح اوس سے انا الحق کہلاتا ہے نظم

نحن اقرب گفت یعنی قطرہ و دریا یکیست	عاشق و معشوق و ساقی مستی و صہبا یکیست
ایکہ دور افتادۂ از خویش گر داری خبر	مشہد و مشہود و شاہد مولی و مولا یکیست
گرچہ عالم مظہر حسن خداے دو جہاست	اسم اعظم در میان جملۂ اسما یکیست
ہستی مطلق توی دیگر خیالے بیش نیست	زانکہ اندر نشۂ تو جملہ اشیا یکیست
حسن عالمگیر تو از بہر اظہار کمال	می نماید در ہزاران آئنہ اما یکیست
با ہمہ خوبان اگرچہ حسن تو ہمرہ بود	در حقیقت دلبر یکتاے بے ہمتا یکیست
این ہمہ آشوب و غوغا در جہان از عشق اوست	گشت معلوم این زمان سر فتنہ غوغا یکیست

انسان جسمانیت کے سبب کثیف ہی اور روحانیت کے وجہ سے لطیف جس طرف کو متوجہ ہوتا ہے وہ ہی رنگ ظہور پاتا ہے

انسان گہی جسم گاہ جان میگردد	گہ عین فرشتہ گاہ حیوان میگردد
از نسبت جامعیتے انسان ست	کو روے بہرچہ آورد آن میگردد

مولاناے روم رح

از جمادی مردم و نامی شدم	وز نما مردم بحیوان بر زدم

مردم از حیوانی و آدم شدم — پس چہ ترسم کہ ز مردن کم شدم
جملۂ دیگر بمیرم از بشر — تا بر آرم از ملائک بال و پر
وز ملک ہم بایدم این جستجو — کل شیئ ھالك الا وجہہ
بار دیگر از ملک قربان شوم — آنچہ اندر وہم ناید آن شوم
پس عدم گردم عدم چون ارغنون — گویدم کانا الیہ راجعون
چون اویس از خویش فانی گشتہ بود — آن زمینے آسمانے گشتہ بود

شیخ کی طرف توجہ کامل سے فنا فی الشیخ حضرت نبوی صلعم کی طرف ارادت تمام سے فنا فی الرسول مشغولی حق سے فنا فی اللہ ہوتے تھے کبھی ارشاد ہوتا تھا

من و توحید تو ہیہات دلم مے لرزد — این قدر بس کہ حدیثے بزبان میرانم
ہمہ جا در ہمہ سو روی تو در جلوہ گریست — مصحف روے ترا از ہمہ سو می خوانم

عالم کون و فساد کے ظہور سے پہلے سوائے ذات پاک بیچون و بے چگون کے اور کچھ نہ تھا وہی ذات مطلق ذات بحت اور ہاہوت اور بیرنگ کہلاتے رہے نہ زمین تھی نہ آسمان تھا نہ چاند نہ سورج نہ انسان نہ حیوان نہ فرشتہ نہ جن نہ بہشت نہ دوزخ نہ کفر نہ اسلام نہ عناصر جب ذات بیرنگ اور بے صفت اور بے نشان نے رنگہائے گوناگون اور شانہائے بوقلمون سے اپنے جمال کا جلوہ کیا اوس جلوہ کا نام عشق ہوا حدیث العشق ھو اللہ اول ما خلق اللہ عشقی

صفت عشق

پرتو مہر قدیم ست این مہ تابان عشق — جلوہ نور کلیم ست آتش سوزان عشق
عشق شاہ و عشق ماہ و عشق راہ — بر سر خود عشق مے پوشد کلاہ
عشق عالم عشق آدم بالیقین — ہر چہ بینی در حقیقت عشق بین
عشق وہم و عشق فہم و عشق ہوش — عشق دست و عشق پا و عشق گوش
عشق صورت در جمال خود نمود — جملہ اشیا در حقیقت عشق بود

چند گویم عشق این و عشق آن ‌ ‌ ہر چہ بینی عشق عشق و عشق آن

حبذا روزے کہ پیش از روز و شب ‌ ‌ فارغ از اندوہ و آزاد از طرب

متحد بودیم باشاہ وجود ‌ ‌ حکم غیریت بہ کلے محو بود

بود اعیان جہان بے ضد و چون ‌ ‌ زامتیاز علمی و عینی مصون

نے بلوح علم شان نقش ثبوت ‌ ‌ نے زخوان فیض ہستی خوردہ قوت

نے زحق ممتاز نے از یکدگر ‌ ‌ غرقہ دریاے وحدت سربسر

ناگہان در جنبش آمد بحر جود ‌ ‌ جملہ را در خود زخود با خود نمود

امتیاز علمی آمد درمیان ‌ ‌ بے نشانے زان نشانہا شد عیان

واجب و ممکن زہم ممتاز شد ‌ ‌ رسم و آئین دوئی آغاز شد

بعد ازان یک موج دیگر زان محیط ‌ ‌ تا بساحل آمد ارواح بسیط

موج دیگر زد پدید آمد ازان ‌ ‌ برزخ جامع میان جسم و جان

پیش آن کز زمرۂ اہل حق ست ‌ ‌ نام آن برزخ مثال مطلق ست

موج دیگر بار در کار آمدہ ‌ ‌ جسم و جسمانی پدیدار آمدہ

جسم ہم گشت ست طورے بعد طور ‌ ‌ تا بنوع آخرش افتادہ دور

نوع آخر آدم ست و آدمی ‌ ‌ گشتہ محروم از مقام محرمی

بر مراتب سربسر کردہ عبور ‌ ‌ پایہ پایہ زاصل خود افتادہ دور

گر نگردد باز مسکین زین سفر ‌ ‌ نیست از وے ہیچکس مہجورتر

عشق جس طالب کے دل مین وارد ہوتا ہی ماسوا اللہ کو سوختہ کرتا ہی سواے محبت ذات کے کچھ اوسکے دل مین باقی نہین رہتا مصرعہ ہر جا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را جناب رسالت مآب صلعم فرماتے ہین اَلْعِشْقُ نَارٌ اِذَا وَقَعَ فِی الْقَلْبِ یُحْرِقُ غَیْرَ اللّٰہِ بَلْ یُحْرِقُ ذِکْرَ اللّٰہِ وَذِکْرَہٗ یُحْرِقُ اِسْمُ اللّٰہِ مردان راہ حق کا اسپر اتفاق ہی کہ

عشق انسان کو خدا تعالی تک رسائی نصیب کرتا ہی حضرت ابو الحسن خرقانی فرماتے ہین جو
عاشق ہوا اوسنے خدا کو پایا اور آپ کو فراموش کیا

عاشقان کشتگان معشوق اند	برنیاید ز کشتگان آواز
ای مرغ سحر عشق ز پروانہ بیاموز	کان سوختہ را جان شد و آواز نیامد

عاشق کی زندگی بی عشق کے موت ہے اور طالب کی طلب بے عشق کے بے مزہ

روزے دو کہ اندرین جہانم زندہ	شرمم بادا اگر بجانم زندہ
آن لحظہ شوم زندہ کہ پیشت میرم	وان دم میرم کہ بے تو مانم زندہ

جو طالب عشق سے بے نصیب ہے مجنون بے حاصل ہی اور دیوانہ خود بین و خود راے ہے

سرے بے عشق را باید بریدن	بدوش این بار را نتوان کشیدن

عشق دو صورت پر ہی عشق کبیر عشق صغیر عشق صغیر بندون کا عشق ہی خدا تعالی کی ذات سے
عشق کبیر خدا تعالی کا عشق ہی اپنے بندگان خاص الخاص کے ساتھ عشق ہی پیرایہ حصول ہی
عشق ہی سرمایہ وصول لیکن بے آئینہ جمال محمد رسول اللہ تجلی آفتاب اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ کا دیدار محال ہے جب عشق مرتبہ انتہا کو پہونچ جاتا ہی وَجَّهْتُ وَجْهِی نقد وقت ہوتا ہے
عارفان کامل جب جمال الوہیت کے عشق مین سرگرم ہوتے ہین شعاع جمال ذات الہی
اونپر تجلی فرماتی ہی کہ اپنے پرتو مین اونکو محو کر لیتی ہی **فرد**

چون آفتاب در رخ ہر ذرہ ظاہرم	از غایت ظہور عیانم پدید نیست

اور جب اس مقام مین استقامت اونکو نصیب ہوتی ہی یعنی اپنے وجود کو پرتو جمال دیکھنے مین
انا الحق اور سبحانی ما اعظم شانی کا ظہور ہوتا ہی ایکبار رسول مقبول صلعم نے جبریل علیہ السلام
سے سوال کیا ای جبرئیل تمنے خدائے تبارک و تعالی کا کبھی دیدار بھی کیا ہی جبرئیل علیہ السلام نے
عرض کیا یا رسول اللہ ذات ذو الجلال مین اور مجھ مین ستر حجاب نور کے واسطہ ہوتے ہین
گران حجابون مین سے ایک بھی اوٹھ جاے تو یقین ہی مین شعلہ جمال کی گرمی سے جلجاؤن

علی ہذا رفتہ رفتہ عارف حق کے سامنے سے یہ سب حجاب اوٹھتے جاتے ہین رفتہ رفتہ اوٹھنے مین یہ حکمت ہی کہ طالب کی نگاہ پختہ ہوجاتی ہی حق یہ ہی کہ ذات آفتاب نوازندہ اور شعاعین اوسکی سوزندہ ہوتی ہین جب یہ مقام نصیب عارف ہوتا ہی زیست عاشق بے معشوق محال ہوتی ہی اور بے جمال یار حیات وبال ہی وصال کی حالت مین بھی بیقراری فراق جیسے قائم رہتی ہی عجب عالم ہوتا ہی کہ جمال یار کی تجلی کا دیکھنا بھی محال اور نہ دیکھنا بھی وبال نظم

غمگین باشم چو روے تو کم بینم	چون بینم روے تو بغم بنشینم
کس نیست بدینسان کہ من مسکینم	کز دیدن و نا دیدن تو غمگینم
عاشقان را در فراق و در وصال	جام خون باید کشیدن مال مال
سوز وصل از سوز ہجران صعب تر	در میان قصہ موسے نگر
چونکہ ہنگام مناجات آمدے	پاے کوبان سوے میقات آمدے
در فراقش ذوق بنگر سابقا	در وصالش خر موسے صعقا
در فراقش دمبدم جوشش ببین	در وصال افتادہ مدہوشش ببین
در فراقش صبر خود کار دل است	در وصالش صبر کردن مشکل است
تاکہ پروانہ جدا از شمع بود	خاطر از سوز نہانی جمع بود
چونکہ با شمعش وصال آمد پدید	بین چہا بر جان آن مسکین رسید
سوخت خود را تا بہ گلے شمع شد	تفرقہ بگذاشت عین جمع شد
تا جمال شمع را افروختند	ہستی پروانہ را سوختند
در ظہور نور آن شمع طراز	حاصل پروانہ سوزست و گداز

عشق وہ عالی نعمت ہی کہ محرمان ذات ہی اوسکے لطف سے واقف ہین غیر کو سوا ملال کے کیا حاصل البتہ جو قابل عشق نہین قابل عرفان نہین جب ذات بیرنگ نے پیرایۂ عشق مین ظہور کیا کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببتُ اَن اُعرَف فخلقتُ الخلق لاُعرَف کے مضمون

لہ تھا مین خزانہ چھپا ہوا پس اچھا سمجھا مین نے کہ پہچانا جاؤن پس پیدا کیا مین نے خلقت کو کہ زیادہ پہچانا جاؤن ذاتی ہی ۱۲

کی تجلی جلوہ افروز ہوئی عشق ہی سے روح اعظم جسکو حقیقت محمدیہ اور روح کلی سرور کائنات علیہ السلام
کہتے ہین ظہور مین لائے اول ما خلق اللہ روحی

ہم رحمت عالمی زما ارسلناک • ہم مایہ آفرینشی از لولاک

روح محمدی کو ابوالارواح اور حضرت آدم کو ابوالاجساد کہتے ہین روح محمدی سے اور ارواح کا
ظہور ہوا ہے **حدیث** انا من نور اللہ والمؤمنون من نوری حضرت خضر علیہ السلام کا ارشاد ہے
خلق اللہ تعالیٰ نور محمد من نورہ فصورہ وصدرہ علی یدیہ و یبقی ذلک النور بین
یدی اللہ مائۃ الف عام فکان ملاحظتہ فی کل یوم و لیلتہ سبعین الف
لحظۃ و نظرۃ و یکسوہ فی کل نظرۃ نورا جدیدا و کرامۃ جدیدۃ ثم
منہا الموجودات کلہا

ز دریا موج گوناگون بر آمد • ز بیچونی برنگ چون بر آمد
جو این دریائے بیچون موجزن شد • حباب آسا بر و گردون بر آمد
گہے در کسوت لیلی فرو شد • گہے در صورت مجنون بر آمد
بمعنی ہیچ دیگر گون نگردید • بصورت گرچہ دیگر گون بر آمد

اس آیت سے نور ذات کی کئی صورتین ظاہر ہین قال اللہ تعالیٰ نور السموات
والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ
کانہا کوکب دری یوقد من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ و لا غربیۃ یکاد
زیتہا یضیء و لو لم تمسسہ نار نور علی نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء
و یضرب اللہ الامثال للناس واللہ بکل شیء علیم مشکلات مصباح زجاجہ
و زیت و شجر بدن مشکات قلب زجاجہ روح مصباح زیت افاضہ شجر وجود واجب
الوجود معنی دیگر شجر اسم جامع کہ جمع اسماء الٰہیہ زیت تجلیات اسمائیہ زیتون اعیان
ثابتہ مصباح عقل اول مشکات نفس کلیہ دیگر عقل اول شجر روح زیت نفس مصباح

دل زجاجہ تن مشکات دیگر روح حیوانی کہ عبارت دل صنوبری سے ہی مشکات ہی روح
نفسانی بجاے زجاجہ ہی قلب انسان مصباح ہی روح انسان زیت ہی روح محمدی بجاے
شجرہ مبارکہ زیتونیۃ لاشرقیۃ ولا غربیۃ جیسے شجر جامع شاخ و شگوفہ و برگ و گل و ثمر ہی ایسی
ہی روح محمدی جامع جمیع ارواح علوی و سفلی و انوار ارضی و سماوی ہی کہ اصل سبکی وہی ہے
اور جملہ فروع اوسکی ہین یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَاءُ

معمور ہو رہا ہی عالم مین نور تیرا	از ماہ تا بماہی سب ہی ظہور تیرا
جب جی مین یہ سما جو کچھ کہ ہی سو تو ہی	پھر دل سے دور کب ہو قرب حضور تیرا
اسرار احمدی سے آگاہ ہو سو جانے	تو نور ہر بشر ہے ہر سنگ طور تیرا
وحدت کی ہین یہ جلوے نقش و نگار کثرت	گر سر معرفت کو پاوے شعور تیرا

کبھی فرماتے تھے شیخ کامل کے ارشاد فیض بنیاد کے موافق جو کچھ ذکر شغل مراقبہ تصفیہ
باطن کے لیے بتلاوے طالب کو کرنا چاہیے تاکہ ناسوت سے گذر کر ملکوت مین پہونچے اور
فتوحات عالم ملکوت سے شاد کام اور بہرہ ور ہوکر بقدر لطافت و صفائی و آگاہی صورت
ہاے نیک اور پاکیزہ و لطیف مشاہدہ کرکے محظوظ ہو واضح ہو کہ عالم محسوسات ملک اور
ملکوت ہی اور عالم معقولات عالم ارواح اور جبروت ہی اور جو کچھ کہ انکے سوا ہی وہ لاہوت
ہی یعنی لاہوت ذات ہی اور جبروت اوسکی صفات ہی اور ملکوت اوسکا فعل اور ناسوت
اوسکے فعل کا اثر ناسوت سے جبروت تک اقوال و افعال ہین الشریعت اقوالی والطریقت
افعالی اور بعد جبروت کے جملہ حال ہی کہ الحقیقت احوالی والمعرفت سری شریعت گفتار
ہی طریقت کردار ہی حقیقت احوال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَلشَّرِیْعَۃُ کَالسَّفِیْنَۃِ
وَالطَّرِیْقَۃُ کَالْبَحْرِ وَالْحَقِیْقَۃُ کَالصَّدَفِ وَالْمَعْرِفَۃُ فِیْہَا کَالدُّرِّ فَمَنْ اَرَادَ
الدُّرَّ رَکِبَ فِی السَّفِیْنَۃِ ثُمَّ شَرَعَ فِی الْبَحْرِ ثُمَّ یَصِلُ اِلَی الدُّرِّ وَمَنْ تَرَکَ ہٰذَا
التَّرْتِیْبَ لَمْ یَصِلِ الدُّرَّ ناسوت اور ملکوت کے درمیان شریعت ہی ملکوت اور جبروت

کے درمیان طریقت جبروت اور لاہوت کے درمیان حقیقت نہ وہان گفتار نہ کردار تن مرتبہ ناسوت مین ہی دل مرتبہ ملکوت مین روح مرتبہ جبروت مین اور سر مرتبہ لاہوت مین جب ناسوت کو تزکیہ نفس سے طے کیا ملکوت پر عروج ہوتا ہے اور ملکوت سے ساتھ تصفیہ دل کے ترقی کی تو جبروت مین رسائی ہوئی اور جبروت کی آزادی سے لاہوت کا وصال ہوتا ہی ذکر زبان ذکر ناسوتی ہی ذکر دل ذکر ملکوتی ذکر روح ذکر جبروتی ذکر سر ذکر لاہوتی ذکر زبان لا الہ الا اللہ ناسوتی ہی ذکر دل اللہ اللہ ملکوتی ذکر روح ہو من ہو جبروتی ذکر انا لاہوتی آیندہ نہ عبارت نہ اشارت لاہوت جبروت پر محیط ہی جبروت ملکوت پر ملکوت ناسوت پر واللہ بکل شیء محیط لاہوت معنی ہے جبروت اوسکی صورت ہے جبروت معنی ہی اور ملکوت اوسکی صورت ہی ملکوت معنی ہی اور ناسوت اوسکی صورت جو ارادہ کہ لاہوت مین پیدا ہوتا ہی جبروت مین تجلی کرتا ہی ملکوت و ناسوت مین ظاہر ہو جاتا ہی لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ لاہوت مثل تخم ہی جبروت و ملکوت و ناسوت شاخ و برگ و گل ہین پیش از ظہور تمام درخت تخم مین تھا اسم تھا نہ رسم تھی بعد ظہور تخم درخت سے جلوہ افروز ہوا پیش از ظہور خلق باطن حق مین تھی بعد از ظہور حق باطن خلق مین تجلی افروز ہوا وان الی ربک المنتھی وصل الحبیب بالحبیب واقترن الطالب بالمطلوب ۵

شبی در خود نگہ کردم جمال کبریا دیدم ۔ پس از خود چون برون رفتم ہمہ ملک بقا دیدم
مرا در عالم ناسوت چشم عقل بود آگہ ۔ چو در لاہوت پیوستم چگویم تا چہا دیدم
محیطے یافتم کز وی یکی قطرہ است نفس کل ۔ شدم در حضرتے انجا ہمہ شاہان گدا دیدم
تجلی کرد نور قدس اندر دیدہ باطن ۔ نظر در ہر چہ می کردم ہمہ عالم خدا دیدم
نمن بی ادنہ ولی من خود او امن و چون گویم ۔ کہ در دین یکی گویان دو گفتن ناروا دیدم
انا الحق گفتم انجا طفیلی شد ہمی گویم ۔ ولی با آن ہمہ خود را طفیل مصطفے دیدم
مگو با من چہ و بنداری خوشم از این توحیدش ۔ ہمین دین بر صواب آمد دگر دینہا خطا دیدم

اور یاد رہے کہ جب تک طالب عالم ناسوت کی قید مین مبتلا ہی قلب کی کثافت اور غفلت سرمایہ پریشانی ہی عالم ملکوت کے لطائف نظر نہین آتے کریہہ اشکال دیکھتا ہی صدائے مہیب سنتا ہی بے حظ بے حلاوت رہتا ہی اور طالب کو اس مقام مین مقیم ہونا یا اوسکے لطایف صورت پر فریفتہ ہو کر قیام کرنا اور کشف کرامت کے شاہد زیبا جمال کی ناز و غمزون پر شیدا ہونا بہتر نہین ہی جو طالب زیادہ تر ملتفت ہوا یہین رہا

نظم

درین منزل بود کشف و کرامات	ولے باید گذشتن زین مقامات
ندارسید بجانہا کہ چند می پائید	بسوی خانۂ اصلی خویش باز آئید
چو قاف قربت ما زاد بود اصل شماست	بکوہ قاف بپرید خوش چو عنقائید
سفر کنید ازین غربت و بخانہ روید	ازین فراق ملولیم عزم فرمائید
الغم فرد نروم باز سوے یار روم	بدان بہشت و گلستان لالہ زار روم
ز برگ ریز خزان فراق سیر شدم	بگلشن ابد و سیر پایدار روم

نقل ایکبار مجنون سے لیلی نے پارہ گوشت طلب کیا مجنون نے دریافت کیا کہ کس جگہہ کا گوشت دون لیلی ہنسی اور بولی کہ ابھی بوے خامی موجود ہی اور کیف ناسوت نے پردہ غفلت نہین اوٹھنے دیا پھر مدت کے بعد گوشت طلب کیا تب مجنون نے عرض کیا کہ جہانسے درکار ہو کاٹ لو لیلی نے تبسم فرمایا اور سمجھی کہ مرتبہ عشق کی مدد سے سب بلا رد ہی لطف ملکوت نے رنگ دیکھایا ہی استغنا طبیعت مجنون مین سمایا ہی جب اور زیادہ تر ترقی ہوی اور اپنی ہستی سے بے خبر ہو کر انا لیلی کا زمزمہ لب پر آیا جبروتی شان نے یکانگی کے جلوے دکھاے پھر لیلی لیلی یاد رہا جب جلوہ لاہوتی نے ظہور کیا پھر محویت کلی اور فنای تام طاری ہوی پھر نہ لیلی لیلی یاد رہا نہ مجنون کہنے کا دھیان ایا اس مقام پر نہ خودی نہ بیخودی نہ ذکر نہ ذاکر نہ مذکور

ہم تو مے لو ان ترا دیدن	بل توئی ناظر و توئی منظور

مستے ازین گمان ہمی بردم — کہ منم ذاکر و توئی مذکور
غیر چشم کشودن کہ غیر تو نیست — ذاکر و ذکر و شاکر و مشکور

جبروت سے گذر کر عالم لاہوت سے کہ لا ذات سے مخصوص ہوتا ہے یہ عالم ذات ملکوت جبروت سب کی اصل ہے اور سب پر محیط ہے اس عالم سے اور عوالم کو ایسی نسبت ہے جیسے دریا سے موج کو یا الفاظ کو معنی سے اس مقام پر تجلی ذات جسکو مکاشفہ ذاتی کہتے ہین نصیب ہوتا ہے

ماہیم دریا و دریا مین ما بودہ ولیک — ما ہستے اور میان ما و دریا حائل ست
چشم دریا مین کسی دارد کہ غرق بحر شد — ورنہ نقش موج میندہ ہر کہ او بر ساحل ست
نیست کامل ہر دو عالم انکہ دریا مین اوست — مین دریا ہر کہ شد مید انکہ مرد کامل ست

جس وقت تجلی ذات ہوتی ہے ہر طرف سے اسرار توحید و یکتائی منکشف ہوتی ہین عالم جبروت سے گذر کر عالم لاہوت مین محو در محو اور فنا در فنا ہو جاتا ہے عالم مذکورہ کی طرف بسبب التفات نکرے الہامات غوثیہ مین ہے یا غوث الاعظم اذا اردت ان تدخل فی حرمی فلا تلتفت بالملک والملکوت ولا بالجبروت لان الملک شیطان العالم والملکوت شیطان العارف والجبروت شیطان الواقف فمن رضی بواحد منہا فھو عندی من المطرودین اے غوث بزرگ جو تو چاہے حریم مین داخل ہونا التفات نکر ملک و ملکوت اور جبروت کی طرف کیونکہ ملک تو شیطان عالم کا ہے اور ملکوت عارف کا شیطان ہے اور جبروت واقف کا شیطان ہے پس جو کوئی راضی ہو ساتھ کسی مرتبے کے ان مراتب مین سے پس وہ ہمارے نزدیک محروموں اور بے نصیبوں مین سے ہے راہ سلوک مین چار منزل اور مقام ہین ملک عبارت عالم ظاہری سے ہے اور ملکوت مراد عالم ملائک ہے اور جبروت مراد عالم ارواح سے ہے ملک و ملکوت تو عالم حسی سے ہین اور جبروت عالم معقول سے ہے اور جو کچھ سواے ان کے ہے وہ لاہوت ہے ملک و ملکوت دیدہ ظاہر سے نظر آتا ہے اور جبروت دیدہ باطن سے اور لاہوت بصارت ظاہری اور باطنی سے

مہیا ہو اور فہم اور ادراک سے افزون ہو ملکوت اوسکا نقصان کو شہود یعنی ہونا نقصان ہستی صفت ہے پس معلوم ہوا کہ ملک و ملکوت و جبروت تینون حجاب ہین جب تک ان حجاب سے نگذرے لاہوت کو نہ پہونچے اور عالم ملک عابد کا شیطان اس وجہ سے ہی کہ جب عالم عبادت ظاہری پر مغرور ہوا اور سیر فرو کیا اور اس جہان کے عیش و تماشا پر راضی ہوا اور اوس جہان کو بھول گیا پس ملک اوسکا شیطان ہو گیا اور ملکوت عارف کا شیطان اس وجہ سے ہی کہ جب عارف تماشاے ملکوت سے محظوظ ہوا اور اوس جہان کی نعمتون اور اوسکے تماشے سے مغرور ہوا پس وہ منعم سے محجوب ہو گیا اسلیے ملکوت اوسکا شیطان ہو گیا اور جبروت واقف کا شیطان اس وجہ سے ہی کہ جب واقف تجلیات جبروتی اور تماشاے روحانی مین مقید ہوا اور اوسیکو اپنا مقصود جانا پس وہ جوار لایزالی سے محجوب ہوا اور جبروت اوسکا شیطان ہو گیا مثال اوسکی یہ ہی کہ ملک مثال شقداری کے کے ہی اور ملکوت مثال دیش مکھ پرگنہ کے ہی اور جبروت مثال وزیر نائب بادشاہ عالم کسی ملک کے ہی ان مین سے جو کوئی جس مرتبہ پر راضی ہوا اور اوسنے اوسپر فخر کیا وہی بادشاہ سے رہ گیا عالم مرتبہ شقداری مین ہی اور عارف مرتبہ امراے مین اور واقف مرتبہ وزیری مین اور موحد مرتبہ یگانگی مین اور شاہی مین ہوتا ہی نزدیک ارباب بصیرت کے ہر ادنی مراتب پر راضی ہوا وہ گویا ایسا ہی کہ اوسنے درجہ اعلی کو چھوڑ کر ادنی کو اختیار کیا اور اور وہ قاصرون مین سے شمار کیا جاتا ہی

چون عکس رخ دوست در آئینہ عیان شد	بر عکس رخ خویش نگارم نگران شد
شیرین لب او تا کہ بگفتار در آمد	عالم ہمہ پر ولولہ و شور و فغان شد
بر روے جہان سرور دانش چو گذر کرد	صد سرو روان بر لب ہر جو روان شد
جاے ہمہ اسم آمد و جاے ہمہ رسم	جاے ہمہ جسم آمد و جاے ہمہ جان شد
چون عزم تماشاے جہان کرد ز خلوت	آمد بہ تماشاے جہان عین جہان شد

ہر نقش کہ او خواست بدان نقش بر آمد
پوشیدہ ہمان نقش بدان نقش عیان شد

اے مغربی آن یار کہ بے نام و نشان بود
از پردہ برون آمد و بے نام و نشان شد

اگرچہ ذات صفات سے اور صفات ذات سے جدا نہین ہی لیکن ذات ذات ہی صفات صفات ذات لایزال حی اور قائم ہی صفات زوال اور فنا پذیر عقل سلیم کب پسند کرتی ہے کہ زوالی اور فنا پذیر کے عشق مین عمر صرف ہو اور ابدی اور سرمدی دولت کو ہاتھ سے دیوے

دل بد و بند کو نخواہد مرد
آنکہ میرد بد و چہ دل بندی

عشق آن بگزین کہ جملہ انبیا
یافتند از عشق او کار و کیا

ز این و آن حجاب آمد ترا در راہ عشق ای دل
چو با دلدار پیوندی نہ این بینی نہ آن بینی

ز کثرت جان خورم را ہمہ اندوہ و غم زاید
بوحدت ای تا خود را ہمیشہ شادمان بینی

تن از دیدار جان مانع شود چشم جہان بین را
حجاب تن چو برداری جمال جان عیان بینی

سحاب تیرہ چون آید بمہر و مہ شود حائل
چو ابر از پیش برخیزد ز مہر و مہ نشان بینی

ظہور ذات کی کنہ اور حقیقت سے کماہی آگاہی محال ہی حضرت ابابکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہین اَلعجزُ عَن دَرکِ الاِدراکِ اِدراکٌ یعنی معرفت اور ادراک وہ ہے کہ نہ عارف رہے نہ معرفت معروف ہے معروف ہو

عشق و عاشق محو گردد زین مقام
خود ہمان معشوق ماند والسلام

مرتضےٰ را آن یکے کردہ سوال
چیست توحید اے امام اہل حال

در جوابش گفت شاہ اولیا
ابن عم مصطفےٰ شیر خدا

ہست توحید آنکہ ذات ذوالجلال
دانی آن را برتر از وہم و خیال

حق نیاید در تفکر اے حکیم
فکر حادث کے رسد اندر قدیم

ہر چہ اندیشی پذیرا ے فنا ست
انچہ در اندیشہ نا ید آن خدا است

ہر شخص اپنی فہم و قیاس کے موافق سخن سرائی کرتا ہی اور ہر ایک کے عقائد بھی انواع

انواع صورتون پر ہین کوئی توحید وجودی کا قائل ہی کوئی شہودی پر مائل ہی کوئی اتحادی بتاتا ہی کوئی حلولی جانتا ہی کوئی عینی سمجھتا ہی کوئی ظلی قرار دیتا ہی شیخ عطار ظہور ذات کو ظل ذات فرماتے ہین

او چو خورشید ست و ما چون سایہ ایم	ہمچو نور و سایہ ہمسایہ ایم

کوئی ہمہ اوست کا عقیدہ رکھتا ہی کوئی ہمہ از وست کو مانتا ہی اپنی اپنی فہم کی رسای اور عقل کی تیزی ہی جیسا جو کوئی سمجھا اوسپر قائم ہوا مگر اسپر سب متفق ہین کہ وہ ذات واحد ہی لاشریک ہی یہ سب کچھ اوسی کی بے عدیل و بے نظیر ذات کے کرشمہ اور اوسکے ظہور پر نور کی تجلی اور جلوہ نمائیان ہین

مقصود کائنات چو یک ذات بیش نیست	اورا بہر لقب کہ بخوانی بخوان کہ ہست

تو گنج بے کرانہ و عالم طلسم تو	خلقے بدین طلسم گرفتار آمدہ
گاہے نمود چہرہ گہے گشتہ محتجب	گاہے چو گل شگفتہ گہے خار آمدہ
در ہر کہ ہست پرتو نور وجود تست	خود غیر تو کجاست پدیدار آمدہ
در ذات آفتاب بنا شد تعددی	آفاق گرچہ از وی پر انوار آمدہ
چندین ہزار خانہ و یک نور بیش نیست	لیک اختلاف از در و دیوار آمدہ
اصل آمدہ بغیر یکے نیست در شمار	گرچہ ز روے مرتبہ بسیار آمدہ
جز واحد ارچہ ہست بہ تحقیق در عدد	اعداد بے شمار بتکرار آمدہ
یک بحر در حقیقت و امواج مختلف	وان موج ہم ز بحر گہر بار آمدہ
از یک شراب مست شدہ عالمی ولیک	مستیش ہست مختلف آثار آمدہ
این یک ز سر گذشتہ و جان دادہ بہر دوست	وان یک اسیر جبہ و دستار آمدہ
این یک ز عشق سوختہ پندار عقل را	وان یک ز عقل بستہ پندار آمدہ
وان یک درون صومعہ تسبیح خوان شدہ	وان یک بدیر والہ و زنار آمدہ

در اختلاف صورت اگر بیکنی نظر رو چشم دل به بند ز دیدار این و آن	پیش تو یار ہست چہ اغیار آمده ونگہ بہ بین کہ کیست بجز یار آمده

ایکبار ارشاد ہوا رموز ونکات توحید بے رہنمای کامل اور مرشد واصل سمجھنی محال ہین ذات کے اسرار صفات کے انوار حقیقت کی رمز معرفت کی کنہ بے اسکے کہ عارف کامل مقتداے واصل گرم و سرد دیدہ سخت و نرم پسندیدہ تلخ و شیرین چشیدہ سمجھانے والا نہو دوسرے کی سمجھ مین کسطرح اسکتے ہین ہر مبتدی پر فرض ہی کہ پیر کامل فراز و نشیب دیدہ مستقیم الحال قہر جلال سے آگاہ لطف جمال سے مطلع اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ کا مصداق تمامی امراض وعلل باطن کی تشخیص مین صادق اَلْعُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْل کا مفہوم کُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ کا پیرو اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِہٖ کے موافق تلاش کرے جناب سالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اَلرَّفِیْقُ ثُمَّ الطَّرِیْقُ یعنی پہلے رہبر تلاش کر بعدہ قدم راہ مین رکھ اور جناب رسالت مآب کا یہ بھی ارشاد ہی مَنْ لَا شَیْخَ لَہٗ لَا دِیْنَ لَہٗ وَمَنْ لَا دِیْنَ لَہٗ لَا عِرْفَانَ لَہٗ وَمَنْ لَا جَذْبَ لَہٗ لَا اُنْسَ لَہٗ وَمَنْ لَا اُنْسَ لَہٗ لَا مَوْلیٰ لَہٗ ایضاً مَنْ لَا شَیْخَ لَہٗ فَشَیْخُہٗ الشَّیْطَانُ اور ہمنشینی اور مجالست فقرا کے فضائل ارشادات جناب سالتماب صلعم سے ظاہر ہین **حدیث** مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّجْلِسَ مَعَ اللّٰہِ فَلْیَجْلِسْ مَعَ اَھْلِ التَّصَوُّفِ **حدیث** جَالِسُ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنَ فِی الدُّنْیَا یُجَالِسُھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ اِنَّ دَعْوَتَھُمْ فِی الدُّنْیَا مُسْتَجَابَۃٌ وَفِی الْاٰخِرَۃِ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ قَبْلَ الْاَغْنِیَاءِ بِخَمْسِمِائَۃِ عَامٍ مِنْ سِنِیْنِ الدُّنْیَا بِلَا حِسَابٍ **حدیث** لَا تَطْعَنُوْا عَلٰی اَھْلِ التَّصَوُّفِ وَالْخِرَقِ فَاِنَّ اَخْلَاقَھُمْ اَخْلَاقُ الْاَنْبِیَاءِ وَلِبَاسُھُمْ لِبَاسُ الْاَنْبِیَاءِ **حدیث** حُبُّ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ مِنْ اَخْلَاقِ الْمُرْسَلِیْنَ وَمُجَالَسَتُھُمْ مِنْ اَخْلَاقِ الصَّالِحِیْنَ الْفُقَرَاءِ

مِنہم مِن اَخلاقِ المُنافِقِین بے پیر و مرشد رہنما کے طے ہونا سلوک کا خالی از دشواری نہین اور بغیر متابعت پیر کے خدارسی محال

قطع این مرحلہ بے رہبری خضر مکن	ظلمات ست بترس از خطر گمراہی
پیر را گبزین کہ بے پیر این سفر	ہست بس پُر آفت و خوف و خطر
دست را مسپار جز در دست پیر	حق شد ست آن دست او را دستگیر

جو طالب مطیع شیخ رہے ہر آفت اور دقت سے محفوظ منزل مقصود تک پہونچے اور مہالک جان گداز سے بسلامت و آسانی عبور کرے یَا اَیُّہَا الَّذِینَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ وَجَاہِدُوا فِی سَبِیْلِہٖ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ سالک کا مقامات روحانی پر گذر ہوتا ہی روح آلایش آب و گل سے آزاد ہو جاتی ہی نور حق کی تجلی اوسکے قلب پر جلوہ کرتی ہی ید بیضا کی صفات اوس مین پیدا ہو جاتی ہین انا الحق اور سبحانی کے ذوق مین سرمست ہوتا ہی وصول و حصول کے لطف ظاہر ہوتے ہین عام لوگون کی عقل اور فہم اس رمز کو نہین سمجھ سکتی اگر ایسی حالت مین لطف شیخ کامل دستگیر نہین ہوتا یا شیخ ان مقامات کی نیک و بد نہین بتاتا اور سمجھاتا تو طالب کے ایمان کا ضرر اور نقصان کا سامان ہوتا ہی

طفل راہی رو طلب کن پیر رہ بینے ز حق	تا زمام اختیار خود بدست او دہی
بعد ازین چون مغربی از راہ و رہبر فارغ آ	رہ رو و رہ را بدور انداز گر مرد رہی

اکثر طالب کو طے مقامات مین شبہات و خطرات و خیالات پیدا ہوتے ہین صدہا طرح کے خوابات نظر آتے ہین کہ شیطانی و رحمانی و نفسانی کی تمیز محال ہوتی ہی اور طالب کی فہم اور ادراک سے اون کا امتیاز دشوار ہوتا ہی ضرور ہی کہ شیخ کامل وقتاً فوقتاً ہر بات کو بتائے اور سمجھائے یہہ معاملات عالم غیب سے ظہور مین آتے ہین اور اون کے رمز کا سمجھنا سوائے آگاہان اسرار عالم غیب کے محال ہے

ف
اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور ڈھونڈو طرف اوسکی وسیلہ اور سعی کرو راہ اوسکی مین تاکہ تم نجات پاؤ ١٢

تو چہ دانی زبان مرغان را		چون ندیدی شبی سلیمان را

شیخ اسدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہی شیخ وہ شخص ہی جو مریدون کو حضوری مین جمعیت عطا کرے غیبت مین نگہبانی کرے اخلاق کی تہذیب اوسکی بدولت نصیب ہو اوسکی نظر سے ادب کامل حاصل ہو باطن اوسکے فیوضات سے منور ہو اگر شیخ تائید یافتہ الطاف الٰہی اور آگاہ اسرار نامتناہی ہوگا ہر مقام سے طالب کی ترقی وبہبودی کی شکل نظر آوے گی بادشاہان دنیا کے دربار اور بارگاہ مین اگر کوئی رسائی اور ملازمت کا متمنائی ہوتا ہی مقرب خاص سے اپنی نسبت خصوصیت بہم پہونچاتا ہی بدین وسیلہ رفتہ رفتہ شناسائی آگاہی رسم وربط ہوتے ہوتے حضور شاہنشاہ تک اوس کے واسطہ سے پہونچ جاتا ہی آخر مقبول القول اور منظور نظر خاص ہوجاتا ہی اور بادشاہ اوسکے عدم استحقاق اور کم خدمتی پر خیال نہین فرماتا بلکہ اوسکی سعی وقربت کے لحاظ سے اوسکی طرف ایسا متوجہ ہوتا ہی کہ اوسکو محل مقصود اور درجہ مطلوب پر پہونچا دیتا ہی اگر اپنی ذات کی سعی اور کوشش سے کوئی چاہے یہ صورت ناممکن ہی رباعی

آن را کہ بود تمنی قرب ووصال		بے ہمت مرشدی خیالست خیال
تا پیر ومرشدے نگردی ہمہ عمر		واصل شدنت بحق محالست محال

نیک وبد کا امتیاز نیکی سے راغب ہونا بدی سے محترز . مثلا نفس امارہ سے بچنا اوسکی خواہشون کو روکنا ہم نشینان بد کی صحبت سے نفرت رکھنا کلام لا یعنی سے پرہیز کرنا سب شیخ کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے

نفس خود را کش جہانے زندہ کن		خواجہ گشتست او را بندہ کن
نفس کشتی باز رستی زاعتذار		کس ترا دشمن نماند در دیار
مہر ابلہ مہر خرس آمد یقین		کین او مہرست مہر اوست کین
صحبت عامہ عذابست بالتمام		در بہ پرہیزی صوابست وسلام

دل بیار آمد ز گفتار صواب ان چنانکه تشنه ار آمد باب
دست کو رانه بحبل اللہ بزن جز بامر و نہی یزدانی متن
چیست حبل اللہ رہا کردن ہوا کین ہوا شد صرصری مر عاد را
خلق در زندان نشستہ از ہواست رفتہ از مستور ہاین عار از ہواست

یوسف بن الحسن رحمہ نے حضرت ذوالنون مصری رحمہ سے پوچھا کسکے ساتھ صحبت رکھون فرمایا اوسکے ساتھ جس مین مین اور تو نہو شیخ خرقانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہین

باکسی صحبت مدارا ے دیدہ ور تو خدا گوئی وا وجیزی ز دگر
صید لانی گفت صحبت با اللہ ای پسر سیدار در بیگاہ و گاہ
ور نہ صحبت دار با آن کس مدام کو ست صحبت دار حق در صبح و شام

بعض کہتے ہین کہ ایک پیر اور دو پیر اور تین چار پیر بھی کرنے سے برائی نہین مگر اس مین ایک راز ہی اول تو طالب سوچ سمجھکر بیعت کرے اور کامل سے کرے اور پھر اوس سے بہتر کوئی نظر اوے تو اوسکی بھی استفادہ اور فیضیابی سے انکار نہ رکھے کیونکہ تربیت طالب کی مثل بیضہ کے ہی کہ وہ پرہاے فیضان اور ارشاد مرشد کے تلے پرورش پاتا ہی بحالت پرورش اگر طالب کے دل مین شیخ کی طرف سے انکار یا عقیدہ مین فتور واقع ہوا تو بہت برا ہوا طالب صادق اگر لیاقت بلند پروازی کی رکھتا ہو شیخ کو چاہیے کہ جو کوئی اور شیخ اعلی مدارج اور مراتب کا ہو اوسکے پاس بھیجدے اور جو شیخ ایسا نکرے تو سمجھنا چاہیے کہ اوسکو مرتبہ ارشاد بامر الٰہی حاصل نہین ہی بلکہ جاہ دنیا کے واسطے شیخ بنا ہی اور جو شیخ کامل ہو اوسکی خدمت اور ملازمت کا از راہ بدعقیدتی اور انکار ترک کرنا بسا بیجا ہی اگر شیخ اس عالم سے انتقال کر جاوے دوسرے شیخ کی خدمت مین بارادہ حصول فیضان جانے کا مضائقہ نہین ہی کیونکہ جب کاملین اس عالم سے سفر کر جاتے ہین دنیا کی طرف توجہ اور التفات نہین فرماتے اور علاج مرض باطنی کا بغیر مشافہ اور مخاطبہ کے نہین ہو سکتا اور جو بزرگ عالم برزخ مین

کسی خادم کو تربیت فرماتے ہیں یہ خاص بات ہے نہ عام ایسے مرید اور طالب صادق کی
تربیت فرماتے ہیں جو بہت گفت و شنید و ہم کلامی کی رکھتا ہو تاکہ جو کچھ وہ تعلیم اور تربیت
فرماویں اوسکو بخوبی سمجھے اور اوس پر عمل کرے یہ بات شاذ و نادر کسی کو حاصل ہوتی ہے اور
ایک صورت عالم روحانی ہے عالم روحانی میں بھی ہر شخص کی طرف توجہ اور التفات نہیں ہوتی
عالم روحانی بھی دو صورتیں ہیں ایک یہ ہے کہ کسی طالب کے دل میں کسی نبی یا ولی کا خیال
رہتا ہے اور جب اوسکے خیال کے خواب میں بھی نظر آوے تو ثمرہ ذات کہلاتا ہے ذات
باری بھی جب اوسکے خیال سے اوسکو اسی شکل و صورت کے ساتھ جو طالب کے دل میں بسی ہوئی ہے
اپنا کرشمہ دکھلاتی ہے جس نبی یا ولی کی صورت خواب میں نظر آتی ہے اوسکو اطلاع بھی نہیں ہوتی
دوسری صورت یہ ہے کہ نبی یا ولی اپنے ارادہ اور قصد سے کسی کے خواب میں آتے ہیں البتہ اسکی خبر اوسکو
ضرور ہوتی ہے اس صورت میں خواب میں آنا اون کا صحیح اور درست ہوتا ہے عالم حیات میں جو بعض
اپنے پیر کو اکثر خواب میں دیکھتے ہیں اور اپنے گمان میں پیر کا خواب میں آنا واقعی اور اصلی جانتے
ہیں اکثر واقعی نہیں ہوتا بعض مرتبہ جو من میں بسی ہوئی ہے سبب وہی ہوتا ہے اور شیخ اول
سے افضل ہے اور شیخ اول کی اجازت سے دوسرے شیخ کی خدمت میں اگر جاوے کچھ مضایقہ
نہیں کیونکہ بعض لطایف و انکشافات و واردات اگر ایک شیخ کی خدمت میں حاصل نہوے
دوسرے کی تعلیم سے حاصل ہو جاویں تو کچھ عجب نہیں لیکن یہ طریقہ کر لینا کہ آج اوسکی
خدمت میں ارادت بہم پہونچاے کل دوسرے کے معتقد بنے یہ بالکل واہیات ہے ہرگز ایسا
نکرے پیر اول کی جب تک اجازت و اشارت نہو دوسرے پیر کی طرف جانا نامناسب ہے جو کرتے
ہیں ایسا مرید مرتد طریقت کہلاتا ہے اور اس سے طالبوں کی ترقی کی صورت نہیں ہوتی
ہر بزرگ کی خدمت میں جانے اور ملنے سے یہ غرض نہ چاہیے کہ جگہ جگہ بیعت کرے مدار
حصول فیضان باطن کا بیعت ظاہری پر نہیں ہے جسکے واسطے ہر جگہ بیعت کیجیے
فیض و فائدہ خیال خالص سے متعلق ہے جو شیخ کامل ہوتے ہیں اپنے مرید کو اوسکی

اور اوسکے ظرف کے موافق ہدایت فرماتے ہین اور اپنے ادراک کامل سے جو باتباع مرشد
پیر رکھتے ہین او جانتے ہین کہ ہمارے فلان مرید کے پیر شیخ اوسکی صحبت سے مستفید ہونگے
اوسکو بھیجتے ہین او صحبت اوٹھاتے ہین حضرت علی ہجویری کشف المحجوب مین فرماتے ہین کہ
شیخ ابو عثمان کہتے ہین پیر سے تمین مقام شد اوسکے فضل سے حاصل ہوئے مقام حیا کی
ہے اور مقام عزت حضرت شاہ شجاع سے اور مقام شفقت حضرت ابو حفص سے اور اسی
قسم پر یہ بھی فرمایا ہے کہ مرید صادق کو چاہیے کہ صحبت مین پیم پیر یا شیخ کے جاوے
تاکہ ہر پیر کی صحبت سے اوسکو ایک ایک مقام کشف ہو فقط بعض ایسے فرد ہوتے ہین
کہ اپنے فیض لا انتہا سے اوسکو ایسا پرا ور فرماتے ہین کہ اوسکا اوسکی تعلیم و تلقین
کے کسی جگہ باقی نہین چھوڑتے وہ فقط طالب کی جبلی اور استعداد ذاتی کے خیالات مثال
وہ بزرگون کی صحبت مین بھیجتے ہین بعض بزرگون نے مرید کی تین حالتین تجویز کی ہین چند
روز خدمت خلق پر مائل رکھتے ہین پھر چند روز خدمت حق مین پھر چند روز مراعات دل
مین اور اجازت دیتے ہین کہ دست بدعا اور زبان بسوال ہمیشہ دراز رہی اور اجازت دیتے ہین
کہ جو کچھ خدا سے مانگنا ہو کبھی مانگنے سے شرم نکرے

اگر مانخواستہ عطا بخشد	گر تو خواہش کنی جہان بخشد
پادشاہی ست او اگر خواہد	ہر دو عالم بیک گدا بخشد

نقل ایکبار حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ایک کافر نے حالت جنگ مین شمشیر طلب کی
آپنے اسیوقت اوسکو حوالے کی تب وس کافر نے عرض کیا یا مظہر العجائب اپنے ہتھیار کا دشمن
کو دینا خلاف قانون مردانگی ہی آپنے فرمایا کہ سوال سائل کا بھی رد کرنا سخاوت کے
قانون کے خلاف ہی جب مردان حق کی یہہ ہمت اور کریمی ہے تو شان لایزال
کی کریمی و کرم کا شمار و حصر کون کرسکتا ہی بعضی اکابران طریقت نے لیاقت پیری اور
استحقاق مرتبہ مقتدائی و مرشدی کو اس آیت سے استنباط کیا ہے

کو بندہ عبداً من عبادنا آتیناہ رحمۃً من عندنا وعلّمناہ
من لدنا علماً اور استحقاق مرشدی کے پانچ رکن قائم کیے ہیں یعنی جب حضرت حق
نے موسیٰ علیہ السلام کو خواجہ خضر علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا اور حضرت کلیم علیہ السلام
خواجہ خضر کا مرید اور متعلم بننا منظور فرمایا تو حضرت خضر کو پانچ مرتبے یاد فرمائے اوّل
اختصاص عبدیت قرار دیا کہ عبداً من عبادنا سے مستنبط ہوتا ہے دوسرا استعداد قبول حقائق
بے واسطہ کو ظاہر کیا آتیناہ رحمۃً سے تیسرے خصوصیت ورود رحمت خاص کو رحمۃً من عندنا
سے سمجھایا چوتھے شرف تعلیم علوم کو حضرت خداوندی سے بلا واسطہ سرمایہ مفاخرت ٹھہرایا
کہ علّمناہ سے ظاہر ہے پانچویں حصول علم لدنی کی عزت کو بیان کیا من لدنا علماً سے وہ پانچ
مرتبہ جامع الکمالی کی دلیل ہے اور حصول تمامی درجات و مقامات کے واسطے حجت قوی ہے خدائے
پاک جب کسی شخص پر فضل کامل فرماتا ہے وہ ان مراتب کا جامع ہوتا ہے جس میں یہ سب پانچ
موجود ہیں وہ بیشک شیخی و مقتدائی کے قابل ہے اوّل مقام عبدیت ہے جو شخص ما سوی اللہ
سے آزاد نہ ہوگا عبداللہ نہ ہوگا اور عباد کے وصف سے موصوف نہ سمجھا جائے گا دوسرا مقام
قبول حقایق بے واسطہ ہے جناب عزت سے جب تک صفات البشریت سے نفس پاک و صاف
نہ ہوگا مستعد قبول حقایق بے واسطہ ہونا محال ہے اور سعادت آتیناہ رحمۃ کا حصول از قسم
اشکال تیسرا مقام حصول رحمت خاص عبدیت ہے جب تک تخلّقوا باخلاق اللہ سے
موصوف نہ ہوگا تجلی صفات الوہیت سے محروم ہوگا اور عبدیت کے لطف سے بے بہرہ اور
من عندنا کے مذاق سے ناکام چوتھا مقام تعلیم علوم بے واسطہ ہے جب تک لوح دل
علوم عقلی اور حسی کے نقش سے پاک نہ کریگا علّمناہ کی کرامت سے محروم نہ ہوگا پانچواں مقام
خصوصیت علم لدنی ہے جب تک کہ معرفت ذات و صفات و افعال حق کے لطائف و اسرار
نہ سمجھے گا من لدنا علماً کی شرافت سے مشرف نہ ہوگا معرفت حقیقی جو حقیقی معرفت کا نتیجہ
کا ارشاد اسکا شاہد ہے جب انسان بحکم اودھ سے پیدا ہوتا ہے اس جہان کو دیکھتا ہے اور کوئی

اپنی ذات سے دوبارہ پیدا ہوتا ہے یعنی اوصاف بشریت سے جدا ہو کر اوصاف ملکی اختیار کرتا ہے وہ لدن کو دیکھتا ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول ہے لن یلج ملکوت السموات والارض من لم یولد مرتین یعنی بادشاہی آسمان اور زمین میں وہ شخص نہیں جا سکتا جو دوبارہ نہیں پیدا ہوتا مقتدائے اور شیخ جبہ و ریش و دستار پر منحصر نہیں کہ خلق جسکی شان میں شکوہ سے عزت کرے بلکہ اولیائی تحت قبائی لا یعرفہم غیری کا مصداق ہوتا ہے چنانچہ حضرت حمید الدین ناگوری کا قول ہے

آنکہ بجان زندہ بود نیست مرد	وانکہ بجانان زندہ بود نمیرد
مردان رہش زندہ بجانے دگرند	مرغان ہواش ز آشیانے دگرند
منگر تو بدین چشم بدیشان کایشان	بیرون ز دو کون در جہانے دگرند

حضرت عین القضات ہمدانی فرماتے ہیں نشان پیر یہ ہے کہ مریدوں کے ابتدائے انتہا تک کے حال کو جانے جو اس مرتبہ بلوغ کو نہیں پہونچا وہ مرید اور طالب ہے پیری کے لائق نہیں ہے حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ پیر کو قوت ذاتی چاہیے جسکو قوت ذاتی حاصل نہو اوسکو شیخ نہ بنائے جب تک شیخ ظاہر اور باطن مرید کا نہ دیکھ لے بلکہ دیکھ سکے اوسکو مرید کرنا نہ چاہیے جو کامل مکمل ہوتا ہے وہ مشرق اور مغرب اور نزدیک و دور میں خلق کی دستگیری اور امداد کرتا ہے اور امداد اکثر اہل رابطہ اور صاحب خلوص کو ہوتا ہے خواہ وہ مرید ہو یا نہو اور جو نسبت رابطہ کی رکھتا ہو یا جو کہ مرید ہو سب بہرہ پاتا ہے

کسی بزرگ کا قول ہے

گر در یمنی کہ با منی پیش منی	گر پیش منی کہ بے منی در یمنی

دل کا ساتھ دل کے پیوستہ ہونا رابطہ کہلاتا ہے جیسا رابطہ ہوگا ویسا ہی فائدہ ہوگا جیسے کوئی نہر ندی یا نالہ کسی دریا سے جسقدر پیوستہ ہوگا اوسی قدر آب دریا سے اوسکو سیرابی ہوتی ہے پیر کامل اجسام کثافت سے اہل رابطہ کو اکثر امداد پہونچاتے ہیں اور ضیات سے بات

رکھتے ہین بدن مکتسب کو صورت مثالی بھی کہتے ہین کہ وہ بدن مثل اس بدن کی شکل اور صورت اور گفت و شنید مین ہوتا ہی اور حاجت برآری اور کارروائی کرتا ہی اور مکتسب اسکو اسلیے کہتے ہین کہ صفات ذمیمہ انسان جو بہیمی اور حیوانی ہین وہ اکسیر ریاضت اور مجاہدہ اور اتباع شریعت اور تربیت اور فیضان صحبت مرشد کامل مکمل سے صفات حمیدہ کے ساتھ مبدل ہوجاتے ہین مس وجود مثل زر خالص ہو جاتا ہی یعنی جب نفس صفت امارگی اور لوامگی اور ملہمگی سے بالکل خلاصی پاکر صفت مطمئنگی حاصل کرتا ہی تب نفس برنگ دل اور دل برنگ روح بن جاتا ہی خواص روح اوس مین پیدا ہوجاتی ہین اور چونکہ روح بحکم انی جاعل فی الارض ساتھ صفات ذوالجلال والجمال حق کے حق ہی روح کو قرب اور بعد زمانی اور مکانی اور عدم اور جہت نہین ہی پس قواے روحیہ سے پیر کامل کارسازی کرتا ہی اور اوس بدن مکتسبہ کی کچھ تعداد نہین ہی تعداد قلت اور کثرت کی بقدر استعداد تحصیل لطافت کے ہی

گہ بخود باشیم و گاہے بے خودیم	گہ یکے باشیم و گاہے ہم صدیم
ہر یکے ماہست در دین کارگر	گاہ اینجا گاہ در ملک دگر
این وشہا نیست بر جسم کثیف	ہست بر جسمے لطافت اس لطیف

اگر کوئی کہے شیخ کی شناخت محال ہی فی الحقیقت محال ہی مگر بظاہر جو متبع شریعت مجاہد کامل لذات دنیاے فانی سے نفور ہوگا شیخ ہوگا اور ایک شناسائی شیخ یہ ہے

با ہر کہ نشینی و نشد جمع دلت	و ز تو نرہید زحمت آب و گلت
زنہار از ان قوم گریزان مے باش	ورنہ فگند روح عزیزان بحلت

معنی اس رباعی کے مولانا جامی علیہ الرحمت یون فرماتے ہین

آن بود او کہ چون بدو برسی	برہی از ہزار بوالہوسی
خاطرت را بجذب پنہانی	جمع سازد ز ہر پریشانی

برہاند ز رنج آب و گلت	برساند بسر جان و دلت
از زمین و زمان برون بردت	وز مکین و مکان برون بردت
از مے عشق بیخودت سازد	وز علائق مجردت سازد
دولت صحبت چنین پیرے	مس قلب تراست اکسیرے
تا شود زر مس تو زان اکسیر	بگسل از خویش دامن او گیر

اور تین علامت یہ بھی ہین نظم

۳ نشان بود وے از تخست آن یعنی	کہ چو روی اد بہ بینی دل تو بد و گراید
دویم آنکہ در مجالس سخنے کند بمعنے	ہمہ راز ہستی خود بحدیث مے برباید
سوم آن بود بمعنی وے اخص عالم	کہ ز ہیچ عضو او را حرکات بد نیاید

حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین مِنْ جُمْلَہ عَلَامَتِ الْوَلِی صَبْرُہٗ عَلٰی اَذِیَّتِ الْخَلْقِ وَالتَّجَاوُز شیخ ہونا سالک پر شایان ہی نہ مجذوب پر مجذوب شیخ ہونے کی لیاقت نہین رکھتا رہنمائی کے لایق یا فقط سالک یا مجذوب سالک یا سالک مجذوب ہوتا ہی کہ یہہ صراط مستقیم پر قائم رہتے ہین مگر مجذوب سالک وہی مجذوب مطلق اور ہی جذبہ مراد کشش سے ہی اور سلوک مراد روش سے جسکو سلوک ساتھ جذبے ہوتا ہی اُسکو مجذوب سالک کہتے ہین اور جسکو جذب سلوک سے ہوتا ہی اوسکو سالک مجذوب کہتے ہین بعض سالک مجذوب کو مجذوب سالک پر فضیلت دیتے ہین اور بعض مجذوب سالک کو سالک مجذوب پر اور اس طریق کو اچھا جانتے ہین اور جملہ انبیا کو مجذوب سالک کہتے ہین کیونکہ اونکو جذبہ مقدم ہی اور جملہ اولیا اللہ کو سالک مجذوب بتاتے ہین کہ ان کو سلوک سے جذبہ ہوتا ہی

با خود کہ براہ دوست سالک گردد	چون در رسد او بجذبہ سالک گردد
وانکہ کہ بجذب دوست از خود برد	بر گوہر دل آن دوست سالک گردد

مرید صادق جب جلوہ تجلی شیخ کی اپنے آئینہ دل مین دیکھتا ہی خود عاشق بنجاتا ہی اور قرار و

۵ ولی کی تمام من پہچانون من سے ایک صبر کرنا ہی خلقت کے ستانی پر اور خلقت سے جدا ہونا ۱۲

آرام جو شرحتا دی اشعار

ای دل چوں پیر کارت نرسی ہمانا کہ ہرگز بہ شہرِ زندگانی الات	تا مرشد نرسی بہ سنگ آستانہ نرسی ہرگز بلب مراد نگارت نرسی

طلب ورغبت وہو میں سرگرم ہوتا ہو بیقراری اور شوق منشاء سعادت ازلی ہے جبتک مرید جال مرشد پر عاشق نہیں ہوتا اور شیخ کی اطاعت تحت وتصرف میں پوری حالت نہیں آتا فیض یاب بھی نہیں ہوتا

ای دل اگر رضاے دل برباید اگر چہ خون گری مگو از چہ سبب	آن باید کرد و گفت کو فرماید در گوید جان بدہ مگو چون شاید

اکابران طریقت کی اصطلاح میں مرید او سکو کہتے ہین کہ جو کسی بزرگ سے استفادہ کرے اور اوسکی حرکات وسکنات کا پیرو اور شیخ ہو کر اوسکے نقش قدم پر چلے بخلاف اسکے جو پیر کے طریق پر چلے مرید پیر کا ہی اور جو طریق پیر ترک کرکے اپنی ارادت اور مرادات پر چلے وہ نفس مرادات کا مرید ہو ارادت میں صدق اور اخلاص شرط ہی پیر مرید کو جس طرح ہدایت فرماوے اور جس راہ پر چلاوے اوس راہ پر بیدریغ بے تامل چلے اور چون وچرا نکرے بعض کا قول ہی جسکے سر پر کوئی اکابر طریقت مقراض چلاوے وہ مرید ہی اور جسکے سر پر مانند مقراض مراد اور شہوت حضرت بایزید فرماتے ہین جو مرید بروقت وقوع حالات وواردات وکیفیات کے نعرہ زنان اور شور کنان ہو وہ مانند حوض کے ہی اور جو خاموش ہو وہ مانند دریاے پر ذر کے ہی حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مرید صادق وہ ہی جو اپنے دل مین ملاوت عدم کی پاوے اور نفی کرے اپنے نفس کو اور راضی ہو اوسپر جو مقدر مین لکھا گیا ہی حضرت ابوبکر واسطی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہی بزرگترین نسبت مرید کے لیے عبودیت کی نسبت ہی اور حضرت بوعلی دقاق کا ارشاد ہی کہ جو پیر کی مخالفت کی نیت کرے اوسکو طریقت حاصل نہین ہوتی اور اوسکا تعلق شیخ سے قطعًا قطع ہو جاتا ہی خواہ ایک مقام پر دونون ہین

جو شخص پیر کی صحبت میں رہے اور پیر کے اقوال پر اعتراض کرتا رہے گا یا دے سے صحبت پیر کا
جبہ توڑ دیا اوسکو قرم کرتا اور جیسا شیخ اسعدی کا قول ہو مرید وہ شخص ہے جو فقرا کے ساتھ اخلاص
اور محبت کے برتاؤ کرے اور صوفیہ کے ساتھ ادب و رعایت سے پیش آوے اور مشائخ کی
خدمت میں حق کی بجا لاوے اور عارفون کے ساتھ تواضع ادا کرے اور خلق کے ساتھ حسن خلق
سے کام لے شیخ سے نیک معاملہ اور انس رکھے اکثر سے علامت مشغول ہو اور صاحب
مقام توحید سے انکسار اور افتقار سے پیش آوے ایک بزرگ کا قول ہو مرید اوسکو
کہتے ہین جو اپنے ارادہ سے علحدہ ہوکر پیر دستگیر کے ارادہ سے ملا ہو پہر بہی اور خودی
اور غفلت کو قطعی ترک کرے

جان خود از نام پیر خود بدان	مارمیت از رمیت خوش بخوان
آفتاب است پیر تو خود ذرہ	پیر تو بحر است ہان تو قطرہ

نقل سات آدمی ہم سفر تھے راہ مین دریا واقع ہوا جب سب نے عبور کر لیا دیکھنے لگے
سب آئے یا نہین ایک بولا کہ چھ ہین سب کو گنا اور اپنے آپ کو اوسنے شمار نکیا اور ون کو
افسوس ہوا دوسرے نے اپنے آپ کو فراموش کرکے پہر شمار کیئے پہر چھ ہوے غرض کہ
اسی طرح سب شمار کرتے تھے اور اپنے آپ کو شمار سے خارج کرتے جاتے اور چھ شمار ہوتے تھے
اتنے مین ایک سوار وارد ہوا اوسنے سب کے تازیانہ لگا کر شمار کر دیئے تب تو سات پورے ہو گئے
مولف دریا سے مراد ذات حق ہے اور دریا سے پار اوترنا مراد ظہور اور پیدائش عالم
کون و فساد سے ہے اور سات مسافر سے مراد ظہور وحدت سے ہے کثرت مین اور سوار سے
مراد شیخ کامل سے ہے یعنی انسان جب اس عالم مین پیدا ہوا ایسا محو تماشاے کثرت ہوا
کہ اپنے آپ کو بالکل بہول گیا کہ مین کیا ہون اور کون ہون اور مین بہی کچھ ہون یا نہین
جب شیخ کامل نے تازیانہ سے یعنی ریاضت اور مجاہدہ کرایا تب غفلت اور فراموشی دور
ہوئی اور ہر ایک نے اپنے آپ کو جانا اور پہچانا من عرف نفسہ فقد عرف ربہ کا

مضمون سمجھ مین آیا

اے دل نفسے بیاد رحمان نشدی	وز کردۂ خویشتن پشیمان نشدی
صوفی و فقیہ و عالم و دانشمند	این جملہ شدے و بے مسلمان نشدی
اے دل بجوے عشق گدازی نمی کنی	اسباب جمع داری و کارے نمے کنی
میدان چنین فراخ تو گوی نمے زنی	بازی ظفر بدست شکارے نمے کنی

بعض کے نزدیک مرید تین قسم کے ہوتے ہین اول مرید پناہ وہ شخص ہی جو شریعت پر ثابت قدم ہو اور کسی بزرگ سے بدل معتقد ہووے خواہ مرید ہو یا نہو مگر بہتر یہ ہی کہ سعی کر کے کسی سے بیعت کر لے اور سلسلہ مین داخل ہووے دوم مرید راہ مرید راہ وہ شخص ہی جو راہ سلوک کو اتباع شرع کے ساتھ کسی بزرگ کے فیوضات سے طے کرے خواہ بیعت ہووے یا نہووے اور اگر بیعت ہووے تو زیادہ بہتر ہی سوم مرید الہ مرید الہ وہ شخص ہی جو قطعی اپنے اختیار سے قطعیت کر کے متبع اتباع شیخ ہو اور اخلاق شیخ کی تحصیل مین یہان تک سعی کرے کہ تَخَلَّقُوا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ سے متحقق النسبت ہو جاوے اور روز بروز سلوک کے وصول مطلب سے کامیاب ہو مرید پناہ مقلد محض ہی مرید راہ مقلد استدلال ہی مرید الہ مرید حقیقی ہی اور اوسکی مراد وصول اللہ ہی اور ان تین اقسام کے سوا ایک چوتھی قسم کا مرید ہوتا ہی اسکو مرید خدای کہتے ہین کہ بسبب جذب حقیقت جان و تن سے علیحدہ ہو کر آپ کو محو الفنا کرے اور بقاء البقا مین باقی ہووے حضرت شمس التبریز کا قول ہی مرید صادق کی علامت یہہ ہی کہ غیر آدمی سے ہرگز اوسکی صحبت نہین ہوتی اگر اتفاقا بیگانی صحبت کا اتفاق اوسکو ہوتا ہی تو ایسا اوس صحبت مین بیٹھتا ہی جیسے منافق مسجد مین اور لڑکا مکتب مین اور قیدی قیدخانہ مین ایک بزرگ کا قول ہی مرید صادق وہ شخص ہے کہ جسکے دل مین لذت معدوم ہووے اور جسکی ذات سے رنج و الم قطع ہوا اور نوشتہ تقدیر پر راضی ہو ٭

ہر کہ صادق گشت او صدیق شد	غیر صادق عاقبت زندیق شد
صادقان را دیدہ از صدق الوہیت	دیدشان سوے سعادت رہبرست
صدق و اخلاص آمدہ دو بال مرد	ہر کہ شد دو بال باشد رہ نورد

خداے پاک نے بندگان خاص کو جو باتباع رسول مقبول صلعم تمام کائنات سے دل برداشتہ ہیں اور تجلیات جمال و جلال سے اپنی ہستی کو محو کر چکے ہین عجب عجب تاثیرات عطا فرمائی ہی اگر بیگانہ پر نگاہ ڈالین یگانہ بنالین دشمن کو دوست کر دکھائین عاصی کو مطیع کرین ادنی کو اعلائی عطا فرمادین کوی مقام اور کوی آبادی ان سے خالی نہین ہوتی مگر خلیفہ و سلطان عصر ایک ہی ہوتا ہی بعض کا قول ہی کہ تین سو پچاس اہل اللہ ہوتے ہین جنسے قیام عالم ہی بعض کہتے ہین زیادہ اسکا حال مفصل آگے لکھا جائیگا لیکن صاحب ولایت ہونا کسی ایک وجود پر ختم نہین ہوا ایکبار موسی علیہ السّلام کو یہہ خیال پیدا ہوا کہ ہم کلامی کی دولت سے سواے میرے شاید کوئی مشرف ہوا ہو حکم ہوا کہ فلان پتھر پر عصا مارو موسی علیہ السلام نے عصا ماری ایک صحراے وسیع نظر آیا کہ صدہزار موسی عطا بردست کلاہ برسر ارنی ارنی پکار رہے ہین رباعی

طوریست کہ صد ہزار موسی دیدست	دیریست کہ صد ہزار عیسی دیدست
قصریست کہ صد ہزار قیصر بگذشت	طاقیست کہ صد ہزار کسری دیدست

موسی علیہ السلام حیران ہوئے اور اپنے خیال سے باز آئے کاملان حق ہمیشہ الزَّاهِدُونَ فِی الدُّنیَا وَالرَّاغِبُونَ فِی الْاٰخِرَةِ وَالرَّاضُونَ بِقَضَاءِ اللّٰهِ وَقَدَرِهٖ کے پابند رہتے ہین دم نہین مارتے ادب شان جلال و ناحسن جمال اجازت دم زدن نہین دیتا المختصر بے شیخ کامل کوئی بات کسیکو اس راہ مین نہوئی نہوگی شیخ کامل یاوری طالع سے ہاتھ آتا ہی شیخ حقیقی اور آدمی ہزارون لاکھون مین سے ایک ہوتا ہی نقلی شیخ اکثر ہوتے ہین اور طالب بیچارہ نہایہ طلب مین

ہر سو حیران اور سر گردان پھرتا ہی اور ابتداے طلب مین نہ تو اوسکو تمیز ناقص کامل کی
ہوتی ہی اور نہ ایسی بصیرت ہوتی ہی کہ جو نور اور ظلمت کو پہچانے اور نہ اوسکو تجربہ ہوتا ہی اور
کسی شیخ ناقص کے دام مین پھنس جاتا ہی مدت تک اوسکی اطاعت اور خدمت مین بسر
کرتا ہی اور اوسکی تعلیم اور صحبت سے تزکیہ نفس تصفیہ دل تجلیہ روح کچھ نہین ہوتا نہ کسی طرح کے
حالات یا واردات باطنی اوسپر وارد ہوتے ہین نہ کسی مقام یا مراتب کا انکشاف یا ظہور ہوتا ہے
ایک مدت بے ذوقی اور بے شوقی کی حالت مین گذر جاتی ہی تب آخر الامر شیخ سے برگشتہ ہو جاتا ہے
یا قطعی منکر اولیا بن جاتا ہی ایسے لوگون سے جو باطن مین لیاقت پیری نہین رکھتے محض
دنیا کمانے کی یا اپنی شیخی جتانے کے واسطہ ازراہ مکر و زور دام فریب مین طالبون کو پھانسکر
خراب کرتے ہین خدا تعالی طالب کو بچاوے رباعی

آن غول وشان کہ مے برند خلق زراہ	ازراہ برند وافگنند در تہ چاہ
آن شیخانند مقلد و حال تباہ	از شومی شرم شان عیاذ باللہ

طالب کو ارادتمند ہونا ضروری ہی ارادت کے معنی ہین دل کا کسی چیز کی طرف متعلق ہونا
اور اوسکی طلب مین مائل ہونا اور ایسا خیال دل مین پیدا ہونا کہ جسکے باعث سے کسی چیز کی
جست وجو مین سرگرمی کرنی پڑے اور ارادت ایک صفت ہی خاص جو بلا کیف بندہ کے اندر
پیدا ہوتی ہی اور اوسکے ساتھ بندہ جویاے خاص ہوتا ہی ارادت اصلی یہہ ہی کہ غرض و لوث سے
پاک ہووے اور سواے حصول رضاے حضرت الوہیت کی کوئی بات نہووے

تا بہشت و دوزخت در رہ بود	جان تو زین راز کے آگہ بود
چون برون آئی ازین ہر دو تمام	صبح این دولت برون آید ز شام

شریعت مین جیسی بے نیت ہر طاعت بے لطف ہی ایسے ہی طریقت مین ہر حالت ارادت
سے خالی بے مزہ ہی ارادت چند قسم پر ہی اوّل ارادت حصول دنیا یہہ آفت تمام اور
مرض مہلک ہی جسکی دل پر یہہ خیال غالب ہوتا ہی وہ سعادت سے محروم رہتا ہے

بلکہ لطف اور راحت جاودانی سے قطعی بے بہرہ بنتا ہی وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ
مَا يَشْتَهُوْنَ ان لوگون کی طرف اشارت ہی اور جس مرید کے دل مین التفات دنیا کی
جو ہوتی ہی اوسکی اصلاح و درستی دقت طلب ہی اور ہر موقع پر اوسکو ندامت و حسرت پیش آتی ہے

	این شہر و دیار و کوہ صحرا ہمہ ہیچ خود را بخدا گذار و بگذر ز ہمہ		دیدیم تمام زشت و زیبا ہمہ ہیچ این خواہشہای دین و دنیا ہمہ ہیچ	

جناب رسالت مآب صلعم فرماتے ہین مَنْ اَرَادَ الدُّنْيَا فَلَهُ الدُّنْيَا وَمَنْ اَرَادَ
الْعُقْبٰى فَلَهُ الْعُقْبٰى وَمَنْ اَرَادَ الْمَوْلٰى فَلَهُ الْمَوْلٰى طَالِبُ الدُّنْيَا مُخَنَّثٌ
وَطَالِبُ الْعُقْبٰى مُؤَنَّثٌ وَطَالِبُ الْمَوْلٰى مُذَكَّرٌ دوسری ارادت حصول
آخرت یعنی دنیا سے نفرت ہو اور آخرت کا طالب بنے اور درجات اخروی کو سعادت
ابدی سمجھے اور اس خیال سے ریاضات و مجاہدی اختیار کرے یہہ زہاد عباد کا شیوہ ہی
مِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ یہہ نہج ارادت اول سے
یہہ بہتر ہی ارادت اول والے مریدان طامع دنیا تھے اور دوسری منفی مریدان عقبیٰ ہی
تیسری ارادت حصول رضاے حق مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا جب مرید
کیفیت دنیا سے نافر ہووے اور درجات آخرت پر بس نکرے اور قانع نہووے اور طلب حق
مین کمر جہد باندھے اور مرد وار راہ طلب مین قدم رکھے اور رہبر مشفق کی پیروی مین چلے
بیشک وہ پاوے کہ جو حد و حساب سے خارج ہو حدیث اَلنَّاسُ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ
قِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ الْبَهَائِمَ قِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ الْمَلٰئِكَةَ قِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ
الْاَنْبِيَاءَ اَمَّا قِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ الْبَهَائِمَ فَهِمَّتُهُمُ الْاَكْلُ وَالشُّرْبُ
وَالنَّوْمُ وَالْمُبَاشَرَاتُ اَمَّا قِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ الْمَلٰئِكَةَ فَهِمَّتُهُمُ التَّسْبِيْحُ
وَالتَّهْلِيْلُ وَالصَّوْمُ وَالطَّوَافُ وَالْخَيْرَاتُ وَقِسْمٌ يَتَشَبَّهُوْنَ
الْاَنْبِيَاءَ فَهِمَّتُهُمُ الْمَحَبَّةُ وَالشَّوْقُ وَالْعِشْقُ وَالْمَعْرِفَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى جَلَّ جَلَالُهٗ

ہر دل کہ درد مہر و محبت نسرشت خواہ اہل سجادہ باش خواہ اہل کنشت
در دفتر عشق نام ہر کس کہ نوشت آزاد ز دوزخ ست فارغ ز بہشت

طفل کو دایہ بیمار کو طبیب تشنہ کو آب گرسنہ کو نان مرید کو پیر ضروری ہی بے پیر ہر طرح بے لطفی کا سامان ہی جیسے درخت بے آبیاری بالیدگی عمدہ نہیں پاتا اور اگر بالیدہ ہوا بے ثمر رہتا ہی اور اگر ثمر بھی لایا تو بدمزگی اوس مین ضرور ہوگی ایسے ہی بیمار جب تک طبیب سے معالجہ نکرائے اوّل تو شفا معلوم اور اگر شفا ہوئی بھی تو کوئی نکوئی دقت ضرور پیش آئے

بے پیر کے بلاغت اور ترقی مرید کی محالات سے **دوھرہ**

تن بھسم لگائی جٹا بڑھائی دودھا دہاری من جھگر گور کے بلہاری نمون ہماری جن بھوساگر پار کرے
بن کبسٹے کا یا کھوج نپایا جنم جنم کئی بار مرے بھون تیر تہہ سے گنگ ہو بن بت گور نہین کا جو سر کا

اگر کوئی شخص صرف کتاب ہی سے مضامین سلوک کا استفادہ چاہے ایسا ہی جیسے مردہ کے پاس مبیٹھنا اور مردہ سے حصول اور استفادہ معلوم **بیت**

حرف گو کاغذ سیاہ کند کے دل تیرہ را چو ماہ کند

حق ہی متعلم کو عالم امت کو پیغمبر مرید کو پیر صادق الزم ہی بے پیر کے کچھ حاصل نہیں ہوسکتا اگرچہ سعادت حصہ ازلی ہی اور کوئی پیر بے مشیت کے کچھ نہیں کر سکتا لیکن یہہ سنت بھی جاری ہی کہ بے پیر کچھ نہیں ہوسکتا اور جب تک طالب مرتبہ فنا کو نہیں پہونچتا تب تک پیر کی طالب کو حاجت ہوتی ہی بغیر فنا کے خواہشات وارادت وبشریت زائل نہیں ہوئی جب مرتبہ فنا اور بقا کو طالب پہونچا پھر غمسے آزادی ہی **فرد**

آن شد کہ بار منت ملاح بردمے گوہر چو دست داد بدریا چہ حاجت ست

کو بعد وصول فنا و بقا کی حاجت پیر نہیں ہتی لیکن رعایت ادب وتعظیم وتکریم وادائے حق نعمت ولی نعمتی وشکر گذاری پیر واجب لازم ہے **شعر**

حافظ مرید جام میست اے صبا برو از بندہ بندگی برسان شیخ جام را

فنا سے شناسائی و قرب حق حاصل ہوتا ہی فنا سے انواع انواع طرح کے اسرار اور علم حق کی طرف سے بذریعہ الہامات بغیر کسب تعلم اور فکر اور نظر کے منکشف ہوتے ہین فانی دریاے انوار ذات مین ایسا غرق ہوجاتا ہی کہ پھر تاریکی طبیعتون کی اوسکو کچھ نقصان نہین پہونچا سکتی نہ اوسکو زائل کر سکتی ہی بصورت فنا طبیعت اکل و شرب کی طرف وجود قائم رہنے تک مائل رہتی ہی

از پے پیوند او از خویشتن باید برید ‖ بے بریدن اینکہ کس ہرگز بدو پیوند نیست

سعادت ازلی کا ظہور بے اقتدا اور اتباع نہین ہوسکتا جن لوگون کی تقدیر مین راہ راست لکھا تھا اتباع شریعت اور اطاعت انبیا سے مومن مخلص بنے اور راہ تصوف او طریقت مین صحبت پیر سے فیضیاب ہوئے اور جو کوئی اتباع رسالت اور شریعت سے خلاف ہو گو کیسا ہی صاحب کمال ہو اوسکی صاحب کمالی آن واحد مین بدل جاتی ہی اور خسر الدنیا والاخرہ ہوجاتا ہی ہر قسم کا کمال اور قرب رسائی سب تصدق سرور کائنات ہی جسنے باتباع شریعت غرا سیدھا سیدھا راستہ اختیار کیا اور موافق سنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم راہ حق مین سرگرم رہا صاحب کمال ہوا اور قرب رسائی سب کچھ اوسنے پائی اور جو خلاف راہ رسول چلا ٹھوکر کھائی ؎

نقل ہی جب حضرت عبدالحق محدث دہلوی رحمت اللہ علیہ مدینہ منورہ مین حدیث ختم کر چکے حضرت سرور کائنات نے خواب مین ارشاد کیا کہ تم ہندوستان مین جاؤ اور علم حدیث کو شائع کرو تاکہ عام لوگ فیضیاب بہرہ در ہون مگر یہ بات ضرور یاد رکھنا کہ درویشان بے نوا و گوشہ نشینان باخدا سے ملنا اپنا طریقہ رکھنا خاکساران ہند قابل ملاقات ہین اونکی صحبت سرمایہ مفاد ہوگی شیخ عبدالحق صاحب نے عرض کیا یا فخر بنی آدم مجکو بے حضوری آستان ملائک آشیان کیونکر چین پڑیگا اور کسطرح میری اوقات فراق حضور مین بسر ہوگی ارشاد ہوا کہ مراقب ہوکر رات کو ہر روز بیٹھا کرنا اوسوقت حضوری نصیب ہوا کریگی الغرض ہندوستان کو شیخ عبدالحق چلدیے اور جسوقت جہاز سے اوترے جابجا فقرا سے ملنا شروع کیا ایک مقام پر پہونچے جو قریب بمبئی کے تھا لوگون سے دریافت کیا کہ یہان کوئی فقیر ہی کسی نے نشان دیا کہ فلان

ف نوسے برس ۷۳ دنیا اور کی وفات مین ۱۲۱۲

محلہ مین فلان طرف ایکدرویش باکمال رہتا ہے یہہ بکمال شوق ذوق اونکی خدمت مین پہونچے فقیر بھی دیکھتے ہی بولا کہ آبابا عبدالحق ہم تیرے مدت سے منتظر تھے آپ چپ بیٹھ گئے فقیر نے تھوڑی دیر کے بعد جام و صراحی شراب نکالی اور ایک ساغر پیا دوسرا پیالہ شیخ عبدالحق صاحب کو دینا چاہا یہہ پابند شریعت اور وابستہ سنت تھے انکار کیا اور بولے ہم تمھارے فعل پر اعتراض نہین کرتے مگر خود حرام سمجھتے ہین فقیر نے اصرار کرنا شروع کیا اونھون نے نمانا فقیر بولا بابا پچھتاوگے پی جاؤ یہہ نمانے اور چلدیے رات کو جب مراقب ہوے تو دیکھا کہ یہان دربار حضرت سرور کائنات ہی اوسکے قریب وہ فقیر عصا ہات مین لیے کھڑا ہی ہر چند شیخ جانے کا ارادہ کرتے ہین وہ دربار مین جانے نہین دیتا ناچار واپس ہوے صبح کو پھر اوس فقیر کے پاس گئے پھر اوسنے جام شراب پیش کیا پھر انھون نے انکار کیا اور فرمایا خدا و رسول کے خلاف تیری خاطر سے مین کبھی نکرونگا فقیر نے کہا پی لو ورنہ پشیمانی اوٹھاؤگے رات کو پھر وہی معاملہ پیش آیا پھر فقیر نے دربار شاہنشاہ دوجہان مین جانے ندیا تیسرے دن پھر فقیر سد راہ ہو گیا اور لٹھ لیکر حملہ آور ہوا کہ خبردار جو دربار کے جانیکا ارادہ کیا اوسیوقت بے ساختہ شیخ عبدالحق صاحب کی زبان سے نکلا یا رسول اللہ الغیاث اوسیوقت جناب سرور کائنات نے ایک صحابی سے متوجہ ہو کر فرمایا چار روز سے شیخ عبدالحق حاضر حضوری نہین ہوتا کیا سبب ہے اور باہر سے کوئی آواز دیتا ہی خبر لاؤ کون ہی وہین صحابی نے شیخ صاحب کو اور اوس فقیر کو دونو کو حاضر دربار کیا سرور کائنات نے سب قصہ سنکر فرمایا اُخرج یا کلب صبح کو شیخ صاحب پھر فقیر کے حجرہ پر گئے حجرہ بند پایا اور دو چار مرید معتقد دروازہ پر منتظر بیٹھے پاے پوچھا کہ آج شاہ صاحب کیون نہین نکلے سب نے کہا معلوم نہین کیا سبب ہے تب شیخ صاحب نے فرمایا کہ اوس حجرہ مین سے کوئی جانور بھی نکلا ہی یا نہین سب نے کہا کہ ہان ایک کتا تو نکلکر گیا ہی شیخ صاحب نے فرمایا بس حجرہ کھولو اور دیکھو کہ آج فقیر ندارد ہی وہ کتا ہی آپکے فقیر صاحب تھے شرابنوشی کی بدولت یہ نتیجہ اونھون نے پایا اور یہ معاملہ ہمسے گزر اب جا ہوا اونکی

کنڈی پر بیٹھے رہو چاہے اور کسی سے بیعت کر لو خلاف شریعت اور خلاف سنت نبوی ہونیکا یہہ نتیجہ ہی طالب راہ خدا کو متبع شریعت غرا ہونا نہایت ضروری ہی بغیر اتباع شریعت کے اس راہ مین چلنا اور منزل مقصود کو پہونچنا بسا دشوار ہے ؎

محال ست سعدی کہ راہِ صفا	توان رفت جز در پے مصطفےٰ
اے پسر مگذار راہ شرع را	اصل یابی گر بگیری فرع را
از شریعت گر نہی بیرون قدم	در ضلالت اوفتی از رنج و غم
ہر کہ در راہ ضلالت مے رود	از جہالت در بطالت مے رود

خدا تعالی فرماتا ہی قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ اتباع کے خلاف ہونا بہت برا ہے

ہزار بار توان کرد با خدا شوخی	ولیک دم نزند پیش مصطفےٰ گستاخ

غیرت مقتضی اسبات کی نہین ہی کہ اوسکے محبوب کی شان مین کوی گستاخی کرے اور اوسکو کچھ سزا نہ ملے مصرعہ با خدا دیوانہ و با مصطفےٰ ہشیار باش ؎

اگر خوشنودی محمود خواہی	ایاز خاص را چاکر ہمی باش

نقل حضرت امام جعفر صادق کے زمانہ مین ایک فقیر دیوانہ آیا اور اوسنے یہہ مشہور کیا کہ جو کوی عورت میرے عضو تناسل کو پوجیگی اوسکے اولاد ہوگی بعض عورات جو اولاد کی زیادہ شایق اور آرزومند تھین پرستش کرنے لگین امام صاحب کو جب اسکی خبر ہوی آپنے اوسکو شہر سے باہر نکلوا دیا رات کو خواب مین جناب سرور کائنات نے امام صاحب سے فرمایا کہ مہمان کی خاطر کرنے چاہیئے تھی آپنے فقیر کو شہر سے نکال دیا دوسری سال وہ فقیر پھر آیا اور اوسی طرح اوسنے پیشاب گاہ کی پرستش کا اشتہار دیا پھر امام صاحب نے شہر سے اوسکو نکلوا دیا پھر رات کو خواب مین اسی طرح پیغمبر خدا نے فرمایا کہ مہمان کی خاطر کرنی چاہیئے آپ خاموش ہو رہے تیسری سال پھر وہ فقیر آیا اور پھر اوسنے پرستش کا اشتہار دیا اور امام صاحب نے پھر

ف ای محمد کہدے انکو کہ اگر تم دوست رکھتے ہو خدا تعالی کو تو پیروی کرو میری تا کہ دوست رکھے تم کو خدا ۱۲

اوسکو نکال دیا اور پھر خواب مین سرور کائنات نے اوسی طرح فرمایا جس طرح آگے فرمایا تھا تب امام صاحب نے عرض کیا کہ یہہ فعل اس فقیر کا خلاف شریعت ہی اسلیے اسکو نکال نکال دیا ہے اور قلم دوات جناب رسالت مآب کے آگے رکھکر عرض کیا کہ احکام شرعی آپ کی جاری فرمائی ہوئی ہین اگر آپکو یہہ فعل خلاف شرع فقیر کا پسند ہی تو احکام شریعت کو منسوخ فرما دیجیے تب رسول مقبول نے فرمایا کہ آفرین شریعت پر ایسا ہی مستقل اور پابند رہنا چاہیے جیسے تم ہو

فقط خداے پاک دنیا دار پیر سے بھی بچاوے نظم

اہل دنیا نتواند بعقبی پرداخت	غیر مردار شکارے نبود کرگس را
دنیا مطلوب طالب دین نشود	شیداے آن شیفتۂ این نشود
دنیا ہیچ ست وکار دنیا ہمہ ہیچ	ای ہیچ زبہر ہیچ بر ہیچ مپیچ

نقل ایک پیرزادہ کے مرید نے عرض کیا کہ مینے خواب مین یہہ دیکھا ہی آپ کا ہاتھ تو شہد سے بھرا ہوا ہی اور میرا ہاتھ نجاست سے آلودہ ہی پیر جی صاحب نے بہت خوش ہوکر فرمایا کہ یہہ بات درست ہی کیونکہ ہم فقیر اور تو دنیا دار دنیا بمنزلہ نجاست ہی اور فقیری بمنزلہ شہد

دنیا پرست حسرت جاوید مے برد	درخاک ماندہ از دل قارون دفینہا
ہر کہ ہست از فقیر و پیر و مرید	وز زبان آوران پاک نفس
چون بدنیاے دون فرود آیند	بعسل در بماند ہمچون مگس

مرید نے عرض کیا کہ ابھی خواب باقیماندہ سنیے آگے یہہ دیکھا کہ مین تو آپ کا ہاتھ چاٹ رہا ہون اور آپ میرا ہاتھ چاٹتے ہین اسکو سنکر پیر جی صاحب خفا ہونے لگے

مرید نے عرض کیا کہ یہہ ناراض ہونے کی بات نہین ہے نظم

زہد و تقوی نیست الا بہر خلق	صوفی گوی دپوشی کہنہ دلق
شانہ و مسواک و تسبیح و ریا	جبہ و دستار و قلب بے صفا
پیش و پس کردی مریدنا خلف	چون خرابلہ پے آب و علف

دام اندازی براے مرد و زن ‌ ‌ ‌ ‌ خویش را گوی منم شیخ زمن
مکر و تلبیس و ریاکاری بود ‌ ‌ ‌ ‌ هر نفس شیطان ترا یاری بود
بر مصلی چون نشینی قبله رو ‌ ‌ ‌ ‌ چشم پوشی دل بود جاے گرد
خادمان گویند آن شیخ زمان ‌ ‌ ‌ ‌ چشم پوشیدست از خلق جهان
شیخ مالاهوت باشد منزلش ‌ ‌ ‌ ‌ شد فنا ذات بقا شد حاصلش
آن خوشامد گوے چندین ابلهان ‌ ‌ ‌ ‌ ره زنانند ره زنانند ره زنان
صوفی گوی نداری سینه صاف ‌ ‌ ‌ ‌ از کرامت هاے خود شیخا ملاف
شیخ میگوی و تسبیحے بدست ‌ ‌ ‌ ‌ صد بتے داری نهان ای بت پرست

راہ حق کی تلقین ہر بوالہوس کا کام نہین ہر دین کے پیرایہ مین دنیا کا کمانا دارین مین اپنا مونھ کالا کرنا ہے

تا نگردی طالبان را دستگیر ‌ ‌ ‌ ‌ طالبان هرگز نگیرند دست پیر
ولا تا نیاری بزرگی بدست ‌ ‌ ‌ ‌ بجاے بزرگان نباید نشست
تکیه بر جاے بزرگان نتوان زد بگزاف ‌ ‌ ‌ ‌ مگر اسباب بزرگی همه آماده کنی

جیسے دنیاداروں مین چار کمین ہوتے ہین نائی دھوبی سقا بھنگی ایسے ہی پیر دنیا پرست بھی ایک پانچوان کمین ہوتا ہے جو ظاہر اپنا بشاہ پیران طریقت آراستہ اور پیراستہ رکھتا ہے اور باطن مکر و زور سے بھرا ہوتا ہے اشعار

ظاهرت چون گور کافر پر حلل ‌ ‌ ‌ ‌ و اندرون قهر خدا عز و جل
از برون طعنه زنی بر بایزید ‌ ‌ ‌ ‌ وز درونت ننگ میدارد یزید
در مخالف شد درونت با برون ‌ ‌ ‌ ‌ رفته باشی در جهنم سر نگون

پچھلے زمانہ مین طالبان راہ حق کا یہہ طریقہ تھا کہ اول علم دینی فقہ حدیث تفسیر تحصیل کرتے تھے بعد تحصیل علم ظاہری کی تحصیل علم باطنی کے لیے سالہاے دراز تک مجاہدہ اور

ریاضت مین مصروف رہتے تھے پھر بھی اپنے آپ کو ناکام تصور فرماتے تھے اور ہمیشہ کف افسوس ملتے رہتے تھے کہ ساری عمر ہماری خواب غفلت مین گذری اور ہمسے کچھ نہوا۔

افسوس کہ عمر رفت و ہشیاری نیست	دردا کہ امید خویشتن داری نیست
اے ذوق کبھی تو نہ خوش اوقات ہوا	ایک دم نہ ترا صرف مناجات ہوا
تھا جبکہ جوان تھا جوان بدمست	جب پیر ہوا پیر خرابات ہوا

اب یہہ حال ہی کہ علم باطن تو کجا علم ظاہر بھی نہین سیکھتے دو چار نقلین جھوٹی سچی بزرگون کی یاد کرلین اور پیرن بیٹھے

جاہل بر و مرشد بے معرفت چہ فیض	کورے کجا عصا کش کور دگر شود
پندے دہمت اگر بنداری گوش	از بہر خدا جامۂ تزویر مپوش
عقبی ہمہ در ہست دد دنیا یکدم	از بہر دمے ملک ابد را مفروش

ایک جاہل مریدنے اپنے جاہل پیر سے دریافت کیا حضرت اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کے معنی کیا ہین اوسکو خلوت مین لیجاکر سمجھایا اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ اللہ میان کے یہان ایک بلا تھا مَلٰٓئِکَتِہٖ ملائی کھا جاتا تھا وَکُتُبِہٖ اوسکے پیچھے کتے لگا دیے وَرُسُلِہٖ اور رسّی سے اوسکو باندھ دیا وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اور اوسپر قیامت ہوگئی وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی اور اپنے کیے کی سزا پاگیا یہہ بڑے اسرار کی بات ہی خبردار کسی مولوی کے سامنے بیان نہ کرنا ورنہ منصور کی طرح پھانسی پاویگا مولف ایسی پیری مریدی سے خدا پناہ مین رکھے مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ ؎

ای بسا ابلیس آدم روے ہست	پس بہر دستے نباید داد دست

نقل ہی ایک شخص اپنے آپ کو صوفی باکمال جانتے تھے پیر جی کہلاتے تھے رنگین کپڑے سر پر عمامہ ہاتھ مین تسبیح رکھتے تھے مگر علم باطن سے بالکل بے بہرہ تھے مریدون سے نذرانہ شش ماہی سالانہ مقرر کر رکھا تھا اور ہر قسم کی کار خدمت خانہ داری کے اونسے کراتے تھے

ایکدن ایک مرید سے ذراسی بات پر خفا ہوکر کہدیا کہ جا تجھے ہمنے چودہ خانوادون سے خارج کردیا مرید نہایت مغموم اور پریشان خاطر ہوکر قبلہ و کعبہ کی خدمت مین حاضر ہوا آپنے پوچھا کہ آج تم اوداس کیون ہو اوسنے عرض کیا کہ پیر جی نے خفا ہوکر چودہ خانوادون سے نکالدیا آپنے فرمایا کہ تم پیر جی سے جاکر یہہ کہو کہ جب مین داخل تھا تب مجھے کیا فائدہ تھا اور جب مین خارج ہوگیا تو کیا نقصان ہوا پھر ہم پندرھوین خانوادہ مین تمکو داخل کرلینگے جسوقت مرید نے پیر جی سے جاکر یہہ بات کہی پیر جی سنتے ہی چونکنے ہوے اور سمجھ گئے کہ اسکو اسبات کی کہنے کی عقل اور سمجھ نہین ہے ضرور حضرت نے اسکو سمجھائی ہے پیر جی آپکی خدمت مین حاضر ہوے اور کہنے لگے کہ اگر اس طرحکی باتین مریدون کو اپ سمجھاوینگے تو میرے سب مرید منحرف ہوجاوینگے آمدنی کی صورت بند ہوجاویگی آپنے فرمایا کہ پیر جی غور کرو جب تم فیض فائدہ باطنی پہونچانی اور تعلیم تلقین کرنیکی لیاقت نہین رکھتے اور تمھارے مریدی سے نہ دین کا فائدہ ہے نہ دنیا کا اور مرید تمھاری ہر طرح خدمت اور اطاعت کرتے ہین تم جو ذراسی بات پر ناراض ہوکر انکو دہمکاتے ہو یہہ آدمیت سے بعید ہے مولانائے جامی قدس سرہٗ

اشعار

حذر از صوفیان شہر و دیار
ہمہ نامردمند و مردم خوار

ہرچہ دادی بدست شان خوردند
ہرچہ آمد ز دست شان کردند

کار شان غیر خواب و خوردن نے
ہیچ شان فکر روز مردن نے

ذکر شان صرف بہر نقد و اس
فکر شان صرف در وجود معاش

ہر یکے کردہ منزلے دیگر
نام آن خانقاہ یا لنگر

بہر نیل امانی و شہوات
کردہ میل ادائی وادوات

فرشہائے لطیف افگندہ
غرفہائے نگون پراگندہ

این نہ صوفی گری نہ آزادی ست
بلکہ کیدی گری و قوادی ست

نقل حسن بافندہ درویش کامل مشہور تھا اکثر مردمان بخارا و سمرقند اوسکے معتقد تھے اور

اوسکو صاحب کشف اور کرامت جانتے تھے ایک کرامت اوسکی یہہ تھی کہ جو باتین پوشیدہ باہم
کرتے تھے جسوقت اوسکے سامنے آتی تھے وہ مشرح اونکو بیان کردیتا تھا اور دوسری کرامت
اوسکی یہہ مشہور تھی کہ ایک مکان بند مین چالیس دانہ مویز کے اور قدرے آب لیکر چالیس روز تک
اوسکے اندر رہتا تھا اور پھر بدستور مویز لیکر باہر نکلتا تھا سید کمال الدین حسین خوازمی رحمت
اللہ علیہ جو کامل بزرگ تھے خوازم سے بخارا مین معہ اپنے خلفا اور مریدون کے تشریف لائے
خلفا آپ کے جو متوجہ اور تجسس اوسکے حال کے ہوئے تو اونکو یہہ معلوم ہوا کہ یہہ اہل باطن نہین ہے
جن اسکے تابع ہین انکے ذریعہ سے حالات معلوم کرلیتا ہی بعد دریافت حال مذکورہ کے خادمان جناب
ممدوح نے اوسکو سمجھایا کہ تو جو چلہ کشی جنون کے تابع کرنیکو جو دشمن انسان ہین کرتا ہی اور لوگون کو
معتقد بناتا ہی محض اپنی عمر کو ضائع کرتا ہی یہہ کچھ فقیری نہین ہی اور نہ یہہ راہ حصول دولت فقر کا ہی
ان افعال کو چھوڑدے اور اگر راہ خدا تعالی سیکھنا ہی ہماری پیر و مرشد کی خدمت مین جاکر
توبہ کر اور خدا تعالی کی راہ سیکھ یہہ کہنا اون کا اوسکے دل مین اثر کرگیا اور جس جگہہ سید صاحب مقیم
تھے وہان کو چلا اثنا راہ مین جن اور شیاطین جو اوسکے تابع تھے اوسپر حملہ آور ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم
تجکو مار ڈالینگے بخوف جان گھبرا کر دوڑا اور آپ کی خدمت مین پہونچا اور قدمون پر سر رکھکر
یہہ کہا کہ ایک مدت سے جن میرے تابع ہین اور مین اونکے ذریعہ سے حالات غائبانہ دریافت کرکے بیان
کردیتا ہون چلہ مین چالیس دانہ مویز کے اور قدرے پانی لیکر بیٹھتا ہون جس قسم کا طعام مین چاہتا
ہون یہہ مجھے لاکر کھلادیتے ہین اور مویز کے دانے بدستور رہتے ہین اس حال کو دیکھکر صدہا آدمی میرے
معتقد ہین اور یہہ جن مجھسے کہتے تھے کہ ارواح انبیا اور اولیا ہین مجھے تمیز نہ تھی یہہ جن ہین یا ارواح
ہین اور جس بزرگ یا مشایخ سے مین ملا اوسپر اس جماعت کی ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ وہ خود دخائف
ہوگیا کسی کی سمجھ مین نہ آیا از راہ باطن معلوم ہوا کہ یہہ جن ہین اب آپکے خادمون سے ملاقات ہوئی
اونھون نے مجھے بتلایا کہ یہہ جن ہین آپکے خادم اہل اللہ ہین اونکی نصیحت سنکر مین آپ کی خدمت مین حاضر
ہونے لگا جن میرے ہلاک کرنے پر آمادہ ہین اونکے خوف سے بھاگ کر حاضر ہوا ہون فرمایا کچھ اندیشہ نکر

تو حصن ولایت مین آگیا ہی جن اور شیاطین کو حصن نبوت اور ولایت مین دخل نہین ہے ایک عصا
اوسکو اپنی دی کہ کوئی جن یا شیطان حملہ کرے تو اوسکے یہہ عصا مار اور جسوقت عصا اوسکو دی
تو اوسنے دیکھا کہ ہزار وجود آپ جیسے ہین اور ہر ایک کے ہاتھ مین ایک عصا ہی اور جنون کو
مارتے ہین **نقل** شہر لاہور مین ایک شخص صاحب کرامت مشہور تھا اوسکی بڑی کرامت یہہ مشہور تھی
کہ مردہ کو زندہ کرتا ہی ہزارون آدمی اوسکے معتقد اور مرید تھے ایک بزرگ کامل اہل باطن اوس
زمانہ مین لاہور مین رونق افروز تھے ایک روز اونکی خدمت مین یہ کرامتی گیا اور عرض کیا کہ آپ کچھ
اپنا کمال دکھائے اونھون نے فرمایا کہ مین غریب فقیر ہون کیا دکھلاؤن ا وسنے کہا کہ آپ
کچھ نہین دکھلا سکتے تو میرا کمال دیکھو اونکو اپنے ہمراہ قبرستان مین لیگیا اور ایک قبر پر کھڑے ہو کر
کہا یٰسٓ قبر کے اندر سے آواز آئی والقرآن الحکیم اسبات کو سنکر بزرگ نے قبر کی طرف اشارہ کرکے
فرمایا کہ جو کچھ قبر کے اندر ہی باہر آجاوے معًا ایک طفل نوعمر اوسکے اندر سے نکلا بزرگ نے پوچھا
تو کون ہی اوسنے کہا کہ مین جن ہون مجھے اسنے مدت سے تابع کر رکھا ہی جس طرح یہ کہلواتا ہی
مین قبر کے اندر گھسکر کہدیتا ہون بزرگ نے اوسکو فرمایا ہمنے تجھے آزاد کیا تو چلا جا وہ چلا گیا
اور قبرستان کی طرف بزرگ نے متوجہ ہو کر فرمایا کہ یٰسٓ تب تمام قبرونکے اندر سے آواز آئی کہ
والقرآن الحکیم اس تصرف اور کمال کو بزرگ کے دیکھکر قدمون پر گر پڑا اور اپنی خطا اور قصور کا معترف
ہو کر تائب ہوا **نقل** لکھنؤ مین ایک بزرگ تھے اور اونکی یہہ بات مشہور تھی کہ بروقت بیعت کے جسکو
وہ شربت کا پیالہ پلاتے فورًا ایک بیخودی اور بیہوشی اوسپر طاری ہوجاتی ہم بھی وہان
گئے اور موقع اور وقت دور شربت کا آیا اور ہمکو بھی پلانا چاہا ہمنے نہ پیا اور کہدیا کہ ہمکو نزلہ کا
خلل ہی مزاج کو موافق نہین ہی جب اون فقیر صاحب کے رازدار سے اصل حال شربت کا دریافت
کیا اوسنے کہا خوب ہوا جو آپنے نہ پیا اس مین بھنگ ملی ہوئی ہوتی ہے اوسکا اثر ہوتا ہے
پینے والا بیہوش ہوجاتا ہی اسکا نام توجہ اور فیضان صحبت کا اثر کہلاتا ہی اور شربت
مین بھنگ پلانے کا نام کمال فقیری اور ورود حالات محویت اور بیخودی رکھ چھوڑا ہی

این دغل بهر معیشت کردن ست	هیچ جاهل نی پشیمان بودن ست
دام تزویرے برائے عامه دان	کاملان راسکے بود بازی ازان
پیر گشتی صد هوس داری بدل	جاهلی چون خر فرو مانی بگل
گر نداری همت مردان دین	چون زنان رو در پس پرده نشین
ای مخنث نے تو مردی نے تو زن	مثل شیطان راه مردان را مزن
دست ناقص دست شیطان ست و دیو	زانکه اندر دام تکلیف ست و ریو

نقل ایک شخص نے اپنے آپ کو پیر طریقت اور رہ نمائے کامل مشہور کر رکھا تھا باوجودیکہ علم باطن کا جاہل مطلق تھا مگر مخلوق خداتعالی کو اپنی طرف رجوع کرنے پر غش تھا اور بہت سے نادان اوس سے مرید ہو چکے تھے اون کے باعث شہرت ہو گئی تھی پیران نمی پرند و مریدان مے پرانند والا معاملہ تھا اتفاقاً ایک طالب صادق آیا اور اوس نے کہا کہ مین آپ کی تعریف سنکر دور سے آیا ہون مجھے تعلیم فرمائیے پیر کور باطن نے اس بات کو سنکر کہا کہ تم پہلے اپنی ریش بروت منڈوا کر اور اپنا مونھ کالا کر کے ایک گدھے پر سوار ہو کر بازار مین پھرو تب تمکو تعلیم کرون کا طالب سچا اور پکا تھا بے تامل چار ابرو کا صفایا کر کے گدھے پر سوار ہو کر خوب بازار مین پھرا اور پھر کر جب آیا تو کہا کہ جو کام میرے کرنے کا تھا وہ تو مین کر چکا اب آپ اپنے کرنے کا کام کیجیے پیر جی صاحب اس بات کو سنکر سٹ پٹا کے اور بغلین جھانکنے لگے ہمکو یہہ حرکت ناشایستہ دیکھکر غصہ آیا ہمنے کہا کہ اگر تم قدرت و طاقت فیض رسانی کی نہین رکھتے تھے تو اسکا مونھ کالا کیون کرایا تھا بڑی حماقت اور نادانی کی بات تھی کہ کوئی نامرد ہو کر مردی اور جاہل ہو کر عالم ہونیکا دعوا کرے کم فہم ناقص العقلون کا مرید کرنا جسکو بھیڑ مونڈنا کہتے ہین بہت آسان ہی کیونکہ جیسے پیر نادان فقر و فقر سے محض ناواقف ہوتا ہی ویسے ہی مرید بھی نہین جانتا کہ مقصود پیری مریدی سے کیا ہی جو لوگ بغیر حصول کمالات اور لیاقت باطنی کے مرید کرتے ہین وہ آپ بھی خراب ہوتے ہین اور اورون کو بھی خراب و گمراہ کرتے ہین اس قسم کی پیری مریدی محض لغو ہی **بیت**

شہد مین جیسے مگس ہم حرص کے پابند ہین	وای غفلت اس سیہ زندان مین کیا خورسند ہین

نقل ایک مرتبہ ہمکو باہری مین ایک درویش ملے کہ اپنے آپ کو خدا کہتے تھے میر اعظم علیشاہ صاحب کو اوسکے دعوی الوہیت سے نفرت ہوئی فرمانے لگے کفر ہی ہمنے اوس فقیر سے کہا کہ ہم مدت سے آپ کی تلاش اور جست وجو مین جنگل جنگل بیابان بیابان پریشان پھرے ہر ملک اور ہر دیار مین آپ کا سراغ لگایا کہین نشان نملا آئے کھانا تو کہا لیجیے اتفاقاً جنی کی روکھی روٹیان اوس وقت موجود تھین وہی پیش کین انھون نے نا رضی سے کھائین کہنے لگے کہ خوب صاحب خوب کھانا کھلایا ہمنے عرض کیا کہ آپ رزاق ہین جیسا آپنے ہمکو دیا تھا وہی ہمنے آپ کی نذر کیا خاموش ہورہے پھر ایک آیت سورہ نور کے ہمنے اونسے معنی دریافت کیے وہ بولے کہ ہم جاہل ہین تفسیر قران کیا جانین ہمنے کہا سبحان اللہ آپ خدا ہین اور اپنے کلام کے معنی نہین جانتے یہ کیا دعوی خدائی ہی کیا کہنے کو ہی خدا ہو وہ فقیر نہایت شرمایا اور اوسنے توبہ کی کہ پھر کبھی زبان سے یہہ بات نہ نکلے گی ایسے مدعیون سے مریدون کو کوئی نفع اور مفاد نہین ہلسکتا جو کامل ہین اونسے سوائے انکسار کے کچھ بیان نہین ہوتا اونکا قال اونکے حال کے موافق ہوتا ہے بیت

این مدعیان در طلبش بے خبرانند	ان راکہ خبر شد خبرش باز نیامد

ابلیس باوجودیکہ راندۂ درگاہ الٰہی ہی اور اوسکو قدرت تصرفات بھی بہت کچھ حاصل ہے مگر خدائی کا دعوی اوسنے بھی کبھی نہین کیا نقل جب فرعون نے خدائی کا دعوا کیا ابلیس نے فرعون سے کہا کہ خدا کو پیغمبر بھی چاہیے مجھے تم اپنا پیغمبر بنالو فرعون نے منظور کرلیا ایکدن بباعث خشک سالی کے مخلوق نے فرعون سے بارش کی التجا کی فرعون نے ابلیس سے کہا ابلیس نے اپنی ذریات کو حکم دیا کہ پیشاب کرنا شروع کرو جب ابلیس کی ذریات نے ہر طرف پیشاب کیا تو بدبو پھیلی اور زراعت خراب ہونے لگی لوگون نے فرعون سے شکایت کی کہ یہہ کیسا مینھ برسا ہی باقیماندہ زراعت بھی تلف ہونے لگی فرعون نے ابلیس کو بلاکر تدبیر پوچھی ابلیس نے کہا جیسے تم خدا ویسا ہی مین تمھارا پیغمبر ہون اور ویسی ہی

بارش ہی شعر

وزیرے چنین شہر یارے چنان	جہان چون نگیرد قرار چنان

پھر ابلیس نے فرعون سے کہا کہ تم کیسے خدا ہو تم سے کچھ نہین ہو سکتا اور مجھسے خدائی کا کام لینا چاہیتے ہو پھر ابلیس ایک انار درخت مین سے توڑ لایا اور اوسکے ٹکڑے کرکے فرعون کے آگے رکھے کہ تم خدا بن رہے ہو اس انار کو جیسا تھا ویسا تو کرکے درخت مین لگا دو فرعون خاموش ہوا شیطان نے اوسکو جوڑ کر درخت مین لگا دیا اور فرعون سے کہا غور کرو مجکو قدرت لمات تصرفات کی کیسی ہی لیکن دعوی خدائی نہین کرتا جن بزرگون سے غلبہ ورود حال مین انا الحق یا سبحانی ما اعظم شانی صادر ہوا اونپر کیسے کیسے قصے پیش آئے واہ واہ جو محض مقلد او راہل قال ہین خدائی تو درکنار انسان کامل ہونا ہی دشوار ہی خدا تعالی اگر طالب کو سمجھ کامل دے تو انسان کامل ہونیکی التجا کرے ایک دفعہ منشی فضل رسول صاحب نے خواب مین دیکھا کہ مین انا ربکم الاعلی کہہ رہا ہون ہمکو خواب سنایا ہمنے کہا فنا ہونا چاہیے بعد فنا کے جو کچھ ہو گا ظاہر ہو گا اشعار

ثمے باشد مخالف قول و فعل راستان باہم	کہ رفتار قلم باشد زرفتار قلم پیدا
خوش آن سالک کہ گیرد پیش راہ بی نشانی را	رود برآب تا نبود از و نقش قدم پیدا
نقد صوفی نہ ہمہ صافی بی غش باشد	اے بسا خرقہ کہ مستوجب آتش باشد

موضع چکوری ضلع گجرات ملک پنجاب مین ایک مجذوب جنگو شاہ رہتے تھے واقع مین بڑے باکمال تھے رات دن گرمی جاڑا برسات مین میدان مین رہتے تھے کوئی درخت یا مکان سر پر نہ تھا ایک دفعہ ہمارے اشارہ سے یعقوب خان اونکی خدمت مین گئے جسوقت یعقوب خان پہونچے تو وہ بڑبڑانے لگے کہ تو تو خود خدا بنا ہوا ہی یعقوب خان نے کہا مجھے کچھ خبر نہین ہی کون ہون پھر فرمایا جنھون نے بھیجا ہی اونکی ہی خدمت مین جاؤ یعقوب خان نے آکر حال سنایا ہمنے کہا تمنے جواب معقول ندیا تمکو کہنا چاہیے تھا کہ

مین خدا اور رسول ہونا نہین چاہتا انسان کامل ہونا چاہتا ہون **نقل** ایک بار کسی بزرگ نے قلندر صاحب رح کے پاس یہہ رباعی لکھ کر بھیجی **رباعی**

اے راد بر خلق مرا راہ نما	در مشکل این بیت جوابم فرما
گویند خدا بود و فلک ہیچ نبود	گر ہیچ نبود ست کجا بود خدا

قلندر صاحب رح نے اوسکے جواب مین یہہ رباعی لکھ کر بھیجی **رباعی**

در ملت و مذہب خبرے نیست مرا	میدان بہ یقین کہ لامکان ست خدا
خواہی کہ ترا کشف شود این معنی	جان در تن خود بین کہ کجا دارد جا

ایضاً ایک شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہ سے سوال کیا کہ آپنے ذات بحت کو کیسے پہچانا فرمایا عرفت ربی بفسخ العزایم ایک روز ارشاد ہوا مرید کو مطیع پیر ہونا چاہیے اور پیر کو نگران مرید رہنا کمال کی بات ہی **نقل** ایک روز ایک مرید نے اپنے پیر سے پوچھا کہ مرید کا حق کیا ہی اور پیر کا حق کیا ہی اوس بزرگ نے فرمایا کہ دو چار دن مین بتا دینگے ایک روز حکم دیا کہ تم اس طرف کو جلد چلے جاو مرید اوسیوقت اجازت شیخ کا اتباع سرمایہ سعادت سمجھ کر بلا دریافت وجہ و سبب چلدیا **نظم**

چون گرفتی پیر ہین تسلیم شو	ہمچو موسے زیر حکم خضر رو
در مذہب طریقت خامی نشان کفر ست	آری طریق رندان چالاکی ست و چستی

چلتے چلتے ایک شہر مین پہونچا وہان اتفاقاً ایک امیر سے ملاقی ہوا امیر نے پوچھا میان مسافر کہان سے آتے ہو کہان کا ارادہ ہی عرض کیا حضرت فلان شہر سے آتا ہون اور جہانکو جاتا ہون اوسکا مجلو نشان و سراغ معلوم نہین میرے شیخ نے حکم دیا ہی کہ ادہر کو چلا جا بس مجھے چلنے سے کام ہی اس سے مطلب نہین کہ کہان جاتا ہون اور کہان بھیجا ہی جو کچھ عالم غیب سے ظہور پذیر ہوگا اوسکو سمجھ لونگا کہ اسی مقام سے شیخ کی بھیجنے کی مراد تہی وہ امیر ہنسا اور بولا کہ ہم بھی اوس بزرگ کے مرید ہین اور تمہارا بھیجنا فقط ہمسے ملانیکی غرض سے ہی آؤ ٹہیرو چند روز کے بعد ہم تمکو واپس بھیجینگے

چو بے پرسیدن انسو بہر درین رہ رفتنت مشکل	کہ دیوانند بس اینجا نگہ بر شکل انسانی

ایک عرصہ تک امیر نے ٹھہرایا خاطر و مدارات سے پیش آیا اور ایک ہزار روپیہ چلتے وقت دیکر
رخصت کیا اور کہا اب جاؤ شیخ سے ملو یہہ مرید چلدیا اور راہ مین ایک شہر مین وارد ہوا وہان ایک
جمیلہ حسینہ عورت سے اسکی آنکھ لڑگئی فریفتہ ہوگیا یہان تک کہ نوبت رسم اتحاد پہونچی سب روپیہ
اوسکی نذر کیا جب مادہ فعل بد ہوا غیب سے ایک طمانچہ چہرہ پر لگا پھر ارادہ کیا پھر طمانچہ لگا اسیطرح
کئی بار ہوا عورت عاقلہ تھی پوچھنے لگی خیر تو ہی یہہ کیا معاملہ ہی تم کون ہو کہان سے آئے ہو یہہ
غیبی طمانچہ کیسا ہی اسنے کہا مین فلان شہر کا رہنے والا ہون فلان بزرگ کا مرید ہون اسطرح
آیا تھا اور اس سامان سے جاتا تھا شاید یہہ طمانچہ تنبیہ غیبی ہے کہ مجکو فعل شنیع سے
بچاتا ہی عورت نے کہا مین سمجھی تمھارا پیر بردست ہی وہ نہین چاہتا کہ میرا مرید آلودہ معاصی ہو چلو
مینے بھی توبہ کی اور یہہ پیشہ چھوڑا مین بھی اونھین سے بیعت کرونگی اور بحکم خدا و رسول افعال بد سے
توبہ کرکے تمسے نکاح کرونگی دونو چلدیئے اور شیخ کی خدمت مین پہونچے عورت مرید ہوی اور
اوسکے نکاح مین موافق شریعت اطہر داخل ہوئی نظم

نور بخش یقین و تلقین اوست	ہم جہان بان و ہم جہان بین اوست
ہر کہ آمد بدو گوش آورد	خود نیامد کہ لطف اوش آورد
ہم از و دان کہ جان سجود کند	کا بر ہم ز آفتاب جود کند

تب شیخ نے مرید سے کہا کہو سمجھ گئے کہ مرید کا حق کیا ہوتا ہی اور پیر کا حق کیا ہوتا ہی اوسنے کہا
مین نہین سمجھا فرمایا مرید کا حق یہہ تھا کہ تو نے کچھ چون و چرا نکی اور ہمارے کہنے سے بلا تامل
سفر اختیار کیا اور پیری کا حق یہہ تھا کہ تجکو وسوسہ شیطانی آفت سے جسطرح ہوسکا باز رکھا جو
شیخ کامل ہوگا اپنے مرید صادق کا ہر طرح نگران حال اور غمخوار رہوگا اور جو مرید واثق ہوگا او
ارشاد شیخ مین کسی طرحکا تامل و چون و چرا نہوگا ہان شیخ متبع شریعت اور رہنماے طریقت و حقیقت
و داناے رموز معرفت ہونا چاہیے یہہ نہین کہ فقط مدعی ہو اور طالبان راہ حق کو خواہ مخواہ

پریشانی مین ڈارے نظم

علم تحقیق از دلِ آگاہ گیر	شارعِ شرعِ رسول اللہ گیر
سروری باید ترا گردن متاب	ذرہ شو تا بہرہ یابی ز آفتاب
بندہ شو آزادۂ این راہ را	تا بیابی قرب این درگاہ را
در طریقت رہ بردانا گزین	زانکہ رہ دورست و رہ زن در کمین
رہبری باید بمعنی سر بلند	از شریعت در طریقت بہرہ مند
اصل و فرع جزو کل آموختہ	شمع فعل از نور علم افروختہ
ظاہرش از علم کسبی با صفا	باطنش مرات دار مصطفٰے
پیر دریا و مریدان خس بود	مرد عاقل را اشارت بس بود
خود مرید راہ مرد معنوی	ہمچو درست و صدف گر بشنوی
ہر کہ را دست عنایت بر گرفت	روز اول دامن رہبر گرفت

نقل ایکدفعہ سلطان علاء الدین نے کچھ نذر حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر رحمت اللہ علیہ کی خدمت مین بھیجنی چاہی امراے سلطانی مین ہیبت و عظمت کا ایسا خیال تھا کوی جانیکو امادہ نہوا آخر امیر خسرو کی تجویز ہوی جناب امیر خسرو صاحب نے حضرت سلطان المشایخ نظام الدین رحمتہ اللہ علیہ سے اجازت طلب کی آپنے اجازت دی اور تاکیداً فرمایا جو کچھ قلندر صاحب فرمادین اوس مین کچھ چون و چرا اور اعتراض نکرنا جناب امیر خسرو قلندر صاحب کی خدمت مین جب پہونچے آپنے فرمایا کہ خسرو ہیری گو تمکو ہی کہتے ہین امیر خسرو نے اپنی کلاہ اوتار کر زمین پر رکھدی اور عرض کیا کہ بندہ ہی اس لقب سے ملقب ہی پھر قلندر صاحب نے فرمایا آپنے ہیریون مین سے کچھ پڑھو تب امیر خسرو نے یہ غزل پڑھی

ایکہ گوئی ہیچ مشکل چون فراق یار نیست	گر امید وصل باشد ہمچنان دشوار نیست
چند گویندم برو زنار بند ای بت پرست	بر تن خسرو کدامی رگ کہ آن زنار نیست

قلندر صاحب نے خوش ہو کر فرمایا بہت اچھا کہتے ہو خوش ہو گی اور خوش جاؤ گے پھر قلندر صاحب نے اپنی تصنیفات سے یہ غزل پڑھی غزل

وہ ہیم خسروان بر مالنعل اشتر ست	خسرو کسی کہ حلقہ تجرید در بر ست
سیمرغ وار روے نہفتہ بقاف عشق	کو عارفی کہ منظر او عرش اکبر ست
عقل کل ست علم لدنی بعارفان	این عقل و علم حسی و رسمی محقر ست
ما ئیم و کوی عشق و خرابات بیخودی	وین رسم و سیرت ست کہ خاص قلندر ست
بابو علی مگوے ز حرف قلندری	کز معرفت معلم قدسیش از بر ست
درس شرف نبود بالواح ابجدی	لوح جمال دوست مرا دو را ابر ست

امیر خسرو رونے لگے قلندر صاحب نے پوچھا کچھ سمجھے بھی ہو یا یون ہی روتے ہو کہا اسی واسطہ روتا ہون کہ یہ کلام آپ کا میری سمجھ مین نہین آیا قلندر صاحب بہت خوش ہوئے اور خوش ہو کر دولت باطن سے اونکو مالا مال کرنا چاہا اور کچھ ہاتھ بڑھا کر دیا اوسی وقت ایک ہاتھ غیب سے پیدا ہوا اور اوس نعمت کو لیگیا امیر خسرو جس مرتبہ اور جس حالت مین تھے ویسے ہی رہے جب حضرت سلطانجی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت مین حاضر ہوے اونھون نے فرمایا قلندر صاحب نے تو تمپر بہت عنایت فرمائی تھی سب کچھ دیا مگر تم اوسکے متحمل نہوتے اسلیے ہمنے لے لیا اور وہ ہاتھ جو غیب سے پیدا ہوا ہمارا تھا سچ ہے مردان کامل کی دستگیری ایسی ہی ہوتی ہے اور بعض مرید بھی ایسا فہیم اور عقیل ہوتا ہے کہ پیر اوسکو سب مریدون سے زیادہ عزیز رکھتا ہے نقل ایک بزرگ کے مرید بکثرت تھے منجملہ سب مریدون کے ایک مرید دور رہتا تھا کسی طرح کی خدمت ظاہری پیر کی نہین کرتا تھا مگر پیر کی عنایت اور شفقت دلی زیادہ تر اوسیکی طرف تھی جو مرید شبانہ روز پیر کی خدمت مین حاضر رہتے تھے اونکو یہ بات ناگوار معلوم ہوئی ایکدن سب نے فراہم ہو کر پیر سے شکایت کی کہ ہم رات دن آپ کی خدمت مین حاضر رہتے ہین اور آپکے ہر طرح مطیع اور فرمان بردار ہین اور فلان مرید آپ کا کچھ کام اور خدمت نہین کرتا

بلکہ ہمیشہ غیر حاضر رہتا ہی جیسے آپ اوسپر مہربان ہین ہمپر نہین اسکا کیا باعث ہی بزرگ نے بہت سی چھریان اور مرغ منگائے ایکا یک مرغ اور ایک ایک چھری سب کو دیکر یہہ کہا کہ اپنے مرغ کو ایسی جگہہ ذبح کرکے لاؤ جہان کوئی دیکھتا نہو کسی نے ویرانہ مین کسی نے گوشہ خانہ مین کسی نے تہہ خانہ مین کسی نے غار مین غرض ہر شخص نے اپنی دانست مین مرغ کو چھپا کر ذبح کیا مگر اوس مرید نے جسپر نظر عنایت زیادہ تھی اور جسکے سب شاکی تھے ذبح نکیا زندہ مرغ بزرگ کی خدمت مین لے آیا ہر ایک مرید سے پیر نے ذبح کرنیکا حال دریافت کیا کہ کہان اور کس طرح ذبح کیا سب نے بیان کیا پھر اوس سے دریافت کیا کہ تو نے مرغ کو ذبح کیون نکیا اوسنے جواب دیا آپ کا یہہ ارشاد تھا جہان کوئی نہ دیکھتا ہو وہان ذبح کرنا مجکو کوئی جگہہ ایسی نظر نہ آئی جہان خداے پاک حاضر ناظر نہو اسلیے ذبح نکیا جب یہہ جواب اوسنے دیا بزرگ نے سب مریدون کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا اب تم غور کرو کہ یہہ سمجھ اور عقل کسکو ہی گو تم خدمت اور اطاعت ہماری کرتے ہو مگر خدا تعالی نے جو عقل اور سمجھ اوسکو دی ہی وہ تمکو نہین دی اسلیئے ہم اسکی طرف زیادہ مخاطب اور متوجہ ہین

باب زمزم و کوثر سفید نتوان کرد ۔۔۔ گلیم بخت کسی را کہ بافتند سیاہ
کار خویش از فہم خود گردد درست ۔۔۔ ناقصان محروم از انوار دوست
فہم دیگر فائدہ ندہد ترا ۔۔۔ فہم تو در کار تو آید بجا
گر فلاطون مہربان شد بے گمان ۔۔۔ تربیت نااہل کے گردد بدان
ہر کہ آمد از نہاد خود درست ۔۔۔ مستحق از تربیت باشد نخست

ایکبار فرمایا مرید کو باادب ہونا بھی ضروری ہی کاملین کی گستاخی بہت بری ہی

آدمی زاد اگر بے ادب ست آدم نیست ۔۔۔ فرق در جنس بنی آدم و حیوان ادب ست

کاملین کی زبان سے جو بات نکلتی ہی اوسکا ظہور خدا تعالی ویسا ہی کرتا ہی انکا لطف و غضب لطف و غضب خدا ہی ھُوَ القَاھِرُ ھُوَ العَادِیُ **نقل** شیخ مجد الدین رح خلیفہ نجم الدین رح

درویشون کی جماعت مین ایکدن بیٹھے تھے سکر اونپر غالب ہوا بولے مین بضیہ بط تھا کنارہ دریا پر اور شیخ میر انجم الدین ایک مرغ تھا اوسنے مجھے تربیت کیا اور مین بضیہ سے برآمد ہوا مگر جو کہ مین بضیہ بط تھا دریا مین چلا گیا اور شیخ دریا کے کنارہ پر رہا شیخ نجم الدین رح کو کشف ہوا معاً زبان مبارک سے فرمایا کہ اب دریا مین مر شیخ مجد الدین رح نے جب سنا دوڑے اور شیخ سعد الدین حموی کے پاس جا کر روئے اور کہا کہ جسدن حضرت شیخ نہایت خوش ہون مجھے خبر کرنا مین عذر گستاخی کرونگا ایکدن بوقت سماع بہت خوش تھے شیخ سعد الدین نے مجد الدین کو خبر کی شیخ مجد الدین ننگے سر طشت آتش رکھ کر کفش گاہ مین کھڑے ہوئے شیخ نے فرمایا کہ ایمان اور دین تیرا سلامت رہیگا لیکن سر جائیگا اور دریا مین مریگا اور پھر ہمارا سر اور سرہائے سرداران ملک خوارزم بھی جاوینگے اور عالم خراب ہوگا شیخ مجد الدین خوارزم مین وعظ کہا کرتے تھے سلطان محمد بادشاہ کی مادر نہایت جمیلہ تھی شیخ مجد الدین کے وعظ مین حاضر ہوتی تھی گاہ گاہ زیارت کو بھی آتی تھی دشمنون نے موقع پا کر رات کو بحالت مستی سلطان محمد کی خدمت مین عرض کیا کہ تیری مادر شیخ کے نکاح مین آگئی ہی سلطان کو بہت رنج ہوا فرمایا شیخ کو دجلہ مین غرق کردو چنانچہ دجلہ مین ڈالدیا جب شیخ نجم الدین کو خبر پہونچی متغیر ہوئے اور بولے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ مجد الدین کو دریا مین ڈالدیا اور وہ مر گیا دیر تک سر سجدہ مین رکھا پھر سر سجدہ سے اوٹھا کر فرمایا مینے خدا تعالی سے بھ دعا مانگی ہی بعوض خونبہائے مجد الدین ملک سلطان محمد سے لیلے اور دعا قبول ہو گئی بادشاہ سنکر بہت پشیمان ہوا اور پیادہ پا شیخ کی خدمت مین آیا اور ایک طشت پر زر لایا اور شمشیر و کفن سر پر رکھا اور سر برہنہ کیا اور جوتیون کی جگہ کھڑا ہوا اور کہا کہ اگر دیت چاہیئے زر موجود ہی اور قصاص چاہو تو تلوار موجود ہی شیخ نے فرمایا کَانَ ذٰلِکَ فِی الْکِتَابِ مَسْطُوْرًا اوسکی دیت تیرا تمام ملک ہے اور تیرا سر اور میرا سر اور بہت سی خلق کا سر سلطان محمد ناامید ہو کر واپس ہوا ؎

نکتہا چون تیغ پولاد ست تیز	گر نداری تو سپر واپس گریز
پیش این الماس بے اسپر میا	کز بریدن تیغ را نبود حیا

اوسی عرصہ مین چنگیز خان ہلاکو نے تاتار سے خروج کیا پہلے حضرت کا سر کاٹا پھر بادشاہ کا پھر ملک ایران وخراسان کو تاراج کیا نصف بغداد کو غارت کیا جب نیشاپور مین اوسکا لشکر پہونچا حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا پیالہ چوبی واژگون رکھدیا تمام شہر لشکر کی نگاہ سے چھپ گیا فوج حیران ہوکر خیمہ گاہ پر چلی آئی دوسرے دن پھر لشکر گیا پھر حیران اور سراسیمہ واپس آیا تیسرے دن خود چنگیز خان سوار ہوا شیخ فریدالدین نے پھر پیالہ لوٹنا چاہا کہ حضرت خضر علیہ السلام پہونچے اور مانع ہوئے کہ تقدیر ایزدی اور مشیت الٰہی مین دخل دینا کب روا ہی آپ کے بھی قتل کا حکم ہوچکا ہی شیخ عطار نے پوچھا کیا قصور ہوا فرمایا ع

جہاندار داند جہان داشتن	یکے ابر دین یکے کاشتن

پیالہ نہ اولٹو سر جھکادو شیخ عطار نے جب جانا کہ مرضی الٰہی یون ہی تب راضی برضا ہوکر پیالہ واژگون نکیا رباعی

سرمد گلہ اختصار مے باید کرد	یک کار ازین دو کار مے باید کرد
یا تن برضاے دوست مے باید داد	یا جان بر ہش نثار مے باید کرد

آخر قتل عام ہونے لگا شیخ عطار صاحب کی نوبت آئی سر جھکا دیا جب تلوار چلی آواز آئی این چہ شان جباری ست بعدہ آواز آنے لگی این چہ شان رحمانی ست ؎

ندارم ذوق رندی نی خیال پاکدامانی	مرا دیوانہ خود کن بھر رنگے کہ میدانی

ایضاً حضرت جنید بغدادی فنون سپہ گری مین یکتاے روزگار تھے خاص کشتی مین نادر ادوار ایک شخص مسافرانہ وارد ہوا اور بادشاہ سے بولا مین تمھارے جنید پہلوان سے کشتی لڑنا چاہتا ہون بادشاہ نے سمجھایا کہ وہ قوی قوت گران ہمت آدمی ہی اوس سے کشتی کرنا تیری دم اور تیری طاقت سے باہر ہی اوسنے نمانا اور کشتی لڑا جب باہم درشتی ہونے لگی اوس پہلوان نے آہستہ سے کہا اے جنید مین سید ہون عزت سادات کا لحاظ ضرور رکھنا جنید سنتے ہی نقش زمین ہوگئے اور اوس پہلوان کا نام ہوگیا کہ فتحیاب ہوا بادشاہ نے دوبارہ سر بارہ

اولیا دی صورت حضرت اون کی اعزاز اوسکو انعام دیا اور خلوت مین حضرت جنید سے پوچھا کہ حضرت
ہے سعادت کو کیا ہوا عرض کیا کہ عزت سادات کا خیال شراب سے مین ہو تین بار زمین کی
ہے رات کو دیکھا شب پیغمبر کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم خواب مین آفرین خوان پایا اور فرمایا
پائی کہ جیسی تونے ہماری اولاد کی عزت کی تیری خدائے پاک بر دو جہان کریگا اس بادشاہ کے
لطف سے ایسے مسرور ہو کہ سلطنت شاہی چھوڑ دی اور فقر اختیار کیا اور حضرت سری سقطی کی
بیعت کی طالب جب با ادب ہر طرح کا فیض فائدہ اوسکو ملا کی صحبت سے نصیب ہوتا ہے تا بحدیکہ
اولیا سب اوسپر مہربان ہو جاتے ہین ذات پاک خود مہربان ہو جاتی ہے

حافظا علم و ادب ورز کہ در خدمت شاہ	ہر کہ را نیست ادب لائق خدمت نشود
خاک شو خاک تا بروید گل	کہ بجز خاک نیست مظہر گل
مرا پیر دانائے فرخ شہاب	دو اندرز فرمود بر روے آب
یکے آنکہ بر خویش خود بین مباش	دگر آنکہ بر غیر بد بین مباش

جب طالب با ادب اور تعظیم سے اطاعت شیخ کرتا ہے ہر قسم کے فیض و فائدہ سے بہرہ یاب ہوتا ہے
اور تمامی فیوضات سے بہرکمال و منتہا اور تمامی حمد و حمد کا نتیجہ اور خلاصہ وحدت وجود اور تلاش کا مدعا تمام توحید ہے

سر توحید خدا بر لوح جان باید نوشت	رمز وحدت را ز سواد دیدگان باید نوشت

جو اس دولت لازوال اور فضل بے ہمال سے مالا مال ہوا اوسنے سب کچھ پایا یہان بھی او
وہان بھی شاہان عالی مقدار اور بخت بلندان فہمی وقار اوسکی خاک قدم پر رشک کرتے ہے
اور وہ زیر سایہ رحمت اس جاہ و جلال و شان و اجلال سے سر افتخار بلند کرتا ہے زبان سے اوسکی
کیفیت ادا ہو سکتی ہے قلم اوسکی تحریر مین قدم رکھ سکتا ہے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین اذا تم التوحید الحب وتوکلہ وایمانہ وایقانہ ومعرفتہ

دولت بے زوال ہے توحید	کرم ذو الجلال ہے توحید
جو موحد بنا وہ فرد بنا	بلکہ مردون مین مرد فرد بنا

حضرت سرش از سواد دیدہ باید پیش کرد خط عرش بر بیاض جان جانان باید نوشت

ہے موحد کی شان شان کمال	ہے موحد کی ذات حسن جمال
دیکھ شرع علی اختلاف محل ست	توحید طلب کرد ... ازل ست
... ز شور کن اندیشہ گران	... کر ... و یک محل ست

شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین توحید یہ ہے کہ تمامی حرکات و سکنات کو افعال حق سمجھے کسیکو اوس مین شریک نجانے حضرت ابو العباس کا ارشاد ہو توحید یہ ہی کہ سوا حق کے دوسرے کی طرف خیال نہ ہووے ایک بزرگ کا قول ہی التوحید فرض لا یقضی دینا حضرت یوسف بن حسین رحمۃ اللہ کا قول ہی جو شخص توحید کے دریا مین گرا وہ ہمیشہ تشنہ ہی رہیگا ہر گز اوسکی تشنگی نہ بجھیگی کاہران طریقت اور رہروان مسلک معرفت او حقیقت نے اسکے اقسام او انواع مین بہت کچھ لکھا ہی او جہان تک جسکی فہم نے رسائی کی بیان مین کمی نہین کی بعض کا قول ہے توحید تین قسم کی ہی ایک توحید عامہ جسکو توحید شریعت کہتے ہین دوسری توحید خاص و توحید طریقت تیسری خاص الخاص توحید معرفت و حقیقت توحید حالی بھی اسیکا نام ہی توحید عام مین جمہور خلائق شریک ہی ذات حق کی یکتائی و یگانگی کا اسکو اقرار ہی اس توحید کا حصول احکام شرع کے اتباع پر منحصر ہی اور توحید خاص و خاص الخاص اثر ریاضات باطنی حاصل ہوتی ہے یہ توحید انبیا علیہ السلام او اولیاے کرام کا حصہ خاص ہی زبان سے لا الہ الا اللہ کہنا او دل سے یکتائی حق پر اعتقاد رکھنا توحید عام ہی او تجلیات ذات مطلق کا قلب سالک پر متجلی ہونا او ذرہ و آفتاب مین بے امتیاز کمی بیشی نور حق نظر آنا او نور ذات کی تجلیات کے سامنے ذرات وجود عالم کا معدوم ہونا و ایک ذات کا نور پیش نظر رہنا توحید خاص ہی موحد کا بحر ناپیداکنار توحید مین شناوری کرتے کرتے قعر دریاے ذات اقدس مین غوطہ مارنا او محو در محو او فنا در فنا ہوجانا او کل کائنات کو حقیقی ہستی خاص کے محو کرنا توحید خاص الخاص ہی بیت

تو درو گم شو کہ توحید این بود	گم شدن گم کن کہ تفرید این بود

اس مقام مین نہ اسم نہ رسم نہ وجود نہ عدم نہ عبارت نہ اشارت نہ عرش نہ فرش ... کل ہیچ

علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام کل شیء ھالک الا وجہہ انا الحق اور سبحانی ما اعظم شانی کا مظہر یہی مقام ہے بعض نے انا کا بھی ہونا اس مقام میں مکروہ سمجھا ہے نقل جب منصور کے خاکستر سے صدائے انا الحق آنی لگی ایک عاشق وارد ہوئے اور بولے کہ جب حق ہی حق ہے تو انا کیسے

عاشقے آمد مگر جوئے بدست	بر سران مشت خاکستر نشست
پس زبان بکشاد ہمچو آن انستی	بازہمے شورید خاکستر خوشی
وانگہے مے گفت بر گو دید راست	کانکہ می زد او انا الحق او کجاست
انچہ گفتی انچہ بشنیدی ہمہ	انچہ دانستی تو او دیدی ہمہ
ان ہمہ جز اول افسانہ نیست	محو شد جانت درین ویرانہ نیست
اصل باید اصل مستغنی و پاک	گر بود فرع و گر نبود چہ باک
ہست خورشید حقیقی بر دوام	کو نہ ذرہ مان نہ سایہ والسلام

پھر اوسکے بعد آواز بر آمد نہ ہوئی

آن شعلہ رو بغمزہ دلم را کباب کرد	مارا چہ کرد خانہ خود را خراب کرد

توحید بے شرک یہی ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ مرتبہ توحید کے حصول سے بندہ خدا نہیں ہوتا بندہ بندہ ہے اور خدا خدا ہے اطلاق خدای بندہ پر روا نہیں اور بندہ کو دعوی خدای بجا نہیں نقل ایک دن ایک شخص ہمسے ایک بزرگ کی تعریف کرتے کرتے کہنے لگے کہ وہ تو خدا تھے ہمنے کہا کہ میان خدا تھے تو کوئی آسمان میں بھی اونھوں نے بنایا یا پورانے ہی خدا کی زمین پر رہے تو باہ تو باہ درجہ فقر و توحید جب حاصل ہوتا ہے بیشک نیستی محض ہوتی ہے پھر کچھ باقی نہیں رہتا مگر اللہ

سایہ و آفتاب یک چیز اند	ہست او واحد کثیر نما
چون یکے بود سایہ و خورشید	یا رب این کثرت ارچہ شد پیدا
بگذر از سایہ زانکہ خورشید ست	انچہ او سایہ خوانیش ہر جا

شی واحد نگر کہ چون گردید ہست یک عین و این ہمہ اعیان	عین ہستی جملہ اشیاء یک مسمی است این ہمہ اسما

لیکن کوئی انا الحق کہے یا سبحانی پکارے خدا ہونا کسی کو روا نہین باوجود طے ہونے اس مقام کے بھی کنہ حقیقت کو پہونچنا دشوار ہے

خیال کج مبر اینجا و بشناس کس را پس پردہ قضا راہ نشد ہر کس ز سر قیاس چیزے گفتند	ہر آن کو در خدا گم شد خدا نیست وز سر خدا ہیچکس آگاہ نشد معلوم نگشت و قصہ کوتاہ نشد

گو منصور نے انا کہا مگر حقیقت مین حق نہ بنا ایسے ہی کبیر نے یہہ دوہا لکھا تھا دوہرہ

تن ستکی من دہی سُرت بلودن ہار	ماکھن کبیر اکھا گئے چھاچھ پیئے سنسار

اونکے فرزند کمال نے اسیوقت جواب دیا

مصری کا پربت بہیو اور چیونٹی نکسی آے	اون مکھ اپنا بھر لیو پربت کا کیا جاے

نقل مولوی عبد الرحمان رحمۃ اللہ علیہ لکھنوی نے جو بڑے کامل و رمکمل تھے اور جنکا مزار بمقام لکھنو پنڈاین کی مسجد مین ہے ایک سالہ توحید وجودی مین تصنیف فرما کر جناب مولوی شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی کی خدمت مین بھیجا تھا آپنے اوسکو ملاحظہ فرما کر اوسپر اتنا لکھدیا کہ جو کچھ دربارہ توحید تحریر فرمایا ہی سب درست ہی الا تعین کفر

آسان نبود بفہم فہمیدن او دیوانہ دل و دیدہ بسے حیران ست	مشکل بدل و دیدہ بود دیدن او دریافتن و دیدن و سنجیدن او

ہان بعض فقرا طال اللسان ہوئے ہین بعض کل اللسان جو طال اللسان ہین کچھہ نہ کچھہ اونکی زبان سے سرزد ہوتا ہی جو کل اللسان ہین کچھہ نہین کہتے چپ رہتے ہین

او خروشان چو بلبلان بہار کم نگردد ز کاکلش یک مو	او خمش ہمچو طبلۂ عطار کم نگردد ز خرقہ اش یکتار

اسرار حقیقت کے دریافت اور کنہ ذات کی تحقیق مین انبیا و اولیا معترف بعجز ہین جو کچھ کسی کی فہم مین ایا اسیطرح اونہنے بیان کیا

درک ذات بحث آمد بس محال	انبیا و اولیا زان گنگ و لال
ہرچہ پیشت بیش ازانت راہ نیست	غایت فہم توشد اللہ نیست

حضرت ابوبکر واسطی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہین اگر کوئی کہے مینے جانا جہل ہی اگر کوئی کہے مینے پہچانا فضولی ہی اگر کہے نہ پہچانا مخذولی ہی توحید عبارت مین نہین آسکتی شنوای توحید کی راہ کی پورے محرم نہین دانای توحید کے تمام آگاہ نہین سب گمان و توہم و ظن ہین اور توحید عالم قدس مین ہی اور گفت اور شنود اور عبارت اور اشارت اور دید اور صورت اور خیال اور حس اور حیات اور چنین اور چنان سے پاک ہی یہہ سب باتین بشریت سے تعلق رکھتی ہین توحید کی شناخت لوث بشریت سے منزہ ہی

جملہ معشوق ست عاشق پردہ	زندہ معشوق ست عاشق مردہ

اور باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست کا ادراک بغیر حال کے محال ہی اور اکتفا کرنا ظاہر پر کفر اور ضلال ہی مولانای روم

گر بگویم زان بلغزد پای تو	ور نگویم ہیچ ازان ای وای تو
ذرہ ذرہ در دو گیتی دم شکست	انچہ دانی از خدا ان فہم تست
نیست آواز کسی انجا کہ اوست	کے رسد عقل و خرد انجا کہ اوست
کہ خاصان درین رہ فرس راندہ اند	بلا احصی از تک فرو ماندہ اند
درین ورطہ کشتی فرو شد ہزار	کہ پیدا نشد تختہ بر کنار
بچین جو جاؤسن کے سنے سو گڈھ ہوے	بہتی سرتا بچ رہے بوڑ نہ نکسا کوے

قل لو کان البحر مدادا لکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولو جئنا بمثلہ مددا

دور بینان بارگاہ الست	پیش ازین پے نبردہ اند کہ ہست
ذات پاکش زچونی وچندی	ہستی سادہ از نشان مندی
در مکین و مکان چہ فوق وچہ تحت	وحدت سازج ست وہستی بحت
وحدے گشتہ کثرتش طاری	در ہمہ ساری از ہمہ عاری
از حدود و تعلقات برون	وز قیود و تعینات مصون
نہ بدام قیود صید شدہ	نہ با طلاق نیز قید شدہ
ہم مقید خود ست ہم مطلق	گہ ز باطل نمودہ گاہ زحق

ایکبار ایک شخص نے حضور اقدس سے سوال کیا کہ مولانائے روم اور شیخ عطار اور محی الدین عربی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی توحید مین فرق کیا ہی ارشاد ہوا تین تشنہ لب مسافر ایک کوئے پر پہونچے اور وہان ایک عورت پانی کھینچتی تھی ایک نے کہا مائی صاحب مجھے پانی پلا دو دوسری بولی میرے باپ کی جورو مین پیاسا ہون تیسرے نے کہا میرے باپ سے یون تون کرانے والی پانی پلا دے غرض مدعا اصلی سب کا پانی تھا بیان مین فرق رہا مولانائے روم کا بیان شوق انگیز عشق آمیز اور شریعت کے لطائف ونکات سے مملو ہی شیخ عطار صاحب کا قول ذوق شوق سے منزلہا دور بیرنگی اور قلندری کی ادا ہر لفظ سے برستی ہی محی الدین عربی کا قول بے لاگ اور بے باکانہ ہی مطلب سب کا ایک ہی اور حقیقت مین سب راست ہی۔

راست گویان درجہان پیدا کم اند	چون دغل بازان درین عالم پر اند
درین زمانہ باطل کسی کہ حق گوید	برائے خویش چو منصور ریسمان تابد

بزرگان دین نے جو کچھ فرمایا ہی راست ہے لیکن بزرگون کے کلام سمجھنے کو عقل سلیم چاہیے

از نکتہ توحید کسے را کہ خبر شد	بیرون ندہد راز دل خویش بہر کس
این دُر حقیقی ست کہ در بحر مجاز ست	وین گوہر دریا نہی برکف ہر خس

سمجھو بعض کا قول ہی کہ توحید چار طرح پر ہی اول توحید شریعت و ظاہری یعنی اللہ تعالی کو قدیم ماننا اور حی اور سمیع اور بصیر سمجھنا دوم توحید طریقت یعنی کون و مکان کی تمامی اجزا مین نور واجب الوجود کو متجلی ماننا اور تمامی موجودات کو اوسکے مقابلہ مین معدوم خیال کرنا اور تمام ممکنات کو افعال حق اور صفات ممکنات کو صفات ذات اور وجود موجودات کو واجب الوجود جاننا اور غیر کو نفی کرنا سوم توحید حقیقت یعنی نفی غیر یہان تک کرنا کہ اپنی ہستی کا ادراک بھی نفی ہوجاوے اور تمامی تعینات کا وسوسہ مٹ جاوے اور سواے ذات کچھ باقی نرہے بکمال قرب

وہو معکم اینما کنتم اوسکی ذات کی تجلی کو متجلی ماننا اور بمصداق اللہ نور السموات والارض اوسکے انوار سے تمامی ذرات کو منور خیال کرنا اور بمفہوم وللہ الاسماء الحسنی ہر اسم کے رنگ سے اوسکی ذات کی رمز سمجھنی اور بمقتضاے بی یسمع و بی یبصر اعضاے خارجی مین تمام حس سمیع و بصیری کی کیفیات کو اوسکی ہی ذات کا اثر معلوم کرنا اور بمضمون یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید ہر فعل کو اوسیکی مرضی اور ہر فعل سے اوسیکی تجلی ارشاد کا ظہور ماننا اور بقول وان من شیء ہر فرد موجودات مین جداگانہ عین حق کا دیدار کرنا

چون محیط جملہ عالم ذات اوست	ذات پاک اوست اندر کل جا
ہست توحیدش بہر ذرہ عیان	در بحار و موج در ارض و سما

مشاہدہ مدام مین ایسا مستغرق ہونا کہ رنج کا نشان رہے نہ راحت کا وہم باقی ہو حجاب ظلمت مٹ جائین کیفیات نورانی متجلی ہووین انکشاف کی ترقی پر ترقی نظر آئے شہود و مشاہدہ کی کیفیت سے لطف ملے ہستی سالک ایسی فنا ہو کہ حرکات سکنات سے محض بے خبر ہووے مشاہدہ کا دھیان رہے نہ شہود کی خبر باقی رہے بعض کہتے ہین توحید تین قسم پر ہی ظاہری باطنی حقیقی توحید ظاہری پابند اسلام ہونا ہی توحید باطنی ایمان کامل حاصل کرنا ہی توحید حقیقی صاحب تقوی و عشق حق ہونا ہی بعض کہتے ہین توحید کے چار مراتب ہین ایمانی علمی حالی الہی ایمانی یہ ہی کہ آیات و احادیث سے خدا کی یکتائی کا سچا اقرار کرے اور دل سے سچا یکتا مانے علمی یہ ہی کہ از رو علم و یقین کے سمجھے کہ سواے ذات واحد کے اور کوئی نہین ہی تمامی ذات و صفات مین اوسیکی ذات و

صفات موجود ہین

رباعی

این ہستی موہوم حباب ست ببین
این بحر پر آشوب سراب ست ببین
از دیدۂ باطن بنظر جلوہ گر ست
عالم ہمہ آئینہ ذات ست ببین

حالی یہہ ہی کہ ذات واحد کی مشاہدہ مین ایسا محو اور مستغرق رہے کہ ہستی کا خیال عدم ہو جاے الٰہی یہہ ہی کہ ازلی و ابدی جو کچھ ہی اوسیکی ذات ہے ہر اپنی ذات کو اوس لایزال کی ذات مین ایسا محو پاے کہ سوا اوسکے اور کچھ خیال بھی باقی نہ رہے بعض کہتے ہین توحید چار قسم پر ہے وجودی شہودی عینی ظلی توحید وجودی یعنی وحدت وجود کا قائل ہونا توحید شہودی یعنی مشاہدہ ذات ہر چیز مین کرنا توحید عینی یعنی ہر شی کو عین ذات ماننا توحید ظلی یعنی ہر شی کو ظل نور ذات سمجھنا بعض کہتے ہین توحید تین قسم ہی توحید عوام توحید اہل سلوک توحید حالی توحید عوام یہہ ہی کہ باتباع شریعت غرا ذات حق کو واحد اور رسولونکو اوسکا دوست برحق سمجھے اور ذات آفریدگار کو آلایش حدوث سے منزہ سمجھکر تمامی مخلوق کو حادث یقین کرے یہہ توحید اکتساب علوم اور صحبت علما سے حاصل ہوتی ہی توحید اہل سلوک اسکو توحید علمی بھی کہتے ہین یعنی فیض مرشد سے طالب کے تمامی خیالات مٹ جائین اور ہستی موہوم کو معدوم سمجھے اور ذات حق کو محیط جملہ اشیا جانے اور تمامی محسوسات کا خیال نیست و نابود معلوم ہووے توحید حالی یعنی طالب ہستی حق مین ایسا محو اور مستغرق ہووے کہ ماسوی اللہ اور اپنی ہستی کا اوسکو کچھ شعور و تمیز نرہے اور وقوعات ذاتی اوسکے وجود سے سرزد ہون دربارہ توحید جناب قطب الافاق شیخ المشایخ خلیفۃ اللہ غوث الثقلین محبوب سبحانی حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رحمت اللہ علیہ نے ارشاد کیا ہی کہ جب موحد مقام توحید تک پہونچ گیا نہ موحد رہا نہ توحید نہ انبیا کی نہ خودی نہ خدا نہ بندہ نہ بندگی نہ ہستی نہ ذات نہ جبرائیل نہ قران نہ ولی نہ ولایت نہ صفت نہ موصوف نہ اسم نہ مسمی نہ اول

نہ آسمان نہ اثبات نہ نفی نہ تاریکی نہ روشنی نہ دوزخ نہ بہشت نہ باطن نہ ظاہر نہ آخر
نہ کفر نہ ابلیس نہ آدم نہ معشوق نہ عاشق نہ عشق نہ طلب نہ طالب نہ منزل نہ مقام نہ زمین
نہ استقامت نہ مقام نہ وجود نہ حرام نہ حلال نہ ایمان نہ مومن نہ مسلمان نہ اسلام یہہ
وہ توحید ہی کہ زبان اسکے بیان سے قاصر ہی اور دل اوسکے ذکر سے اور آنکھ اوسکے دیکھنے
سے اور کان اوسکے سننے سے معرف بہ قصور ہی فی الواقع توحید ہی تو یہہ ہی التوحید
ترک التوحید فی التوحید اللہ بس باقی ہوس یہہ ارشاد تقدس نہاد بہت درست
اور بہت صحیح ہی لیکن غور طلب ہی اگر کوئی یہہ سمجھے طاعت عبادت ریاضت مجاہدہ محض
عبث اور ہیچ ہی اور کرنا نہ کرنا اسکا یکسان ہی فقط توحید کا اقرار زبانی کافی ہی یہہ بات نہین ہے
تمامی انبیا اور اولیا کے خلاف ہی کوئی بیجہد و مجاہدہ ترقی یاب نہین ہوا ابتدائے آفرینش سے
تا قیامت وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون کا غلغلہ بلند ہی اور حضرت
غوث الثقلین خود فرماتے ہین الدنیا کلہا حکمۃ والآخرۃ کلہا قدرۃ
ولا تترک العمل فی الدار الحکمۃ ولا تعجز قدرتہ فی دار القدرت
اعمل فی دار حکمۃ بحکمۃ ولا تتوکل علی قدرتہ القدرۃ بالقدر
حجۃ الکسالی انما یکون العذر بالقدر فی غیر الاوامر والنواہی
ہان یہہ بات ہی جب موحد مقام توحید مندرجہ بالا تک پہونچ جاتا ہی اور اس مین استقامت
کرتا ہی اس مرتبہ کی استقامت مین باب تعلیم اور فیض رسانی بند ہو جاتا ہی اور جو اس
بحر ناپیدا کنار توحید مین غواصی کر کے باہر نکل آتا ہی اوس سے سلسلہ تعلیم اور فیض رسانی جاری
رہتا ہی حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ اس مقام مین ٹھہرے نہین یعنی اس توحید کے
دریا مین حضرت غوث الاعظم رح ایسے غرق نہین ہوے کہ جو اوسی مین رہ گئے اور باہر نہ آے
اور ایسے بیخود اور مغلوب الحال نہین ہوے کہ جو پھر ہوش نہ آیا اگر غوث الاعظم رضی اللہ عنہ
ایسے غرق بحر ناپیدا کنار ہوتے کہ باہر نہ آتے اور ہر وقت اسی مین مستغرق رہتے تو

سلسلہ تعلیم اور ہدایت مسدود ہو جاتا لاکھون آدمیون کو جو فیض فائدہ ہوا کیونکر ہوتا کسی بزرگ کا قول ہی تا خود را نفی نکنی توحید ثابت نگردد مصرعہ با خودی کفر و بے خودی دین ست صاحب رسالہ نور وحدت کا قول ہی جب آپ کو ندیکھا اور اوسکو دیکھا دنیا اور آخرت ایک ہو گئی فنا اور بقا خیر و شر وجود و عدم کفر و اسلام موت و حیات طاعت و معصیت سب تمام ہو گئے خود نرہا تو پھر کچھ بھی نرہا شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا مَا التَّوْحِيْدُ فَقَالَ وَيْحَكَ مَنْ اَجَابَ عَنِ التَّوْحِيْدِ بِالْعِبَارَةِ فَهُوَ مُلْحِدٌ وَمَنْ اَشَارَ اِلَيْهِ فَهُوَ ثَنَوِيٌّ وَمَنْ اَوْمٰى اِلَيْهِ فَهُوَ عَابِدُ وَثَنٍ وَمَنْ نَطَقَ فِيْهِ فَهُوَ غَافِلٌ وَمَنْ سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ جَاهِلٌ وَمَنْ وَهَمَ اَنَّهٗ وَاصِلٌ قَلِيْلٌ لَهٗ حَاصِلٌ وَمَنْ رَاٰى اَنَّهٗ قَرِيْبٌ فَهُوَ بَعِيْدٌ وَمَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ وَاحِدٌ فَهُوَ وَاقِدٌ وَكُلُّ مَا مَيَّزْتُمُوْهُ بِاَفْهَامِكُمْ وَاَدْرَكْتُمُوْهُ بِعُقُوْلِكُمْ فِيْ اَتَمِّ مَعَانِيْكُمْ فَهُوَ مَصْرُوْفٌ وَمَرْدُوْدٌ اِلَيْكُمْ مُحْدَثٌ مَصْنُوْعٌ مِّثْلُكُمْ حضرت بایزید رحمۃ اللہ علیہ نے جب وصال کیا کسی شخص نے آپ کو خواب مین دیکھا عرض کیا کہ بایزید حق تعالی سے کیا معاملہ گزرا فرمایا جب مین اس دار ناپائدار کو چھوڑ اسرکار والا جاہ سے ارشاد ہوا کہ بایزید کیا لائے عرض کیا خدایا توحید ارشاد ہوا لیکلتہ الین بھی یاد ہی شرمندگی اور خجالت پیش آئی اصل یہہ ہی کہ ایک رات مین نے دودھ پیا تھا شکم مین اتفاقا درد ہوا تھا میری زبان سے نکلا کہ دودھ نے درد کیا یہہ کلمہ خلاف توحید زبان سے نکلا ناگوار شہنشاہ احد ہوا اور اسیکا طعن ہوا جب ایسے کاملان راہ اور مقبولان بارگاہ پر ایک دودھ کی شکایت سے طعن ہوا ہم گمکردہ راہان بادیہ نادانی کا کیا ذکر ہی اور کیا دم ہی کہ دعوی توحید کرین اور اپنے آپ کو موحد سمجھین جب تک انسان علت وجود مین علیل ہی اور زحمت شہود مین مشغول ہی جانب دوست سے معزول ہی اَلتَّوْحِيْدُ نِسْيَانُ التَّوْحِيْدِ

	اگر در دو جہاں نہادہ ہیا نام ہیچ		بعدار یقینا و گمانہا ہمہ ہیچ	

جو طالب کامل مراتب کثرت موہوم صوری و معنوی سے جدا ہوکر کے مقام توحید عیان پر پہونچا اور سب تمامی موجودات مین مشاہدہ حق کیا اور تمامی موجودات کو عالم حق دیکھا وہ دوئی سے پاک ہوا

	چون من در نظارہ فنا گشتم ازان		نظارہ جمال خدا جز خدا نکرد	

مراتب ہر ایک برابر جو کچھ دیکھے گا حق دیکھے گا اور جو کچھ دیکھے گا حق دیکھے گا حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے اذا خرج الخلق من قلب العبد ولم یبق فیہ سوی الحق عز وجل ظاہرہ وباطنہ کما یشاء یا لہنا کما اری غیرہ فاطمہ ایرہ کما اری نبینا صلی اللہ علیہ وسلم نفسہ ولم یرہ یجد بہ منامًا و فکر یحدث قلبہ وینبہ الیہ فیقظتہ فمحض عینہ وجود قرابہ بعینہ عما فو علیہ من حیث الظاہر لیطلعہ معنا ان قرابہ نفرابہ یری صفاتہ یری کرامتہ وفضلہ واحسانہ ولطفہ بہ یری یرہ وکنفہ ایسے شہود والے کو ذوالعین کہتے ہین کہ حق کو بظاہر دیکھے اور خلق کو باطن اور اوسکے نزدیک خلق مراتب حق مین داخل ہو اور حق ظاہر ہو اور خلق باطن ہو

	در ہر چہ نظر کنم بہ تحقیق		جز نور رخ تو نیست منظور	
	در چشم یکے بجز یکے نیست		احول کہ دو دید ہست معذور	
	ہر بے سر و پا از عدد ست بتو		خوش انکہ زخود درست پیوست بتو	

انبیا علیہ السلام اور اولیاے علیہ الرحمت نے بے تعداد ریاضت اور بیشمار مجاہدی تمام عمر اسی آرزو مین کئے ہین اور اسی جستجو اور تلاش مین رہے ہین ؎

چہ جدا جدا بنما بود سالہا ما | کہ بکرد بنا قلب گردد حالہا

شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ پر بھی آخر وقت مین توحید منکشف ہوئی اور جناب غوث پاک
رضی اللہ عنہ نے جو مرتبہ توحید بیان فرمایا ہی اعلی اور افضل اور توحید حالی ہی قالی
نہین ہی اور قال حال مین بڑا تفاوت ہی **نقل** ایک روز شیخ شمس الدین تبریزی قدس اللہ
روحہ کے پاس گئے مولانا حوض کے کنارہ پر بیٹھے تھے طالب علمون کو سبق پڑھاتے تھے
اور چند کتابین اونکے آگے رکھی تھین شیخ نے پوچھا یہ کیا ہی مولوی صاحب نے جواب دیا
کہ یہ قیل وقال ہی شیخ نے سب کتابین حوض مین ڈالدین مولانا کو بہت تاسف ہوا اور
کہا کہ یہ آپنے کیا کیا بعض کتابین اونمین ایسی تہین کہ اونکا ملنا دشوار ہی شیخ نے
مولوی صاحب کو مضطرب دیکھکر پانی مین ہاتھ ڈالکر ایک ایک کتاب خشک نکالدی بلکہ
بعض اثر او تر نہ تھا تب مولانا نے پوچھا یہ کیا اسرار ہی شیخ نے فرمایا کہ یہ حال ہی

فرق از تحقیق تا تقلید کن | بانگ بلبل ہست چون بانگ کلاغ

اہل تحقیق کا قال مطابق حال ہوتا ہی اور اہل تقلید کا صرف قال ہی قال **نقل**
شیخ الاسلام احمد النامقی الجامی کی خدمت مین ایک دن اکابر ہرات آئے اور
توحید اور عرفان کی باتین کرنے لگے شیخ نے فرمایا کہ تم جو گفتگو توحید کرتے ہو
از روے تقلید کرتے ہو نہ از روے تحقیق اس بات سے وہ لوگ نہایت ناراض ہوے
اور کہنے لگے کہ ہم مین سے ہر ایک کو اثبات ہستی حق کے واسطے ہزار ہزار دلیل یاد ہین
اور تم ہمکو مقلد کہتے ہو شیخ نے فرمایا کہ گو ہر ایک کو ہزار ہزار دلیل حفظ ہین مگر مقلد سے
تم زیادہ نہین ہو اسکو سنکر شیخ سے کہا کہ اس بات کے واسطے کوئی دلیل چاہیے کہ ہم مقلد ہین
محقق نہین ہین شیخ نے خادم کو فرمایا کہ تین دانہ مروارید کے اور ایک طشت حاضر کرو
خادم نے دانہ اور طشت حاضر کیا شیخ نے اون لوگون سے پوچھا کہ اصل ان مروارید کی
کیا ہی اونھون نے کہا کہ چند قطرہ باران نیسانی اسکی اصل ہی کہ جو صدف مین پڑکر قدرت
کاملہ حق سے مروارید ہوگئے ہین شیخ الاسلام نے اون کو طشت مین ڈالدیا اور اون

لوگون سے کہا کہ تم مین جو کوئی اہل تحقیق ہو وہ بسم اللہ پڑھ کر اسپر دم کرے تا کہ سیم پانی ہو جاوین اونہوں نے شیخ سے کہا پہلے تم پڑھو شیخ نے فرمایا کہ پہلے تم پڑھو جب میری نوبت آویگی مین بھی پڑھونگا ناچار اونھون نے نوبت بنوبت بسم اللہ اوسپر پڑھی کچھ نہوا بدستور مروارید بنے رہے جب نوبت شیخ کی آئی ایک حالت شیخ پر پیدا ہوئی اور شیخ نے بسم اللہ پڑھی ہر سہ مروارید پانی ہوکر طشت مین پھرنے لگے شیخ نے فرمایا کہ بحکم حق سبحانہ ہو جاؤ مروارید ناسفتہ منعقد ہو گئے اسکو دیکھ کر سب متحیر ہوے اور جو کچھ شیخ نے اونکی نسبت فرمایا تھا اوسکا اقرار کیا کہ بے شک ہم مقلد ہین محقق نہین ہین

رباعی

گے رفتن رہ ز رفتن خواب بود — گے رفع عطش ز گفتن آب بود
گے از زاہد کشایش باب بود — گے پشت کسی گرم ز مہتاب بود
گفتگوے معرفت کم کن کہ اہل حال را — حجت ناطق بغیر از قیل و قال نیست
توان روز صاحب ارباب حالی — کہ سازی چو گفتار کردار خود ہا

بے جد و جہد حصول توحید محال ہے اور از قسم اشکال غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین الدواء فی توحید اللہ بالقلب لا باللسان اور یہہ بھی آپکا ارشاد ہے لا ینفعک توحید اللسان مع شرک القلب

مغرور سخن مشو کہ توحید خدا ے — واحد دیدن بود نو احد گفتن
عشق عاشق محو گردد زین مقام — خود ہمان معشوق ماند والسلام

اور غوث الاعظم رض فرماتے ہین التوحید والزہد لا یکونان علی الجد واللسان التوحید فی القلب والزہد فی القلب والتقوی فی القلب والعلم بالحق عز وجل فی القلب و محب اللہ فی القلب والقرب منہ تعالیٰ فی القلب جو طالب صادق اور فہیم ہین حصول توحید مین بدل وجان جہد و مجاہدہ مین اوقات صرف کرتے کرتے توحید سے شاد کام ہوتے ہین نہ ترک عبادت و دعوی

در فضاے عشق جانان بوالہوس را راہ نیست سرمد غم عشق بوالہوس را ندہند	ہر سر کہ شایستۂ سنگ و سر آوار نیست سوز دل پروانہ مگس را ندہند
عمرے باید کہ یار آید بہ کنار	این دولت سرمد ہمہ کس را ندہند

حضرت غوث الثقلین کا ارشاد ہی کہ مجاہدہ راہ حق مین وہ ہی جو اجتناب کرے اہل فطرت سے اور غائب ہو فکر مین اور ملازم خشوع ہو ساتھ حسرت کے اور غرق ہو دریاے حقیقت مین اور خواہشات کو مارے اور دل کو زندہ کرے اور صاحب رضا اور تسلیم ہو اور ایذاے اپنے آپ کو دور رکھے اور شرم رکھے ملک اعلی سے اور راحت کو ترک کرے ساتھ جد کے و لا ینفع اللّٰھم ذالجد منک الجد اور رسالہ غوثیہ مین منقول ہی یا غوث الاعظم المجاھدۃ بحر من بحار المشاھدۃ و حیطان الواقفین فمن اراد الدخول فی بحر المشاھدۃ فلا سبیل لہ الا بالمجاھدۃ الذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا یعنی جنہون نے جہکا دیا سر واسطہ رضاے ہماری کے پس تحقیق پایا اونہون نے راہ مشاہدہ کا مجاہدہ اور مشاہدہ کئی طرح پر ہی ایک مجاہدہ زاہدون کا ہی کہ نواہی سے اجتناب کریں اور قہاری اور جباری سے ڈرتے رہین اور تزکیہ نفس مین ہمیشہ مصروف رہین یہ ان کا ملاحظہ اور مشاہدہ ہی دوسرا مجاہدہ طالبون اور عارفون کا ہی کہ وہ ہمیشہ بیٹھے اور کھڑے اور پڑے خدا تعالی کی یاد مین مصروف ہین اور یک دم غافل نہون اور غفلت کو کفر حقیقی جانین

ہر آنکہ غافل از وے یک زمان ست	در ان دم کافر ست اما نہان ست

اور حق تعالی کو حاضر ناظر جانین یہ ملاحظہ حضوری ان کا مشاہدہ ہی اور یہ تصفیہ دل کی کوشش مین رہتے ہین تیسرے مجاہدہ عاشقون کا اور والہون کا ہے یہ ہمیشہ بے قرار غیر دوست سے بیزار دل حظوظ اور لذائذ دنیا سے اور عقبے سے نفور العشق نار اذا وقع فی القلب یحرق ما سوی المحبوب یہ تخلیۂ روح مین مصروف رہتے ہین جو کہ مجاہدہ واقفون کا ہی

وہ تحریر اور تقریر مین نہین آسکتا یہہ دونون جہان اور اپنی خودی سے گذرے ہوے بحر
مشاہدہ مین غرق ہوتے ہین اور رنگ زار حقیقت مین پڑکر رنگ ہو جاتے ہین اسم اور رسم
غیران سے محو ہو جاتا ہی اگر اپنے آپ کو ڈھونڈین اوسکو پاوین اور اوسکو ڈھونڈین خود کو پاوین لیکن
سب مجاہدہ اور مشاہدہ اورون کا انکے حیطان مین ہی فرمایا غوث الاعظم نے لا بدّ
للطالبین من المجاهدة کما لا بدّ لهم من الصفای بغیر مجاہدہ کے حاصل
نہین ہوتی اور جمال لایزال بغیر صفای کے دکھائی نہین دیتا

سعدی حجاب نیست تو آئینہ صاف دار	زنگار خوردہ کے بنماید جمال دوست
از دل برون بکن غم دنیا و آخرت	یا خانہ جاے رخت بود یا خیال دوست

جب تک طالب کثافت اور تیرگی کو مصقلہ مجاہدہ اور تابش ذکر اللہ سے دور نکرے اور
تعلقات دینی اور دنیاوی کو رفع نہ کرے اور غبار پندار دوئی اور خودی کا اور خطرہ دل
سے دور نکرے صفائی حاصل نہین ہوتی اور بغیر صفائی جمال نظر نہین آتا

ایوان لیس بلند ست کا نجا	بہوس رسیدن نتوان
این شربت عاشقی ست خسرو	بجز خون جگر چشیدن نتوان

جیسے طلب توحید فرض ہی ویسے ہی اخلاص عمل وغیرہ بھی فرض ہین حضرت
غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین التوحید فرض و طلب الحلال فرض و
طلب ما لا بد منہ من العلم فرض و الاخلاص فی العمل فرض و ترک العوض علی
العمل فرض حضرت قبلہ و کعبہ نے ایک کرامت نامہ بطور ہدایت اور تعلیم بنام منشی
فضل رسول صاحب لکھا تھا وہ بجنسہ درج ہے **نقل کرامت نامہ حضرت بنام**
منشی فضل رسول صاحب سعید دارین و مقبول کونین منشی فضل رسول صاحب سلامت
بعد تحیات اسلامیہ و ادعیہ موفورہ بہبود دارین و فلاح کونین مطالعہ باد کہ مراسلہ خیریت
معانقہ و محبت مکاشفہ وصول ابتہاج آوردہ بر مضمون مندرجہ آگہی دادہ بدریافت

خیریت مسرت گردید انچہ حال طبیعت خود وملاقات درویش صاحب مجذوب قلمی ست
واضح باد کہ بطریق بالالحاظ این معنی کہ بظاہر از عبادات وریاضات واشغال و اوراد
فواید ظاہر و باطن محصول و مکشوف اندیانی مصروف بکار خود ماندن باید از ذات اقدس صفات
ازجناب واہب العطیات امید قوی ست براے ہر امیدوار لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰہ اللہ تعالی باداے فرائض ووجوب وطریقہ مسنون راسخ دم وثابت
قدم دارد کار بندہ بندگیست از خدا تعالی ان جستہ باشند وآن مجذوب ہرگاہ باز
تشریف آورند وہیچک تعلیم فرمایند بگیرند کہ الصاحب ہم انچہ طریقہ تعلیم خواہند فرمود
از راہ حق خواہند فرمود وہر یک منحصر ندارند ہر کہ از ہنود ومسلمان شغل راہ حق تعلیم کنند
گذارند مصرعہ متاع نیک ہر دکان کہ باشد

انہا کہ بمیدان طلب تاختہ اند	سینہ ہدف تیر بلا ساختہ اند
ہر لحظہ ہزار بار از شعلہ شوق	در بوتہ عشق یار بگداختہ اند

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى

ف نہیں چاہیے کرتا ہے کوئی ورد مگر ساتھ اجازت اللہ کرے ۱۲

ف جو شخص منھ موڑیگا میری یاد سے روزی تنگ اور اٹھاؤنگا اسکو اندھا ۱۲

ابیات

اندرین منزل بسے واماندہ اند	ہر یکے در کار خود درماندہ اند
بعض بعضے قال را کردہ بیان	از رہ تقلید ہم دادہ نشان
بعض بعضے در پے پندار خویش	روز وشب ماندند اندر کار خویش
بعض بعضے در خیالات وہوس	بر نجاست جمع گشتہ چون مگس
بعض بعضے گمرہ وکافر شدند	در رہ توحید حق ابتر شدند
بعض بعضے عاشق باغ وسرا	بے خبر از بارگاہ کبریا
بعض بعضے در رکوع ودر سجود	راہ مے جویند در دریاے جود
بعض بعضے والہ وحیران شدند	در طریق عشق سرگردان شدند

بعض بعضے عارفان اند از حضور ‏ ‏ ‏ ‏ راہ حق رفتند بے مکر و غرور

بعض بعضے عاشقانہ سوختند ‏ ‏ ‏ ‏ چہ وصل حقیقی دوختند

صد ہزاران رہ درین منزل بود ‏ ‏ ‏ ‏ ہر رہے را صد جہان حاصل بود

این نہ کاریست مردانہ درآ ‏ ‏ ‏ ‏ عقل در ہم سوز دیوانہ درآ

بگذر از کون و مکان ای مرد دین ‏ ‏ ‏ ‏ تا رسی در قرب رب العالمین

گر نمانی اندرین کون و فساد ‏ ‏ ‏ ‏ ہمچو بندہ باشدت صد کیقباد

آتشے زن ہمچو مردان در دو کون ‏ ‏ ‏ ‏ تا بسوز در نگ ہائے لون لون

ایکبار ارشاد ہوا بعض کج فہم مقالات توحید کو سنکر یا کیسی کتاب مین دیکھکر پاس حفظ مراتب نہین کرتے مصرعہ گر حفظ مراتب نکنی زندیقی

صوفیان گویند در توحید دوست ‏ ‏ ‏ ‏ غیر او موجود نے موجود اوست

لیک در ہر مرتبہ حکمے دگر ‏ ‏ ‏ ‏ پیش ایشان ثابت ای دیدہ ور

ہر مراتب است حکمے در وجود ‏ ‏ ‏ ‏ باش در تمیز ان صاحب شہود

گر نہ حفظ مرتبت خواہی نمود ‏ ‏ ‏ ‏ مے شوی زندیق و ملحد ودزود

اثبات توحید بغیر نفی ناممکن ہی حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین اَلتَّوحِیدُ یحرق الشَّیَاطِینَ الانس وَالجن لانہ الشَّیطَانُ نَارٌ وَنُورُ الموحدین کیف تقول لا الہ الا اللہ وَفی قلبک اللہ کل شیٔ تعتمد علیہِ وَتثق بِمَا دُون اللہ فھُوَ صَنمک جناب رسالت مآب صلعم فرماتے ہین کُلّ مَا شَغَلَکَ عَنِ اللہِ فھُوَ صَنمک وَطاغُوتک اور یہہ بھی حضرت سالار انبیا کا ارشاد ہے وَمَا شَغَلَکَ عَنِ اللہ فھُوَ صَنمک یعنی جس نے مشغول کیا اور باز رکھا خداتعالی سے پس وہ تیرا بت ہی حضرت عبد الرزاق جھنجھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہی کہ جب تک تو اپنے آپ کو وحدت مین محو نکرے توحید کا نام مت

بیت در رہ منزل لیلی کہ خطرہاست درو	شرط اول قدم آنست کہ مجنون باشی
پوشیدہ مرقع اند این خامے چند	بر گفتہ بطامات الف لامی چند
سخن وحدت آنکہ از عامی	زان چہ خیزد بغیر بدنامی
کار کن کار بگذر از گفتار	کاندرین راہ کار دارد کار
کار اند حصہ مردان مرد	حصہ ما گفت آمد انیست درد
من عجب دارم ز جویان صفا	کہ گریزد وقت صیقل از جفا
بہر آنست آن ریاضت وان جفا	تا برارد کورہ از نقرہ صفا

ایک شخص نے قبلہ وکعبہ سے سوال کیا کہ بعض فقیر جو نماز چھوڑ دیتے ہین کیا باعث ہی کیا نماز اونکو معاف ہو جاتی ہی آپنے حدیث قدسی فرمائی مَنْ اَرَادَ بِعِبَادَتٍ بَعْدَ الْوُصُوْلِ فَقَدْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ الْعَظِيْم اور حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا قول ہی اَلْعِبَادَةُ بَعْدَ الْوُصُوْلِ شِرْكٌ مراد وصول سے خودی اور شعور خودی سے گذرتا ہی یعنی ذات حق مین ایسا محو در محو اور فنا در فنا اور گم در گم ہو کہ اصلا اوسکو اپنی خودی کی خبر اور شعور باقی نرہے اسی مقام اور حالت مین جناب سرور کائنات نے فرمایا ہی لِيْ مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ لَا يَسَعُنِيْ فِيْهِ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ جب ایسی حالت طاری ہو تو پھر عبادت کون کرے اور جو کرتے ہین تو وہ عبادت مثل عوام الناس کے نہین ہوتی کیونکہ عام آدمی عبادت خودی کے ساتھہ کرتے ہین اور خاصان خدا تعالی بے خودی اور وحدت اور یکرنگی کے ساتھہ اور طاعت عبادت کرتے کرتے اونکو یہ مرتبہ بھی حاصل ہوتا ہی پھر بھی عبادت کو جاری رکھتے ہین اور ترک عبادت نہین کرتے سوائے غلبہ حال کے اور سالکین نے قطعی ترک عبادت نہین کیا اگر بظاہر ترک کیا تو باطن مین مصروف بعبادت رہے بعد وصول کے عبادت اونکی مثل عبادت عوام نہین ہوتی پھر اوسنے اعتراض کیا

تا بر آرد زرہ صدق و صفا کامی چند
بر نام کن شنیدہ تحمل نامے چند

کہ جناب رسول مقبول کیون پڑھتے تھے کیا وہ مرتبہ وصول کو نہین پہونچے تھے حضرت نے
ارشاد فرمایا ھذہ الحبریان العادۃ مردان غیب کا معاملہ خدای پاک کے ساتھ ازراہ باطن عجیب
وغریب ہوتا ہی اور جبسیر اسرارات الٰہی ازراہ باطن منکشف ہوتے ہین اونکو وہی خوب
جانتے ہین ظاہر بینون کی سمجھ مین معاملات باطنی کا آنا دشوار ہی بعض ایسے بھی ہوتے ہین
کہ جو قدرت اور طاقت چند وجود ہوجانیکی رکھتے ہین اگر ایک جگہ ایک وجود سے نماز نہین پڑھتے
ہین دوسرے وجود سے دوسری جگہ ادا کرلیتے ہین چنانچہ **نقل** قصب البیان موصلی رحمتہ اللہ علیہ
نماز نہین پڑھتے تھے حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت مین عرض کیا گیا کہ قصب البیان ۴
موصلی نماز نہین پڑھتے ہین آپ نے فرمایا کہ کچھ مت کھو سر اونکا ہمیشہ خانہ کعبہ مین سجدہ مین رہتا ہے
اور قاضی موصل آپ کا منکر تھا ایک روز ایک کوچہ مین قاضی کو قصب البیان سامنے سے
آتے ہوئے نظر پڑے اوسکے دل مین خیال آیا کہ قصب البیان کو پکڑ کر حاکم کے پاس لے
جاؤن تاکہ وہ سزا دے ناگاہ قاضی نے دیکھا کہ ایک پہلوان چلا آتا ہی قصب البیان نہین ہے
جب کچھ اور آگے آیا تو دیکھا کہ ایک عرابی ہی جب یادہ نزدیک پہونچا تو دیکھا کہ ایک فقیہ ہے
جب قاضی کے پاس پہونچے تو کہا اے قاضی کونسے قصب البیان کو حاکم کے پاس لیجائیگا اور
اوسکو سزا دلائیگا قاضی نے انکار سے توبہ کی اور مرید ہوگیا اسی طرح شیخ عبداللہ یافعی فرماتے
ناقل ہین کہ ایک فقیر نماز نہین پڑھتا تھا ایک روز ایک فقیہ نے ازراہ انکار اوس سے کہا کہ
اوٹھ اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھ فقیر اٹھا اور نماز کی تکبیر کہی اور ایک رکعت نماز پڑھی
فقیہ منکر اوسکے پہلو مین تھا جب دوسری رکعت کو اٹھا فقیہ نے جو نظر کی تو کوئی اور نظر
آیا وہ فقیر نہ تھا اور رکعت چہارم مین اوسکے سوا کوئی اور دیکھا جب سلام پھیرا تو
دیکھا کہ وہی فقیر ہی اپنی جگہ پر بیٹھا ہی اور جو تین کس بحالت نماز دیکھے تھے اونکا مطلق
نشان نہین ہی فقیہ نے اوسکی طرف کو دیکھا وہ فقیر ہنسا اور کہا کہ اے فقیہ اون چارون
مین سے کسنے تیرے ساتھ نماز پڑھی۔ جن بزرگون کی روحانیت کو یہ قوت اور طاقت حاصل

ہوتی ہی کہ جس صورت یا شکل کے ساتھ ہونا چاہین یا اپنے وجود کے ساتھ متجسد ہون تو ہو سکتے
ہین اور وہ ایک جگہ ایک وجود سے اگلے نماز نہ پڑہین دوسری جگہ دوسرے وجود سے پڑھ لیتے ہین
نقل اکبر بادشاہ کے زمانہ مین ایک بزرگ لاہور مین رہتے تھے ایک دفعہ اکبر شاہ اونکی
ملاقات کو گیا آپ حجرہ کے اندر تھے اور خادم اونکا گودڑی مین سے جوین پکڑ کر مار رہا تھا خادم
اکبر کی سواری کو دیکھکر گھبرایا اور میان صاحب کے پاس حجرہ مین جاکر کہا کہ اکبر شاہ آتا ہی
آپنے فرمایا کہ ہمیں یہہ جانا تھا کہ تونے موٹی جون ماری ہوگی جسکی خبر لیکر دوڑا ہی اکبر
اتا ہی تو آنے دے کیا ہی جب اکبر اون بزرگ کی خدمت مین پہونچا بیٹھتے ہی یہہ سوال کیا
کہ آپ نماز کیون نہین پڑھتے آپنے اکبر کو اسکا کچھ جواب ندیا اور اوسکے وزیر سے جو ہمراہ
تھا یہہ سوال کیا کہ تیرے اس بادشاہ کا کیا نام ہی وہ جہان پناہ ظل اللہ کہکر خاموش
ہو رہا تین دفعہ آپنے پوچھا تینون دفعہ اوسنے یہی جواب دیا نام نہ لیا تب اوس بزرگ نے
اکبر کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ تیرا وزیر تیرا نام نہین جانتا ہے جو نام نہین لیتا ہی نہین نام جانتا ہی
لیکن تیری حضوری مین تیرا نام لینا بے ادبی اور گستاخی سمجھتا ہی اور غیبت مین تیرا نام
سو دفعہ لیتا ہوگا ایسا ہی ہمارا معاملہ خداتعالی کے ساتھ ہی جیسا اس وقت تیرے وزیر کا
معاملہ تیری ساتھ ہی ایضاً مستان شاہ ساکن کھیڑہ ضلع منظفر نگر کی خدمت مین ایک
حافظ قران خوش الحان جایا کرتے تھے شاہ صاحب اونکی قران خوانی سے بہت خوش
ہوتے تھے حتی کہ جس امیر کے حافظ صاحب نوکر تھے اوس سے کہکر تنخواہ اونکی زیادہ
کرادی تھی ایک روز حافظ صاحب شاہ صاحب کی خدمت مین حسب عادت معہودہ قران
شریف پڑھنے لگے اوس وقت شاہ صاحب نہایت ناراض اور خفا ہوئے بہت سی گالیان
دین ایک پتھر مارا حافظ جی کے ڈر کے مارے بھاگ گئے ایکدن وہ امیر جسکے حافظ جی
نوکر تھے شاہ صاحب کی خدمت مین حاضر ہوے عرض کیا کہ آپ تو قران خوانی سے
حافظ جی کے بہت خوش تھے اون سے کیا قصور ہوا جو آپ ناراض ہوے اور گالیان دین

فرمایا کہ قرآن فرمان بادشاہ دو جہان ہے فرمان کا پڑھنا اور سنا بادشاہ کی غیبت میں
زیبا اور موزون معلوم ہوتا ہے خدا کی حضوری میں وقت حضوری بادشاہ کے
وقت فرمان کا پڑھنا مجکو ناگوار معلوم ہوا اسلیے مجکو غصہ آگیا ایضاً ایک بار حضرت
شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے اللہ کہا
شیخ جنید قدس سرہ خفا ہوے اور فرمایا کہ اگر خداے پاک غائب ہے تو غائب کا ذکر
غیبت ہے اگر وہ حاضر ہے تو نام اوسکا لینا سوء ادبی ہے ایکبار فرمایا جو شخص کہ توحید
اسقاط الاضافات کی تحصیل و تکمیل سے بہرہ ور ہوا وہی صوفی ہے اور صوفی مرادا
اور بے باک ہوتا ہے

	عاشق چو بود رسید بے باک شود ونگاہ بود در عالم محبوب بشنو		گر زمین نیز و جنبش خاک شود بے واسطہ خطاب لولاک شود	

خوف و رجاء اوسکی ذات سے برا ہے حضرت شمس الدین تبریزی رح فرماتے ہین

نشاید خوف غالب نے رجا را		میان ہر دو باید بود مارا

تمامی ممکنات مین اوسکا تصرف رنگ لاتا ہے اطاعت و متابعت رسالت کرتا ہے مگر بعض وقت
شطحیات اوس سے سرزد ہوتے ہین علم الٰہی کا ظہور ہر وقت اوسکے دل مین جلوہ گر ہے
بیان کرتا مگر اوسکی مرضی پر موقوف ہے ہر وقت خوش اور شاد رہتا ہے خواب اور
بیداری اوسکو یکسان ہو جاتی ہے اگر ظاہر سوتا ہے دیدہ دل بیدار رہتی ہے یاد خدا
کے طریقے بھی جاری رکھتا ہے محویت اور استغراق بھی اوسکا حصہ ہوتا ہے سواے خدا کے
کسی خیال مین رجوع نہین ہوتا

سالہا باید کہ تا یک مرد صاحب دل شود		بایزید اندر خراسان یا اویس اندر قرن

بعض کا قول ہے صوفی وہ ہے کہ جسکو عقل شیخ ہو جو الی التسلیم والنهایت
هو الرجوع الی البدایات حاصل ہووے بعض کہتے ہین صوفی وہ لوگ ہین

جنہوں نے سوائے خدا تعالیٰ کے کسی چیز کو قبول نہیں کیا اور خدا تعالیٰ نے انکو سب چیز سے برگزیدہ کیا شیخ جنید رحمۃ اللہ فرماتے ہیں صوفی وہ ہے کہ دل اوسکا مانند دل ابراہیم ہو دوستی دنیا سے سلامت یافتہ ہو حکم خدا تعالیٰ بجالانے والا ہو تسلیم اوسکی مانند تسلیم اسمعیل ہو اندوہ اوسکا مانند اندوہ داود علیہ السلام ہو فقر اوسکا مانند فقر عیسے علیہ السلام ہو صبر اوسکا مانند صبر ایوب ہو شوق اوسکا مانند شوق موسی علیہ السلام ہو بوقت مناجات کے اخلاص اوسکا مانند اخلاص محمد مصطفے احمد مجتبی صلی اللہ علیہ وسلم ہو مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ

هر که حق داد نور صدق فتش | کان باشد بود صفتش
جان بحق تن بغیر حق کاین | تن ز حق جان ز غیر حق باین
نی جدا او ز خلق پیوسته | باطن او ز خلق بگسسته
از درون آشنا و هم خانه | وز برون در لباس بیگانه
صوفی آن ست کز صفا فی ست | دم پاکش بهر دل شافی ست
آنکه از خود صفای مطلق یافت | نور حق در صفای سرش تافت
نیست چون در صفای او جز حق | گفت صوفی سرست لم یخلق
صوفیان است آن صفا حاصل | نور را نیست جز صفا قابل
نور خور گرچه در همه صحراست | لیک هر جا که آب تر انجاست
آنکه دم از صفای مطلق زد | بر سر دار خوش انا الحق زد

حضرت منصور حلاج فرماتے ہیں الصُّوفِی مُشِیرٌ عَنِ اللّٰہِ وَالْخَلْقُ اَشَارُوا الی اللہ خلق ہو الحق کہتی ہے صوفی انا الحق کہتا ہے صوفی صفائی سے لقاء حق میں ہے الصُّوفِی لَمْ یُخْلَقْ الصوفی ھو اللہ شیخ جنید علیہ الرحمت کا قول ہے کہ التَّصَوُّفُ وَھُوَ عَنْکَ یُمِیتُکَ الْحَقُّ وَیُحْیِیکَ حیات دو قسم کی ہے ایک حیات طبعی اور دوسری حقیقی حیات طبعی تسویہ طبائع سے ہے [illegible]

وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ الرُّوْحِیْ اور حیات حقیقی تصفیہ دل سے ہوتی ہی قلب المؤمن
حَیٌّ فِی الدَّارَیْنِ حیات جسد روح سے ہوتی ہی اور حیات قلب سبوح سے
اُولٰئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَہُمْ بِرُوْحٍ مِنْہُ کسی
بزرگ کا قول ہی الصُّوْفِی مَقْہُوْرًا بِتَصَرُّفِ الرُّبُوْبِیَّۃِ وَمَسْتُوْرًا بِتَصَرُّفِ
العُبُوْدِیَّۃِ یہہ علامت فنا کی ہی حضرت سمنون کا قول ہی التَّصَوُّفُ اَنْ لَا یَمْلِکَ
شَیْئًا وَلَا یَمْلِکُہٗ شَیْءٌ صوفی جب تجلی حق کے ساتھ مالک ہو تو وہ نہ کسی کا
مملوک ہو نہ مالک ہو بعض کہتے ہین یُسَمَّی الصُّوْفِی صُوْفِیًا لِاَنَّہٗ وَصَافٍ
عَنِ الْکَدُوْرَاتِ الْبَشَرِیَّۃِ وَمُتَّصِفٌ بِالْاَوْصَافِ الرُّبُوْبِیَّۃِ اور
بعض بوجہ لباس صوف کے اس نام کو صوفیا کے ساتھ اضافت کرتے ہین کہ
یہہ دل روشن سے صوف پوش ہوتے ہین جیسے ائینہ نمد مین ہوتا ہی

درویش از صفای دل آمد گلیم پوش   این روشن ست کز نمد ائینہ دان کنند

بعضے صوفیہ کو اصحاب صفہ سے منسوب کرتے ہین اصحاب صفہ فقرا تھی صحابہ سے
کہ مسجد قبا مین چالیس تن رہتے تھے انکا التفات نہ لقمہ کی طرف تھا نہ خرقہ کی
طرف یہہ چالیسون ایک تن کا حکم رکھتے تھے بعض صوفیہ کو صوفیہ اسلیے کہتے ہین
کہ ارواح ان کے ساتھہ انبیا علیہ السلام کی میثاق مین صف اوّل مین تھین بے واسطہ
اللہ سے اقتباس نور کرتی تھین ائینہ روح انکا دیگر ارواح سے زیادہ صاف تھا
اور ان مین اثر اوس نور کے کیف کا ایزاد ایک فرقہ صوفیہ ہی اور ایک متصوفیہ صوفیہ
اوسکو کہتے ہین کہ اوسکو کشف صفا اور حقیقت کا حاصل ہو اور متصوفیہ اوسکو
کہتے ہین کہ صفت صفا کے لایق ہون اور اس طائفہ کی صورت پر مائل ہون
اور حقیقت سے جاہل کسی نے حضرت امام حاتم سنجیانی سے پوچھا مَا مَعْنَے
الصُّوْفِیَہ فَقَالَ لَیْسَ مَعْرِفَتُہٗ بِشَرَائِطِ الْعِلْمِ وَلٰکِنْ کَیْعَرَفَہٗ

نقیر مجرد کان مع اللہ بلا مکان و لا یمتعہ الحق من علم کل مکان و ھو الصوفی یہ ایک لطیفہ ہی کہ کشف علوم الٰہی نامتناہی بجز صفا کے حاصل نہین ہوسکتا اور اس علم کو علم لدنی کہتے ہین کہ بے واسطہ تعلیم اور تعلم کی مدرسہ صفاے صوفیہ کو حاصل ہوتا ہی وعلمناہ من لدنا علما علما کو علم ظاہری تعلیم اور تعلم سے حاصل ہوتا ہی صوفیہ پر تزکیہ اور تصفیہ اور صفاے علم لدنی منکشف ہوتا ہی حضرت ابو الحسین نوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہی صوفی وہ لوگ ہین جنکی ذات بشریت کی کدورت سے آزاد ہوا اور جو نفس کی آفت سے بچ گئے اور جنھون نے ہوا ہوس سے خلاصی پائی اور اول صف اور اعلی درجہ مین داخل ہوے اور غیر حق سے قطع ہو گئے نہ کسی چیز کے مالک بنے نہ کسیکے مملوک رہے نہ کسی چیز کو اپنی قید مین رکھتے ہین نہ آپ کسی قید مین اسیر ہوتے ہین سواے ذات حق اور کچھ نہین چاہتے اور حضرت شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہی صوفی وہ ہی جو تمام مخلوق کو اپنا عیال سمجھے اور جو مخلوق سے قطع ہووے اور خدا تعالی سے وصل رکھے صوفی خداے پاک کے لطف کے اغوش مین ایسا ہی جیسے اطفال کنار مادر مین دربارہ تصوف حضرت ابو الحسن نوری فرماتے ہین تصوف نہ رسم ہی نہ علم ہی بلکہ اخلاق ہی تخلقوا باخلاق اللہ ہونا رسم اور علم سے نہین ہوسکتا اخلاق سے ممکن ہی اور آزادی اور جوان مردی اور ترک تکلف کا نام تصوف ہی اور دنیا کی دشمنی اور مولی کی دوستی تصوف ہے حضرت شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین تصوف دل کا خالی کرنا خلق کے خیال سے ہی اور اختلاف طبیعت سے جدا ہونا اور صفات بشریت کا مٹا دینا نفس کی خواہشات سے دور رہنا روحانی صفات سے موصوف ہونا حقیقی علوم کی طرف غلو کرنا جو بات کہ ہمیشہ کے لیے بہتر ہی اوسکو قبول کرنا اپنے جنس کے لوگون کو نصیحت کرنا اتباع شریعت نبوی پر باوفا ہونا حضرت ابو الحسن خضری فرماتے ہین تصوف دل کی صفائی کا نام ہی

لعلہ اور سیکھا بجائے اور سیکھا ہوا نہین ہے علم ۱۲

کہ مخالف کدورتون سے ہمیشہ کے لیے صفای ہو جاوی اور تفرقہ اور پریشانی کسی طرح نرہے
حضرت ممشاد دنیوری کا ارشاد ہی تصوف اسرار کی صفای ہی اور ہر عمل مین رضای
جبار کا لحاظ رکھنا اور بے اختیاری سے خلق کی ساتھ صحبت رکھنا ہی حسین منصور کا قول ہی
فقیر وہ ہی جو ماسوی اللہ سے مستغنی اور اور اللہ کا ناظر ہی حضرت غوث پاک رض کا قول ہی
فقیر وہ شخص ہی کہ صبر کرے طمع کو ترک کرے باادب ہو خلق اوسکا نیک ہو سر حق کو چھپاوے
خداتعالی کی طرف مراقب ہے اوس سے ڈرے خلق سے حال پوشیدہ رکھے خداتعالی
پر اعتماد کرے ہر حال مین تضرع اور زاری اور التجا بجناب باری کرے کتاب غوثیہ مین کلام
ربانی سے ہی قال یا غوث الاعظم قُل لاصحابك واَحبابك فقرا الفقر فاذا
تم الفقر فلا هم الا انا فقرا اوسکو کہتے ہین کہ حور قصور پر نظر نرکھے حظوظ دنیاوی
اور نفسانی سے ہاتھ اوٹھاوی اور اپنے اپ کو اور ہستی اپنی کو نظر مین نہ لاوے
خود نیست ہو حق کے ساتھ ہست ہو اذا تم الفقر فهو الله حضرت ابوالحسن
خرقانی فرماتے ہین فقیر وہ ہی جسکو دنیا و آخرت کی رغبت نہو دل مین کوی اندیشہ نہو
کہنا نہ کہنا سنا نہ سنا حرکت سکون سب اوسکو برابر ہون پلاس پوشی و مرقع داری
د جو خواری فقیری نہین ہی راستی دل اس مین چاہیے ورنہ چارپایہ بھی پلاس پوش
جو خوار ہوتے ہین اور ایک دم با خدا ہونا تمام اعمال مخلوق آسمانی اور زمینی سے
بہتر ہے

بس از سی سال این معنی محقق شد بخاقانی	کہ یکدم با خدا بودن بہ از ملک سلیمانی
بادشاہی چہ متاع ست برو فخر کند	مرحبا سلطنت فقر کہ ملکیست فقیر
بیشہ فقر جای شیر النست	شیر این بیشہ باش تا باشی
بیشہ مرد چیست نفی وجود	مرد این بیشہ باش تا باشی

حضرت ابوبکر واسطی فرماتے ہین مرد وہ شخص ہی کہ اگر تمام جہان اور مافیہا حرکت مین

آدمی اوسکی دل مین کسی قسم کا انتشار نہو اور مستقل رہے ع

موحد چو در پاش ریزی زرش امید و ہراسش نباشد زکس		چو شمشیر ہندی نہی بر سرش برین ست بنیاد توحید و بس	

مردوہ ہی جو اپنے اوپر قہر کرنے مین کوشش کرے شیطان پر لعنت کرنا مرویت نہین ہے مرد کو شادی و غم نہین ہوتا سب وسکے نزدیک برابر ہی جوانمردی ایک دریا ہے جس مین کئی چشمے جاری ہین ایک سخاوت دوسرا خلقت سے ساتھ محبت کے پیش آنا تیسرا مخلوق سے بے نیاز اور خالق سے نیازمند ہونا جوان مردون کا طعام اور شراب خدا تعالی کی محبت ہی ایسا ہر ایک صدی مین ایک آدمی اپنے ما کے شکم سے پیدا ہوتا ہی وجسکے دل مین خدا تعالی کے سوا اور خیال ہی گو ہمہ تن طاعت کرتا ہی مردہ دل ہی اگر دل جل شانہ کی طرف رجوع ہی اور ہمہ تن دنیا حاصل ہی کچھ نقصان نہین جناب رسالت مآب صلعم کا ارشاد ہی قَلْبُ الْمُؤْمِنِ حَاضِرَةٌ مِنْ ذِكْرِ الْحَيِّ حَيٌّ چاہی جامہ فاخر پہنے چاہے پلاس پہنے اگر دل حق کی طرف متوجہ نہین اور ہمہ تن فقیر بنی کچھ نہین ہے فقیر کو خلقت کی ساتھ مدارا سے رہنا چاہیے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خدمت اور متابعت سے اور خدا ے پاک کے ساتھ پاکی سے حضرت ابو القاسم نصر آبادی فرماتے ہین کہ قران اور حدیث پر متبع ہوتا ہوا اور ہوس اور بدعت سے بچنا پیرون کی خدمت نگاہ رکھنا اور ادب کرنا اور اوسپر مداومت کرنا مخلوق سے علحدگی اختیار کرنا سب کامون سے بہتر کام ہی

فارغ ز ہوا و حرص یکدم نشدی ہر کار دمی کہ نیست در فکر وجود		از فکر مآل کار و از غم نشدی کمتر تو ز سگ شدی و زادم نشدی	

حضرت ابو الحسن خرقانی کا قول ہی کہ صحبت خدا تعالی سے بہتر ہی نہ مخلوق سی جب تک خدا تعالی بندہ کو مخلوق مین شامل رکھتا ہی اوسکے خیال خلق سے جدا نہین ہوتے

اور جب اپنی طرف لگاتا ہی مخلوق سے وہ خود جدا ہو جاتا ہی جو دل کہ خدا تعالی کی محبت کا بیمار ہی اوسکی شفا بھی وہ ذات پاک ہی ایکبار فرمایا اَلتَّوحِیدُ اِسقَاطُ الاِضَافَاتِ مَاسِوَا اللہِ کا حصول بے فنا کے نہین ہوتا حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ کا ارشاد ہی جس قدر خواہشات بندہ کی کم ہوتی ہین وجود بشریت نفی ہوتا ہی قرب خدا تعالی کی ساتھ بڑھتا ہی

قرب حق دوری تست از بود خویش	بے زبان خود نیابی سود خویش

جسقدر نفی اختیار ہوتی ہی اوسی قدر حضرت الوہیت کے ساتھ تدبیر اور تقدیر مین موافقت زیادہ ہوتی ہی مقام رضا نزدیک تر ہوتا ہی بندہ ہمیشہ بوجہ ترک اختیارات اور خواہشات کے اور محو کرنے صفات اور تعینات بشریت کے درجات قرب مین ترقی کرتا ہی اور جب وہ درجہ اعلی بے اختیاری کو پہونچتا ہی جذبات الوہیت سے مرتبہ فنا فی اللہ اوسکو حاصل ہوتا ہی فنا دو قسم کی ہوتی ہی فنای صفات فنای ذات خدای پاک کی صفات ذاتیہ حیات علم ارادت قدرت سمع بصر کلام مشہور ہین جب سالک کے ہا ساتون صفات خدا کی صفات مین محو اور فنا ہو جاوین اور سالک بجود فانی اور بحق باقی ہووے تب فنای صفات اور قرب نوافل کا حصول کہلاتا ہے اور فنای ذات و فناء الفنا یہہ ہی کہ فنا کا شعور بھی محو ہو جاوے اور اوسکی ذات مین سالک مستہلک اور فنا ہووے كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ وَكَانَ اللَّهُ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ شَيْئًا الْآنَ كَمَا كَانَ جلوہ گر ہو تب فنای ذات اور قرب فرایض کہلاتا ہی

ہالک آمد پیش وجہش ہست و نیست	ہستی اندر نیستی خود طرفہ ایست
چیست معراج فلک این نیستی	عاشقان را مذہب و دین نیستی

زندگی در مردن و در محنت است　　　آب حیوان در درون ظلمت است

بعض کے نزدیک فنا تین قسم کی ہی فنا فی الافعال فنا فی الصفات فی الذات فنا فی الافعال یہہ ہی کہ سالک اپنی حرکات وسکنات اور افعال اور اقوال کو اپنی طرف قطعی منسوب نکرے اور نہ اور کسیکی طرف کرے اور سب کو افعال حق سمجھے اور مردہ کی طرح غسال کے ہاتھ مین آپ کو اور تمام اہل عالم و عالم کو جانے اور اپنی اور دوسرے کی طرف نسبت قولی و فعلی کو کفر و شرک سمجھے حضرت غوث الثقلین فرماتے ہین اذا تم قصد العبد و طلبہ للحق عز و جل کانت الاشیاء کلہا مسلحماہ

رباعی

صیاد ازل کہ دانہ بر دام نہاد　　　مرغے بگرفت و عالمش نام نہاد
ہر نیک و بدی کہ در جہان میگذرد　　　خود مے کند و بہانہ بر عام نہاد
ناوک اندر کمان خود دارد　　　شاہدان را بہانہ بنہاد

مفت مین ہم مجبورون پر یہہ تہمت ہی مختاری کی　　　چاہین سو وہ آپ کرین ہین ہمین عبث بدنام کیا

فنا فی الصفات یہہ ہی کہ اپنی صفات کو اور تمام عالم اور اہل عالم کی صفات کو صفات حق خیال کرے اور جو کچھ اپنی طرف اور اورونکی طرف علم اور ارادت اور مشیت اور قدرت سے منسوب کرتا تھا سب جانب حق منسوب کرے اور جو سوائے حق کسیکی طرف منسوب کرے اوسکو شرک اور کفر سمجھے رباعی

ای در ہمہ شان ذات تو پاک از ہمہ شین　　　نی در حق تو کیف توان گفت نہ این
از روے تعقل ہمہ غیر ند صفات　　　با ذات تو از روی تحقق ہمہ عین

فنا فی الذات یہہ ہی کہ اپنی ذات اور تمام عالم کی ذات کو ذات حق سمجھے اور خیال کرے کہ ذات حق نے طرح طرح کی شکلون اور صورتون مین تنزل کیا ہی

ہر چہ بینی یار ہست اغیار نیست　　　غیر او جز وہم و جز پندار نیست

از خیال ہر معظم جلوہ ہاست	لیک ہر کس لایق دیدار نیست

مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ اور عَرَفْتُ رَبِّیْ بِرَبِّیْ اسی مقام کے لیے جناب سرور کائنات صلعم نے ارشاد کیا ہی

تا توئی از خدا انسیابی بو	خود نباشی خدا نماید رو

مقصود اعظم خداشناسی اور وصول الی اللہ فنا ہی وارد ہونا فنا کا اختیاری نہین ہی موہبت الٰہی سے ہی بحالت وارد ہونے فنا کے بیخودی اور خود رفتگی طاری ہوتی ہی سو یہہ کئی قسم کی ہی اگر بیخودی اور ازخود رفتگی لذت حضوری سے ساتھ ہے اور تمام میل اور توجہ اور ازخود رفتگی حق کے ساتھ ہی اور جو کچھ گفت وشنود وغیرہ سے گذری یا اوسکا علم اوس سے منقطع نہین ہی اور قوت بازگشت بھی نہین رکھتا ہی اور وہ حال اسپر ایسا غالب اور محیط ہو گیا ہی کہ تکلف کے ساتھ بھی بخود نہین آسکتا تو اسکو استغراق کہتے ہین اور جو بیخودی اور ازخود رفتگی ایسی ہی کہ تمیز احکام ظاہر اور باطن کی اوسکو نہین ہے تو اسکو سکر کہتے ہین اور جو بیخودی ایسی ہی کہ غیر حق سے بالکل غائب ہو گیا ہی اور ساتھ حق کے حاضر ہی تو اسکو فنا کہتے ہین اگرچہ موہبت الٰہی سے ہی مگر اسکے حصول کی بزرگون نے ترکیبین بھی لکھی ہین حصول کی ترکیب یہہ ہی کہ پہلے تمام عالم کو ایک آئینہ فرض کرے اور جمال حق کا اوس مین عکس دیکھے اور اس تصور مین ایسا مشغول ہووے کہ ایک لحظہ اور ایک دم رفع نکرے ؏

اے خنک جانی کہ در ہر آئینہ	دید روے یار خود در آئینہ
یار را مے بین کہ در ہر آئینہ	سوز و ساز اوست در ہر تن تنہ

پھر اس سے ترقی کرے تمام عالم کو بصورتہاے مختلفہ اور شکلہاے متنوعہ حق سمجھے

اے عزترا بسوے تو سیرے نے	خالی ز تو ہیچ مسجد و دیرے نے
دیدم ہمہ طالبان و مطلوبان را	آن جملہ توئی و درمیان غیرے نے

پھر اس تصور مین مداومت و مواظبت کرے اور سعی بلیغ بہم پہونچاوے اپنی خودی کو نفی کرے اثبات حق کے تصور مین سعی بجالاوے اور تصور کرے کہ جو پہلے مین خیال کرتا تھا کہ مین ہون مین کچھ نہین اور کوی نہین جو ہی حق ہی

آن راکہ من می گفتمش اکنون نمیدانم چہ شد ‖ بسیار روی براجستمش اکنون نمیدانم چہ شد

جب یہہ تصور جم گیا سب شنیدہ اور دیدہ ایک ہوا اور حجاب اٹھا

روزان بتو بودم و نمیدانستم ‖ شب با تو غنودم و نمیدانستم
ظن بود مرا ہمین کہ من جملہ منم ‖ من جملہ تو بودم و نمیدانستم
معشوق عیان بود و نمیدانستم ‖ با من بمیان بود و نمیدانستم
گفتم بطلب مگر بجاے برسم ‖ خود تفرقہ آن بود و نمیدانستم

مقصود اور مطلوب طالبان حق یہی ہی اور اوسیکا نام فنا فی اللہ ہی

رفت از میان خدا ماند خدا ‖ الفقر اذا تم ہو اللہ انیست

بعضون نے فنا کو یون بیان کیا ہی کہ فنا مراد ہی نہایت سیر الی اللہ سے اور بقا مراد ہی بدایت سیر فی اللہ ہی سیر الی اللہ جب منتہی ہوتی ہی سالک وطن مالوف کی الفت اور حظوظ بشریت کی کیفیت سے قطعی علیحدہ ہو جاتا ہی اور راہ طلب مین توجہ تام کرتا ہی اور بادیہ ہستی کو بقدم صدق یکبارگی ایسا طی کرتاہے کہ کعبہ وصال تک اوسکی رسائی نظر آتی ہے

بگذر ز خودی ز فتنہ ہا ایمن شو ‖ تا چند شوی خار گہی گلشن شو
با نفس ستمگار خصومت بر کن ‖ گفتم بتو اید وست بخود دشمن شو

وصول مراد فنا سے ہی اور واصل فانی کو کہتے ہین خدا رسی جسکو کہتے ہین وہ طی کرنا مسافت ظاہری کا نہین ہی جیسے ظاہر مین انسان ایک مسافت طے کرکے ایک جگہ سے دوسری جگہہ جاتا ہی خداے عزوجل لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ہی

مخلوقات سے کوئی چیز اوسکی مانند نہیں ہے باوجودیکہ اوسکا نہ زبان ہے نہ کان ہے مگر وہ شنوا اور گویا لیکن نہ آنکہ سے نہ کان سے

گویم بہر زبان و بہر گوش بشنوم | وین طرفہ ترکہ گوش و زبانم پدید نیست

اسی طرح قرب اور وصول مین بھی موصوف ہے نہ ساتھ مکان کے اور نہ تن کی قرب بلکہ ہونا دل کا ہر سب چیز سے اور آرام دل کا ہمساتھ حق کے اور حقیقت قرب یہ ہے کہ کوئی چیز دل مین وجود کے ساتھ محسوس کرلے

ممکن شود کہ یار آید بکنار | خود را از خیال خام و اندیشہ برآر
ہر چیز کہ غیر اوست در سینہ تست | بسیار حجاب است میان تو و یار

خداتعالی بزرگ ہے اور پاک ہے پیدا کرنے والا کل مخلوقات کا ہے خدا رسی ہی لوگ خوب جانتے ہین جنکو شناسای خدارسی کی حاصل ہے بعد وصول بحق کی سالک کے باطن مین ایک نسبت اور حالت ایسی پیدا ہوتی ہے کہ شناسای حق سے ہے اوسکی شناسائی ہوتی ہے باہر آنا خلق سے اور ارادت حق کے آثار وصول کی علامت ہے شعر

از خودی ہر کہ برون رفت خدا پیدا کرد | شب ظلمت چو بدر رفت صفا پیدا کرد
شیوہ خاک نشینی چہ ثمرہا دارد | چون نشست آئنہ با خاک ضیا پیدا کرد
رہ نمای بجہان نیست بہ از خود رفتن | چون کسی رفت ز خود راہنما پیدا کرد

واصل بحق ہونا ایک حالت ہے باطنی کہ اوسکو واصل ہی پہچان سکتا ہے اگرچہ وصول کے معنی ایک ہین مگر باطن مین ہر ایک کی تجلی دگرگون ہوتی ہے اور ہر مرسل اور نبی ولی کا خداتعالی کے ساتھ معاملہ راز و نیاز کا جدا ہے کہ اوس سے سوائے اوسکے کوئی آگاہ نہین ہوتا

ای ترا با ہر دلی رازے دگر | ہر گدا را بر درت نازے دگر
در رباب عشق تارے بیش نیست | ہست ہر جا نغمہ و سازے دگر

سیر فی اللہ یہ ہے کہ فنائے صفات اور ذات یعنی فنائے مطلق کے بعد وجود حقانی ازلی

وجود حقانی سے تخلقوا باخلاق اللہ کی صفت سے موصوف بنے اور تصرف وجذب
حق سبحانہ باطن پر مستولی ہو تمامی وساوس سے باطن مبرا ہو فناء الفنا یہ ہے کہ وجود
جسمانی بھی فنا ہو اور وجود روحانی بھی بلحاظ رویت جلال وکشف عظمت الوہیت وغلبات
حال مین دنیا اور عقبی فراموش ہو جیسے عقل ونفس سے صاحب فناء الفنا پاک ہوتا ہے ایسی
ہی خیال فنا اور فنا سے بھی مبرا ہو جاتا ہے زبان اہل فنا بزبان دیگر ناطق ہوتی ہے

کس مے ندہد ز تو نشانے	اینست نشان بے نشانی

جسکے وجود مین مادہ توحید اور طلب ذات ہوتا ہے اوسکے دل مین سوائے محبت ذات کے
اور کسی کی محبت نہین ہوتی تا وقتیکہ انقطاع کلی تعلقات سے نہو منزل تک پہونچنا
دشوار ہے

تعلق حجاب است و بی حاصلی	چو پیوندہا بگسلی واصلی

نقل ایک پیر اور ایک مرید باہم سفر کو چلے اثناء راہ مین ایک میدان وسیع
خطرناک مین ایک دوراہہ آیا مرید کو زر کے ساتھ زیادہ محبت تھی اور اوسکے پاس کچھ
روپیہ تھے اوسکی وجہ سے دوراہہ پر کھڑا ہوکر دل مین سوچنے لگا کہ دونون راہ مین سے
خدا جانے کونسی راہ امن امان کی ہوگی جو لوٹ کھسوٹ سے بچونگا پیر کو چشم باطن سے
معلوم ہوگیا کہ اوسکے پاس روپیہ ہین اور بخوف تلف ہو جانے کے پھر راہ روی سے مجبور
اور ناچار ہو رہا ہے فرمایا کہ جو کچھ تیری بغل مین ہے اسکو بغل سے نکالکر پھینک دے پھر جس طرف
کو دل چاہے بے خوف اور بے اندیشہ چلا چل جو طالب خدا ہوکر زن وفرزند اور زر وزیور
اور باغ وسرا وغیرہ کی الفت دل مین رکھتے ہین اونکی بے تعلقی معلوم مولانا جامی رح

خیر ہر کس بقدر ہمت اوست	ہمت مرد راہ قسمت اوست
کے توانی شناخت قیمت مرد	تا ندانی کہ چیست ہمت مرد
ہمت آن نیک علو نسبت	شرف جد سعادت ام واب

هست آن دیگر صفات کاملش — علم و قدرت با صفات افضالش

هست آن یک زمین و دوزخ — هم هو دانشنما و نور پیدا و هم

هست آن یک زر و زیور — کان آن آهسته هم لعل و گهر

هست آن دیگر سراپرده و تاج — مجلس این و بزمگاه و [illegible]

هست آن دیگر دو درگاه و رز — وانچه با آن مناسب هم چنین

اولیاء اللہ ہین گرچہ لایموت ۔۔ طالبون کے حق مین ہین پر حی ثبوت

مطلب اس شعر کا یہی ہو کہ جس طالب کے ساتھ شیخ کو محبت ہوتی ہو اور شیخ اوسکو اپنا کر لیتا ہو تو جیسی نظر عنایت شیخ کی طالب پر بعالم حیات تھی اوس سے زیادہ بعد وصال ہوتی ہو **نقل** ایک طالب کے دل مین یہہ خیال جم گیا کہ مرشد ایسا کرنا چاہیے جو قوم سے شریف ہو علم مین کامل طریقت مین مکمل ہو مدتون تک تلاش کیا بہ صفت موصوف کوئی نہ ملا کسی نے اوسکو کہا کہ جسکا پیر کوئی نہین ہوتا اوسکا پیر شیطان ہوتا ہو اس بات کو سنکر فکر ہوا

ڈھونڈت ڈھونڈت مین پھری پیا ملا نکوی ۔۔ دارو تو ہر نام ہے ہمکو تو نرمل ہوے

آخر یہہ ٹھہرائے کہ آج در شہر سے اول جو شخص آے بعقیدت تمام اوسکو مرشد بنا لیجیے یہہ سوچکر در شہر پر جا بیٹھا اتفاقاً ایک چور آنکلا طالب نے اوس سے اپنا ارادہ ظاہر کیا اوسنے ہنسکر کہا **شعر**

صلاح کار کجا و من خراب کجا ۔۔ ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

مین چور ہون میرا پیشہ چوری ہو رہنمائی اور ہدایت میرا کام نہین مین خود پابند ضلالت ہون طالب نے نمانا جب چور ناچار ہوا تو اوسنے ٹالنے کی نیت سے کہا اچھا فلان پہاڑ پر چلا جا اور دو رکعت نماز پڑھ اور سجدہ مین سر رکھکر دعا مانگ تا وقتیکہ الہام نہووے سر نہ اوٹھانا جب حضور کی طرف سے کچھ حکم ہو اوس کو بجا لانا ارادت اور عقیدت تو قایم ہو ہی چکی تھی طالب

سب ارشاد مرشد سیاہ پہونچا تا نزدیکی حجرہ کیا کئی روز سر بسجدہ رہکر خضر علیہ السلام [illegible]
بہت جوش میں آیا حضرت خضر علیہ السلام کو اشارت ہوئی تشریف لائے اور تعلیم کرنے
[illegible] جو کوئی شخص ہوے کہا تعلیم چاہتا ہو آج ہم تجھکو تعلیم کرتے ہیں تب [illegible]
حضرت بیٹھے آپ تشریف لائے جب بیٹھے اسے پیر تھا با احتیاط سے نگہ کیا [illegible]

ای طالب خدا رو دل را درست	اخلاص درست صبر ناچار درست
ہمت در کار باید ای یار درست	زین جا درست تو شود کار درست

تب یہ دن نصیب ہوا اب مجھے سوا اپنے پیر کے دوسرے سے فیض الٰہی کی امید [illegible]
تعلیم نہیں ہو حکم ایزدی خضر علیہ السلام سے ہو لیکن جسے تعلیم کو پیر ہو [illegible] اسکو تعلیم
کی پیر ہو کے قدموں پر سر رکھتا تھا وہ پیر کے پاؤں پر سر رکھتا کہ مجھے یہ دولت [illegible]
بدولت نصیب ہوئی مرید کہتا تھا کہ میں اپنے پیر سے ہوا جو ہوا

[illegible] بہشت ہیا کہو [illegible]	ز جانی الخیر [illegible] کے [illegible]
[illegible] دل [illegible] میں	[illegible]
ای دل ز سند حرم کبریا مرو	یعنی ز آستانہ اہل صفا مرو
اکسیر دولت [illegible] شاہان زین طلب	ہر قراضہ بدر بہر لعل مرو
درگاہ اہل عشق سر کوی کبریاست	در کوی کبریا ز رہ [illegible] در یا مرو
کسن التجا بغیر دل اہل نظر بجو	بیہودہ ہر طرف ز پی [illegible] دنیا مرو

جیسے طالب صادق ہو واسطے پیر کامل ملا رہتا ہے ویسے ہی پیر کامل بھی طالب صادق کا مشتاق
رہتا ہے اور جیسے الفت محبت طالب کو ساتھ شیخ کی ہوتی ہے ویسے ہی شیخ کو بھی طالب کے ساتھ
ہوتی ہے

میل معشوقان نہانست و ستیر	میل عاشق با دو صد طبل و نفیر

نقل حضرت سلطان باہو سے منقول ہو کہ حضرت مولانا شمس الدین تبریزی ہمیشہ جناب [illegible]

باری جل شانہ کی حضور مین تضرع و ابتہال عرض کرتے تھے کہ خدایا از مستوران جمال عزت
مجھے کسی کو دکھلا الہام ہوا کہ تم جو اس بات کے واسطے کیا وہ محتاج اور مستعد کرتے ہو اسکا
شکرانہ کیا دوگے عرض کیا کہ اپنا سر دونگا جب سال بحال باکمال حضرت مولانا روم رحمت
اللہ علیہ کا آپ کو حاصل ہوا اور اونکی ملاقات اور صحبت سے بہت محظوظ ہوے ایک مدت تک
باہم نرد عشق کھیلتے رہے ایک رات دونون صاحب خلوت مین بیٹھے ہوے تھے ناگاہ ایک
شخص نے باہر سے اشارہ کیا حضرت شمس الدین نے فرمایا کہ مجھے مارنے کو بلاتے ہین بعد توقف
بسیار کے مولانا روم نے فرمایا اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ مصلحت یہی ہے سات آدمی مخالف
گھات مین لگے ہوے تھے جس وقت حضرت شمس تبریز صاحب باہر تشریف لیگئے آپ کو خنجر مارنا چاہا حضرت نے
ایسا نعرہ مارا کہ وہ سب بیہوش ہو گئے اور جب ہوش مین آئے تو سواے چند قطرہ خون کے
کچھ نہ دیکھا جب یہ خبر مولانا روم کو پہنچی فرمایا یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ
ہمارا اس مین کیا دخل ہے انھون نے خدا تعالیٰ سے قول و قرار کیا تھا ہماری ملاقات کے
شکرانہ مین سر دینا کیا تھا قضاے الٰہی سے حکمت جَفَّ الْقَلَمُ کے ظہور مین آئے وَکَانَ
ذٰلِکَ فِی الْکِتَابِ مَسْطُوْرًا جب اونکے مولانا روم نے خود تفحص کیا اور وجہ فرمایا اور
مبلغ غرور کیا تھا قاتل تھوڑے وقت زمانہ مین سب مر گئے علاء الدین خلف نا خلف مولانا بھی جو
قاتلون مین شریک تھا مر گیا حضرت مولانا اونکے جنازہ پر تشریف نہ لیگئے اور حضرت سلطان
ولد کا قول ہے کہ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام باوجود قوت نبوت جویاے خضر علیہ السلام تھے
ویسے ہی حضرت مولانا روم باوجود چندین مقامات و کرامات طالب حضرت شمس الدین
تبریزی تھے حضرت شمس الدین تبریزی بھی ہمیشہ اونکے عاشق تھے خشیت اہل اسرار
سرو وصول ہے کوئی بات خلاف عقل و نقل مرشد کی طرف سے دیکھی جاتی ہی طالب کو معترض
ہونا عقیدہ مت ہے روم فرماتا ہے:

دولت اندر خدمت مردان اوست		ہر کہ او را دوست قربان اوست	

خوے شان گیر ای برادر خوے شان	دایما میگرد گرد کوے شان
ہر کہ گرد کوی شان گردید یافت	ہر دو عالم ہمچو مہر و بدر تافت
خوی شان علم و ادب را مظہر ست	روے شان روشن ز مہر انور ست
ہر کہ با ایشان نشیند یکدمے	روز فردا او کجا دارد غمے
صد ہزاران ہمچو من قربان شان	ہر چہ گویم کم بود در شان شان

نقل دو شخص بارادہ بیعت حضرت شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین حاضر ہوئے آپنے دونون سے ارشاد فرمایا پڑھو لا الہ الا اللہ شبلی الرسول اللہ ایک نے جسکو خداے پاک نے عقیدت راسخ اور ارادت واثق عطا فرمای تھی معًا پڑھ دیا دوسرا اسکو سنکر چینے لگا کہ یہہ خلاف آئین شریعت ہی غرض حضرت شیخ شبلی رح نے پہلے کو مرید کر لیا اور دوسرے کو رخصت کر دیا مشائخان کبار نے تصور کا طریقہ جو طالبون کو بتانا اور کرانا اس راہ مین عمدہ طریق سے قرار دیا ہی اوس سے یہی غرض ہی کہ تصور شیخ کرتے کرتے شیخ کے ساتھ طالب کو ایک محبت صادق پیدا ہو جاتی ہی اور فنافی الشیخ حاصل ہوتی ہے

ببین در صورت خوبان کمال حسن معنی را	تصور نیست بے صورت ظہور حق تعالی را
ہمہ اسرار ربانی تو دایم بین درین صورت	کہ ممکن نیست بے صورت تجلی رب اعلی را
ببین بر عارض خوبان جمال پاک مولی را	کہ در صورت توان دیدن کمال حسن معنی را
جمال معنی ذاتش تجلی کرد بر صورت	کہ نتوان دید بے صورت جمال حسن معنی را

تصور شیخ سے طالب کو نزدیک و دور فیض روحی حاصل ہوتا ہی اور تمامی اخلاق و خصائل و شمائل ظاہری اور کمالات باطنی شیخ کے اوسمین ظہور کرتے ہین علی ہذا اسکے بعد فنافی الرسول اور اوسکے بعد فنافی الٰہی ہے

تا تو در نیستی گلہ نہ نہی	روے را در بقا برہ نہ نہی
تا ترا بود با تو در ذات ست	کعبہ با طاعت خرابات ست

ورنہ ذات تو بود تو دورست	بتکدہ از تو بیت معمورست
تو توئی مہر و کین ازان آمد	تو توئی کفر و دین ازان آمد
غیب خواہی خودی زرہ بردار	عیب را با سرائے غیب چہ کار
اہل فنا کو نام ہی ہستی کے ننگ ہے	لوح مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے
آپا میٹ آپ کو پاوے	ایسا گیان سمجھ نہین آوے
کبیرا جب ہم تھے ہر نہ تھے اب ہر ہین ہم ناہہ	سکل اندھیرا مٹ گیو ہر آئے ہردے ماہہ
پلادے جام مے اس طرح ساقی	فنا ہون مین رہے اللہ باقی

ایکبار ارشاد ہوا ہے تصور شیخ کے ساتھ محبت قلبی اور بے تصور رسالت پناہی حضور رسالت پناہی کے ساتھ عشق و محبت پیدا ہونا چاہیے

بر مسند فقر اگر تو بینی شاہی	زا سرار حقیقت بہ یقین آگاہی
گر نقش کنی بلوح دل صورت او	زان نقش بہ نقشبند بالی راہی

جسکو اسصورتسے شیخ سے یا سرور عالم سے الفت ہوگی اوس طالب پر کمالات ظاہری و باطنی کا ظہور بہت جلد ہوگا اور تصورات کے ساتھ الفت پیدا کرنی دور دراز راہ ہی عمرے باید تا پختہ شود خامے اور اس تعلیم مین ایک وقت بھی ہی یعنی اکثر طالب فنا فی الشیخ مین ایسے رہ جاتے ہین کہ فنا فی الرسول تک پہونچنا دشوار ہو جاتا ہی اور فنا فی الٰہی تو چیزے دیگر اور اگر جد و جہد کرکے فنا فی الرسول تک پہونچا تو وہین مقام کیا آگے چلنا محال بعض بزرگونکا مقولہ ہی کہ جس طالب کو فنا فی الرسول نصیب ہوگئی اوسکو کچھ آیندہ ضرورت باقی نرہی جناب سرور کائنات فنا فی اللہ مین فنا فی الرسول مین ہی طالب کو فنا فی الٰہی حاصل ہو جاتی ہے

جبکہ احمد سے ہی بس وصل خدا	کیون نہین ہوتا دلا ان پر فدا
مصقلہ ہے دل کا حب مصطفےٰ	بے محبت کے نہو دلپر جلا
جس کو حب مصطفےٰ حاصل نہین	بالیقین وہ ہی لعین وہ ہی لعین

بیچون ان جو ہے درگاہ خدا بیچون آید شود جو بیند دل

ایکبار ارشاد ہوا کہ مقصود اصلی فنا فی اللہ اور بقا باللہ ہے جسکے ابتدا ہی سے طالب فنا ہونا اچھا ہی

راہ احمد بود توحید اے پسر　　از رہ توحید حق شو باخبر

اعمال اشتغال اذکار و اذکار طاعت و عبادت سبکا ثمرہ و نتیجہ یہی ہی کہ طالب کی طبیعت مقصود اصلی اور مدعاے کامل کیطرف آوے اور وہ توحید اور فنا ہے؎

گفت پیرے کاندرین رہ کامل ست　　نیستی راہ ہست و ہستی منزل ست
چون فنا گردی فنا را در فنا　　در بقا رو در رسیدی در بقا

ورد و ظایف داخل اعمال ہین یا دبود یا تصور اشتغال ہی اسم ذات اور نفی اثبات جلی ہو یا خفی ہو ذکر ہی فاعل مطلق کی بقا ذات صفات اور مصنوعات کی اصل کے بارہ مین غور کرنا تفکر ہی اعمال سے طالب کی طبیعت کو اصلاح اور درستی نصیب ہوتی ہی رغبت اور شوق بڑھجاتا ہی افعال ناقصہ سے اوسکی بدولت احتراز اور اتقا نصیب ہوتا ہی صوم و صلوٰۃ کا پابند رہتا ہی لیکن سلوک کا طی ہونا اعمال سے عمر نوح چاہتا ہی چیونٹی کی چال چلنا اسیکا نام ہی اور ذکر فکر خاص پاس انفاس طالب کی رواروی کو دریا کی موج کیطرح دم بدم ترقی نصیب کرتا ہی خصوصًا طالب توحید کے حق مین اکسیر اعظم ہی

بہترین قولہا ذکر آمدہ　　لیک آن ذکرے کہ با فکر آمدہ
ذکر بے فکرت چو مرغ بے پر ست　　مرغ بے پر را حیاتے دیگر ست
مرغ با پر مے پرد بالا مکان　　مرغ بے پر بند باشد در مکان
گرچہ ذکر از قولہا عالی تر ست　　ذکر با فکرار بود بس نادر ست
لیک فکر اینست در ہر بود شی　　مغز را در پوست بیند بوے وے
در ہمہ اجزا ایشان کل بہ کل　　بے بیان جز بے نشان ماند چو گل
ہر فکر کہ جز ذکر خدا وسوسہ ست　　شرمے ز خدا بدار این وسوسہ چند

اور اصل اصول اور مقصد اعلی ذکر فکر کر نیسے تطہیر القلب ما سوی اللہ ہی اگر کشف و کرامت اور تصرفات ہر قسم کے حاصل ہو جائین اور تطہیر القلب حاصل نہو سب ہیچ مین اور اگر یہ حاصل نہو اور تطہیر القلب حاصل ہو وے

تو سبحان اللہ و بحمدہ اسکے کیا کہنے ہین طہارت چند طرح پر ہی کفر کی طہارت ایمان گناہ کی طہارت توبہ ہی نفاق کی طہارت اخلاص ہی جنابت کی طہارت غسل حدث کی طہارت وضو دل کی طہارت ذکر ہی اس سے کشف و کرامات و تصرفات و تطہیر القلب یہ جملہ حاصل ہوتی ہین اور اگر دونون حاصل ہون تو نور علی نور ہو **نقل** ہی بیت اللہ مین ایک چشتی ملامتیہ درویش تھے ظاہری طریقہ اونکا خلاف شریعت تھا مگر صاحب کمال تھے جس زمانہ مین ہم بیت اللہ مین گئے اون کے . . . . . پاس آمد و رفت تھی ایک روز ہم نے مولوی محمد یعقوب صاحب سے اونکی تعریف کی مولویصاحب مشتاق ہوکر ہمارے ساتھ اونکے پاس گئے اور توجہ کے مستدعی ہوے چشتی صاحب نے فرمایا کہ مولانا آپ کی ہمت نہین ہی جو میری نظر توجہ کی برداشت کر سکو چند روز آؤ جاؤ تو مضائقہ نہین دیکھا جاویگا مولویصاحب خاندان نقشبندیہ مین فیضیاب تھے کمال متعجب ہوے کہ یہ کیا بات ہی ہم اورونکو توجہ دیتے ہین توجہ لینے کی لایق کیون نہین اصرار کرنے لگے تب شاہ صاحب نے ایک پتھر کی چٹان منگائی اور پیش نظر رکھکر اوسپر نگاہ ڈالی اُسیوقت پاش پاش ہوگئی مولویصاحب گھبرائے اور بولے کہ واقعی میرے وجود مین یہ تاب و طاقت نہین جو ایسی نظر کی گرما گرمی تاثیر کی برداشت کرے ہم نے کہا ہم سمجھ گئے کہ واقعی اپ کی نگاہ جب پتھر پر اسقدر اثر کرتی ہی تو انسانکو کیونکر نہ کندن بناوینگے مگر یہ فرمایے کہ تطہیر القلب ماسوی اللہ بھی آپ کو حاصل ہی یا نہین شاہ صاحب نے فرمایا ہرگز نہین تب ہمنے کہا اگر تطہیر القلب جو مقصود اصلی اور مدعاے خداجوی کا ہی حاصل نہین ہوا تو اس توجہ سے پھر کیا لطف ہے اور تطہیر القلب بے توحید کے ممکن نہین ؎

غیر حق ہر ذرہ کان مقصود تست	تیغ لا بر کش کہ آن معبود تست
ہر کہ او غواص این دریا شود	بادشاہ ملک لا یتناہی شود
گم شد از خود ہر کہ حق را باز یافت	سر او را ہر دو عالم بر نتافت
کار کن کار بگذر از گفتار	کہ بجز کار رحل نشد اسرار

تو او نشوی دے اگر جہد کنی توحید نہ کار آب و خاک ست	جائے برسی کز تو بوئے برخیزد کان در دل صاف جان پاک است

ایکبار فرمایا اگر حصول تیسیر منظور طالب ہے تو کسی عالم و فاضل اور ذی اتقا سے بیعت کرے اور اگر ذوق و شوق کا مادہ طلب ہے تو مشایخ زمانہ مین بہت موجود ہین اور اگر خالص طالب حق ہے تو مردان خدا سے جہان خالی نہین ڈھونڈھے تلاش کرے جہان توفیق آلہی رہبری کرے چلا جاے ہم آزاد مشرب قلندر روش آدمی ہین ہم سے کوی بیعت کرکے کیا حظ اوٹھائیگا ایک بار ایک شخص نے سوال کیا کہ جیسے اہل کمال مرد خدا زمانہ پاستان مین ہوتے تھے اب بھی ہوتی ہین یا نہین ارشاد ہوا کیون نہین ہوتے اب بھی ایک سے ایک اعلی پیدا ہوتا ہے یہ وہ سلسلہ ہے کہ تا قیامت جاری ہیگا کوئی وقت مردان حق سے خالی نہین ہوتا البتہ کثرت قلت کا فرق ہے محنت جسکا سلسلہ توالد و تناسل قطعی مسدود ہے اون سے دنیا خالی نہین رہتی مردان حق سے کیونکر خالی رہیگی مگر جوینده یابنده ہے

سایۂ حق بر سر بندہ بود بانگ مے آید کہ ای طالب بیا ہر کجا دردے دوا آنجا رود پس بہر دوری ولی قایم ست	عاقبت جوینده یابنده بود جود محتاج گدایان چون گدا ہر کجا فقرے نوا آنجا رود تا قیامت آزمایش دایم ست

ایک شخص نے ایکبار عرض کیا کہ میری دانست مین دنیا مین کوی مرد فرد نہین ہے آپنے فرمایا اگر آجکل باشندہ ہندوستان کوی یہہ بات کہے کہ دنیا مین کوی مسلمان بادشاہ نہین دیکھا مگر روم و ایران کے رہنے والے اسبات کو جھوٹ سمجھینگے اور تسلیم نکرینگے اسلیے کہ اونھون نے بچشم خود مسلمان بادشاہ دیکھا ہے ایسا ہی حال ہے جن لوگون نے مردان حق نہین دیکھے اونکے نزدیک دنیا خالی ہے اور جنکو فضل ایزدی نے بہرہ یاب ملاقات کاملین کیا ہے اونکے نزدیک جہان پر ہے اور حقیقت مین جہان کاملین سے کسی وقت خالی نہین مگر لوگ پہچانتے نہین حدیث لا یزال طایفۃ من امتی علی الخیر والحق حتی تقوم الساعۃ ایضاً لا یزال فی امتی سبعون علی خلق ابراھیم

یکم اپریل لکھکا... درستی... (وقت زوال ... شب ...)

ایکبار فرمایا جو لوگ ابتدا سے سلسلہ توحید کے مزہ چش ہوتے ہین اونکی ہی طبیعت راہ پر چلتی ہی ورنہ ایک ایسی وحشت اور خیال اور تلون پیدا ہوتا ہی کہ پریشان ہو جاتے ہین

باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست	در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس
بر ہمہ عالم ہمی تابد سہیل	جاے ابنان می کند جاے ادیم

ایکبار سلوک کے طریقہ کے بارہ مین خاندان چشت کے مجاہدہ کی تعریف فرمای ہی

رو ریاضت کش ارت مانند باز	ورنہ راہ جہیم راہمے ساز
رنج بردار تا شوی بے رنج	رنج مارست خفتہ بر سر گنج

تمثیل ریاضت اور مجاہدہ کی یہ ہی

کرہ را کہ شد سہ سال تمام	رالضش در کند بزیر لگام
کرہ را بر لگام رام کنند	نام او اسپ خوش خرام کنند
بار دیگر ملوک را شاید	بزر و زیورش بیار آید
چون بباید ریاضتے در خور	باشد آن کرہ از خرے کمتر
تلسی کرن مین چھو چھنا گرہی ایک کا کام	نت اوٹھ من سی چھو چھنا تن کہا ہری سنگرام

اس خاندان والونی پندرہ مراتب مقرر کیے ہین بعضون نے اس سے زیادہ اور پانچوان مرتبہ کشف وکرامت کا منجملہ پندرہ مراتب کے ہی اور بعد تزکیہ و تصفیہ آخر مین مردان کامل ایک توجہ خاص دیتے ہین جسکو کان مین پھونکنا مشہور کرتے ہین اوسکی ایسے مثال ہی جیسے تیل بتی چراغ موجود ہو اور آگ سے روشن کر دیا مگر اس توجہ کے واسطہ مرشد کو کمال طالب کو ظرف ضروری ہی حضرت شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کو خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح نے یہ توجہ دی تھی باوا صاحب اوسیوقت بیخود ہو گئے اور باوا صاحب نے سلطان نظام الدین رح کو اس توجہ سے فیضیاب فرمایا مگر سلطانجی بیخود نہوے سلطان جی صاحب بڑے عالی ظرف تھے جو اوسکو ہضم کر گئے تھے اور باوا صاحب نے تین دفعہ توجہ فرمای تاہم بیخود نہوے اور الہام ہوا کہ اگر سو بار تم پھونکوگے تاہم بیخود نہونگے

کاملین کا طریقہ توجہ کا اس قسم کا ہے کہ جیسے مرغی بیضہ کو سیتی ہے جب بیضہ کے اندر اعضا درست ہو کر جان پڑجاتی ہے مرغی چونچ مار کر بیضہ کو توڑ ڈالتی ہے بچہ باہر نکل آتا ہے اسیطرح مردان کامل بوقت بیعت اور تعلیم تخم ریزی فیض باطنی کی طالب کے وجود میں کر دیتے ہیں اور طریقہ ریاضت اور مجاہدہ کا اوسکو تبلا دیتے ہین جب ریاضت کرتے کرتے تزکیہ اور تصفیہ اور تجلیہ ہوجاتا ہے اور شیخ کامل چشم باطن سے دیکھ لیتا ہے کہ اب تصفیہ کامل ہوچکا تب چراغ کی طرح اوسکے بطون کو روشن کر دیتا ہے ایک دفعہ کا التفات فرمانا کافی ہوجاتا ہے اور اگر قبل از تصفیہ کے ایسا کیا جاوے تو طالب متحمل نہین ہوسکتا طریقہ قادریہ مین بھی طالبون سے مجاہدہ اور ریاضت کراتے ہین اور مجاہدہ کرتے کرتے جوبات وجود مین پیدا ہوتی ہے پختہ اور بے زوال ہوتی ہے ہر رگ وپے مین اوسکا اثر طاری ہوتا ہے اور ان دونون خاندانون مین تصور مقام قلب کر کے شغل کرتے ہین اور دونون طریقون کے اکابرین کا قول ہے کہ جب قلب روشن ہوگیا تو اوسکی روشنی سے تمام وجود روشن ہوجاتا ہے قلب بمنزلہ بادشاہ ہے اور دیگر لطایف بمنزلہ رعایا بادشاہ کے تابع ہونے سے رعایا خود تابع ہوجاتی ہے

دل بسریر حضرت سلطان بود — قلب انسان خانۂ رحمان بود
دل محیط سایر ہفت آسمان — سیر دل از این جہان تا آنجہان
امر حق ہر چہ قبول دل شود — بے قبول دل ہمون باطل بود
دل چہ باشد مخزن اسرار حق — جلوہ جان بر سر بازار حق
دل امین بارگاہ محرمی ست — دل اساس بارگاہ آدمی ست
دل پذیرفت انچہ عالم برنتافت — دل بدانست انچہ عقل اندر نیافت
بلبل جانش بباغ حق نشست — شاہ باز معرفت اورا بدست
ملک روحانی و جسمانی درو — وصف شیطانی و رحمانی درو
زورق روح ست در آب حیات — سیر او در فقر دریاے صفات
روے دل چون صیقلی شد بیگمان — عکس انوار ازل بینی عیان

حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین

فالسِّرُّ ہو الملکُ والقلبُ وزیرہ والنفسُ و

سر بادشاہ ہے اور قلب اوسکا وزیر نفس

واللسانُ والجوارحُ خدمٌ بین ایدیہما

زبان اور تمام اعضا خادم ہین اونکے یعنی دونون ہاتھون کے درمیان یعنی سر اور قلب کے ہاتھون مین خادم ہین

اور یہہ بھی ارشاد ہے

الذکرُ ذکرُ القلبِ والسرِّ ثمّ

ذکر ذکر قلب کا اور سر کا پھر

ذکرُ اللسان اور حدیث قدسی ہے

ذکر زبان کا

جعلتُ فی النفسِ طریقُ الراغبین وجعلتُ فی القلبِ طریقُ

کیا مینے بیچ نفس کے رستہ راغبین کا اور کیا مینے دل مین رستہ


الزاہدین وجعلتُ فی الروحِ طریقِ العارفین

زاہدین کا اور کیا مینے روح مین رستہ عارفین کا

شریعت راہ تن آرد بطاعت	طریقت راہ دل شد با قناعت
حقیقت راہ دان سر نہانست	درونش راز و دل بیرون جہانست

اور خاندان نقشبندیہ مین لطائف ستہ سی ذکر شغل کرتے ہین اور اس طریقہ کے بزرگون کا یہہ قول ہی کہ پہلے رعایا کو تابع کرنا چاہیے رعایا کے تابع ہونیسے بادشاہ بھی تابع ہو جاتا ہی لطایف ستہ سب خاندانون مین ہین الا دوایر کا طریقہ جیسے حضرت مجدد صاحب کے سلسلہ مین رائج ہے اورون مین نہین ہے

یہ دوائر مصطلحہ مقامات طریقہ متبرکہ بزرگان خاندان نقشبندیہ رحمہم اللہ میں جنکا رواج حضرت مجدد صاحب سے ہے



خاندان نقشبندیہ مین پیر مرید کے ساتھ نہایت محنت کرتا ہی یعنی ہمہ تن اپنی توجہ سے مرید کی طبیعت کو اصلاح پر لاتا ہی سب کچھ پیرون کی توجہ سے اُن کے مریدون کے وجود مین فیض و برکت پیدا ہو جاتی ہی۔ نسبت دو قسم کی ہوتی ہی صفاتی ذاتی نسبت صفاتی کا قیام کسب پر موقوف ہی اور اوسکا وصول بھی کسب سے ہوتا ہی نسبت ذاتی قائم بالذات ہی اوسکا حصول فضل پر اور قیام دوام کو ایکبار جناب مولوی شیخ نیاز علی صاحب رح رئیس میرٹھ نے جو طریقہ نقشبندیہ مین جناب تقدس مآب حضرت حبیب اللہ شاہ صاحب رح کے مرید اور حضرت قبلہ و کعبہ کے پیر بھائی تھے حضرت کی خدمت مین ایک خط لکھا او مولانا حضرت قبلہ جو ذاکر شاغل ہی اور داخل سلسلہ طریقت سی سنا ہی کہ اوسکا خاتمہ بخیر ہی لیکن جائے افسوس ہی کہ مجھ مین اب کسی قسم کا سرور اور کیف باقی نہین رہا اور شاہ صاحب قبلہ رح فرمایا کرتے تھے کہ تیرے وجود مین تین نسبتون کا اثر ہی ایک محمدیہ جناب فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسری علوی حضرت مظہر العجائب اسد اللہ الغالب علی کرم اللہ وجہہ کا تیسری غوثیہ جناب خلیفہ اللہ قطب العالم سید محی الدین عبد القادر جیلانی رحمت اللہ علیہ کا اب فرمائے وہ نسبتین کہان گئین اور بے کیفی کیون ہوئی حضور نے درجواب اوس خط کے ارقام فرمایا۔ مولانا صاحب نسبتین صفاتی سب کسبی ہوتی ہین جب تک کسب کی مزاولت ہی سب نسبتین حاضر او رموجود رہین جب کسب موقوف ہوا سب ضعیف ہو گئین نسبت ذاتی وجود بشر مین ہمیشہ موجود رہتی ہی خواہ کوئی کسب کرے یا نکرے مگر نسبت ذاتی کا قیام کسیکو رنج کے ساتھ ہوتا ہی کسیکو خوشی کی ساتھ اور رنج و راحت ہماری سمجھ کے موافق ہی آپ شکر کیجیے نسبت ذاتی کا غلبہ ہو گیا اور صفاتی نسبتین اوسنے چھپا دین جو بات اور جو نسبت کہ اندنون آپ کو حاصل ہی یہی خاتمہ بخیر کا نشان ہی ایکبار فرمایا شیخ عطار صاحب نے جو منطق الطیر مین سات وادی مقرر کیے ہین یہ تعلیم اور صورت کی ہی طلب۔ عشق۔ معرفت۔ استغنا۔ توحید۔ حیرت۔ فقر و فنا اور کسینے یہ طریقہ بیان نہین کیا مولانائے روم رحمت اللہ علیہ ؎

ہفت بحر عشق را عطار دید	من ہنوز اندر خم یک کوچہ ام

طالبان راہ سے کوئی ایسا شہباز بلند پرواز ہوتا ہی کہ جسکا عبور ان مقامات پر ہو ورنہ کوئی عشق مین

اور کوئی کسی اور مقام میں رہ جاتا ہے کہ جس مقام کا جس پر غلبہ ہو گیا وہیں اس کا قیام ہو گیا شیخ [illegible]
حضرت علیہ الرحمہ عالی ظرف و کامل الطلب تھے کہ ان کا سب مقامات سے گذر ہوا اور کسی [illegible]
[illegible] میں کہ جب [illegible] ہے شخص کی [illegible] گذر [illegible]
[illegible] کے مقام فنا تک پہنچا وہ بقا وصل حاصل کرے

ای بسا بودہ مردان اختیار	ہم چنین از وصل شد صد ہزار
در ریاضت نفس خود را سوختند	دیدہ از نفس [illegible] روشن شدند
بعد مردان از مروفنا نی شدند	در بقائے حق ز حق باقی شدند
اندرین رہ کاملی با [illegible] گرفت	تا شدہ خواص ذات [illegible]
صد ہزاران خلق حیران ماندہ اند	اندرین رہ نارو گرین ماندہ اند

طالبوں کی کیفیت رنگارنگ ہے

تو سے بعد جہد شنا [illegible] وصل دوست	تو سے دگر [illegible] بتقدیرے کند
سر اگر [illegible] وفات خود سے آید	[illegible] رواست خود سے آید
بیہودہ [illegible] سے گردی	بنشین اگر [illegible] دست خود سے آید

یعنی ارشاد ہوتا تھا جو لوگ طالب حق ہیں در طلب صادق ہیں [illegible]
از نفس کے [illegible] ہیں [illegible] اشعار

عمر [illegible] آن دولت شدہ	سالہا مشتاق آن دولت شدہ
بیکسی [illegible] شد نصیب	شد تجلی ہمچو خورشید [illegible]
یک نفس بے یاد [illegible] گذاشتند	خوش علم بر فلک افراشتند
یاد حق مردان [illegible] دوست	جسم شان [illegible]
گر تو [illegible] خدا باشی مدام	نے [illegible] جان [illegible]
آفتابے ہست پنہان زیر ابر	گنبد [illegible] ہمچو [illegible]

فائدہ و عام کوئی ایسا بھی ہوا کہ جو حجاب فیضان ہو بعض ایسے بچے کو ایک حجت فیضان ہے اور [illegible]
اور فیوضات کا اثر تھا اور وہ گر فیضان سے محجوب ہو کر حالت میں فرق گیا نقل ایک سالک
ایک بزرگ کی خدمت میں جایا کرتے تھے ایک روز سالک نے عرض کیا کہ میرے حال پر بھی توجہ
فرمائیے بزرگ نے جو چشم باطن سے اسکی طرف دیکھا دیکھتے ہی وقت ایسی صفائی اور تجلیات کے
وہ ان میں پیدا ہو گئی کہ جو بیان کرنے کا حال اور ہر جانب ہونے لگا سب کاروبار چھوڑ کر اور گھر میں
بیٹھ رہا جب وہ سکتے میں ورثہ اور عزیز و اقارب کو خبر ہوئی سب جمع ہو کر بزرگ کی خدمت میں آئے اور
بہت شکایت وا ویلا کی کہ ہماری بھی اوقات بسری اسکی ذکری سے ہوتی تھی جب زیادہ تنگ و دق
کیا تو بزرگ نے اوس کیفیت کو سلب کر لیا اور فرمایا کہ جاؤ اب وہ پہلا سا حال جاتا رہا مگر تمام عمر وہ کہا کرتا
اے اور وہ حالت بے بہا کے جانے کا افسوس کیا کرتے تھے ایک عزیز کا حال [illegible] تھا
اوسکا انتقال ہو گیا از راہ گشت اوسکو معلوم ہو گیا کہ وہ مر گیا جب [illegible] کا ذکر کیا اور [illegible]
[illegible] بھی وہ بات حاصل نہ ہوئی افسوس کیا کرتے ہو وقت [illegible] کہ جیسے شخص [illegible]
[illegible] اوسکو نکال بیٹھے [illegible] شخص [illegible]
جس [illegible] صرف فیضان اور خدا تعالی ہو جاتے ہیں شعر

او رہا و حق راکہ رو زبانست		این راہ و زبان ہمہ زبانست	

نقل [illegible] ایک شخص ایک بزرگ کے پاس تائب ہو کر گیا بزرگ نے اوس کو [illegible]
شوق خدا کا [illegible] التفات [illegible] اوسکے قلب کو آئینہ تجلی بنا دیا [illegible]
[illegible] سب کچھ نظر آتا تھا [illegible] حجاب [illegible]
[illegible] سال تک [illegible] پانچ سال ہو گیا [illegible]
[illegible] بزرگ کی صحبت میں [illegible]
[illegible]
[illegible] مقصود ہوتے ہیں

جد وجہد اینجا بباید سالہا	تا کہ اینجا قلب گردد حالہا
ذکر موے دوستے باشد عظیم	نے بدست آید ز گنج مال وسیم
ہر کہ حق را خواست حق او را بخواست	شوق موے بہترین کیمیاست
ہر کسے کو مائل یاد خداست	خاک راہش طوطیای چشم ماست

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ہر طالب صادق پر ضرور ایک روز فضل فرماتا ہے خواہ جلد خواہ بدیر

مے باید بود مردمے باید بود	سر تا بقدم بدردمے باید بود
دایم سبقے زعشق مے باید خواند	در کوچہ دوست گردمے باید بود

ف طالب کی عادت جہد سے پڑنا اور اوسے بے عملی ناگوار ہونا

ایکروز زبان صدق بیان سے سنا گیا کہ جسطرح کہار بلا بوجہ کے رستہ بآسانی طے نہین کرسکتا اور تیز نہین چلسکتا ایسے ہی طالب کا حال ہے کہ بلا جد وجہد کامل سے سلوک طے نہین ہوتا ہے اور بغیر ذکر وشغل کے قلب مردہ کہلاتا ہے جناب غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین مَوْتُ الْقُلُوْبِ الْغَفْلَۃُ عَنِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَعَنْ ذِکْرِہٖ **نقل** ایکبار ہم سنبھل سے مرادآباد کو جاتے تھے چند کہار ملے کہ اونکے پاس کوی بوجہ نہ تھا ہمسے بولے میانصاحب اپنا اسباب وغیرہ ہمکو دیدو تاکہ ہم بھنگہ مین رکھلین ہمنے انکار کردیا لَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ناچار اونھون نے دوچار [illegible] رستہ سے اوٹھالیے اور اپنے بھنگہ مین رکھ لیے اور بہ تیز رفتاری چلدیے ہم سمجھ گئے کہ بیشک یہ عادی اسی بات کے تھے ایسے ہی جو طالب جد وجہد کے عادی ہو جاتے ہین انکو بلا جہد کے لطف نہین آسکتا

در رہ حق درگذر از خانمان	تا بیابی خانہ دار الامان
اندرین معنی بکن کوشش بجان	تا ز چشم تو توئی گردد نہان
عارفانہ جہد کن در کار دل	تا بیابی قربت دلدار دل
سالکان را جہد باید دائما	تا نماند در نظر غیر از خدا
انبیا واولیا این کردہ اند	نخل حق در باغ دل پروردہ اند

جهد را یک اثرے خاص بود — داند آن کو کہ باخلاص بود
جهد جاہد کہ پے حق باشد — ہر حجابے کہ بود شق باشد
جهد کن جهد ز ہستی بگذر — از خود یہا بدرستی بگذر
جهد کن تا حالت الا نہ شود — منزلت سر کما کا نہ بود
جهد کن تا صحبت روح ای دنی — غالب آید بر دلت از یکدلی
اگر میکشی بار فیلان در آے — وگرنہ محبان جو اشتر در آے
گر آہنگ این بحر داری درست — بکام نہنگ ست گام نخست
گل باغ جوی ز بن خار گیر — سر گنج داری دم مار گیر
چو پروانہ آنکس کہ سوزندہ نیست — برو شمع معنی فروزندہ نیست

عوام الناس کا وجود روح پر غالب رہتا ہی اور روح مغلوب ہوتی ہی اور خاصان خدا جو ریاضت اور مجاہدہ کرتے ہین مجاہدہ کرتے کرتے روح اونکی وجود پر غالب ہو جاتی ہی اور وجود مغلوب ہوجاتا ہی اور روح کے غالب ہونے سے وجود بھی ایسا لطیف ہو جاتا ہی اگر اونکی کمر مین کمر بند ڈالکر نکالو تو نکلجاتا ہی جب ولی اس مقام پر پہونچتا ہی تو نعرہ ارواحنا اجسادنا کا بلند کرتا ہی بعض اس سے نزول کرتے ہین اور بعض اس مقام پر قرار پکڑ جاتے ہین جیسے الیاس علیہ السلام اس مقام مین مستقر ہین کہ جسم کے ساتھ زندہ ہین اور صفت روحانیت رکھتے ہین سالک بلیغ جہانتک ہوسکے تعلقات سے پاک ہو کر سعی کرے بے رنج گنج کا حاصل ہونا محال ہی اور گنج کوئی سوا توحید کے نہین

درین رہ ہر درا تجرید و تفرید — بباید تا کشاید کار توحید
نخستین ہر درا تجرید باید — ز دون حق بدل تفرید باید

نقل حضرت بایزید بسطامی رحمت اللہ علیہ کے پاس کوئی آیا اور اوسنے کہا فلان شی کی مجلکو حساب کے سمجھنے کی ضرورت ہی ذرا آپ گن کر سمجھا دیجیے جسقدر اعداد بہ کثرت اوسنے بیان کیے آپنے سب کا مجموعہ ایک بتایا اوسنے عرض کیا یہ کیا حساب ہی آپنے فرمایا مجکو سوا ایک کے کچھ نہین آتا

در ہر چہ نظر کنی بہ تحقیق در چشم یقین بجز یکے نیست	جز نور رخ تو نیست منظور احول کہ دو دید ہست معذور

روح کو کارخانہ محبت سے دو صفت عطا ہوئی ہین ایک بندگی دوسری ازادی بندگی حقیقت فقر ہی اور آزادی حقیقت تصوف جسکو یہہ دونو حاصل نہین ہین وہ صفوت سے محروم ہے بندگی معرفت نفس ہے اور بے معرفت نفس فقر سے آگاہی محال آزادی معرفت حق ہی بی معرفت تصوف کیا بے ان دونو کے یگانگی و یکتائی کا حصول دشوار

چون تو در نفس خود زبون باشی	عارف کردگار چون باشی

عارف حق وہی ہی کہ دنیا کی گرد اوسکے گرد نہ آوے اور مایہ عافیت اوسکا سرمایہ نہو ۵

ما روے ترا قبلہ جان ساختہ ایم در اصل سمند ما چنان دور دوست	ہر نطمع غمت ہر دو جہان باختہ ایم گر کون و مکان بیشتر ک تاختہ ایم

نقل ایک آزاد مشرب قلندر صورت کسی شہر مین گشت کر رہے تھے ناگاہ اونکی نگاہ ایک مکان کے بام پر سا ہوے ایک حور طلعت زیبا منظر پری دیدار کو دیکھا کہ لب بام جلوہ افروز ہی دیکھتے ہی دل مضطرب ہوا ناگاہ چار ہوتی ہی ہوش و حواس مین خلل آیا ہمت ناچار ہوی صبر نے الوداع کیا گھبرا کر بیٹھ گیا اور سر زانو پر رکھکر سوچا کہ عاشقان ذات کو ایک ذرا سی صنعت پر ایسا مشغوف ہونا اور اپنے قابو سے جاتا رہنا خلاف طلب و عشق ذات ہی طالب ذات کو ہمہ تن اپنے معشوق حقیقی کی طرف متوجہ رہنا چاہیے ۵

نہ بادم تا بہر کوے درآیم نہ آن مرغم کہ گردم صید ہر دام نہ آن خاکم کہ افتم زیر پاے توی مقصود گر مشغول غیرم	نہ ابرم تا بہر سوے درآیم نہ آن بحرم کہ گیرم باخس آرام نہ آن آبم کہ رو آرم بہر جاے توی معبود گر نزدیک دیرم

اسی خیال مین تھا کہ نالہ و بکا کی صدا اوس مکان سے بلند ہوی اور ایک شخص خبر لایا کہ اس

مکان مین ایک بت چہاردہ سالہ دشمن ایمان عالم تھی مرگ مفاجات نے اوسکو ہلاک کیا اور اوسکا ماہ حسن خسوف مین آیا درویش ہنسا اور بولا ؎

بس نیرنگ ست یار دلخواہ ایدل	قانع نشوی برنگ ناگاہ ایدل
اصل ہمہ رنگ ہا ازان بیرنگ ست	من احسن صبغۃ صبغۃ اللہ ایدل

سچ ہی عشق حقیقی جس دل کے اندر پرتو افگن ہوتا ہی اوسمین کسیکے عشق اور محبت کی کچھ گنجایش نہین رہتی جب بے رنگی رنگ دکھاوے تب سب جھگڑا چھانٹا جاوے ؎

عشق تو نظر بہر کہ افگند	از نیک و بدش برید پیوند
دل خانہ صبر اساس میکرد	ان قاعدہ را غم تو بر کند
آن مرغ کہ از تو دانہ یافت	دشوار شود اسیر بر بند
بلبل چو نسیم گل بیابد	در سایہ خار نیست خورسند

عاشقان ذات سوائے ذات اور کسیکے طالب نہین ہوتے اگر اتفاقاً کوی وسوسہ یا خدشہ کبھی طبیعت مین آیا ہی تو اوسیوقت رفع ہو جاتا ہی اور ذکر مدام اور فکر تمام کے سوا کوئی اونکا محرم اور ہمراز نہین ہوتا

بو العجب صورتیست صورت عشق	چار مصحف ز وی یک آیت نیست
عشق را بو حنیفہ درس نگفت	شافعی را درو روایت نیست
مالک از کان عشق بی خبر ست	حنبلی را درو حکایت نیست

دیوانگان عشق اور پروانگان شمع بے تعداد ہین مگر شرف یابان جمال اور سیراب لبان وصال بہت کم ؎

مرغیکہ درین بحر گذر دارد کو   وان قطرہ کہ از قعر خبر دارد کو

حدیث اِذَا عَرَفْتَ ظَاهِرَ الْعِشْقِ فَعَلَيْكَ بِالْفَنَاءِ عَنِ الْعِشْقِ كَانَ الْعِشْقِ حِجَابًا بَيْنَ الْعَاشِقِ وَالْمَعْشُوْقِ ؎

نہان اندر نہان اندر جمالش	بگوش دل کند فہم کمالش
توی عاشق بظاہر در طریقت	توی معشوق باطن در حقیقت

نهان در خویش بیند آشکارا / شود عاشق بروے خود نگارا
چو عاشق گشت والله بے معشوق / نداند او نشان جز کوے معشوق

ایک شخص نے جناب قبلہ و کعبہ سے مُوتُوا قبلَ اَن تَمُوتُوا کے معنی دریافت کیے ارشاد ہوا کہ حقیقت اور ماہیت اس حالت کی بدون حصول حالت بی حالت کی انسان ظلوم و جہول پر منکشف نہین ہو سکتی معنی اس رمز کے ظاہر ہین مگر بے حصول حالت کے اسکا سمجھ مین انا محالات سے ہی اگر نابینا کے سامنے سرخ سبز زرد رنگونکی کوی بیان کرے سوائے نام کے وہ نابینا کیا سن سکتا ہی اور کیا سمجھ سکتا ہی پس موت فی الحقیقت حیات ہی موت نہین ہی ۔

بهر آن گفت آن رسول خوش پیام / رمز موتوا قبل موتوا اے کرام
مرگ دان کان اتفاق امت ست / کاب حیوان درون ظلمت ست
نے چنان مرگ که در گوری روی / مرگ تبدیلی که در نوری روی
مرده شو تا یخرج الحی الصمد / زنده زین مرده بیرون آورد
چون بمردی تو ز اوصاف بشر / بحر اسرارت نهد بر فرق سر
آب دریا مرده را بر سر نهد / ور بود زنده ز دریا کے رهد
محو مے باید نه نحو اینجا بدان / گر تو محوی بے خطر در آب ران
بے حجاب ما بدان ای ذولباب / مرگ را بگزین و بردار این حجاب
غیر مردن نیست فرهنگے دگر / وز بگیرد با خدائے حیله گر
سر موتوا قبل موتوا این بود / کز پس مردن غنیمت ها رسد

انتقال اور غیر انتقال روح کا فرق ہی ظاہری موت مین انتقال روح ہوتا ہی اور باطنی موت مین انتقال روح نہین ہوتا باطنی موت کی مثال ایسی ہی جیسے کوئی خواب مین خواب دیکھے اور یاد رکھے ظاہری موت مین یہہ بات حاصل نہین ہوتی اور اوسکا حصول ابعد ادراک اور انکشاف جہد و فقر پر موقوف ہی ۔

بمیر از خویش تا یابی رهائی / که پیوند تو آمد این جدائی

پاک شو از خویش ہمہ خاک شو — تا کہ ز خاک تو بروید گیاہ
در چو گیا خشک شوی خوش بسوز — تا کہ ز سوز تو فروزد گیاہ
ور شوی از سوز تو خاکستری — باشد خاکستر تو کیمیا
ہم مٹ گئے تو صورت ہستی نظر پڑی — ویران جو آپ ہو گئے ہستی نظر پڑی
دیکھا تو خاکساری ہی عالی مقام ہے — جوں جوں بلند ہم ہوئے پستی نظر پڑی

استقلال اور مواظبت ذکر و فکر ضروری ہی جب راہ رو صادق باستقلال تمام جد و جہد مالا کلام اپنے کام مین لگا رہتا ہی تو ایکدن باغ وصال اور جام حصول سے ضرور شاد کام ہوتا ہی لیکن بے تقدیر کچھ نہین ہوتا ایکبار ایک شخص کو حضرت قبلہ و کعبہ نے ایک ورد کسی مدعا کے لیے تعلیم فرمایا اوسنے چندروز کے بعد شکایت کی کہ ابھی تک کوی ظہور نہین ہوا آپنے فرمایا **نقل** حضرت موسی علیہ السلام کوہ طور کو تشریف لیے جاتے تھے راہ مین اونکو تین شخص ملے ایک لڑکا اور دو اسکے ماں اور باپ اونھون نے حضرت موسی علیہ السلام سے استدعا کی کہ یا نبی اللہ ہماری طرف سے جناب باری مین یہہ عرض کرنا کہ جسقدر ہماری قسمت کا رزق ہی ایک دفعہ ہمکو سب دیدے تا کہ ایکبار ہم سیر ہو جاوین اب تنگدستی کے ہاتھ سے نہایت تنگ آگئے ہین موسی علیہ السلام نے وعدہ کیا اور کوہ طور پر جاکر عرض و معروض کی بعد اونکا پیام پیش کیا حکم ہوا یا موسی جیسا اونکی تقدیر مین روز ازل لکھا گیا اوسکا ظہور ہو رہا ہی اونسے کہو کہ نوشتہ ازل پر صابر و صامت رہین موسی علیہ السلام نے پھر عرض کیا کہ یا رب العزت کچھ تو اونکے واسطہ ہونا چاہیئے حکم ہوا اچھا ایک ایک دعا اونکی جو جو مانگی مستجاب ہوگی اونسے کہدو کہ اپنی حسرت دل نکالین حضرت کلیم اللہ نے پھر مژدہ ان تمنائیون کو جاکر سنایا عورت نے پہلے دعا مانگی کہ خدایا مجکو کمال حسن و جمال عطا کر اوسیوقت ماہ دو ہفتہ بن گئی ایک امیر شکار کھیلتا ہوا اوسطرف آنکلا دیکھتے ہی غش کر گیا اور زبردستی اوسکو اپنے ہمراہ لے گیا جب شوہر نے دیکھا کہ مفت عورت گئی اوسنے دعا مانگی خدایا میری عورت ایسی بد صورت ہو جاے کہ جسکے سبب امیر اوسکو نکال دیوے اور اوسکی عصمت مین فرق نہ آوے اوسیوقت عورت بدہیت ہو گئی اور امیر نے گھر پر پہونچکر جو دیکھا تو خادمون سے کہا کہ اسکو جہان سے لاے ہو

وہین پہونچا دو جب وہان عورت آپہونچی تو اوسکی بدصورتی سے بیٹا مغموم ہوا اوسنے دعا کی کہ خدایا جیسی میری مان تھی ویسی ہی ہوجاوے اسوقت حالت اصلی مین آگئی العرض موسی علیہ السلام کی سفارش بھی مقبول سرکار ہوئی اور اونکی دعائین بھی مستجاب ہوئین مگر سرکاری مرضی مین کچھ فرق نہ آیا۔

گر زمین را باسمان دوزی	ندہندت زیادہ از روزی
لاکھ سیانپت کو ڑ بڈھ کر دیکھو سب کوے	ان ہونی ہونی نہین ہونی ہوی سو ہوے

طالب مستقل مزاج اور پختہ کار کم ہوتے ہین کہ اول سے آخر تک برابر جد و جہد کرتے ہین ورنہ اکثر ایسے ہوتے ہین کہ چند روز کچھ ذکر و شغل کیا اگر اونکی مرضی کے موافق کچھ ظہور ذوق و شوق وغیرہ کا ہوا تب تو آیندہ کو بھی کرتے رہے ورنہ چھوڑ دیا بعض ایسے ہوتے ہین کہ جیسے سنگ و آہن مین آگ پیدا ہوتی ہے اسیطرح آتش شوق اونکی اندر پیدا ہوئی اور بجھ گئی

اے بسا آتشے کہ ناگہ جست	پرورش چون نیافت زود نشست
شررے را کہ جست ز آہن و سنگ	بے فروزینہ مشکل ست درنگ
وز فروزینہ چون مدد یابد	بہرہ از لقائے خود یابد
ور تو با وے ہمہ اش دہی پیوند	شعلہ گردد بقدر ہمہ بلند
تا بجدیکہ عالمے افروزد	ہرچہ یابد ز خشک و تر سوزد
گرد انسان زمانہ او روز	کہ نماند نشان نورش مقدور
ہمچنین جذبہ کز درون خیزد	بگریبان جان در آویزد
گرچہ باشد ضعیف و زود زوال	یابد از تربیت جمال و کمال

ایکبار حضرت قبلہ نے مولوی قلندر علی رئیس پانی پت کو یا بدیع العجائب بالخیر پڑھنے کو بتایا اور یہ قید لگائی کہ جب تک مدعا پورا ہووے اوسکو پڑھتے رہو عورت سے پرہیز رکھنا چند روز کے بعد اونھون نے بے پیری شروع کردی اور پھر عدم حصول مدعا کی شکایت حضور سے کی آپنے پوچھا کہ مولوی صاحب تمام عمر آپ کو نماز روزہ و کلمہ کے ادا کرنے مین گذری اسکا کیا ظہور آپنے دیکھا ہی مولویصاحب نے

عرض کیا ابھی تو کچھ ظہور نہین ہوا فرمایا افسوس کا مقام ہی جسکو کرتے ہوے ایک عمر تمام ہوی اوسکی ناکامی کا غم نہین اور ایک وظیفہ کی ناکامی سے باوجود قطعی قید و پرہیز کے غم ہی سمجھنا چاہیے مرد کا کام عورت سے جماع کرنا ہی نہ حمل رکھ دینا اور حمل کا رہنا اور نہ رہنا خدا تعالی کے قبضہ قدرت مین ہی ہمارا کام بتا دینا تھا سو ہمنے تمکو بتلا دیا اثر ہونا یا نہونا ہمارے قبضہ مین نہین اگر باستقلال و مواظبت چندے صبر کروگے جو ظہور ہونا ہی ہوگا حق پر توکل اور بھروسا رکھنا چاہیے ؎

خدا ہرچہ خواہد کند بندہ باش		رضا پیش گیر و سر افگندہ باش	
از لطف تو ہیچ خستہ بے برگ نماند		وز جوے تو ہیچ تشنہ بی آب نرفت	
چون برق شد از غم تو ہر دم نقسم		بے نعرہ چون رعد ندیدست کسم	
سرگشتہ چو ابر میروم گرد جہان		باشد کہ بدریاے وصالت برسم	
از لطف تو ہیچ بندہ نومید نشد		مقبول تو جز قبول جاوید نشد	
لطفت بکدام ذرہ پیوست دمے		کان ذرہ بہ از ہزار خورشید نشد	

ایکبار ارشاد ہوا کہ طالب دو قسم کے ہمارے پاس آتے ہین ایک طالب طریق دوسرے طالب حق جو طالب حق ہین اونکو استقلال لازمی ہی۔ ایکبار عوام مین سے ایک شخص نے اسرار دریافت کرنا چاہا فرمایا ؎

اسرار حقیقت نشود حل بہ سوال		نے نیز بدر باختن نعمت و مال	
تا جان نکنی خون نخوری پنجہ سال		از قال ترا رہ نہ نمایند بحال	
حدیث از مطرب و مے گو و راز دہر کمتر جو		کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت این معما را	

راز و اسرار کا اظہار خلاف طریقت ہی سینہ کے بات سینہ مین رکھنی بہتر ہی اگر از راہ باطن کوئی بات کسی پر منکشف ہو تو ہم سے بھی اوسکا بیان کرنا نہ چاہیے شیخ سے زیادہ کوئی طالب کے واسطے غمخوار اور رازدان نہین ہوتا مگر اسرار الٰہی اگر شیخ سے درپردہ رکھنی چاہئین تو مناسب ہی ؎

جملہ علت بگوے راز مگو		وانچہ بشنیدۂ تو باز مگو	
راز در دل چو مرغ دانہ بود		راز بر دل چو دود خانہ بود	

باقوی گوے از بگوے راز	زانکہ باشد قوی ضعیف آواز
از دفتر عشق حرف میخوان و مگو	وین مرکب راہ وار میران و مگو
خواہی کہ دل و دیدہ سلامت ببری	مے بین و مکن ظاہر و میدان و مگو

اسرارات الٰہی گوناگون منکشف ہوتے ہین اور مختلف ہوتے ہین جو ایک پر مکشوف ہوتے ہین وہ دوسرے پر نہین ہوتی اسرارات الٰہی ہین یہان تک فرق و تفاوت ہوتا ہی کہ جو مرید کا معاملہ خدا سے ہوتا ہی اوسکی خبر پیر کو بھی اکثر اوقات نہین ہوتی باوجودیکہ مرید پیر سے تربیت اور تعلیم پاتا ہی اور بعد طی سلوک مرتبہ وصول کو پہونچتا ہی اور ایسا ہی پیر کے ساتھ خدا کا معاملہ راز و نیاز کا ہوتا ہی کہ اوسکی خبر مرید کو نہین ہوتی غرض کہ کشف رموز اور اسرارات کا اچھا نہین ہی ؎

لب بہ بند از بیان کشف رموز	کہ بسے صف زاحقان انجاست
پیش نا اہل کشف کردن سر	عاقلان را کفایت از ایماست

طالب دو قسم کے ہین ایک ایسے عالی حوصلہ اور عالی ظرف ہین کہ جو کچھ اونکو فیض و فائدہ کسی بزرگ سے ہوتا ہی یا اونکے وجود مین حالات واردات ظاہر ہوتے ہین سب کو ہضم کر جاتے ہین اور جو اسرار الٰہی اوپر منکشف ہوتے ہین اوسکو زبان پر نہین لاتے اور جو تنگ ظرف ہین ذرا سا فیض فائدہ کسی بزرگ سے جہان اونکو ہوا یا کوی اسرار اونپر کھلا جامہ سے باہر ہو جاتے ہین جیسے تابہ آہنی گرم پر جسوقت چند قطرہ آب پڑتے ہین تو چڑچڑ کی آواز آنے لگتی ہی اور اوسکو افشا کرتے ہین ہر طرح سے ضبط کرنا اور چھپانا راز کا بہتر ہی اور حضرت خواجہ قطب الدین رح فرماتے ہین کہ بعض اولیا اللہ جو اسرار کو ظاہر کرتے ہین وہ تجلیات شوق مین از راہ سکر کہتے ہین اور بعض کامل حال ایسے ہوتے ہین کہ وہ اسرار دوست کو ظاہر نہین کرتے ۱۵ اور نیز فرمایا کہ کئی سال تک ہم خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین آے کبھی اسرار دوست اونکی زبان پر نہ آیا کامل حال وہی لوگ ہوتے ہین کہ ابتدا مین سر دوست کو کشف نکرین تاکہ اور اسرار سے واقف ہون ؎

در بارگاہ حضرت سلطان سخن مگو	در کوے اختیار بدست زبان مدہ

از دل بپرس هرچه بگوید همان بگو	تا مشورت بدل بکنی دل بدان بده
دل هم اگر ز بادهٔ توحید مست شد	هشیار باش ور کف دل همعنان بده
بیرون در بخلق بر آئین خلق باش	کس را بسوی راز درونی نشان بده
صد سر درین رہ از پی یک حرف می رود	خاموش باش هان سرخود رایگان بده

دن رات یاد و لبود ذوق سوق حق مین بسر کرو بے خوف دوزخ اور بلا تمناے بہشت طاعت عبادت خالص طور پر کرو

هر آن کو غافل از وی یکزمان ست	در آن دم کافرست اما نهان ست
نزد اهل دل بود دین کاستن	بر عبادت تا مزد از حق خواستن
رو حدیث ما عبدناک ای فقیر	از کلام شاه مردان یاد گیر
چشم بر اجر عمل از کوری ست	طاعت از بهر طمع مزدوری ست

نہ سواے ذات حق کسیکی طرف توجہ کرو نہ کسیکے دل مین محبت رکھو جو کچھ مانگنا ہو اوس سے مانگو ہر کام مین ہر معاملہ مین اوس پر بھروسا صادق کرو طاعت عبادت مین خلوص مد نظر رکھو

مقصود دل عاشق شیدا همه اودان	مقصود تن وامق و عذرا همه اودان
بینائی هر دیدهٔ بینا همه او بین	زیبائی هر چهرهٔ زیبا همه اودان
یاری دہ محنت زده مشناس جز او را	فریاد رس بیکس و تنها همه اودان
در سینه هر غم زده ظاهر همه او بین	در دیدهٔ هر دل شده پیدا همه اودان
هر چیز که دانی همه زودان که همه اوست	یا هیچ مدان هر دو جهان با همه اودان
مخلص می باش حق گزاری اینست	نیکی می ورز خیر جاری این ست
جز حق مپرست و بر کسے دیده مبند	تفسیر کلام رستگاری اینست

اور از راه جد و جهد توحید پر استقلال اور استقامت اور یک سوئی حاصل کرو

آنانکه ره عالم توحید بدیدند	بیهوش سوے عالم توحید دویدند

درعشق چو دیدند همه معنی اثبات — اثبات نماندند همه نفی گزیدند

ایکبار فرمایا کہ ہمارے والد ماجد سید احمد علی صاحب رحمت اللہ علیہ نے نصیحت فرمائی اگر جان جاتی ہو اور مال کے دیڈالنے سے بچ جاے تو مال کوی چیز نہین دیڈالے اور جان کو بچالے اور اگر ابرو جاتی ہو اور جان و مال دونوکی صرف کرنے سے ابرو بچ جاے تو آبرو کا بچانا ضروری ہی دونوکو صرف کرے اور آبرو کو بچاے اور قایم رکھے اور اگر جان اور مال اور ابرو سب مٹ جاے اور خدا کا وصال نصیب ہو تو سبکو خدا کے حصول پر تصدق کرے ؎

دھن دے جیکو راکھیے جی دے رکھیے لاج — جیو لاج دھن دیجیے ایک پریت کی کاج
سالکانے کہ قدم در رہ جانانہ زدند — پشت پا بر فلک از ہمت مردانہ زدند
نقد جان کردن نثار یار دشوار است و بس — کے دہد ہر شمع چون پروانہ جانرا ہر کس
جان چہ باشد پیش جانان صد ہزار — جان بے جانان کجا آید بکار
اہل ہمت جان و تن در باختند — سالہا با سوختن در ساختند
زندہ دل باید درین رہ صد ہزار — تا کند در ہر نفس صد جان نثار

اور جہان رہو ہر حال مین اور ہر لباس مین باخدا رہو ؎

نمی گویم کہ از عالم جدا باش — بہر جاے کہ باشی باخدا باش
اے گدا ہر جا نشینی باخدا دیوانہ باش — خواہ در مسجد نشین و خواہ در بتخانہ باش

اور اگر ذکر شغل کے کرنے سے طبیعت تنگ آے اور ذوق شوق حق قلب مین نہو تب بھی کیے جاؤ چکی چلاے جاؤ کچھ نہ کچھ دال دلیا ہوی رہیگا ؎

رام نام لیت رہو جب لگ گھٹ مین پران — کبھی تو دین دیال کے بھنک پڑیگی کان
فریاد مے توان کرد گر درد سر نہ باشد — خواب عدم توان رفت گر نوحہ گر نہ باشد
ما و تو اے پری وش در کیش ہم تمامیم — گر از تو بہتری نیست از ما بتر نہ باشد

جو طالب حق فقیر مجذوب یا سالک پابند شریعت یا آزاد ملے سب سے ملو سب سے فیض و فایدہ کے ملتجی رہو

قال اور حال پر کسیکی اعتراض نہ کرو خدمت جو کچھ ہو سکے کرو سب کے ساتھ ادب اور تعظیم سے پیش آو
نقل ایک بزرگ کی عادت تھی کہ جب فقیر کی وضع ظاہری خلاف شرع دیکھتے اوسکی نسبت صلب کرنے لگتے ایکدفعہ چند فقیر لنگوٹ پوش ملے ایک شخص ونمین ایسا بھی تھا کہ جسکے سر پر کلاہ دراز تھی بزرگ مذکور اونکو خلاف شرع دیکھکر ناراض ہونے لگے ہمنے سمجھایا کہ اپ کیون ناراض ہوتے ہین مخلوق خدا رنگا رنگ ہی اگر وہ خلاف شرع ہین تو اپنے واسطے ہین بقول حافظ ؎

من اگر نیکم و گر بد تو برو خود را باش — کہ گناہ دگرے بر تو نخواہند نوشت

لیکن اوس بزرگ نے نمانا اور حسب عادت نسبت سلب کرنیکا ارادہ کیا جو فقیر اونمین کلاہ پوش تھا معًا جست کرکے اونکے آگے ایا اور یہ شعر پڑھا

خاکساران جہان را بحقارت منگر — تو چہ دانی کہ درین گرد سواری باشد

اس شعر کے پڑھتے ہی اوس بزرگ کا حال ابتر ہو گیا اور وہ فقیر چلدیے جب ہوش آیا تو کہنے لگے کہ وہ فقیر صاحب کہان ہین ہمنے کہا مسافر تھے چلے گئے اور ہم آپ کو اسیواسطے کہتے تھے کہ کسیکے حال سے معترض ہونا نہین چاہیئے وہ بزرگ بولے کہ حضرت اب مجھے لعنت ملامت نفرمایے اور اونکو تلاش کرا دیجیے غرضکہ تلاش کرتے کرتے سرا مین ملگئے اون بزرگ نے اوس فقیر کلاہ پوش کی بہت منت سماجت کی اور آیندہ کو اس حرکت سے توبہ کی تب وہ اونکے حال پر مہربان ہوے اور حال اونکا اصلاح اور درستی پر آگیا ؎

مردان رہش زندہ بجانے دگرند — مرغان ہواش ز آشیانے دگرند
منگر تو بدین چشم بدیشان کاینان — بیرون ز دو کون در جہانے دگرند

مصرعہ چیزے بدہ درویش را چیزے مگو درویش را

ہر بیشہ گمان مبر کہ خالیست — شاید کہ پلنگ خفتہ باشد
در مذہب عشق گر درستی — با خلق جہان مکن درشتی
وندہ مرسان کہ باز جوشی — مخراش گزان بسے خروشی

منشی فضل رسول صاحب جب کبھی ارادہ کسی جگہ کے جانیکا کرتے تھے ارشاد ہوتا تھا ؎

گفت حق اندر سفر ہر جا روی	باید اول طالب مردے شوی

جو بزرگ تمکو جس قسم کا ملے اور جو کچھ تمکو فیض و فایدہ ازراہ توجہ یا نظر یا القا حاصل ہو حاصل کرو اور اوسکو بہت
چھوڑو مجذوبون سے بہی بے خوف ملو ایک مجذوب مسکین شاہ نامی بڑے صاحب کمال اور اہل
حال تھے اور اونکو فیض روحی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہوا تہا وہ منشی فضل رسول صاحب سے
بکثرت ملتے تھے ایک روز اونہون نے منشی فضل رسول صاحب کے ساتھ کہانا کہاتے وقت ایک
لقمہ ایک اچہوت نوجوان کو کہلا دیا اوسکے کہانے سے ایسا حال پیدا ہوا کہ رات دن گلی کوچون مین
دیوانہ وار پھرتا تہا اور سبحانی ما اعظم شانی کہتا تھا اور ایکدن ایک شخص نور دین نے شکایت کی کہ مین
بہت بزرگون سے ملا مجھے کشف نہوا اوسوقت آپنے اوسکو گنا چوسنے کو اپنا جہوٹا دیا تھا اوس کے
چوستے ہی کشف ہو گیا اور دور دور کے شہرونکا حال بے حجاب وسکو نظر آنے لگا ایک حیرت سے اُسکو
ہو گئی کبہی آنکہین کہولتا کبہی بند کرتا کبہی کہتا کہ خواب ہے یا بیداری جب شاہ صاحب نے دیکھا کہ اسکو حیرت
ہو گئی ہی اور اسکا حال ابتر ہو جائیگا تب آپنے اوسکے سینہ کیطرف جو ہاتھ کیا تو وہ کشف جاتا رہا جب وقت
منشی فضل رسول صاحب نے اونکا حال حضرت کی خدمت مین عرض کیا آپ نے تحریر فرمایا کہ تم
اونسے بے خوف و بے اندیشہ ملو تمھاری حال مین اونکی صحبت اور فیضان سے کچھ تغیر نہوگا چنانچہ
منشی فضل رسول صاحب اونسے ملتے رہے اور اونہون نے اون کا نام شیر شاہ رکہا تہا چونکہ نسبت حضرت
کی ذاتی تہی جو طالب نسبت باطنی حضرت سے مستفیض ہو جاتا تہا اوسپر پہر کوئی نسبت سالک یا
مجذوب کی غالب نہین آتی تہی اور نہ وہ طالب پہر کسی بزرگ کیطرف رجوع ہوتا تہا اور نہ کسی پر اوسکا
عقیدہ آتا تہا ایکبار ایک شخص آپ کی خدمت مین بارادہ بیعت گیا بہرام شاہ نام تھا عمر ساٹھہ
برس کی تہی ضعیفی کے عالم مین ولولہ یاد حق نے اوسکے دل مین جوش مارا اور حضور اقدس کی خدمت
مین حاضر ہوا آپنے بمقام میرٹھہ بہیجا اور فرما دیا کہ پہلے جناب مولانا نیاز علی صاحب میرٹھی نقشبندی خلیفہ حضرت
شاہ حبیب اللہ صاحب سے ملنا پہر خلیفہ جلال الدین و جمال الدین مریدان مولوی شاہ نیاز احمد

صاحب بریلوی چشتی سے اور اعظم علی شاہ صاحب نقشبندی سے ملنا اور اونسے بہی اپنے واسطے کچھ عرض کرنا چاہیے تعلیم و تلقین فرماوین اوسکو قبول کر کے جد و جہد مین شاغل ہونا خداوند کریم فضل فرماویگے جب بہرام شاہ میرٹھہ آئے سب صاحبون سے ملے سب نے اپنا اپنا انکسار ظاہر کیا اور یہی رای دی کہ حضرت قبلہ ہم سب سے بدرجہا بہتر اور افضل ہین تم سوای اونکے کسیکے طالب مت ہو وہ دوبارہ حاضر ہوا اور سب اپنا حال عرض کیا تب آپ نے فرمایا کہ چندے پیران کلیر مین حضرت علی احمد صاحب صابر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر جاروب کشی کرو اور رہو جیسا وہان سے ارشاد ہو وہ کرنا بہرام شاہ پیران کلیر مین ایک عرصہ تک جاروب کشی مین مشغول رہا ایک روز عالم خواب مین اوسکو اشارت ہوئی کہ پندرہ دن بیت اللہ کی جاروب کشی کرو مدعاے دل حاصل ہوگا اس خواب کو دیکھتے ہی موضع بابری مین حاضر ہوا اور عرض کیا قبلہ مین ضعیف و ناتوان بیکس و نا چار نہ مال نہ دولت کہانسے یہہ مقدرت لاؤن کہ بیت اللہ جاؤن مدت سے زار و خوار پہرتا ہون آپ ادہر اودہر پہراتے ہین اب تو درد دل کی دوا جلدی ہونی چاہیے ؎

درد دلم از شمار دفتر بگذشت	وین قصہ بہر محل و محضر بگذشت
اگر کار یک خس لبسامان شود	ز دریاے رحمت چہ نقصان شود
دم نقدم فراغے بخش زین درد	تخم فرد اودے تا کہ توان خورد
بکار اندر دلم تخم سعادت	بکن بنیاد رسم و بیخ عادت
توان صیدے کہ عالم دانہ تست	ہمہ معلوم و علم افسانہ تست
عجایب قصہ و مشکل حدیثے	کہ عقل از زیر کی دیوانہ تست

آپنے فرمایا گھبراو مت اس خواب کی تعبیر نہایت عمدہ ہے بیت اللہ قلب سے مراد ہی اور جاروب کشی اسکی کلمہ لا الہ الا اللہ ہے ؎

تا بجاروب لا نہ روبی راہ	نہ رسی در سراے الا اللہ
باش تا ناگہ بر افتد این نقاب	بگسلد نہ خیمہ را از ہم طناب

این رواق شش جہت را ہیچ در	باچہار ارکان او گردد خراب
من کیم تا نسبتم باشد بدوست	او من و من او بناشم جملہ اوست
او و من افسانہ آب و گل ست	گر تو از مغز آگہی بگذر ز پوست
طلب آفت ست و ارادت وبال	وجودت حجاب ست و وجدان محال
تمنای قرب و خیال حضور	غرورے ست نفسانی ای دور دور

یہ کہکر آپنے نفی و اثبات کی تعلیم فرمائی چندروز کے بعد اوسپر ایسا حال وارد ہوا کہ کئی سال تک مجذوبانہ حالت مین پھرتا رہا جہان جاتا تھا ہر بزرگ سے ملتا تھا ہر بزرگ سے حضرت کی ثنا و صفت کرتا تھا خوش ہوتا تھا چونکہ بہرام شاہ نے آپکے ارشاد کے موافق کام کیا چندروز مین کامیاب ہوا

سررشتہ دولت ای برادر بکف آر	وین عمر گرامی بخسارت مگذار
دایم ہمہ جا باہمہ کس در ہمہ کار	میدار نہفتہ چشم دل جانب یار

ورنہ عالم ضعیفی مین بہرہ یابی نیکا یک دشوار تھی

درکہن سالی نفس را راست نتوان ساختن	راست ناید با کمان حلقہ تیر انداختن

ایضاً یعقوب خان نامے ایک پٹھان نوجوان ابتدای عمر سے طالب درویشان تھے حضرت بابرکت کی خدمت مین بھی ہمیشہ حاضر ہوتے تھے اور ہمیشہ آپ انکو جابجا بزرگون کے پاس بھیجتے تھے مگر خود بیعت نہین فرماتے تھے جب وہ اتر ولی مین حضرت عبدالصمد عرف رمست خانصاحب کے پاس پہونچے اور توفیق آلہی نے اونکے دلمین انکے مرید ہونے کا ولولہ بخشا مرید ہوئے بوقت بیعت رمست خانصاحب نے دریافت کیا کہ ابتدا کے طالب ہو یا انتہا کے یعقوب خان نے عرض کیا کہ ہم طالب انتہا کے ہین اور مرید ہوکر آپ کی خدمت مین آے حضور نے دریافت کیا کہ کیون صاحب مرید ہوگئے عرض کیا حضرت ہوگیا اور یہ گفتگو ہوئی آپنے فرمایا کہ تمنے جو یہ کہا کہ مین انتہا کا طالب ہون یہ کہنا تمھارا فضول تھا تمکو یہ کہنا چاہیے تھا کہ مردہ بدست زندہ طالب کو پیر کامل

کے سامنے ایسا ہونا چاہیے جیسے مردہ غسال کے سامنے پیر کامل مرید کے حالات درونی و بیرونی سے خوب واقف اور آگاہ ہوتے ہین اشعار

شیخ نورانی زرہ آگہ کند — با سخن ہم نور را ہمرہ کند

مرد دون ہمت چہ داند رمز را — کار ایشان نیست جز صوم و نماز

قال عارف را ہمی فہمی تو نیز — حال عارف را کجا داری تمیز

شیخ جو فرماتے ہین از راہ باطن کے فرماتے ہین اونکا ارشاد کوئی خالی از حکمت نہین ہوتا اشعار

در درون دل در آید چون خیال — پیش او مکشوف باشد سر حال

آنکہ واقف گشت بر اسرار ہو — سر مخلوقات چہ بود پیش او

راز عشقت گر بداند بر کسے از من بدان — من نمیگویم ولیکن چہرہ پیدا مے کند

آتش دل را نہان مے دارم اما پیش خلق — آب چشم میرود و پیوستہ رسوا مے کند

خاصان حق کے مقابلہ مین عام مخلوق مثل نابینا کے ہی عام لوگونکو اپنی نیک و بد کی اطلاع نہین ہوتی ابتدا انتہا نہین سمجھتے آغاز و انجام کی اطلاع سے محروم ہوتے ہین شعر

باد و دیدہ اول و آخر بہ بین — ہین مباش اعور چو ابلیس لعین

اور خاصان حق مین سے اگر کوئی ذات کی نسبت کچھ فرماتا ہی اوسکو معما اور چیستان جانتے ہین اوسکا حل اونکو دشوار ہی اور اوسکے فہم کی رسائی محال ہوتی ہی نقل چند نابینا ایک گانو مین رہتے تھے اتفاقا اوس گانو مین کوئی ہاتھی آگیا سب نے اتفاق کیا چلو ہاتھی کو دیکھین اکٹھے ہوکر گئے اور سب نے ٹٹولنا شروع کیا کسیکا ہات اوسکے کان پر پہونچا وہ سمجھا کہ یہی ہاتھی ہی کسی نے سونڈ ٹٹولی تو سمجھ گیا کہ یہی ہاتھی ہی کسی نے پانو دیکھے دیکھکر آخر سب واپس آئے جب لوگون نے اونسے دریافت کیا ہاتی کیسا تھا ایک نے کہا ہاتی ایسا ہوتا ہی جیسے چھاج ہوتا ہی یہ وہ تھے جنہون نے کان دیکھے تھے دوسرے نے کہا یہ غلط ہاتی ایسا ہوتا ہی جیسے ستون یہ وہ تھے جنہون نے سونڈ کو ٹٹولا تھا تیسرے نے کہا نہین نہین ہاتی ایسا ہوتا ہی جیسے دیوار یہ وہ تھے جنہون نے

پانو چہوے تہے غرض سب نے اپنی اپنی سمجھہ مین جو سمجھا تہا وہ بیان کیا لیکن اصلی حالت و ماہیت سے سب ممتاز تہا دور تہے

اشعار

گرچہ نابینا کند تحقیق شے — کے شود تحقیق نادیدہ ستاے
فہم ناکس کے رسد در ذات حق — بے بصر را فیل باشد ہمچو نی
پیش نابینا چہ بالا و چہ پست — مرد بینا مے شناسد ہرچہ ہست
آنکہ نادیدہ دلیل آرد ہزار — آنکہ مے بیند ہمی باشد قرار
پیش چشمش ہرچہ آید ہست حق — نزد نادان مقلد ہست دق

بے سمجھہ اور نادان کا حال نابیناون کی مانند اور مطلب اصلی اور مقصود تمام جس کا نام ہے وہ اندہون کا سا ہاتہی ہے کہ ٹٹولا سب نے مگر سمجھہ اور شناسائی مین کسیکی نہ آیا ٥

آن محقق ہرچہ میگوید حق ست — آن مقلد ہرچہ میگوید دق ست
اہل برہانند استدلالیان — آنچہ ظاہر ہست باطن ہمچنان
پای استدلالیان چوبین بود — پائے چوبین سخت بے تمکین بود

ایک طالب کو حضرت قبلہ نے ارشاد کیا کہ ہم تمکو ابہی بیعت نہین کرتے چندے تم میرٹھہ مین مولانا نیاز علی صاحب کی خدمت مین حاضر رہو پہر دیکہا جاویگا وہ مولویصاحب کی خدمت مین پہونچا مولویصاحب پر غلبہ فیوضات الٰہی نے ایسا جوش کیا تہا کہ انوار فیوضات کی تاب وطاقت قطعاً نہین رہی تہی جو وقت اونکے سامنے کوئی ذکر حمد کرہ سبحانہ جل شانہ کا کرتا تہا بیتیرار ہو جاتے تہے اور جیسے مخمور کی طرح آدمی حمت شراب مین مضطر و بیحواس ہوتا ہے یہ کیفیت طاری ہو آتی تہی اور ذکر شغل و یاد لعبود اسلامی اور نمازت ہی تکلیف ہو آتی تہی اسلئے مدت سے نماز ہی ترک ہو گئی تہی لیکن از راہ باطن ذات کو ہی قبلہ سمجھکر اوسکی طرف متوجہ رہتے تہے قبلی ہی کہتے مین نماز لوگکا قبلہ کعبہ ہی ہے گو منسوخ قبلہ بیت المقدس ہی کرو بیون کا قبلہ کرسی ہی مقربون کا قبلہ عرش ہی اور عارفون کا قبلہ ذات احدیت ہی

عاشقان را فی الصلوٰۃ دائمون		پنج وقت آمد نماز رہنمون

اور جذب کی حالت کبھی کبھی رنگ لاتی تھی چالیس برس تک عارضہ اسہال رہا کیلوس رقیق پانی کیطرح دن رات مین پانچ چھ مرتبہ گر جاتا تھا پہلے بارہ برس بغل مین ناسور رہا جب وہ بند ہوا تو اسہال شروع ہو گئی قوت و طاقت جسمی قطعًا نہین رہی تھی گوشت پوست سب تمام ہو گیا تھا ایک مجموعہ استخوانہائے چند تھے چلنا پھرنا بلا عصا محال تھا بلکہ بلا سواری محال تھا اوس طالب کے دل مین خیال آیا اور کراہت ہوئی کہ جو شخص نماز نہ پڑھے روزہ نہ رکھے راتدن نقش بستر ہو گو قلبی عبادت کرتا ہو گا اوسکی صحبت سے کیا نفع ہو گا اور کس لئے جناب قبلہ و کعبہ نے مجھے آپ کی پاس بھیجا بد عقیدتی پیش آئی کراہت نے رنگ بٹھایا بے کہے بے سنے میرٹھ سے چلدیا اور حاضر خدمت حضور قبلہ ہوا اور سب کیفیت عرض کی آپ نے سنکر حکم دیا کہ اچھا تم اب لاہور مین جاؤ وہان انارکلی کے بازار مین ایک بزرگ رہتے ہین اونسے ملو اونکی خدمت مین استفادہ کرو پھر جیسا ہو گا دیکھا جاویگا چونکہ ولولۂ شوق طالب کا غالب تھا سرمو ارشاد سے نہ پھرا اور بعد طے سفر لاہور پہونچا اور اون بزرگ سے ملا وہ ایک مجذوب تھے دیکھتے ہی بڑبڑا اوٹھے ارے مین ہی نماز نہین پڑھتا روزہ نہین رکھتا شریعت کا پابند نہین ملا نہین مولوی نہین برہنہ رہتا ہون ستر عورت نہین کرتا مجھسے اور تعلیم سے کیا نسبت مولوی غوث علی تو شیر ہے بادشاہ ہے بادشاہ کو چھوڑ کر یہان کیون آیا طالب نے لجاجت و سماجت سے عرض کیا کہ حضرت نے مجکو آپ کی ہی خدمت مین بھیجا ہے گو آپ بظاہر مجذوب ہین مگر میرے لئے عقیدت سرمایۂ سعادت ہوگی فرمایا کشمیر چلا جا فلان مقام پر تجکو ایک بزرگ ملین گے اونسے ملنا جو کچھ وہ کہین اوسکی تعمیل کرنا جو تیرے قسمت مین ہے ظہور کریگا ناچار طالب کیدو روز کے بعد کشمیر کو چلدیا اور طے مراحل و منازل کے بعد اوس بزرگ تک پہونچا دیکھتے ہی بولے لو بھی آئے نمازیون کے عاشق ارے میان مین ہی نماز روزہ سے محروم ہون نماز روزہ کے مقید مولانا سید غوث علیشاہ بادشاہ ہین اونکی ہی خدمت مین جا اونسے ہی ملو زمین و آسمان طے کرنے سے کچھ نفع نہین ناچار طالب پھر پانی پت حاضر ہوا اور اپنی سرگردی اور پریشانی کا افسانہ سنا کر عذر تقصیر چاہنے لگا آپ نے فرمایا تمھارے دل مین مولوی نیاز علی

صاحب کی طرف سے بدعقیدتی آئی تھی یہ خلاف طریقت ہے اونسے جاکر پہلے معاف کراؤ پھر یہان آؤ ہم تمکو تعلیم کرینگے **شعر**

	کار پاکان با دغل بازان مسنج		گر بسنجی رنج بینی گنج گنج	

آخر طالب پھر میرٹھ آیا اور اپنا قصور معاف کرکے خط سفارشی حضرت کی خدمت مین لیگیا اور مرید ہوا تب آپنے ارشاد کیا کہ درویش کبھی رنگ مین ہو اوسکو برا نہ جاننا چاہیے **اشعار**

	هر که را جامه پارسا بینی		پارسادان و نیک مرد انگار	
	ور ندانی که در نهانش چیست		محتسب را درون خانه چه کار	
	منگر اندر نقش و اندر رنگ او		بنگر اندر عزم و در آهنگ او	
	قصد بر درویش می کن از گزاف		چون نشان یابی بجد می کن طواف	
	چون ترا این چشم باطن بین نبود		گنج می پندار اندر هر وجود	
	گر ترا باز ست آن دیده یقین		زیر هر سنگی یکے فرهنگ بین	

ایکبار میر عباس علیصاحب ساکن لودھیانہ نے منشی فضل رسول صاحب کی معرفت حضور قبلہ سے دریافت کیا کہ بزرگان طریقت کی شناخت کیا ہی فرمایا کہ خدا کا معاملہ ہر بزرگ کے ساتھ جداگانہ ہی ایک صورت پر سبکے ساتھ نہین ہی کسیکو تو دین و دنیا اور مال و منال سب کچھ عطا فرماتا ہی اور کسیکو صرف دین کی دولت دیتا ہی دولت دنیا سے بالکل محروم رکھتا ہی **رباعی**

	اے ترا با هر دلے رازے دگر		هر گدا را بر درت نازے دگر	
	در رباب عشق تاری بیش نیست		هست هر جا نغمه و سازے دگر	

کمالات باطنی کے بھی اقسام بہت ہین ہر شخص نے اپنے حوصلہ اور ہمت اور فہم و ادراک کے موافق ایک چیز کو کمال سمجھ رکھا ہی جیسے ظاہری علوم کا حال ہی کہ کوئی عربی اور کوئی فارسی اور کوئی انگریزی اور کوئی شاستر پڑھتا ہی کوئی فقہ حدیث اچھی جانتا ہی کوئی ریاضی دان کوئی منطق دان ہوتا ہی ایسا ہی علم باطن کے کمالات کا حال ہی جیسے تحصیل علم بطون کی

راہ مختلف ہین ویسے ہی کمالات بھی مختلف ہین سا اہل اپنی دانست مین جس چیز کو کمال سمجھتا ہو اگر اوسکو بیان کرے تو ہم اوسکی شناخت اور غیر شناخت بیان کرین اور اگر ہمسے کوئی پوچھے کہ اس راہ کا کمال کیا ہی تو ہمارے نزدیک شناسائی اور قرب حق کو کمال کہتے ہین اور قرب حق کی شناسائی نہین ہو سکتی کوئی کیا جانے کہ از راہ باطن خدا کا معاملہ کسیکے ساتھ کیا ہے

نقل حضرت مجدد الف ثانی امام ربانی کے زمانہ مین ایک بزرگ مسجد مین آئے جہان مجدد صاحب نماز پڑھنے کو جایا کرتے تھے صبح کی نماز کے وقت جب مجدد صاحب مسجد مین گئے اون بزرگ کو سوتے پایا آپنے یہ خیال کیا کہ یہ بزرگ نماز پڑھکر سو رہے ہونگے اونکو نہ اوٹھایا پھر نماز ظہر اور عصر کیوقت بھی اوسی طرح سوتے پایا اوس وقت بھی حضرت نے اس خیال سے بیدار نہ کیا کہ نماز پڑھ لی ہوگی جب مغرب کا وقت آیا اور اوسوقت بھی اونکو سوتے پایا تب آپنے اونکو بیدار کیا کہ تم تمام دن سوتے رہے اور تین وقت کی نماز تمھاری قضا ہوگئی اوسوقت اوس بزرگ نے وضو کیا اول وقت صبح کی نماز کی نیت باندھی تو صبح کا وقت ہوگیا پھر ظہر کی نیت باندھی پھر عصر کی پھر مغرب کی غرضیکہ جسوقت کی نیت باندھی وہی وقت ہوگیا اور اوسیوقت کی نماز پڑھ لی جب یہ صورت امام صاحب نے دیکھی تب سمجھے کہ بڑے صاحب کمال ہین ورنہ پہلے امام صاحب کچھ نہ سمجھے تھے کہ کون ہین اور کیسے ہین اسیطرح ایک بزرگ ایک حجام سے ایک درخت کے نیچے حجامت کرا رہے تھے اور بڑے صاحب باطن تھے اونکے دل مین یہ خیال آیا کاش سونے چاندی کا درخت ہو جاتا تو ہم اس حجام کو دیدالتے حجام بھی صاحب باطن اور اہل صفا تھا اوسکو از راہ کشف باطن معلوم ہوگیا اور اوسنے کہا کہ واہ حضرت مین تو جانتا تھا کہ آپ کو بطون کا کمال حاصل ہوگا توجہ کامل حق کی طرف ہوگی آپ تو ابھی سونے چاندی بنانے مین مصروف ہین جب اوسنے یہ بات کہی تب حجام کے کامل ہونیکا آپ کو یقین ہوا جب انسانونکی شناسائی محال ہی تو خاص ذات حق کی شناسائی اور کنہ ذات کا دریافت ہونا سخت محال ہی مَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ دعوی شناخت و فہم کنہ ذات درست نہین ہے جب سالار انبیا و پیشوائے تمامی اولیا مَا عَرَفْنَاکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ فرمائین تو بس اور کسیکی کیا مجال ہے

کس ندارد از حقیقت آگہی	جملہ سے میرند با دست تہی
توان در بلاغت بسحبان رسید	نہ در کنہ بیچون سبحان رسید

اور بزرگ مشایخ ہر زمانہ مین ہوئے ہین لیکن مرد فرد راہ خدا جنکو کہتے ہین وہ خال خال ہوئے ہین حضرت شاہ شرف یحیی منیری سے کسی نے سوال کیا کہ اسوقت مین مرد خدا کون ہے آپنے فرمایا کہ مرد دیوانہ پانی پتی ہی سایل نے عرض کیا کہ حضرت ہر شہر مین اولیا ہین کیا فقط دیوانہ پانی پتی ہی اوسوقت مین ہین آپنے فرمایا کہ شیخ مشایخ سب ہین مگر تم مرد کو پوچھتے ہو مرد فقط بوعلی شاہ قلندر پانی پتی ہین مرد کو مرد ہی پہچانتا ہی اشعار

حال مردان راچہ دانی بے اثر	حال مرد از مرد پرس ای بیخبر
نزد ایشان صد جہان ہمچون خس ست	یک اشارت مرد دانا را بس ست
نیست ایشان را حیات و نی ممات	ہست الان کما کان یک صفات
پیش ایشان مومن و کافر یکے	در دل ایشان نی یقین و نی شکے
نیک و بد در راہ او یکسان بود	خود چہ عشق آمد ناین نی آن بود

ایسے ہی ادراک نسبت و فیضان خاندان یا ادراک ورود حالات و واردات مثل سکر و محویت و صحویت و ذوق و شوق وغیرہ اولیا کے ہر شخص کو نہین ہوتی البتہ کاملین کو از راہ باطن ادراک حالات مذکورہ بالا کا ہوتا ہی کسی کو کم کسی کو زیادہ حضرت مجدد صاحب رحمت اللہ علیہ سے ایک طالب نے ناکامی کی شکایت کی آپنے تحریر فرمایا کہ ہم دور سے بچشم باطن دیکھ رہے ہین کہ تجھپر فنا وارد ہی اور علاوہ اسکے ایک بات یہ بھی ہی جو بزرگ عالی رتبہ صاحب کشف اور صاحب الہام اور صاحب لقا ہوتا ہی از طرف حق جیسے اور صد ہا طرح کی باتون کا جو گذشتہ اور آیندہ ہوئے ہین اوسکا علم ہوتا ہی ویسے ہی کاملین کے مراتب اور کمالات کا علم نزدیک و دور سے از طرف حق ہو جاتا ہی چنانچہ حضرت شاہ شرف الدین بوعلی قلندر رحمت اللہ علیہ فرماتے ہین شعر

اولیا را مے شناسد اولیا	دزد را ہم دزد داند بیریا

بعض بزرگ اس قسم کے ہوتے ہین کہ اونکو مرتبہ وجود اکتسابی حاصل ہوتا ہی اور آن واحد مین دوسری جگہہ نظر آجاتی ہین اور یہ بھی ہوتا ہی کہ اپنی جیسی صورت ہاے کثیر مین نمایان ہو جاتی ہین اور بعضونکو جب صفائی وجود کی کامل ہوتی ہی تو آپ ہی اپنی صورتین بے شمار جابجا دیکھتے ہین اور اوسوقت اونکو ایک حیرت ہوتی ہی اور کہتے ہین کہ مین یہ ہون یا وہ ہون **نقل** ایک روز پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ وحی کہانسے آتی ہی جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ سدرۃ المنتہی سے آگے میری سائی نہین فقط ندا سنتا ہون ارشاد ہوا یا اخی جبرئیل آج تم ندا کے موافق پرواز کرنا جبرئیل علیہ السلام نے ایسا ہی کیا کیا دیکھا کہ جناب سرور کائنات ندا کر رہے ہین پھر جبرئیل علیہ السلام آسمان سے زمین کی طرف متوجہ ہوے اور وہان کے جہان سے اجازت لیکے گئے تھے دیکھا کہ رسول مقبول اپنی جگہہ پر تشریف رکھتے ہین اب یہ کوئی نہ سمجھے کہ رسول مقبول خدائی کرتے تھے بلکہ کمال حقیقت محمدیہ تھا کہ آن واحد مین وہان بھی موجود تھے اور یہان بھی تھے ایسے ہی بطفیل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اولیا اللہ کو بھی طرح طرح کے کمال حاصل ہوتے ہین **نقل** ایک روز شیخ بہاء الدین سہروردی عین القضات ہمدانی رحمۃ اللہ کے کشف وکرامات کمالات کی تعریف کرتے کرتے فرمانے لگے کہ ایک دفعہ عین القضات کی بیس جگہہ دعوت ہوی ایک وقت مین بیس جگہہ جاکر کھانا کھایا اور خانقاہ مین درویشون کے ساتھ بھی تناول فرمایا اس حال کو سنکر ایک درویش کے دل مین یہ خطرہ پیدا ہوا کہ ایک تن واحد سے کس طرح بیس جگہہ جاکر کھانا کھایا ہوگا شیخ بہاء الدین نے نور باطن سے اوسکے خطرہ پر آگاہ ہوکر بعد نماز مغرب کے حجرہ کے اندر جاکر بآواز بلند اوس درویش کو بلایا جب وہ درویش حجرہ مین گیا تو دیکھا کہ شیخ ایک تن سے پانچ تن ہوکر چارون گوشہ مین حجرہ کے موجود ہی اور حجرہ کے بیچ مین بھی تشریف رکھتے ہین درویش اس حال کو دیکھکر حیران رہ گیا اور جان گیا کہ یہ میرے خطرہ کا جواب ہی اور وہ پانچون صورتین درویش کے ساتھ متکلم ہوئین اور کہا کہ درویشونکو ایسی قوت حاصل ہوتی ہی کہ ایک وقت مین سو جگہہ موجود ہو سکتے ہین اور اپنے گھر مین بھی موجود رہین اور

فیض و فایدہ باطون کابھی انواع انواع صورت سے ہوتا ہی کوئی کسبی سے کوئی نظری سے کوئی
روحی سے کوئی اور صورت سے پر جس راہ سے خداوند کریم کو منظور ہوتا ہی اوسی راہ سے بہرہ یاب کرتا ہی
طرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق آمد ؎

دوار کا کہ عبادت گاہ ہین ۔ آپکے ملنے کی لاکھون راہ ہین

جناب قبلہ و کعبہ سید اعظم علی شاہ صاحب یکبار اجمیر شریف تشریف لیگئے تھے ایک شخص
آپ سے ملاقات ہوئی جدائیون کی سی اوسکی حالت تھی و نزات اضطراب و انتشار مین اوسکی
اوقات گذرتی تھی آپنے اوس سے پریشانی کی وجہ دریافت کی اوسنے بیان کیا نقل کرمین
گیا جناب خواجہ خواجگان ذو المجد و العلا حضرت معین الحق والدین سنجری رحمۃ اللہ علیہ
کی زیارت سے مشرف ہوا آپنے بکمال الطاف بزرگانہ فرمایا کیا تمنا رکھتا ہی مینے عرض کیا
درد کا خواستگار ہون ارشاد ہوا یہ ہمارے اختیار سے باہر بات ہی خدای پاک کے قبضہ کی بات
ہی اور مجکو جناب سرور کائنات کی طرف رجوع کرایا اور شرف حضوری مجلس نبوی سے مشرف
کیا دربار نبوی سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف اشارت ہوئی کہ یہ تمہاری سپرد ہی وہان
بھی یہی ارشاد ہوا کہ تو درد کی لیاقت نہین رکھتا مینے اصرار کیا آخر عنایت کا دریا جوش مین
آیا اور حالت درد مجھپر وارد ہوئی اب کیا بیان کرون کہ میری کیا کیفیت ہی کسیوقت خطرہ
اور التہاب سے نجات نہین و ظاہری جسم کی یہ حالت ہی جو آپکے سامنے ہے حضرت سید
اعظم علیشاہ صاحب فرماتے تھے کہ ہر وقت سلگنے اوسکی پوچھ نہین اگرچہ درد کی حالت نصیب
ہوئی مگر لذت زیست نرہا اسلئے طالب کو اپنی حیثیت کے موافق اصرار اچھا نہین ہی جو کچھ مبداء
فیاض سے ہو کافی ہی مناسب ہی

آرزو میخواہ لیک اندازہ خواہ ۔ برنتابد کوہ را یک برگ کاہ
کے بود در راہ عشق آسودگی ۔ سر بسر دستست خون پالودگی
تا نہ بازی بر خود آسایش حرام ۔ کے توانی زد براہ عشق گام

وہ ایک ایسی نعمت عظمیٰ اور دولت کبریٰ ہے کہ بڑے بڑے اکابران دین ساری ساری عمر اس تمنا مین بجناب باری جبین سائی کرتے رہے ہزارون لاکھون مین سے کسیکو یہ دولت نصیب ہوئی ہے شیخ عطار صاحب رحمت اللہ علیہ فرماتے ہین ؎

کفر کافر را و دین دیندار را ... ذرہ دردت دل عطار را

سیدنا و مولانا باوا شیخ فرید الدین گنج شکر جسپر زیادہ مہربان ہوتی تھی اوسکو یہ دعا دیتے تھے کہ خدا تجکو درد نصیب کرے اس درد و سوز محبت کی قدر عاشقان خدا ہی خوب جانتے ہین اور کوئی کیا جانے

رباعی

سر دفتر عشق دردمندان منند ... نے خوش منشان و خود پسندان منند

از نقش توان گسستہ بے نقش شدن ... وین نقش فریب نقش بندان منند

از سوز محبت چہ خبر اہل ہوس را ... این آتش عشق ست کہ سوزد ہمہ کس را

عنقا نشود دام بہر بوالہوسی ... با منصب پروانہ چہ کارست مگس را

نقل دہلی میں ایک رنڈی اپنے آشنا کے ساتھ ہم بستر تھی ایک فقیر نے نصف شب کو اوسکی مکان کے نیچے آکر صدا کی کوئی ہے کہ ہمین پانی پلاوے رنڈی نے اوٹھکر اوسکو پانی پلایا فقیر نے پانی پیا اور تھوڑا سا پانی بچا ہوا رنڈی کو دیا کہ لو بی صاحب تم پیجاؤ رنڈی نے پی لیا اوسکی ایک حالت طاری ہوئی کہ سب گھر بار چھوڑ کر دہلی سے باہر جا رہی ؎

فضل ساعت کار صد سالہ کند ... نار ابراہیم را لالہ کند

ساعتے مومن کند زندیق را ... ساعتے کافر کند صدیق را

عورت جو بحالت راحت اور عیش و عشرت اپنے یار کے پاس سے پانی پلانے کو اوٹھی یہ اوٹھنا ہی اوسکا مقبول اور پسند ہو گیا

دولت بجہد کار آید گر راندہ درگاہی ... گفتست چہ زبان آرد گر نیک سر انجامی

بے چارہ تو فرو ماندہ ہم سالک و ہم طالع ... سر گشتہ تقدیر اند ہم عارف و ہم عامی

جب اوسپر ایسا فضل ہوا دفعتًا دولت سرمدی سے مالا مال کردیا سجدات شکر بجا لائے اور یاد وجود مین محو اور مستغرق ہوگئے

للہ الحمد کا فرید مرا	کز ہزاران گنہ گزید مرا
بندہ عیب دار کس نخرد	او بصد عیب ہا خرید مرا

آخر کا مشہور ہوئی ایک طالب اوسوقت مین ایک بزرگ کی خدمت مین آیا جایا کرتے تھے اوس بزرگ نے فرمایا اگر کچھ ہونا چاہتے ہو اوس رنڈی کے پاس جاؤ وہ چند روز جاتا رہا رنڈی نے اوس طالب سے کہدیا کہ تم ہمارے پاس بیٹھک آیا کرو مگر لوگون سے مشہور کرو کہ میری اس رنڈی سے آشنائی ہی اور بعد چند روز کے اوسکو تکمیل کے رتبہ پر پہونچا کر رخصت کردیا ؏

سالک نہ رسد بمدد پیر بجائے	بے زور کمان زہ نبرد تیر بجائے

جس زمانہ مین ہم مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کی خدمت مین آتے جاتے تھے اس عورت سے بھی ملتے تھے **ایضًا** ایک جولاہہ کا لڑکا تانا بانا کر رہا تھا ایک بزرگ آئے اور آتے ہی اپنے سر کی ٹوپی اوتار کر اوسکے سر پر رکھدی اور کہا ہمارا آخری وقت ہی ہماری تجہیز و تکفین کردینا یہ کہکر جان بحق ہوئے لڑکے نے اونکو دفن کیا اور خود ترک تعلق کرکے بیٹھ رہا ؏

لنگکی زیر لنگکی بالا	نے غم دزد نے غم کالا
کرک بوریا و پوستگی	دلکی پر ز درد دوستگی
این قدر بس بود جمالے را	عاشق رند لاو بالی را
آہن کہ بہ پارس آشنا شد	فی الحال بصورت طلا شد

ایضًا ایک شخص عبدالقادر نام ایک سالہ مین نوکر تھا اور ایک بزرگ سے مرید بھی تھا اوسکو ذکر شغل کرتے کرتے جب زیادہ عرصہ ہوگیا اور کچھ ظہور اور انکشاف نہوا تو پیر سے اوسنے شکایت کی کہ افسوس اجتک مجکو کچھ حاصل نہوا پیر نے ایک استخارہ بتایا کہ اوسکو پڑھکر سو رہو ہونے نہونے کا حال عالم غیب سے منکشف ہوگا جب عبدالقادر نے استخارہ کیا خواب مین دیکھا کہ ایک شیر غرین نے

اوسکا شکم چاک کیا اور تمام خون و دودہ وغیرہ جو کچھ شکم مین تھا کھالیا صبحکو یہ خواب پیر سے اگر
بیان کیا پیر نے یہ تعبیر دی کہ عنقریب کسی شیر مرد سے تمکو فائدہ و فیض نصیب ہوگا مگر ہم نہین
کہہ سکتے کہ وہ کون بزرگ ہونگے جنسے فائدہ ہوگا خیر عبد القادر متوقع بہبود خاموش ہورہے اتفاقاً
چندروز کے بعد وہ رسالہ پانی پت کی راہ سے کہین کو جانے لگا ایک شب کیلئے پانی پت مین
قیام ہوا اسکے دل مین آیا کہ آج قلندر صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ ضرور پڑھنا چاہیے
یہ سوچکر مزار پر گیا فاتحہ پڑھا چونکہ رات زیادہ ہوگئی تھی اور واپس ہوکر رسالہ مین پہونچنا
خالی از دقت نہ تھا رات کو وہین قیام کیا نصف شب کے قریب خود بخود مزار شریف کا دروازہ کھلا
اور ایک بزرگ دودھ کا پیالہ ہاتھ مین لیے ہوے تشریف لائے اور آواز دی اے عبد القادر
پی لے یہ سمجھ گیا کہ قلندر صاحب ہین جلد پیالہ پی گیا اوسیوقت حالت طاری ہوئی

مے صرف وحدت کسی نوش کرد — کہ دنیا و عقبیٰ فراموش کرد

صبح کو مزار کے جاروب کش نے جو اوسکو پر کیف دیکھا پہچان گیا کہ فیضیاب جام سرمدی ہوا اشک
کی آگ لگ اوٹھی کہنے لگا بارہ برس سے ہمنے جاروب کشی کی ہمکو کبھی یہہ کیف نصیب نہوا اور آے
شخص تجھکو ایک شب مین مالا مال ابدی کردیا عبد القادر بول اوٹھا کہ داتا دے اور بھنڈاری کا
پیٹ پھٹے یہ کہنا تھا کہ اوسکا شکم پھٹ گیا اور ہلاک ہوا اوسیوقت قلندر صاحب پھر ظاہر ہوے
اور ارشاد کیا بڑی نادانی کی بات ہی کہ ہماری جاروب کش پر تمنے وار کیا اب وہ زبان نہین ہی
کہ جو چاہا کہدیا اور کچھ اثر نہوا اولیٰ خاموشی چاہیے اسنے عرض کیا کہ حضرت آپ کی شمشیر دی
ہوئی تھی اب اسکا تجربہ ہوگیا آیندہ ایسی غلطی نہوگی

یارے کہ تراز خود رہاند دگر ست — کارے کہ زتو ہیچ نماند دگر ست
ما منکر راہ مسجد و کعبہ نایم — راہے کہ بمقصود رساند دگر ست

جب بعد انقضاے مدت دراز کے مدعاے دل حاصل ہوا اور کشش ربانی اور جذبہ حقانی سے
حق کی طرف کھنچ گیا جمیع عیال و اطفال عزیز و قریب و فرزند چھوڑ کر اور سب سے متنفر اور بیزار

از بند وجود خود که چون وا گشتیم ۔ جستیم ز ہر دو کون و یکتا گشتیم
بیزار ز امہات و آبا گشتیم ۔ درده پسر این ندا که بابا گشتیم
آن کس که ترا شناخت جان را چه کند ۔ فرزند و عیال و خانمان را چه کند
دیوانه کنی ہر دو جہان را بخشی ۔ دیوانہ تو ہر دو جہان را چه کند

عبدالقادر طالب صادق تھا بوالہوس نہ تھا باوجود ریاضت و مجاہدہ عرصہ دراز کی طلب خدا مین استقلال کے ساتھ مصروف رہا انجام کار منزل مقصود کو پہونچ گیا ؎

ای دل بہوس بر سر کاری نرسی ۔ تا غم نخوری بغمگساری نرسی
تا خاک ترا کوزه نسازند کلالان ۔ ہرگز بلب لعل نگارے نرسی
تا ہمچو حنا سوده نگردی تہ سنگ ۔ ہرگز بکف پای نگارے نرسی
پیش صاحب نظران ملک سلیمان باد ست ۔ بلکہ آنست سلیمان که ز ملک آزاد ست

پھر وہ جاروب کش قلندر صاحب کے مقبرہ مین دفن ہوا ایضاً نقل شاہجہانپور مین ایک کوٹھی پر ایک بزرگ رہتے تھے ایک سپاہی اونکو ہمیشہ بُرا کہا کرتا تھا اور تنگ کرتا تھا اتفاقاً بزرگ بیمار ہوگئے دست آنے لگے سپاہی نے خدمت شروع کی اور اپنا قصور بھی معاف کرایا جب وقت آخری قریب آیا بزرگ نے صندوق مین سے ایک صدری ایک تہ بند ایک کلاہ سپاہی کو دی اور کہا کہ ہمارے پیر نے یہ تین چیز ہمکو دی تھین تمکو ہم دیتے ہین یہ کہکر وہ بزرگ جان بحق ہوگئے بعد تجہیز و تکفین کے سپاہی نے غسل کیا کے اون پارچون کو زیب تن کیا جو حالت اوس پر تھی وہی اوسپر طاری ہوگئی اور اونکی بجاے اوس کوٹھی پر رہنے لگا

صد شکر که از یار ترحم دیدم ۔ احسان و کرم بحال خود فہمیدم
نخلے که نشانند ثمرے بخشند ۔ آخر گلے از باغ محبت چیدم

ساری عمر تو سپاہی کی خواب غفلت مین بسر ہوئی اور بزرگ کی بے ادبی اور گستاخی کرتا بالانجام کار جب بحالت ہماری اپنی حرکات ناشایستہ سے تائب ہوکر معترف خطا و قصور

ہو کر ملتجی عفو تقصیرات ہوا بزرگ کو رحم آگیا اور انعام الٰہی سے بہرہ یاب ہو گیا اشعار

گر ہمی خواہی حیات و عیش خوش	گاو نفس خویش را اول بکش
در جوانی کن نثار دوست جان	رو عوان بین ذالک الخوان
پیر چون گشتی گران جانی مکن	گوسفند پیر قربانی مکن

نقل ایک بزرگ اپنے خادم پر بہت مہربان تھے اور ہمیشہ اوسکو فیضرسانی کا امیدوار رکھتے جب اونکا وقت وصال آیا وہ خادم سفر مین تھا ایک سگ جو آپکے دروازہ پر پڑا رہتا تھا اوسکو آپنے نظر فیض سے مملو کردیا اور انتقال کر گئے بعد وفات وہ سگ آپکے مزار پر محویت کے عالم مین بیٹھ رہا جب وہ خادم سفر سے آیا کمال حسرت زدہ ہوا پھر کچھ کرشمہ قدرت سے سوچ سمجھکر اوسنے کھانا پکوایا اور کتے کے سامنے رکھا جب کتا کھا چکا اور کچھ اوسنے چھوڑ دیا وہ اس خادم نے کھالیا معًا ایک حال طاری ہوا اور جو کچھ فیوضات اوس کتے کے وجود مین تھا وہ سب ایل ہوگیا۔ گاہ ایسا ہوتا ہی کہ انکار اور اعتراض بھی باعث حصول فیضان ہوجاتا ہی نقل شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمت اللہ علیہ کے ساکنان تھانیسر مرید تھے آپ جب وہان جاتے تو اون کے گھر ٹھہرتے اور شیخ جلال الدین تھانیسری بڑے عالم باعمل اور متشرع تھے ایکبار عبد القدوس صاحب حسب عادت وہان تشریف لیگئے تو شیخ جلال الدین نے آپ کی تشریف آوری کی خبر سنکر آپکے خادمون سے کہا کہ تمھارا پیر سماع سنتا ہی اور رقص کرتا ہی اور یہ بدعات قبیحہ سے ہی ہم اونسے اسکا سبب پوچھا چاہتے ہین اب تم اونکے پاس جاتے ہو اوس پیر نچنیا سے ہمارا سلام کہدینا خادمون نے حاضر خدمت ہو کر یہ سلام و پیام دیا آپنے فرمایا کہ اگر پھر ملاقات ہو ہماری طرف سے بعد سلام کہدینا کہ پیر نچنیا جس طرح آپ ناچتا ہی ویسے ہی اور کو بھی نچا دیتا ہی غرض حضرت عبد القدوس کو ایکدن ندا آئی کہ تم مدرسہ مین جاکر جلال الدین کو اپنے حلقہ ارادت مین داخل کرو آپ مدرسہ مین جاکر ایک گوشہ مین بیٹھ رہے شیخ جلال الدین نے درس سے فارغ ہو کر آپ سے دریافت کیا کہ آپ کون ہین فرمایا کہ وہی پیر نچنیا ہون اور ایک نظر قوی باطن سے شیخ جلال الدین کی طرف ایسا دیکھا کہ اوسیوقت ظلمت کثرت

کی اونکے آئینہ دل سے زائل ہو گئی اور جمال وحدت حقیقی رونما ہو گیا اوسیوقت آپ سے بیعت کر لی آپ نے نفی و اثبات کی تعلیم کردی اوسکو جنگل مین جاکر کرنے لگے کاملون اور ناقصون کے سماع اور رقص مین بڑا تفاوت ہی ناقصان کور باطن تقلید کرتے ہین اور عوام الناس ظاہر مین حالات او کمالات باطنی سے بالکل بے بہرہ ہین کاملین کا سماع اور رقص مثل ناقصون کے تصور کرکے اونپر طعن اور اعتراض کرتے ہین یہ بھی بیجا ہی مولانا ے جامی رحمۃ اللہ علیہ اشعار

رقص ناقص بسوے نقص بود	جنبش کاملان نہ رقص بود
گرچہ ہر دو زیک صدا او ندا	بہواے سماع جستہ ز پا
آن یکے بر فلک کشیدہ روے	وان دگر رفتہ تا بہ تحت ثری
ان یکے سودہ سر بچرخ برین	وان دگر رخت بردہ زیر زمین
چغد مسکین نشستہ پہلوے باز	چون از انجا دہند شان پرواز
باز سازد ز قصر شہ خانہ	چغد پردہ بہ کنج ویرانہ
میل ہر کس بسوی مسکن اوست	روے ہر مرغ در نشیمن اوست

شیخ جلال الدین نے ایکدفعہ بحالت درد فراق و دوری یہ شعر عبد القدوس رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین لکھ کر بھیجا شعر

کر کانپے اور لکھن ڈگا اور روم روم تھرائے	سدھ آوت جات چھاتی پھٹی پاتی لکھی نجائے

حضرت نے اوسکے جواب مین تحریر فرمایا ہ

پیتم پتیان جب لکھون کہ جو تم ہو بدیس	تن مون من مون نین مون تن کو کہا سندیس

نقل میان کلن شاہ صاحب عرف کمبل پوش حضرت مرزا مظہر جانجانان رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے بیت اللہ حج کرنے گئے تھے جب زیارت کعبہ سے واپس ہوکر اور بمبئی آے وہان ایک مسجد مین ایک بزرگ رہتے تھے اونکے کمال کی کسیکو اطلاع نہ تھی مگر وہ خضر وقت تھے کلن شاہ اونسے ملاقات کو گئے اتفاقاً محرم کی ساتوین تاریخ تھی اور اوسی دن ایک مغل نے حضرت مرزا صاحب کو دہلی مین پستول سے

کی ضرب سے زخمی کیا تھا وہ بزرگ بولے میاں کلن شاہ آج تمہارے پیر زخمی ہو گئے کلن شاہ کو ملال ہوا اور دریافت کیا حضرت معاملہ کیا ہی خاموش ہو رہے دسوین تاریخ کو جو کلن شاہ اونسے ملنے گئے فرمایا کہ آج تمھاری پیر کا انتقال ہو گیا کلن شاہ رونے لگے اوس بزرگ نے فرمایا میاں روتے کیون ہو خداے پاک موجود اور قائم ہی اگر خداتعالی کو یہ دولت فقیر تمھارے نصیب مین مدنظر ہی تو خداتعالی اور کسیکو ملا دینگے اگر تم جنازہ کی نماز مین شریک ہونا چاہتے ہو تو ہم ابھی تمکو وہان پہونچا دین کلن شاہ نے کہا ضرور ہمت فرماے اوسیوقت اون بزرگ نے کلن شاہ کے سر پر ہاتھ رکھا وہ دہلی پہونچ گئے جب جنازہ سے فراغت ہوئی پھر کلن شاہ نے اپنے آپ کو بمبئی مین موجود پایا سمجھ گئے کہ یہ بزرگ اکمل الکملا مین سے ہین جب کلن شاہ بمبئی واپس چلے گئے تب پھر ملاقات کو گئے اون بزرگ نے ارشاد کیا اگر ہمسا ہونا چاہتے ہو تو ایک برس ہماری خدمت مین رہو اور اگر مرزا صاحب جیسا ہونا چاہتے ہو تو ہم ایکدم مین کر دین اور اگر قلندر ہونا چاہتے ہو تو انشاء اللہ تعالی دہلی تک پہونچتے پہونچتے ہو جاوگے اور ان تینون باتون مین سے جونسی تم قبول کرلوگے اور تمپر اوسکا ظہور ہوگا تو اوس مین کچھ کمی بیشی نہوگی کلن شاہ نے عرض کیا کہ آپ قلندری کی مجھے تعلیم کر دیجئے ٹھہرنا اور یہان رہنا مجکو گوارا نہین اونھون نے اوسیوقت تعلیم فرمایا اور رخصت کیا

ہین کہ اسرافیل وقت اند اولیا — مردہ را زانشان حیات ست و نما
یک زمانہ صحبت با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا
ست گور ایسا چاہیے جو صقلی گر سا ہو — جنم جنم کے مورچے پل مین ڈارے دہو
ست گور میرا سورما کرے سید کی چوٹ — گولا مارے پریم کا ڈھہی بھرم کا کوٹ

حضرت مرزا مظہر جان جانان صاحب کے وصال کا حال یہ ہی کہ میرزا صاحب بارہا فرماتی تھی کہ ہماری اور تو سب آرزوی دینی اور دنیوی پوری ہو گئی ہین الا درجۂ شہادت کی تمنا باقی ہی خداتعالی کوئی ایسی صورت پیدا کرین جو درجۂ شہادت حاصل ہو دعا آپکی قبول ہوئی

اور جب ایام شہادت قریب پہونچے سب یارون کو لکھ بھیجا کہ اب وقت الوداع قریب ہی اور حاضرین خدمت کو بھی مطلع کر دیا آخر کار بشب چہار شنبہ ساتوین محرم ۱۱۹۵ھ کو تہوڑی رات گذری تھی چند آدمی دروازہ خانقاہ پر آئے خادم نے عرض کیا کہ زیارت کے واسطے چند آدمی حاضر ہین ارشاد ہوا آنے دو تین آدمی اندر آئے ایک اون مین مغل زادہ تھا آپ خلاق کریمانہ سے اپنی جگہ سے اوٹھکر اونکے سامنے کھڑی ہو گئے مغل زادہ نے پوچھا کہ مرزا مظہر جان جانان تم ہی ہو آپنے فرمایا کہ مین ہی ہون اوس مغل نے طمانچہ گولی کا بھرا ہوا آپکے مارا گولی پہلوے چپ پر قریب قلب کے لگی آپ مین پر گر پڑے اور قاتل فرار ہو گئے جراح علاج کو آے آپنے فرمایا شفا خدا تعالی کی قبضہ مین ہی جو لوگ مرتکب اس حرکت کے ہوئے ہین مینے اون کو اپنا خون بخشدیا تیسرے دن جمعہ کے روز بعد نماز اللہ اللہ کہتے ہوے بوقت شام جان بحق ہو گئے دہلی تک پہونچی تہ پہونچی میان کلن شاہ پر ایسا غلبہ ہوا کہ جس وقت خانقاہ مین میان غلام علیشاہ صاحب کی پہونچے قاضی ثناء اللہ صاحب اور مولوی نعیم اللہ صاحب خلفاے راشدین مرزا صاحب نے انکو دیکھا متحیر ہو گئے اور بولے خدایا یہ جوہر دفعتًا انکے وجود مین کسنے بھر دیے اور سب متفق ہو کر انکی نسبت کو سلب کرنے لگے چونکہ کلن شاہ صاحب پر نسبت قوی نے زور کیا تھا اور اوس بزرگ کے ارشاد کا بھی ظہور ہوا کہ بوقت تعلیم اونھون نے فرمایا تھا کہ جو بات تم اس وقت قبول کر لوگے پھر اوس مین کچھ دخل نہوگا سب پیران کی نسبت غالب آئی دوہرہ

ان سنتن کے وارتی جنکے پورن مہنت ‖ بھگت بیج پلٹی نہین جو جگ جاے انت
نج اوتم پر کسرتے کہا کر سکے کو سنگ ‖ بھک چندن لاگے نہین جو لپٹی رہی بھونگ

تب خلفانے ان کو خانقاہ سے باہر نکال دیا کہ مبادا ان کی صحبت سے بھی ایسے ہی بد حواس ہو جاوین آخر کوٹ پوتلے مین کلن شاہ جا رہی یہ بزرگ خضر وقت تھے

بھر این گفت ند دانایان فن ‖ میہمان محسنان باید شدن

ناقصان تیرہ درون خام کاران طالب دنیا و دون کیسا ہی اپنے آپ کو کامل سمجھین اخذ رسانی

کا دعوی کرین مگر کاملین کے مرتبہ کو ہرگز نہین پہونچ سکتے ناقص کی تعلیم ناقص اور کامل کی کامل ہوتی ہی مولانائے جامی علیہ الرحمت فرماتے ہین

درون تیرہ از میل زخارف　　زبان بکشاے از جنس معارف
معارف گرچہ مو باریک باشد　　چہ حاصل زان چو دل تاریک باشد
مکن با صوفیان خام یاری　　کہ باشد کار خامان خام کاری
طریق پختہ کاری را ندانند　　بخامی میوہ باغت ستانند
ز اصل خویش آن میوہ بریدہ　　بماند تا قیامت نارسیدہ
زکار خام کس سودے ندارد　　چو حلو خام باشد علت آرد
منہ دست تہی از سیم و زرر　　بجز در دست پیر پیر پرور
اگر بے پیر کارے پیش گیرد　　ہلاکت را زبہر خویش گیرد
تا نیفتد بر تو مردی را نظر　　از وجود خویش کے یابی خبر
تواے بے پیر تا پیرت نباشد　　ہوائے معصیت دل میخراشد

پیران کامل بحکم حق ہدایت مخلوق پر مامور ہوتے ہین طالبان صادق کو جو کچھ وہ تعلیم و تلقین راہ فرماتے ہین بحکم حق فرماتے ہین ایک دن ظہور اوس تعلیم کا از راہ انکشاف باطن ضرور ہوتا ہی اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی بَعْضُکُمْ مِّنْ بَعْضٍ حسب اشارت حضرت علی احمد صابر رحمت اللہ علیہ اونکی خدمت مین گئے اور چندے رہے ایک شخص نے ایک مکان کلن شاہ صاحب رحمت اللہ علیہ کے واسطے بنوایا جب بنکر تیار ہوا تب اپنے پوچھا کسکا مکان ہی اوسنے عرض کیا حضرت آپکا ہی حکم دیا کہ اسے ابھی گرا دو گرا دیا گیا پھر اوسنے بنوایا پھر اسیطرح پوچھا اوسنے عرض کیا قبلہ آپکا ہی حکم ہوا گرا دو تیسری دفعہ پھر بنوایا پوچھا کسکا مکان ہی اوسنے کہا خدا کا آپ خاموش ہو رہے میان کلن شاہ صاحب کی ہستی ہستی حق مین ایسی محو اور نابود ہو گئی

تھی کہ ظاہر و باطن بجز حق کے اور کچھ پیش نظر نہ تھا

مردے کہ وجود او عدم باشد کو — یکدم کہ موافق قدم باشد کو
از عشق بنام جملہ خورسند شدند — ان دل کہ درو نشان غم باشد کو
تا عکس ہستی تو نماید در آئینہ — معبود تو خیال تو باشد ہر آئینہ

جب تک مکان کا بنانے والا یہ کہتا رہا کہ مکان آپ کا ہی تب تک آپنے اُسکو ڈھوایا اگر آپ ہوتے تو مکان کو بھی اپنا سمجھکر اوسکو قایم رکھتے اونکی نظر مین خدا ہی خدا تھا جب خدا کا نام لیا خاموش ہو رہے

اشعار

تا بے خبر از وجود اصلی — اے خام طمع نہ مرد وصلی
زین حرف نشان مپرس تا تو — در دام ہوا اسیر غفلی
طبع تو مخالف ست زان روے — کاشفتہ درین چہار فصلی

ایک عورت میٹھے چاول پکا کر لائی آپ خوش ہو کر کھاے اور فرمایا جا مائی تیرے گھر مین فلانی طرف سو روپیہ دبے ہے ہین اوسنے اوس جگہہ کو کھودا اور روپیہ نکال لیا ایک اور عورت نے اسکو سنکر میٹھے چاول پکاے اور لے گئی آپنے نہ کھاے انکار کیا جب وسنے اصرار کیا تب فرمایا سو روپیہ کہان سے لاؤن تجکو ان چاولون کے قیمت دون ایکبار ہم نے اون سے پوچھا کہ حضرت آپکی عمر کتنی ہی فرمایا دو سال کی پوچھا کہ ذات کیا ہی فرمایا گوڑوا ہی بعد دو سال کے انتقال ہو گیا **نقل** ایک خادم مولانا شاہ نیاز احمد صاحب رحمت اللہ علیہ بریلوی کا میان کلن شاہ صاحب کی خدمت مین گیا اور ملا آپنے فرمایا اپنے پیر سے کہدینا تمپر عنقریب حال وارد ہو ہونے والا ہی اوسنے جا کر شاہ صاحب کو اطلاع دی آپنے پوچھا یہ بھی بتایا ہی کب تک وارد ہوگا خادم نے کہا حضرت یہ تو نہین فرمایا تب شاہ صاحب نے اوسکو واپس بھیجا اور دریافت کیا کب تک ہوگا تب آپنے فرمایا دو سال کے بعد چنانچہ ایسا ہی ہوا **رباعی**

از منصب عشق سرفرازم کردند — وز منت خلق بے نیازم کردند

چون شمع درین بزم گدازم کردند		از سوختگی محرم رازم کردند	

چونکہ مولوی نیاز احمد صاحب کو جان بازی اور جان گدازی کرتے کرتے برس گذرگئے تھے اور طالب صادق اور عاشق واثق خدا کے تھے اور جو کوئی راہ خدا مین صدق وصفا اور خلوص باطن سے بے ریو وریا ثابت قدم رہتا ہی ضرور ایکدن افضال الٰہی سے کامیاب ہوتا ہی واسطے رفع اضطراب و حصول اطمینان کے خدا تعالے نے ازراہ رحیمی اور کریمی مولانا صاحب کے حال پر رحم فرماکر اپنے ایک دوست کے واسطہ سے اول مژدہ فرحت افزا او نکے کانو تک پہونچا دیا بعد اوسکے اوسکا ظہور فرما دیا اور او نکی جد وجہد کو رایگان جانے ندیا بار بار فرمایا کرتے تھے کہ تم بروی لگاؤ یعنی مرید کرو المختصر طرح طرح سے فیض رسانی بطون کا طریقہ خداوند تعالی نے مقرر کیا ہی بعضونکو جد وجہد وریاضت سے منزل مقصود نصیب ہوتی ہی بعضونکو بلا مجاہدہ وریاضت دارین کے فایدے ملجاتے ہین بعضونکو ایسی صورت سی ملتی ہی کہ عقل سے باہر ہی دوہرہ

ایکن کو دیت ہی پھر اسکے ایکن کو مانگے نہ دیت ہے		ایکن کو بیٹھے دیت ہی ایکن کو دیت نہ لیت ہے

میرٹھ مین ایک بزرگ محمدی شاہ صاحب وارد ہوئے بڑے صاحب کمال تھے پانسو کوس تک کا مکاشفہ او نکو تھا اتفاقاً ایک طوائف او نکی معتقد ہوی عرصہ تک او نکی خدمت مین آتی رہی ہوتے ہوتے ہم محبت پیدا ہوگئی قدرت ایزدی سے کچھ ایسی رسم بڑھی کہ نوبت حرکت ناشایستہ بھی آئی جنکی ترکیبین خطا سے ہووین اور نسیان سے ۔ کس طرح خالی رہین وہ سہو اور عصیان سے

اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ قطعہ

صد سال در آتشم اگر محل بود		آن آتش سوزندہ مرا سہل بود	
با مردم نا اہل نہادم صحبت		کز مرگ بتر صحبت نا اہل بود	

تقدیر ربی اور مشیت ایزدی سے ہر بشر ناچار ہی یہ بھی ایک تقدیری معاملہ تھا اور خدا کو اپنی نیرنگی کا تماشا دیکھلانا تھا وکھا دیا

جہا نافسونست و نیرنگ نگ		ہمہ کار و کردار تو سربسر

همین ست آئین دوستان تو — که گاہے دہی زہر گاہے شکر
خطا گفتی استغفر اللہ خطاست — جہان را چہ جرم ست ای بے خبر
قضا اینچنین اقتضا مے کند — ز تقدیر دارندهٔ داد گر

جب تک سالک مرتبہ فنا فی اللہ اور بقا باللہ کو نہین پہونچتا تب تک ہر طرح خوف تنزل رہتا ہی جب مرتبہ مذکورہ کو پہونچ جاتا ہی خوف تنزل نہین رہتا کیونکہ بعد فنا اور بقا کے داخل مقام حفظ و امان ہو جاتا ہے ؎

فانی ز خود بدوست باقی — این طرفہ کہ نیستند و ہستند

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ اگر یہ مرتبہ حاصل ہوتا تو یہ تنزل نہوتا جسوقت امر ناشدنی ہوا اوسیوقت مرتبہ فقر اوس طوائف کو حاصل ہو گیا شاہ صاحب کورے گھڑے رہگئے سخت گھبرائے توبہ و استغفار سب کچھ کیا کچھ نہوا ناچار ادھر ادھر بزرگون سے ملنا اور اپنا درد دل کہنا شروع کیا کسینے کچھ علاج نہ بتایا مولانا شاہ نیاز احمد بریلوی نے سمجھایا کہ تم اپنے مرشد کے مزار پر جاؤ شاید کچھ کشود کار ہووے ناچار یہ کلکتہ گئے کلکتہ مین اونکے مرشد کا مزار تھا عرصہ قریب ہی اونکو وصال کئے ہوئے ہوا تھا چندے وہان قیام کیا آخر ایک روز مبدا فیاض سے بتوسل مرشد وہی بات پھر نصیب ہوئی رباعی

ای آنکہ ترا لطف و عطا مے زیبد — ما را گنہ و سہو و خطا مے زیبد
من با تو نگویم کہ بمن نیکی کن — با من ہمہ آن کن کہ ترا مے زیبد

پھر میرٹھ آئے اور مولانا نیاز علی صاحب سے اور ہم سے ملے انسان کی عقل اس نازک معاملہ مین کچھ دخل نہین کر سکتی کجا دردیشی و کجا حرکات ناشائستہ اور کجا فتوح و کشود و انکشاف جب خدائے پاک کو فضل فرمانا ہوتا ہی دم کے دم مین کسی طرح فضل فرما دیتے ہین اور اونکو اگر منظور نہین ہے تو تمام عمر کوئی سر مارے کچھ نہین ہو سکتا شعر

نہ بزور و نہ بزاری نہ بزر مے آید — خود بخود آن بت عیار بہ بر مے آید

ایضاً حضرت میانمیر لاہوری رحمت اللہ علیہ کی ملاقات کا اکبر بادشاہ کو کمال شوق ہوا جابجا تلاش کرنا شروع کیا آپ نہ ملے آخر کار ایکدن خود بخود شاہی محل کے نیچے جا موجود ہوئے بادشاہ کو اطلاع ہوئی حکم ہوا جس طرح ممکن ہو کوئی دربار مین لائے آپ نے اصرار کیا حضور شاہ والا پایگاہ یاد فرماتے ہین دربار مین چلیئے سعادت یاب فرمایئے نگئے اور بولے کہ ہم رسی سے اوپر پہونچینگے اگر تمکو بلانا منظور ہی کمند ڈال کر کھیچ لو آخر کار کمند کے ذریعہ سے قلعہ کے اوپر بادشاہ نے بلایا اور بعد سلام و نیاز کے التماس کیا کہ خدا تعالی آپسے کیونکر ملا اور کس طرح آپ کو نصیب ہوا فرمایا پوچھنے کی کیا ضرورت ہی خود سمجھ لو ہم تمسے بے بلائے خود آملے یا تمکو ہمسے ملنا تھا تمنے کمند ڈال کر کھیچ لیا راہ کو راہ کچھ نہ دیکھا جب اونکو کسی پر فضل فرمانا ہوتا ہی اسیطرح خود متوجہ بعطا و رحمت ہو جاتے ہین خود اپنی طرف جسکو چاہے کھیچ لیتے ہین

اشعار

جب لاگے برسن کے چاؤ ‌ ‌ ‌ پچھوا دیکھین نہ پروا باؤ

جو دمے جوید گدایان ضعاف ‌ ‌ ‌ ہمچو خوبان کائینہ جویند صاف

روے خوبان زائینہ زیبا بود ‌ ‌ ‌ روے احسان از گدا پیدا بود

بانگ مے آید کہ ای طالب بیا ‌ ‌ ‌ جود محتاج گدایان چون گدا

پس گدا آئینہ جود حق اند ‌ ‌ ‌ وانکہ باحق اند نور مطلق اند

منشی فضل رسول صاحب نے ایکبار ارادہ کیا کہ نوکری چھوڑ دون اس خیال کے آتے ہی میر قادر علی برادر زادہ میر اعظم علیشاہ صاحب پیر و مرشد حضرت نے رات کو یہ خواب دیکھا کہ ایک ندی رواں ہے اور اوسکے کنارہ پر ایک بزرگ ہین اونھون نے چند مچھلیان ندی مین سے نہایت خوبصورت پکڑ کے قادر علی کو دیکر یہ فرمایا کہ تم منشی فضل رسول کو دیدو اسی عرصہ مین حضرت قبلہ بھی تشریف لائے آپنے بھی یہی فرمایا کہ یہ مچھلیان منشی فضل رسول کے واسطے ہین اور جنھون نے دی ہین یہ خضر علیہ السلام ہین اور یہ بھی کہدو کہ گھبراو مت میر قادر علی نے حضرت کی خدمت مین حاضر ہو کر خواب عرض کیا حضرت قبلہ نے فرمایا کہ ہماری طرف سے منشی فضل رسول سے کہدینا کہ خدا تعالی کا

معاملہ ہر شخص کے ساتھ مین جدا ہی دیکھو عیسی علیہ السلام کے ساتھ مین یہ معاملہ تھا کہ فقر و فاقہ سے زندگی بسر ہوتی تھی حتی کہ ایکدفعہ عیسی علیہ السلام نے جنگل مین ایک خشت اپنے سر کے تلے رکھ لی تو شیطان آیا اور اوسنے کہا کہ آپ میرے ملک مین بھی دخل دینے لگے آپنے فرمایا کہ کس طرح شیطان نے کہا کہ یہ خشت جو سر کے تلے رکھی ہی ایکی نہین ہی آپنے اوسیوقت نکال کر پھینکدی تب شیطان نے کہا کہ اب آرام سے استراحت فرمائیے اور سلیمان علیہ السلام کو خدانے سب طرح کا ساز سامان ثروت دین و دنیا دے رکھا تھا اور نبی دونون تھے اس بات کو سمجھ لو بقول حضرت سرمد رباعی

آنکس کہ ترا تاج جہانبانی داد
مارا ہمہ اسباب پریشانی داد
پوشاند لباس ہر کرا عیبی دید
بے عیبان را لباس عریانی داد

خدا کو دین و دنیا دونون عطا فرمانی منظور ہین اس خواب کی تعبیر یہی ہی جب تک منظور خدا ہے تب تک نوکری کیئے جاؤ نوکری تمھارے حق مین مضر نہین ہی اور راہ فقر مین جو ہونا ہونا ہی وہ نوکری اور غیر نوکری پر منحصر نہین ہی خدا کی یاد و بود مین لگے رہو۔ ایکدن ایک شخص نے عرض کیا جب اولیاء اللہ انتقال کر جاتے ہین پھر بھی اون سے فیض و فایدہ کسیکو ہوتا ہی یا نہین فرمایا خواجہ عالم کا ارشاد ہی حدیث اَلْمُؤْمِنُ حَیٌّ فِی الدَّارَیْنِ حدیث اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ

بنا شد مرگ ہرگز اولیا را
نہ ہر یک اصفیا و اتقیا را
ز واری تا بداری نقل باشد
ز شغل کار دنیا عزل باشد

حدیث اَلْقَبْرُ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِّیَاضِ الْجَنَّۃِ قولہ تعالی شانہ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ

اے کہ ازین تنگ قفس میپری
رخت بہ بالائے فلک میبری
زندگی تازہ بیابی بعد ازین
چند ازین زندگی سرسری
جامہ این جسم غلامانہ بود
گیر کنون پیرہن مہتری

درعوض دلق تن چار بیخ	بافته انداز صفت مشتری
مرگ حیات ست وحیات ست مرگ	عکس نماید نظر کافری

نقل ایک دفعہ ایک خادم خواجہ ابوالعلی قدس سرہ کا خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مین جانے لگا خواجہ ابوالعلی صاحب نے وقت روانگی کے اوس سے کہا اجمیر مین فلان جگہہ تم کو ایک بزرگ ملین گے اون سے ہمارا سلام کہنا اور کہنا کہ آپ مخلوق خدا کو کیون خراب کرتے ہین خادم مذکور جب وقت اجمیر شریف مین پہونچکر بزرگ سے ملا پیام عرض کیا اونہون نے فرمایا آیندہ سال کو خدا تعالی آپ کی اہلخانہ کو بھی یہان لاویگا اوسکو تم روک لینا آخر بہ خادم بعد واپسی جواب لایا جب عرس کا موقع آیا خواجہ صاحب کی بیوی نے کہا مین اجمیر شریف کو جاؤنگی ہر چند اوسکو منع کیا اور سمجھایا اوسنے نمانا ناچار خواجہ صاحب بھی ہمراہ ہولیے جب اجمیر شریف مین پہونچے خواجہ معین الدین رح سے ملے آپنے فرمایا تمنے جو یہہ کہلا کر بہیجا تھا کہ مخلوق خدا کو کیون خراب کرتے ہو کیا مخلوق خدا میرے قبضہ و اختیار مین ہی مین مقلب القلوب نہین ہون مقلب القلوب وہ خود ہے یَفعَلُ اللہ ما یشاءُ ویحکُم ما یُرِیدُ

اوست مرہر بادشاہ را بادشا	حکم او را یفعل اللہ ما یشا

جسکو یہان بہیجنا منظور ہوتا ہی اوسکا دل اس طرف کو رجوع کر دیتا ہی بغیر حکم لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ بعد اسکے خواجہ بزرگ نے فرمایا بیوی کو رخصت فرمایئے آپ یہان ٹھہر جایے خواجہ ابوالعلی صاحب نے بیوی کو رخصت کیا آپ وہان رہ گئے خواجہ بزرگ نے فرمایا اب آپکے طریقہ کی توجہ دیکر فیض فایدہ پہونچایا جاوے یا اپنے طریقہ سے خواجہ صاحب نے کہا کہ حضرت میرے ہی طریقہ کی توجہ دیجیے خواجہ بزرگ نے اول تو طریقہ نقشبندیہ کے فیض سے کامیاب فرمایا کہ کچھ تھوڑی سی چاشنی ہمارے طریقہ کی بھی چکھتے جاؤ چنانچہ طریقہ چشتیہ سے بھی اونکو بہرہ یاب فرمایا نقل جب ہم پیران کلیر مین رہتے تھے حضرت علی احمد صابر رحمت علیہ کے مزار پرانوار پر ایک بزرگ سید محمد محسن چشتی سید گنگا پار کی طرف کے باشندہ رہتے تھے اونہون نے

اپنا نام کافر شاہ مشہور کر رکھا تھا آزاد وضع قلندر مشرب آدمی تھے فیض روحی حضرت علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ سے اونکو ہوا تھا دوست آنے لگے صرف ایک تہ بند اونکے پاس تھا اور وہ بھی تھا وہ ناپاک ہو گیا ہے کہا ہمارا ارادہ غسل کرنے کا ہی اور تہ بند ناپاک ہو گیا ہی ہمنے چادر انگو دی اسکو باندھا تہ بند اونکا دھو دیا پانی غسل کے واسطے لا دیا جب غسل کر چکے لیٹ گئے اور ایک ایک حواس کے جانیکا حال بیان کرنے لگے ہمنے پوچھا ابھی قوت ناطقہ تو باقی ہی کہا ہاں فرمایا کچھ بیان تو کر دیا اور کچھ دھندلا ہی سنکر ہنس پڑے اور السلام علیکم کہکر جان بحق ہو گئے بڑا فکر ہوا کہ جانوران درندہ آجکل جنگل میں کثرت سے ہیں اگر نعش کو چھوڑ کر کہیں جاوین کوئی درندہ اسکو خراب کریگا اس سوچ اور فکر میں تھے کہ وہ یکایک پھر اوٹھ کھڑے ہوئے ہمنے لاٹھی سنبھالی کہ کوئی جن بھوت اس میں آگیا بولے کہ میاں لاٹھی مت مارو میں وہی کافر شاہ ہوں جن بھوت نہیں ہوں تمہارے متفکر اور متردد ہونے کی وجہ سے رات بھر کے واسطے پھر چلا آیا ہوں جاؤ آپ نماز مغرب اور عشا پڑھلو حقہ بھر کر ہمکو دو جب نماز سے ہم فارغ ہو کر آئے تمام رات باتیں کرتے رہے ہمنے پوچھا کہ تم اوس عالم میں ہو آئے کچھ حال تو وہاں کا بیان کرو کیا ہم کہنے لگے جب ہاں آدمی دیکھا

روزیکہ جزا ہر صفت خواہد بود
قدر تو بقدر معرفت خواہد بود
در حسن صفت کوش کہ در روز جزا
حشر تو بصورت صفت خواہد بود

جب صبح ہونے لگی کہا فلاں فلاں آدمی آتے ہیں تا آپ رہو وہ ملکر ہمارے نعش کو دفن کر دینا اور میں اب جاتا ہوں السلام علیکم کہکر چلدیے وجود خاکی بیجان رہ گیا جب کچھ دن چڑھا تین چار آدمی آئے باالاتفاق اونکی نعش کو ہمنے دفن کر دیا ایک ترکیب نماز کی اونھوں نے بتلائی تھی اوسنے ہمکو فیض و فائدہ ہوا عالم فضا اور لطیف کو چھوڑ کر جسم کثیف میں وارد آنا اونکا ہمکو پسند نہ آیا ایسا ہی مخدوم شیخ اخی راجگیری قدس سرہ کے حال میں لکھا ہی کہ دسوین شوال کو جمعہ کے دن میں اونکا انتقال ہوا جب غسل دیکر کفن پہنایا ایک پیرزن جو اونکے گھر میں رہتی تھی رو کر کہنے لگی کہ مخدوم شیخ اخی ولی کامل تھا مگر افسوس ہے کہ دن جمعہ کا یہ دن خوش ہی کاش کے اس دن نہ مرتا

مخدوم اخی نے فوراً سر کفن سے نکالا اور فرمایا کہ اگر تیرے نزدیک آج کا دن نحس ہے تو ہم آج نہین مرینگے کل کو مرینگے اگلے دن چہارشنبہ کو انتقال کر گئے ؎

فضاے کبریائی در کنی پرواز ہر ساعت	جمال حق عیان بینی فراز وجہات روحانی
سلام اندر سلام آید کلام اندر کلام آید	عیان اندر عیان بینی ہمہ اسرار پنہانی
ندا انجا درد نے درمان نہ انجا ملک نے فرمان	ندا انجا فقد و فی وجدان نہ انجا رنج و آسانی
نشانت بے نشان گردد فنا اندر فنا گردد	نماند ذرہ در تو رسی در وے باسانی
بملک لم یزل بینی جمال پادشاہی را	کہ باشد کمترین ملکش ہمہ ملک سلیمانی

نقل جب ہم دکن مین گلکنڈہ پہونچے ہمنے سنا کہ فلان مقام پر ایک بزرگ رہتے ہین ایک مسجد کے حجرہ مین اونکا قیام ہی جسوقت ہم گئے تپاک سے ملے مگر وقت اونکا آخری تھا اونکا حال دیکھکر افسوس آیا ہم اتنی دور سے ملنے کو گئے اور یہ اب جان بحق ہونیکو تیار ہین اونسے کہا کہ ہم مسافت طے کرکے آپ کی خدمت مین پہونچے مگر صحبت نصیب ہونیکا موقع نملا جب ہمکو انھون نے افسردہ خاطر پایا فرمایا کہ تم کچھ افسوس نکرو آپ سے ہم بعد وفات ملا کرینگے خوش ہوکر عرض کیا کہ زہے قسمت جو آپ بعد وفات ہمکو فیضیاب فرماوین آخر سمجھا دیا کہ جب عشا کی نماز پڑہ چکو منتظر بیٹھے رہنا ہم تمھارے پاس ضرور آوینگے اور ہر روز اوسیوقت ہم تم سے ملا کرینگے اور پھر جان بحق ہوگئے حسب دستور تجہیز تکفین کرکے اونکی نعش کو دفن کر دیا جب سب آدمی چلے گئے ہم عشاء سے فارغ ہوکے منتظر رہے کہ دیکھیے وعدہ سچا ہوتا ہی یا نہین تھوڑی دیر کے بعد آکر کھٹکا کیا دروازہ کھولدیا اندر آئے بیٹھے رہے اور ہر طرح کی بات چیت کرتے رہے اور چالیس دن تک مستفیض فرماتے رہے بعد چالیس دن کے فرمایا کہ اب تمھاری خاطر ہوچکی کل تم چلے جاؤ چنانچہ ہم وہانسے چلدیے ؎

درین محنت کدہ تاکے چو دیوان سکینی منزل	چو سیکردی درین ویرانہ چون غول بیابانی
علم بالاے گردون زن چو مرغ روح ہر ساعت	کہ چون از دام تن رستی شدی تو مرغ روحانی

نقل بمقام شدبلہ ایک مولوی صاحب ایک مٹھان کو پڑھایا کرتے تھے اتفاقاً مولوی صاحب بیمار ہوگئے

جب صورت صحت نظر نہ آئی اور بیماری ٹھہرنے لگی شاگرد کو کمال ملال ہوا مولوی صاحب نے شاگرد کو مغموم دیکھکر فرمایا کہ تم کچھ رنج وغم مت کرو اگر ہمارا انتقال ہو گیا تو انشاء اللہ تعالیٰ ہم تمسے ملا کرینگے انجام کار مولوی صاحب وفات پا گئے اور بعد وفات کے شاگرد نے اونکو دیکھا کہ اپنی تجہیز اور تکفین مین آپ بھی شریک ہین اور بعد اوسکے روز شاگرد کے پاس بطور خفیہ آتے رہتے تھے اور فرمایا کسی جگہ کچھ شبہ تمکو ہو تو ہمسے پوچھ لیا کرو بعد چند روز کے ایکدن نادان مین سے بدبو آئی فرمایا بس ہم اب نہین اوینگے چنانچہ اوس دن سے آنا چھوڑ دیا **نقل** ایضاً مولانا روم علیہ الرحمت نے وقت آخر آخری مجلس مین اپنے اصحاب کو وصیت فرمائی کہ میرے مرنے سے غمناک نہونا کیونکہ منصور رحمت اللہ علیہ کے نور نے ایک سو پچاس سال کے بعد شیخ فریدالدین عطارؒ کی روح پر تجلی کی اور مرشد شیخ عطار جسے بنے ایسے ہی جس حالت مین تم مجکو یاد کروگے مین تمہارا معاون اور مددگار ہونگا اور جس لباس مین ہونگا تمہارا ساتھ دونگا اور یاد رکھو کہ ہمارے دنیا مین وہ تعلق ہین ایک بدن کے ساتھ دوسرا تمہارے ساتھ جب عنایت خداتعالیٰ سے مین فرد مجرد ہونگا تو تجرید تفرید رنگ دکھاویگی اوسوقت مین تمہارا ہی تعلق ہوگا حضرت ابوالحارث کا قول ہے کہ مین نے حضرت ذوالنون مصری کی شہرت سنی اور چند مسئلہ کی دریافت کرنیکے واسطے اونکی خدمت کا ارادہ کیا جب مصر مین پہونچا معلوم ہوا کہ ذوالنون مصری نے رحلت کی ہے اونکی قبر پر گیا اور مین نے نماز پڑھی اور قبر پر بیٹھا مجکو غنودگی آگئی اوسی حالت مین مین نے حضرت ذوالنون کو دیکھا اور جو کچھ میرے سوال تھے سب اونہون نے حل کردیے اور سبکے جواب شافی دیے

گر شوی تو واقف اسرار غیب
حاصل آید مترا این فتح باب

نقل حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ کے حال مین لکھا ہے کہ حضرت شیخ احمد عبدالحق رودولویؒ نے وصال سے پچاس برس کے بعد حضرت عبدالقدوسؒ کو فیض روحانیت تکمیل کی لذت سے محظوظ فرمایا اخبار الاخیار مین سید ابراہیم بن عبدالقادر الچشتی القادری مرید شیخ بہاء الدین قادری شطاری کے حال مین لکھا ہے کہ بواسطہ شیخ نظام الدین قدس سرہ کے خرقہ پایا شیخ

ابوسعید قیلوی سے نقل ہے حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ کی مجلس مین بارہا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
اور دیگر پیغمبران صلوات اللہ علیہم کو دیکھا ملایک بھی گروہ در گروہ مجلس مین حاضر ہوتے تھے مردان
غیب اور جنون کو بھی دیکھا ہے خواجہ خضر علیہ السلام بھی مجلس مین بہت آتے تھے اور فرماتے تھے
کہ جو صلاح چاہے وہ اس مجلس مین حاضر ہو نقل ایکدن حضرت غوث الثقلین شیخ محی الدین
عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کرسی پر بیٹھکر وعظ فرما رہے تھے اور قریب دس ہزار آدمی کے
وعظ مین حاضر تھے شیخ علی بن ہیتی کرسی کے پایہ کے پاس بیٹھے ہوے تھے ناگاہ شیخ علی ہیتی
بیخود ہو گئے غوث پاک نے سب حاضرین کو فرمایا کہ خاموش ہو جاؤ سب خاموش ہو گئے اور ایسے خاموش
ہوے کہ سواے انفاس کے اور کچھ آواز نہین آتی تھی اور غوث پاک کرسی سے اوترکر شیخ علی کے آگے
باادب کھڑے ہو گئے اور اونکی طرف دیکھتے رہے جب شیخ علی بیدار ہوے تب غوث پاک نے اونسے فرمایا
کہ دیکھا تمنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اونھون نے کہا نعم پھر فرمایا غوث پاک نے کہ اسیواسطے مین
باادب کھڑا ہو گیا تھا پھر فرمایا کہ کیا وصیت کی تمکو آن حضرت صلعم نے کہا کہ آپ کی مجلس کی حاضرات
کیواسطے فرمایا ہے پھر شیخ علی نے کہا کہ جو کچھ مینے خواب مین دیکھا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ
نے بیداری مین دیکھا اور اوس روز چھ آدمی مردان راہ سے رحلت کر گئے ایضاً نقل ایک وقت
مخدوم سید عبدالقادر ثانی بن سید محمد غوث حسینی جیلی اوچی قدس سرہ صبح کی نماز کے لیے اوٹھے
جب وضو سے فارغ ہو چکے گھر کے آدمیونکو آواز دی کہ سب بیدار ہو جاؤ اور سعادت کونین حاصل کرو
جب تک سب بیدار ہوں وہ کیفیت ہو چکی جب مردمان خانہ آپ کی خدمت مین پہونچے آپ نے
فرمایا کہ اسوقت مجکو سید عالم نے عالم بیداری مین اپنے جمال باکمال سے مشرف فرمایا مین
چاہتا تھا کہ تم بھی اس نعمت عظمی اور عطیہ دارین یعنی دولت دیدار سے مشرف ہو جاؤ مگر تم حاضر
نہو سکے اور وہ کیفیت تمام ہو گئی ایضاً نقل حضرت سید موسی پاک شہید کے حالات مین
لکھا ہے کہ بارہا حضرت شاہ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے
شرف رویت خواب بیداری مین مشرف ہوکر اور شرف بیعت سے بھی مشرف ہوے اور فیضیاب ہوے

ایضاً شاہ نعمان چشتی برہان پوری قدس سرہ لکھتے ہین کہ ایک دن تمام اولیاء اللہ بحضور پرنور
صلی اللہ علیہ وسلم حاضر تھے مین نے عرض کیا کہ مقام قلعہ اسیر شاہ نعمان کو عطا ہووے یا شاہ محمود کو حکم ہوا
کہ شاہ نعمان کو ہمنے عطا فرمایا اور شاہ محمود کے لیئے حکم ہوا کہ اپنا مصلا وہانسے اوٹھالے اور شاہ نعمان
نے قلعہ اسیر مین مقام کیا ایضاً خواجہ سید آدم نبوری قدس سرہ ایکدن معہ اپنے دوستون کے حلقہ
کیئے بیٹھے تھے کہ روحانیت شاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور فرمایا اور دونون ہاتھ کھول کر
مصافحہ کیا اور ارشاد کیا کہ یا شیخ جو تیرے متوسلونمین سے تجھسے مصافحہ کریگا گویا مجھسے ہی مصافحہ کیا اور
جسنے مجھسے مصافحہ کیا وہ مغفور ہی پھر شیخ نے تمام مریدون کو جمع کر کے سب سے مصافحہ کیا تاکہ کوئی محروم نہ رہے
اور مکہ و مدینہ مین بھی چند بار مصافحہ کیا حاجی بندال خادم شیخ آدم کہتا ہی کہ ایکبار مین بیمار ہوگیا
مین نے شیخ آدم کو معہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بالین پر دیکھا اور دیکھا کہ فرماتے ہین حاجی بندال خاطر جمع
رکھو تو نے صحت پائی اوسیدن مجھکو صحت ہوگئی ایضاً شیخ بلجاری مجددی لاہوری کے حال مین ہے
کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت فاطمہ الزہرا نے انکو بخطاب فرزندی مشرف فرمایا اور شرف
بیعت و ماموری خدمات سے معزز فرمایا ایضاً شیخ سعدی مجددی اپنے حال مین لکھتے ہین کہ ایکبار
بیماری کی حالت مین سوتا تھا کچھ جاگتا تھا رات کا وقت تھا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مین نے
دیکھا کہ معہ صدیق اکبر و عمر فاروق رضوان اللہ عنہم و سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا تخت نورانی
پر جلوہ افروز ظاہر ہوے مین انکے سامنے دست بستہ بیٹھ گیا ناگاہ غیب سے قلم و کاغذ ظاہر ہوا حضرت سید عالم نے
حضرت صدیق سے مخاطب ہوکر فرمایا یا ابوبکر صدیق سعدی بلخاری مجددی کی عمر تمام ہوچکی یہ فرزند
معنوی حضرت فاطمہ زہرا کے ہے اب ازسر نو پچاس برس کی عمر اسکو ہمنے عطا کی اس کاغذ پر لکھو پھر تھوڑا سا
سکوت فرماکر ارشاد کیا کہ پانچ سال اور زیادہ کرو کہ پچپن سال دنیا مین رہے اور طالبان حق کی ہدایت
مین مشغول رہے ابھی یہ واقعہ تمام نہوا تھا اور مین وسی بیہوشی مین بستر پر پڑا ہوا تھا کہ حضرت شیخ
بزرگوار میرے اعادت کو تشریف لائے اور شیخ حامد اپنے خادم سے فرمانے لگے کہ آج شاہ رسالت نے
سعدی کو پچپن سال کی عمر عطا فرمائی ورنہ اسکی عمر تمام ہوچکی تھی اپنے شیخ کی آواز سنکر مین اُٹھ بیٹھا

اور قدمون پر گرا اوسیوقت سے تندرست ہوا

ایضًا

شیخ بہاء الدین ذکریا ملتانی قریشی الاسدی قدس سرہ کے حالمین لکہا ہے ایک رات شیخ نے اپنے آپ کو ایک مکان پر نور مین دیکہا کہ جناب شاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اوس مکان مین تخت پر جلوہ افروز ہین اور آپ کے پیر روشن ضمیر شیخ شہاب الدین سہروردی بجانب دست راست جناب رسالت مآب دست بستہ کہڑے ہین اور اوس مکان مین ایک رسی بندہی ہوئی ہے اوس سی پر چند خرقہ لٹکتے ہین تہوڑی دیر کے بعد خاتم الانبیائی شیخ بہاء الدین کو بلایا شیخ شہاب الدین نے اپنے ہات سے بہاء الدین کا ہاتہہ پکڑ کر روبروے سرور عالم حاضر کیا سرور عالم نے ارشاد کیا اے شیخ ان خرقون سے ایک خرقہ لاؤ اور بہاء الدین کو پہنا دو شیخ الشیوخ نے خرقہ لاکر حسب ارشاد پہنا دیا جب یہ واقعہ عالم خواب مین دیکہا صبحدم بامیدواری تمام شوق کی ترقی ہوئی چاشت کے بعد شیخ الشیوخ نے اپنے مکان پر انکو بلایا گئے دیکہا کہ شیخ شہاب الدین ایک تخت پر تشریف فرما ہین اور وہ وہی تخت ہے جسپر رات کو جناب خاتم الانبیا کو بیٹہے دیکہا تہا اور رسی بہی بندہی ہوئی ہے اور خرقہ بہی پڑے ہین شیخ الشیوخ اوٹہے اور وہی خرقہ جسکو خواب مین دیکہا تہا لائے اور اونکو پہنایا اور فرمایا یا بہاء الدین یہہ خرقہ جسکو جناب شاہ رسالت عطا فرماتے ہین اوسی کو ملتا ہے فقط ہم واسطہ ہین بے اجازت کسی کو نہین دیسکتے اور جو کچہہ معاملہ تہا وہ تمنے خواب مین سب کچہہ دیکہہ لیا بعض خدام نے رشک کہا کہ یہہ ہندی چندروز مین مشرف بخلافت ہوا باوجودیکہ سالہا سال سے شیخ کی خدمت مین حاضر ہین اور ابہی تک محروم ہین شیخ الشیوخ نے صفای باطن سے اونکے خطرہ پر اطلاع پائی اور فرمایا کچہہ غم نکرو تم ہیزم تر رکہتے تہے اور بہاء الدین ہیزم خشک رکہتا تہا

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۤءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ایضًا سید جلال الدین نے باتفاق سادات عظام مدینہ مین روضہ عالیہ کے سامنے جاکر کہا السلام علیک یا والدی روضہ سے آواز آئی وعلیک السلام یا ولدی وقرۃ عینی وسراج کل اہتی انت منی

وعن اہل منی اس آواز کو سنکر تمامی سادات آپکی شرافت کے قایل ہوے ایضاً شیخ سعدالدین حموی قدس سرہ کے حال مین لکھا ہی کہ ایک دن شیخ صدرالدین قزنیوی اور شیخ سعدالدین سماع کی مجلس مین تھے جب شیخ سعدالدین پر کیفیت طاری ہوئی اپنا مونھہ خانقاہ کیطرف کرکے آنکھہ بند کرلی اور تھوڑی دیر ادب سے کھڑے رہے بعدہ آواز دی کہ صدرالدین یہان آؤ جب صدرالدین آگئے آنکھہ کھولی اور بولے کہ اسوقت جناب شاہ رسالت خانقاہ مین تشریف لاے تھے مین نے حضرت کی زیارت کی اور سوچا کہ محبوب کردگار کے جمال سے یہ آنکھین مشرف ہوئی ہین انکو صدرالدین کی صورت پر کھولنا چاہیئے ایضاً شیخ بدیع الدین مدار قدس سرہ کے حال مین لکھا ہی کہ یہ بھی روحانی فیوضات سرور کائنات سے مشرف ہوے ہین اور شیخ ابوالقاسم کرکانی و شیخ ابوالحسن خرقانی و شیخ نظام الدین گنجوی نے بھی اسیطرح فیض پایا ہی یہ سب اویسی ہین ایضاً مولانا جلال الدین لورانی قدس سرہ نے ایک بزرگ سے بھی بیعت نہین کی روح پرفتوح شاہ رسالت سے مستفیض و مستفید ہوے اور فرماتے رہے کہ جب مجکو کوئی مشکل ہوتی ہی بیواسطہ غیری جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم حل فرماتے ہین ایضاً ایک شخص باشندہ ہالی بناج نے جناب سرور کائنات کو خواب مین دیکھا کہ مسجد مین تشریف رکھتے ہین اور طبق بزرگ خرما سے پرُ اونکے سامنے رکھا ہی مین نے جاکر سلام کیا تھوڑے سے خرما عطا فرماے جب مین نے شمار کیئے سترہ تھے مین سمجھ گیا کہ سترہ سال اور میری زندگی رہیگی بعد چند روز کے حضرت امام علی بن موسی رضا رضی اللہ عنہ بناج مین تشریف لائے اور اوسی مسجد مین جس مین رسول مقبول کو مین نے عالم خواب مین دیکھا تھا ٹھرے مین بھی گیا دیکھا اونکے سامنے طبق پرُ از خرما رکھا ہی اور جس جگہ پر شاہ رسالت کو بیٹھے دیکھا تھا وہین وہ بھی بیٹھے ہین سلام کیا اور یہ کہا کہ مجکو چند خرما عطا فرماے شمار جو کیئے سترہ تھے مین نے عرض کیا کہ حضرت کچھ اور عطا فرمائے تب اونھون نے فرمایا کہ شاہ رسالت سے زیادہ ہم نہین دے سکتے خواجہ رئیس نام ایک شخص نے

جو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کاکی کا مرید تھا خواب دیکھا کہ دروازہ روضۂ منورہ سید کائنات کے اندر جانے کا ارادہ کرتا ہون عبد اللہ مسعود نامے ایک شخص اندر سے نکلا اور بولا کہ رسول مقبول فرماتے ہین کہ ابھی تجکو ہمارے دیدار کی لیاقت نہین ہی جا اور ہمارا اسلام خواجہ قطب الدین سے کہہ اور یہ پیام دے کہ ہر روز رات کو تمھارا تحفہ ہمارے پاس پہونچتا تھا کیا سبب ہوا کہ تین دن سے وہ تحفہ نہین پہونچا خیر تو ہی خواجہ رئیس بیدار ہوتی ہی با دیدہ پر آب خواجہ صاحب کی خدمت مین گئے اور خواب سنایا خواجہ صاحب نے اوسیوقت وضو کیا اور تین ہزار بار درود پڑھا وجہ یہہ تھی کہ خواجہ صاحب نے نکاح نیا کیا تھا اور تین رات اوس عروس نو کی وجہ سے ہزار بار روزانہ درود کا جو ورد تھا موقوف ہو گیا تھا اور وہ عروس باعث عدم ابلاغ تحفہ درود ہوئی خواجہ صاحب نے درود پڑھکر عروس کو بھی طلاق دیدی ایضاً ایک شخص مدینہ منورہ مین ریاضت و مجاہدہ بی تحداد کرتا تھا اوسکو جناب سرور کائنات کیطرف سے اشارت ہوئی کہ حافظ محمد عابد کی خدمت مین جا اور تربیت سے مستفید ہو حسب وہ آپ کی خدمتمین آیا آپنے اوسکا جد و جہد اوسط درجہ پر قرار دیا اوسنے ترک نکیا اور اوسی طرح مجاہدہ کرتا رہا پھر اشارت ہوئی کہ جیسے حافظ محمد عابد تعلیم کرین وہ کرو آخر اوسنے مانا اور مقامات عالیہ تک پہونچا ایضاً بہاء الدین ذکریا ملتانی نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ آپ فرماتے ہین میر حسنی میرا فرزند قافلہ مین ہی اوسکو قافلہ سے علیحدہ کرو اور راہ حق بتاؤ علی الصباح حضرت بہاء الدین ذکریا قافلہ مین پہونچے اور آواز دی کہ میر حسنی تم مین کون ہی لوگون نے کہا فلان ہے شیخ اونکو اپنے ہمراہ لائے اور تربیت مین مشغول ہوئے عارف کرک میر حسینی سہروردی قدس سرہ صاحب مقامات عالی ہوئے ایضاً سید عبد اللہ سلیمان سادات متقدمین اور عمدہ مشائخ روزگار سے ہین انھون نے فیض بطونی سرور کائنات سے پایا کتاب دلائل الخیرات لکھی اور عالم خواب مین قبولیت کتاب سے مشرف ہوے اور بکمال فنا فی الرسول مین شہرہ روزگار رہین ایضاً مخدوم سلطان شیخ حمزہ کشمیری قدس سرہ کے حالمین لکھا کہ اونھون نے روح نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرتبہ تکمیل پایا

اور چونکہ عالم ظاہر مین اونکا کوئی مرشد نہ تھا بارہا جناب باری مین دعا والتجا کی آخر اشارت ہوئی کہ خود بخود تمھارا مرشد تمھارے پاس پہونچیگا چند روز کے بعد سید جلال الدین بخاری جو عبد الوہاب بخاری دہلوی کے خلفاسے تھے کشمیر پہونچے اور شیخ حمزہ باشارت غیب اون سے بیعت ہوئے اور چھ مہینے اونکی صحبت مین رہکر صاحب مقامات بلند و صاحب خرقہ خلافت سہروردیہ ہوئے ایضاً شیخ ابوبکر کتانی قدس سرہ کہتے ہین کہ میرا مکان صفا و مروہ کے درمیان تھا مین سوتا تھا مین نے خواب مین رسول مقبول کو معہ چار یار باصفا دیکھا پیغمبر خدا نے مجکو بغل مین لیا اور اشارت کیا کہ یہ کون ہی مین نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ ابوبکر صدیق ہین پھر اشارہ کیا یہ کون ہی عرض کیا عمرؓ پھر پوچھا یہ کون ہی گزارش کیا حضرت عثمانؓ پھر فرمایا یہ کون ہی التماس کیا حضرت علیؓ پھر پیغمبر حق اور اصحاب ثلثہ تو تشریف لے گئے اور حضرت علیؓ نے فرمایا ہم تم کوہ ابوقبیس پر چلتے ہین آخر وہان گئے اور دیدار کعبہ کیا جب مین خواب سے بیدار ہوا اپنے آپ کو کوہ ابوقبیس پر پایا اور کھڑا پایا ایضاً حضرت محمد مقیم محکم الدین بن شاہ ابوالمعالی قدس سرہ نے عالم خواب مین دیکھا کہ حضرت سید جمال اللہ حیات المیر نبیرہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ زندہ ولائی ہین اونکی پاس ایک امانت ہی لاہور جاؤ تمکو دینگے شاہ محمد مقیم حجرہ سے جلد سے اور لاہور کے پاس گورستان میانے مین پہونچے اور حیات المیر صاحب کو ایک حجرہ مین پایا اور بیعت ہوے اور ایک نظر فیض اثر سے تکمیل حاصل کی شعر محمد مقیم صاحب شاہد حال ہی ؎

مرا ز بی ہجران جان منظ پُر درد	کہ مو بمو ہمہ حسن و جمال گردیدم

ایضاً سلطان المشایخ نظام الدین دہلوی اکثر اوقات غیاث پورہ سے خواجہ قطب الدینؒ کے مزار کی زیارت کے لیئے تشریف لیجایا کرتے تھے ایکدن خیال آیا معلوم نہین خواجہ صاحب کو بھی ہماری حاضری کی کچھ اطلاع ہی یا نہین۔ جب مزار کے قریب پہونچے دیکھا کہ خواجہ صاحب مزار کی چبوترہ پر تشریف فرما ہین اور تبسم کرکے فرمانے لگے۔

مرا زندہ پندار چون خویشتن	من آیم بجان گر تو آئی بہ تن

ایضاً شیخ محمد حسینی شرقپوری کی حال مین لکھا ہی کہ شیخ نرگاؤ پر غلہ بار کرکے شرقپور سے لاہور کو چلے دریاے راوی کے عبور کے بعد موضع نیاز بیگ کے قریب پہونچے نرگاؤ کا پاؤن ٹوٹ گیا اور غلہ کا بار گر پڑا ہر چند ہمراہیون سے التجا کی کہ تھوڑا تھوڑا غلہ اپنے اپنے بار کشون پر رکھکر لاہو تک پہونچا دو کسی نے نمانا اور شیخ کو تنہا ویرانہ مین ناچار پڑا چھوڑ گئے نہ پاے رفتن نہ جاے ماندن جب دن تمام ہوا اور رات کی تاریکی چھا گئی شیخ نے بحالت ناچاری دعا کی کہ خداوند دستگیری کر ایک سوار نمودار ہوا اور باواز بہول اوسنے شیخ کو پکارا کہ ای شیخ اپنا بار غلہ اوٹھالا شیخ نے سمجھا کہ کوئی رہزن ہی جواب دیا مین غریب آدمی ناچار بیکس ہون نرگاؤ کا پاؤن ٹوٹ گیا بار میرا پڑا ہی کیسے اوٹھاؤن اور کیسے تم تک پہونچاؤن پھر آواز دی کہ نرگاؤ کا پاون درست ہے اوٹھا لا تب شیخ سمجھے کہ رہزن نہین دستگیر ہی تب عرض کیا کہ بار گران ہی مجھسے اوٹھنا محال ہی سوار خود آ موجود ہوا اور اپنے نیزہ کی نوک سے بار اوٹھوا کر اور نرگاؤ کو چلتا کرکے جانا چاہا شیخ نے بعجز و زاری عرض کیا کہ یا دستگیر آپ کون ہین اور آپکا کیا نام ہی پہلے تو انکار کیا پھر فرمایا ہم ہین اسد اللہ الغالب علی ابن ابطالب بامداد غیبی ہمنے اوٹھایا اور تجکو واصل حق کر دیا ایضاً جب مولوی ولی اللہ شاہ صاحب کا انتقال ہوا مولوی شاہ عبد العزیز صاحب کی عمر چھوٹی تھی بوجہ تربیت ان کے آپکے والد مولوی ولی اللہ شاہؒ اس عالم کیطرف متوجہ رہتے تھے ایک دن چشم باطن سے مولانا فخر الدین صاحب نے یہہ حال دیکھکر شاہ صاحب سے پوچھا کہ آپ کیون اس عالم کیطرف متوجہ رہتے ہین فرمایا عبد العزیز ہمارے فرزند کی عمر ابھی تھوڑی ہی اور کوئی تربیت کرنے والا اوسکا نہین ہی مولانا فخر الدین نے فرمایا کہ آپ میری سپرد فرما دیجئے چنانچہ شاہ صاحب نے مولوی شاہ عبد العزیز کو اُنکی سپرد فرمایا مولانا ے عبد الرحمان جامی رحمت اللہ علیہ کو جناب رسالتمآب کے ساتھ محبت کامل تھی جسوقت روضہ مبارک جناب سرور کائنات کیطرف متوجہ ہوکر یہ عرض کرتے تھے مصرعہ

سیدا می روم چہ فرمائی ہٰ بجواب اسکے سرور کائنات کیطرف سے یہ ارشاد ہوتا تھا

بسفر رفتنت مبارک باد — بسلامت روی و باز آئی

ہر شخص کو یہ بات حاصل نہین ہو سکتی ہر اولیا اللہ کے مریدون اور خادمون کا بھی حال ایسا ہی ہے جسکو عشق و محبت کامل اور صادق کہتے ہین وہ شیخ کے ساتھ مین ہزارون مین سے ایک دو کو ہوتی ہر صدق دو طرح پر ہر ایک خدا کے ساتھ دوسرا شیخ کے ساتھ جو صدق شیخ کے ساتھ بمثل حضرت شیخ شرف الدین

ہرچہ او گفت راز مطلق دان — ہرچہ او کرد کردہ حق دان

ہو وہ صادق ہے جسوقت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر رحمت اللہ علیہ نے حضرت شیخ علی صابر رحمت اللہ علیہ کو بیعت کیا بیعت کرتے ہی بمقتضاے غلبہ محبت اور عشق ایسی حالت فنافی الشیخ کی مخدوم صاحب پر طاری ہوئی کہ بابا صاحب کا طواف کرتے تھے اور یہ شعر بار بار پڑھتے تھے

قبلہ گویم یا پیمبر یا خدا یا صحبت — شوق بسیارست من دیوانہ ام دیوانہ ام

اور خادم منع کرنے لگے کہ کیون ایسے کلمات زبان سے نکالتے ہو اور طواف کرتے ہو بابا صاحب نے فرمایا تم انکو کچھ مت کہو یہ غلبہ عشق مین کہہ رہے ہین اس حال مین انکو کہنا روا ہر اگر تم کہو تو تمکو کہنا روا نہ ہر غلبہ عشق کی حالت مین عاشق سے جو کچھ سرزد ہو اوسپر اعتراض کرنا نہین چاہئے رزقنا اللہ بما صدر من العشاق

عشق بہر عقل و از جان ست — لی مع اللہ وقت مردان ست
عقل مردیست خواجگی آموز — عشق درویست بادشاہی سوز
آہ عاشق چو راہ برگیرد — دوزخ از بیم او سر گیرد
پیش آنکس کہ عشق رہبر اوست — کفر و دین ہر دو پردۂ در اوست
ہرچہ در کائنات جزو کل اند — در رہ عشق طاق ہاے بلند
پل بود ہر دو سوے آب رو — چون گذشتی ترا چہ پل چہ درو

عاشقی کام شیر مردان ست — نہ بدعوی ست بل بہ برہان ست
بالغ عقل صد ہے یابی — بالغ عشق کم کسے یابی

اسیطرح سلطان نظام الدین رحمت اللہ علیہ ایک عرصہ تک غلبہ محبت کیحالت مین نام مبارک باوا صاحب رحمت اللہ علیہ کا ورد زبان رکھتے تھے یعنی فرید فرید فرماتے رہتے تھے اور اکثر اشعار مدح بھی جناب باوا صاحب کی شان مین پڑھتے تھے

پر چہ بر قطع محبت راہ یافت — ہمچو فرزین دست بوس شاہ یافت
مایہ داری کین گہر را معدنست — آب حیوانش نہ پیرد امن ست
آن سعادت ہر کہ را در بر گرفت — خاک پایش را فلک بر سر گرفت
چون محبت تیغ وحدة بر کشد — سر نہ بیند ہر کہ آنجا سر کشد
خود محبت فارغ از ما و منست — ہر کہ او را دوست خود را دشمن ست
ہر کہ را تیغ محبت سر برید — در فضای قرب او ادنی رسید
از محبت بر در محبوب شو — بے طلب دلوانہ مطلوب شو

ایکدن ایک شخص نے شکایت کی کہ مین نے کمترین فقرا کی صحبت کا کچھ اثر نہ دیکھا شاید پہلے ہی زمانہ مین ایسے باکمال تھے کہ جنکی صحبت کا اثر عام کو فیضیاب کرتا تھا یا ہم لوگون مین شاید ایسا مادہ ہی مشیت آلہی نے نہین رکھا جو استفادہ فقرا سے محروم ہین آپنے تبسم فرماکر ارشاد کیا **نقل** موضع بابری مین ایک کتے کو ہڑک اوٹھی اور جنون جیسی حالت طاری ہوئی مالکنے اوسکو ایک نیم کے درخت سے باندھ دیا جب اوسکو ہوش آتا تھا درخت پر منہ مارتا تھا تیسرے دن اوسی حالت مین کتا مرگیا اور چند روز کے بعد وہ درخت بھی قطعی خشک ہوگیا اوسکی درخت کی لکڑیان جب کسی نے جلائین اور جسکو اوسکا دھوان لگا اوسکو بھی ہڑک اوٹھی جب باولے کتے کی ہڑک نے درخت مین ایسی تاثیر کی کہ اوسکا دھوان ہی جنون خیز ہوگیا فقرا مین خداوند جل و علا نے ایسی بھی تاثیر عطا نہین فرمائی جو کسیکو مستفید و مستفیض

ہونے سے قطعاً محرومی ہو مگر اصل یہ ہی کہ اثر تاثیر کا ظہور مادہ و استعداد طالب پر ہی جسکے وجود مین مادہ استفاضہ و استفادہ ہوتا ہی لاریب وہ فیضیاب ہوتا ہی

فایدہ کیا کرے صحبت جو نہو استعداد	باغ مین جا کے کبھی زاغ خوش الحان نہوا
ہیچ صیقل نکو نداند کرد	آہنے را کہ بدگہر باشد
سگ بدریای ہفتگانہ بشوی	چونکہ تر شد پلید تر باشد
چون بود اصل جوہری قابل	تربیت را در و اثر باشد
خر عیسے اگر بمکہ رود	چون بیاید ہنوز خر باشد
تو مستحق نظر شو کمال و قابل فیض	کہ منقطع نشود فیض ہرگز از فیاض

نیک صحبت کا اثر نیک اور بد صحبت کا اثر بد ہوتا ہی۔ الصحبت تاثیر

صحبت صالح ترا صالح کند	صحبت طالح ترا طالح کند

صحبت فقرا کا فیض و فائدہ سبحان اللہ بارک اللہ عجیب نفع خیز اور فائدہ مند ہی جسکو خدای جہان آفرین بلند اقبال اور خوش طالع پیدا کرتا ہی اوسکے دل مین فقرا کی صحبت کا خیال ڈالتا ہی۔ وَمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّجْلِسَ مَعَ اللّٰہِ فَیَجْلِسْ مَعَ الْفُقَیْر

گلی خوش بوی در حمام روزی	رسید از دست محبوبی بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری	کہ از بوی دلاویز تو مستم
بگفتا من گلی ناچیز بودم	ولیکن مدتی با گل نشستم
جمال ہمنشین در من اثر کرد	وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم
ز من جان پدر این پند بپذیر	برو فتراک صاحب دولتی گیر
کہ قطرہ تا صدف را در نیابد	نگردد گوہر روشن نتابد
نہ سنگ از تربیت لعل ست و یاقوت	چنان اطلس شود از تربیت لوت
اگر تاثیر صحبت نیست ایدون	نیاید ہیچ مرغ از بیضہ بیرون

پیر اکمل مکمل جو کسیکو تعلیم فرماتا ہی اوسکی تعلیم ضائع نہین جاتی کبھی نہ کبھی اوسکی تاثیر ظاہر ہوتی ہی۔

گر طالب صادقی ز نایاب مثال ‏ ‏ ‏ پیدا گردد

این عقد که بسته است و ہمت بخیال ‏ ‏ ‏ ہم وا گردد

گر آبله افتا بپاے طلبت ‏ ‏ ‏ زنہار رہا مایست

شاید که ازین بیضیه برآید پر و بال ‏ ‏ ‏ عنقا گردد

درویشان باکمال کی نظر الطاف اور نگاہ رحمت سرمایۂ ظہور فضل ذوالجلال ہی جب خداے پاک کسی پر مہربان ہوتا ہی اکابران طریقت و معرفت بھی اوسکے حال پر التفات فرماتے ہین اور ایک ادنی اونکی نظر عاطفت صدہا وبال سے نجات دیتی ہی **نقل** لکھنو مین ایک عورت عاجزہ ضعیفہ تھی اور سواے ایک فرزند کے کوئی اوسکا غمخوار اور خبر گیر نہ تھا اتفاقًا اوسکا بیٹا کسی بلاے ناگہانی مین پھنس گیا اور نواب کے عتاب سے اسیر زندان ہوا بحالت بیقراری وغم زندگی ہر چار طرف اپنے درد کی دوا کی جویان ہوئی اور کوئی اوسکا دادرس نملا ایکروز شب کو بکمال خضوع و خشوع دعا کی

تو گفتی ہر آن کس که در رنج و تاب ‏ ‏ ‏ دعاے کند من کنم مستجاب

خدایا بادشاہا کریما رحیما اس بیکس ضعیفہ کا سوا تیرے کون دستگیر اور چارہ ساز ہی تو ہی اپنی کرم سے ایسی شکل کر کہ میرا فرزند قید سے نجات پاوے چونکہ رحمت ایزدی اور رحمت سرمدی چارہ ساز بیکسان اور تیمار ناچاران ہی اوسکا تیر دعا ہدف اجابت سے قرین ہوا

بترس از آہ مظلومان که ہنگام دعا کردن ‏ ‏ ‏ اجابت از در حق بہر استقبال مے آید

ایک شخص نے اتفاقًا اوس ضعیفہ سے کہا اے عورت گومتی کے کنارے پر ایک درویش جامع کمال رہتے ہین اگرچہ بظاہر اونکی وضع رندانہ قلندرانہ ہی مگر حقیقت مین مرد فرد مقبول بارگاہ صمدی ہین تو اونکی خدمت مین اگر عرض حال کریگی تو یقین ہی کہ تیرا مدعاے دلی بہت جلد حاصل ہووے اور تیرے درد و حسرت کا علاج ہو جاوے

روی مقصود که شاہان جہان مے طلبند ‏ ‏ ‏ مظہرش آئینه طلعت درویشان است

حافظ اینجا بادب باش کہ سلطانی و ملک	ہمہ در بندگی حضرت درویشان است

عورت اوسیوقت باعتقاد تمام اوس درویش کی خدمت مین دوڑی گئی اور جاکر اپنا حال پر اختلال عرض کیا فقیر صاحب کو بھی سنتے ہی اوسکی حالت زار پر رحم آگیا اور ایک ٹھیکری لیکر اور اوسپر کچھ لکھکر فرمایا کہ اسکو کسیطرح اوس امیر کے پاس پہونچادے اگر وہ اپنے سر پر رکھے تو یقین ہے کہ اس بلائے جان آزار سے نجات پاوے عورت نے محافظان زندان سے ملکر وہ ٹھیکری اوسکے پاس پہونچائی اور اوس بلاکشیدہ نے اوسکو اپنے سر پر رکھا اوسیوقت والئے لکھنو کو سخت اضطراب پیدا ہوا اور اسقدر التہاب نے صورت دکھائی کہ معاً اوس اسیر کو بلایا اور رہا کیا - جب نواب لکھنو اوسکو چھوڑ چکے تب وہ اضطراب موقوف ہوا سمجھ گئے کہ کسی اہل کمال کا کرشمہ تھا اوسکو بلاکر تسلی و دلاسا کر کے فرمایا کہ کہ اب ہم تمکو چھوڑ چکے اب کچھ تو خوف و وہم نکر مگر یہہ صاف صاف کہدے کہ تو نے کوئی عمل پڑھا یا کسی بزرگ سے دعا کرائی جسکی تاثیر نے مجکو مضطرب کیا اور تجکو نجات دلائی وہ بیچارہ خاموش حیرت زدہ کچھ نہ کہہ سکا نواب نے اوسکی ماکو بلاکر حقیقت حال دریافت کی تب اوس ضعیفہ نے بزرگ صاحب کمال کی عنایت اور اپنی پریشانی مین مسرت کا ظہور سب کہہ سنایا نواب ایکروز اوس بزرگ کی خدمت مین گیا اور اوسنے مودب یہہ عرض کی کہ حضرت اگر اسی طرح آپ ٹھیکریان لکھکر مرحمت فرماوینگی تو میری حکومت کا کام کیسے چلے گا فقیر صاحب نے فرمایا بابا اب جو ہوا سو ہوا آیندہ خیال رہیگا پھر نواب کے دل مین یہہ بات آئی کہ سبحان اللہ فقیری عجب دولت ہے یہہ نوابی و اسایش سلطنت اسکی سامنے کوئی چیز نہین جسطرح ہو سکے فقیری حاصل کیجیئے دولاکھ روپیہ کا اشتہار جاری کیا کہ جو کوئی ہمکو واصل حق بنادے اور کمالات فقیری سے من وعن آگاہ کرے ہم اوسکو دولاکھ روپیہ دینگے گویا نواب صاحب نے فقیری کو بازاری سودا سمجھا دولت دنیا کو اعلی اور دولت فقر کو ادنی جانکر دولاکھ کا اشتہار دیا تاکہ اسکے لالچ مین کوئی ہمکو فیضیاب کرے .

دیدۂ تنگ کند فخر بدنیای خسیس / خس و خاشاک شہرہ را رگ گردن باشد

جہان بگشتم و آفاق سر بسر دیدم / بمردمی اگر از مردمی اثر دیدم

درین رواق زبرجد بخانہ خورسید / نگاشتہ سخن خوش باب زر دیدم

کہ ای بدولت دہ روزہ گشتہ مغرور / مباش غرہ کہ از تو بزرگ تر دیدم

شہی کہ تاج مرصع صباح بر سر داشت / نماز شام ورا خشت زیر سر دیدم

ز حادثات جہانم ہمین پسند آمد / کہ خوب و زشت و بد و نیک درگذر دیدم

ایک مرد خدا صاحب کمال نے جب اشتہار کی شہرت سنی ایک خادم سے فرمایا نواب صاحب سے پیام دو فقیری ایسی چیز نہین ہے جو زور یا زر سے حاصل ہووے یہ دو لاکھ روپیہ کا اشتہار عبث ہے۔

سکندر را نمے بخشید آبی / بزور و زر میسر نیست این کار

عاشقان حق اور شیفتگان برحق معشوق فروش نہین ہوتی جو دو لاکھ روپیہ پر پھسل جادین اور لالچ مین آئین

آنانکہ ہر دو کون بیک جو نمی خرند / ایشان دم از محبت دنیا کجا زنند

فقیری جان گدازی اور سر بازی سے حاصل ہوتی ہے۔

جناب عشق را درگہ بسی بالاتر از عقل است / کسی آن آستان بوسد کہ جان در آستین دارد

بخواری منگر ای منعم ضعیفان و فقیران را / کہ صدر مسند عزت فقیر رہ نشین دارد

فقیری وہ دولت سرمدی ہے اور نعمت اور حشمت لازوالی ہے کہ سلطنت ہفت اقلیم اسکے سامنے ہیچ در ہیچ ہے اگر دولت دارین بھی دیکر یہ دولت فقر ہاتھ آجاوے تو بسا غنیمت ہے

خار غم تو بصد گلستان ندہم / خاک قدمت باب حیوان ندہم

دردی کہ مرا از غم تو حاصل شد / آن درد بصد ہزار درمان ندہم

در عشق تو نیم ذرہ سرگردانی / خوشتر ز ہزار منصب سلطانی

زان می آیم دیر در رسیدانی		تا بہشترم زیر وزیر گردانی

حدیث حُرمَتُ الفَقِیرِ المُومِنِ عِندَ اللّٰهِ اَعظَمُ مِن سَبعِ سَمٰوَاتٍ وَسَبعِ اَرضِینَ وَالجبالِ وَمَا فِیهِنَّ وَالمَلٰئِکَةِ المُقَرَّبِینَ اَیضًا الفَقرُ فَخرِی وَبِہٖ اَفتَخِرُ وَلَا اَفتَخِرُ بِالنُّبُوَّةِ وَالوِلَایَةِ وَاَفتَخِرُ بِالفَقرِ

جن لوگون پر رحمت ازلی اور فیض لم یزلی ہے اوہنون نے دولت فقر کی قدر جانی ہے اور جن پر صحبت اکابران طریقت نے اثر کیا ہے وہی اہل فقر اور فقیر کی منزلت پہچانتے ہین نقل دہلی مین ایک درویش آزاد وضع شب و روز طاعت حق مین مصروف تھے اور اپنا مال و دولت جو کچھ ترکہ آبائی واجداد سے پہونچا سب راہ خدا پر واقف کردیا تھا فقط ایک کنیز کو اپنی خدمت کے لئے رکھ لیا تھا وہ کنیز باتمیز رات دن اونکی خدمت و رضا جوئی مین مصروف تھے جب اوس بزرگ نے ارادہ زیارت بیت اللہ اور ہجرت کا قصد مصمم کیا تو کنیز کو آزاد کرنا چاہا کنیز نے دست بستہ عرض کیا کہ حضرت یا تو اپنے ساتھ لے چلو خدمت مین حاضر ہون یا میرے واسطہ کوئی ایسی تجویز نکالو کہ جس سے میری زندگی بعشرت بسر ہو اور زندگی کا بسر ہونا آرام کے ساتھ جب ممکن ہے جب تم جیسا کوئی آدمی مجکو ملے اور مین اوسکی خدمت مین رہون اور اگر تم سا نہوگا تو بیشک زیست محال ہوجاوے گی بزرگ نے وعدہ فرمایا کہ بہت اچھا چلتے وقت ہم تمکو ایک بزرگ سے ملا دینگے اور اون کے پاس تمکو چھوڑ دینگے جب کعبہ کو چلنے لگے تو سلطان نظام الدین رحمت اللہ علیہ کے اوسکو سپرد کیا اور حضرت سلطان جی سے اوسکی سفارش کی کہ یہہ باوفا کنیز ہے اسکو آپ بھی بنہایت خوش رکھین کنیز نے اوسیوقت اقرار کیا کہ اپنے آقا کی صفات آپ مین پاونگی تو بیشک آپ کی خدمت مین بجان و دل مصروف رہونگی ورنہ چالیس دن کے بعد مجکو اختیار ہوگا جہان چاہون چلی جاؤن وہ بزرگ تو چلدئے اور چالیس دن قریب اختتام کے آئے اوس روز کنیز نہایت رنجیدہ خاطر اور مغموم ہوکر بولی کہ حضرت اب میرا سلام ہے جس بات کے لئے مینے آپ کی خدمت مین رہنا قبول کیا تہا وہ حاصل نہ ہوئی اور

یعنی حرمت فقیر مومن کی نزدیک خدا تعالیٰ کے بڑی ہے ساتون آسمان اور ساتون زمین [illegible] اور [illegible] فرشتون مقربین سے بھی [illegible] فقر فخر ہے میرا اور فقر ہی سے فخر کرتا ہون [illegible] پیغمبری اور ولایت پر [illegible]

ناکامی ہی ناکامی پیش آتی ہی مجکو اجازت دیجئے جہان میرا جی چاہے چلی جاؤن سلطان جی نے
فرمایا وہ کونسی بات ہی جسکی نہ حاصل ہونے سے تو مغموم ہی بیان کر کنیز نے کہا کہ میرے آقا
مین چار خصلت تھین جس شخص مین وہ چارون خصائل ہونگے اوسکے پاس مجکو رہنا گوارا ہی
ورنہ کیسا ہی صاحب کمال ہو مجکو منظور نہین اور مین نے سنا ہی کہ یہ چار خصلت اولیائے کاملین
مین ہوتی ہین سلطان جی نے ارشاد کیا آج رات کو ہمارے ساتھ رہ اگر وہ خصائل ہم مین
ہون تو بلا شک تو یہان رہنا ورنہ ہم تجکو نہ روکینگے جہان جی چاہی چلی جانا شام کیوقت بازار
کیطرف تشریف لیچلے اور کنیز کو اشارہ کیا کہ تو پیچھے پیچھے چلی آ جسوقت بازار مین پہونچے تمام اہل
بازار نے کہنا شروع کیا یہہ بادشاہ کے پیر تمام سلطنت کا مال مفت اوڑاتے ہین خوب
بادشاہ کو مطیع کیا ہی خلقت رجوع ہی بادشاہ تابع ہی ایسے ہی لوگون نے سلطنت مین کیف
اوٹھائے ہین مال کے لیئے فقیر بن بیٹھے ہین کسی نے کچھ طعن کیا کسی نے کچھ گفتگو کا غرض
جب وہ نکل گئے کنیز سے پوچھا کہو کوئی بات ہی کنیز نے کہا بیشک ایک بات کا پتا لگا ہی
آگے بڑھکر کمر بند بغلمین سے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے نکالے اور فروخت کیئے نصف اوسکی
قیمت سے فقرا کو دیا اور نصف کی روٹی خرید کر گھر لائے پھر پوچھا کہو کیا دیکھا کنیز نے کہا
سچ ہی دوسری صفت بھی ہی پھر اپنے حجرہ کا دروازہ بند کیا اور خدام کو رخصت کیا اور کنیز کو
اجازت دی کہ تھوڑی دیر کے بعد تو دروازہ کھول کر اندر آجانا جب خادم سب چلے گئے
تو کنیز نے دروازہ کھولا دیکھا کہ آپ نماز پڑھتے ہین صبح تک نوافل مین بسر ہوگئی جب صبح کی
نماز سے فارغ ہوئے تو آپنے خرقہ اوتار کر اپنی کمر کھولی اور کنیز سے کہا کہ ذرا ایک کپڑا لیکر
کمر کو صاف کر دے کنیز نے جو دیکھا کہ زخم مین سے کچھ ریم نکل کر جم گئی ہی غور کیا تو معلوم ہوا
کہ ناسور ہی تب کنیز پکار اوٹھی کہ واللہ اب چارون صفات کا امتحان ہو گیا بیشک آپ
سلطان الاولیا اور مقبول کبریا ہین مین نے بزرگان طریقت سے سنا ہی کہ جسکو دنیادار
نادان برا کہین اور معتقدین اچھا سمجھین اور جو اپنے کسب سے پیدا کرے اور شب بیدار ہو وے

اور ہمیشہ کسی مرض مین مبتلا ہو وہ خاص الخواص مقبولون سے ہوتا ہی اسی چار صفت سے میری آقا کی عاشق زار تھی اور آپ مین بھی انہین چار صفتون کی تلاش کرتی تھی آج میرا اطمینان ہو گیا اب تا دم عمر مجکو تفکر و توہم نہوگا المختصر صحبت فقرا بھی شناسائی اور تمیز کامل عطا فرماتی ہی اگرچہ مدار دنیا و دین کے کامون کا مقدر پر ہی اور فقیر تقدیر الٰہی کو نہین مٹا سکتے۔ اللّٰھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا راد لما قضیت ولا مبدل لما حکمت لیکن پیر باخبر اور رہنما جو فقیر ہوتے ہین اونکی تدبیر بھی موافق تقدیر ہوتی ہی اور طالب کو اپنے علم ادراک آگاہی سے تقدیر کے درجہ تک پہونچا دیتے ہین اور ہزارون دین دنیا کے معاملات آفریدگار عالم اونکے واسطہ سے کرتا کراتا ہی اور دعا اگرچہ خدا تعالی سب کی قبول فرماتا ہی مگر دوستان خدا کی دعا کو ایک اثر خاص اوسنے عطا فرمایا ہی۔

کان دعای شیخ نے چون ہر دعاست	فانیست او گفت او گفت خدا است

نقل ایک امیر کے دو لڑکے اور ایک دختر تھی ایک درویش اوس امیر کے پاس آتے جاتے تھے اور مہربان تھے ایک روز علم باطن سے معلوم ہوا کہ ایک لڑکے کے پاس ہمیشہ گھوڑا رہیگا اور دوسرا لڑکا چڑی مار ہوگا اور لڑکی ہمیشہ نیا خاوند کیا کریگی متاسف ہو کر اوس شہر سے کسی طرف کو چلدیے قدرت ایزدی سے وہ امیر تباہ ہو گیا۔

بدنیا دل نہ بندد ہر کہ مرد ست	کہ دنیا سر بسر اندوہ و درد ست
بر و بارے بگورستان نظر کن	کہ این دنیا حریصان را چہ کرد ست
غرہ اوج بنائے عالم امکان نہو	اس بلندی کو نصیبون مین ہی پستی ایکدن

ایک لڑکا سوارونمین نوکر ہو گیا دوسرا چڑی مار بنگیا لڑکی ہمیشہ فحش کرنے لگی۔ ایک عرصہ کے بعد وہ درویش پھر اوس شہر مین آئے اور اوس لڑکے سے ملے جو سوارونمین نوکر تھا۔ اوس سے تقاضا کیا کہ نوکری چھوڑ دے اور گھوڑا بیچڈال کچھ اوسنے تامل کیا پھر سمجھا کہ صاحب کمال آدمی ہین انکے کہنے سے انکار نہ چاہیئے ٭

گرد گاران کند که او خواهد	حکم بر کردگار نتوان کرد	

جٹ نوکری چھوڑ دی گھوڑا بیچ ڈالا اور خدا نے ایک گھوڑا اوسکو دیدیا اونکو معلوم ہو چکا تھا کہ ایک گھوڑا ضرور اسکے پاس ہیگا پس گھوڑون کی سوداگری کرنے لگا ہمیشہ بیچتا تھا اور خریدتا تھا اخر دولت مند ہو گیا پھر دوسرے بیٹے کے پاس گئے اوس سے کہا جب تک تیرے جال مین باز نہ آوے جال مت کھینچا کر اوسنے بھی مان لیا

سر ارادت ما آستان حضرت دوست	که هر چه بر سر ما می رود ارادت اوست	
رضا قضا نشود ای عزیز من هرگز	تو خواه فال بہ بین خواه استخارہ کن	

باز ہر روز اوسکے بھی جال مین آنے لگے اور بکنے لگے وہ بھی مالامال ہو گیا کیونکہ یہ بطون سے معلوم کر چکے تھے کہ چڑی مار ہو گا تو لازم ہوا کہ کوئی جانور ہو ضرور ملیگا پھر دختر کے پاس گئے اوس سے کہا جب تک سو روپیہ کا دینے والا نہ آوے اوس سے بات نکرنا عورت نے کہا ہمیشہ روپیہ دو روپیہ والے آتے ہین ایسی میری قسمت کہان ہے جو ایسے مالدار میرے پاس آوین درویش نے کہا ہرگز ہرگز سوائے سو روپیہ والے کے کسی سے گفتگو نکرنا اخر سو روپیہ والا اوسکا بھی خواہان کوئی آہی پہونچا

مرو زانی را خدا از رمے دہد	قحبہ زن را ہر شبے نر میدہد	
بے مگس ہرگز نماند عنکبوت	رزق را روزی رسان پر میدہد	

تب فقیر صاحب نے فرمایا جب تقدیر مین ہر روز نیا خاوند ہے تو کوئی نہ کوئی سو روپیہ والا ضرور آویگا عورت نے کہا آپ بزرگ ہین کوئی ایسی دعا فرمائیے کہ اس بلا سے مجھکو نجات ہووے فرمایا مین تقدیر شکن نہین ہون جو کچھ تیرے مقدر مین ہے اوسپر قانع رہ

کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا	ہم کیا ہین جو کوئی کام ہمسے ہوگا	
جو کچھ کہ ہوا ہوا کرم سے تیرے	جو کچھ ہوگا تیرے کرم سے ہوگا	
بیا کہ ہاتف میخانہ دوش با من گفت	کہ در مقام رضا باش و از قضا مگریز	

سو درویش تقدیر شکنی کا تو مادہ رکھتے نہین مگر فائدہ یہہ پہونچا جسکی مقدر مین ہوتا ہے اونکو توسل ہی تو جاتا ہے

چو ممکن نیست رفتن بے دلیلے | بباید مصطفٰے را جبر سبیلے

نقل ہم ایکبار دکن کے ملک مین ایک مقام پر پہونچے وہان بیرون شہر ایک تکیہ تھا اور وہان ایکدرویش اوس تکیہ مین قیام گزین تھا مگر ہر وقت نشہ پینے والونکی مانند جھومتا رہتا تھا اور مدہوشانہ حالت سے تمام دن اور رات بسر کرتا تھا اوس سے دریافت کیا کہ شاہ صاحب وہ کیا نشہ ہے جسکو آپنے پیا ہے اور جسکے سبب سے یہ ہر وقت کیف ہی فقیر پہلے تو خاموش ہو رہا جب اصرار کیا تو بولا کہ میان ہم شباب کے عالم مین سوارونمین نوکر تھے ایکبار ہمارا رسالہ اس تکیہ کے پاس اکر ٹھہرا اور ہم آگ کے واسطے اس تکیہ مین آئے یہان ایک فقیر بھنگ نوش رہتا تھا جب ہم آگ لیکر چلے تو اوسنے ہمسے کہا بابا ٹھہرو ٹھنڈائی تیار ہے تھوڑی تم بھی پی لو ہمارے منہ سے بے اختیار نکلا کہ ایسی بھنگ ہمکو درکار نہین جسکا نشہ گھڑی دو گھڑی کے بعد زایل ہوجاوے اگر ایسی پلاؤ کہ تمام عمر وہ کیف قایم رہے تو بسم اللہ حاضر ہین فقیر نے ہنسکر کہا اگر تمہارا دل یہی چاہتا ہے تو دیکھا ایسی ہی پلا دینگے اور ایک ساغر بھر کر ہمارے حوالہ کیا ہمنے بھی انکار مناسب نجانا پی لیا اوسکا حلق سے نیچے اوترا اور نشہ نے جوش کیا وہ بیخودی جو اوسوقت سے پیدا ہوئی ہے آج تک کہ بیس برس سے زیادہ ہوے ایک لمحہ کم نہین ہوتی وہ درویش چند روز کے بعد جان بحق ہوگئے مین اونکی بعد جانشین ہون میری یہ کیفیت ہے جو تمنے سنی اور سوا اسکے مین کچھ نہین جانتا

ارے اوس مے کدہ کے جانے والو | یہہ کہیو کوئی اوس پیر مغان کو
شراب شوق کا کم ہو گیا کیف | پلا ایسی کہ بھولین دو جہان کو

کاملین کا فیض زوال پذیر نہین ہوتا جو امور کسبی ہین وہ مرنے کے ساتھ ہی جاتے ہین معرفت الٰہی لازوال ہے جسکو یہ حاصل ہو جاتی ہے پھر کسیطرح اوسکو زوال نہین ہوتا دیکھو دنیا کا بڑا کمال کیمیاگری ہے جس سے سونا چاندی بنتا ہے یہہ کمال تا دم زیست رہتا ہے جہان انسان مرگیا یہ بھی دنیا ہی مین رہ گیا کمال معرفت الٰہی ایسا کمال اور ایسی دولت لازوال ہے کہ زندگی مین کسی طرح زایل ہو نہ بعد مرگ ابلیس لعین چرا [illegible] گاہ آلہی ہے جو مراتبات اوسکو حاصل [illegible]

حاصل تھے بوجہ نافرمانی زائل ہو گئے مگر عرفان اور شناسائی ذات جو اوسکو حاصل ہو چکی تھی اوس مین کچھ فرق نہین آیا مثلاً کوئی شخص علم عربی یا فارسی پڑھکر کسی عہدہ پر مامور ہو جاوے اور پھر وہ اوس عہدہ اور مرتبہ سے معزول کیا جاوے تو جو علم یعنی عربی یا فارسی پڑھ لیا ہی وہ بدستور اوسکو حاصل رہیگا عہدہ کی معزولی سے علم زائل نہین ہوگا یا مثلاً کوئی شخص الحمد اور قل ہو اللہ حفظ کرے اور پھر کوئی حرکت ناشایستہ کرے وہ اوسکی یاد سے نہین جاویگا شعر

چون نشینی بر سر کوئے کسے	عاقبت بینی تو ہم روئے کسے

اور یہ جو مشہور کرتے ہین کہ ایک درویش دوسرے درویش کی نعمت باطنی چھین لیتا ہی دولت سرمدی فقر کا جو کمال ریاضت مجاہدہ سے حاصل ہوتا ہی زائل نہین ہوتا مشہور ہی کہ حضرت سلطان نظام الدین رحمتہ اللہ علیہ کی نعمت حضرت شاہ شرف الدین بوعلی قلندر پانی پتی نے سلب کر لی تھی یہ غلط شہرت ہی حضرت سلطان نظام الدین رحمتہ اللہ علیہ بڑے صاحب کمال تھے اور اونکو مرتبہ محبوبی حاصل تھا اور قلندر صاحب مرتبہ عاشقی مین ممتاز تھے تونگری دنیا دولت فقر کے مقابلہ مین ہیچ اور پوچ ہی حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین حدیث لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اَکْرَمَ الْغَنِیَّ لِغِنَائِہٖ وَلَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اَہَانَ الْفَقِیْرَ لِفَقْرِہٖ وَلَا یَفْعَلُ ہٰذَا اِلَّا مُنَافِقٌ وَمَنْ اَکْرَمَ الْغَنِیَّ لِغِنَائِہٖ وَاَہَانَ الْفَقِیْرَ لِفَقْرِہٖ سُمِّیَ لَہٗ فِی السَّمٰوٰتِ عَدُوَّ اللّٰہِ وَعَدُوَّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالْاَنْبِیَاءِ وَلَا یُسْتَجَابُ لَہٗ دَعْوَتُہٗ وَلَا یُقْضٰی لَہٗ حَاجَتُہٗ حدیث مَثَلُ الْفُقَرَاءِ مَعَ الْاَغْنِیَاءِ لَمَثَلُ الْعَصٰی بِیَدِ الْاَعْمٰی سرکار کا معاملہ نازک ہی کسیکے دلمین کچھ ڈالدیا کسیکے دماغ مین کچھ جما دیا فرعون سے اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کہلایا موسی علیہ السلام کو اوڈرایا کبھی موسی علیہ السلام کو فتح و نصرت سے شاد کیا کبھی فرعون کی دعا مستجاب کرکے اوسکے ناز و غرور کو بڑھایا شعر

کفر و ایمان عاشق آن کبریا	مس و نقرہ بندہ آن کیمیا

حضرت آدم کا ابلیس سے نوح علیہ السلام کا قوم سے ابراہیم علیہ السلام کا نمرود سے موسی

علیہ السلام کا فرعون سے حضرت عیسے کا یہود سے سرور کائنات کا قریش سے معاملہ قابل عبرت ہے

نہ از موسیٰ ہرگزت سودے رسد ۔۔۔ نہ ز فرعونت زیان بودے رسد

آخر کار یہہ رہا نہ وہ رہا

سریست در حقوق محبت برائے ما ۔۔۔ عشاق از دو دیدہ کشند ابتلائے ما
ما نوح را ز طوفان گذشتہ کردہ ایم ۔۔۔ موسیٰ بغیب یافتہ قوت عصائے ما
انگشتر سلیمان بادیو دادہ ایم ۔۔۔ یعقوب خود نگاہ کند در فضائے ما
گاہے در افگنیم بآتش خلیل را ۔۔۔ قربان کند اگرچہ پسر در رضائے ما
گہ ارہ را تبارک سر زکریا کنیم ۔۔۔ یحیی کشیم دم نزند در فضائے ما
دندان مصطفےٰ را اید وست بشکنیم ۔۔۔ ایوب صابر آمدہ از کرم ہائے ما
گہ چاشنی زہر بحلق حسن کنیم ۔۔۔ گہ تیغ بر حسین کشند کربلائے ما
بیگانہ را چہ کار بود در بلائے غم ۔۔۔ آن را رسد کہ خاص بود آشنائے ما
فرعون را ندادیم اید وست درد سر ۔۔۔ زیرا کہ او نداشت سر دردہائے ما
شداد را بہ نعمت چندان رسانده ایم ۔۔۔ ہشتم بہشت او ر واندر سرائے ما
ما پروریم دشمن وما مے کشیم دوست ۔۔۔ کس را مجال نیست بچون وچرائے ما
حافظ ہمیشہ نالہ کند در بلائے غم ۔۔۔ باشد کہ خود علاج کند دردہائے ما

کائنات ایک پتلیون کا سانگ ہی اپنے اپنے وقت پر سبکا ظہور ہوتا ہی اور پھر سب معدوم ہو جاتے ہین

رباعی

مالعبت کانیم وفلک لعبت باز ۔۔۔ از روی حقیقتست نہ از روی مجاز
یک چند درین سراچہ بازی کردیم ۔۔۔ رفتیم بصندوق عدم یک یک باز

اونکی ذات کو ثبات ہی اور سب معدوم ہین نہ ہماری ہونے سے اونکی افزائش نہ معدومی سے کمی اشعار

حق ز ایجاد جہان افزون نشد ۔۔۔ انچہ اول آن نبود اکنون نہ شد
ور اثر افزون شدہ در ذات نے ۔۔۔ ذات را افزونی و آفات نے

ذات کے نیرنگ نے کاملین کو آئینہ وش حیران کیا ہی کسی نے سبحانی کہا کسی نے انا زبان سے نکالا کسی نے

رحمان و رحیم و رحمت اللہ مائیم　　شیطان رجیم لعنت اللہ مائیم
ہر نیک و بدے کہ در جہان میگذرد　　باللہ مائیم ثم باللہ مائیم

پکارا کسی نے

لا آدم فی الکونین و لا ابلیس　　لا ملک سلیمان و لا بلقیس
فالکل عبارت و انت للمعنی　　یا من ہو للقلوب مقناطیس

کا نعرہ مارا عین القضات ہمدانی رحمت اللہ علیہ نے فرمایا رباعی

اندر دو جہان کافر و مشرک مائیم　　زیرا کہ ہست و شاہد و دلبر مائیم
با گوہر اصل ہیچ نامد در خور　　آن گوہر اصل را چو در خور مائیم

کوئی ذات کے اسرار اور رموزات سے من وعن واقف نہوا کسی کی کچھ بن نہ آیا رباعی

بے نمودی و نمودے داری　　در پس غیب شہودے داری
اول و آخر ما جملہ زلست　　اے عدم طرفہ وجودے داری

بہر نہج اتباع شریعت غرا و سلوک طریقت اطہر سے وہ وکیف جو حد بیان و احاطہ تحریر سے باہر ہین اور لذت یاب شان فضل و مرحمت ہوئے کشف و کرامت سے شہرتین پائین اور وصول و حصول کی کیفیتین اوٹھائین منجملہ مراتب و منازل مرتبہ کشف و کرامت بھی آئینہ العامات ذات ہی بقدر استعداد و لیاقت ہر رہرو کو اس راہ کی عطائے کشف و کرامت سے معزز فرمایا کرامت اولیا قران اور حدیث سے ثابت ہی اس مین شک لانا خلاف شریعت ہی

از ازل ہر کہ بے خبر آمد　　گنگ و بے سمع بے بصر آمد
چشم حق بین او نبود جلی　　نہ نبی مے شناشد او نہ ولی
او نہ اعجاز انبیا بیند　　نکرامات اولیا بیند
ہمہ اوقات ہست ابو جہلی　　نسبت ہر زمانہ نا اہلی

که ز جهلش همیشه در انکار	چون خران مانده ور نه هر بار
نکرامات بیندان خفاش	نه مقامات داندان او باش
ای برادر بچشم صدق نگر	مکن از دیدهٔ عناد نظر
که ازان چشم بر ملا بینی	رتبهٔ حال اولیا بینی
از کرامات شان شوی آگاه	بهره یابی ز حال شان نگاه

مگر کرامت سے بندہ خدا نہین ہوجاتا بندہ کو بندہ جاننا چاہیئے اور خدا کو خدا کرامتین اولیاے کرام سے صادر ہوتی ہین یہ قرب نوافل کا نتیجہ ہے اور قرب نوافل کہتے ہین سالک کے صفات بشریت کے دور ہونیکو اور صفات حق تعالی کے ظاہر ہونیکو سالک پر یعنی مردہ کو زندہ کرے یا زندہ کو مارے بحکم الٰہی اور دیکھنے اور سننے تمام جسم سے نہ فقط چشم و گوش سے اور جو مسموعات کہ دور ہون اُنکو سنے اور جو مرئیات کہ ظلمت مین ہون اُنکو دیکھے اور علی القیاس اور صفات بھی اونکے سوا ہون اور صفات سالک کا صفات حق مین فنا ہونا بھی یہی ہے اور اسیکو ثمرہ قرب نوافل کہتے ہین اور صفات بشریت کا دور ہونا زوال حقیقی سے مراد نہین بلکہ تبدیل صفات سے مراد ہے یعنی بدلنا صفات بشریت کا ربوبیت مین یا پوشیدہ ہونا تعینات کا وجود حق مین یہ غرض نہین کہ تعینات قطعی مٹ جائین اور طریقہ فنا مراقبہ خلق و حق ہے یا مراقبہ وحدت وجود۔ مراقبہ خلق یہ ہے کہ جس چیز مین چونی اور چگونگی اور تعین اور تقید پاوے یقین کرے کہ یہہ سب معہ حیات علم قدرت ارادہ سمع بصر کلام وغیرہ ظل ہے اعیان ثابتہ کی اور وجود حق کے ساتھ موجود ہوئی ہے اگر اس مراقبہ کی مداومت کریگا تو قریب ہے کہ اعیان ثابتہ تمامی خلائق کی حقیقت ہے اوسپر منکشف ہونگے اور حقایق کونیہ یعنی عرش و کرسی و لوح و قلم اور ساتون آسمان اور زمین اور ستارے اور فرشتہ اور عالم ارواح و عالم مثال تمام معاینہ ہونگے اس کشف کو کشف کونی کہتے ہین طریقہ مراقبہ حق یہ ہے کہ کہ ہر زمان اور ہر مکان مین جس چیز کو ظاہری یا باطنی حواسون سے پاوے معتقد ہووے کہ یہ تمام وجود حق ہے کہ اسما جلال و جمال کے اظہار کیواسطے شکل و صورت کے ساتھ ظاہر ہوا ہے جب اس مراقبہ کی مداومت ہوگی تو البتہ ہستی حق کہ نہایت لطیف ہے اور جسکی نسبت لطافت نظر نہین آتی ملحوظ و معاینہ ہوگی اس کشف کو کشف الٰہی کہینگے جب یہ حال ہوگا تو مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا رَاَیْتُ اللّٰہَ فِیْهِ کا مضمون صادق آجائیگا اور مراقبہ

وحدت وجود یہ ہی کہ عین معنی کلمہ طیبہ کی بلا شرط وضو یعنی باوضو اور بے وضو دونو حالت مین اور بلا خصوصیت کسی
وقت کے اور بلا ملاحظہ دخول و خروج دم کے اور بلا رعایت الفاظ کلمہ کے کھاتی پیتی کھڑی بیٹھی چلتی پھرتی
جاگتی سوتی حرکت قرار ظاہر و باطن مین نگاہ رکھے اور خودی کی اصل برکندہ کرے اور خودی یہ ہی کہ اپنی
ہستی موہوم کو ثابت کرے اور نفی خودی عین معنی لا الہ مین پھر ثابت کرے وجود مطلق اور ہستی بحت کو کہ
عین معنی الا اللہ ہین ان مراقبات مین سے جدہر طبیعت رجوع ہوگی منزل مقصود پر پہونچیگا محروم نہ رہیگا اور
خیال رکھنا چاہیے کہ خدا مین جو صفات ہین وہ مستقل ہین اور بندہ مین جو صفات ہین وہ غیر مستقل ہین اور
خدا کی صفات کی ظل ہین اگر ایسی صفات دلی مین مستقل سمجھی جاوین تو شرعاً کفر ہی خاصان خدا مین یہ صفات
صفات حق کا ظل اور عنایت حق ہین اور کثرت ذکر فکر سے شوق اور محویت اور حالت سکر پیدا ہوتی ہی اور
اور بعد سکر کے صحو ہوتا ہے پروانہ شمع پر عاشق ہوتا ہی لیکن جب تک پروانہ کی نظر طلوع نور پر
رہتی ہی اور فروغ نور کی خبر ہوتی ہی تب تک پروانہ محبت مین شمع کی خام قرار دیا جاتا ہی اور عشق مین ناتمام
اور جب بمقتضای فرط محبت و جوش عشق کی شمع کے لمعہ نور مین سوختہ ہوکر ہم رنگ اور ہم صفت آتش بنجاتا ہی
اور صفت وحدت پیدا کرتا ہی تو آتش کے آتش کو کچھ پروا نہین رہتی ایسی صورت اور حالت مین پروانہ پروانہ
نہین رہتا ہمہ تن شمع ہو جاتا ہی

درحقیقت دگرے نیست خدائیم ہمہ	لیکن از گردش یک نقطہ جدائیم ہمہ
قطرہ بگریست کہ از بحر جدائیم ہمہ	بحر بر قطرہ بخندید کہ مائیم ہمہ
روز و خورشید صفت عین ضیائیم ہمہ	چون توان گفت کہ از خویش جدائیم ہمہ
گفتن ما و شما نیست بتوحید روا	ما چو ظاہر ز شمائیم شمائیم ہمہ

نقل ایکدن لیلی مجنون کے پاس گئی اور کہا کہ مجنون آنکھ کھولکر دیکھ چونکہ مجنون عشق مین ایسا محو ہوگیا تھا
کہ نہ مجنون کا غم رہا تھا نہ لیلی کا خیال مجنون نے کہا اِلَیکَ عَنِّی فَاِنَّ حُبَّکِ شَغَلَنِی عَنکِ یہہ حالت عجب حالت
ہی کہ محب محبوب کو محبت مین بھول جای یگانگی مین دوئی نہ سمای وَاذکُر رَبَّکَ اِذَا نَسِیتَ اے نسیت
نفسک اسی سے مراد ہی اس مقام مین عاشق پر عجب ایک حالت کیف اور بے وصف پیدا ہوتی ہی

جسکو صوفیہ صافیہ صحو اور سکر کہتے ہیں اشعار

در آمد بت مست در دیده یکسر	دو عالم شده از جمالش منور
سر زلف را تاب داده بمستی	ازان تاب بیتاب کرده مه و خور
جمالش شراب و در خش گشت ساقی	دهانش صراحی لبش گشت ساغر
چنان کرده بیخود مرا باده او	که از دست رفتم نه پا ماند نه سر
در آن بیخودی دلبر از در در آمد	مرا جست دیگر نهفت چون غنچه در بر
دو چشمم چو از عشق او باز گشته	بعالم ندیدم مگر حسن دلبر
بهر رخ که کردم نظر باز دیدم	که هر ذره بود خورشید انور
نما کرده در گوش دل هاتف جان	که معشوق و عاشق توئی نیست دیگر
چه گویم دوئی نیست در سر وحدت	قلندر خدا دان خدا دان قلندر
فعولن فعولن فعولن فعول	نه مسعود ماند و نه دیوار نه در

صحو اور سکر کی دو حالت ہیں صحو بے سکر کے بے زینت ہے اور سکر بے صحو کے بے لذت صحو کی دو قسم ہیں ایک صحو عشق کے ساتھ ہوتا ہے اور بے عشق ہوتا ہے یہ صحو عام ہوتا ہے اور ایک صحو ساتھ حفظ کے ہوتا ہے اور یہ عقل سے باہر ہے صاحب عقل اس صحو سے محض ناواقف ہوتے ہیں اور صحو بحفظ آکے کہتے ہیں کہ حالت سکر وحدت میں اسرار محبت کا افشا نکرے ایک سکر معشوق کے خیال سے ہوتا ہے اور ایک معشوق کے جمال سے جو سکر خیال معشوق سے ہوتا ہے اوسکو جمال معشوق سے افاقہ ہو جاتا ہے اور جو سکر جمال معشوق سے ہوتا ہے اوسکو افاقہ نہیں

چو باده از کف ساقی تہی میگردد	کجا دماغ لطیفم ز مستی آید باز

جسکو ایسا سکر ہوتا ہے وہ صحو نہیں چاہتا شاکر رہتا ہے لیکن لذت سکر کی ادراک کیواسطے قدر صحو کا ہونا نیک ہوتا ہے اور اس صحو کو مزین بسکر اور سکر مزین بصحو کہتے ہیں سکر اول استغراق محبت سے ہوتا ہے خیال محبوب کے اور سکر دوم استہلاک محبت سے ہوتا ہے جمال محبوب کے ساتھ سکر اول بدایت احوال میں ہے اور سکر دوم نہایت احوال میں حضرت شیخ ہجویر علی ہجوری رحمۃ اللہ علیہ جو صاحب کشف تھے اور مرشد ہیں آپکی مذہب جنیدی

کہتے تھے فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ فرماتے تھے صحو اور سکر کے فرق میں کہ سکر تلوین کا دکان ہے اور صحو فنا کا درجہ ہے اور مردان کمال جمال صاحب سکر ہوتے ہیں اور سکر سبب راحت کا سامان ہے بسبب کیفیت و رحمت کے ساتھ بعض کو طلب سکر میں کیفیت و رحمت کچھ معلوم نہیں ہوتی بعض کو معلوم ہوتی ہے ایک دفعہ حضرت یحییٰ معاذ رازی رضی اللہ عنہ نے حضرت بایزید سلطان العارفین رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ میں ایسا ہوں کہ شراب الفت کا پیالہ میں کاسہ محبت خواجہ بایزید رحمۃ اللہ علیہ نے اسکے جواب میں تحریر فرمایا کہ یہاں ایک مرد ہے جو دریا ہائے محبت نوش کر گیا ہے اور نوش پر نوش کا جویا اور استسقائی ہے اور نعرہ ہل من مزید کہتا ہے

از بادۂ عشق ہر کہ بیخود نبود در مکر و عشق جز این صحوے نیست		در حضرت معشوق بجز رد نبود کا بیخود او دلبر او خود نبود	

مراقبہ ہی مکاشفہ حاصل ہوتا ہے جب تجلیات سالک کے قلب پر وارد ہوتی ہیں اور سالک کی نظر میں جمال الٰہی ہوتا ہے تو تجلیات کو مانند جسم دیکھتا ہے جیسا موسیٰ علیہ السلام کو نور مانند آتش درخت پر نظر آیا اور اوس درخت سے ان یا موسیٰ انی انا اللہ سنا شعر

چون گفت شجر انی انا اللہ بہ تحقیق		پس در ہمہ موجود نگر جلوۂ ذات	

اور اگر بالکل نظر شاغل میں اجسام نہ ہوں اجسام اور سکی ہیں محو ہو جاویں اور نور محض شاغل کو نظر آوے اور دیکھنے والا ہونے سے شاغل ایسا محو ہو کہ شاغل کی نظر میں کوئی جہت نہ ہو تو اس مرتبہ کو مرتبہ معاینہ کہتے ہیں شهد اللہ انہ لا الٰہ الا ھو اور اگر اجسام اور جہت نظر شاغل میں آویں تو مرتبہ مشاہدہ ہے ھو الظاہر ھو الباطن و ھو بکل شی علیم حضرت ابو سعید خراز فرماتے ہیں جب تک وہ نصیب تا ہے بندہ اور خدا کے درمیان حجاب نہیں ہٹتا اور سر میں و وہم میں بندہ کی خدا کے سوا کچھ باقی نہیں رہ سکتا جب بندہ کو صفائی قلب حاصل ہوتی ہے دیکھتا ہے وہ روشنی جو عالم غیب سے ہے اور دیکھتا ہے جلال اور عظمت حق تعالی کی طالب کو چاہیے مراقبہ میں افعال صفات اور ہستی اپنی کو افعال و صفات و ہستی حق تصور کرے تا کہ جلدی قابلیت حاصل ہو جب فنا الفنا حاصل ہوئی تجلی جمال شاغل پر وارد ہوگی لازمہ فنا کا بقا ہے پس دیدہ ظاہر سے اون نور کا مشاہدہ کرے اللہ نور السموات والارض یعنی نور آفتاب حقیقی سے آسمان اور زمین

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رباعی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ملکی نفسانی شیطانی رحمانی وحی کو آخرت سے بھیجتے ہیں ملکی الہام کو آخرت سے بھیجتے ہیں نفسانی ہواجس کو آخرت سے
شیطانی وسواس کو آخرت سے اور خطرہ و نزول کا سبب کیفیت مراد ہو اگر بواسطہ نفس خطرہ کا نزول ہو تو
اور اگر بواسطہ شیطان ہوتا ہے وہ وسوسا اور اگر بے واسطہ جانب حق ہو قلب پر ظاہر ہو اخاطر حق ہے جو
وحی کو آخرت سے ہوتا ہے اور واسطہ ملکی جو ہوتا ہے تو الہام کہلاتا ہے حقیقت میں ایک غرابہ ہے اور مانو آخرت سے

بادہ یکے آمد و بسیار جام		شخص یکے آمد و بسیار نام

ایضا خطرہ وخطاب ہے جو ضمیر پر وارد ہوتا ہے اگر ملک کی جانب سے ہے الہام ہے اور اگر شیطان کی جانب سے ہے
وسواس ہے اور اگر نفس کی طرف سے ہو ہواجس ہے اور جو سبحانہ تعالی کی طرف سے ہے تو خاطر حق ہے الہام کی علامت
یہ ہے کہ جس بات پر انسان کو علم ہو اور ظاہر ہو اس کا علم فائدہ مند ہو وسواس کی علامت یہ ہے کہ سبب شیطان
ایک کام میں ذلت ہو اور انسان اوس سے نفرت کرے پھر بعد چند روز وہی ذلت کی بات پسند خاطر ہو جائے
اور ہواجس وہ ہیں کہ اپنی خواہش کی پیروی انسان بہتر سمجھے اور اگر اوس سے باز رکھنے والے منع کریں پھر اوسطرف
عود کرے تا کہ اپنی حسب مراد افعال میں مبتلا ہو اور خاطر حق کی علامت یہ ہے کہ اوس میں چند روز و تخمین نہیں
بلکہ اوس میں بداہت یقین علم ہوتا ہے ایضا جو بات کہ موجب اوس میں پیدا ہوتی ہے تخم حکمت ہے پھر ثمر معرفت ہے جس
معرفت تخم حکمت کی روشنی میں دنیا کی طرف نظر کرتا ہے اور ثمر علم کی روشنی میں آخرت کی طرف دیکھتا ہے اور جس
معرفت کی روشنی میں حق کی طرف نگاہ کرتا ہے نفس مطمئنہ تخم ہے اور قلب سلیم ثمر ہے اور رحمانی تخم ہے جو نفس حق
عزوجل کا طالب ہو تا وہ حقیقت میں اوس کا قلب آئینہ ہوتا ہے کہ جس میں عجائبات دنیا و آخرت دکھائی دیتے ہیں
انسان کو قوانین شرعی کی حفاظت بہتر ہے قوانین حیات فانی کی حفاظت سے ہزار درجہ وجد ذکر کا
نتیجہ ہے اور فکرت کی کثرت حضور قلب کی علامت ہے اور حضور قلب اللہ تعالی کے حصول توفیق کی علامت ہے
اور حصول توفیق حضرت تقدس کی طرف دلیل راہ بر ہے سالک کو چاہیئے ہمیشہ نفس کے مجاہدہ میں مشغول
ہے ہر کار میں خلاف نفس کرنا جہاد اکبر اور جہاد دوامی ہے تاکہ علایق ظلمانی و عوایق جسمانی سے نجات ہو
اور کشف معائنہ و مشاہدہ نصیب ہو جو کہ شریک جہاد ہونا جہاد اصغر ہے اور نفس کشی جہاد اکبر بادہ جہاد
ونفس کشی ارشاد جناب رسالت مآب صلعم ہے رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر قال یا نبیا ...

ملکی نفسانی شیطانی رحمانی وحی کو اخرت سمجھو میں ملکی الہام کو اخرت سمجھو میں نفسانی خیالو کو اور سب
شیطانی وسواس سمجھو اور خطرہ و نزول کے سبب کو جانئے مگر اگر بواسطہ نفس خطرہ کا نزول ہو تو
اور اگر بواسطہ شیطان ہوتا ہو وہ وسواس کہتے ہیں واسطہ جانب حق سے ہو تو قلب کا ملہم ہوا خاطر حق ہے
وحی کو اخرت ہوتا ہے اور واسطہ ملکی ہو تو اسکو الہام کہتے ہیں حقیقت میں ایک خطرہ ہے اور اسکو خوب سمجھئے

باد و بیضے آمد و ربسیار جام		شمس بیضے آمد و ربسیار تمام

ایضاً خطرہ خطاب ہوتا ہو جو ضمیر پیدا ہوتا ہے اگر ملک کی جانب سے ہے الہام ہے اور اگر شیطان کی جانب سے ہو
وسواس ہے اور اگر نفس کی طرف سے ہو تو ہواجس ہے اور حق سبحانہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تو خاطر حق ہے الہام کی علامت
یہ ہے کہ مطابق شرع ہو یا انسان کو علم ہو اور تمام ہو اور اسکا خلاف ہو تو وسواس کی علامت یہ ہے کہ سبب
احکام میں نقصان ہو اور انسان اوسے نفرت کرے پھر جب چند روز کی بات لیپ نظر ہو تو گئی
اور ہواجس یہ ہے کہ اپنی خواہش کی پیروی نفسانی ہو مگر ہو اور اگر اسکے باز رکھو تو منع کرنے سے بار بار
ہو وے کہ یہ سب ہو اور افعال میں جو خاطر حق کی علامت یہ ہے کہ اوس میں بہتر و بہتری ہے
ملکہ اوس میں زیادت یقین معلوم ہوتا ہے ایضاً یہ بات کہ موسیٰ میں پیدا ہوتی ہے تو حکمت ہے تو بیہ تو ہر حکمت
معرفت یہ حکمت کی روشنی میں دنیا کی طرف نظر کرتا ہے اور قمر علم کی روشنی میں آخرت کی طرف اور شمس
معرفت کی روشنی میں مولی کی طرف دیکھتا ہے اور نفس مطمئنہ مجرد اور قلب سلیم قوی اور عقل
او روح کمال کا انتہا ہے در حقیقت میں اسکا قلب بینا ہوتا ہے جس میں حجابات دنیا و آخرت و ماسوا دور ہیں
انسان کو تو امین سرمدی کی حفاظت بہتر ہو تو امین حیات فانی کی حفاظت سے اور ایسے ہی
تنبیہ ہو اور حکمت کی کثرت حضور قلب کی علامت ہے اور حضور قلب اللہ تعالیٰ کو وصول توفیق کی علامت ہے
اور وصول توفیق حضرت اقدس کی طرف سے اللیل اور ہے سالک کو چاہیے ہمیشہ مجاہدہ میں مشغول
ہو تو وہ مجاہدہ میں خلاف نفس کرنا جہاد اکبر ہے اور وہی ہے کہ جس میں ظلمانی و نورانی حجابات
اور کشف معاشرہ و مشاہدہ نصیب ہوتی ہے شریک جہاد وجود جہاد اصغر ہے اور نفس کشی جہاد اکبر
و نفس کشی ارشاد جناب رسالت مآب صلعم رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر قال یا نبی اللہ ما هی

بیت کو فرمایا کہ تم نے نفس کی طرف التفات کیا فقال ارجع نفسک و نمال نا سلبت
یہاں کا مقصود ابلیس علیہ ما علیہ اور حضرت آدم علیہ السلام کا قول ہے اور دل شہوات نفسانی کو
دیکھ لیا اور ملامت دیکھو نصیب ہے اور ... اہل مذہب پر سخت ہے مقامات عالیہ کو
کمال چاہیے اسکو تمام بزرگان سے نہیں ہو سکا جو شخص مقبول حق ہو تو ... آپکو ہلاک کرے شعار

از خورش بالد گل نمک بار بری	لقمہ ہائے نور را ...
ہم تقاضائے اصل را آن خوش خوی	لقمہ ہائے نور را آکل شوی
عکس آن نور است کین نان ...	فیض آن جان است کین جان جان شدست
چون خوری یکبار ماکول ای ...	خاک ریزی بر سر نان تنور
نیست ... نور آدم را خورش	از خدا آن جان نیابد پرورش

نقل ہے کہ ایک خادم حضرت عبداللہ ... گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے شاہ ولایت علی کا حال بیان
کیا کہ وقت ... صاحب ولایت ہو حضرت شیخ ... کامل ... کا نام لیا اور فرمایا کہ فلان وقت فلان
مکان ... کیا کرو ... خادم ... جب ... دیکھا کہ ایک شخص ایک سپاہی کو
... شاہ ولایت کو ... دیکھا
جب ... تو ... خادم ... دیکھا
... شاہ ولایت ... تعالیٰ ... فرمایا ... کیا ... اسی طرح
... نیک بخت کی ... نے ... جب ... کرتا ہوں
... حال ... علیہ السلام ... ہیں سب نیچے
... ہی ... اور ...

رنگ ست ... از ...	بہر ...
کمال ...	چون ...
حضرت ...	...

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رفت ز مسعود یک جملہ صفات بشر	چونکہ ہمون ذات بود باز ہمون ذات شد
مارا ہمین بس است کہ در خلعت بود	فخر دو عالمیم و گدائے بر آمدیم

اور بارہ محبت ذاتی و صفاتی و افعالی و آثاری کی مولانا جامی قدس سرہ فرماتے ہین اشعار

یا بود عشق منتشی از ذات	یا بود منبعث ز حسن صفات	یا ز افعال یا ز آثارش	محو شو منحصر درین چارش
عشق ذاتی آن بود کہ بتجدد دل	سوی حق مثل بی غرض مایل	باز ماند ز خویشتن طلبی	کہ نباشد ز معنیش سببی
کشی بیخبر از وجہ جان	کہ عبارت از ان کشش نتوان	ہم عبارت از ان بود کوتہ	ہم اشارت ز راہ آن گمراہ
گر ببرسی کہ کیست محبوبت	زبن بگو کہ چیست مطلوبت	خوابت از چشم اشکبار کند	صبرت از جان بیقرار برد
دیدہ داشت جان آگاہت	چون قفای دیگر زو سو راہت	ہر چہ بر خاطرش بود غبار	باشد از حسن جمال او ہیچ
ہیچ جز بیند بمعنی صفتی	گرد او در راہ سبیل معرفتی	سینہ ہر آئینہ ست در نظرش	کہ تفصیل حسن الہ برش
ہر چہ بر دیدہ گشت و کشف صفات	بی خبر باشد از تجلی ذات	وان کہ در جملہ یک آئینہ دید	کہ خدا را ولی بمعاینہ دید
ویک فنات در حد و جہات	متجلی شدہ بجملہ صفات	ہر کرا دیدہ ست بر صورت	بیند آئینہ محو در صورت
چشم عارف کہ تیز بین باشد	در شہود جہان چنین باشد	بیند اندر جہان ہمہ یک ذات	جلوہ گر گشتہ با شیون صفات
ہیچ آئینہ وصف ذات جہان	باشد از پیش چشم او پنہان	از جہان جز خدا نہ بیند ہیچ	غیر حق ہیچ جا نہ بیند ہیچ

اور یہ جو قول حضرت محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کا ہے الکشف حیض الرجال و الکرامۃ نفاس الرجال بعض اسکے معنی بیان کرتے ہین کہ کشف و کرامت ہیچ و پوچ بات ہے اور کشف و کرامت کے ہونے سے طالب در رجب پابند ہو جاتا ہے اور یاد بود حق سے رہ جاتا ہے یہ معنی قابل پسند خاطر نہین ہین اگر کوئی شاذ و نادر کشف و کرامت سے مغرور ہو کر مدعا اصلی سے باز رہے خیر اسکے معنی اصلی یہ ہین کہ بموجب قاعدہ حکمت شریعت حیض کے بعد جب عورت و مرد یکجا ہوتے ہین تو خالق جہان آفرین فضل فرماتا ہے گویا حیض پھول ہے اور حمل پھل ہے اسطرح طالب کے لئے کرامت پھل ہے اور کشف پھول ہے ان طالبان حق کو ہر نوزائدہ جوہر خدا کا ازبس نہ جاہیے اسکو بھی ایک نشان سمجھکر آئندہ مرحلہ جانا چاہیئے

ہر کشف بران چہرہ نقابے دگر است	ہر بحر درین راہ سرابے دگر است
از رفع حجاب خویش مغرور مباش	کین رفع حجاب ہم حجابے دگر است

ایکروز ایک طالب نے حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطیٰ کی معنی دریافت کی ارشاد ہوا علما دین نماز
کو صلوٰۃ وسطیٰ کہتے ہیں اور اکثر نماز عصر پر اتفاق رکھتے ہیں مگر فقیر کے نزدیک وسطیٰ قلب سے مراد ہے اور قلب ایک نور ہے
انوار لطائف ربانی سے کہ تعلق قالب جسمانی سے رکھتا ہے فقط پارہ گوشت کو ہی نہیں کہتے ہیں اور قلب نتیجہ ازدواج
روح و نفس سے روح بمنزلہ پدر ہے اور نفس بمنزلہ مادر اگر خاصیت روح نے رنگ لایا تو تعلق غیر اللہ قطع ہوا اور انجمن مردان
کامل مکمل میں صدر نشین ہوا اور اگر خاصیت نفس نے زور کیا تو منجملہ زنان ناقص العقل و مکار قرار پایا اکابر اہل الحق نے
قلب کے تین مقام قائم کئے ہیں ایک پستان چپ اسکو قلب صنوبری کہتے ہیں اور وہ انسان و حیوان میں عام ہے دوسرا
ام الدماغ میں اسکو قلب مدوری کہتے ہیں وہ بسبب اسکے اسکی طرف توجہ ہوتے خطرات مٹ جاتے ہیں تیسرا نشست گاہ دو
مقام ہے اسکو قلب نیلوفری کہتے ہیں یہ افعال حمیدہ اور افعال ذمیمہ دونو قابل ہے قلب المؤمنین بین اصبعین
من اصابع الرحمن یعنی قلب جلال و جمال کے درمیان ہے کہ منعبہ کے اندر قلب ہے اور بعض کہتے ہیں کہ منعبہ کے
اندر ایک خال سیاہ ہے جسکو سویدا کہتے ہیں وہ قلب ہے بعض کہتے ہیں ایک نور روحانی ہے عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں
اذا صح قلب العبد آمنہ الولایت والنیابت وعرض علیہ جمیع ما فی الخزاین ویشفع لاہل
الارض والسماء ومن فیہا لمکانتہ من الملک وبصیرا باطنہ وسرہ ونور قلبہ الذی کان
ہو الفاعل علی الحقیقت فانہم لا یرجعون الیہ فی جمیع امورہم ویستنزلون حوائجہم بہ
ویتنزلون التوحید لہ فی جمیع احوالہم ایضا القلب کالبیت فی نفس البنیت کذلک فی
حقیقتہ کمال فی خزانتہ فالاعتبار ما لظاہر لا بالتفتیش بالدرۃ لا بالحقیقتہ وما
کمال لہا بالخزانتہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات پیدا کیا ہے درجہ نبوت اور ولایت جو
تمامی مدارج اور مقامات میں شریف ترین ہے انسا کو عطا فرمایا ہے الانسان سری وانا سرہ سلطان
نبیان الرب کا شعر لکھتے ہیں کہ طلسم اوست عالم + ذاتے کہ صفات اوست آدم
روح کا ظہور جلال و جمال دو صفات سے ہوا ہے جب کے انسان نے رتبہ خلافت سے سرفرازی پائی ہے بلکہ انسان
منتخب مخلوقات اور مجمع روحانی و جسمانی ہے تو جو کچھ تمام عالم میں موجود ہے انسان کے وجود میں بھی سبھی ہے
یعنی آسمان اور زمین لوح اور قلم اور عرش اور بہشت جو کچھ خدا عز وجل نے پیدا کیا ہے سب انسان کے بطون

مین ہویدا ہے اور جو کچھ عالم الوہیت مین ہے عکس اسکا جان مین پیدا کیا ہے لیکن جب تک بینائی نہ ہو کچھ سمجھ مین نہیں آتا کہ کیا ہے اور کیونکر ہے اور راہ خدا تعالیٰ آسمان یا زمین یا عرش و بہشت مین نہیں ہے راہ حق تعالیٰ باطن انسان مین ہے وَفِی اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ طالب اسکو اپنے بطون مین ڈھونڈتے ہین

وجود تو شہریست پر نیک و بد	تو سلطان و دستور دانا خرد	ہمانا کہ دونان گردن فراز	درین شہر کبرند و سودای آز
رضا و ورع نیکنامان حر	ہوا و ہوس رہزن و کیسہ بر	چو سلطان عنایت کند با بدان	کجا ماند آسایش بخردان
ترا شہوت و حرص و کین و حسد	چو خون در رگانند و جان در جسد	گر این دشمنان تقویت یافتند	سر از حکم و رای تو بر تافتند
ہوا و ہوس را نماند ستیز	چو بینند سرپنجۂ عقل تیز	نبینی کہ شب دزد و اوباش و خس	نگردند جائی کہ گردد عسس
رئیسی کہ دشمن سیاست نکرد	ہم از دست دشمن ریاست نکرد	نخواہم درین نوع گفتن بسی	کہ حرفی بس ار کار بندد کسی

انسان وہی ہے کہ جو سالک راہ حق ہو اور تطہیر القلب سوی اللہ کا طالب بنکر منزل مقصود پر پہونچے اشعار

گرد در مظہر ز نوعی ظہور	گاہ ظلمت می نماید گاہ نور	گہ کثیف محض گردد گہ لطیف	می نماید گہ وضیع و گہ شریف
گر تو برخیزی ز ما و من دمی	ہر دو عالم پر ز خود بینی ہمی	این تعین شد حجاب روی دوست	چونکہ برخیزد تعین جملہ اوست

من عرف نفسہ فقد عرف ربہ ای بالعبودیت والربوبیت ای بالوجوب والامکان ای بالعجز والقدرت ای بالقدم والحدوث

آنکس کہ خاک ما را گل کردہ خانہ ساخت	خود در میان در آمد ما را بہانہ ساخت

انسان کو اپنی قدر و قیمت کا پہچاننا دشوار ہے آپ اپنی قدر و منزلت نہیں جان سکتا تاوقتیکہ کسی اہل کی صحبت اسکو شناسائی کا طور و طریق نہ بتائے اور جب تک اسکو دیدۂ بصیرت جہان بین نہ ہو تب تک کیا سمجھے مین کیا ہون اور کہان ہون

افسوس ز احوال خود آگاہ نہ	بدخواہ خودی ولی ہوا خواہ نہ
بیہوشی ز غفلت خماری دارد	ہشیار ز صہبای سحرگاہ نہ

نقل ایک جوہری مرتے وقت اپنی عورت کو وصیت کر گیا کہ میرے پاس تین عدد نگینے ہین وہ فلان جگہ محفوظ ہین ایک ان مین سے نہایت درجہ کا قیمتی ہے اور دو اوسط درجے کے مول کے ہین جب میرا لڑکا جسکو کمسن چھوڑتا ہون ہوشیار ہو جاوے تو نگینہ اوسکو دینا اور اونکو فروخت کرا کے اسکی معاش کا سامان کرنا لیکن یہ ضروری ہے کہ کسی جوہری سے شناخت کرا کے انکی فروخت مین سعی کرنا عورت نے خاوند کے مرنے کے بعد جب

دیکھا ہوشیار ہوا وہ پتھر اوسکو دکہلایا تو اوایک جوہری کے پاس اُسکو بھیجا اور اپنا مدعا دلی ظاہر کیا جوہری نہایت تجربہ کار اور جہاں دیدہ آدمی تھا او نے وہ پتھر واپس کیے اور لڑکے سے کہا چند روز تم ہماری دوکان پر نوکر رہو پھر بیچکر معاش کا بندوبست کرنا لڑکے نے ایسا ہی کیا جب چند روز گذر گئے لڑکا خود جواہرات کے نقص و کمال کو پہچاننے لگا او جوہری بھی جان گیا کہ اب یہہ مبصر ہو گیا تب لڑکے سے ایک روز وہ پتھر منگا کر پوچھا کہ تمہارے جواہر کس کس قیمت کے ہین لڑکے نے بتادیا کہ ایک اعلی درجہ کا ہی اور دو اوسط درجہ کے ہین جوہری خوش ہوا اور لڑکے کو سمجھایا کہ اگر اوسوقت ہم تمکو قیمت ان جواہرات کی بتا دیتے تمکو یقین واثق نہوتا جب خدا تعالی نے خود تم مین جوہر بصری کا عطا کر دیا اب کچھ غم نہین ایسیہی انسان جب تک شیخ کامل کی صحبت کے فیضان سے مبصر نہین ہوتا اپنا اور دوسرے کا نقص و کمال نہین پہچانتا

اشعار

قیمت ہر کار داند عاقل است	قیمت خود را نداند غافل است
ہر چہ مے بینی بدانی از نظر	گر بدانی قدر خود را ای پسر
خود شناسی در جہان عرفان بود	عارف خود عارف سبحان بود

طلب عجب چیز ہی جب انسان تمام و کمال طلب مین اپنی اوقات کو صرف کرتا ہی تو اوسکا ثمرہ بھی کماحقہ پاتا ہی جو طالبان دنیا ہین اونکو سوا غفلت و عیش کے کسی چیز کی طلب نہین اور جو طالب آخرت ہین طاعت و عبادت بنظر ثواب امید بہشت کرتے ہین وہ کامیاب ثواب و لذات بہشت مین حضرت لقمان حکیم کا قول ہی اَلدُّنْیَا بَحْرٌ وَالْاِیْمَانُ سَفِیْنَۃٌ وَالْمَلَاحُ الطَّاعَاتُ وَالسَّاحِلُ الْاٰخِرَۃُ حدیث شریف تَرْکُ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ عِبَادَۃٍ وَحُبُّ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ جو طالبان حق ہین انکو سوائے ذات حق نہ آرزوی بہشت نہ غم دوزخ نہ کسی ثواب کے طالب نہ عذاب سے خائف فقط عشق ذات مین مستغرق اور محو رضا مولا مین مسرور اور مشیت حق کے جام کے نشہ مین بیہوش رہتے ہین ع

کار دنیا سر بسر دون است و دون	عاقبت اندیشانی برون
دین و دنیا ہم فریبے بے شکے	نمرد ہر دو یکے باشد یکے
مرد دنیا دار خود مغرور بود	مرد دینی عاقبت مجنون بود

کار دین خیزد ز سودا اے جوان ‌ ‌ ‌ ‌ گر تو مرد عاقلی بگذر ازان
ور مزاج شان خلل پیدا شود ‌ ‌ ‌ ‌ عقل اینها زین سبب شیدا شود
بند با مجنس برو مردانہ باش ‌ ‌ ‌ ‌ ہم قلندر مشرب و دیوانہ باش

ذات محبت کا طالب ہونا مردان مرد کا کام ہے جیسا کہ طَالِبُ الدُّنْیَا مُخَنَّثٌ وَّ طَالِبُ الْعُقْبٰی مُؤَنَّثٌ وَّ طَالِبُ الْمَوْلٰی مُذَکَّرٌ مصرعہ چون از و گشتی ہمہ چیز از تو گشت ۔ جو طالب ذات ہے اوسکو نہ حور و قصور کی آرزو نہ ثمرات جنت کی طلب نہ لذات کوثر و سلسبیل کی تمنا **شعر**

باغ بہشت و سایہ طوبی و قصر حور ‌ ‌ ‌ ‌ با خاک کوی دوست برابر نمی کنم

حضرت بایزید رحمت اللہ علیہ فرماتے ہین اَلْمُؤْمِنُ الْعَارِفُ لَا یَطْلُبُ مِنَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ دُنْیَا وَّلَا اٰخِرَةً وَّ اِنَّمَا یَطْلُبُ مِنْ مَّوْلَاہُ مَوْلَاہُ ؂

جنت ارباب دل رخسار جانان دیدنست ‌ ‌ ‌ ‌ ہمچنین جنت کہ گفتم سلسبیل و حور نیست
تو کتابی در تو مستور است علمی ہر چہ ہست ‌ ‌ ‌ ‌ چیست آن کو در کتاب و لوح تو مستور نیست

کہ اِنَّ اللّٰہَ جَنَّةٌ وَّ لَیْسَ فِیْہَا حُوْرٌ وَّ لَا قُصُوْرٌ **نقل** بنی اسرائیل مین ایک عابد تھا اوس نے ۔۔۔ عبادت کی ناگاہ جبرئیل نے لوح محفوظ مین دیکھا کہ اوسکا نام جرایدہ اشقیا مین مرقوم ہے حضرت جبرئیل نے عرض کیا کہ آلہی یہ عبادت اور یہ اجر **اشعار**

گہے را بال بشکستی و خواندی ‌ ‌ ‌ ‌ گہے را بال و پر دادی و راندی
سپردی در جہان بی نیازی ‌ ‌ ‌ ‌ ارادہ را عنان کارسازی
نہ از حکم تو شاید سر کشیدن ‌ ‌ ‌ ‌ نہ رفتن بے تو و نے آرمیدن

حکم ہوا کہ جبرئیل جا اوسکو اوسکی حال زار آگاہ کر جبرئیل آئے دیکھا کہ عابد باوجود ضعف پیری اور بدن نحیف شعلہ شوق مین دل سوختہ ہے اور آتش محبت مین سینہ افروختہ قندیل وار محراب طاعت مین کھڑا اور سجادہ مانند خاک تواضع افتادہ ہے **شعر**

گشت ز بس سجدہ پہنا نیش ‌ ‌ ‌ ‌ خاک زمین صندل پیشانیش

فرمایا ای عابد یہ ساری مشقت بیجا ہی کہ تیرا نام منجملۂ زمرۂ اشقیا ہی عابد یہ خبر سنکر گل کی طرح خندان اور بلبل کی مانند نغمہ خوان ہوا کہ الحمد للہ جبرئیل نے کہا ای بیخبر اور فقیر بیہودہ اس خبر دل سوز کا محل انا للہ کلمۂ تعزیت ہی نہ الحمد للہ کلمۂ تہنیت **شعر**

ترا بندی چنین بر دل چرا چون سوسن آزادی
ترا خاری چنین در پا چرا چون غنچہ خندانی

عابد نے کہا ای خوش کلام مجکو اس تقریر سے کیا کام مین بندہ ہون بندگی کا گرفتار وہ مالک ہی پرستندگی کا سزاوار مجکو ہر کار بار مین اوسکی رضامندی درکار ہی الحمد للہ اگر مین بہشت کو لایق نہین ہون تو دوزخ کا سزاوار تو ہون ~ دریغ و ہم ہر چہ با نیکی کند ~ جبرئیل با دیدۂ گریان و دل بریان الٹے پاؤن آئی بحکم الٰہی لوح محفوظ کو پھر ملاحظہ کیا دیکھا کہ وہیں یہ یمحو اللّٰہ ما یشاء و یثبت لکھا ہی اور اوسکے نام کو جریدۂ سعدا مین ثبت کر رکھا تھا جبرئیل کو حیرت آئی کہ وہ محرومی اور مشومی اور یہ محرمی اور ہمدمی کہان سے جلوہ فرما ہوئی فرمان آیا کہ ای امین حیرت کا مقام نہین ہی جب وہ راضی برضا اور خوشنود بہ قضا ہو کر کلمۂ الحمد زبان پر لایا سعدا مین مقام پایا ~

چنین کز لطف خود بیگانہ را رہ میدہد
آشنایان را کجا داغ عنا بر دل نہد

نقل ایکبار خلیفہ ہارون رشید نے جشن شاہانہ کیا اور اوس بزم فرحت فزا مین ہر قسم کی اشیا زیبا آرایش و خوش نمائش جمع کین اور حکم دیا کہ جسکو ان اشیا قیمتی خوش اسلوب سے جو شے پسند خاطر ہو وہ بلا تکلف لیجاوے حاضرین تمامی حاضرین بزم سے جو چیز جسکو پسند آئی اوٹھا لی ایک کنیز زیبا جمال لیلی خصال شیرین مثال بھی اوس بزم مین موجود تھی اوس نے خلیفہ سے اجازت لی کہ جب حکم عام ہی کہ جسکا جی چاہی جو چیز لے مین بھی ویسی ہون سو لون حکم ہوا بیشک جو تجکو پسند آوی لے لے کنیز نے خلیفہ کو ہاتھ لگایا کہ مینے آپکو لیا خلیفہ نے شکر فرمایا کہ اب سلطنت تیری ہو گئی تو واقعی بڑی ہمت والی ہی کہ تو نے سب چیزونکو چھوڑ اسکو لینا اختیار کیا ~

نہ ہر زن زن است و نہ ہر مرد مرد
خدا پنج انگشت یکسان نہ کرد

ایسی صفات کے طالب ہزارون ہوتی ہین طالب ذات کوئی ہوتا ہی اور طالب ذات ہونا مردان کامل کا شیوہ ہے

درویشی نیست از قرآن مرد فقر را گنج باشد از خدا	بدنیا از جز دو عالم مرد و فقر حق ست غنی از زندگی	نزد ایشان چون جہان یک مشت خاک گفت مر فقر را فخر من ست	کہ نباشد خاک را خست طلب فقر ظاہر ست فقر باطن ست

دو دل از امید رو بجانب کے شو
دوئی بگذار ازانجا و سمجے رو

جب تک طالب اپنے عرفت ہستی و خاص طالب ذات نہ ہوگا فقر کا حاصل ہونا مشکل ہے نقل کہتے ہیں ایک نے کہا ایک دن تانا بانا کر رہے تھے کسی نے پوچھا میاں کبیر کیا کرتے ہو بولا دو جہاں توڑتا ہوں اور ایک جوڑتا ہوں پھر اوسنے پوچھا کہ سر پر کیا ہے کہا کچھ نہیں سبحان اللہ کیا جواب با صواب ہے واقع میں جب تک دو جہان سے توڑنا نہیں نصیب ہوتا ایک سے جوڑنا کہاں ہو سکتا ہے اور جب تک کچھ سر پہ نہو تو ادہر کو توڑنا اور اودہر جوڑنا ناممکن ہے دوہرہ

پہلی پریت دیہہ سے توڑی
جا کے لیئے جگت سے جوڑی
چہوڑی تین لوک کی آسا
تبہی کرے برہم پرگاسا
ترک دنیا خلق اور بیگانگی باخود بگو
آورند از دست در وقت تو نخاتم برون

نقل ایک ہندو رسالدار نہایت فضول خرچ تھا جب نہایت محتاج ہو گیا اور قرض بال جان بنا تو نواب کے دربار میں پہونچا اور عرض کیا کہ میں اسیر ہوں حضور مجکو اس بلا سے نجات دلائیے اور مسلمان کیجیے مجکو اعتقاد کامل ہو گیا ہے اب اپنی عمر باقی حق میں صرف کرونگا نواب لکھنوی نے اوسکا قرض ادا کر دیا گیا اور بہ نیت خیر اوسکو مسلمان کر لیا مگر رسالدار دیوالی دسہرہ محرم شب برات سب کچھ کرتا رہا اور ہر ملت کے طریقے برتتا رہا اور ہر مذہب والونکے اکابر ونکو نذر و نیت سے مانتا رہا کسی شخص نے نواب کو خبر دی کہ مختلف العقیدت آدمی ہے اسکا اعتقاد کسی طریقہ پر راسخ نہیں شعر

غلام ہمت دُردی کشان یک رنگم
نہ آن گروہ کہ ازرق لباس و دل سیاہ اند

نواب نے اوسکو بلایا اور دریافت کیا کہ یہ کیا حماقت ہے یک در گیر محکم گیر شعر

دورنگی چہوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

رسالدار نے عرض کیا حضور نجات خاتمہ بخیر پر منحصر ہے میں کیونکر یقین کروں کہ اس فلان طریقہ میں خاتمہ بخیر ہو جاویگا اس خیالات سے ہر ایک مشرب و مذہب کی پیروی کرتا ہوں کہ اگر وقت آخر ایک کام نہ آیا دوسرا کام آویگا نواب سمجھ گیا کہ یہ ارادت و اتفاق اور عقیدت راسخ نہیں رکھتا اوسکو اپنی بارگاہ سے نکال دیا سو جو لوگ سب کو چھوڑ کر ایک طرف سوے ذات بحت کے طالب نہیں ہیں وہ پریشانی و سرگردانی سے کبھی نجات و امان نہیں پاتے

حضرت شیخ ابو حفص حداد فرماتے ہیں یا ہو اسی ایک دروازہ پکڑ تاکہ سب دروازہ بجز یہ کھل جاوین **رباعی**

ای طالب ذات از چه رو دربدری جویای خدا چرا از خود بے خبری
عین همه و جملگی عین تو اند انیست حقیقت ار بجز دیگری

جب توحید کے جاننے کے بارہ میں خدا و رسول کے احکامات متواتر موجود ہیں ضرور ہی کہ طالب صادق بجز چون و چرا انکے اور راہ راست وحدت و توحید پر ثابت قدم رہے **اشعار**

دل که بتوحید خدا زنده شد تا به ابد زنده و پاینده شد
خواهی که دلت محرم اسرار آید بے خود شو و لائق این کار آید
برکش ز برون دو جهان دایره در دایره شو تا چه پدیدار آید
غیر را اگر در دلت جاے بود عشق نه بود هرزه سوداے بود

نقل ایکبار سلطان محمود غزنوی نے ایک جام بیش بہا مجلس میں رکھکر تمام حاضرین دربار سے ارشاد فرمایا کہ اس جام کو توڑ کر ہمارے پاس لاؤ کیسے اوس بیش بہا جام کو توڑنیکا قصد نکیا مگر ایاز نے بلا تامل توڑ کر لا رکھا بادشاہ نے پوچھا کہ اوروں نے ہمت نکی اور تو نے یہ قیمتی جام دفعتاً توڑ ڈالا **اشعار**

گفت فرمان بردن این شه مرا برتر از ماهی بود تا مه مرا
تو بسوے جام افگندی نگاه من نیم جز بندهٔ فرمان شاه

طالب کو اپنی طاعت عبادت پر ناز بھی نکرنا چاہیے ان جسطرح ممکن ہو یاد دوست میں لگا رہے اور اوسکی فضل و کرم پر بھروسا رکھے کار بعنایت ست باقی بہانہ

چون حسن عاقبت نه برندی و زاهدیست آن به که کار خود بعنایت رہا کند
بار خیال دوست ز پیش نظر شوی چون بر وصال یار نداریم اختیار

ذات بے نیاز طاعت و عبادت کی پروا نہیں رکھتی شان بے نیازی ہے ہر وقت ڈرتا رہنا چاہیے **شعر**

کس نداند درین بحر عمیق سنگریزه قدر دارد یا عقیق
ای عاشق بیچاره او باش طلب ای وعده که کرده ست فرداش طلب

در غم اگرش نیابی در شادی جوئی	سرگشته همی گرد بهر جاش طلب
بهوش باش که هنگام باد استغنا	هزار خرمن طاعت بنیم جو ننهند
بباب عشق بلند است همت حافظ	که عاشقان ره بی همتان بخود ننهند

نقل ہے ایک بار فرعون کے مکان میں سے ایک بیش قیمتی چیز جاتی رہی تمام خدام کو حکم ہوا کہ جو کوئی تلاش کرکے اس چیز کو بہم پہونچاوے گا مستحق انعام ہوگا ایک غلام کو وہ چیز مل گئی شاد و بشاش با امید انعام حاضر ہوا مگر [illegible] تھی سب افسردہ [illegible] خاطر ہیں فرعون نے ہامان کو حکم دیا کہ نا امید و نکو انعام دو اور آزاد کرو اور جو وہ شے [illegible] لایا ہو اوسکو [illegible] انعام اور آزادی [illegible] غلام نے عرض کیا کہ یہ تقدیم و تاخیر کی حکمت کیا ہے فرعون نے کہا کہ [illegible] سب [illegible] ہیں [illegible] سبکی [illegible] ملنے میں [illegible] تلاش [illegible] [illegible] نا امید [illegible] گم شدہ [illegible] سمجھ [illegible] ایک [illegible] مل گئی [illegible] اسکی کچھ پروا نہیں ہے اور یہ سمجھکر اوس چیز کو ڈھونڈ لایا جب فرعون کی یہ ہمت ہو تو شان الٰہی سے نا امیدی [illegible] فضل و امید از خردمندی بود شعر

نا امیدم مکن از سابقهٔ لطف ازل	تو چه دانی که پس پرده که خوب است و که زشت

طاعت و عبادت میں مانند [illegible] نفس کو مسجود کیا پروا نہیں اشعار

شرف [illegible] است بسجود	هر که این [illegible] بود
بدوم یاد وش باشی یک نفس	بنده خدمت گزارش باش و بس
هر یک نفس که [illegible] عمر گوهر است	کان خراج ملک دو عالم بود بها
[illegible] بی بها	[illegible] است [illegible]

اگرچہ عبادت انواع و اقسام ہے لیکن افضل الذکر لا الہ الا اللہ افضل العبادات [illegible] قرآن افضل [illegible] التوحید افضل السلوک لا الہ الا اللہ ذکر نفی و اثبات قلب کے لیے مصقلہ ہو [illegible] و مصقل القلب لا الہ الا اللہ کمال نفی اوس سے حاصل ہوتا ہے [illegible] صفائی سینہ کے ساتھ کرے

گر ورد تو لا اله الا الله است	در سینه صاف کردن سودا است

[illegible]

اسرار زر قلب توکے بستاند	ہرچند بر وسکہ نام شاہ ست

کمال نفی یہ ہے کہ جس وقت لاالہ کہو سب مکان و شے خود و غائب ہو جاوے اور جب الا اللہ زبان پر لاوے سب موجود ہے نقل ہمارے دوست مولوی محبوب علی صاحب بیت اللہ سے مشرف ہو کر جب بمبئی میں آئے ایک مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے تشریف لے گئے تھے ایک موذن کو وہاں دیکھا کہ جب اذان میں لاالہ کہتے ہیں غائب ہو اور الا اللہ کہتے ظاہر ہو جاتا اسکو کمال تعجب ہوا اور خاموش اپنے چلے آئے اسمیں ایک فقیر درشت لنگوٹ باندھے ہوئے ایک قسم کے دروازہ پر بیٹھے ہوئے تھے مولوی صاحب کے سر ہو جاتے دیکھکر بولے کہ اسکو موذن کی نفی و اثبات پر تعجب ہوا کل ہم تمکو نفی و اثبات کا لطف سمجھاوینگے دوسرے دن وہ فقیر مسجد میں آیا اور غسل کر کے اور مولوی صاحب کی چادر باندھکر نفی و اثبات کرنے لگا جب لاالہ کہتا تھا فقیر معہ مولوی صاحب کے مسجد نفی ہو جاتا تھا اور مولوی صاحب علم بھی مفقود ہو جاتا تھا اور جب الا اللہ کہتا سب کچھ بدستور موجود ہو جاتا تھا دس بارہ ضرب لگا کر وہ مولوی صاحب کو چادر تھما کر چلے گئے اور کہہ گیا مولوی صاحب فقیری اسکا نام ہے پھر مولوی صاحب نے دیکھا کہ وہی فقیر نفی و اثبات والا نہ موذن کے پاس جوتیاں کھاتا ہے اور انکی بھی خدمت کرتا ہے مولوی صاحب نے پوچھا کہ یہ کیا حال ہے اسنے کہا یہ راز ہے مولوی صاحب خاموش ہو رہے

اشعار

اندرون پردہ سلطان ست پس	کاین حال ہست صوفی عالی مقام را
در عشق نماز بے رکوع ست و سجود	کیاست در دو عالم ترسا و جہود
چون قبلہ جمال معشوق بود	عشق آمد و محو کرد ہر قبلہ کہ بود
نماز عاشقان ترک وجود ست	نماز زاہدان سجدہ و سجود ست

نقل رنجیت سنگہ کے وقت میں ایک بزرگ لاہور میں رہتے تھے نفی و اثبات کا ذکر انکو ایسا کمال تھا جس وقت الا کہتے تھے خود معہ مکان کے نفی ہو جاتے تھے اور جب الا اللہ کہتے تھے اثبات ہو جاتے تھے ہم بھی انکی تعریف سنکر لاہور آئے مگر قبل ہمارے پہنچنے کے انکا انتقال ہو گیا فقیر عزیز الدین جو رنجیت سنگہ کے وزیر تھے انکو خبر ہوا اور مکان بھی بتایا انکی عمر بھی تھوڑی تھی وہ بزرگ اس مرتبہ کو کس طرح پہنچے [illegible] جو شائع دلی میں مشہور ہیں انکو بیان ذکر انکو مرشد نے بتلا دیا تھا منشی فضل رسول صاحب نے عرض کیا کہ مرشد نے یہی نفی اثبات کا کمال سکھا

نقل ہے ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک شخص سے فرمایا کہ ذات و صفات حق سبحانہ کی بیان کرنی
ہو ادراک اس کا عقل سے باہر ہے

اے عقل وہاں جانے کی تو دم	لے جانے میں نہ وہم کا یہ دم
کیونکہ پہنچے گا دست و دست	جو کچھ کہ ہے سب کا وہ دم
اندیشہ و اسرار الٰہی نہیں	وہ ذات و صفات حق کی کہی گئی
جو کچھ کہ تو ہی ہے صفت ذات وہ ات	وہ ذات سے عاجز و ناتوانی ہم ہے
ادراک بیچون حق کیا جانی ہے	عقل نہ ہو عقل و ہم ان کی ہو
ان سب کی مراتب ہیں	قدس نہ تو ذات و صفات کی ہو

نقل ہے ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک شخص سے پوچھا کہ تو اللہ کو کیونکر جانتا ہے
اس نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین حضرت عزت کو اپنے ارادے کے فسخ ہونے سے اور
... نے پہچانا ...

جس نے حق کو پہچانا جاوے ساری	ان کو ہر ایک شے میں عیاں خدا ہے
ان کو ہر ایک کی ظاہر ہے ان	ہر ذرہ میں وہی عیان و نہفتہ
وہ عالم ہے حق خدا کی	وہ جہاں ہے اور ایک ہے آخر
جو ہر ایک شے میں وہی ہے	یہ دات و دیکھ حق نمایاں ہیں

... ہے ایک شخص نے حضرت علی ... سے ... کی ...
اور ... الٰہی ...
... حضرت ... نے ...
... علم ...
... کہ ...
... سے ...

[illegible]

[illegible]	[illegible]

[illegible] **شعر**

[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible] **شعر**

[illegible]	[illegible]

[illegible]

اپنی واقفیت اور آگاہی سے راہ بتلا سکتا ہی اور جو طالب کہ نابینا ہوتا ہی اوسکو کیفیت راہ سے کچھ واقفیت اور آگاہی نہین ہوتی اگرچہ منزل مقصود تک بدستگیری رہنما پہونچ جاتا ہی لیکن اورون کو راہ بتانا اوسکا کام نہین اور نہ کسیکو کیفیات اور حالات سلوک سے اطلاع و آگاہی دیسکتا ہی فرضًا بیت اللہ کو ایک بینا اور ایک نابینا دونو جائین جب سے دونو مشرف ہو جاوینگے مگر راہ کی حالات اور دریاؤن کی مواجی و طغیانی بینا ہی دیکھیگا - ایک شخص قوم سے پٹھان فقیر دوست تھے ہر صادر و وارد کی حتی الامکان خاطر مدارات مین کمی نکرتے تھے اتفاقًا ایک کیمیاگر اونکے ہان مہمان آیا اور چھ مہینے تک اونکے مکان پر ٹھہرا جب برابر خانصاحب نے اپنے مقدور کے موافق اوسکی خاطر و رعایت کی تو وہ مہربان ہو کر ایک روز بولا مجھکو کیمیا بنانی آتی ہی اور مین فن صنعت سے بخوبی واقف ہون تمکو اگر آرزو ہو سیکھ لو پٹھان نے کہا خدا کے فضل سے مجھکو سب کچھ حاصل ہی اور مین نے تمہاری خدمت خدا کے واسطے کی ہی اکسیر کی تمنا مین نہین کی ہی مین اسکو سیکھ کر خدا کا بھروسہ نہین چھوڑتا تب وہ کیمیاگر نے کہا اچھا اگر کیمیا نہین سیکھتے تو چالیس دن ایک دوا کھا لو اسکا نفع اور فائدہ لطف دیگا آخر پٹھان نے کیمیاگر کے کہنے سے چالیس دن دوا کھائی جب دوا کھلا چکا کیمیاگر چلدیا اور چلتے وقت کہہ گیا کہ تمنے کیمیا نہ سیکھی مگر ہم تمکو کیمیا بنا چلے یہ کہکر چلدیا چند روز کے بعد گردش فلکی سے پٹھان محتاج ہو گیا اور یہان تک افلاس نے جوش کیا کہ خانگی اسباب بھی بیچنے لگا ایک دیگچی مسی بازار مین فروخت کرنے گیا گرمی کا موسم تھا آفتاب کی حدت نے زمین کو کرہ نار بنایا تھا گھبرا کر پٹھان ایکدرخت کے سایہ مین بیٹھ گیا اور سوچنے لگا اگر قسمت اچھی ہوتی تو کیمیاگر سے کیمیا سیکھ لیتے آج کام آتی افسوس بڑی غلطی کی پھر سوچا کہ کیمیاگر نے کہا تھا ہم تمکو کیمیا بنا چلے ہین ذرا تجربہ کرین اپنا عرق بدن لیکر دیگچی پر ملا اور اوسکو آگ مین جا کر رکھا خدا کی قدرت اچھے دن ایہو نچے کیمیا کی اثر سے عرق بدن نے اکسیر کا خاصہ دکھلایا دیگچی کندن ہو گئی سخت حیران ہوا اور سوچا کہ اگر فن صنعت ہم بھی سیکھتے اور اوسکی آغاز اور انجام کی ترکیب و ترتیب سے واقف ہوتے تو کسیکو سکھاتے بتاتے سلسلہ فیض جاری رہتا اور یا بینائی کامل ہوتی تو اسقدر مدت تک کیون افلاس و محتاجی کی آفت مین مبتلا رہکر مارا مارا پھرتا - پس اگر طالب نشیب و فراز سلوک سے خود دیکھ کر پوری آگاہی والا ہی تو اورونکو بھی اطلاع دیسکتا ہی اور اگر نابینا محض ہے

قرۃ العین کا اور ان سے ظاہر ہوا کہ وہ اپنی حالت سے اوس کو آگاہی ہو گئی تھی

ہمچو اشتر از ذات و صفات	طالب ذات اند ہم عین ذات
صحبت شان خاک را اکسیر کرد	لطف شان مہ را ہمی تسخیر کرد
مردہ را آب حیوان می دہند	نطق مردہ را جان می دہند
سبزہ سازند چوب خشک را	بو دہد ہم غنچہ رنگ خشک را
نور شان علم و ادب را منبرست	روح شان دشمن ز مہر انورست
ملک شان از قوم مسکینان بود	مردہ عالم شان ایمان بود
ہر کہ با ایشان نشیند یک دمے	روز فردا او نجا دارد ہمے
ہمچو در صد سالہ عرش بر یافت	صحبت شان بہتر ز صد سالہ طاعت

نقل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک عورت اپنے شوہر پر عاشق تھی مگر شوہر اوس کا سفر کو گیا تھا اور وہ عورت غم فرقت میں نہایت مضطر اور ہر انسان کی کرتی تھی کثرت سے تا کہ خلق کہ خدا کی ہر روز دعا کرتی تھی حضرت عمر کے بعد معلوم ہوا کہ مدینہ منورہ میں ایک عورت ہے وہ شخص اپنے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہے وہ شوہر کی عاشق تھی اوس کے بعد وہ عورت کی حالت دیکھی اور اوسکو سب حال کہا اور وہ صبح سلطان العارفین کی خدمت میں پہنچی اور تیسرے روز شوہر کا پتا اور ایک رات کو وہ دو شخص ہوکر اوسکے نزدیک پہنچے اور کہا کہ اوسکی خدمت کا شوق ہو اب وہ سوار ہوئی اور وہ عورت کو سوار کرکے لے گئے اور وہ جانور ملک عراق میں جا پہنچا وہ سوار ہو کر وہ عورت اور شوہر میں آ پہنچا وہ سب مرد و زن کو اوس بھی وہ دوسرے کو دو عاشق و معشوق کی سفارش کی سلطان العارفین نے شوہر کو اس عورت کو کیا اور مضمون ہے کہ اول تو ایک ... کا نہیں اچھا نہیں ہوا اگر ابھی پہنچا دیا کہ ہر دو عاشق و معشوق شہر میں پہنچا کر پھر بیان نہ عورت کی

اوس تنور پر پیشاب کرنے سے اسنے پرہیز کیا اور ویسے ہی واپس چلی آئی ہاروت ماروت نے پوچھا کہ تمنے کچھ وہان دیکھا یا کچھ آواز آئی جواب دیا کچھ نہین بولے معلوم ہوا پیشاب نہین کیا جاؤ اگر مدعا دل حاصل کرنا ہی تو پیشاب کرو ورنہ لاحاصل ہمکو تکلیف دی تب عورت نے وہان جا کر پیشاب کیا اور پیشاب کرتے ہی ایک سفید شی جسم سی نکلی اور ایک سیاہ شی اوسکے بجائے داخل ہوگئی عورت نے آکر فرشتون سے یہ کیفیت بتائی دونون نے کہا جاؤ سحر آگیا جو کچھ مدعا دل ہوگا بر آئیگا دونون وہان سے واپس ہوئین پہلی تو تجربہ کار تھی خوش خوش واپس ہوئی مگر یہ چونکہ عاشق تھی اور تجربہ سے بے بہرہ تھی نہایت غمزدہ چلی ساحرہ نے پوچھا اب کیا رنج ہی مراد دل تو ملگئی تب اوسنے کہا نکوئی منتر سکھایا نہ جنتر بتایا مین کیسے یقین کرون کہ مجکو سحر آگیا ساحرہ نے کہا فلان درخت کیطرف بنظر غضب دیکھ اوسنے دیکھا دیکھتے ہی درخت خشک ہوگیا پھر کہا اب بنظر رحم دیکھنا اوسنے دیکھا وہ سر سبز ہوگیا تب یہ سمجھی کہ واقعی مین ساحرہ ہوگئی اور خوش خوش گھر آئی اور آتے ہی بنظر محبت شوہر کیطرف دیکھکر شوہر کو مطیع تمام بنا لیا مگر ایکروز بکمال محبت شوہر سے سب قصہ اپنے جانے اور ساحرہ بنے اور باہم اتفاق ہونیکا بتا دیا شوہر سنتے ہی اوسکو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت مین لیگیا اور سب ماجرا سنایا آپنے عورت کو غسل کروایا اور کلمہ شہادت پڑہنے کا ارشاد کیا اوسنے کلمہ توحید پڑھا پھر آپنے اصرار سے کلمہ شہادت پڑھوایا جب تین بار کلمہ شہادت پڑھا تو وہ سیاہ شی جسم سی نکل گئی اور ایک سفید چیز داخل ہوگئی اور سحر جاتا رہا ایسے ہی طالب کو اگر دفعتاً فیض و فائدہ ہوتا ہی سمجھ اور شناسائی نہین ہوتی سلوک راہ دشوار گذار اور پیچ در پیچ ہی جسطرف کو رہنمائی کامل اور مرشد واصل رہبری کرے بعقیدت و ارادت تمام چلے اور صعوبات اور تکلیفات پر صبر کو ہمراز و دمساز بنائے دیدہ وری اور تجربہ کاری سے باتباع شریعت اطہر اور سنت مطہر سیدھی سیدھی راہ سے سلوک طے کرے جب تک دانندہ و رہنما کامل نہین ہوتا طرح طرح کی دقتین پیش آتی ہین

چہ غم دیوار امت را کہ باشد چون تو پشتیبان	چہ باک از موج بحر آن را کہ باشد نوح کشتیبان

نقل کسی شخص کے ذمہ حضرت لقمان علیہ السلام کا قرض تھا اوسنے کہلا بھیجا کہ یا تو تم خود آؤ اپنا قرضہ لیجاؤ یا کسی معتبر آدمی کو بھیجو ورنہ اپنے فرزند کو بھیجدو اوسکے ہاتھ ہم تمہارا قرض بھیجدینگے لقمان علیہ السلام نے اپنے فرزند کو

تین نصیحتین کرکے روانہ کیا اوّل یہ نصیحت کی کہ پہلی منزل مین ایک بڑا شہر آویگا وہان تم قیام نکرنا کھانا
کھاکر کہین جنگل مین جا رہنا دوسری یہ نصیحت کی کہ جب اوس مقروض کے گھر پہونچو روپیہ اپنا لیکر کسی اور
جگہہ سوای اوسکے گھر کی رات کو رہنا اوس مکان پر شب باش نہونا تیسری یہ نصیحت کی کہ اگر کوئی واقف راہ
اور تجربہ کار آدمی تمکو راہ مین ملے اور ہماری نصیحت کے خلاف تم سے کچھ کہے تو تم اوسکے ارشاد کو قبول کرنا حضرت
لقمان کے فرزند نے باپ کی نصیحتونکو بدل قبول کرکے راہ طی کرنا شروع کیا جب تھوڑا سا راہ طی کیا ایک پیر مرد
باوضع بزرگ صورت اوسکو ملے اور دریافت کرنے لگے میان مسافر کہان جاتے ہو کیا مدعا ہے کسلیئے سفر اختیار
کیا لڑکے نے سب کیفیت بیان کردی وہ پیر مرد بھی ساتھ ساتھ اوسکے راہ قطع کرتے رہے جب شام کو
منزل پر پہونچے تو بولے میان لڑکے آج اس درخت کے نیچے قیام کرینگے لڑکے نے کہا میرے باپ نے مجکو منع فرمایا تھا
کہ اس منزل پر قیام نکرنا مگر مین آپکے کہنے سے انکار بھی خلاف نصیحت جانتا ہون خیر ٹھہرتا ہون آخر
دونو ٹھہر گئے آدھی رات کے وقت ایک مار سیاہ درخت سے اوترا لڑکا تو خواب آسایش مین بیہوش تھا پیر مرد
نے اوسکو مارا اور اپنے سر کے نیچے رکھدیا صبح کو جب لڑکا بیدار ہوا سوچا کہ والد صاحب نے خدا جانے مجکو اس منزل
پر قیام کرنے سے کیون منع کیا تھا اوسکا نتیجہ نہ کھلا پیر مرد نے نور باطن سے اوسکا خیال سمجھکر سر اوٹھائی اور
سانپ دکھایا اور سب قصہ بیان کیا اور یہ نصیحت کی کہ اس سانپ کا سر اپنے ساتھ کاٹکر لیچلو۔ داشتہ آید بکار۔
اگرچہ باشد سر مار۔ پھر وہان سے چلدیے اور شام کو ایک شہر مین پہونچے اور پیر مرد کے حکم کے موافق دونو شہر سے باہر
ٹھر گئے۔ اوس شہر کا دستور تھا کہ جو جوان مسافر کہین سے دروازہ شہر مین آیا اوسیوقت اوسکو پکڑ کر ایوان شاہی
مین لیجاتے تھے اور بادشاہ کی دختر سے اوسکی شادی ہوتی تھی صبحکو وہ مسافر شاہ کے محل سے مردہ نکلتا تھا
پیر مرد نے فرمایا کہ جب تمہاری دختر سے شادی کردین اور تم رات کو اوسکے پاس جاؤ یہ سانپ کا سر آگ پر
جلا کر پہلے اوسکو دہونی دینا پھر اوس سے ہم بستر ہونا شان الہی جب لڑکا پکڑا گیا اور ایوان شاہی مین دختر کے
پاس انکو بارادہ ہم بستری پہونچا پہلے ہی اونے اوس سانپ کے سر کی شاہزادی کو دہونی دی اوسکو کوئی
مرض رحم اس قسم کا تھا کہ سر مار ہی اوسکا علاج ہوا صبحکو زندہ و سلامت محل سے باہر نکلا اور پیر مرد سے ملا
پیر مرد اوسکو ہمراہ لیکر چلدیے اور اوسدن شام کو مقروض کے مکان پر پہونچے اور اوس سے حساب کرکے اپنا زر

قرض وصول کیا اور اوسی کی مکان مین پیر مرد کی رای سے ٹھہری مقروض کے دل مین بدگمانی اور بد ایمانی
چھائی اور اوسنے ارادہ کیا کہ کسیطرح اس لڑکے کو مار ڈالیے اور یہ روپیہ واپس کر لیجیے یہ سوچکر ان سے کہا کہ
تم رات کو مکان کے اندر استراحت کروگی یا باہر مکان کے پیر مرد نے کہا ہم باہر سوونگے مقروض
یہ سوچ سمجھکر گھر مین چلا گیا اور اپنی بیٹھک کے مکان مین اپنی دونو بیٹونکو سُلا گیا پیر مرد نے نصف شب
کی قریب اوسکی دونو بیٹونکو کسی بہانہ سی باہر سُلا دیا اور آپ معہ فرزند لقمان اندر جا سوئے میزبان نے اتمام قریب
تمامی شب گھر سے نکلا اور اون دونون لڑکونکو بخیال پیر مرد و فرزند لقمان قتل کر گیا جب صبحکو دیکھا تو اپنی
ہی اولاد پر ہاتھ صاف ہوا ہی سخت مغموم و ملول ہوا اور پیر مرد معہ فرزند لقمان زندہ و سلامت اپنا زر
لیکر چلدیے اور جہان سے لڑکے کی ساتھ ہو لیے تھے وہانتک اوسکو پہونچا کر رخصت چاہی لڑکے نے پوچھا آپ
کون بزرگ ہین اپنا نام تو بتادو فرمایا تمھاری باپ ہمسے واقف ہین تم نام پوچھکر کیا کروگی لڑکا باپ
کی خدمت مین حاضر ہوا اور زر لایا اور تمام قصہ بیان کیا اگر فرزند حضرت لقمان اپنی باپ کی نصیحت کے
موافق اوس پیر مرد کے کہنی پر عمل نکرتا بیشک نقصان اوٹھاتا جہانتک ہوسکی طالب با اتباع مرشد
رہنما جو واقف حال اور آگاہ منازل ہو راہ چلی ورنہ سوائے پریشانی و حیرانی کے کیا حاصل ہوسکتا ہی
بعض موقع ایسا بھی ہوتا ہی کہ جب طالب خاص ذات پر توکل کرکے بیٹھ رہتا ہی تو مرشد بھی غیب سے
پیدا ہو جاتی ہین اور مدعا بھی گھر بیٹھے ملجاتا ہی **نقل** ایک طالب جہان کہین کسی مرد خدا کو سنتا اوسکی
پاس جاتا اور اوس سے ملتا ایک مدت دراز اسیطرح گذر گئی مگر کہین حصول تمنا کی صورت نظر نہ آئی
کوئی ایسا نہ ملا کہ شاہد مقصود سے ہمکنار کرے جب مایوسی چھائی تو سب سے امید قطع کرکے ایک بیابان مین
کسی درخت کے سایہ مین بیٹھ رہا اور دل مین ٹھان لیا کہ اگر خدا کو فضل کرنا منظور ہوگا تو خود بخود
بے تلاش و جستجو فضل فرماویگا ورنہ جو قسمت مین نہین ہی تو خیر ایک بزرگ کا قول ہی کہ جو طعام سے سیر
ہوتا ہی وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہی اور جو مال سے تونگر ہوتا ہی وہ ہمیشہ درویش رہتا ہی اور جو حاجت اپنی
خلق سے چاہتا ہی وہ ہمیشہ محروم رہتا ہی اور جو اپنی کام مین خدا سے مدد چاہتا ہی وہ ہمیشہ مخدوم رہتا ہی

مالا جپون نہ کر جپون اور مکھ سے کہون نہ رام	مورا رام مو کو جپے تو مین پاؤن بسرام

اتفاقاً وہ زمانہ حضرت جنید بغدادی رحمت اللہ علیہ کا تھا حضرت کو خیال آیا کہ چلیے گھوڑے کو آج فلان طرف پانی پلالائیے جب گھوڑے پر سوار ہو کر چلے تو گھوڑا خود بخود اوسطرف کو چلنے لگا آپنے اسمین حکمت الٰہی سمجھکر اوسکی باگ ڈھیلی کردی وہ گھوڑا اوس طالب کے پاس لے پہونچا حضرت یہ سمجھے کہ ادہر آنا آج خالی از اسرار الٰہی نہیں اس دل سوختہ کے پاس پہونچے اور اوسکو مستفیض فرمایا **شعر**

دوستو جب میرے ایام بھلے آوینگے   بن بلائے میرے گھر آپ چلے آوینگے

پھر حضرت جنید نے فرمایا ای شخص تو مجکو جانتا ہی کہ مین جنید ہون اوسنے عرض کیا پیر و مرشد مین نے آپکو پہچان لیا آپ میرے ہادی ہین تب حضرت نے فرمایا اگر قبض کبھی واقع ہو تو بغداد مین میرے پاس چلے آنا طالب نے عرض کیا حضرت جب مین نے دروازہ صاحب عالم پکڑ لیا تو مجکو بغداد مین جانیکی کیا ضرورت ہی اب حضور کو کون بلانے گیا تھا اوسنے اپنے فضل و کرم سے آپکو بھیجدیا جب کبھی ضرورت ہوگی پھر وہ فضل فرماویگا جیسا اوسکو منظور ہوگا **رباعی**

سرمد تو ز ہیچ خلق یاری مطلب   از شاخ برہنہ سایہ داری مطلب
عزت ز قناعت ست و خواری ز طمع   با عزت خویش باش و خواری مطلب

ایکبار میر احمد علی نامی ایک طالب خدا چالیس برس تک جابجا فقرا کی تلاش مین پھرتا رہا صدہا مزارات پر گیا اور جو کچھ ورد وظائف کسی نے اوسکو بتلایا پڑھتا رہا مگر مدعای دلی حاصل نہوا جب عمر اوسکی ساٹھ برس کی ہوئی بمقام پانی پت حضرت کی خدمت مین حاضر ہوا حضرت نے بیس برس پہلے بھی دیکھا تھا پہچان لیا ایک روز اوسنے عرض کیا کہ مین پھرتے پھرتے تھک گیا اب کیا کرون فرمایا کہ اصل فاعل اور کارساز حقیقی اور قاضی الحاجات خدائے تعالی ہی جو کچھ ہی اوسیکی قبضہ قدرت مین ہی اگر ہمارا کہنا مانو سب جگہ آنا جانا چھوڑ دو **شعر**

دردم نہفتہ بہ ز طبیبان مدعی   باید کہ از خزانہ غیبم دوا کنند

اور سوائے ذات پاک خدائے تعالی کسی سے دل مین کچھ امید اپنی عقدہ کشائی کی مت رکھو اور خدائے پاک پر توکل اور بھروسہ کر کے ایک جگہ بیٹھ رہو اور غیر سے التجا اور التفات مت کرو **اشعار**

ہر چہ او کرد نہ از شیخ و عطا	نیست کس را مجال چون و چرا
شاہ ہی کرد و کون بندہ او ست	در بدو خدا اجزاء خدا نیست
زغیب خواست کن تب را	چون بشر کی نجات او دو نیست

اگر خدا تعالیٰ فضل فرماوے تو وہ آپ ہی فضل کرے گا اور جس وقت یہ بھی فرمایا کہ شاہ صاحب [illegible] بندہ ہم جانتے ہیں [illegible] فضل حاصل ہوتا ہے اور آپ بھی فرمایا جانتے ہیں [illegible] بھی ہوا حضرت کی اُنکی خدمت میں عرض کیا آپ [illegible] حضرت شاہ صاحب [illegible] ارشاد فرمایا ہے

گفت پیغمبر کہ چون کوبے دری	عاقبت زان در برون آید سری
راہ ما ہر کہ [illegible] مین یلان	کسی قدر در [illegible] کوئی کان

پھر [illegible] کہاں تک طرف چلے گئے اور وہان جا کر ایک حجرہ میں بیٹھ رہے [illegible] اثنا راہ میں [illegible] امام صاحب شاہ صاحب کی خدمت میں گئے بیت حضرت کو وہان جا کر [illegible] فرمایا کہ میر احمد علی کا منع [illegible] اور شاہ صاحب کا [illegible] بیعت ہوئی کا معلوم ہونا [illegible] میر صاحب کا [illegible]

نقل حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو [illegible] ایک شخص نے عرض کیا کہ [illegible] شہر میں [illegible] اور [illegible] گیا ایک خراب [illegible] جمع ہوئے [illegible] مین [illegible] اور راہ راست [illegible] اس وقت حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ [illegible] اور شراب [illegible] میں [illegible] شراب [illegible] میان ہم [illegible] شہر میں [illegible] میں [illegible] ہوئے [illegible] ہوئی [illegible] شراب [illegible] آپ کو [illegible]

اسی وقت آپ تشریف لائے کہ شراب کیسہ بھر کی باقی نہیں ہے آپ نے فرمایا کہ کوئی ایسی بات
نہیں ہو سکتی کہ شراب خود بخود موجود ہو جاوے سب نے کہا یہ کمال ہم میں کہاں ہے یہ سنکر فرمایا کہ میں
تمکو یہ کمال سکھاتا ہوں سب کو غسل کرایا اور سب کو اجازت دی کہ دو دو رکعت نماز پڑھو جب نماز پڑھ چکے تو سب
نماز میں مشغول ہوئے اور دعا مانگی کہ خدایا [illegible] اگر
کرو اب [illegible] آپ کی دعا کے
اثر سے وہ سب کامل ہو گئے

شعر

ذرۂ سایۂ عنایت بہتر است	از ہزاران کوشش طاعت پرست

طالب جب تک یہاں فضل فرمایا جاتا ہے تو دنیا ہی سامان کر دیتا ہے

اشعار

در منزل [illegible] آشیان است	یا دوستان [illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

نقل ہے کہ فرمایا جناب [illegible] ایک شخص [illegible] کے پاس گئے اور چاہا کہ
[illegible] فرمایا [illegible]
[illegible] شریعت [illegible]
اچھا نہیں [illegible]
[illegible] سامان [illegible]
[illegible]
[illegible]

اشعار

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

ازین روید گل و خار اندرین باغ	که هم طاوس درکارست هم زاغ
اگر بینی بد و نیکی مزن دم	که هم ابلیس مے باید هم آدم
چو سودش زیانست و شادیش غم	مگو این چرا بیش و آن از چه کم

بعض موقع پر بزرگان طریقت طالب کی تنبیہ اور تہدید کیواسطے بعض باتین ایسی فرماتی ہین کہ ظاہر مین مکروہ معلوم ہوتی ہین **نقل** ایک شخص ایک بزرگ کیخدمت مین آیا اور یہ شعر حافظ شیراز کا پڑھکر اسکی معنی دریافت کیے

شعر

بمے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغان گوید	کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

آپنے اوسکو ایک روپیہ یا آٹھ آنہ دی اور کہا کہ فلان عورت کی پاس جا تجھی اسکی معنی اور مطلب معلوم ہو جائیگا یہ موجب فرمانے بزرگ کے گیا اور روپیہ دیکر چلا آیا اگلی دن آپنی پھر اوسکو ایک روپیہ دیا وہ پھر دیکر چلا آیا اور اوسکی پاس نرہا جب تیسرا دن ہوا تب اس عورت نے کہا کہ تم روز بے مطلب روپیہ دیجاتی ہو یہ کیا بات ہی اوسنی کہا کہ فلان بزرگ کے حکم کی تعمیل کرتا ہون ورنہ فعل بد کو میرا دل نہین چاہتا عورت رونے لگی اور کہنے لگی کہ آجتک تو خدا نے مجھے بھی اس فعل سے محفوظ رکھا ہی اور اپنا تمام حال اوسکو سنایا کہ فلان جگہہ کی رہنے والی ہون جب وہ جگہ تباہ ہوئی مین بھی تباہ اور خراب ہوکر یہان آگئی تب اوسنی اپنی والدین اور شوہر کا نام لیا اُسنے اوسکو پہچان لیا وہ اسکی اہلیہ تھی بعد دریافت حال مذکورہ کے جب بزرگ کیخدمت مین حاضر ہوا آپنی فرمایا کہ شعر کے معنی سمجھ مین آگئی اگرچہ بظاہر یہہ ارشاد بزرگ مذموم تھا مگر باطن مین بہت نیک تھا اوسکی بیوی کو فعل بد سے بچانا اور اوسکی ساتھ ملا دینا منظور تھا **نقل** مولانا جامی رحمت اللہ علیہ جب خواجہ عبد اللہ احرار قدس سرہ کیخدمت مین گئے تو آپنے دریافت فرمایا کہ تم کسی پر کبھی عاشق بھی ہوے ہو یا نہین مولویصاحب نے کہا کہ نہین خواجہ صاحب نے فرمایا کہ اول کسی پر عاشق ہونا چاہیے پھر ہمارے پاس آئیو مولویصاحب کو یہ بات ناگوار معلوم ہوئی اور ناراض ہوکر چلے اثنا راہ مین سلطان الحسن شاہ خراسان کا بیٹا انکو ملا اوسکو دیکھتے ہی عاشق ہوگئے اور اوسکی نوکری کرلی اوسکی خاص سواری کی گھوڑے کی خدمت پر معین ہوا اس حیلہ سے روز اوسکو دیکھتے رہے

ایکدن سبق یاد نہونیکے سبب استاد نے اوسکو چھٹی ندی اور وہ بوقت معہودہ گھوڑی پر سوار ہونیکو
نہ آیا مولویصاحب نے خود جا کر باعث پوچھا اوسنے کہا کہ کافیہ مین ایک جگہہ ایسی مشکل ہے کہ وہ سمجھ مین نہین
آئی استاد نے چھٹی نہین دی آپنے اوسکی شرح نہایت عمدہ لکھکر اوسکو دیدی وہ متعجب ہوا اور وہ مقام بخوبی
اوسکی سمجھ مین آگیا جب بادشاہ زادہ اوستاد نے سبق سنا دونون متحیر رہگئے اور پوچھا کہ یہ معنی اور مطلب تجھے کس نے
بتلایا ہے اوسنے کہا کہ میرے نوکرون مین ایک شخص ہے اوسکا نام جامی ہے اوسنے کاغذ پر شرح لکھدی تھی بلایا
تو اوستاد دیکھتے ہی پہچان گیا کہ مولوی جامی ہین اور میرے بھی اوستاد ہین بادشاہ کو خبر ہوی بادشاہ نے
بڑی خاطر کی اور دریافت کیا کہ یہ کیا ماجرا ہے آپنے تمام قصہ سنایا بادشاہ نے حال سنکر فرمایا کہ آپکا غلام
حاضر ہے اوسکو آپ اپنی خدمت مین رکھئے آپنے فرمایا کہ عشق مجازی ختم ہولیا اب مین جاتا ہون پھر مولویصاحب
خواجہ صاحب کیخدمت مین آئے خواجہ صاحب نے بیعت کیا اور آتش عشق مجازی تو بھڑک ہی رہی تھی
عشق حقیقی کیطرف رجوع کردیا اور جو بات سالہاے دراز مین حاصل ہوتی وہ چند روز مین حاصل ہوگئی
نقل ایک شخص مولانا فخرالدین رحمت اللہ علیہ کی خدمت مین بہ ارادہ بیعت گیا آپنے ارشاد کیا آج تم فلان
قحبہ کے ہان شب بسر کرو اور صبحدم ہمارے پاس آؤ تب مرید کرینگے طالب آلودہ شوق معصیت تھا رضامند
ہوگیا قحبہ کے ہان خوش خوش پہنچا جب ارادہ کیا کہ قحبہ سے مدعا حاصل کرون دیکھا کہ مولانا فخرالدین
صاحب معہ دو چار مریدان باصفا اوس قحبہ کے پاس ایک جانب تشریف فرما ہین شرم سے عرق آگیا
اور محجوب ہوکر تمام رات بیٹھا رہا صبحکو ناکام واپس آیا تو دیکھا کہ مولانا صاحب نماز و وظیفہ مین مشغول ہین
خفیہ خفیہ خدام سے دریافت کیا کہ آج رات جناب مولانا صاحب کہان رونق افروز تھے سب نے کہا کہ حجرہ مین
یاد الہی مین مصروف تھے سمجھا کہ یہ کرشمہ ولایت ہے خیر آج دیکھئے کیا ارشاد ہوتا ہے پھر حضور مین حاضر ہوا
مولانا صاحب سے عرض کیا کہ آج مشرف غلامی فرمائیے ارشاد ہوا کہ آج پھر اوس قحبہ کے ہان جاؤ اور مراد
دلی حاصل کرو تب یہان آنا پھر شام کو یہ قحبہ کے ہان پہونچا اور مولانا صاحب کو پھر موجود پایا اور تمام رات
حیرت مین گزاری صبحکو ناکام واپس آیا اسیطرح تین دن گذر گئے مولانا فخرالدین صاحب بدیدہ بینا رکھتے تھے
چشم باطن سے آپکو یہ معلوم ہوگیا تھا کہ اسکو افعال مذمومہ و رلذائذ نفسانی کا شوق ہے اور نفس سرکش

اسپر ایسا غالب ہی کہ اگر اسکو بر وقت بیعت افعال مذمومہ سے باز رہنے کیواسطے کہا جائیگا باز نہیں آئیگا اسلیے ظاہر اوسکو منع فرمایا اور شرمندہ کرنیکے واسطے قحبہ کے گھر مین اوسکی نظرونکے سامنے خود موجود ہو جاتے تھے جب تین روز تک متواتر اوسنے مولانا صاحب کو وہان موجود پایا آخر کار نادم اور خائف ہوکر تائب ہو گیا اور افعال بد کو چھوڑ دیا

اشعار

زخاک کوی درویشان تمنا میکنم گردی
کہ تا کحل بصر سازم برای دیدن مردی

درآور حلقہ پیران گدا ے کن تو از ہمت
تو ہم مقصود اعلی را طلب کن از جوانمردی

الا ای احمد مسکین مشو غافل ازین موران
ہمین خواہ از پی درمان ازین صاحبدلان مردی

جب طالب سمجھ گیا شیخ ہر حال مین نگران اور طالب کے پاس موجود ہو سکتا ہی تب بیعت کرلیا ؎

اوصاف ذمیمہ چون بدل شد
ہر عقدہ کہ در تو بود حل شد

ای نفس بلای این دل ریش توئی
سرمایہ غم بخت بد اندیش توئی

خواہی کہ شوی بکام دل ہمدم دوست
با خود منشین کہ دشمن خویش توئی

طالب کا نفع بجز اطاعت شیخ کسی بات مین نہین **نقل** مولانا رکن الدین فرزند ارجمند حضرت عبد القدوس گنگوہی رحمہ جب فارغ التحصیل ہو چکے کسی شخص نے حضرت کو مبارکباد دی حضرت عاشق صادق تھے اور بجز علم حق شناسی کہ وہ عشق سے حاصل ہوتا ہی اور کسی علم یا ہنر یا فن کو بہتر نہین جانتے تھے شعر

علم نبود غیر علم حق شناس
بر قیاس رازی نبود کس اساس

علم حق نہ باشد از رمل و نجوم
وقت را ضائع مکن در سعد و شوم

نحو و صرف و ہندسہ و فقہ و اصول
کار ناید ہیچ اے مرد فضول

نسخہ حیض و نفاس آموختی
دفتر الہام حق را سوختی

گشتہ مشغوف لا یجوز و یجوز
ماندہ عاجز بکار دین چو عجوز

با چنین کار و بار کردہ قیاس
خویشتن را کہ ہست اکمل ناس

مبارکباد سے خوش نہوے بلکہ ناراض ہوے اور فرمایا کہ ہم تو یہ سمجھے تھے کہ تم اس بات کی مبارکباد دیتے ہو

کہ رکن الدین کسی پر عاشق ہوگیا ہی کیونکہ اصل علم حق عشق ہی **اشعار**

علم حق عشق ست ہان ہشیار شو	مست با خود باش ہم در کار شو
عشق برتر ز عقل و از جان ست	لی مع اللہ وقت مردان ست
آن روح را کہ عشق حقیقی شعار نیست	نابود بہ کہ بودن او غیر یار نیست
دل کہ فارغ شد ز عشق آن نگار	سنگ استنجای شیطانش شمار

اگر عشق حقیقی نہووے مجازی ہی ہووے کہ یہ بھی نزدبان حقیقی ہی **شعر**

دلیل عشق حقیقی ست عشق ہا مجاز	بآفتاب رسد شبنم از نظارۂ گل

شیخ جلال تھانیسری آپکی خادم نی بکمال عجز و نیاز سی عرض کیا کہ رکن الدین پر از راہ باطن ایسی عنایت فرمائی کہ قیل و قال علم ظاہری کی اوسکی دل سی مٹ جائے اور تحصیل علم باطنی و ورود حالات باطنی کیطرف متوجہ ہو جائے آپنے رکن الدین کو بلایا اور حکم دیا کہ پانو دباؤ جب وہ پانو دبانی لگا آپنے اپنا کف پا اوسکی سینہ پر لا دیدۂ باطن وا ہوگئی نقوش کثرت آئنہ دل سی مٹ گئی بادہ وحدت سی بیخود ہوکر بے اختیار یہ رباعی پڑھنے لگا **رباعی**

عاشق و عشق و بت و بتگر و عیار یکی ست	کعبہ و دیر و مساجد ہمہ جا یار یکی ست
گر درائی بچمن وحدت یکرنگی بین	کہ دران عاشق و معشوق و گل و خار یکی ست

اس حال کو دیکھکر حضرت عبد القدوس نی شیخ جلال الدین کو فرمایا کہ رکن الدین کو ہر روز مرغ کا گوشت لذیذ و مرغن کھلاؤ یہ حکمت تھی کہ بعض کاملین کی نظر او راثر فیضان ایسا قوی ہوتا ہی کہ اگر علاج اوسکا از روی ظاہر نکیا جاوے تو وجود طالب غلبہ فیضان سے کوفتہ اور سوختہ ہو جاوی **نقل** ایکدفعہ ہم ایک بزرگ سے ملنے کو گئی جملہ خادم اوس بزرگ کے روزہ رکھتے تھی اور رات کو جب کھانا کھاکر سوتی تو تمام رات سوتے رہتی ایک شخص وہان ایسا بھی تھا کہ وہ دونون وقت خوب شکم سیر ہوکر کھاتا تھا اور رات بھر جاگتا تھا ہمنے اوس سے دریافت کیا کہ تمنی برخلاف سبکے یہ شیوہ کیون اختیار کیا ہی اونے جواب دیا کہ مجھپر ایک کامل مجذوب کی نظر پڑی ہی باوجودیکہ دونون وقت خوب پیٹ بھرکر کھاتا ہون

ہم نارات بھر نیند نہین آتی ہی اگر شکم سیر ہو کر دونون وقت نکھاؤن تو میرا جسم خراب ہو جاوے

مولانائے جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین

چون حقوقی بود طعام و شراب	نور زاید ازان و صدق و ثواب
فعل خیرات ترک محظورات	وندرین فعل ترک صبر و ثبات
ور خطوطے بود معاذ اللہ	آید از وے نتیجہ ہاے تباہ
ظلمت و غفلت و فساد و فجور	ریبت و غیبت و عناد و غرور

عشق کبریائی کا معاملہ نازک ہی ایک روز موسی علیہ السلام نی جناب باری مین عرض کیا کہ کہ جو کوئی دوست خاص آپکا ہو وہ مجھی بتلاؤ اور مجھسی اوسکو ملادو کچھ جواب نملا جب بار بار موسی علیہ السلام نی اس بارہ مین اصرار کیا تب حکم ہوا کہ فلان پہاڑ پر ایک ہمارا دوست رہتا ہی موسی علیہ السلام وہان تشریف لیگئے اور اوس سے ملی او سپر مرض جذام کا غلبہ تھا تمام جسم مجروح اور خراب ہو رہا تھا اس حال کو موسی علیہ السلام نی دیکھکر پوچھا کہ تم کیسے خدا کے دوست ہو جو تمھارا یہ حال ہی اوسنی جواب دیا کہ عاشقونکا حال تو ایسا ہی ہوتا ہی اشعار

عاشقی کار شیر مردان ست	نہ بدعویست بل بہ برہان ست
بالغ عقل را بسے یابی	بالغ عشق کم کسے یابی
عشق ہر جا کہ بیخ محکم کرد	شاخ زاندوہ و میوہ از غم کرد

موسی علیہ السلام نی پوچھا کہ اپکو کسی چیز کی آرزو ہی جواب دیا کہ ایک تو آپ سے ملنی کی آرزو تھی سو پوری ہو گئی دوسرے آب سرد کی خواہش ہی موسی علیہ السلام پانی لینے گئی اونکی پیچھے ایک شیر آیا اور پھاڑ گیا موسی علیہ السلام کو یہ حال دیکھکر بڑا رنج ہوا اور جناب باری مین عرض کیا کہ خدایا یہہ آپکا کیسا دوست تھا جسکا یہہ حال ہوا حکم ہوا کہ ای موسی اسنی ہماری عاشقی کا دعوی کیا اور تمسی ملنی کی تمنا رکھی اور پانی سرد تمسے مانگا اور ہمسے نہ مانگا یہ اسنی خطا کی جو عاشق صادق ہوتے ہین اونکی دل مین سوائے معشوق کی کسی طرح کی کوئی خواہش یا تمنا نہین ہوتی اشعار

هرچه گوید برای او گوید	هرچه جوید برای او جوید
بهر جانان فنا کند خود را	پیش رویش فدا کند خود را
همچو پروانه کو به مجلس جمع	هستی خود فنا کند در شمع

عاشق ہونا ہر بوالہوس کا کام نہیں ہے

محرم دولت نبود ہر سرے	بار مسیحا نکشد ہر خرے

جس انسان کو ظاہر سے حقیقت کیطرف متوجہ کرنا اور علم حقیقت سے بہرہ یاب فرمانا سرکار کو منظور ہوتا ہی ظاہراً اور باطناً اوسکو ہدایت ہوتی ہی **نقل** ایک روز حضرت بایزید بسطامی رحمت اللہ علیہ کو اثناء راہ مین ایک کتا ملا حضرت اوس سے بچکر چلے خدای پاک نے اوسکو گویائی بخشی کتا بولا کہ آپ مجکو نجس اور ناپاک سمجھکر مجھسی نفرت کرتی ہین اگر آپ جسم کو میری ناپاک جانتی ہین تو جسم میرا آپکے کپڑے یا بدنکو لگ جاتا آپ اوسکو دہو ڈالتی پاک ہوجاتا اور اگر آپ میرے اندرون کو ناپاک تصور فرماتی ہین تو جو غلاظت اور نجاست میری اندر بھری ہوئی ہی وہی آپکے اندر ہی باقی رہی روح نہ میری ناپاک ہی اور نہ آپکی ناپاک پھر یہ نفرت آپکو مجھسی ہی تو کیون ہی حضرت بایزید قدس اللہ سرہ کو چونکہ علم حقیقت ہونا منظور تھا اسلیئے غیب سے اونکو یہہ ہدایت ہوئی کہ جسم ظاہری خاکی کیطرف کیا دیکھتی ہو انسان اور حیوان کی جو اصل حقیقت ہی اوسکی طرف دیکھو کہ از راہ حقیقت ہر شی مین جلوہ اور ظہور ذات حق کا ہی یا نہین اشعار

نظر بر خاک و گل یکسان فتد خورشید تابان را	بچشم پاک بین فرقی نباشد کفر و ایمان را
در عالم حقیقت گردیده واکشائی	هر ذره آفتابست هر قطره ایست دریا
یک روی و دو صد هزار برقع	یک زلف و دو صد هزار شانه
یک شمع و دو صد هزار پرتو	یک طایر و بی حد آشیانہ

ایضاً ایک دن موسی علیہ السلام پر چھپکلی نے پیشاب کردیا آپنے اوسکی طرف دیکھ کر جناب باری مین عرض کیا کہ خدایا اسکو کس لیئے پیدا کیا ہی حکم ہوا کہ موسی یہ چھپکلی بھی یون کہتی ہے کہ موسی کو کیون پیدا کیا ہی

چشم بکشا کہ جلوہ دلدار
متجلی ست از در و دیوار

خبر از راہ باطن علم حقیقت منکشف ہوتا ہی وہ ہر انسان اور حیوان اور ہر شی مین جلوہ ذات دیکھتی ہین
اور انکی نظرون مین از روی حقیقت سب یکسان نظر آتی ہین رباعی

گر طالب شر بود و گر کاسب خیر
از روے یقین ہمہ غیر اند نہ عین
گر صاحب خانقہ و گر راہب دیر
وز روے حقیقت ہمہ عین اند نہ غیر

حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر واقفان اسرار حقیقت کی نسبت فرماتے ہین ع

پیش ایشان مومن و کافر یکے
این یقین و شک بود از جاہلان
در دل ایشان نہ یقین و نی شکے
در دل پاکان نباشد این و آن

نقل جب حضرت بایزید علیہ الرحمت کو ریاضت اور مجاہدہ کرتے کرتے زمانہ دراز گذر گیا اور آخر مین علم
حقیقت منکشف ہوا دیکھا کہ جو مجھ مین ہی وہی اور ونمین ہی کچھ فرق و تفاوت نہین ہی حضرت حق کیطرف سے
ارشاد ہوا کہ تمکو اسبات کا علم ہی اور ونکو نہین ہی پس یہی فرق ہی ع

تمام کار ضروری حضور آگاہی ست
جز صحبت عاشقان مستان میسند
ہر طائفات بجانب خویش کشند
بحق دوست جز این ہر چہ ہست گمراہی ست
دل در ہوس قوم فرومایہ مبند
چغدت سوی ویرانہ و طوطی سوے قند

نقل شیخ چلی سی کسی نے کہا میان شیخ چلی ہمارا تیل کا گھڑا ہمارے گھر پہونچا دو تو دو پیسہ ہم اجرت
دینگے شیخ چلی راضی ہوگئی اور گھڑا سر پر رکھکر ہستی خوش ہوتی چلی اور دل مین سوچی کہ جب وے پیسے ہمکو ملینگے
ایک مرغی خریدینگے اوس مرغیکی انڈی جمع کرینگے بچہ نکلوائینگے بہت سی مرغیان ہو جائینگی پھر سبکو بیچکر ایک
بکری مول لینگے دودھ بیچینگے بچہ بیچینگے اوسکی قیمت جمع کرکے ایک گائے خریدینگے جب وہ دودھ دیگی دودھ بیچکر
روپیہ جمع کرکے کہین شادی کرینگے لڑکا پیدا ہوگا وہ کہیگا ابا پیسہ ہم کہینگے ابی دودھ پی لو دہی کھاؤ
پیسہ کیا ہوگا وہ کہیگا نہین ابا پیسہ دو ابا مین خفا ہوکر کہینگے دور ہو چل یہ کہنا تھا کہ گھڑا زمین پر گرا اور
پاش پاش ہوگیا اور تیل بھی بکھر گیا مالک نے غل مچایا ارے شیخ چلی تو کیا احمق ہی تونے گھڑا گرا دیا

نیل خراب کر دیا شیخ چلی بولے میان تیرا تو فقط نیل ہی خراب ہوا میرا تو بنا بنایا گھر بگڑ گیا
اوسنے پوچھا کہ یہہ بیان کرو گھر کیسے بگڑا شیخ چلی نے تمام افسانہ سنایا وہ بہت ہنسا اور سمجھا کہ
خیالات کی پابندی خرابی کا سرمایہ ہے سہ انٹ بھوٹ سب ماٹی ہوئے لینا ایک نہ دینا دوئے
دنیا خیالات کا گھر ہے اور طالب دنیا شیخ چلی جیسا مخبوط الخیال ہے۔ اشعار

نزاد دنیا ہمی گوید شب و روز — کہ ہان از صحبتم پرہیز پرہیز — نہ خود را فریب از رنگ و بویم — بہ دستان خندہ من گریہ آمیز

دل ادہم کہ اینہا بر داشتہ بہ — جز بادہ دست بگذاشتہ بہ — چیمی کہ نار بود نور روشن باشد — ناشگفتہ و بجاکہ نپاشتہ بہ

جمشید جز حکایت جام از جہان نبرد — زنہار دل مبند بہ اسباب دنیوی

نقل شیخ عبد اللہ تستری

شیخ عبد اللہ تستری را پسر — اشک ریزان گفت روزی با پدر — ای پدر چون اشتم حسین سبو — جملہ افتاد و شکست آینک خبر

بود آن سرمایہ ام در روزگار — گشت ضایع چون کنم تدبیر کار — گفت کن سرمایہ خود را پسر — آنچہ سرمایہ جان پدر

غیر حق سرمایہ من نیست ہیچ — در پی سرمایہ دیگر مپیچ — اندرین معنی چہ خوش فرمودہ است — در طریقت آنکہ مفتی بودہ است

ای بغفلت غرقہ دریای آز — غنی ثانی گرچہ می باشی تو باز — حب دنیا ذوق ایمان میبرد — آرزوی او زتو جانت میبرد

مست دنیا شیان حرص و آز — ماندہ از فردا منم و دباز

خوش قسمت وہی ہے جو کسی مرد خدا کی خدمت مین استفادہ اور اوقات شبانہ روزی یاد خدا و نیکوکاری مین صرف کرے اشعار

اے دل بیاد جانان دائم کشادہ رو باش — با عجز و سوز داغ فغان نیم بیاد او باش
در رہ عشق باش مردانہ — ورنہ چون مرغ می نشم دانہ

اشعار

اور باتباع رسول مقبول و شرع شریف اپنی عمر کو یاد حق مین گذارے بے اتباع شرع کوئی کام درست نہین ہو سکتا۔

زجان و دل رکاب مصطفیٰ گیر — حدیث نفس و تن زیر قدم گیر — رسول آن تر ازین رہبر آخر — نہ چشم خرد در رہبر آخر

محمد آنکہ محمود ست شد عرش — شدہ مغز حقیقت اصل و فرع

نقل

نواب لکھنو کا ایک شخص صاحب علم بیامد توان تک رہا مگر کوئی عہدہ جلیلہ نواب نے اوسکو نہ دیا ایکروز اوس نے شکایت کی کہ باوجود قرب کے مجکو آپنے کسی عہدہ پر ممتاز نکیا تو نواب نے کہا کہ معاملات کے نظم و نسق مین نواب علی نقی خان وزیر اعظم مختار ہین تم اونسے رسم پیدا کرو اور اونسے جا کو کوئی عہدہ لو دینگے ہم بھی بجان و دل منظور کرینگے ناچار اوسنے عرض کیا کہ حضور مجھے جاہ و منصب کی آرزو چھوڑدی مجکو آپکا قرب ہی کافی ہے

حکم ہوا کہ نام قرب ہی کوئی حلاوت قرب گر چاہو تو مدار المہام سلطنت سی ملو اور ہر کام بے طرز طریق و قانون سلطنت
ہونا نا ممکن ہی علی ہذا بعض بزرگ جامع شان ولایت و شان نبوت ہوتے ہین بوقت غلبہ شان ولایت غرق دریای
جمال با کمال قرب و وصال الوہیت ہوتے ہین اور بوقت غلبہ شان نبوت خلق کو ہدایت کرتے ہین بعض ایسے ہوتے ہین
کہ اونکے وجود مین صرف شان ولایت کا ظہور رہتا ہی وہ مخلوق کی ہدایت سے معذور و مجبور رہتے ہین اور محو
و مستغرق حق رہتے ہین شان ولایت کا خاصہ محویت حق ہی اور شان نبوت کا التفات بخلق بواسطہ اسکے ولایت
افضل من النبوت فرمایا ہی یعنی ولایت نبی کی اوس نبی کی نبوت پر شرف رکھتی ہی یہ نہین کہ عام اولیا کی
ولایت نبی کی نبوت پر مشرف ہووے اگرچہ مرتبہ نبوت مین توجہ بخلق ہی مگر اعزاز و اکرام مین اوسکی کچھ کلام نہین
خواہ قطب ارشاد ہو خواہ قطب مدار اور مراتب کا ملنا بغیر اتباع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم غیر ممکن ہی قادر
مطلق کو سب کچھ قدرت ہی مگر اوسنے اپنی قدرت کاملہ سی مدار حصول اور وصول کا اپنی حبیب کی اتباع پر
رکھا ہی اور جو ان مراتب سے بے بہرہ رہتا ہی وہ شان نبوت کے اعزاز اور احترام اور اکرام سی بھی محروم رہتا ہی اور
جسقدر موحدین کاملین واصلین عارفین محققین امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین ہوے ہین سب متبع دائرہ نبوت کے
ہین اس سے باہر کوئی نہین ہا الغرض مرتبہ ارشاد مین بعض بزرگ ایسے ہوتے ہین کہ ہر نیک و بد کیواسطے دعا اور بد دعا کرتے ہین اور
بعض ایسے ہوتے ہین کہ وہ کسی امر کیواسطے نہ دعا کرتے ہین نہ بد دعا جو کچھ نیک و بد جہان مین ہوتا ہی وہ اسکو
دیکھتے رہتے ہین اور کچھ دم نہین مارتے ساکت اور خاموش رہتے ہین رباعی

نے از تو حیات جاودان میخواہم	نے عیش و نے غم جہان میخواہم
نے کام دل و راحت جان میخواہم	ہر چیز کہ رضائے تست آن میخواہم

نقل ایک بزرگ کسی جنگل مین لب دریا پہونچے دیکھا کہ چند درویش مراقب بیٹھے ہین یہ بھی اونکے پاس بیٹھ
گئے اور بارش ابر رحمت جو مبداء فیاض سے ہو رہی تھی شریک ہوے تھوڑی دیر کے بعد نماز مغرب کا وقت ہو گیا
نماز کی تیاری ہوئی امامت پر بحث ہوئی آخر حضرت مسافر پر امامت قرار پائی جب آخری فاتحہ مین پہونچے
از روی انکشاف امام کو معلوم ہوا کہ اس دریا مین فلان مقام پر جہاز ڈوبنے لگا اونہون نے معاہمت کی اور
جہاز اونکی دعا سے پار ہوا جب نماز سے فراغت ہو کے سب مقتدی باہم کہنے لگے کہ ہمنے تو دعا نہین کی امام نے کی

جسکی دعا سے جہاز ڈوبنے سے بچگیا اون بزرگونے کہا کہ تجکو دعا مانگنا کیا ضرور تھا چاہیے جہاز کو ڈوبتی یا بچجاتی اور اونکو حقیقت میں اوسکا ڈوبنا منظور ہی نہین تھا مگر دعا کی تمھاری ذمہ ظلم لگ گئی تم ہماری صحبت کے لایق نہین ہو یہ کہکر اونکو اپنی صحبت سے علیحدہ کردیا **شعر**

مرزن بچون وچرا دم کہ بندۂ مقبل
قبول کرد بجان ہر سخن کہ جانان گفت

نقل ایک درویش کو ازراہ کشف معلوم ہوا کہ ایک آدمی مسجد مین فعل شنیع کررہا ہے غصہ مین آکر مسجد لوٹ دی وہ دو لونا بکار جو افعال شنیع مین مبتلا تھے دبکر مر گئے اس درویش کے مرشد کو خبر ہوئی پوچھا ارے بدمزاج تونے یہ کیا ظلم کیا عرض کیا حضرت خانہ خدا مین جو ایسی غلطی کرے اوسکی سزا ایسی ہو تو کیا ہو مرشد نے فرمایا احمق کیا خدا ے پاک علیم و بصیر نہین ہے کیا اوسکو قدرت نہ تھی کہ مسجد کے اندر فعل بد کرنیوالیکو مارڈالے **شعر**

بر نقش خود ست فتنہ نقاش
کس نیست درین میان تو خوش باش

تجکو خدا کی مرضی پر راضی و شاکر رہنا چاہیے تھا خدا کی مخلوق ہے کسیکو خدا نے گناہ کیواسطے پیدا کیا ہے اور کسی کو طاعت اور عبادت کیلیے **اشعار**

یکے را بہر طاعت خلق کردند
یکے را بہر عصیان آفریدند

یکے از بہر مالک گشت موجود
یکے را بہر رضوان آفریدند

بظاہر ملک جسم آباد کردند
بباطن عالم جان آفریدند

چو حسن خویشتن را جلوہ دادو
جہانے پر ز خوبان آفریدند

ز رشک عاشقان اندر بہ گیتی
دُرِ دریاے وعمان آفریدند

براے عاشقان از ہجر و وصلش
ہزاران درد و درمان آفریدند

حد سے گذرنا اور بے سوچے سمجھے کام کرنا اور اپنے کمال کا ناز اور شان مخلوق کو دکھانا شان طالبی کے خلاف ہے

عیب ست بزرگ برکشیدن خود را **رباعی** وز جملہ خلق برگزیدن خود را
از مردمک دیدہ بباید آموخت دیدن ہمہ کس را و ندیدن خود را

نقل ایک بزرگ تھے جب اونکا وقت مرگ قریب آیا اور ملک الموت کے دیدار کی نوبت آئی اونکی بیوی نے کہا کہ بڑا اٹکا فیضان بطونی سے خالی رہا تمام عمر تم اپنے خیالات مین رہے وہ اپنے خیالات مین مصروف رہا

یادلو حق کی کوئی بات تمنے اوسکو نہ سکھائی اب تمہارا وقت آخری ہے اتو کچھ ہمت کرواور جو کچھ عمر مین تمنی سرمایہ جمع کیا ہے اوسے اوسکو نفع پہونچاو بزرگ نے جوابدیا اب مجھسی کچھ نہین ہوسکتا وہ وقت نزہاکہ کسیقدر تعلیم کرتا عورت نے کہا فلان شخص تمہاری ایک نظرمین کامل ہوگیا فلانا چندروز کی صحبت مین فیضیاب ازلی بنا بولے بیشک اوسی وقت مین میری نگاہ مین ایسی تاثیر تھی کہ انسان تو انسان ہی اگر درخت پر نظر ڈالتا انا الحق کی صدا برآمد ہوتی البتہ آج سی تیسرے دن ایک بزرگ تشریف لاوینگے تم اوسکے سی کہدینا کہ اوسنے اپنا مدعا ئے دل کہے یہ کہکر راہی باغ جنت ہوئے بعد تین دن کی ایک بزرگ نے آکر پوچھا کہ فلان بزرگ کا بڑا فرزند کہان ہی سب نے کہا وہ ہے پاس بلایا پوچھا فرمائی اب تم کیا چاہتے ہو اوسکی زبان سی نکلا اس گانو کی زمینداری مجکو ملجاوی تو بڑی عنایت ہو بزرگ ہنس پڑے اور فرمایا ملجاویگی جاو زمینداری کرو۔ دوہرہ

جیسی کرنی دیو کو ویسی ابجی بدہ
ہون ہارہر دی بسی بسر جائی سب سدہ

آخر الفاق وقت ایسا ہوا کہ وہ زمیندار ہوگیا دیکھنا چاہئی کہ والدہ اوسکی اوسکو صاحب باطن بنانا چاہتے تھے اور تقدیر مین زمیندار ہونا تھا جو مرضی سرکار تھی وہی ہوا۔ اشعار

ہرچہ اوستاد ازل نبشت ور اند	طفل در مکتب آن تواند خواند
بندگانرا کہ از قدر حذر است	آن نہ زالیستان کہ آن ہم از قدر است
بیشتر چون روی کہ جایت نیست	بازپس چون جہی کہ پایت نیست
ہرچہ زایزد بود ہمہ نکوست	وانچہ از زشت سر برا ہو است
تلخ و شیرین ہمہ چو زو باشد	زشت بنود ہمہ نیکو باشد
چون بہ بلا قضا نہد بتور دی	زود تو الله گوئی واہ نگوئی
کہ کند با قضائے او آسے	جز فرومانده در مگر آسے

جسپر فضل کردگار ہوتا ہے خود بخود اوسکی سب دعائین مقبول اور کام درست ہوتے ہین حضرت ابراہیم قندزی رحمت اللہ علیہ نے ایکبار دعا کی کہ خدایا جو کچھ میری واسطی عذاب بعد مرگ مقرر ہے

وہ عالم زندگی مین ہوئی اور کسیطرح کی دقت نہ پیش آئی چنانچہ اونکو مرض جذام ہو گیا قبرستان مین ایک قبر کہودی وہین پڑے رہتے تھے ایکدن کہجورون کے باغ مین جا پہونچے جو حضرت خواجہ معین الدین سنجری رحمت اللہ علیہ ترکہ آبادی سے پہونچا تہا خواجہ صاحب بعمر دہ سالہ صاحب فراست تھے دیکھتے ہی پہچان گئے کہ یہ مخدوم صاحب مقبول ہین کچھ کہجور توڑکر پیش کین شاہ صاحب نے فرمایا مین اپنی ہاتھ سے نہین کہا سکتا معذور ہون تم ہی کہلادو خواجہ صاحب اونکے موتہہ مین کہجورونکے کہلانے مین مصروف ہوئے اور جو گٹہلیان وہ منہہ سے ڈالتے رہے اوسکو خود کہاتے تہے حضرت ابراہیم قندزی نے فرمایا صاحبزادے پہلے علم تحصیل کرو اور پہر ہمارے پاس آؤ ہم تمہاری امانت تمکو دین خواجہ صاحب نے تحصیل علم کرکے بیعت کی ارزو کی تب خواجہ عثمان ہارونی کیواسطے اشارت ہوگئی ان سے بیعت کرو جب اون سے فیضیاب تعلیم ہوچکے تو اونکے حکم سے پہر حضرت ابراہیم قندزی صاحب کے پاس آئے دیکھا کہ جوان خوبصورت اور صحیح وسالم ہین نہ کوئی مرض ہے نہ کچھ وقت ہی پہر اون سے فیضیاب ہوئے اور اونکو جو نگے وقت واپسین آپہونچا تہا کفن دفن کرکے اپنی امانت خاص وصول کرکے پہر عثمان ہارونی کی خدمت مین آنکے ارشاد کے موافق پہونچ گئے اور فیضیاب سعادات کونین اور بہرہ یاب مفاد دارین ہوئے۔

ایدل صبور باش کہ در بارگاہ دوست
خاموشی تو عوض تمنائے دیگر ست

ہیچ راہی از تصوف بیش نیست
چار حرف اندر تصوف بیش نیست

توبہ وصدق است وشرط آن وفا
پس فنا کردن فنا را ور فنا

اولش فقر است وصدق وافتقار
آخرش تسلیم وترک اختیار

ہر کہ در ملک تصوف محرم است
ہمچو مہر اندر نگین عالم است

خواہی کہ شوی بمنزل قرب مقیم
نہ چیز بہ نفس خویش فرما تعلیم

صبر وشکر وقناعت وعلم ویقین
تفویض وتوکل ورضا وتسلیم

خواہی کہ شود دل تو چون آئینہ
دہ چیز برون کن از درون سینہ

حرص وامل وغضب ودروغ وغیبت
بخل وحسد وریا وکبر وکینہ

شیخان کامل بھی خواہان اسبابت کو رہتی ہین کہ کوئی ہمت کا مردانہ اورارادت کا پورا ہمارے پاس آوی اور ثمرات کونین سے لذت یاب ہووے ع

ما را نہ مرید وردخوان می باید — نے زاہد و حافظ قران می باید
صاحب دردے سوختہ جان می باید — آتش زدہ بخانمان می باید

طالب جب بکمال ارادت و عقیدت شیخ کی ارشاد کی تعمیل مین مصروف ہوتا ہی ضرور فیضیاب ہوتا ہی ع

سوار عشق شو از رہ میندیش — کہ اسپ عاشقان رہوار باشد
ترا یک لحظہ منزل می رساند — اگرچہ راہ ناہموار باشد

ایکدفعہ فرمایا تمام جہان کا طریقہ ہی کہ جو شخص جس حال مین ہمہ تن مصروف ہوتا ہی اور کمال رکھتا ہی اوسی خیال مین اوسکی انجام اور انتہا کی صورت نقش پذیر ہوتی ہی مشہور ہی کہ دختر بید کو سانپ پکڑنی مین کمال تھا اوسکو سانپ نی کاٹا اور اسی مین مرگیا ارسطو سل کی مرض مین جہانسی گیا افلاطونکو فالج نی تمام کیا لقمان کو سرسام مین وقت آخر پیش آیا جالینوس اسہال کے مرض مین فنا ہوا قارون مال کی محبت مین تباہ ہوا مجنون لیلی کی عشق مین ہلاک ہوا غرض جو جس خیال کا ہی اوسی خیال مین اوسکا خاتمہ ہوتا ہے طالبان حق اگر بارادت کامل طلب مین لگے رہینگے تو انکا طلب مین ہی انجام ہوگا اشعار

هرچہ اینجا بری نگہدارند — در قیامت ہمانت پیش آرند
چو تو با سیرت بدی زینی — وانکہ با صورت دوی خبری
اگر در بند پوشاک و خوراکی — وگر در بند ناپاکی و پاکی
اگر در بند عقبای ازانی — وگر در راہ مولاے ہمانی
ہران چیزیکہ مقصود تو آمد — ہمان مولای مقصود تو آمد

نیک معلوم کن کہ در محشر — نشود ہیچ حال خلق دگر
نیست آنجا تغیر و تبدیل — نشود نیک بد بہیچ سبیل
معنی از خامہ چون نکو آید — نقش دلہا بسوے او باید
اگر در بند این سیم و زری تو — وگر در بند تخت و افسری تو
ہران چیزیکہ در دایم دل تست — ہمان باشد باخر حاصل تست
کہ مجنون عین لیلی بود در خویش — بجز او اندیدہ در پس و پیش

خوشا آن گل کزین گلبن و گل شد — گلستان در گلستان بر زگل شد

بڑے ارجمند و بلند اقبال ہوتے ہین جن پر خدا تعالی ایسا فضل فرماتا ہی کہ اونکو بلا حجت و دلیل یقین کامل نصیب ہوتا ہی اور یقین کی تین نشان ہین ہر کام مین نظر بخدا رکھنا ہر کام مین خدا کیطرف رجوع کرنا ہر کام مین خدا سے مدد چاہنا

نقل حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے جناب باری مین دعا کی واذ قال ابرٰہیم رب ارنی کیف تحی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی قال فخذ اربعۃ من الطیر فصرھن الیک ثم اجعل علی کل جبل منھن جزءا ثم ادعھن یاتینک سعیا یعنی حضرت ابراہیم نے عرض کیا کہ خدایا دکھا مجکو کیونکر زندہ کریگا تو مردیکو حکم ہوا کیا ایمان نہین لایا عرض کیا ایمان تو لایا ہون لیکن اسواسطے کہ اطمینان ہووے قلب کو فرمایا تو پکڑ چار جانور اوڑتی ہوی پھر اونکو ملا اپنے ساتھ پھر ڈال پہاڑ پر اونکا ٹکڑا ایک ایک پھر اونکو پکار کہ اوین تیرے پاس دوڑتے ہوے جب بچھے دیکھ بھال لیا تو جب ہو کر بیٹھ رہے اور یقین صادق لے آے جب پیغمبران صادق کو یقین کے بارے مین سعی و کوشش کرنی پڑے تو ہم جیسے نادانونکا کیا ذکر ہے فضل کردگاری اور رحمت پروردگاری پر ناز کرنا چاہیے کہ بے حجت و دلیل طالبان امت اس کائنات پوری یقین پر مستقل اور ثابت قدم ہو جاتے ہین ورنہ یقین کامل بغیر مشاہدہ ہونا دشوار ہے

اشعار

شرح وحدت راکہ ہینی بی بیان — عین عین الیقین نیاز و شد عیان
خاص را علم الیقین خاص ست خاص — دیدہ در حق الیقین از خود خلاص
گر حقیقت بینی از حق الیقین — در مقام لی مع اللہ یا عزیز

دیدۂ باطن اگر بینا شود — آنچہ بینان خواندہ پیدا شود
آنچہ در بحر حقیقت راہ یافت — گوہر حق الیقین آگاہ یافت
منظر حق الیقین بالاتر است — این سعادت انبیا را در خور است

اور چونکہ آفرینش عالم ایک طبیعت پر نہین ہے اس لیے بعضی صاحب یقین جلد بن جاتے ہین بعضی بدیر بعض اکابرون نے لکھا ہے کہ اہل عالم تین فریق مین بعضی استعجالی بعضی احتیاطی بعضی منزہ جو استعجالی ہین اتنی ما ونکو خدا پاک سے ہر مدعا کیلیے دعا مانگنا اور تقدیر اور گردش فلکی کا نالہ زن رہنا اور ہم مشربون پر حسد رکھنا عادت ہوتی ہے رات دن اسی خیال مین رہتے ہین کہ فلان عیش و عشرت مین ہے مین زحمت اور دقت مین کیون مبتلا ہون فلان معاملہ میرا ابھی انجام کیون ہوا فلان نفع مجکو کیون نہین ملگیا اگر وہ بات مجکو حاصل ہو جاوے تو اچھا ہے یہہ عام لوگ ہین

رباعی

دنیا طلبان را نہ براحت کارست — تا آخر دم فکر زر و دینارست
این طائفہ را خیال مردان نبود — پیوستہ غم سیم و زر و دینارست

حضرت ذوالنون مصری کا قول ہے کہ جو بدخو آدمی ہوتا ہے اوسکو اندوہ زیادہ ہوتا ہے اور دنیا اسیکو کہتے ہین جو خدا سے باز رکھے اور وہ شخص نہایت سفلہ ہے جو نہ خدا کا راہ جانتا ہو اور نہ اوسکو سیکھے۔ اور جو احتیاطی ہین اونکا

سر یست درین عبد خفی گر شود کشف — بے شبہ ہمون صورت معبود برآید

حضرت منصور عمار فرماتے ہین آدمی دو قسم کے ہین ایک نیاز مند بحق دوسرے بے نیاز بحق نیاز مند بحق ظاہرا
متبع شریعت اور صاحب رجات ہین ہر مراد اور ہر معاملہ کے لیے شبانہ روز خواہان اور امیدوار رہتے ہین اور
بے نیاز بحق وہ لوگ ہین جو سمجھتے ہین کہ جو کچھ ازل مین موت حیات سعادت شقاوت محتاجی غنا مقدر
ہو لیا اوسکے سوا کچھ نہین ہوتا اور اسی پر صابر شاکر ہین ایسے لوگونکو کمال استغنا ہوتا ہے دربارہ مرد کامل حضرت
ابو الحسن نوری فرماتے ہین کہ جب تک منع عطا ذل عز جاہ حضر دل مین برابر نہین ہوتی ہین مرد کامل نہین ہوتا
نقل جب باہم حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہ کے مجادلہ پیش آتا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
ایک بلند مقام پر جا بیٹھتے تھے اور طرفین کی جنگ و جدل کا تماشا دیکھتے تھے کھانیکے وقت امیر معاویہ کے ساتھ
شریک ہوتے تھے اور نماز حضرت علی کے ساتھ پڑھتے تھے کسی شخص نے دریافت کیا کہ کھانا آپ کہین کھاتے ہین اور نماز
کہین پڑھتے ہین اسکی کیا وجہ ہے فرمایا سچ تو یہ ہے کہ نماز کا لطف حضرت علی کے مقتدی ہونیمین جو نصیب
ہوتا ہے وہ اور جگہ نہین ہوتا اور کھانیکا لطف جو امیر معاویہ کے ساتھ آتا ہے وہ دوسری جگہ حاصل نہین
ہو سکتا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نماز پڑھنا مشہور ہے کہ آپکو ہمیشہ نماز حضوری نصیب تھی اور نماز
مین استغراق اور محویت جیسی آپکو تھی بہت کم اوروں کو ہوئی ہے

اشعار

نماز معنوی آن علی بود	کہ جان او ز نور حق جلی بود
کہ پیکانے کشیدش مرد از پاے	بجنبید از حضور خویش از جاے
نماز ار می کنی ہمچون علی کن	کہ سعی با نبی و با ولی کن
چون کلید نماز پاکے تست	قفل آن دان کہ عیب ناکے تست
ہرچہ جز حق بسوز و غارت کن	ہرچہ جز اوست از و طہارت کن
ورنہ ابلیس در زمان نماز	گوش گیرد بہ برونت آرد باز

جب طالب صاحب تنزیہ و تشبیہ بنتا ہے حق تعالی بھی اوسکی عظمت اور بزرگی اپنی مخلوق کو دکھلانا
چاہتا ہے اور اوسکی بزرگی اور بڑائی کا مخلوق مین اعتبار بڑھاتا ہے اپنے خاص الخاصون کی عظمت کا

عالم کو دکھانا اوسکی شان رحمت کی تجلی ہے **نقل** حضرت دانیال پیغمبر علیہ السلام اپنی امت سے بسبب عدم اتباع کچھ ناراض ہوکر ایک پہاڑ پر خلوت نشین ہوگئے اتفاقاً شان جلال نے کچھ ایسا ظہور کیا کہ قحط نے ملک کو برباد کرنا شروع کیا تمام اہل عالم جستجو کرنے لگے کہ کسطرح حضرت دانیال سے دعا کرائین تاکہ فریدگار عالم کی آفت سے امان دے حضرت دانیال کو بسبب ناراضی قحط کے ہونے سے خوشی تھی اور جانتے تھے کہ جب تمام مخلوق بھوکی مرجائیگی تو اپنے افعال ناقصہ سے باز آئیگی حضرت دانیال کو عالم غیب سے دو روٹیان بلا محنت و مشقت ہر روز ملتی تھین کھاتے تھے اور خدا کا شکر کرتے تھے جب مخلوق اونکو ڈھونڈھنے سے تھک گئی اور نومیدی حد تک پہونچی شان ربانی اور رحمت خدائی نے جوش کیا حضرت دانیال کی روٹیان عالم غیب سے آنی بند ہوگئین تب حضرت پیغمبر صاحب بھی پہاڑ سے اوترے اور کسی موضع مین جا کر روٹی کی تلاش مین سایل ہوئے ایک عورت نے کہا اے سایل میرے گھر مین چار آدمی ہین اور چار ہی روٹیان ہمکو تقدیر سے میسر ہین ہر روٹی سے ایک ایک ٹکڑا تجکو اگر لینا منظور ہو لیکر کھائے ورنہ زیادہ ہمارا مقدور نہین جو تیری غمخواری کرین خدا نے قحط کر رکھا ہے پیغمبر دعا کرنے سے انکار کرتا ہے چھپا چھپا پھرتا ہے مخلوق قحط مین مبتلا ہے حضرت دانیال نے فرمایا اچھا چار ٹکڑے ہی ہمکو کھلا دو اتفاقاً ایک صغرسن اوس عورت کا بچہ مر گیا وہ نہایت پریشان ہوئی اور اونسے بولی لو میان سایل تم ٹکڑا لو اور جلد میرے لخت جگر ہی روتے روتے سو گیا تھا وہ جان بحق ہوگیا اونہون نے فرمایا کچھ غم نکرو ہمکو دکھاؤ شاید نمرا ہو اور اوسکی بالین پر آکر دعا کی وہ زندہ ہوگیا تب تو عورت کو اور اوسکے لواحقون کو یقین ہوا یہ شخص مستجاب الدعوات ہے ضرور ہے کہ دانیال ہے ہر چند انسے کہا کہ بارش کی دعا مانگو نمانا ناچار زبردستی ایک مکان مین قید کرکے اور تکلیف دیکر دعا کرائی تب بارش ہوئی اور مخلوق نے قحط کے وبال سے امان پائی اگرچہ بارش کا ہونا قبضۂ قدرت الٰہی مین تھا جس وقت چاہتی برسا دیتی لیکن حضرت دانیال کی دعا پر بارش کا منحصر رکھنا خالی از حکمت نہ تھا دکھلا دیا کہ ہمنے اپنے برگزیدونکو ایسی نعمت قبولیت عطا فرمائی ہے

انبیا را داد سر لامکان   اولیا را داد سوز عاشقان   انبیا را داد ہر دم رفعتے   اولیا را داد ہر دم خلعتے
انبیا را داد ہر دم صد عطا   اولیا را داد صدق و صفا

اور جن لوگون کیطرف سے ذرا اپنے برگزیدونکی بے ادبی دیکھتا ہے قہر ذوالجلال سے اونکو خراب و تباہ کرتا ہے اور اونپر ظاہر کر دیتا ہے کہ پسندیدگان بارگاہ کبریائی کی گستاخی سزا یہ نکبت و خواری ہوتی ہے **اشعار** گر تو مارا دوست داری بر دوام + زود از دنیا برآ رمیت تمام

دیر تو مارا دشمنی نی دوستدار زود از دنیا ز زنیش ام ای گار **نقل** کیتہل کا راجہ نہایت متعصب تھا بزرگون سے ہمیشہ اوسکو
رنج رہتا تھا زندون سے بھی گستاخانہ پیش آتا تھا اور مزارات اور مقابر کی بھی کچھ حرمت نکرتا تھا ایکبار اوسکے
دن جب ناقص آئی حضرت شاہ کمال الدین کیتہلی کی قبر پر چوکی رکھکر غسل کرنے بیٹھا ابھی فارغ نہوا تھا کہ فالج کا
مرض پیدا ہوا بس سب تعصب و فساد بھول گیا ۔ آن کس کہ دل اہل خدا رنجہ کند ٭ با قہر خدای پنجہ در پنجہ کند ٭
قہاری اہل حق سر اہل عناد ٭ در پنجہ قہر خویش سر اشکنجہ کند ٭ **حدیث** مَنْ اٰذٰی مُؤمِنًا فَقِیْرًا فَکَاَنَّمَا ھَدَمَ
الْکَعْبَۃَ عَشْرَ مَرّٰاتٍ وَالْبَیْتَ الْمَعْمُوْرَ کَاَنَّمَا قَتَلَ اَلْفَ مَلَکًا مِنَ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ راجہ نے
نواب کنج پورہ سی کہلوبھیجا کہ فالج کی مرض کا علاج سوا اکسیر کے عمدہ نہیں ہے تمہارے شہر مین سامسنہی نام کیمیاگر فقیر
رہتا ہی اوس سے کسی طرح ذراسی اکسیر بھجوا دو نواب نے اکسیر منگا کر بھیجی راجہ نے اوسکو تانبے پر ڈلوا کر امتحان کرایا دوبارہ
اپنی کھانیکے واسطے طلب کی فقیر نے عالم خواب مین دیکھا کہ شاہ ولایت صاحب یعنی حضرت شاہ کمال الدین
کیتہلی کیطرف سے اشارت ہوتی ہی کہ خبردار اب اکسیر نہ دینا ورنہ تجکو سزا دیجاویگی یہ راجہ کو سزا بی ادبی کی دی گئی ہی
فقیر نے بیدار ہوکر نواب سے اطلاع کی اور اکسیر دوبارہ نہ دی آخر اسی مرض مین راجہ جہنم واصل ہوا **اشعار**

ای آنکہ بعقل خویش مغروری ٭ از طعنہ اہل دل اگر مہجوری
ہر طعنہ چو نیشتر زہر آلودہ بدان ٭ بر دل زندت ترا اگر رنجوری
ای آنکہ بعقل خود معلم ثانی ٭ بہتر کہ ز طعن اہل دل برمانی
باور دکشان ہر آنکہ در طعنہ فتد ٭ از درجہ خود فرو فتد گردانی

لوگ کہ جہل و نادانی یا از راہ تعصب بی دینی مقربان بارگاہ احدیت و برگزیدگان جناب صمدیت سے گستاخی اور
بی ادبی کرتے ہین وہ دیدہ دانستہ سزا کردار پاتی ہین فی النار والسقر ہوتی ہین اور روسیاہ دارین بنتی ہین ایک بزرگ کا
قول ہی الادب حلیۃ الاحرار لکل شیٔ خادم خادم الدین الادب ۔ بی ادب تنہا نہ خود را داشت بد
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد ٭ ہر چہ بر تو آید از ظلمات غم ٭ وان زبی باکی و گستاخی ست ہم ٭ ایک شخص
حضرت سلطان نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کو جب بازار کیطرف نکلتی برا کہتا اور اکثر آپ کا اتفاق اوسطرف
چہارشنبہ کے دن ہوتا تھا کہ آپ اپنی والدہ ماجدہ کی زیارت قبر کے لئی جایا کرتی تھی ایکدن آپ کو اوسکی گستاخی سی
بہت رنج ہوا اور بدیدہ نم آلودہ اور دل پر درد اپنی والدہ کی مزار پر تشریف لیگئی اور بعد فاتحہ خوانی آپنے فرمایا کہ
اب تمہاری زیارت کے لئی آنا موقوف ہو جائیگا ایک نابکار ہمارا سدراہ ہوتا ہی جب تک وہ دفع نہووی ہم ہرگز نہ آوینگی

یہ کہا چلے آئے قدرت الٰہی سے اوسی رات کو اوس شخص کو ایک مرض ایسا لاحق ہوا کہ فی النار ہوا آپ کو اسیوقت انکشاف باطنی سے معلوم ہوا بیساختہ آپ یہ پڑھنے لگے ع ہر کہ با پولاد بازو پنجہ کرد ٭ ساعد سیمین خود را رنجہ کرد ایک خادم نے عرض کیا کہ پیر و مرشد خیر ہے فرمایا کہ صبح کو سن لینا جب صبح ہوئی تب معلوم ہوا کہ آج وہ گستاخ مر گیا شیخ عبد اللہ قرشی کا قول ہے کہ جو شخص صحبت فقرا میں با ادب نہوگا اونکی برکات سے ضرور محروم رہیگا کیونکہ صحبت فقرا کا فیض ادب پر منحصر ہے حسن خلق اسکا نام ہے کہ فقرا کے ساتھ انس اور انبساط کا برتاو کرے اور صوفیہ کے ساتھ ادب و ارتباط سے پیش آوے اور مشایخ کے ساتھ حرمت و نشاط سے اور عارفون کے ساتھ تواضع سے اور صالحین کے ساتھ انس سے اور اپنے وقت کو آباد رکھے ذکر سے اور مخالفت کرے نفس سے اور ہر دم اطاعت کرے خدا عزوجل کی **ایضاً** ایکبار بادشاہ سے علما نے شکایت کی کہ حضرت سلطان نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ راگ کی محفل میں مشغول رہتے ہین اور بدعت کا بازار ہر وقت اونکے دربار مین گرم رہتا ہے حضور سلطانی کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھتے ہین نہ ماہ نو کی مبارکباد دینے کو اور علما اور بزرگان طریقت کیطرح دربار شاہی مین حاضر ہوتے ہین بادشاہ کو اونکے کہنے سے آتش غضب مشتعل ہوئی حکم ہوا کہ بحکم سلطانی اونکو جمعہ کے دن نماز کیلئے بلاؤ اور ماہ نو کی مبارکباد کے واسطے بھی تاکید کرو جب خادم شاہی پہونچا آپنے ارشاد فرمایا کہ ہمارے مکان کے قریب جو مسجد ہے اوس مین جمعہ کی نماز ہوتی ہے ہمکو موافق شریعت مصطفوی یہ ضرور نہین ہے کہ بادشاہ کے ساتھ نماز ادا کرین ہا ماہ نو کی مبارکباد دینا یہ امرا ارکین سلطنت کا کام ہے فقرا کو اس سے کیا مدعا اور اگر بادشاہ جبر سے چاہتا ہے کہ ہمکو تنگ کرے تو اوسکے حق مین یہ بات سودمند نہوگی قدرت الٰہی نے ایسا ظہور کیا کہ بادشاہ کو قبل اسکے کہ پھر ماہ نو کی مبارکباد دینے کا تقاضا کرے مرگ پیش آئی اور جان بحق ہوا جسوقت بادشاہ قتل ہوا اوسوقت سلطانجی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ شعر پڑھا

ای او بہک چرا نشستی بجای خویش	با شیر پنجہ کردی آخر زجا فتادی

مقبولان جناب الٰہی کی گستاخی موجب استیصال ہے ع از خدا خواہیم توفیق ادب ٭ بی ادب محروم گشت از فضل رب از ادب نورانی گشت این فلک ٭ از ادب معصوم و پاک آمد ملک ٭ ادب بہتر از گنج قارون بود ٭ فزون تر ز ملک فریدون بود حضرت ابو نصر سراج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ ادب کے لحاظ سے لوگ تین قسم کے ہین ایک اہل دنیا اونکے نزدیک ادب فصاحت اور بلاغت اور حفظ علوم اور رسوم ہے دوسرا اہل دین اونکے نزدیک ادب دل کی طہارت جوارح کی تادیب

حفظ شہوات کا ترک اور ریاضت کا شوق ہی تیسرے اہل خصوصیت اونکی نزدیک حفظ وقت وفای عہد اور قرب کا حاصل کرنا اور حضوری کی آرزو رکھنا اور طلب مین جہد کرنا اور سوا اسکی اور باتون پر التفات نکرنا **نقل** کسی راجہ نی نقالون سے یہ کہا کہ تم جناب سالتمآب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی نقل اوتارو نقالون نے ہرچند عذر کیا کہ حضرت کی نقل اجتک کسی نی نہین کی حضرت کی نقل کرانیمین اصرار نفرمائیے اور اس ارادہ سی باز آئیے کہ اسکا نتیجہ اور ثمرہ اچھا نہین ہی بڑی گستاخی اور بے ادبی کی بات ہی راجہ نی نمانا تب نقالون نے یہ بات کہی کہ اس نقل کے کرنیمین جو کوئی فعل ہم کرین یا کوئی حرکت کسیطرح کی ہمسی سرزد ہوا اوسکا مواخذہ نہو اگر اسبات پر بخنہ ہوا اور یہ بات آپکو منظور ہو تو ایک نوشت مہری دستخطی اپنی لکھدیجے راجہ نی ایک تحریر لکھدی اسکی بعد نقالون مین سے ایک پیغمبر خدا بنا اور چار اصحاب بنے اور بحکم پیغمبر خدا اور جہ بدرجہ اصحابون نے راجہ کی دعوت اسلام کرنی شروع کی کہ تو مسلمان ہوجا اور جناب پیغمبر خدا پر ایمان لا کفر شرک چھوڑدے دین احمد گزین مسلمان شو

کفر بگذار اہل ایمان شو	بر خدا و رسول ایمان آر	از دل و جان خویش قربان شو
کلمہ لا الہ الا اللہ	با دل صدق خوان شادان شو	بالیقین دان کہ دین حق اینست
دین حق را بجان خواہان شو	گر بخواہی امان ز نار جحیم	سوی اسلام و دین خرامان شو

اگر تو حکم خدا اور رسول نہین مانیگا اور ایمان نہین لاویگا تو قتل کیا جاویگا اُقتلُوا المُشرکِین حَیثُ ثقفتُمُوہُم آخر اوسکو قتل کرڈالا حکام وقت کو جب اسکی خبر ہوئی نقالون سے پوچھا کہ تمنے راجہ کو کیون مارا اونھون نے تمام ماجرا گذشتہ سنایا اور کہا کہ ہمنے راجہ سے ہرچند انکار کیا تھا اوسنے نمانا اور تحریری سند ہمکو لکھدی تب ہمنے یہ نقل کی اور ظاہر ہی کہ جناب سالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نقل کا یہی نتیجہ تھا سو ہوا ہمنے پوری پوری نقل اتاردی سند کو دیکھکر حاکم وقت نے نقالون کو چھوڑدیا اور کچھ مواخذہ اونسے نکیا راجہ نے جو اصرار کرکے نقل جناب سالتمآب کی کرائی تو سزا بھی خوب پائی جیسے گستاخی اور بے ادبی کا مرتکب ہوا ویسا ہی سزا کو پہونچا **اشعار**

مایہ دولت ابد ادب است	پایۂ رفعت خرد ادب است	جز ادب نیست فرد ارباب ال

جز ادب نیست داب اہل کمال بے ادبی اور گستاخی انبیا علیہم السلام اور اولیای کرام کی شان مین کرنا ورطہ ہلاکت مین اپنے آپ کو ڈالنا ہی عام درکنار رہی خاصان کی دل مین اگر کوئی خیال یا خطرہ برخلاف

شان و شوکت اور عظمت خداداد کاملین کے دل مین گذر جاتا ہی تو کمالات باطنی سلب ہو جاتی ہین اور راہ ترقی مدارج بطون کا مسدود ہو جاتا ہی چنانچہ نقل صاحب تحفۃ الراغبین نے واقعات محمدیہ سی کہ شیخ یعقوب شاہ قدس سرہ نے لکھی ہی نقل کیا ہی کہ ایکدن سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کی مجلس مین ذکر غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا ہوا قَدَمِی هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ کا ذکر آیا سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کے دل مین آیا کہ یہ قول شیخ بحق اولیا وقت ہوگا اولیاء متقدمین اور اولیاء متاخرین اس سے مستثنی ہین اس خیال کے آتے ہی مرتبہ ولایت سلب ہو گیا اور تمام بدن مثل جماد کی ہو گیا اور کسی علاج اور معالجہ سے کچھ فائدہ نہین ہوتا تھا چونکہ سید محمد گیسو دراز دوستان خدا سے تھے ندا آئی کہ یہ عارضہ تمکو بوجہ انکار قول سید عبد القادر رضی اللہ عنہ کے ہوا ہی اونکی طرف رجوع کرو چنانچہ سید محمد گیسو دراز قدس سرہ اوس خطرہ اور خیال سے تائب اور منفعل ہو کے حضرت کیطرف التجا کی اور نودنہ نام حضرت غوث الاعظم کی تصنیف کئے اور اونکو بطریق درد ہر وقت پڑھنا شروع کیا اوسکے پڑھنے سی تمام اعضا درست ہو کر شفا اور صحت کلی ہو گئی پھر پیران سلسلہ اپنی کیطرف توجہ کی تاکہ مرتبہ ولایت جو سلب ہو گیا ہی حاصل ہو جاوے اوس عالم روحانیت مین حضرت خواجہ معین الدین صاحب چشتی رحمت اللہ علیہ اور سلطان نظام الدین صاحب بداونی رحمت اللہ علیہ نے خدمت حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کی عرض کیا کہ اب سید محمد حضرت کے طریقہ کیطرف اپنی آپ کو منسوب کرتا ہی آپ رحم فرمائی اوسوقت مرتبہ ولایت معہ فتوحات کبیرہ اور ترقیات بلیغہ کے حاصل ہو گیا اور فیضان حضرت قادریہ سی بہرہ ور ہوے اور جو اسما کہ سید محمد گیسو دراز قدس سرہ نے تصنیف کئی ہین یہ ہین ۔ نودنہ نام حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا سلطان العارفین یا تاج المحققین یا شافی الحمیا یا برکت الانام یا مصباح الظلام یا شمس بلا افل یا در بلا مثل یا بدر بلا کلف یا بحر بلا تلف یا باز الاشہب یا فارج الکرب یا غوث الاعظم یا واسع الکرم یا کنز الحقایق یا معدن الدقایق یا واسطہ السلک یا صاحب الملک یا شمس الشموس یا زہر النفوس یا ہادی النسیم یا محی الرمیم یا عالی الہمم یا ناموس الامم یا حجۃ العاشقین یا سلطان الواصلین یا خزینۃ الاسرار یا وارث نبی المختار یا مبدی جمال اللہ یا نائب رسول اللہ یا کبد المصطفے یا صاحب الوفا

یا سر المرتضیٰ یا قرۃ العیون یا ذالوجہ المیمون یا صلاح الاحوال یا سلاب لاحوال یا صادق الاقوال
یا سیف المسلول یا ثمرۃ البتول یا ارحم الناس یا مدالایاس یا مفتح الکنوز یا معدن الرموز
یا کعبۃ المریدین یا مقصود السالکین یا کریم الطرفین یا عمید الفریقین یا معبوط المعشوقین
یا قاضی القضات یا مفتح المغلقات یا خلیط الاشیار یا نور الملار یا منتہی الامل حین ینقطع العمل
یا سید السادات یا ضیاء السموات والارضین یا ناموس الواعظین یا غوث الوریٰ یا قدوۃ السریٰ
یا جمیل الفواید یا مرضی فی الشداید یا ضیاء السموات یا بحر الشریعت یا سلطان الطریقت ۔
یا نور المعرفت یا کاشف الاسرار یا غمافر الاوزار یا طراز الاولیا یا عضد الفقرا یا ذل الاحوال لعظمتہ
یا ذالاوصاف الرحمیہ یا ذالکرامات الجلیلہ یا ذالمقامات العلیہ یا ذالمذہب الحنبلیہ یا امام الائمہ
یا فاتح المشکلات یا مقبول رب الجنات یا جلیس الرحمن یا مشہور من جیلان یا نسل من عاونان
یا شاہ یا سر الٰہ یا عفیف یا شریف یا تقی یا نقی یا صدیق یا معشوق یا قطب الاقطاب
یا فرد الاحباب یا سیدی یا سندی یا مولای یا غوثی یا رضی یا قوتی یا رجائی یا غوثی
یا غیاثی یا فارح کربتی یا ضیائی یا شفائی یا قاضی الحاجات یا کفایۃ المہمات یا سلطان
ابو محمد محی الحق والدین والحقیقۃ والشریعت والطریقت والدین یا نور السرایر یا عبد القادر
یا صاحب القدریات واہب النصرت یا من ظہر سرہ فی الدنیا والاخرہ برحمتک یا ارحم الراحمین

نقل خواجہ ابوالعلی قدس سرہ شاہجہان بادشاہ کی مصاحبوں مین نوکر تھے بادشاہ شراب پیتا تھا اوسکی سلطنت اوسکی اور امرا وزرا بھی پیا کرتی تھی ایک وزیر نے باہم صلاح کرکی شاہجہان سے یہ کہا کہ حضور اور تو سب آپکے ساتھ شراب پیتے ہین مگر خواجہ ابوالعلی نہین پیتے گویا کہ باہم متفق ہوکر خواجہ صاحب کی شکایت کی اگرچہ بظاہر دوست یکرنگ تھے مگر شراب پلوانی کی واسطہ دو رنگ ہو گئی رباعی

یاران چہ قدر راہ دو رنگی دارند	مصحف بہ بغل دین فرنگی دارند
پیوستہ بہم چو مہرہای شطرنج	دردل ہمہ فکر خانہ جنگی دارند

شاہجہان آپکے کمالات باطنی سی آگاہ نہ تھا رات کو جب دور شراب چلا شاہجہان نے خواجہ صاحب کو بھی

ایک جام مے دیا آپنے اوسکو اپنی آستین مین ڈال دیا اور نہ پیا پھر دوسرا جام دیا اوسکو بھی آستین مین ڈالدیا جب تیسرا جام دیا تو مصاحبون مین سے کسی نے کہا جہان پناہ انکو جام شراب دیتے ہین یہ اوسکو گرا دیتے ہین اور پیتے نہین ہین بادشاہ کو غصہ آیا خواجہ صاحب سے کہا تم غضب شاہی سے نہین ڈرتے تو خواجہ صاحب نے فرمایا تو خلاف حکم احکم الحاکمین کے شراب پلانا چاہتا ہی قہر الٰہی سے نہین ڈرتا خواجہ صاحب کو غصہ آیا اور دونون آستین اپنی جھاڑین دو شیر غران دونون طرف سے پیدا ہوے جملہ ارکین سلطنت شیرون کو دیکھتے ہی بھاگے اور بادشاہ نے بھی خوفناک ہوکر آپسے پناہ مانگی آپنے اوسکو پناہ دی بعد وقوع اس واقعہ کے بادشاہ نے شراب کا پینا چھوڑ دیا اور تائب ہو گیا خواجہ صاحب بھی نوکری چھوڑ کر ایک جگہہ جا بیٹھے جہان آپکا مزار بنا ہی ہر چند بادشاہ نے امرا وزرا کی معرفت پھر آپکو بلایا مگر آپ بادشاہ کے پاس نہ گئے پھر ایکدن بادشاہ خود آپکے پاس گیا آپ پاؤن دراز کئے ہوے بیٹھے رہے بادشاہ نے عرض کیا کہ آپنے کچھ میرا ادب اور تعظیم نکیا آپنے فرمایا کہ جب تک نوکر تھے تب تک ادب کرتے تھے جبکہ نوکری سے ہاتھ کھینچ لیا تو پاؤن دراز کر دیے **نظم**

نہ ماضی ست پیش من نہ مستقبل خوشا حالم	بیکے از قطع خواہش کردہ ام امروز فردا را
ز رنج و راحت گیتی گل مقصود مے چینم	برون آوردہ ام از پای دل خار تمنا را
افسر شاہی بادی سر و سامانی ما	گوشہ خاطر ما ملک سلیمانی ما

بزرگان دین سے دل مین بغض یا کینہ رکھنا بھی باعث ذلت اور خواری دارین ہوتا ہی

نقل شیخ جلال الدین تبریزی رحمۃ اللہ جب دہلی مین تشریف لائے سلطان شمس الدین التمش اونکے استقبال کو آیا اور گھوڑے سے اوتر کر پیادہ پا اونکے آگے ہو لیا شیخ نجم الدین صغریٰ اور شیخ الاسلام دہلی کے دل مین حسد پیدا ہوا بادشاہ نے شیخ نجم الدین سے کہا کہ شیخ کیواسطے ہمارے مکان کے قریب کوئی جگہ تجویز کرو شیخ نجم الدین نے بوجہ حسد کے بادشاہ کیخدمت مین عرض کیا کہ جس مکان مین جن رہتے ہین ہمیشہ مقفل رہتا ہی بیت الجن اوسکا نام ہی اوس مین ٹھہرانا چاہیے اگر شیخ ولی کامل ہی تو کچھ آزار نہ پہونچیگا اور اگر صرف دعوی ہی تو سزا پاویگا ہنوز بادشاہ نے کچھ جواب نہین دیا تھا شیخ جلال الدین نے از راہ باطن اس حال پر مطلع ہوکر فرمایا کہ بیت الجن کی کنجی جلدی لاؤ کنجی منگا کر خادم کے حوالہ کی اور فرمایا

بیت الجن کے اندر جاکر باواز بلند کہدو کہ ای رہنی والو اس گھر کی اس گھر مین شیخ جلال الدین تبریزی آتا ہی تم
چلے جاؤ بعد اسکی شیخ فروکش ہوی بادشاہ کی دل مین روز بروز وقعت اور عظمت آپکی زیادہ ہوتی گئی شیخ نجم الدین
کی دل مین بھی حسد اور رشک زیادہ ہوگیا اور اس فکر مین رہتا تھا کہ کوئی ایسا الزام لگاؤن جو انکی قدر
منزلت مین فرق آجاوی ایک روز شیخ جلال الدین صبح کی نماز پڑھکر موںہہ ڈھککر چارپائی پر لیٹ رہی
ایک غلام ترکی خوبرو آپکی پانو داب رہا تھا شیخ نجم الدین نے قصر شاہی پر سی دیکھکر بادشاہ سی کہا کہ آپ
ایسی شخص سے عقیدہ رکھتی ہین جو خلاف شرع ایک غلام ماہرو سے پانو دبوا رہا ہی شیخ کو از راہ باطن یہہ حال
معلوم ہوگیا موںہہ کھولکر باواز بلند فرمایا کہ نجم الدین اگر تو پہلی دیکھتا تو اس غلام کو میری بغل مین پاتا
نجم الدین شرمندہ ہوا مگر ازار رسانی شیخ سی تاہم باز نہ آیا دہلی مین ایک مطربہ حسینہ جمیلہ رہتی تھی گوہر
بے بہا اوسکا نام تھا اکثر امرا اوسکی طرف مایل اور راغب تھی شیخ نجم الدین نے اوسکو بلایا اور یہ کہا کہ اگر
تو بادشاہ کی سامنی یہ کہدی کہ شیخ جلال الدین نے میرے ساتھ زنا کیا ہی اور یہ دہلی سی نکالی جاوین اور بادشاہ
کی نظرون مین حقیر ہوجاوین تو مین پانسو دینار زر سرخ تجھی دونگا مطربہ نی منظور کیا جب وہ تنگی سی آمادہ
ہوگئی تو نصف دینار اوسکو پیشگی دیدی اور نصف احمد بقال کی پاس بطور امانت جمع کردی بعد اسکے
شیخ نجم الدین اوس عورت کو سلطان کی پاس لیگیا اور اوس سے یہ کہلا دیا کہ شیخ نی میرے ساتھ زنا کیا ہے
سلطان نے کہا کہ یہ عورت اپنی زبان سے زنا کی خود مقر ہی یہ لایق تعزیر ہی اور شیخ کی نسبت ہنوز جرم زنا ثابت
نہین ہے اسکی تحقیقات اور تجویز کے واسطہ اور کوئی شخص مقرر ہونا چاہیے شیخ نجم الدین نے اپنی طرف سے شیخ
بہاؤالدین ذکریا ملتانی کو اس خیال سے تجویز کیا کہ مابین شیخ جلال الدین اور شیخ بہاءالدین کی رنجش ہی فیصلہ
اسکا حسب دلخواہ ہوگا جب شیخ بہاءالدین ملتان سے دہلی مین داخل ہوے بعد ادا نماز ظہر کی تمام مشایخ عظام
مسجد مین جمع ہوے اور شیخ نجم الدین نے مطربہ کو حاضر کیا اور شیخ جلال الدین بھی تشریف لای جس وقت شیخ
مسجد کے دروازہ پر پہونچکر پاپوش اتاری جملہ مشایخ اونکی استقبال کو دوڑے اور شیخ بہاءالدین ذکریا
نے اپنی ہاتھ سے کفش اونکی اٹھاکر اپنی بغل مین دبالی اس بات کو حاضرین دیکھکر متحیر ہوے شیخ بہاءالدین
نی فرمایا کہ اگر خاک پای شیخ کو مین سرمہ چشم بناؤن تو روا ہی کیونکہ شیخ سات برس تک حضر اور سفر مین شیخ

شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر روشن ضمیر کے ساتھ رہی ہین مطربہ کو اپنی سامنی بولایا اور فرمایا جاء الحق وزہق الباطل ان الباطل کان زہوقا سب حال راست راست بلا کم و کاست کہدی ورنہ تو جانبر نہوگی مطربہ نی باواز بلند کہا کہ حق سبحانہ تعالی حاضر اور ناظر ہی اور حق حق بات یہ ہی کہ جو کچھ مینی بادشاہ کی روبرو کہا ہی محض بلغوای شیخ نجم الدین بطمع پانسو دینار کی کہا ہی نصفی دینار مجھی دیدی ہین اور نصفی احمد بقال کی پاس جمع ہین شیخ نجم الدین کا محض افترا اور اغواہی اسکی سوا اور کچھ بات نہین ہی چنانچہ بقال کو بلایا اوسنی مطربہ کی قول کو تصدیق کیا جب اچھی طرح شیخ نجم الدین کا افترا اور بہتان ثابت ہو گیا شرمندگی کی مارے اوسکو غش آگیا سلطان نے اوسیوقت موقوف کر دیا اور بجای اوسکی شیخ بہاء الدین ذکریا ملتانی رح کو مقرر کیا اور بعد اسکی شیخ جلال الدین رح دہلی سی بداون کو تشریف لیگئی چند روز کی بعد ایکدن ندی پر مع چند اصحاب کی بیٹھی ہوی تھی اوٹھ کر وضو کیا اور فرمایا کہ ادہر دلیشو شیخ نجم الدین آج اس وقت مر گیا ہی آو اوسکی جنازہ کی نماز پڑہ لین ہم اوسکی تہمت کی باعث سی دہلی سی چلی آئی تھی اور وہ بواسطہ غیرت پیران کبار اس جہان سی نکالا گیا بعد چند روز کی خبر پہونچی کہ جسوقت شیخ جلال الدین نی نماز پڑھی تھی اوسیوقت دہلی مین اوسکا انتقال ہوا تھا اور جو رنجش مابین شیخ جلال الدین اور شیخ بہاء الدین ذکریا رحمۃ اللہ علیہم کی ہو گئی تھی اوسکا ذکر درج ہو چکا ہی وہ بوقت سیاحی بروز ملاقات شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ باہم ہو گئی تھی

زان حسد دل را سیاہیہا رسد
آن کی بوجہل از محمد ننگ داشت
ای بسا اہل از حسد نااہل شد
ہان وہان ترک حسد کن با شہان
تا خدایت وارہاند زین جسد

خود حسد نقصان و عیب دیگرست
وز حسد خود را ببالا می فراشت
بادشاہان بین کہ لشکر می کشند
ورنہ ابلیسی شوی اندر جہان

چون کنی بر بی حسد مکر و حسد
بلکہ از جملہ کمینہا بدترست
بوالحکم نامش بد و بوجہل شد
از حسد خویشان خود را می کشند
از خدا میخواہ دفع این حسد

نقل ایک وزیر بادشاہ وقت نے کسی مسئلہ کی دریافت کرنیکی واسطہ شیخ جنید کو بلایا شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ بھی آپکی ساتھ گئی بادشاہ نی شیخ جنید سی ایسی گفتگو کی جو شیخ شبلی کو ناگوار معلوم ہوئی شیخ نی شیر بنکر اونکو ہلاک کرنا چاہا حضرت شیخ جنید نی جو اوسکی طرف دیکھا تو وہ پھر اصلی صورت پر

اگئی پھر بادشاہ نے بے ادبانہ گفتگو کی پھر شیخ علیہ الرحمت کو غصہ آیا اور پھر آپ شیخ نے غرض کہ تین دفعہ شیخ
شبلی شیر کی صورت بنے اور شیخ جنید نے اوسکو معدوم کر دیا آخر کار بادشاہ نے شیر کو دیکھ پایا اور خوف زدہ ہوکر
حضرت شیخ جنید کے قدوم میمنت لزوم پر اپنا سر رکھدیا شیخ جنید رح نے فرمایا کہ یہ بچہ ہے آپ اسکی بات کا
کچھ خیال نفرمائیے ہمکو بموجب حکم اَطِیعُوا اللّٰہَ وَاَطِیعُوا الرَّسُولَ وَاُولِی الاَمرِ مِنکُم کے اطاعت
منظور ہے الغرض بادشاہ نے بے ادبی اور گستاخی کا قصور معاف کرایا دوستان خدا اگرچہ بظاہر دلق پوش اور
بصورت گدا نظر آتے ہیں لیکن سلطنت ہفت اقلیم انکے سامنے ہیچ در ہیچ ہے بیش ایشان صد جہان ہیچون خس است
یک اشارت مرد دانا را بس ست   شیخ جنید قدس سرہ کو باوجودیکہ خدا تعالی نے وہ دولت و حشمت لا زوال
فقیری دی تھی کہ جسکے مقابلہ میں سلطنت روئے زمین کی کچھ حقیقت نہ تھی ؎ فقر لا یحتاج باشد از خدا
فقر حق ست و نہ حق از وی جدا باوجود اس فضل و کمال کے کیسے صابر اور متحمل اور راضی برضائے الٰہی تھے کہ
مطلق بادشاہ کی گفتگو سے حضرت کا مزاج متغیر نہوا پر دوستان خدا کی بے ادبی اور گستاخی کمال حماقت اور
بدنصیبی اور محرومی کی علامت ہے حضرت شیخ شبلی شیخ جنید کے مرید اور ہمشیرہ زادہ تھے اور چونکہ شبل بچہ شیر کو کہتے ہیں
جب یہ امر وقوع میں آیا آپ کا نام شبلی یعنی شیر والا ہو گیا اور بعضوں کا قول ہے کہ شیخ شبلی موضع شبلہ
علاقہ خراسان کے رہنے والے تھے اسلیے شبلی کہتے ہیں نقل ابو عبد اللہ محمد بلخی مکہ کے مجاور تھے اور مقام ابراہیم
صلوات اللہ علیہ کے مقام پر مقیم تھے ایکدن دوپہر کیوقت شیخ ابو محمد بن عبد اللہ بصری وہان آئے چار آدمی
اونکے ہمراہ تھے سب نے چند رکعت نماز پڑھی اور سات دفعہ بیت اللہ کا طواف کیا اور باب بنی شیبہ سے باہر آئے
ابو عبد اللہ اونکے پیچھے ہو گیا ایک نے انمیں سے منع کیا شیخ نے اوسکو باز رکھا پھر پانچوں شیخ کے پیچھے قدم بقدم کھڑے
ہوئے زمین طے ہونے لگی ناگاہ مدینہ میں پہونچے جناب رسالت مآب کی زیارت سے مشرف ہوئے نماز ظہر کی پڑھی
پھر شیخ اوسیطرح سبکے آگے کھڑے ہوئے اور سب ایک دوسرے کے پیچھے کھڑے ہوئے بیت المقدس میں پہونچے نماز عصر کی
وہان پڑھی اور وہان سے سد یاجوج ماجوج پر پہونچے نماز مغرب پڑھی وہان سے کوہ قاف پر پہونچے عشا
کی نماز پڑھی شیخ بلندی کوہ پر بیٹھے اور پانچوں اونکے گرد بیٹھے تھے کوہ سے بعض آدمی مہابت میں مانند شیر
اور ایسے نورانی آئے کہ نور اونکا شمس و قمر سے زیادہ تھا سب نے سلام کیا اور بادب بیٹھے اور بعض آدمی جو ہوا میں

کہ اطاعت کرو تم اللہ کی اور اطاعت کرو تم رسول کی اور صاحب امر کی اپنوں میں سے ۱۲

مانند برق کی درخشان تھی آئی اور گرد شیخ کی بیٹھ گئے اور عرض کیا کہ شیخ کچھ فرما دین شیخ نی فرمانا شروع کیا پس
گریہ وزاری اور شور و فغان کرنی لگی بعض کلمات استتیر ہو گیا تمام رات یہی حال رہا صبح کی نماز انکی ساتھ پڑھی
اور کوہ سی اتری ایک زمین مین نہایت لطیف و سفید و منور کہ جس جگہ قدم رکھتی تھی مشک کی خوشبو آتی تھی
بہت سی صورتین بشکل انسان نظر آئین کہ خدا تعالی کو نغمہ ہائے مختلف اور تسبیحات گوناگون سے یاد کرتی تھی
کہ کبھی ایسی نغمہ اور آوازین نہین سنی تھین اور تمام وجود اونکی ایسے منور تھی کہ نظر اون پر نہین ٹہرتی تھی او
واردات انس اور منازلات قدس مین ایسی مستغرق تھی کہ اگر کوئی اونکو دیکھیا اونکی تم سنی عجب نہین ہی کہ فرط
ہیبت سی ہلاک ہو جاوے شیخ ابو محمد قدس سرہ غایت وجد سی کبھی کہتی تھی کہ تیرا شوق القا قلق مین اور تیرا درد
فراق رنج مین گھٹاتا ہی اور کبھی خوف تیرا ہلاک کرتا ہی اور کبھی رجا تیری زندگی بخشتی ہی تیری محبت سے
حیران سرگردان ہون جب وہ پھر ہوا شیخ اوسی مقام پر آگئی جہان سی گئی تھی پھر وہان سے چلکر اوسی طرح ایک
شہر مین پہونچی کہ جس مین اشجار ثمردار بہت تھی میوہ جات لذیذ کھائی پانی لطیف پیا شیخ نی فرمایا کہ ایک ایک
سیب لو سب نے ایک ایک سیب لیا مگر جس نے ابو عبد اللہ محمد نجار رحمہ کو بوقت آنی کی منع کیا تھا اوسکا ہاتھ دراز ہو
شیخ نی فرمایا کہ یہ اوس بے ادبی کا ثمرہ ہی جو ابو عبد اللہ محمد کو منع کیا تھا پس وہ شخص نادم ہوا اور توبہ اور
استغفار کی شیخ نی فرمایا کہ بنا اس کام کی ادب ہی ادب نگاہ رکھنا چاہیے بعد اسکی شیخ نی فرمایا کہ یہ شہر
اولیاء اللہ کا ہی پھر وہان سے مکہ مین چلی آئی بعض مقبولان خدا اس قسم کی ہوتی کہ اونکو یہ بات پسند ہی کہ اپنی
برا کہنی والونکو اور بدگوئیون کو غنیمت سمجھتی تھی یہ کمال انکسار کا مرتبہ ہی **نقل** جناب مولانا فخر الدین رحمت اللہ علیہ
کو ایک شخص ہمیشہ گالیان دیا کرتا تھا جب آپکی سامنے آتا آپ ہر روز اوسکو کچھ فلوس دیا کرتی ایک روز اوسکی دل مین
خیال آیا کہ ایسی بزرگ کو برا کہنا اچھا نہین واقعی یہ صاحب کمال آدمی ہین اسنی پھر کہنا چھوڑ دیا آپنی
بھی اوسی روز سی فلوس دینی بند کر دی ایک روز اوسنی شکایت کی کہ حضرت آپ مجھسی ناراض کیون ہین اب تو
مین آپکا ہر طرح سی ارادتمند ہون وہ جو کچھ مجھکو عطا ہوتا تھا کیون بند ہو گیا فرمایا پہلی تم ہمکو کچھ دیا کرتی تھی
ہم تمکو کچھ دیا کرتی تھی نہ تم دیتی ہو نہ ہم دیتی ہین سبحان اللہ کیا شان انکسار تھی کہ گالیان دینی والی کو
ہر طرح نفع پہونچاتی تھی

ترک خشم و حرص و شہوت آدمی		ہست مردی و رہ پیغمبری

ایضاً ایک بار حضرت مولانا فخر الدین رحمت اللہ علیہ کا ایک ہندو سی گفتگو مین دل بدمزہ ہوگیا اوس نادان نے
اپنے ایک دکان مین جو آپکے خاص حجرہ کی قریب تھی ایک شراب کی دکان کھلوائی مریدون اور ارادتمندون نے چاہا کہ
ہم دکان شراب کی اوٹھا دین آپنی منع فرمایا اور کچھہ نکہنی دیا چند روز کی بعد وہ دوکاندار کچھہ نقصان مین آگیا اور
حضرت کی سامنی شاکی ہوا چونکہ آپکو ناگوار طبع ہوا ہوگا اس سبب سے میر انقصان ہوا آپنی فرمایا کہ ہمکو کچھہ ناگوار
نہین ہوا اور اگر تمکو یہی گمان ہی تو جسقدر نقصان ہوا ہی ہمسی لیلو اور اپنی پاس سے کچھہ روپیہ اوسکو دیا اور فرمایا کہ تم
ہرگز یہانسی دکان نہ چھوڑو اب خدا ایک نفع دیگا آخر ایسا ہی ہوا ہر چند اللہ جل شانہ کی قدرت کے تماشے ہین
بزرگان طریقت مین بھی اپنی نیرنگ شان کا ظہور رنگا رنگ صورت پر اوسنی رکھا ہی کسیکی طبیعت کسی طرح پر ہی کسیکا
مزاج کسی رنگ کا ہی۔ ہر گلے را رنگ و بوے دیگر ست بعضے ایسی مستغنی ہین کہ اونکو کسی بات کی پرواہ نہین بعض
ایسی نازک مزاج ہین کہ ذرا سی گستاخی سی ناراض ہوجاتے ہین نقل سید حسین خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین
ایک جماعت حاضر تھی اور فقیری کا ذکر ہورہا تھا ایک شخص بولا کہ فقیر وہ ہی جسکو کوئی کچھہ کہی گالیان دیں مار دو
کچھہ نکہی آپنی فرمایا یہ خواص گدھی مین بھی ہوتا ہی کوئی اوسکی لاٹھی مارے جوتی مارے جو چاہی کہی وہ کان نہین
ہلاتا یہ کیا فقیری ہی فقیر وہ ہی کہ نہ تلوار چلاوی نہ ہاتھ ہلاوی اور ایک عالم کا سر اوڑا دی حضرت علی احمد صابر
رحمت اللہ علیہ جب کلیر تشریف لائی مسجد مین جمعہ کی نماز کی لیے تشریف لیگئے وہ بسبب گستاخی باشندگان کلیر
ایسی ناراض ہوے کہ مسجد بھی اونکی دعا سی مسمار ہوگئی اور بہت سے آدمی ہلاک ہوگئے اور آجتک اون دعا کا یہ اثر باقی ہی کہ
وہ زمین جسمین خاص کلیر تھا ویران پڑی ہی اور یہ قصہ تو صاف تمام کتب بزرگان چشتیہ مین موجود ہی جسکا جی چاہی
دیکھے آپکا قلب اسرافیل علیہ السلام کی قلب پر تھا پس طالب کو لازم اور مناسب یہی ہی کہ ہمیشہ رضامندی حق
سی کری اور کسی غم و رنج کو پاس نہ آنی دی اور تفرید اور تجرید کا پابند اور توحید اور تسلیم و رضا کا بندہ بنا رہی اشعار

عاشقان جان و دل فدا کردند	ذکر او روز و شب غذا کردند	سگ دون همت استخوان جوید
بچه شیر مغز جان جوید	در طریقت مجرد و چالاک	داده بر باد آب و آتش و خاک
هر که را عالی ست همت او	هر دو عالم شده ست نعمت او	وانکه دون همت است همچون سگ
هست چون سنگ در زبان نهنگ	بر آستانه تسلیم سر بنه حافظ	که گر ستیزه کنی روزگار بستیزد

ای گشته بچوگان قضا همچو گوی
چپ می خور و راست خور و هیچ مگوی
آنکس که ترا افگند اندر تگ و پوی
او داند او داند او داند او

نقل ایکروز حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو راہ مین بارش ابر نی کچھ دقت دی ایک درخت کی سایہ مین آپ کھڑی ہوگئی اس عرصہ مین ایک روباہ کسی طرف سے دوڑتی آئی اور اپنی بھٹ مین داخل ہوئی اوسیوقت اونکی خیال مین آیا کاش ہمارے پاس بھی کوئی مکان ہوتا تو اسیطرح ہم بھی بہ آرام و آسایش اوسمین داخل ہو جاتے جب ذرا آگی بڑھی تو ایک مکان بہ تکلف نظر پڑا اور منادی نےعجب ندا اے روح اللہ یہ مکان موجود ہی اگر تمکو پسند ہو اسمین آرام کرو یہ تمھاری ہی ملک ہی گا اوسوقت آپ سوچی اور عرض کیا خداوندا مین اپنی حالت مین خوش ہون مجکو مکانکی کوئی ضرورت نہین ہے چونکہ خداوند کریم کو آپکا خانہ بدوش اور صاحب تفرید رکھنا منظور تھا ویسی ہی توفیق عطا کی اور اپنی رضا پر قانع و شاکر رکھا اور ساز و سامان دنیاوی کی خواہش و طلب سے بچایا

خوشا فردی کہ شد با ترک و تجرید
فنای مطلق اندر ترک خود دید
ہر دل کہ درو مایۂ تجرید کم ست
بیچارہ ہمہ عمر ندیم و ندم ست
جز خاطر فارغ کہ نشاطی دارد
باقی ہمہ ہر چہ ہست اسباب غم ست

اللہ تعالیٰ کی فضل پر ہمیشہ بھروسا رکھنا اور تمامی ہوا و ہوس کا ترک کرنا سرمایہ آسایش دارین ہے اشعار

چو عیسیٰ گر شوی در حق مجرد
شوی فارغ تو از ہر نیک و از بد
چو عیسیٰ زندہ میر و ذات حق بین
بجز حق تو بلا آیات حق بین
چو عیسیٰ گر شوی از جسم و جان پاک
بہ بینی ذات حق اندر عیان پاک

ذات بحت ہمیشہ اپنی شان پاک کی تجلیات دکھاتی ہی او طرح طرح کی وہ معاملہ پیش آتی ہین کہ عقل حیران اور دنگ رہجاتی ہی کبھی عزیزونکو ذلت خواری کی عام جہان مین شہرت دیتا ہی اور کبھی بیگانونکو یگانگی و یکتائی کی رنگ مین رنگتا ہی نہ کسی کی عالی خیالی اور خود رائی اوسکو پسند ہی نہ کیسیکی انکساری ہی سے اوسکی شان خدائی کچھ ترقی پاتی ہی دم کی دم مین کچھ سی کچھ کر دکھاتا ہی کبھی شان بعزی کی تجلی چمکاتا ہی اور کبھی مذلی کی تماشے دکھاتا ہی اشعار

قادر ست او بر وجود بیش و کم
صورت قہرش کند زیر و زبر
جنبش ہر ذرۂ عالم سوی اوست
یفعل اللہ ما یشا وصف خداست
جملہ را باشد فنا جف القلم
چون بدانی قدرت افعال او
قبلہ پیدا و پنہان سوی اوست
ہر چہ خواہد می کند او را رواست
پرتو لطفش پدید ار در صور
علت و آلت مگو افعال او
بے تغیر منعم و قہار اوست

بے تفاوت فاعل و مختار اوست	چون بدانستم کہ جبرت در رہ است	پس یقینم شد کہ خاموشی بہ است

حضرت سلیمان علیہ السلام صاحب تخت و تاج ایکروز ایک شہر مین وارد ہوے ایک ماہی گیر کی دختر نہایت بدصورت بدہیئت سیہ فام بدانداز کریہ منظر حضرت سلیمان کے دیکھنے کیواسطے دوڑی جاتی تھی لوگون نے اوسکی طرف بنظر حقارت دیکھکر یہ بات کہی کہ کیا سلیمان علیہ السلام تجھے اپنی بیوی بنالینگے جو تو بڑے شوق مین دوڑی جاتی ہے قدرت الٰہی سے انگشتری سلیمانی جسپر اسم اعظم لکھا تھا کسی نے کھودی اور تمام جن و انس جو مطیع تھے سب باغی ہوگئے اور سلیمان علیہ السلام سلطنت سے بیکار رہ گئے ادہر اودہر پھرتے رہے کوئی پرسان حال نہوا آخر اوسی ماہی گیر کے مکان پر پہونچے جسکی وہ لڑکی تھی اوسنے کچھ خاطر و مدارات کی اور اپنے گہر بکار اجرت رکھ لیا چندے وہان گذرا ہوا آخر اوس دختر سے انکا نکاح کردیا اور وہ اپنی بار دار ہوئی

اشعار

بے ریا پیش ترا چہ سگ چہ یقین	بے نیاز پیش ترا چہ کفر چہ دین
چہ مسلمان چہ گبر بر در او	چہ کنشت و چہ صومعہ بر او

پھر شان جمالی تجلی ہوئی ایکروز ایک مچھلی کی شکم سے وہ انگشتری برآمد ہوئی عورت نے تحفتاً در خیال کرکے دہو کر سلیمان علیہ السلام کے نذر کی اونھون نے شکر باریتعالی ادا کیا اور ہات مین پہنی اوسیوقت جن و دیو معہ تخت سلیمانی حاضر ہوے شان و شوکت شاہانہ کا جلسہ جماوہی سامان ہے سلطنت کا رنگ ہول کسے

گر در میخانہ گفتی رند بیخود بی سر و پاے	کز عمر خود شنید از بن سخن جیدہ کہ رسیدہ
از بن جام و مرجان ہیچ خبری نشد منکر	کہ ہو رہے سلیمانی ست ہر عہد ست عقیقے

ایضاً ایکبار حضرت سلیمان علیہ السلام کو ایک ضعیف العمر آدمی ملا سر پر اوسکے لکڑیونکا بوجہ تھا اور پریشان حال چلا جاتا تھا آپکو اوسکی ضعیف حالی پر رحم آیا فرمایا اے شخص تیرا کیا نام ہے اور تو اسقدر ضعیفی مین ایسی محنت شاقہ کیون کرتا ہے اوسنے عرض کیا حضرت میرا نام سلیمان ہے افلاس بدرجہ کمال ہے کوئی ذات بجز میری کی سوا میرا حامی و خبر گیران نہیں ہے ہر روز جنگل سے لکڑیان لاتا ہون بیچکر کہاتا ہون جبتک دم زندگی ہے جسطرح خالق عالم لکہتا ہے گذارونگا سلیمان علیہ السلام نے نظر رحم سے اوسکی طرف دیکھا اور سوچے کہ خدایا تیری شان بے نیازی کے قربان جائے ایک میرا سلیمان نام ہے کہ بہمہ جاہ و حشمت و شان و شوکت بادشاہ روے زمین ہون جن و انس میرے تابع ہین ہوا پر تخت چلتا ہے تمام روے زمین کی سیر کرتا ہون اور ایک اسکا سلیمان نام ہے کہ اس بیکسی و ناداری و ضعیفی و مفلسی مین لکڑیونکی بیچنے پر بسر اوقات کرتا ہے پھر لعل گران قیمت اپنے تاج سے توڑکر اوسکو حوالہ کیا اور فرمایا جا تمام

عمر کیواسطے تمکو یہ کافی ہے
کرم پیشہ کن کاو مراد ہمید
مراد ما کہ تو با حضرت خدا داری

اگر رحمت ز حق داری تمنا
باحسان تو ان کن وحشی بقید

تو ہم بر دیگران رحمے بفرما
بدہ مراد فقیران بلطف تا بدید

وہ بڈھا لعل لیکر چلا اور شوق مین بار بار اوسکو دیکھتا تھا ایک چیل اوڑ رہی تھی اوسنے جھپٹ کر وہ لعل اوسکی ہاتھ سے اوڑا لیا بوڈھا دست حسرت ملتا رہ گیا پھر سلیمان علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوکر ماجرا سنایا آپنے ایک لعل عطا کیا راہ مین ایک دریا حایل تھی بڈھا جب وسکی عبور کرنے لگا وہ لعل پانی مین گر گیا ناچار پھر لکڑیان بیچکر گذارا کرنی لگا پھر سلیمان علیہ السلام کا اتفاقاً اوسیطرف گذر ہوا پوچھا اب کیا مصیبت ہے عرض کیا بد قسمت ہون دوبار آپنے لعل دیا دونو بار اسیطرح جاتا رہا پھر آپنے ایک لعل اوسکو دیا راہ مین ایک سوار چار ملا اوسنے بزبردستی و جبر وہ لعل چھین لیا پھر حضرت سلیمان کو اطلاع ہوی آپنے فرمایا ہم مرضی حق سے ناچار ہین

اشعار

ایزد چو نخواست انچہ من خواستہ ام
کے گردد راست انچہ من خواستہ ام

گر جملہ صوابست کہ او خواستہ نیست
پس جملہ خطاست انچہ من خواستہ ام

جو منشا سرکار ہے وہی بہتر ہے پھر چندروز تنگ بڈھی کی اوسی ہیشہ پر گذری ایکدن بکمال یاس و نومیدی مناجات کرنے لگا کہ خداوندا تیرے سوا نہ کوئی دینے والا نہ دلانے والا نہ تیرے سوا کوئی غمخوار نہ یار چند بار حضرت سلیمان نے لعل عطا فرمائے اور جنکی قسمت کے تھے اونکو ہی مل گئے اگر تو اپنے خزانۂ غیب سے مجھے لعل عطا فرماوے تو کیا تعجب ہے الٰہی

آنکہ بدست تو بود شادی و غم
پیوستہ توئی صاحب احسان و کرم
چو عاجز رہانندہ دانم ترا
تو دانی حساب کم و بیش را
سرسبز بکن کشت مرادم یارب

کس نیست بغیر از تو برآرد ز غمم
تو گفتی ہر آن کس کہ در رنج و تاب
درین عاجزی چون نخوانم ترا
بے فضل تو آسان نشود مشکل من
تا گنج فراغت نشود حاصل من

دیدم ہمہ را و آزمودم ہمہ را
دعائی کند من کنم مستجاب
سپردم بتو مایۂ خویش را
آسودگی از رنج نیابد دل من

جب بڈھی نے مناجات ختم کی دریائے رحمت امڈا اب لکڑیان توڑنی جنگل کیطرف گیا ایک درخت پر چیل کا آشیانہ ملا اوسمین وہ لعل بھی تینون موجود پائے اپنے گھر بہ آرام تمام ڈالا اور امیر کبیر ہوگیا سلیمان علیہ السلام کو خبر ہوئی کہ وہ لکڑی والا بڑا دولتمند ہوگیا آپنے اوسکو بلا بھیجا اوسنے کہلا بھیجا کہ کوئی سواری میری واسطہ بھیجیے تب آؤنگا اب بے سواری چلنا محال ہے

آپنے متعجب ہوکر سواری بھیجی اور بلایا اوسکا حال مفصل سنا اور فرمایا سچ ہے کہ خدا تعالیٰ کی دی ہوئی کوئی کچھ نہیں لیسکتا اور سوچو کہ ہمنے اوسکو ذلیل سمجھا تھا دیکھو قدرت ایزدی نے ہمارے سامنے اپنے فضل و کرم سے کیا دولتمند اوسکو بنا دیا ؎

بادرد بساز تا دوائی یابی + از درد منال تا شفائی یابی + می باش بوقت بی نوائی شاکر + تا عاقبت الامر نوائی یابی

نقل ایک شخص جناب غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے خدام میں سے اسبات کا آرزومند تھا کہ مجکو کسی شہر کی خدمت پر مامور فرمایئے آپنے وعدہ فرمایا تھا کہ جب کوئی اہل خدمتی خالی ہوگی تجکو ضرور بھیجدینگے ایک مدت سے آرزو میں تمام ہوئی کوئی خدمت خالی نہوئی عرصہ دراز کے بعد اوسنے ایک روز اجازت چاہی کہ اہل و عیال کے سبب میں کچھ تجارتی مال فلان جزیرہ میں لیجانا چاہتا ہوں حکم ہوا لیجاؤ اور جلد آؤ وہ چلدیا جس روز وہ جہاز پر سوار ہوکر روانہ ہوا اوسیدن ایک قطب کے انتقال کی آپکو اطلاع ہوئی اور حکم شہنشاہ جہان پہونچا کہ اے غوث پاک قطب جلد تجویز کرکے وہان بھیجو حضرت غوث رضی اللہ عنہ نے چاہا کہ اپنے خادم کو حسب وعدہ قطب بناوین مگر پھر حکم پہونچا کہ ایک لمحہ کی دیر نہو اسیوقت کسی کو بھیجو اتفاقاً ایک نصرانی آپکے سامنے آگیا اوسپر آپنے نظر کی وہ مسلمان ہوا اور اسیوقت بنظر فیض غوثیہ قطب بنکر روانہ ہوا بعد چند روز کے وہ خادم واپس آیا آپنے ارشاد کیا کہ ہمنے بہت چاہا مگر مرضی سرکار سے ناچار رہے

؎ خدا ہرچہ خواہد کند بندہ باش + رضا پیش گیر و سر افگندہ باش + خدا پاک کی شان بے نیازی کے قربان جائیے بزرگان بارگاہی کو بھی طرح طرح کے معاملات ایسے دکھلائے کہ جس سے اونکو ہمیشہ عبرت ہوتی رہی عام کا تو کیا ذکر ہے

نقل ایکبار ایک شخص پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ مجکو فلان معاملہ کے بارہ میں آپسے کچھ دریافت کرنا ہے ارشاد ہوا کل کو آنا کل جواب دینگے اور آپکا یہ ارادہ تھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام جب کل کو وحی لاوینگے اونسے پوچھکر اسکا جواب دینگے قدرت الٰہی حضرت جبرئیل ایک ہفتہ تک تشریف نہ لائے آپکو سخت حیرت ہوئی جب کمال تاسف ہوا تو محبوب کا متفکر ہونا خدای پاک کو منظور نہوا اور ارشاد ہوا کہ ہمارے نام کو ترک کرکے تمنے وعدہ کرلیا یہ طریقہ سے بعید تھا جب ایسے مقبول اور محبوب سے یہ ارشاد ہے تو عام لوگوں کی کیا اصل ہے طالبوں کو چاہیے کہ ساکت اور صامت اوسکے فضل پر رہیں اور کسی بات میں اپنی طرف سے دم نہ ماریں اشعار

چون ندانی زمین و آسمان + بیش ازین زیر و بالا دم مزن + گر بگویندت که کن جان را فدا +
رو فدا کن جان خود را دم مزن + تا نمی دانی من و مارا که کیست + باش خاموش از من و ما دم مزن

گر تو زمرد درد داری ہمچو از درمان مگو   درد او را بہ ز درمان دان ز درمان دم مزن   کفر و ایمان را اہل کفر و ایمان کن رہا
باش مستغرق برون از کفر و ایمان دم مزن   قصۂ کوران بہ پیش مردم بینا مگو   پیش ازین بیش مبینا یا کوران دم مزن
وصل و ہجر انت الا وصف حال عاشقان   مغربی گر عاشقی از وصل و ہجران دم مزن   جب اونکی مرضی نہین تھی اونکی ہجر سے
بھروسا کیا جاتا ہی وہ بھی ایسی صورت سے پیش آتی ہین کہ عقل کو مجال دم زدن نہین ہتی نقل ایک بزرگ نہایت
مجاہدہ مین مصروف رہے ایکدن اونکو الہام ہوا کہ مانگو کیا مانگتے ہو اونکی سمجھ مین کچھ نہ آیا اور ایک زمانہ تک حیرت
مین پہونچ اور اونسے پوچھا کہ مین کیا طلب کرون اونھون نے فرمایا مین اس قابل نہین ہون جو تجکو صلاح دون یہان
فلان پہاڑ مین ایک درویش ہین تم اونسے صلاح کرو یہ اونکی پاس گئے اور اونسے جاکر دریافت کیا اونھون نے فرمایا کل کو
تم آنا ہم جواب دینگے دوسرے دن جو گئے تو اوسکے مکان مین شور و شیون کی آواز سنی پوچھا کیا ہے معلوم ہوا کہ وہ
درویش مر گئے اور کسی نے رات کیوقت قتل کر دیا دھڑ کہین پڑا ہے سر کہین پڑا ہے حاکم تک قصہ گیا حکم ہوا کہ یہ
بدمعاش تھا اسکے ہاتون مین رسی باندھکر شہر سے باہر پھینکدو تاکہ کتے اسکی نعش کو کھا جاوین یہ درویش
اس تماشے کو دیکھکر حیران ہوے کہ اس بزرگ کے ساتھ خدا نے کیا معاملہ کیا اور مجھسے اسنے کیون غلط وعدہ کیا
پھر سوچا کہ مردونکا وعدہ غلط نہین ہوتا اگر صاحب کمال ہین تو کچھ جواب ضرور دینگے آخر وہ سر بے تن بولا کہ ای
شخص ہمارے اوپر سرکاری نہایت مہربانی تھی عمر بھر تو ہم نے دقت و تکلیف مین گذاری بعد وفات یہ صورت
پیش آئی مردودیت و مقبولیت کا خدا خود عالم ہے

اشعار

اول قدم فقر بہ سر باختن است   سر از ہمہ اغیار بپرداختن است
چون باختہ شد سر و بپرداختہ شد سر   بے سر و سر کار دگر ساختن است
بجز رضا بقضائے خدا نمے شاید   بغیر صبر بوقت بلا نمے شاید
از آنچہ رفت قلم سر مکش وگرنہ بپا   برون ز دائرہ خط او گذر نمے شاید

تم ہمسے کیا پوچھتے ہو جو کچھ اودھر سے ارشاد ہوا تھا اوسکو قبول کرنا چاہیے
تھا ہمسے پوچھنا کیا ضرورت تھا الغرض بزرگ سر تراشیدہ نے ایسا جواب دیا کہ اور زیادہ حیرانی پیش آئی
اگر فقط الہام پر جو مانگنا تھا مانگ لیتا تو اسقدر پریشانی نہ پیش آتی

نظم

کس را بس پردہ قضا راہ نشد   در سر خدا ہیچکس آگاہ نشد
ہر کس ز سر قیاس چیزے گفتند   معلوم نگشت و قصہ کوتاہ نشد

پس سوائے ذات کسی کیطرف نظر امید نرکھے بغیر یاد خدا ہر نفس کہ میگذرد   ندامت ہمراز آن نفس نفس بہ نفس

صحبت حور نخواہم کہ بود عین قصور ٭ با خیال تو اگر با دگرے پردازم ٭ ایکروز غلام محمد ساکن کنجپورہ نے حضرت قبلہ و کعبہ کیخدمت مین عرض کیا کہ میرا ارادہ شاہ بھیک صاحب کو مزار کی زیارت کے واسطے مصمم ہی فرمایا حضرت خواجہ نقشبند کا قول ہی کہ

اے دل تو دم صحبت دانا بنشین ٭ با صدق و صفا ٭ یا با صنم لطیف و رعنا بنشین ٭ با حلم و حیا ٭
این ہر دو ترا اگر میسر نشود ٭ از طالع خویش ٭ اوقات مکن ضایع و تنہا بنشین ٭ با یاد خدا ٭

اور اگر محبت الٰہی نے جوش مارا ہی کہ ہر دم ولولہ شوق قیامت انگیز ہی تو کسی مرد خدا کی تلاش کرو اور اپنا مدعا دلی اوس سے چاہو ؎

در راہ نیاز ہر دلی را دریاب ٭ در کوی حضور مقبلے را دریاب ٭ صد کعبہ آب و گل بیکدل نرسد ٭ کعبہ چہ روی برو دلی را دریاب

مبتدی کیواسطے صحبت شیخ مفید تر ہی اور زیارت مزارات سے مبتدیکو کسی قسم کی تمیز یا نفع نہین ہوتی اور نفع ہونا بھی دور از عقل ہی صدہا آدمی زیارت مزار پر انوار سے مشرف ہوتے ہین مگر عدم مناسبت کی سبب کمالات باطنی اہل مزار سے قطعاً بے بہرہ و بے نصیب واپس آتے ہین جس طالب کا لطیفہ روح قوی ہووے اور عالم امر سے مناسبت تمام ہووے اوسکو زیارت مقابر مضایقہ نہین بلکہ زیارت اوسکے واسطے سود مند ہی کیونکہ مناسبت روحی سے اہل مزار کی برکات سے اقتباس انوار کریگا حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین چالیس دن تک حضرت علاء الدین غجدوانی رحمت اللہ کیخدمت مین رہا یہ بزرگ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند کے خلیفہ تھے مجھسے اور انسے چالیس روز اختلاط و ملاقات کا لطف رہا ایکدن کمال تصرف اور برکات خواجہ بزرگ کا ذکر آگیا فرمانے لگے حضرت خواجہ بزرگ کا قول ہی جیتی بلی مرے شیر سے بہتر ہی ؎

تا کے بزیارت مقابر ٭ عمرے گذرانی اے فسردہ ٭ یک گربہ زندہ پیش عارف ٭ بہتر ز ہزار شیر مردہ

اور حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار فرماتے ہین کہ حضرت خواجہ بزرگ فرمایا کرتے تھے کہ خدا سبحانہ تعالیٰ کا مجاور ہونا بہتر ہے مخلوق کی مجاور رہنے سے ؎ تو تا کے گور مردان را پرستی ٭ بگرد کار مردان گرد و رستی

اگر ادراک باطنی خدا تعالیٰ نصیب نہ ہووے تو بہتر ہے بے ادراک کوی لطف صحبت سے مزہ نہین دیتا اکابران طریقت کا ادراک خواہ اس عالم مین خواہ اوس عالم مین ہوین بقدر تصفیہ لطیفی ہوتا ہی اور جس طالب کا قلب مصفی اور مجلی ہی اوسکی طرف جب کوی مردان حق مین سے ذرا توجہ اور التفات فرماتا ہی تو موثر اور مدرک ہوتی ہی اور یہ بھی ہوتا ہی کہ طالب کی نسبت جس قسم کی ہوگی اگر اوسی قسم کی نسبت سے شیخ بھی التفات فرماویگا تو وہ محفوظ ہوگا

ورنہ بے لطفی ہوگی مثلاً ایک شخص صاحب ذوق وشوق ہو اوسکی طرف کوئی اہل توحید نظر التفات فرماوے تو وہ نسبت
ذوقی ہٹ جاویگی ترقی اور عروج نکریگی بلکہ بدمزگی اور بے لطفی طالب کو ہوگی ہان رنگ لا ویگی اور جب نسبت توحیدی
شیخ چندروز نظر افروز ہوگی پھر لطف دیگی۔ ایکروز میر عباس علی لدھیانوی کو ارشاد ہوا کہ قلندر صاحب قدس سرہ کے
مزار پر مراقب ہوکر بیٹھو وہ جب بیٹھے اور وہان سے واپس حاضر حضور ہوئے فرمایا کہو صاحب کیا کیفیت دیکھی عرض کیا
کہ قبلہ بیخودی طاری ہوئی اور پہلے کی نسبت بیکیفی زیادہ ہوگئی تب فرمایا نقل کہ بیجو باورہ جب اکبر بادشاہ کی محفل
مین اول روز آیا اور اوسنے گانا شروع کیا تو کسی بزم کو ارکین سلطنت سے لطف نہ آیا جب چندروز اوسکی گانیکی
مزہ سے کیف یاب ہوے تب سب محو ہونے لگے ایسا ہی قلندر صاحب کی نسبت کا حال ہے تم اس لطف کے
ابھی کیف یاب نہین تھے اسلیئے بے کیفی ظہور مین آئی ایسا ہی وجد کا حال ہے کہ ابتداے طلب مین وجد زیادہ ہوتا ہے
اور اوسط مین کم اور انتہا مین معدوم ایک شخص نے عرض کیا کہ شاہ سلیمان صاحب تونسوی رحمت اللہ علیہ کو
ابتداء عمر مین وجد زیادہ ہوتا تھا اور ضعیفی مین قطعی نہین ہوتا تھا اسکی کیا وجہ آپنے فرمایا کو یلہ جب تک اندر باہر
نہین دہکتا اوسمین چٹکنا اور دہوان دینا ہوتا ہے اور جب بالکل آگ ہو جاتا ہے تو پھر اوسپر چھائی ہونی شروع ہوتی ہے

از نارسیدہ نیست کہ صوفی کند خروش سیلاب چون بہ بحر رود میشود خموش از خموشی گوہر مقصود می آید بہ کف
ہیچ غواصی نکرد آنکس کہ بائین دم گذاشت تا صدف مہر خموشی نزند بر لب خویش آب حوصلہ اش گوہر غلطان نشود
نشان مردم کامل عیار خاموشی ست رسد چو نامہ باخر سخن تمام شود اَلْوَجْدُ فِی الْاَوَّلِ مَحْمُوْدٌ وَفِی
الْوَسَطِ مُسْتَحْسَنٌ وَفِی الْاٰخِرِ مَذْمُوْمٌ ٥ عمر با دوستی کہ او یکتاست یک دمش را ہزار سالہ بہاست
مردم از نیک نیک خو گردد یار اگر بد بود چو او گردد با بدان کم نشین کہ بد مانی
خو پذیرست نفس انسانی صحبت ابلہان چو دیگ تہی ست کز درون خالی از برون سہی ست
عنان بدست فرومایگان نشاید داد کہ در مصالح خود صرف می کنند ترا جو کچھ ہوتا ہے سب مبدا فیاض سے
ہوتا ہے ہان اکابر دین کی عظمت کے لیئے یہ واسطہ خداتعالی نے قرار دیا ہے اس سے بزرگون کی عظمت اور شان
معلوم ہوتی ہے اور طالب سمجھ جاتا ہے کہ یہ صاحب مزار اسوقت تک کہ سالہا سال گذر ہے اپنے اہل حاجت
نفع اور فیض رسانی پر آمادہ ہین لیکن انسان کو ہر کام مین امداد و اعانت خداتعالی سے ہی مانگنی چاہیے

بهر کار از بد خواهی از و خواه　　که بهتر زین نیابی هیچ درگاه　　بهر کاری خدا را یاد میدار
خدا را تا توئی از یاد مگذار　　کار خود را بخدا باز گذار　　که نمی بینم ازین بهتر کار

اکابران طریقت کو اگرچہ خدا تعالی نے سب طرح کی قوت و طاقت مقبولیت عطا فرمائی ہے لیکن سب تابع حکم سرکاری ہیں بے مرضی سرکار دم نہیں مارتے اور اپنی حاجت و مراد اور مدعا جو کچھ ہے سب جناب الہی سے مانگتے ہیں

ای تو از وی وقت حاجت او را خواه　　کو نماید بهر مرادت راه　　گر مریدی جز او مرادت نیست
وز جز او خواهی این ارادت نیست　　مرغ آن باغ صید این دانہ ست　　انچہ کردی طلب درین خانہ ست
هر چه اندر جهان او باشد　　یا خود او یا ازان او باشد

نقل نواح کلکتہ مین ایک بزرگ درویش کے زمین معافی دار تھی بندوبست کے وقت حاکم بندوبست نے اوس معافی کا ضبط کرنا چاہا آپنے بد دعا کی مر گیا دوسرا اوسکی بجا مقرر ہو کر آیا وہ بھی اسی آفت مین مبتلا ہوا اور مر گیا پھر تیسرا آیا وہ بھی نشانہ تیر بد دعا ہو کر جام نوش اجل ہوا چوتھا اور آیا ذرا ہوشیار تھا اوسنے لوگون سے یہ سبب حکام کے جلد مرنیکا پوچھا لوگون نے بیان کیا کہ فلان فقیر بد دعا کرتا ہے اس حاکم نے فقیر صاحب کو بلا کر تسلی و دلاسا دیکر کہا کہ بظاہر تعمیل حکم حاکم بالادست کرتا ہون اور ضبط کرتا ہون مگر یہ بھی مین وعدہ کرتا ہون کہ ضبطی سے چھوڑا کر زمین آپکے حوالہ کر دونگا شاہ صاحب خاموش ہو رہے اور اوسکے لیے بد دعا کی حاکم نے چند روز مین سند معافی منگا کر شاہ صاحب کی نذر کی اور اونسے کہا کہ لو صاحب یہ سند آگئی مگر تین آدمی کی جان کا مواخذہ کسکے ذمہ رہا شاہ صاحب کو تاسف ہوا اور بعد غور کامل سمجھے کہ فاعل مطلق کوئی اور ہی ہم کون جو کسیکو مار ڈالین اور ہماری کیا خطا ہمسے مواخذہ ہو وہان نظر ظاہر ہمسے غلطی ہوئی کہ ذرا سی قوت لا یموت کی غم کے لیے بد دعا متواتر کی گئی رازق مطلق کو خود ہمارا خیال تھا کیا ضرور تھی کہ یہ تہمت ہمنے اپنے ذمہ لی

فراموشت نکرد ایزد دران حال　　که بودی نطفه مدفون و مدهوش　　روانت داد و طبع و عقل و ادراک
جمال و نطق و رای و فکرت و هوش　　ده انگشت مرتب کرد بر کف　　دو بازویت مرتب ساخت بر دوش
کنون پنداری ای ناچیز همت　　که خواهد کردنت روزی فراموش　　صد هزاران کیمیا حق آفرید
کیمیائے ہمچو صبر آدم ندید　　هین توکل کن ملرزان پا و دست　　رزق تو بر تو ز تو عاشق ترست

پیغمبر کائنات مخبر موجودات صلعم کا شیوہ قدیمی یہی رہا کہ نہ کسیکو آپنے دست مبارک سے قتل کیا نہ کسی پر
شمشیر چلائی نہ کسیکی لیئے بددعا کی ؎ خدا ہرچہ خواہد کند بندہ باش رضا پیش گیر و سر افگندہ باش
ہرچہ رود بر سرم چون تو پسندی رواست بندہ چہ دعوی کند حکم خداوند راست اور حرص اور طمع دنیا بھی اچھی
نہیں نہ موم بات ہی لالچی ذلیل ہوتا ہی حضرت ابوالحسن خرقانی رحمت اللہ علیہ کا قول ہی جب تو دنیا کا طالب
ہی دنیا تجھہ پر غالب ہی جب تو دنیا ترک کرے تو اسپر غالب ہی ؎ در طمع زین سگان مزبلہ بوے
ای کم از گربہ دست روی و بشوے مور حرص از درون سینہ برآر زانکہ آن مور زود گردد مار
آز چون اژدہاست مردم خوار یا نداری تو از خودی را خوار رو از ہوس تا کہ مردان راہ حق
محراب طاعت از دل بے آرزو کنند کون و مکان بزیر نگین قناعت ست مور مرا بملک سلیمان چہ حاجت ست
ایک پیپل کا درخت تھا اوسکو ہندو لوگ پوجا کرتے تھے ایک متقی آدمی کو خیال آیا کہ اس درخت کو کاٹ
ڈالیے آدھی رات کیوقت کوہاڑی لیکر درخت کو کاٹنے کو مستعد ہوا اوسیوقت ایک خوبصورت عورت درخت سے
اوتری اور اوسنے کہا ای شخص ایک اشرفی روز تو مجھسے لے لیا کر اور اس درخت کو کاٹنے سے چھوڑ دے متقی صاحب
کو لالچ آگیا اور مان گئے اور ایک اشرفی لیکر اپنے گھر کو چلے گئے دوسرے دن اشرفی کی لالچ سے پھر آئے نہ عورت پائی
نہ اشرفی پائی پھر ارادہ کیا کہ اس درخت کو کاٹ ڈالون جب کوہاڑی اوٹھائی اوسیوقت درخت سے آواز
آئی ای حریص خبردار کوہاڑی نہ مارنا ورنہ تیرا سر ساتھ ہی قلم ہو ویگا اوسروز خدا کیواسطہ بہ نیت دفع کرنے
پرستش کی تو اوسکو کاٹنا چاہتا تھا اسلیئے ہمنے ایک اشرفی دیدی اور آج اشرفی کے لالچ سے تو کاٹنا
چاہتا ہی کسی بزرگ کا قول ہی کہ دنیا دریا ہی کنارہ اوسکا آخرت ہی اور کشتی اوسکی تقوی اور آدمی
سب مسافر ؎ **اشعار** گر باخردی تو حرص را بندہ مشو دریای طمع خام سر افگندہ مشو
چون آتش تیز باش آن آب روان چون خاک بھر باد پراگندہ مشو علاوہ تکلیفات امراض جسمانی کے بڑی
تکلیف اور بے چینی اور بے آرامی انسان کو خواہشات گوناگون کی وجہ سے ہوتی ہی جسقدر خواہشات زیادہ
اوسیقدر تکلیفات زیادہ ہوتی ہین دوستان خدا اسیواسطہ جد و جہد کرتے ہین اور اپنے تن من کو
ذہن کے سوا خدا اور کسی خواہش اور طلب ہی کیونکہ سوا یاد و بود خدا کی اور کسی بات مین آرام نہین ہے

سر پر بیر ناگت ہیون ہون سکھ ناہ — کیا سکھ ہر کے بھگت مین کیا سکھ سنتون ماہ — ناسکھ گھوڑی پالکی ناسکھ چھتر کی چھاون
کیا سکھ ہر کی بھگت مین کیا سکھ سنتون ماہہ

نقل سید کمال الدین حسن خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ ایک عارف بیباک اور کامل تھی ایک روز ایک امیرزادہ اونکی خدمت مین یہ نیت کر کے اپنے دلمین گیا کہ بزرگ آدمی ہین کوئی نصیحت کی بات سنونگا جسوقت حضرت کیخدمت مین پہونچا آپکو ازراہ باطن خودبخود اوسکی ارادۂ و نیت کا حال معلوم ہوگیا

بندگان خاص علام الغیوب — در میان جان جواسیس القلوب
در درون دل درآید چون خیال — پیش او مکشوف باشد سر حال
آنکہ واقف گشت بر اسرار ہو — سر مخلوقات چہ بود پیش او
اندر آئینہ چو بیند مرد عام — کہ بہ بیند پیر اندر خشت خام

آپنے اوسکو یہ نقل سنائی کہ ایک امیرزادہ ایک کہترانی پر عاشق ہوگیا ہر چند اوسنے اوسکی وصل کیواسطے چارہ جوئی کی مگر کوئی صورت ملاقات کی پیدا نہوئی تنگ دو کرتے کرتے اوسکو یہ معلوم ہوا عورت کا جو شوہر ہی اوسکو بھینس پالنی کا بڑا شوق ہی گویا بھینسون پر عاشق ہی جو کوئی بھینس خوبصورت فربہ اوسکو نظر آتی ہی اوسپر مبتلا ہوجاتا ہی بدریافت اس حال کے امیرزادہ ایک بھینس نہایت خوبصورت رنگدار موٹی تازی قیمتی لیکر اور ایک لنگوٹا باندھکر گوالونکی وضع بنا کر معہ بھینس اوسکی دروازہ آگی جابیٹھا اور اوس عورت کے خاوندنے جو بھینس کو دیکھا تو فریفتہ ہوگیا اور چارونطرف سے بکمال شوق اوسکو دیکھنے لگا کبھی تو بھینس کیطرف دیکھتا کبھی امیرزادہ کیطرف اور دلمین یہ کہتا کہ یہ کوئی غریب آدمی ہی معلوم ہوتا ہی اور بھینس بہت عمدہ اور بیش قیمت ہی اسکی پاس کہان سے آئی ہی آخرکار امیرزادہ سے پوچھا کہ تو کون ہی اور یہ بھینس کسکی ہی اوسنے کہا کہ بھینس میری ہی مجھے طریقہ صحبت عورت نہین آتا کوئی ایسا ہو جو اس بھینس کو لیلے اور مجھے سکھلادے اپنی بیوی کے پاس دوڑا گیا اور کہا کہ تو اوسکو سکھلادے تو یہ بھینس ہاتھ آجاویگی عورت نے خاوند کے کہنے کو مان لیا امیرزادہ سے بھینس لیکر اپنی گھر مین باندھ دی اور امیرزادہ کو اپنی گھر چھوڑکر چلا گیا اور تین روز تک وہ اوسکی گھر رہا اور پھر یہ کہا کہ اگر ایک مہینے تک رہون تب واقف ہون اس بات کو سنکر کہتری نے کہا کہ اتنے عرصہ تک یہ بات نہین ہوسکتی بھینس اوسکی واپس دیکر رخصت کردیا جب یہ نقل شاہ صاحب فرما چکے تو اوس امیرزادہ کی دل مین یہ خیال آیا کہ مین تو انکو مرد کامل سمجھکر نصیحت کی بات سننے کیواسطے آیا تھا انھون نے مجھے کیا فحش نقل سنائی

ہو انکی وضع و طریقہ بزرگی کی خلاف ہی چونکہ اہل عالم باطن کی گفتگو اور کلام انواع انواع کی اسرارات الٰہی اور گوناگون رموز و اشارات علم باطنی نامتناہی سی پر ہوتی ہین ہر کس و ناکس کی بخوبی سمجھ مین نہین آتی ہین اور اہل باطن کے کلام کو اہل باطن ہی خوب سمجھتا ہی اہل ظاہر اپنی فہم اور ادراک ظاہری کے موافق قیاس کرتے ہین اور اپنی خیالات کو دوڑاتے ہین کیونکہ جیسے گویائی اور شنوائی اور بینائی و علم و آگہی اہل باطن کو حاصل ہوتی ہی وہ اہل ظاہر کو نہین ہوتی نظم دل اگر دانا بود اندر کنارش یار ہست + چشم اگر بینا بود در ہر طرف دلدار ہست گوش اگر شنوا بود کی بشنود جز نام دوست + گر زبان گویا بود در ہر سخن اسرار ہست + اور جب کماحقہ بزرگان دین کی گفتگو اور کلام کی معنی اور مطلب بخوبی سمجھ مین نہین آتی تو بعض آدمی از راہ جہل و نادانی طعن اور اعتراض کرنے لگتے ہین اور یہ نہین سمجھتے کہ ہماری فہم کا قصور ہی نہ بزرگ کے فرمانے کا سو ایسا نہین چاہیے. بیان کاملین بیان حال و حضوری حق کا ہوتا ہی محض حکایت نہین ہوتا ع سخن اہل دل مگو کہ خطا است سخن شناس نئی دلبرا خطا اینجا است + جب نقل مذکورہ کا مطلب امیرزادہ کی سمجھ مین نہ آیا تو شاہ صاحب نے فرمایا کہ اگرچہ بظاہر یہ نقل فحش ہی مگر بباطن سمجھدار آدمی کیواسطہ ایک عمدہ نصیحت ہی اینی فرمایا کہ امیرزادہ جو عاشق کہتر انی تھا اوس سے مراد طالب عقبی سی ہی اور جسپر وہ عاشق تھا وہ اوسکا مدعای دلی اور منزل مقصود تھا اور کہتری شوہر اوسکی سی مراد طالب دنیا سے ہی اور اوسکی عورت سے مراد اوسکی آبرو سے ہی اور بھینس سے مراد دنیا سے ہی تو مطلب اصلی اس نقل کا یہ ہی کہ جو شخص طالب خدا یا طالب عقبی ہوتا ہی اوسکو دولت اور نعمت عقبی بھی حاصل ہوتی ہی اور دنیا بھی اوسکو چھوڑنا نہین چاہتی اور بلا طلب اوسکی پاس آتی ہی جیسے امیرزادہ کا حال ہوا کہ جو اوسکا مدعای دلی تھا وہ بھی حاصل ہو گیا اور بھینس بھی یعنی دنیا بھی اوسکی پاس رہگئی اور آبرو بھی بنی رہی اور کہتری جو محض طالب دنیا تھا دنیا بھی اوسکی ہاتھ نہ آئی اور آبرو بھی اوسکی نرہی دنیا مین آبرو اور عزت بھی ایک بیش بہا چیز ہی جو لوگ کہ خردمند اور عقیل ہوتے ہین وہ مال اور جان دیڈالتے ہین مگر آبرو کو نہین جانی دیتے ع مدہ بہر دو جہان آبروی خود زنہار

کہ این گوہر بہ ازین قدر و قیمتی دارد یک بار آبروی زرو کہ ریخت ریخت در برگ گل دو بارہ کہ آرد گلاب را

بربند سنگ بر شکم از فاقہ چون گہر لفروش خویش را و نگہدار آبرو + طالب دنیا کو دنیا مین سوای آبروی

اور زحمت اور ذلت اور خواری اور بربادی دین کی اور کچھ حاصل نہین ہوتا ہے

دنیا بزرگ باشد در دیدہ غلط بین ✤ اندک بچشم احول بسیار می نماید ✤ اسیر مال دنیا را ہیچ جز غم نمی بیند مقید را چہ سود از انکہ زنجیرش طلا باشد ✤ ندارد مال دنیا حاصلی غیر از پشیمانی ✤ صد افسوس دست تاسف دہیم ار گوہر ما زبس دنیا پرستی سفلہ کردار باب نعمت را ✤ ز چشم ار افتد آب نیسان از گہر گشتن ✤ در حقیقت مرد دنیادار کوری گفتنش مال و جاہش مایہ عجب و غروری بیش نیست ✤ پا منہ آنجا مگر بہر قضای حاجتی ✤ خانہ اہل دول جا ضروری بیش نیست زاہدی شد بخواب در نگری ✤ دید دنیا بصورت بکری ✤ گفت زاہد کہ تو بزینت و فر ✤ بکر چونی بکثرت شوہر گفت دنیا کہ با تو گویم راست ✤ کہ مرا ہر کہ مرد بود نخواست ✤ آنکہ نامرد بود خواست مرا ✤ این بکارت از ان بجا ماست دنیادار جو نشہ دولت اور ثروت اور ساز و سامان دنیوی سے غافل اور مدہوش خدا فراموش ہو کر خاکساران جہان کو بے سر و سامان سمجھکر نظر حقارت سے اونکی طرف دیکھتے ہین اور بعض از راہ کمال جہالت اور حماقت اور غفلت آرایش و پیرایش اور زیب و زینت اور شان و شوکت اور کر و فر ظاہری پر نازان ہو کر فقرا کی نسبت یون کہا کرتے ہین کہ فقیری مین سوا بے سر و سامانی اور صحرا نوردی اور تنہا نشینی اور گوشہ گزینی کے اور کیا حاصل ہے رباعی از مال بجود منال مغرور مشو ✤ در نشہ این شراب مسرور مشو در آمد و رفت این تفاوت نبود ✤ دل شاد از ین مباش رنجور مشو ✤ نہ اونکو پیٹ بھر کھانا ملتا ہے اور نہ عمدہ کپڑا ہاتھ آتا ہے نہ گھوڑا ہے نہ ہاتی ہے نہ پالکی ہے نہ محل ہے نہ مکان ہے عبث اپنی عمر کو ننگی بھوکی رہکر ضائع کرتے ہین اور ہم دولت دنیا کی بدولت عمدہ کھانا کھاتے ہین عمدہ لباس پہنتے ہین ہاتی گھوڑونپر اور رتھونپر چڑھی پھرتے ہین خوب عیش و آرام سے زندگی بسر کرتے ہین ایسے آدمی بڑے احمق ہین اور سر سے پانو تک حمق اور جہالت مین غرق ہین اور دولت اور حشمت فقرا سے بالکل ناواقف اور بے بہرہ ہین حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین حدیث دَوْلَۃُ الْاَغْنِیَاءِ فِی الدُّنْیَا لَا بَقَاءَ لَھَا وَ دَوْلَۃُ الْفُقَرَاءِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَا اٰخِرَ لَھَا حدیث لِلْجَنَّۃِ ثَمَانِیَۃُ اَبْوَابٍ سَبْعَۃٌ مِنْھَا لِلْفُقَرَاءِ وَ بَابٌ مِنْھَا لِلْاَغْنِیَاءِ وَ النَّارُ سَبْعَۃُ اَبْوَابٍ سِتَّۃٌ مِنْھَا مُحَرَّمَۃٌ عَلَی الْفُقَرَاءِ وَ صِلَتْ لِلْاَغْنِیَاءِ وَ بَابٌ مِنْھَا لِلْفُقَرَاءِ حدیث اَلْمَنَّانُ عَلَی الْفُقَرَاءِ مَلْعُوْنٌ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَ الْمَنَّانُ عَلَی الْوَالِدَیْہِ

واخوته بعید من الله بعید من الملائکة قریب من النار ولا یستجاب له دعوة ولا یقضی له حاجة ولا ینظر الله الیه فی الدنیا والآخرة حدیث طوبیٰ لمن کان فقیر فی الدنیا غنیا فی الآخرة ؏ مبین حقیر گدایان عشق را کین قوم شہان بے کمر و خسروان بے کلہ اند ٭ گیرم کہ سریر تاز بلور و نیم است ٭ ننگش داند ہر آنکہ او را چشم است آن مسند قاقم و سمور و سنجاب ٭ در دیدہ بوریا نشینان پشم است ٭ اگرچہ ہست بظاہر خراب درویشی ز وصل گنج بود کامیاب درویشی ٭ ترا ز دردسری آن جہان خلاص کند ٭ اگرچہ تلخ بود چون گلاب درویشی ترا بروز حساب این سخن شود معلوم ٭ کہ بود سلطنت بے حساب درویشی ٭ بشوے از دو جہان دست چون فقیر شوی کہ ہست دررہ فقر این وضوے درویشی ٭ ہمای فقر بہر کس نمی کند اقبال ٭ وگرنہ نیست سرِ بے ہوای درویشی دنیا دار جس دنیا پر ناز کرتے ہین اور مغرور ہوتے ہین وہ سب فانی اور خواب خیال ہی رباعی

این عمر کہ بے تاب بہ بینی آن را ٭ نقشے ست کہ برآب نہ بینی آن را ٭ دنیا خوابی ست و زندگانی در وی خوابیست کہ در خواب بہ بینی آن را ٭ اگرچہ شاہ را روی زمین زیر نگین باشد ٭ بدرگاہ فقیران بہر استمداد می آید ز ابراہیم ادہم پرس قدر ملک درویشی ٭ کہ طوفان دیدہ از آسایش ساحل خبر دارد ٭ جو دولت سرمدی اور نعمت ابدی خدای تعالی فقیر کو عطا فرماتا ہی بمقابلہ اوسکے دولت دنیا کی کیا حقیقت ہی مگر دنیا دارون کو وہ دولت اندھے پن سے نظر نہین آتی اگر اوس دولت کا ایک شمہ حال انکو معلوم ہوتا تو سلطنت روے زمین کو چھوڑ دیتے اور خاکسار دنکی خاک نشینی کو اورنگ نشینی سلطنت دارین سمجھکر اونکی فیض کا شانہ پر تمام عمر جبین سائی کرتے حق بات تو یہ ہی کہ اصل امیر اور بادشاہ وہی لوگ ہین جو سلطنت دنیاے دون پر پشت و پا مارتے ہین ؏ فقیری حسن بنے کی گویا کہ اونہی بادشاہی کی ہے جیسے ظل ہما کہتی ہین درویشونکا کمبل ہی ٭ مرد خدا شاہ بود زیر دلق ٭ مرد خدا گنج بود در خراب ٭ مرد خدا بحر بود بیکران ٭ مرد خدا قطرہ بود بی سحاب ٭ آن قصر کہ بر چرخ ہمے زد پہلو بر درگہ او شہان نہادندی رو ٭ دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختہ ٭ بنشستہ ہمی گفت کہ کوکو کوکو ٭ با گدایان در میکدہ ای سالک راہ بادب باش گر از سر خدا آگاہی ٭ بر در میکدہ رندان قلندر باشند ٭ کہ ستانند و دہند افسر شاہنشاہی ٭ اگر سلطنت فقر ببخشند اے دل کمترین ملک تو از ماہ بود تا ماہی ٭ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم در بارہ فضیلت فقرا فرماتے ہین ٭

حدیث اِنَّ اللّٰهَ نَظَرَاتٍ یَنظُرُ بِهَا اِلَی الفُقَرَاءِ کُلَّ یَومٍ خَمسَ مَرَّاتٍ فَیَغفِرُ لَهُم بِکُلِّ نَظرَۃٍ سَبعَ مَرَّاتٍ حدیث خَلَقَ الاَغنِیَاءَ مِن طِینِ الاَرضِ وَخَلَقَ الفُقَرَاءَ وَالاَولِیَاءَ مِن طِینِ الجَنَّةِ فَمَن اَرَادَ اَن یَکُونَ فِی عَهدِ اللّٰهِ فَلیُکرِمهُمُ اللّٰهَ دربارہ حیات بے ثبات دار ناپائیدار اور محبت اہل دنیا عمر خیام صاحب نے خوب فرمایا ہے دوش با عقل در سخن بیجوم کشف شد بر دلم مسائلے چند ٭ گفتم ای مایۂ ہمہ دانش اکرم الحق بتو سوالی چند ٭ چیست این زندگانی دنیا گفت خوابے است با خیالے چند ٭ گفت از وی چہ حاصل ست بگو ٭ گفت درد سر و بالی چند ٭ گفت این نفس کے شود رام گفت چون یافت گوشمالی چند ٭ گفتم اہل ستم چہ طائفہ اند ٭ گفت کرگس و ساگ و شغالی چند ٭ گفتم این بحث اہل دنیا چیست گفت بیہودہ قیل و قالی چند ٭ گفتم اہل زمانہ در چہ فن اند ٭ گفت در بند جمع مالی چند ٭ گفتمش چیست کدخدائی گفت ہفتہ عیشی و غصہ سالی چند ٭ گفتم اورا مثال دنیا چیست ٭ گفت زالی کشیدہ خالی چند ٭ گفتمش چیست گفتہ ہا خیام گفت بندست حسب حالی چند ٭ شادی مطلب کہ حاصل عمر دمیست ٭ ہر ذرہ ز خاک کیقبادی و جمیست ٭ احوال جہان و اصل این عمر کہ ہست خوابی و خیالی و فریبی و دمی ست ٭ این کہنہ رباط را کہ عالم نام ست ٭ آرام کہ ابلق صبح و شام ست بزمی ست کہ واماندہ صد جمشید ست ٭ قصریست کہ تکیہ گاہ صد بہرام ست ٭ دنیا دیدی ہر چہ دیدی ہیچ ست وان نیز کہ گفتی و شنیدی ہیچ ست سو سر آفاق دویدی ہیچ ست ٭ وان نیز کہ در خانہ خزیدی ہیچ ست بندی دہمت اگر بمن داری گوش ٭ از بہر خدا جامۂ تزویر مپوش ٭ عقبی ہمہ روز ہست دنیا یکدم ٭ از بہر دمی ملک ابد را مفروش جہانتک ممکن ہو حرص و طمع بخل و حسد کینہ غضب عجب جو باتین کہ شریعت اطہر مین مذموم اور ممنوع ہین سب سے سالک و طالب اجتناب کرے اور اپنے آپ کو ظاہری صورت آرائی و ریا سے بھی پاک رکھے ہیچ خود بین خدائے بین نشود ٭ ہیچ خود دیدہ مرد بین نشود ٭ گر تو مرد شریعت و دینی یک زمان دور شو ز خود بینی ٭ آز را مار دان کہ در عالم ٭ نشود جز بخاک سیر شکم ٭ ہست نفس حسد سو احرار گرگ یوسف درد فرشتہ خوار ٭ آن ہمہ خشم و ظلم و آز و ستم ٭ رود و دیو بند در لقاب غرور ٭ شہوت و خشم و آز و بخل و حسد کبر و کین تو از درون حسد ٭ ہفت در دوزخ اند در پردہ ٭ عاقلان نام شان چنین کردہ ٭ مرد گر ہفت این بنام ای بدبخت کے تواند ز ہفت انجا رست ٭ ایکبار ارشاد ہوا سہل بن عبد اللہ رحمت اللہ علیہ کا قول ہے بدبخت ہے

وہ شخص جسکو خدا علم دے اور توفیق عمل ندے اور توفیق عمل دے اور اخلاص نہ دے رباعی
از ساحت دل غبار کثرت رفتن ٭ خوشتر کہ بہرزہ در وحدت سفتن ٭ مغرور سخن مشو کہ توحید خدا
واحد دیدن بود نہ واحد گفتن ٭ یا مذہب اسلام کی پابندی کو ترک کرکے دوسرے طریقہ کے مین داخل
ہونا اور اوسکو آزادی سمجھنا یہ بھی بہت برا ہی ایک شخص پٹیالہ مین صبغت اللہ نام تھا اونھون نے
رنگین رام اپنا نام رکھا قشقہ کھینچا زنار باندھا اور کہا ٭ کافر عشقم مسلمانی مرا در کار نیست ٭ چند روز
اسیطرح گذرے اتفاقاً ایک بزرگ وہان گئے اونھون نے میان صبغت اللہ رنگین رام کو دیکھکر فرمایا استغفر اللہ
لاحول ولا تمنے یہ کیا کام کیا اسلام کی قید مین کیا نقصان پایا جو زنار کا پھندا گلے مین ڈالا ٭
سر بہ جہان بسی بنکو نام شدی ٭ از مذہب کفر سوے اسلام شدی ٭ آخر چہ خطا دیدی از اللہ و رسول ٭ برگشتہ مرید برہمن رام شدی
اسلام کی قید چھوڑنا اور کفر کی قید مین پڑنا کون سمجھ کی بات ہی جب ہر مذہب اور ہر ملت مین قید ضرور ہی ہے
اور جس بات کو اختیار کرو اوس اختیار کرنیکا نام قید ہی ہے سب افضل یہی ہی کہ اسلام کی قید مین ہے
اور ارادت و عقیدت سے موحد ہو توحید اسکا نام نہین کہ ارکان شریعت ترک کرکے موحد کہلاے
٭ قدم باید اندر طریقت نہ دم ٭ کہ اصلی ندارد دم بی قدم ٭ ایکبار ہم جب کوٹ پوتلے سے چلے تو راہ
مین ایک مندر ملا اور وہان ایک سادھو ملا بھجن گا رہا تھا ہمکو پسند آیا ٹھہر گئی پھر نماز پڑھی سادھو بولا میان صاحب
تم آزاد مشرب معلوم ہوتے ہو یہ نماز کی علت کیون لگا رکھی ہی ہمنے کہا ہمکو نماز کی علت لگی ہی تمکو
پوجا کی خالی دونون مین سے کوئی نہین ہی تم گھنٹہ ہلاتے ہو ہم تسبیح پھیرتے ہین
خط او را ہر کہ بر گردن بہ بست آزاد نیست ٭ خطہ گر خطبہ او سر کشد آباد نیست
نامہ تحقیق را بے مہر او عنوان نہ شد ٭ خانہ توحید را بے مہر او بنیاد نیست
رسائی نیست ہا سر منزل او کفر و ایمان را ٭ کہ کعبہ و دیر سنگ رہ بود گبر و مسلمان را
مے خوارہ بے خوش ست و خونخوارہ بجون ٭ کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ
منہ چشم خرد در ہر خس آخر ٭ رسول اللہ ترا رہبر بس آخر ٭ حدیث نفس و تن زرق ست تنہیر ٭ ز جان و دل رکاب مصطفی گیر
جہانتک ہو سکے انسان دلکو زنگ تعصب سے پاک کرے اور دل صاف و مجلی رکھی تا کہ انوار حق نظر آوین

نقل یوسف علیہ السلام کا ایک دوست مدت کے بعد ملنے کو آیا آپنے پوچھا کہو صاحب مدت کے بعد آئے ہمارے
واسطے کیا تحفہ لائے اونے جواب دیا آپکے لایق مجھے کوئی تحفہ نہین ملا ہان آپکو آپکی واسطہ تحفہ سمجھکر ایک
آئینہ رونما لایا ہون ؎ آئینہ اور دست ای روشنی ؛ تا چو بینی روی خود یادم کنی ؛ آئینہ برون کشید و از بغل
خوب آئینہ باشد مشتغل ؛ آئنہ دل چون کنی صافی و پاک ؛ نقش ہا بینی برون از آب و خاک ؛ دلکے آئینہ مین ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھلی ؛ ایک مرتبہ فرمایا اہل معرفت دو قسم کے ہین ایک تو وہ ہین کہ جو مشاہدہ
حق کا خلق مین ساتھ صفات اور صور تہاے رنگا رنگ کے کرتے ہین اور وہ ایسے مشاہدہ کرتے ہین
جیسے طلا کا مشاہدہ زیورہاے رنگا رنگ مین ہوتا ہی اور شکرتری کو شیرینی ہاے مختلفہ مین دیکھتے ہین
پنبہ کو پارچہ ہاے گونا گون مین پانی کو حباب مین ژالہ اور برف مین یا چوب کو صورتہاے مختلف مین
یا خاک کو آوندمین اور دوسرے وہ ہین جو مشاہدہ کرتے ہین حق کا خلق مین اور خلق کا حق مین یعنی ذات
کا صفات مین اور صفات کا ذات مین جیسے تخم درخت مین اور درخت تخم مین ایسی عارف کو صفائی مرجہ
اتم حاصل ہوتی ہی حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کا قول ہی مَا نَظَرْتُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ
فِیْہِ ؎ برگ درختان سبز در نظر ہوشیار ؛ ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار ؛ رخسار تو بے حجاب دیدن نتوان
دیدار تو بے نقاب دیدن نتوان ؛ مادام کہ در کمال اسراف بود ؛ چشمہ آفتاب دیدن نتوان
گر جہان صورت ست و معنی دوست ؛ در معنی نظر کنی ہمہ اوست ؛ حضرت ابو سعید خراز فرماتی ہین
اول مقام معرفت کا تحیر ہے بے نیازی کے ساتھ پھر سرور ہے وصل کے ساتھ پھر فنا ہی اطلاع
اور آگہی کے ساتھ پھر بقا ہی اس رتبہ سے بالا مخلوق مین کوئی نہین ہو سکتا اور جس شخص کے دل مین
معرفت نے قیام کیا وہ دونو جہان مین سوائے ذات حق کے نہ کچھ دیکھتا ہی نہ سنتا ہی نہ کسیکی طرف سوائے
اوسکے مشغول ہوتا ہی نقل ایک پادشاہ نے نقاشان چین اور مصوران روم کو بلوایا نقش و نگار
دکھانیکا حکم دیا ایک طرف نقاشان چین نے اپنی صنعت شروع کی اور دوسری جانب مصوران روم
اپنی اوستادی کرنے لگے رومیون نے صرف دیوار پر مصالحہ لگا کر ایسا مصفی و مجلی اوسکو بنایا کہ آئینہ
بن گیا اور چینیون نے ہزارہا نقش و نگار بنائے جب آ بین سے پردہ اوٹھا جو چینیون کا نقش و نگار تھا وہ

خودبخود سب وسمین دکھائی دینے لگا اور رومی مورد انعام فراوان ہوے گویا چینیون کو شہود نمود مین
رنگارنگ مین یعنی صفات مین کمال تھا اور رومیون کو معاینہ اور مشاہدہ ذات وصفات دونو کا نصیب
تھا معرفت کمال کی جڑ ہی جسکو خدا ایسا کا نصیب کرے زہی قسمت اور زہی مقدر لیکن معرفت کا حصول
محال در محال ہی قال اللہ تعالی وما قدروا اللہ حق قدرہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من عرف اللہ کل لسانہ وما عرفناک حق معرفتک حقیقت مین معرفت ورای قدر ورای ادراک
ہی لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک موجود ہی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ
عنہ سے سبحان من لا تجعلہ سبیلا الی معرفتہ الا بالعجز عن معرفتہ
لا عجب کیف ولا کیف این عرفہ ولا این لا یعرف الحق الا الحق آفتاب آفتاب سے
پہچانا جاتا ہی علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین عرفت ربی بربی ع عارف ومعروف معنی کیست
آنکہ خدارا شناسد خداست ٭ پروانہ چون در آتش افتاد سوخت خود را ٭ گویدانا الشمع من لہیب از زبان آتش
جسکو کیف حاصل ہوا وہی مستغرق معرفت ہوا حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتی ہین من عرف
اللہ تعالی عز وجل ہان عندہ ما سواہ اور فرماتے ہین نفس العارف میت بالاضافت
الی نفوس الخلق مطمئنت ساکنۃ الی وعد اللہ عز وجل نقل ایک روز حضرت عائشہ
صدیقہ رضی اللہ عنہا سرور کائنات کے پاس تشریف لائے اور آپ وسے وقت عرفان مین نور در نور و
ظہور در ظہور تھے جب حضرت عائشہ نے سلام کیا فرمایا من انت فقالت انا عائشہ قال من
عائشہ قالت بنت صدیق فقال من صدیق قالت رفیق محمد قال من محمد فسکت
وتحیرت اگر ہیچ جواب محمد کے حضرت عائشہ صدیقہ فرماتین رسول اللہ یہہ ہی جواب سنیے کہ من
اللہ وہو انا بلے انا بس اسکا نام ہی المعرفت نسیان الحق بالحق اور نسیان الحق علامت
کشف الحقیقت بالحق للحق ہی ہر چیز مین ہر شی مین ظہور ذات موجود ہی ہر شان وہر صفت مین
تجلی ذات جلوہ گر ہی ع اعیان حروف در صور مختلف اند ٭ لیکن ہمہ ذرات الف موتلف اند
از روے تعین ہمہ با خود غیر اند ٭ از روے حقیقت ہمہ عین الف اند ٭ در مذہب اہل کشف وارباب خرد

سارلست احد در ہمہ اجزای عدد ؛ زیرا کہ عدد گرچہ برونست زحد ؛ ہم صورت وہم مادہ او ہست احد
تحصیل وجود ہر عدد از احدست ؛ تحصیل مراتب احد از عدد ست ؛ عارف کہ ز فیض روح قدسش مددست
ربط حق و خلق اینچنین معتقدست ؛ حضرت ابو الحسن خرقانی کا ارشاد ہی کہ خدا تعالی اولیا کے دل مین
نور بینائی عطا فرماتا ہی پھر اوسپر اور بینائی دیتا ہی پھر بعد چندی اور بینائی دیتا ہی آخر ہمہ تن
بینائی خدا بنجاتا ہی حضرت خواجہ سری سقطی کا قول ہی کہ عالم کا راہ پنجگانہ نماز باجماعت اور
زکوة اگر مال ہو اور خواص کا راہ یہ ہی کہ تمام دنیا پر ٹھوکر ماری اور قطعًا دنیا کی طرف مشغول نہو
ملک خدا مین یار و آباد ہین تو ہم ہین ؛ تعمیر و جہان کی بنیاد ہین ہم ہین ؛ دیکھا پرکھ پرکھ کر آخر ٹرا
نظر سیر ؛ گر نقد ہین تو ہم ہین نقاد ہین تو ہم ہین ؛ ظہور ذات مین عارف اور غیر عارف یکسان ہین
اور نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡہِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ کا معاملہ سب کے ساتھ ہی اور حکم ہو معکم اینما کنتم قرب حق
کا ساتھ تمام مخلوق کے ہی مگر جو قرب عشق سے پیدا ہوتا ہی وہ محض اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہی
یہ قرب قرب خاص کہلاتا ہی عارف بیدار ہی اور تمامی خواب غفلت مین سرشار طالب کو خواب
غفلت سے بیدار ہونا چاہیئے اور دیدہ باطن کو کسی کامل کی نظر التفات سے کھولنا چاہیے
ایکبار ایک طالب نے حضرت قبلہ و کعبہ کی خدمت مین عرض کیا کہ فقرای ہنود مین مثل اہل اسلام
فیض ربانی کا سلسلہ جاری ہی یا نہین آپنے فرمایا کہ جو لطائف ستہ صوفیہ کرام اسلام مین ہین
وہی فقرای ہنود مین ہین اور ذات کا ظہور تمام جہان مین ایک حالت پر ہی آفتاب کی روشنی سے
کوئی جگہ خالی نہین ہوتی ابر کی بارش مین باغ اور ویرانہ برابر ہی ایک مرتبہ ایک بزرگ نے
ہمکو بتلایا کہ تم گیارہ سو بار یاحی یاقیوم پڑھکر مراقبہ کیا کرو مگر تمکو اجازت خاص ہی اور کسی پر ظاہر
نکرنا جب اسکا پڑھنا شروع کیا پڑھنے کے وقت ایک جو اپنے وجود کی سامنے موجود ہوتا تھا
اور اس ورد کو پڑھتے رہتے تھے اور اوسکو دیکھتے رہتے تھے ایک روز حضرت حبیب اللہ شاہ صاحب
رحمت اللہ علیہ سے اوسکا ذکر گیا اونھون نے فرمایا کہ ہمکو بھی اجازت دو جو اونکو بتلا دیا تو وہ صبغۃ خاص
اوسکی زائل ہوگئی یہ بات ظاہر ہی کہ ورد و ظائف ذکر شغل دعا تنا پڑھنا اجازت سے زیادہ

مفید ہی اور اجازت بھی دو قسم کی ہوتی ہی ایک اجازت عام ایک اجازت خاص جسکے لیئے طالب کو اجازت
عام حاصل ہی اگر اوسکو کسی اور کو بتاوی تو اوسکا اثر زائل نہین ہوتا اور جس چیز کی اجازت خاص ہو تو
دوسرے کے بتلا دینے مین وہ اثر نہین رہتا طالب کو چاہیئے کہ اگر کوئی بزرگ کسی خاص چیز کی اجازت
خاص دی تو وہ کسیکو نہ بتاوی اور اجازت دینی کی بھی کئی صورتین ہین اول یہ ہی کہ شیخ کامل از راہ
بطون یہ بات دریافت کرے کہ فلان ذکر یا شغل یا دعا اوسکو سودمند ہوگی اور کچھ ضرر اوسکے پڑھنے سے
اوسکو نہوگا یا شیخ کو از طرف حق حکم ہو وے کہ فلان طالب کو فلان چیز کی اجازت دو تو اوس صورت مین
دونون طرح اجازت دینا سودمند ہوتا ہی اور اس اجازت کو بظاہر شیخ دیتا ہی اور بباطن نگران حال
رہتا ہی اور از راہ باطن مدد سے مستفیض رکھتا ہی اس حالت مین نفع پر نفع نصیب ہوتا ہی اور کوئی ضرر
و نقصان عاید نہین ہوتا دوسری صورت یہ ہی کہ طالب بلا ارادہ شیخ کی اپنی طرف سے کسی چیز کی خواہش
کرے اوسکی اجازت دینا اگر شیخ اوسکے مناسب حال اور موافق مزاج سمجھے تو یہ بھی سودمند ہی اور تیسری
صورت یہ ہی کہ نہ شیخ کو از طرف حق اجازت ہو نہ شیخ کا ارادہ ورنی اجازت دینی کا ہوا اور طالب اپنے
ارادہ اور خواہش سے حصول اجازت کا اصرار کرے اور شیخ نہ مجبوری اجازت دیدی تو یہ اجازت کارگر
اور سودمند نہین ہوتی ایسی صورت مین نہ شیخ بطون سے استعانت کرتا ہی نہ اوسکا نگران حال رہتا ہی
ایسی اجازت سے بہرہ یابی اور فیض نہین ہوتا بلکہ احتمال نقصان ہوتا ہی چوتھے صورت یہ ہی کہ نہ تو اجازت
دینے والے کو اس بات کا علم ہی کہ اس چیز کا پڑھنا مفید ہوگا یا مضر پڑیگا اور نہ پڑھنے والے کو اسبات کی
تمیز ہے کہ اسکا پڑھنا کیسا ہی اور اجازت دیدی تو یہ اجازت اندھی تیر انداز کا تیر ہی اگر نشانہ پر لگ گیا
بہتر ورنہ خدا جانے کہان لگے سو طالبونکو نہ لی اجازت شیخ کامل کسی چیز کا پڑھنا اچھا ہی نہ اوسکا افشا کرنا
بہتر ہی جہانتک ممکن ہو ضبط اسرار مین ساعی رہین اور جو کچھ کرین با جازت شیخ کامل کرین ہر شخص
کی بتائی ہوئی چیز کا پڑھنا بھی اچھا نہین ہی انسان کو اللہ تعالی نے عقل عجیب جوہر عطا کیا ہی اور
انسان کو عجب چیز پیدا کیا ہی جس طرف کو یہ میل کرتا ہی اور جسکا تصور اور خیال دل مین بندہ جاتا ہی
اور پختہ ہو جاتا ہی تو زندگی تو درکنار بعد مرگ بھی وہ خیال نہین جاتا گویا عین اوسکا ہو جاتا ہی

دیکھو خواب میں جو خیال دکھائی دیتے ہیں اکثر وہی ہوتے ہیں جو دن کے خیالات ہوتے ہیں تو ایسے
ہی جو خیالات حق کی یاد و بود کے انسان کے دل میں پیدا ہو جاتے ہیں تو پھر کیونکر وہ لطف دینگے رباعی
گر در دل تو گل گذرد گل باشی + ور بلبل بیقرار بلبل باشی + تو جزوی و حق کل ست گر روزی چند + اندیشہ کل پیشہ کنی
کل باشی + مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں - آدمی زاد ہیولی و فطرت آمد صاف + از صفا
قابل ہمہ اوصاف + ہر صفت آکہ شود طالب + می شود بر نہاد او غالب + گر بجوئی فرشتہ از رو
زود گردد فرشتہ سیرت خوی + ور زند فعل دیو از وی سر + شود از فعل بد ز دیو بتر +
جہد کن جہد تا بعالم دل + ملکات ملک کنی حاصل + نساری عیان بجایہ ور بود + نشوی کارخانہ دود و دو +
از ہواہای نفس خود واکن + ہر صفت را بضد بدل او کن + گر بخیلی بجود کوش و کرم + بدل آن ناامشیہ ساز و ہم
ور حریصی بدادہ شو خرسند + جز قناعت شعار خود مپسند + نفس تو گر ز نطق یابد قوت + لب بہ بند از سخن بمہر سکوت
ور ز خامشی نصیب افتاد + بایدت لب بگفتگو بکشاد + گفت گوی کلید صدق و صواب + گر گزو دم بدیدہ در حجاب +
گر کند عقل و شرع حکم بسخن + تو بطبع ہوا خموش مکن + ور نباشد سخن فروشی خوش + رخت ساحل خموشی کش +
جہان تک امکان ہو انسان حق تعالی کیطرف رجوع کرے اور اثبات حق اور نفی غیر میں طبیعت
اور مداومت بہم پہنچاوے اور از روے ظاہر و باطن یقین واثق پیدا کرے کہ سوا ذات حق اور
کوئی موجود نہیں بلکہ سب خیالات فاسد اور باطل ہیں اور اس مرتبہ کو پہنچکر وصل کا لطف
حاصل کرے تمامی ہموم اور غموم سے نجات پاوے یہاں بھی خورم و شاد ہر غم سے آزاد و بسر کرے
بعد مرگ بھی بیخوف و خطر شادان و فرحان رہے ع سوی مرگ است خلق را آہنگ +
دم زدن گام روز و شب فرسنگ + از ثری تا باوج اثیر + ہمہ میرند شاہ و میر و فقیر +
ہستی حق زوال نپذیرد + آنکہ مرگ آفرید کے میرد + جز دو رنگی نشد ز مرگ ہلاک + مرد یکرنگ را ز مرگ چہ باک +
در جہانی کہ عقل و ایمان است + مردن جسم زادن جانست + دشمن جان تن است خاکش دہ + از کعبہ جو دل باکش دہ
اور اگر اس عالم میں یہ صفت انسان میں پیدا نہوئی اور خیالات نفسانی و لذات انسانی میں
مقید رہا تو سوائے زحمت و حیرانی اور پریشانی کے کیا نتیجہ ہوگا یہاں بھی پریشان رہا اور بعد

مرگ بہی مبتلا ر آلام ہو جس خیال میں انسان ہوتا ہی اوسمین استغراق رہتا ہے * بیت

مپندار انیکه مهرت ز دل عاشق رود هرگز ‌ ‌ ‌ چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد
چو بعد از مرگ من بینی گیاه بر گور من رشته ‌ ‌ ‌ نوشته نام تو جانان بهر برگ گیاه خیزد *

نقل ہے ایک بہروپیہ نے کسی امیر سے یہہ وعدہ کیا کہ جب مین دہوکا کہاونگا تو سونے کے کڑے اور دوشالہ مجکو انعام دونگا بہروپیہ نے اس لالچ مین طرح طرح کے کرتب کہاؤ مگر دہوکے مین امیر نہ آیا اور بہروپیہ ناکام رہا بیت مردان باشد که باشد شه شناس * ناشناشد شاہ در ہر لباس * ناچار بہروپیہ نے ایک جوگی سے کپالی چڑہانا سیکہا اور شہر سے باہر ایک کٹی بنالی اور اس خیال سے اپنی کٹی کے چار طرف سے دروازہ بند کرادی کہ جب میری درویشی کی شہرت ہوگی اور یہہ امیر ہی مجکو دیکہنے آویگا تو دہوکا کہا کر انعام دیگا خدا کی قدرت امیر نے کچہہ اسطرف توجہ نکی اور شہر گردش فلکی سے ویران ہوگیا سو دوسو برس کے بعد جب پہر وہ شہر آباد ہوا اور کسی شخص نے اوس کٹی کو ڈہایا تو بہروپیہ اوسکے اندر سے برآمد ہوا نہ زندہ معلوم ہوتا تہا نہ مردہ خلقت کا ہجوم ہوا ایک جوگی ہی وہان آگیا اوسنے پہچانا کہ یہہ مردہ نہین ہے کپالی چڑہائی ہوئی ہے اوسنے اپنی قاعدہ کے موافق اوسکی روح اوتاری وروہ ہوش مین آیا ہوش مین آتے ہی غل مچایا کہ لاؤ کڑی کی جوڑی اور میرا دوشالہ لوگ حیران ہوئے سب نے پوچہا تب اوسنے قصہ بیان کیا داناؤن کو حیرت ہوئی تجربہ کارون نے سمجہا بیت حشر تو صورت اعمال تست * انچه ورزیدی نیک و بد احوال تست پس جو متوجہ ذات حق ہین اونکو بہی بعد مرگ وہی دہیان ور وہی خیال رہیگا جو یہان تہا اور کوئی طاعت عبادت ذکر شغل اس سے بہتر نہین ہے کہ انسان متوجہ الی اللہ ہو ورنہ بغیر اسکے سب طاعت رایگان اور بے سود ہے بیت درخلوت دل تا نبود الفت توحید * حق راتون یافت بہ بن قیام و قعود ہر کس نہ دار دہجہان مہر تو در دل * بیجا که بود طاعت و صنایع و باطل * **نقل امام محمد غزالی** رحمت اللہ علیہ کے بہائی امام صاحب کے پیچہے کبہی نماز نہین پڑہتے تہے ایکدن امام صاحب نے اپنی والدہ سے شکایت کی والدہ نے اونکو سمجہایا اور نماز مین امام صاحب کے پیچہے کہڑا کرایا جب ایک رکعت پڑہکر فارغ

ہوی تو نیت توڑ کر علحدہ ہو گئی امام صاحب کو اور زیادہ رنج ہوا اور والدہ سے شکایت کی اونہون
نے حضرت احمد غزالی سے سبب پوچھا کہ تم نے کیون نیت توڑی اور کیون علحدہ ہوگئے عرض کیا
کہ بہائی صاحب نماز مین حیض و نفاس کے مسائل کیطرف متوجہ تہے اور متوجہ الی اللہ نہ تہے اسلیے مین نے نیت
توڑ دی - **نظم** قبلہ چون یافتی دستی برآر + دست خود یعنی ز دون حق بدار + گر تو بر درگوی طاعت از تکلف +
ہم زنجیر خویش خم زن چون فلک + اختیار خود برون کن از وجود + تا بیابی نقد اسرار وجود +
چون برآوردی سر از سر بہر کار + سہو خود را سجدہ سہو بیار + دولت ہر دو جہانت دادہ اند +
سبح نوبت بہر آنت دادہ اند + والدہ نے فرمایا سبحان اللہ ان پر طعن کرتے ہو تم انکے قلب
کیطرف متوجہ تہے تمکو بہی متوجہی الی اللہ حاصل نہ تہی دونون سے عبادت خالص نہین ہوئی اور
مامنی موجود ہے اور مامنی مذموم ترین بات ہے ؎ تا توی از خدا نہ یابی بو + خود نمائی خدا نماید رو +
قرب حق دوری تست از بود خویش + بے زبان خود نمائی سود خویش + **نقل سید حسن رسول نما**
ایکروز سید صاحب رحمۃ اللہ کی زوجہ نے آپ سے کہا کہ مجھے سرور کائنات کی زیارت کرا دو فرمایا عمدہ
صورت سے بناؤ سنگار کرو غسل کرو پاک طاہر ہو زوجہ نے تعمیل ارشاد کی اس عرصہ مین زوجہ
کے بہائی تشریف لائے سید صاحب نے اونسے ظریفانہ طور پر فرمایا آج تمہاری ہمشیرہ نے عالم ضعیفی
مین کیا بناؤ سنگار کیا ہے بہائی نے بہن سے کہا یہہ کیا ہر وقت ہے اس عمر مین اور یہہ سامان اونہون نے
سنکر اور ناراض ہو کر کپڑے چاک کر ڈالے اور سب سامان دور کیا اور غم اور غصہ کی حالت مین لیٹ
رہین اوسوقت زیارت سے مشرف ہوئی اور خوش ہو کر فرمانے لگین یہہ کیا اسرار تہا آپنے ارشاد
فرمایا کہ پہلے تم ہمکو حقیر جانتی تہین اور خودی اور خودنمائی کی بو تم مین باقی تہی آج اس ترکیب سے
خودی دور ہوئی اور یہہ رتبہ تمکو نصیب ہوا دنیا مین خودی سب سے بات تو زیادہ بری ہے ؎
تا خود نکند فانی صوفی نشود صافی + اثبات بجو و کردم از نفی خود الا را + دل چو خالی شد از خیال خودی +
حرم خاص کبریا باشد + گر بادشہ ہمہ جہانی ہیچی + در عالم و فاضل زمانی ہیچی + حضرت علی کرم اللہ
وجہہ کی خدمت مین ایک شخص مکان کا قبالہ لکہوانے کو آیا آپکی نظر مین چونکہ دنیا اور مال متاع دنیا

شیوہ یہہ ہے کہ جو بات ممکن معلوم ہوتی ہے اوسکی طلب مین ارادہ کرتے ہین اور جسکو محالات سے سمجھتے ہین اوسکے وقت کے منتظر رہتے ہین اور اگر وقت طلب ہے تو مانگتے ہین ورنہ متوقع لفضل بیٹھے رہتے ہین یہہ اولیا ہین اور منزہ وہ ہی کہ اونکو استعجال کیطرف توجہ ہے نہ احتیاط کی پروا ہے وہ عاشقان درگاہ اور واصلان بارگاہ ہین اور حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہین آدمی چار قسم کی ہوتے ہین ایک کہ جو نہ ایسی زبان کہتی ہین کہ جس سے حکمت اور نصیحت کی باتین کرین اور نہ ایسا دل رکھتے ہین کہ جو لائق علم اور معرفت اسرار الٰہی کی ہو یہہ عوام الناس مین اور یہہ غافل اور ناآزمودہ کار راہ بے دانشی و بے تمیزی و جہالت کہلاتی ہین دوسری وہ کہ اون کی زبان ہی اور دل نہین یعنی اوروں کو پند اور نصیحت کی باتین سناتے ہین اور خود دل عمل نہین کرتے یہہ بھی نادان ہین تیسری وہ جو دل رکھتے ہین اور زبان نہین رکھتے اون کا دل انوار علم اور معرفت سے روشن ہی لیکن اوسکو بیان نہین کرتے یہہ مومن ہین خدا تعالیٰ ان کو چھپائے رکھتا ہے چوتھے وہ جو قلب اور زبان دونوں رکھتے ہین یہہ عالم باللہ کہلاتے ہین اور رسالہ غوثیہ مین ہے قال یا غوث الاعظم جعلت فی النفس طریق الزاھدین وجعلت فی القلب طریق العارفین وجعلت فی الروح طریق العاشقین وجعلت فی السر محل الاسرار زاہد تزکیہ نفس مین کوشش کرتے ہین بدن کو حدث اور نجاست سے محفوظ زبان کو غیبت اور فحش اور دروغ گوئی سے پاک رکھتے ہین عارف تصفیہ دل مین کوشش کرتے ہین باطن کو صفات مذمومہ حسد و کبر و کینہ و غل و غش و بغض سے پاک رکھتے ہین اور جملہ حرکات اور سکنات خلق کو خالق کی طرف سے جانتے ہین واللہ خلقکم وما تعملون عاشق تجلیہ روح مین سعی کرتے ہین اپنی روح کو محبت غیر سے خالی اور باطن کو مودت اغیار سے پاک اور صاف کرین اور روح انکی ذوق شوق و اشتیاق دیدار مین رہتی ہے خطاب یحبہم و یحبونہ سے برخوردار ہوتے ہین الانسان سری و انا

سرہ شعر

نقل پیران کلیر مین سماع ہو رہا تہا اور بعض آدمی حال کہیل رہی تہی ایک بزرگ رسول شاہی طریقہ کے معہ اپنے چند مریدون کے موجود تہے ہم بہی تہے ایک مرید نے پیر سے پوچہا کہ یہہ لوگ جو کودتے پہاندتے ہین کیا کرتے ہین پیر نے جواب دیا کہ یہہ اپنے بزرگون کی نقل اوتارتے ہین اوسنے کہا کہ مین بہی نقل اوتارون وانہون نے کہا کہ اگر تیرا دل چاہتا ہی تو تو بہی نقل اوتار غرض وہ بہی کودکر اون مین جا ملا اور اسی طرح کودنے پہاندنے لگا اتفاق سے اوسی وقت ایک شخص شیرینی تقسیم کرنے کو لایا وہ مرید اوسی حالت مین مجلس سے نکلکر شیرینی تقسیم کرنیوالے سے کہنے لگا کہ میرا حصہ رکہنا یہہ کہکر پہر مجلس مین شامل ہو گیا اصل مین جسکو کہتے ہین وسکا وارد ہونا اور چیز ہی صدہا مین سے کسی پر ہوتا ہی اور نقل وتارنے کو بہی لیاقت چاہی نقل اوتارے تو ایسی اوتارے کہ اصل کی مطابق ہو جاوے **نقل** کسی بادشاہ نے نقالون کو یہہ حکم دیا کہ دن کو شیر کی نقل مطابق اصل بناؤ نقالون کو تردد ہوا نقالون مین ایک شخص جو ڈہولک بجایا کرتا تہا مرد کامل تہا اور نقالونکو اونکی حالات و کمالات باطنی کی کچہہ خبر نہ تہی اپنا حال چہپانے کیواسطے اس پیرایہ مین رہتا تہا اوسنے نقالون سے کہا کہ تم کچہہ فکر مت کرو خدا کارساز ہی کل کو دیکہا جاویگا جب اگلے دن سب بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوے اور شیر کی نقل کا موقع آیا اوس ڈہولک بجانیوالے نے کہا کہ میرے اوپر چادر ڈالدو چادر ڈالتے ہی اوسکے اندر سے وہ شخص بعینہ شیر غران بنکر نکلا اور شیر کی طرح دوڑنے لگا حاضرین محفل پر اوسکی ہیبت چہاگئی بادشاہ کا بیٹا بہی وس محفل مین موجود تہا اوسکو ایک ایسا تہپڑ مارا کہ وہ مر گیا بادشاہ کو بڑا رنج ہوا وزیر نے بادشاہ کی تسلی کی اور کہا کہ یہہ کوئی مرد بزرگ ہے اب حضرت عیسی علیہ السلام کی نقل کا حکم دیجیے چنانچہ بادشاہ نے حکم دیا کہ عیسی علیہ السلام ہو وہی ڈہولک والا کوٹہری مین گیا اور ایک پیر مرد بزرگ صورت عمامہ سبز سر پر اور عصا ہاتہہ مین لیکر برآمد ہوا اور قم باذن اللہ پڑہکر کہکر شہزادہ پر ہاتہہ پہیرا شہزادہ زندہ ہو گیا ؎ نازم برین کہ کار مسیحا نمودہ ؎ آب بقا روی تو بہین مست استخوان ؎ **نقل** ایک دن ایک شخص نے عرض کیا کہ حصول معرفت و وصول الی اللہ کو کیا مراد ہے آپنے فرمایا کہ ہمکو ایک نقل یاد آئی تم اس نقل سے اپنے سوال کا جواب سمجہہ لو۔ ایک راستے مین دو مرد

گنگا کے کنارہ بہت سامان و اسباب جمع کرایا اور ایک کشتی اچھی طرح آراستہ و پیراستہ کرکے ایک گہڑا
سر بمہر اوسکی اندر رکھکر منجدہار مین چھوڑ دیا اور عام حکم دیدیا کہ جسکا دل چاہے اسکو لوٹ لو جو
آدمی تو مال و اسباب کو جو کنارہ پر تہا لوٹنے لگے اور کچھہ آدمی یہہ سمجھہ کر کہ گہڑی ہی کے اندر جواہر ہے
بہا ہون گے دریا کے اندر کود پڑے کوئی ڈوب گیا کوئی تہک کر رہ گیا کوئی موج دریا کی تاب نہ لا سکا
قطعہ بعض بعضی غرقہ دریا شدند + بعض بعضی غرق نا پیدا شدند + بعض بعضی سخت و رنجور آمدند +
بعض پس ماندند و رنجور آمدند + بعض بعضی در عجائب ہای راہ + باز ایستادند ہم بر جای گاہ + آخر الامر
از میان آن سپاہ + کم کسی برد تا آن منزلگاہ + زان ہمہ مرغ اندکی آنجا رسید + از ہزاران کس یکے آنجا رسید +
منجملہ اونکے دو چار آدمی ہاتہہ پانون مارکر کشتی تک پہونچے اور گہڑا اونکے ہاتہہ آیا جب وسکو کہولا تو
خالی پایا وصول دریا سے مراد دریای حقیقت ذات حقتعالی ہے اور گہڑی سے مراد حصول معرفت ذات
اور دریای مین کودنیوالے طالبان معرفت صاحبان جد و جہد اور خالی ہونا گہڑی کا مراد عدم دریافت
حقیقت دریا شیخ فریدالدین عطار قدس اللہ سرہ کس ندارد از حقیقت آگہی + جملہ می میرند با دست تہی +
صاحبان جد و جہد سے بہی ہزارون مین سے کوئی اس مرتبہ تک پہونچتا ہے ع اندر رہ عشق سر سری
نتوان رفت + بے دیدہ رہ قلندری نتوان رفت + خواہی کہ تو از کفر بنالی ایمان + بند زود بلا بسپری
نتوان رفت + جیسے انبیا علیہم السلام اور اولیای کرام نے معرفت الہی کو ایک دولت و نعمت عظمی مثل سبوی
سر بستہ کی سمجہکر اوسکے حصول مین بہت دوڑ کی اور مرتبہ حصول معرفت تک پہونچے مگر دریافت کنہ و حقیقت اصلی
مین سب حیران و سرگردان رہے سنائی قدس سرہ فرماتے ہین نظم انبیا زین حدیث سرگردان +
اولیا زین صفات ہا حیران + ذات را نیست رہ ادراک + عقل را جان و دل دران رہ خاک + عقل کانجا
رسید سر بنہد + مرغ کانجا رسید پر بنہد + پاک زانہا کہ عاقلان گفتند + پاک زانکہ عاقلان گفتند +
ذات او زیر فہم منکو نیست + ہر کجا وہم خاطر است و نیست + وہم خاطر آفریدۂ اوست + آدم و عقل
نو رسیدہ اوست + ذات او فارغ است ز چونی + از زشتی نکو درون بے رونی + دانہ اعمی کہ
مادری دارد + لیک چون بے بو ہستم تا در آنچہ نزد تو پیش ازان رہ نیست + غایت وہم تست اللہ نیست +

جو عارفان کامل و حق شناسان اصل ایسے ہوئے ہین کہ جن پر اسرار لَا اَنَا اَنتَ وَلَا اَنتَ غَیرِی ترجمہ نہین ہون مین تو اور نہ تو غیر میرا - اور فَاَینَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجہُ اللّٰہِ - ترجمہ پس جدہر ہو تم پس وہان مونہہ ہی اللہ کا - اور وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیءٍ مُحِیطٌ منکشف ہوا ہی اور رمز مَن عَرَفَ نَفسَہٗ فَقَد عَرَفَ رَبَّہٗ اور مَا رَاَیتُ شَیئًا اِلَّا رَاَیتُ اللّٰہَ فِیہِ ترجمہ نہین دیکہا مین نے کسی شی کو مگر دیکہا مین نے اللہ کو اوسمین - اور مَن رَاٰنِی فَقَد رَاَی الحَقَّ سے واقف ہوکر بحالت سکر سبحانی ما اعظم شانی یا انا الحق یا اسکے سوا اور کچہہ فرمایا ہی اور اپنی دانست مین نہایت در نہایت غایت در غایت مرتبہ حصول معرفت کو پہونچے ہین وہ بہی کنہ حقیقت مین معترف بعجز و قصور ہین سالار انبیا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لَا تَتَفَکَّرُوا فِی ذَاتِہٖ - وَمَا عَرَفنَاکَ حَقَّ مَعرِفَتِکَ - اور جو ہمہ تن دید ہوکر جمال باکمال حق عز وجل سے مشرف ہوئے یا ہوتے ہین تو کسی نہ کسی صفت یا حجاب کے ساتہہ ہوتے ہین نہ بے صفتی اور بے نشانی کے ساتہہ کیونکہ بے صفتی اور بے نشانی مین نہ دید ہے نہ غیر دید ہے نہ وصل ہے نہ فصل نہ عارف نہ معروف شیخ فرید الدین عطار عارف باللہ قدس سرہ فرماتے ہین -

نظم

چون نگہ کردند آن سیمرغ زود — بیشک این سیمرغ آن سیمرغ بود

در تحیر جملہ سرگردان شدند — باز از نوعی دگر حیران شدند

خویش را دیدند سیمرغ تمام — بود خود سیمرغ سیمرغ مدام

چون ندانستند ہیچ از ہیچ حال — بے زبان کردند از ان حضرت سؤال

کشف این سر قوی درخواستند — حل ما ؤ منی درخواستند

بے زبان آمد از ان حضرت خطاب — کے بود این ذرہ چون آن آفتاب

ہر کہ آید خویش را بیند درو — جان و تن ہم خویش را بیند درو

چون شما سیمرغ اینجا آمدند — سی درین آئینہ پیدا آمدند

گر جہل بنجاہ مرغ آید باز   پردہ را از پیش بکشاید باز
گرچہ بسیاری لب گرد یدہ اند   خویش مے نبیند و خود را دیدہ اند
ہیچکس را دیدہ بر ما کے رسد   چشم موری بر ثریا کے رسد
دیدہ موری کہ سندان بر گرفت   پشہ کی پیلی بدندان بر گرفت
ہرچہ دانستی و دیدی آن نبود   انچہ گفتی و شنیدی آن نبود

نقل حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام

ایک روز حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے جناب باری مین عرض کیا کہ جو کچھہ حجاب باقی ہین یہہ بہی اوٹھہ جاوین تو بہتر ہے ارشاد ہوا کہ اگر حجاب باقی نماندہ اوٹھہ جاوین گے تو پہر خلق کہان ہیگی خلق جبھی تک ہی جب تک حجاب ہے **رباعی**

اسرار ازل را نہ تو دانی و نہ من   وین حرف معما نہ تو خوانی و نہ من
ہست از پس پردہ گفتگوی من و تو   چون پردہ برافتد نہ تو مانی و نہ من

اور جناب رسالت مآب صلعم کی ارشاد سے بہی یہی ثابت ہی۔ رَاَیْتُ رَبِّیْ مِنْ تَشَابَہَتِ الْاَمْرَدِ ترجمہ دیکہا مین نے رب اپنے کو وہ شخص کہ مشابہہ ہوتا ہی امرد کی۔ وَرَاَیْتُ رَبِّیْ فِیْ صُوْرَتِ الْعَائِشَہْ۔ اور دیکہا مین نے رب اپنے کو بیچ صورت عائشہ کے۔ حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر صاحب فرماتے ہین۔

بے ریاضت نیست اینجا کشف ذات   ذات حق باشد ہمیشہ با صفات
ذات حق را بے صفاتش کس ندید   ذات حق با ما کند گفت و شنید

دید بے حجاب ور دریافت کنہ مین کوئی کامیاب نہین ہوا۔ حضرت شیخ شبلی قدس سرہ کا قول ہے کہ خدا ہی تو خودی نہین اور خودی ہے تو خدا نہین فقط

دوسرا چمن دوسرے گلزار کا اقسام درویشان واذکار واشغال طریقہ قادریہ واقسام خلافت واجازت اور خاندانون کے اقسام مین

ایک دن فرمایا اقسام درویشان بکثرت ہین مگر بعض کہتے ہین اکابران طریقت تین قسم کے ہوتے ہین کامل ۔ اکمل ۔ مکمل ۔ کامل وہ ہی کہ خود نورانی ہو مگر نور بخش نہو یعنی خود فیضان ایزدی سے بہرہ یاب اور لطایف افضال الٰہی سے مسرور ہو مگر اور کسی کو فیض و فایدہ نہ پہونچا سکے اکمل وہ ہی کہ جو خود مرتبہ وصول کو پہونچے اور بعد وصول ہدایت خلق مین مصروف ہو اور خلایق کو نجات اور درجات اوسکے توسل اور فیض سے نصیب ہو اور استغراق اور محویت اور توحید اوسکی ذات سے جلوہ افروز ہو اور طالبون کو فنا اور بقا کی تحصیل کرائی خود زندہ جاوید ہو اور اونکو زندہ جاوید ہونیکا مستحق بنائی مکمل وہ ہے کہ وجوب اور امکان مین فرق نکرے خلق کو حق مین حق کو خلق مین دیکھے وہ انسان کامل اور وارث انبیا ہے اور قدم بقدم شریعت پر چلتا ہی ۔

ظل او اندر زمین چون کوہ قاف	روح او سیمرغ بس عالی طواف
در بشر روپوش کردہ آفتاب	فہم کن واللہ اعلم بالصواب
اکمہ و ابرص چہ باشد مردہ نیز	زندہ گردد از فسون آن عزیز
کو نبی وقت خویش ست اے مرید	تا از و نور نبی آید پدید
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا	گو نشیند در حضور اولیا

وہی قطب الاقطاب اور غوث الاعظم کہلاتا ہے منازل سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ طے کرکے حقیقت محمدیہ تک پہونچتا ہی مرتبہ جامعیت اوسکو حاصل ہوتا ہی ہر صدی مین ایسا ایک ہوتا ہے جبتک اس عالم مین رہتا ہے یہان کی مخلوق کو اوس سے فیض و فائدہ نصیب ہوتا ہے اور جب عالم ارواح مین جاتا ہے وہان کے باشندے اوس سے مستفید ہوتے ہین بعض بزرگون کی نسبت لازمی ہوتی ہے بعضون کی متعدی جنکی نسبت لازمی ہے وہ اپنی ذات سے کامل

ہوتے ہین مگر اورون کو اونسے فیض و فایدہ نہین ہوتا فرضاً کسی مرد کے اولاد نہوا ور اوسمین قوت مردیت ہو تو وہ نامرد نہین کہلاتا بعض مردان حق بھی ایسے ہوتے ہین کہ اونسے فیض اورونکو نہین ہوتا اور یہ فیض کا نہونا اونکے نقصان کی دلیل نہین ہے جنکی نسبت متعدی ہے اونسے مخلوق الٰہی فیضیاب ہر طرح ہوتی ہے بعض ایسے بھی ہوتے ہین کہ فنائیت نے اون پر ایسا غلبہ کیا اور استغراق کے دریا مین ایسے ڈوبے کہ ساحل بقا تک پھونچنا دشوار ہوگیا یا حجاب حیرت و غیرت مین ایسے مسکوت ہوے کہ آیندہ کی سیر بھی نہو سکی اونسے فیض و فایدہ نہین ہوتا بعض کا قول ہے کہ بعد از انبیا علیہ السلام اہل وصول دو قسم کے ہوتے ہین ایک مشایخ صوفیہ کہ باتباع شریعت مرتبہ وصول تک پھونچے اور بعد وصول ہدایت خلق مین مشغول ہوئے یہی کامل مکمل بھی کہلاتے ہین اونکو دریاے توحید سے عنایات ازلی میدان بقا تک پھونچاتی ہے اور زندہ جاوید ہوتے ہین اور خلایق کو نجات و درجات تک پھونچاتے ہین ۔

صوفیان غرق اندر دریاے ہو مرد صوفی راست اثبات و نیست	نیست زاہد خشک را ہیچ آبرو نیست ایشان را حیات و نی ممات	تو چہ دانی حال صوفی را کہ چیست ہست الا ان کما کان یک صفات

اور ایک وہ ہین جو خود درجہ کمال کو پھونچے اور غرق دریاے جمع و استغراق ہوے مگر ہدایت خلق اونسے متعلق نہوی اور دریاے فنا مین ایسے ڈوبے کہ کنارہ بقا تک اونکا پھونچنا دشوار ہوگیا اور اونکی سیر دا اورون کی تکمیل نہوی یہ دونون واصل کہلاتے ہین اور سالک چہ قسم کے ہوتے ہین جنمین سے چار طالبان آخرت کہلاتے ہین زہاد ۔ فقرا ۔ خدام ۔ عباد

پنہان زین جہان زسر ابردہ نہان از روی دوست این ہمہ من شدہ عیان ان یک زروی دوست بہ تسبیح مشتغل یک ذرہ نیست کہ ہست از صفات خویش		یار است در لباس اغیار آمدہ در موی اوست این ہمہ کفار آمدہ دان یک زموی اوست بنر ناز آمدہ گہ در ظہور گاہ در اظہار آمدہ

از ذات اوست این همه اسما عیان شده | وز نور اوست این همه انوار آمده
هم اسم و رسم جمله نعوت و صفت شده | هم عین و غیر و اندک و بسیار آمده

زاہد وہ ہین جو آخرت کو عزیز اور دنیا کو ذلیل سمجھین اور اپنی شہرت اور غیرت کے طالب ہون

زاہد ہوای خلد سرگردانست | گویند کہ در دو غم نباشد بہشت
آنم کہ ز ذوق ہستی خود دل شادم | ہموارہ خراب عشقم و آبادم
تو در طلب قبول تمامی زاہد | من از طلب دو جہان آزادم

حضرت غوث الاعظم قدس سرہ کا قول ہے زاہد وہ ہی کہ راحت اور ریاست کو چھوڑ دے اور نفس کو شہوات سے باز رکھے اور ہوا کو ارادت سے فقرا وہ ہین جو فضل اور رضاء الٰہی کے شوق مین مال اور اسباب دنیا ترک کرین اور ثواب اور بہشت کی توقع ہمہ تن نہ رکھین حقیقت فقر انقطاع ہے دنیا اور آخرت سے ۔

تا بہشت و دوزخت در رہ بود | جان تو زین راز کی آگہ بود
چون از ین ہر دو برون آئی تمام | صبح این دولت برون آید ز شام

اور عبادت کے واسطے ہر وقت ہر طرح سے جمعیت خاطر کے طالب ہون مظفر کرمان شاہی قدس سرہ کا قول ہی فقیر وہ ہے کہ جسکو کوئی حاجت نہو یعنی جملہ حاجب اوسکی ذات حق ہو خدام وہ ہین جو خدمت فقرا کرین مال و اسباب نذر فقرا کرین اور بامید ثواب و حصول مدعا اونکا ہر وقت یہی خیال ہو عباد وہ ہین جو ورد و وظائف دعا و ثنا نوافل وغیرہ شبانہ روز اپنا طریقہ رکھین اور تمنا ثواب مدنظر ہو پانچوین متصوف وہ ہین کہ بعضی صفات نفسی سے جنسے خلاصی پائی ہو اور بعضی صفات صوفیہ اونکو حاصل ہو اور حالات صوفیہ سے بخوبی آگاہ اور ماہر ہو مگر بعضی صفات نفس کی پابندی بھی چلی جاتی ہو اور درجہ نہایت اہل قرب پر نہ پہونچا ہو چھٹا ملامتی وہ ہے جو عبادت کو بظاہر چھپاتا ہے مگر باطن مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کرتا طاعت ریائی سے پرہیز رکھتا ہے اور اخلاص کامل مین کامل ہوتا ہے اور سب سے بڑھکر صوفی کا رتبہ ہے کہ جب فنا فقر ہوتا ہے

ملامتی اور تصوف سے اوسکا مرتبہ زیادہ ہے تمام مقامات سے ترقی کرتا جاتا ہے اور سب کے خیالات ترک کرتا جاتا ہے صوفی کی صفت سب سے بڑھکر ہے صوفی کا مقام سب سے عالی ہے اس مقام مین کوئی عمل اور کوئی حال اپنی ذات سے منصوب نہین رہتا یہان تک وجود ہے نہ ذات نہ صفات محو در محو اور فنا در فنا ہوتا ہے اصلی فقیر یہی ہے اور باقی سب ہی فقیر ہے صوفی ارادت حق مین محو ہوتا ہے بلکہ اوسکی ارادت ارادت حق ہوتی ہے اور صوفی مین اللہ جل شانہ تمامی صفات زہاد عباد خدام فقرا متصوف ملامتی و اصل کی جمع کرتا ہے اور سب باتونمین بدستور قایم رہتا ہے ۔

مرد صوفی لطیفی نبود	بود تصوف تکلفی نبود	بود آزاد زانچہ بگریزد	و آنچہ بدو خلق بپذیرد
صوفیانے کہ کاسہ ہبر دارند	چشم تحقیق را ہمہ کارند	صوفیانے کہ اہل اسرارند	در دل نار و بر سر نارند
تو بصفوت صفات صوفی باش	خواہ بصری خواہ کوفی باش	صوفی عشق و حدیث ہنوز	سلب و ایجاز دالا یجوز یجوز

بعضون نے لکھا ہے ولی وہ ہے جو پہچانے ذات الٰہی کو اور صفات الٰہی کو جسقدر ممکن ہو اور مداومت رکھے عبادت پر اور بچے گناہون سے اور لذات اور شہوات سے محترز ہو اور اوسکا دیدار موجب یاد الٰہی ہو اور دشمن ہوائے نفس کا ولی عنوان شریعت اور برہان حقیقت ہوتا ہے ظاہر اوسکا شرع سے آراستہ ہوتا ہے باطن اوسکا انوار فقر سے روشن حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے الاولیاء کلامہم کالوحی من اللہ عز وجل ۔ اولیاء اللہ عز وجل صُمٌّ لا یتحرکون ولا یخطون خطوۃ الا باذن صریح منہ لقلوبہم ۔ حضرت شیخ کی شارح فصوص الحکم کا قول ہے ولی وہ شخص ہے جو عارف ہو ذات اور صفات حق سبحانہ تعالے کا طاقت بشری کی موافق اور باوجود عرفان کے طاعت اور عبادت باطنی پر مستقیم ہو اور معاصی ظاہری اور باطنی سے پرہیز رکھے

زخش زمیدان ازل تاختہ		گوے بچوگان ابد باختہ
معتکفان حرم کبریا		شستہ دل از صورت کبر و ریا
راہ نوردان و شکستہ قدم		راز کشایان فرو بستہ دم

بعض کہتے ہین ۔ الولی ھو الفانی فی اللہ الباقی ۔ بعضے کہتے ہین ولی کے معنی قریب کے ہین

حضرت یحییٰ معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ ولی کی تین خصلت ہین اعتماد کرنا خدا تعالیٰ پر تمام چیزون مین اور بے نیاز ہونا سب چیزون سے اور رجوع کرنا خدا تعالیٰ کیطرف تمام چیزون مین ولایت دو قسم پر ہے ولایت عامہ ولایت خاصہ ولایت عامہ مین تمام اہل ایمان شامل ہین۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ - ولایت خاصہ مین ارباب وصال اور اصحاب سلوک داخل ہین ولایت خاصہ سے مراد ہے فنا ہونا بندے کا حق کی ذات مین اور باقی رہنا اوسکے ہی ساتھ ٥

ہرکہ در دریاے کل گم بودہ شد قطرہ بودم گم شدم در بحر راز		دایما گم بودہ کل بودہ شد می نیابم این زمان آن قطرہ باز

ھُوَ الْفَانِیْ فِیْہِ وَالْبَاقِیْ بِہٖ بعضون نے کہا ہے اَلْوَلِیُّ ھُوَ الْفَانِیْ مِنْ حَالَتِ الْبَاقِیْ فِیْ مُشَاھَدَۃِ الْحَقِّ لَمْ یَکُنْ لَہٗ عَنْ نَفْسِہٖ اَخْبَارٌ وَلَا مَعَ غَیْرِ اللّٰہِ قَرَارٌ بعض کہتے ہین ولایت چار قسم پر ہے۔ اول ولایت عامہ مومنین تمام امت نبوی سمین داخل ہے اور شغل اس ولایت کا تہلیل ہے سری ہو یا جہری ہو۔ دوم ولایت صغریٰ اسکو ولایت اولیا اور ہمہ اوست بھی کہتے ہین شغل اسکا مراقبہ وحدت وجود اور تجدد امثال ہے سوم ولایت اخص اسکو ولایت ملاء اعلیٰ اور ولایت چہار ملک مقرب کہتے ہین شغل اس ولایت کا تصور تنزیہ بحت حق اور وراء الورا ثم وراء الورا ہے۔ چہارم ولایت اخص الخواص وہ ولایت انبیا علیہ السلام کی ہے اس ولایت مین خالی کرنا متخیلہ کا ہے حق سے اور غیر حق سے۔

ولی در پیروی چون ہمدم آید برتر انداز عرش و کرسی و خلا کیف مد الظل نقش اولیاست	و نبی را در ولایت محرم آید سالکان مقعد صدق خدا کو دلیل نور خورشید خداست	اولیا اطفال حق اند ای پسر پاسبانی فنا اند اولیا سایہ یزدان بود بندہ خدا	غائبی حاضری لیس با خبر در بشر واقف اسرار خدا مردہ این عالم و زندہ خدا

جب ولی متابعت اور پیروی نبی کی قرار واقعی کرتا ہے اور تمام حال مین قدم سعی اور اجتہاد طریق طاعت والقضا مین رکھتا ہے اور ظاہر و باطن اقوال افعال مین متابعت سے تجاوز نہین کرتا اور مامور بجمیع اوامر و نواہی ہوتا ہے تو اس صورت مین ولی شریعت اور طریقت مین ہمدم اور ہمراز نبی کا ہوتا ہے جیسا نبی کو

مقام محبت حاصل ہو جیسا کہ ولی بسبب متابعت نبی کے مقام محبی مقام محبوبیت میں واصل ہوتا ہے اور محبوب
سے بسبب متابعت نبی سرفراز اور قرب کا محرم ہوتا ہے سرور کائنات کا ارشاد ہے علی منی وانا منہ
خلقت انا و علی من نور واحد انت منی بمنزلہ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی
اگرچہ خدا پاک نے نبوت شرعی کو ختم کر دیا مگر بے شبہ فیض ولایت کا باطن نبوت کا ہمیشہ عالم میں کھلا ہے
ہر عہد میں اولیاء اللہ ہوتے رہتے ہیں اور ہوتے رہیں گے حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ فرماتے ہیں اولیاء اللہ
تعالیٰ میں بعض بے صفت اور بے نشان ہیں بعض باصفت ہیں کوئی اہل معرفت ہے کوئی اہل محبت کوئی
اہل توحید ہے کمال حال اور نہایت درجہ اولیا کا بے صفتی اور بے نشانی ہے اور بے صفتی مراد کشف الٰہی سے
ہے کہ یہ مقام محبت سے بڑا اور بعید بہی شرف ہے اور اس مرتبہ کی کنہ سے عبارت اور اشارت قاصر ہے

برتر از علم است و بیرون از قیاس	دانش از هستی خود بے نشان	زو نشان جز بے نشانی کس نیافت
چاره هر جان عنانی کس نیافت	از میان جمله پنهان آمده بود	در نهان دوی عیان آمده بود
در همه جولی چو بیچون است او	آن نهان از هر دو بیرون است او	همه زیر آن طور از جان برتر است
هر چه خواهم گفت او زان برتر است	محو از آن هم راه شد با معرفت	او نه در شرح آید و نے در صفت

بعض کہتے ہیں کہ رجال الطریقت کے یہ مقام ہیں - اقطاب - افراد - ابدال - اوتاد - نجبا - نقبا
عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للہ فی الارض ثلثمائۃ
نفس قلوبھم علی قلب آدم علیہ السلام وله اربعة قلوبھم علی قلب جبرئیل وله ثلثة قلوبھم
علی قلب میکائیل وواحد قلبه علی قلب اسرافیل علیه السلام فاذا مات الواحد ابدل الله
مکانه من الثلثة واذا مات واحد من الثلثة ابدل الله مکانه من الاربعة واذا مات واحد من
الاربعة ابدل الله مکانه من السبعة واذا مات واحد من السبعة ابدل الله مکانه من الاربعین
واذا مات واحد من الاربعین ابدل الله مکانه من الثلثمائة واذا مات واحد من الثلثمائة ابدل الله
مکانه من العامة بهم یدفع الله البلاء عن الامت مذکورہ تین سو تین ولی آدم کی
کے قدم پر آدم علیہ السلام کے دل پر اور چالیس میں کے دل موسیٰ علیہ السلام کے قدم بر ہیں اور سات

ابراہیم علیہ السلام کے قلب پر ہیں اور چار ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے قلب پر ہیں اور تین ہیں کہ
حضرت میکائیل کے قلب پر ہیں اور ایک شخص ہے کہ دل اوسکا اسرافیل علیہ السلام کے قلب پر ہے
پس جب وہ ایک مرتا ہے تو خدائے پاک اوسکی جگہ ان تین کو جو میکائیل السلام کے قلب پر ہیں ایک کو مقرر
کر دیتا ہے اور جب ان تین میں کوئی مرتا ہے تو اوسکی جگہ ان چار میں کو جو جبرئیل سے نسبت قلبی رکھتے ہیں
اور جب چار میں کوئی مرتا ہے تو اوسکی جگہ ابدال سات میں کو جو ابراہیم علیہ السلام سے نسبت رکھتے ہیں
مقرر کرتا ہے اور جب سات میں سے کوئی مرتا ہے تو اون میں کو جو موسیٰ علیہ السلام کے قلب پر ہیں ایک
کو مقرر کرتا ہے اور جب چالیس میں کوئی مرتا ہے تو تین سو میں کو جو آدم علیہ السلام کے قلب پر ہیں
ایک مقرر کرتا ہے اور جب ان تین سو میں سے کوئی مرتا ہے تو عام مومنین سے ایک کو قائم کر دیتا ہے
اور دفع کرتا ہے اللہ بلا کو امت سے اوسکی برکت کے سبب اور وہ جو ایک اسرافیل کے قلب پر ہے وہ قطب
الاقطاب اور غوث اعظم ہے اور مرتبہ اوسکا تمامی اولیاء عالم سے زیادہ ہوا اور وہ عالی منصب اور والا
مرتبت اور مظہر باطن نبوت خاتم رسالت ہوتا ہوا اور وہ تین شخص ہیں جو اوس جہان میں ہوا اور چار ہیں
جو جہان کو چار رکن عالم ان ہیں کہ برقرار ہے اور ابدال سات ہیں اور نجبا چالیس ہیں اور انکو رجال الغیب
بھی کہتے ہیں اور پست تر مرتبہ اولیاء اللہ سے مرتبہ نقبا کا ہے اور وہ تین سو ہیں اون کو ابرار بھی کہتے
ہیں یہ جماعت خلاصہ کائنات ہے بعض کتب میں قطب ارشاد و قطب مدار۔ قلندر۔ خضر وقت
غوث۔ ابدال۔ اوتاد۔ صوفی ابوالوقت۔ صوفی ابن الوقت بھی اقسام بزرگان دین میں ہیں
قطب ارشاد وہ ہے خلقت کو ظاہر و باطن کا فائدہ پہنچاتا ہے۔ قطب الاقطاب اور قطب مدار ایک
ہے وہ ہمیشہ ایک جگہ قائم رہتا ہے تمام جہان اوس سے آرزو مند اور وہ عاجز خواہ اور رجوع ہوتا ہے۔ قلندر
وہ ہے جو تجرید و تفرید و فقر میں بے نظیر ہو اور عرفان میں بے مثل اور حالات جہان اوسپر وارد و منکشف
ہوں اور تجلی کو اپنی ذات سے منسوب کرنا موجود محض جانتا ہو اور ارادت حق میں وہ مستغرق رہے
اور اوسکی ارادت ارادت حق ہو وہ خواہ مجذوب ہو خواہ سالک اوسکی کوئی [illegible] بعض مجذوب قلندر
ہوتے ہیں جیسا کہ حضرت بوعلی شاہ قلندر [illegible] حضرت شاہ حسین [illegible] لاہوری

خضر رومی سید محمد گیسو دراز رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ خضر وقت وہ ہی کہ اوسپر علم لدن خضر علیہ السلام کی طرف سے منکشف ہووے اور رموز واسرار سے واقف وآگاہ ہووے جسکو چاہے ایک نظر سے ایکدم مین کامل بناوے۔ غوث فریادرس کو کہتے ہین بندگان الٰہی کے معاملہ مین جو ظاہراً اور باطناً انصاف وعدل کرتا رہتا ہی وہی غوث ہے غوث کے اعضا کا از ہم جدا ہونا کرشمہ غوثیت مشہور بات ہے ابدال بہتر آدمی ہوتے ہین چالیس ملک شام مین اور تیس اور ملکون مین رہتے ہین بعض کے نزدیک چالیس ہوتے ہین یہی خدمت خاص کا انجام اونکے ذمہ ہے جب اونمین کوئی مرجاتا ہے تو اوتاد مین سے ایک اوسکے بجائے قائم ہوجاتا ہی اسی ابدال ذکا نام ہے تمام عالم کی نگہبانی اور حفاظت اونسے متعلق ہے اوتاد وتد کی جمع ہے وتد میخ کو کہتے ہین یہہ لوگ ہمیشہ اپنے مقام پر جمے رہتے ہین اور اونکے برکات سے اہل عالم کو انواع انواع کا نفع پہونچتا ہے اور بلیات دفع ہوتی ہین صوفی ابو الوقت وہ کامل ہی کہ جسکی حالت اختیاری ہو جب چاہی اپنی ذات پر حالت طاری کرے جب چاہے دوسری حالت بدل لے ایسے اہل کمال مثل بایزید بسطامی بہت کم ہوتے ہین صوفی ابن الوقت وہ ہے کہ ظاہر وباطن کی صفات مین کامل ہو مگر وقت کی پابندی اسکے لئے ضروری ہو جب حالت اوسپر طاری ہو اوسکو دور نکر سکے بلکہ مدہوشی اور بیخبری اوسکی حالت کو لازم ہو۔

صوفی ابن الوقت باشد اے رفیق	نیست فردا گفتن از شرط طریق
دفتر صوفی سواد وحرف نیست	جز دل سپید ہمچون برف نیست
ہست صوفی غرق عشق ذو الجلال	ہست صافی فارغ از اوقات وحال
زاد دانشمند آثار قلم	زاد صوفی چیست انوار قدم
از ہزاران اندکے این صوفی اند	باقیان در دولت اوے زیند
باشد ابن الوقت صوفی در مثال	لیک صافی فارغ است از وجد وحال
ہست صوفی صفا چون ابن وقت	وقت را ہمچو پدر بگرفتہ سخت

بعض کہتے ہین کہ اکابر کئے قسم کے ہین بعضے اہل معرفت بعضے اہل معاملت بعض اہل محبت بعض اہل

توحید بعض ہمہ صفت موصوف بعض بی حقیقت وبی نشان بعض کہتے ہیں سات قسم کے ہوتے ہیں طالب
- مرید - سالک - سایر - طایر - واصل - قطب ارشاد - قطب ابدال - طالب وہ ہے جسکا لطیفہ قلبی
مزکی ہو مرید وہ ہے کہ جسکا لطیفہ نفس مزکی ہو - سالک وہ ہے جسکا لطیفہ قلبی مزکی ہو - سایر وہ ہے
جسکا لطیفہ خفی مزکی ہو - طایر وہ ہے جسکا لطیفہ سر مزکی ہو - واصل وہ ہے جسکا لطیفہ خفی مزکی ہو
اور ایک لطیفہ سے دوسرے تک حسب حجابات دفع ہوتے ہیں تب کیہ نصیب ہوتا ہی ان سب میں قطب ارشاد وارث
علم لدن ہوتا ہے اور اوسکا قلب تابع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہوتا ہے اور قطب ابدال
تابع قلب اسرافیل علیہ السلام ہوتا ہے بعض کہتے ہیں مردان خدا بارہ قسم کے ہوتے ہیں قطب عالم
- غوث - امام - اوتاد - ابدال - اخیار - ابرار - نقبا - نجبا - عمد - مکتوب - مفرد قطب عالم تمام
عالم میں ایک ہوتا ہے سواے ذات بحت اور کسی سے فیض وفا یندہ اوسکو نہین ہوتا قطب ارشاد وقطب کو
قطب الاقطاب - قطب مدار سب اوسکے ہی نام ہین تمام جہان کا انتظام اوسکے وجود سے ہوتا ہی
حقیقت نور محمدی اوسکے انوار سے مبرہن اور ظاہر ہوتی ہے اوسکا نام گو کچھ ہو مگر عالم اسمان و زمین
مین عبد اللہ اوسکا نام ہوتا ہے اور درحقیقت تمامی مردان خدا کا دنیا کے سوا زمین اور اسمان
کے عالم مین اور نام ہوتا ہے اور اس قطب ارشاد کے تابع اور اقطاب ہوتے ہین وہ بھی بارہ ہین
قطب اول نوح علیہ السلام کے قلب پر فیضیاب ہوتا ہے یہہ جو کہتے ہین کہ فلان ولی فلان کے
قلب یا قدم پر ہوتا ہے اسکا مطلب یہہ ہے کہ جو علوم اور تجلیات اور مقامات اور حالات اوس پیغمبر کو
حاصل ہے وہی اس ولی کو بواسطہ اور امداد اور معونت اوس پیغمبر کی حاصل ہوتی ہین بغیر زیادتی
اور کمی کے اور سورہ یٰسین اوسکا ورد ہوتا ہے قطب دوم ابراہیم علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے
سورہ اخلاص اوسکا ورد ہوتا ہے - قطب سوم موسیٰ علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے سورہ
اذا جا اوسکا ورد ہوتا ہے - قطب چہارم عیسےٰ علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے سورہ فتح
اوسکا ورد ہوتا ہے - قطب پنجم داؤد علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے اور سورہ
اذا زلزلت اوسکا ورد ہوتا ہے - قطب ششم سلیمان علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے

سورہ واقعہ اوسکا ورد ہوتا ہے قطب ہفتم ایوب علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے۔ سورہ واقعہ
اوسکا ورد ہوتا ہے۔ قطب ہشتم الیاس علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے۔ سورہ کہف اوسکا
ورد ہوتا ہے۔ قطب نہم لوط علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے۔ سورہ نحل اوسکا ورد ہوتا ہے
قطب دہم ہود علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے۔ سورہ انعام اوسکا ورد ہوتا ہے۔ قطب یازدہم
صالح علیہ السلام کے قلب پر ہوتا ہے سورہ طہٰ اوسکا ورد ہے۔ قطب دوازدہم شعیب علیہ السلام کے قلب پر
ہوتا ہے۔ سورہ ملک اوسکا ورد ہوتا ہے یہہ بارہ قطب قطب مدار کے تابع ہوتے ہین سات
ساتون اقلیم مین اور پانچ یمن مین رہتے ہین اور ہر ایک کو قطب ولایت و قطب اقلیم کہتے ہین
اور قطب ابدال تمام ابدالون کا سردار ہوتا ہے اور اوتاد تمام جہان مین چار ہوتے ہین ایک
مغرب مین عبد الودود اوسکا نام ہوتا ہے دوسرا مشرق مین عبد الرحمن اوسکا نام ہوتا ہے
تیسرا جنوب مین عبد الرحیم اوسکا نام ہوتا ہے۔ چوتھا شمال مین عبد القدوس اوسکا نام ہوتا ہے
اور غوث ایک ہی ہوتا ہے چار عمد اوسکے تابع ہوتے ہین اور غوث کعبہ مین رہتا ہے یا اور جگہہ
جو اوسکے لئے مقرر ہو۔ بعض کہتے ہین کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار کامل ہر وقت مین ہوتے ہین
تعداد انبیا علیہ السلام کے موافق۔ اور بعض کہتے ہین کہ بے تعداد ہوتے ہین اور خضر
علیہ السلام اور الیاس علیہ السلام ہمیشہ سب سے ملتے ہین۔ بعض اولیا ایسے ہوتے ہین کہ
مرتبہ قرب حق کا ازدیاد اونکو حاصل ہوتا ہے وہ خدمات سے کچھہ تعلق نہین رکھتے اور خدمات کی طرف
راغب و مائل نہین ہوتے ہین۔ بعض کہتے ہین ابدال بفتح جمع بدل کی ہے اور اصطلاح اہل
طریقت مین ابدال سات ہین بندگان خاص سے ہوتے ہین انتظام عالم اون سے متعلق ہے
اور ابدال اسلئے اونکو کہتے ہین کہ جب اونمین سے کوئی ارادہ سفر کا کرتا ہے ایک شخص کو اپنی
صورت پر کرکے وہان چھوڑ دیتا ہے اور سفر کرتا ہے ایسی صورت سے کہ وہان کے رہنے والے
اوسکے چلے جانے پر مطلع نہین ہوتے۔ بعض کہتے ہین کہ ابدال اسوجہہ سے نام ہوا کہ وہ صفات
بشریت کو تبدیل کرتے ہین۔ بعض کہتے ہین کہ جب ایک مرتا ہے اوسیوقت ایک اوسکا قائم مقام

ہو جاتا ہے مرتبہ ابدال فہم اور قیاس سے باہر ہے خدا تعالے وہ باتین ان ابدالون کو نصیب کرتا ہے کہ عقل انکو سمجھ نہین سکتی

چون ملایک بخلق و تلبیس و صور
کو لبود پیش عقل خلق محال
تا نورزی طریقت ابدال
پیشه کن تا مقام شان یابی
با خدا گوی یا برای خدای
راه آن گنج چیست گفتار است
هر که را شد زبان و دل خاموش
یافته جا دران ثباتِ قدم
هر دو قسمست صمت اگر دانی
که به بندی زبان ز بهر نقصان
هر که را زین دو صمت حرمانست
نزند جز در بلا و سخط

متمثل شوند جاے و کبیر
باشد از خالق قوی و قدیر
کے شناسی حقیقت ابدال
چون سخن للّه و مع اللّه نیست
ورنه لب را به بند ذرّاز محاے
هر که این ره بسوی گنج کشاد
معدنِ حکمت و مخزنِ هوش
با خدا گو بیا ز خدا شنود
صمتِ پیدا و صمت پنهانی
وان دگر صمت دل بود که حدیث
سخره حکم و نفس و شیطان است

اے لبا کار کا بدا از ابدال
کار شان خارق قواے بشیر
عزلت و صمت و جوع و کم خوابی
شیوه عارفان آگه نیست
وال احرار گنج اسرار است
داد بیهوده نقد گنج به باد
جان او در تجلیاتِ قدم
یک نفس از خدا جدا نشود
هست قسم نخست صمتِ لسان
نکند در درونه نفس خبیث
نزود جز ره خطا و غلط

حدیث بدلا امتی اربعون جلا اثنی عشر بالشام و ثمان عشرون بالعراق
میر سید جعفر مکی فرماتے ہین ابدال چار سو چار ہین منجملہ انکے چالیس تن علیحدہ ہین اور صاحب کشف المحجوب فرماتے ہین کہ چہل ابدال کو چہل ابرار بھی کہتے ہین - صاحب بحر المعانی فرماتے ہین کہ اولیا کی شناسائی سوائے اولیا کے دوسرا انہین کر سکتا منجملہ انکے سات ابدال ہفت اقلیم مین رہتے ہین بمضمون حدیث بدلا امتی سبعۃ اقلیم اول مین ابراہیم علیہ السلام کے قلب پر عبد الحی نام - اقلیم دوم مین موسی علیہ السلام کے قلب پر عبد العلیم نام - اقلیم سوم مین ہارون علیہ السلام کے قلب پر عبد المرید نام - اقلیم چہارم مین ادریس علیہ السلام کے قلب پر عبد القادر نام - اقلیم پنجم مین یوسف علیہ السلام کے قلب پر عبد القاہر نام - اقلیم ششم مین عیسی علیہ السلام کے قلب پر عبد السمیع نام - اقلیم ہفتم مین آدم علیہ السلام کے قلب پر عبد البصیر نام و رہتے عبد البصیر نام حضرت خضر علیہ السلام ہین - ابدالون کے حالات عجیب و غریب ہونگے یہ نقل جو سید اعظم علیشاہ صاحب نے بچشم خود دیکھا ہے ذیل مین لکھی جاتی ہے
نقل حضرت سید اعظم علیشاہ رحمۃ اللہ یکدفعہ قصبہ سہم ولی کو تشریف لاتے تھے اثناے راہ مین ایک جگہ ایک درخت کے

ٹہر گئے وہان ایک فقیر صاحب تشریف لاے دونون صاحب نے کہانا کہا کر سو رہے جب آنکھ کہلی تو دیکھا کہ نہ وہ درخت ہے اور نہ وہ جنگل بلکہ سرا ہے اور سیکڑون سواریان کہلی موجود ہین بہٹیاری کہانا پکاتی ہے بیل گہاس کہاتے ہین اور وہ فقیر صاحب سوتے ہین میر صاحب کو ایک حیرت ہوئی بہٹیاری سے سرا کا نام دریافت کیا تو کہا کہ حیرت افزا اسکا نام ہے اور یہہ فقیر صاحب کی سرا ہے اور تم ان کے مہمان ہو آٹھ روز تک یہان رہے اور شہر کی سیر کرتے رہے جمعہ کی جامع مسجد مین نماز پڑہی باشندگان شہر کے حسن اخلاق اور دینداری کا کچھہ بیان نہین ہو سکتا جب آٹھوین رات کو سوتے سے آنکھ کہلی تو معلوم ہوا کہ نہ وہ سرا ہے نہ شہر ہے نہ آدمی ہین جس درخت کے تلے ٹہرے تہے وہین موجود ہین اور وہی وقت ہے اور فقیر صاحب بہی ہین سوتے ہین بعد نماز ظہر وہان سے میر صاحب مع فقیر صاحب روانہ ہوے اور بہادرگڈہ پہونچے فقیر صاحب نے فرمایا کہ بعد نماز عشا کے ہمارے واسطے کہانا مسجد مین لے آنا جب میر صاحب کہانا لیکر مسجد مین پہونچے تو دیکھا کہ فقیر صاحب ایک گدہی سے فعل بد کر رہے ہین پہر دیکھا تو نماز پڑہتے ہین بعد تناول طعام جب آدہی رات گئی تو فقیر صاحب نے میر صاحب سے فرمایا کہ ہماری لنگوٹ دہوبی سے دہولا لاؤ میر صاحب نے وقت غیر سمجھکر کہا کہ اسوقت دہوبی نہین ملیگا فرمایا تم جاؤ تحقیق کیا جب میر صاحب شہر سے باہر آئے تو دیکھا کہ دن چڑہا ہوا ہے دہوبی کپڑے دہو رہے ہین جب دہوبون کے پاس گئے تو ایک دہوبی نے کہا کہ میان صاحب کا لنگوٹ لاؤ دہو دون میر صاحب نے دہوبی کو لنگوٹ دیا اوس نے دہو کر خشک کر کے دیدیا اور وہان سے لاکر فقیر صاحب کو دیدیا صبح کو میر صاحب وہان سے دہلی کو چلے اور فقیر صاحب غایب ہو گئے اور دہلی مین پہونچکر میر صاحب نے یہہ حال مولانا شاہ عبد العزیز صاحب سے بیان کیا مولوی صاحب نے فرمایا کہ یہہ فقیر ابدال ہونگے بعض لکہتے ہین ولایت عبارت ہے نور سے بحکم وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا انوار الٰہی شرق عنایت سے اوسکے دل پر تجلی کرتے ہین اور انشراح قلب اور انفتاح قلب اوسکو حاصل ہوتا ہے اور اسلام حقیقی نور یقین کے لباس مین اوسکو جمال دکہاتا ہے اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ اور شرف قرب و محبت و کرامت حق عز سبحانہ سے مخصوص ہوتا ہے اور جو کچہہ اوس سے ظاہر ہوتا ہے اوسی نور کا پرتوہ ہوتا ہے اور وہی کرامت ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے نقل ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اولیاء اللہ کون ہین فرمایا اَلَّذِیْنَ اِذَا رُءُوْا ذُکِرَ اللّٰهُ یعنی وہ لوگ ہین جب انکو کوئی دیکہے حق تجلی یاد آوے امام العارفین خواجہ محمد علی حکیم ترمذی قدس اللہ سرہ نے اپنی کتاب انوار الوصول مین لکہا ہے کہ ولی کا دل معدن انوار جلال و ہیبت الٰہی ہوتا ہے اور ولی کے چہرہ اور صورت کا نور اوسکے دل کے نور کے

سبب سے ہوتا ہے اور بندہ مومن کا دل اوس نور سے زندہ ہوتا ہے اور اسکا
عکس اوسکی پیشانی سے ظاہر ولایح ہوتا ہے جوکوئی اوس کو دیکھتا ہے
اوس کو یاد حق یاد آتی ہے حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے
ہین سال سائل من رسول الحق عزوجل الی انبیاءہ فقال
جبرئیل علیہ السلام فمن رسولہ الی اولیاءہ فقال ھو
رسولہ بلا واسطۃ برحمتہ ولطفہ ومنہ والھامہ ولنظارۃ
الی قلوبھم واسرارھم یرونہ یقظا ومناما بعین قلوبھم
وصفاء اسرارھم ودائم یقظھم ایک سائل نے
سوال کیا خداے بزرگ کا قاصد کون ہے انبیا کی طرف کہا
جبرئیل ہے۔ اور خدا کا قاصد اولیا کی طرف کون ہے
کہا وہ یعنے خدا خود ہی قاصد بلا واسطہ اپنی رحمت سے اور
مہربانی سے اور منت سے اور الہام سے اور نظر سے اون
کے دلون کی طرف اور اون کے سر کی طرف وہ یعنے
اولیا خدا کو دیکھتے ہین جاگتے مین سوتے مین دل کی آنکھون سے
اور سر کی صفائی سے اور ہمیشہ کی بیداری سے حضرت
بایزید رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ صدیقون کا آخر نہایت اول احوال انبیا ہے اور نہایت
مقام عام مومنین بدایت مقام اولیا ہے اور نہایت مقام اولیا بدایت شہیدان ہے
اور نہایت مقام شہیدان بدایت مقام صدیقان ہے اور نہایت مقام صدیقان بدایت
مقام انبیا ہے اور نہایت مقام رسل بدایت مقام اولوالعزم ہے اور نہایت مقام اولوالعزم
بدایت مقام مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم اور مقام مصطفے کو نہایت نہین اور جز حق تعالے
کوئی اونکی نہایت مقام نہین جانتا اور ازل مین ارواح کا مقام اور روز میثاق مین بھی

اسی مراتب سے ہے اور اسرار محبت بھی اون لوگون کے انہین مراتب سے ہین اور اس پر
اس راہ کے کاملین کا اتفاق ہے ۔ مرد وہ ہے کہ ماسوا اللہ کو ترک کرے اور تمام اطوار و ادوار
مین حق کی جانب رجوع ہو لَیْسَ فِی الدَّارَیْنِ هُوَ اللّٰهُ اونکا قول ہو لَیْتَ شِعْرِیْ اونکا شور ہو رَبِّ
لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا اونکا نعرہ ہو ایکدم بے دوست ہنووین اور جو کچھہ دیکھین سواے دوست کے
نہ دیکھین جو کچھہ یاد کرین یا پڑہین دوست کی یاد ہو یا دوست کو پڑہین وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَمَا كُنْتُمْ
نے ایسا اونپر اثر کیا ہو کہ سب حجاب مٹ گئے ہون ازل و ابد اون کے نزدیک ایکہو
لوی واے وہای منی کا نام نہ رہے ؎

مقام فقر بس عالی مقام ست ‏ ‏ ‏ ‏ منی ما دران منزل حرام ست

اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ تَارِكُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَتَارِكُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ کا دم بھرین اللہ نور السموات
کی تجلی ہر وقت اونکو حاصل ہو ۔ ؎

ز ہرچہ نظر کردم غیر از تو نمے بینم ‏ ‏ ‏ ‏ غیر از تو کسے باشد خفاچہ مجالست این

اہل ظاہر اونکو مجنون اور کافر کہتے ہین مجذوب بھی دو قسم کے ہوتے ہین ایک ازلی دوسرے
کسبی و بے اختیاری - ازلی وہ ہین کہ روز ازل مین نغمہ الست بربکم سنکر مدہوش ہو گئے
اور اوسی طرح عالم ارواح اور اجسام مین رہے پھر عالم برزخ مین مست الست چلے گئے ؎
سپندار انکہ مہرت از دل عاشق رود ہرگز ‏ ‏ ‏ ‏ چو خیزد مبتلا خیزد چو میرد مبتلا میرد
ایسے مجذوب کو مقامات و سیر و سلوک کی خبر نہین ہوتی اور سفر سلوک سے ہی بیخبر داہین ہوتا
اَلسَّفَرُ هُوَ تَوَجُّهُ الْقَلْبِ اِلَی الْحَقِّ وَالْاَسْفَارُ اَرْبَعَةٌ اَلْاَوَّلُ هُوَ السَّیْرُ اِلَی اللّٰهِ مِنْ مَنَازِلِ
النَّفْسِ اِلَی الْوُصُوْلِ بِالْحَقِّ الْمُبِیْنِ وَهُوَ نِهَایَتُ مَقَامِ الْقَلْبِ وَمَبْدَأُ التَّجَلِّیَاتِ الْاَسْمَائِیَّةِ
اَلثَّانِیْ هُوَ السَّیْرُ فِی اللّٰهِ بِالْاِتِّصَافِ بِصِفَاتِهٖ وَالتَّحَقُّقِ بِاَسْمَائِهٖ اِلَی الْاُفُقِ الْاَعْلٰی
وَهُوَ نِهَایَتُ الْحَضْرَةِ الْوَحْدَانِیَّةِ اَلثَّالِثُ هُوَ السَّیْرُ فِی الشُّیُوْنِ مَعَ اللّٰهِ اِلٰی عَیْنِ
الْجَمْعِ وَالْحَضْرَةِ الْاَحَدِیَّةِ وَهُوَ مَقَامُ قَابَ قَوْسَیْنِ بِالتَّقْیِیْدِ الْاِثْنِیْنِیَّةِ فَاِذَا ارْ

لنضجہٖ فہو مقام اَو اَدنیٰ وھو اولاٰیت السفل لِماَ لحِ ھو سَیرٌ باللّٰہِ عن اللّٰہِ للتکمیل وھو مقام البقا بعد الفنا والفرق بعد الجمع بعض آدمی ظاہر مین اولیا اللہ کو صرف لباس ظاہری سے پہچانتے مین جسکو دلق پوش ردا بردوش دیکھتے ہین گو وہ کمالات باطنی سے بالکل بے بہرہ اور معرا ہو مگر اوسکو ولی جانتے مین ایسے لوگ لباس پرست کہلاتے مین ؎

درویش نہ کہ شنود و گفتار بود — نے ذکر زبان وخش و دستار بود
ہر دل کہ حضور یافت بیدار بود — باقی ذکر خیال و پندار بود

اور جو قبا پوش اور لباس فاخرہ رکہتا ہو گو وہ کیسا ہی اہل باطن اور صاحب کمال ہو اوسکو زمرہ عوام الناس مین سمجہتے ہین بعض اہل باطن ایسے بہی ہوتے ہین کہ اپنے حال باطنی کو مخفی رکہنے کے واسطے لباس فاخرہ پہنتے ہین اور پردہ قبا مین اپنے باطن کو چہپاتے ہین لباس ظاہری کی کچہہ شناسائی نہین ہے ۔

ہر کہ مردان الہی را شناسد در لباس — راست چون کوری کہ جوب عصا رہبر ست
بو الہوس از زندہ پوشیدن نگردد زندہ دل — کے رسد در شہپر عنقا مگس گر پر ست

مجذوبون کو اکثر مکاشفہ کونی ہوا کرتا ہے ذاتی مکاشفہ انکو نہین ہوتا مجذوب کسبی وہ ہے کہ عالم اجسام مین باہوش آیا اور کسی بزرگ سے بیعت کی اور اوسکی تعلیم سے جب غلبہ ورود حالات وواقعات ہونے لگا اور اوسکا متحمل نہوا مجذوب ہوگیا یا کسی مست مجذوب کی نگاہ دفعتاً پڑگئی اوسکا تحمل نہوا حالت جذب طاری ہوئی مجذوب ہوگیا مجذوب سے سلوک کے طریقہ کا فیض نہین ہوتا اگر ہوتا ہے تو جذب کے طور پر ہوتا ہے ۔ حضرت ابو احمد دلی قصار رحمت اللہ علیہ سے طریقہ ملامتیہ کی شہرت رہی سلسلہ ملامتیہ مین یہہ بڑے صاحب کمالات ہوئے ہین ۔ یہہ سلسلہ الملامت ترک السلامت کا پابند ہے اپنی مالوف ومانوس چیزون سے قطعی مفارقت رکہتا ہے طبیعت کو خلق سے قطعی جدا کرتا ہے سب سے انکو گستگی اور حق سے پیوستگی ہوتی ہے جن باتون پر اہل سلامت مائل ہوتے ہین یہہ اوس سے نفرت رکہتے ہین ۔ انکی غرض ملامت

کشی سے بظاہر آپ کو خوار کرنا اور نفس کو با ادب بنانا اور مدعائی اصلی کی طرف رجوع ہونا
اور سب سے انقطاع کر کے حق کے خیال مین محو ہونا ہے۔ نقل حضرت ابراہیم ادہم رحمت اللہ علیہ
کسی شخص نے سوال کیا۔ کہ تنے کبھی اپنے نفس کو حصول مراد تمام سے خوش بھی پایا ہے فرمایا
دو بار ایکبار مین کشتی مین سوار تھا۔ اور کوئی اہل کشتی مین مجکو نہ جانتا تھا کپڑے میرے بوسیدہ
تھے اور بال بڑہے ہوے تھے اہل کشتی مجھ پر خندہ کرتے تھے۔ اور اس کشتی مین ایک
مسخرہ بھی تھا وہ بار بار میرے پاس آتا تھا اور میرے بال پکڑ کر کھینچتا تھا اور اکثر بال
اسیطرح توڑ ڈالے۔ مین اوسوقت نہایت خوش تھا۔ اور میرا نفس نہایت بامراد تھا
اور ایکبار بارش ہوتی تھی اور مین ایک گانون مین پہونچا موسم سرما تھا سردی کی شدت
تھی اور کپڑے میرے بارش مین تر ہو گئے تھے مین ایک مسجد مین جا بیٹھا اوس گانون
کے باشندون نے مجکو اوٹھا دیا مین دوسری مسجد مین گیا وہان سے بھی اوٹھا یا گیا سردی
نے بہت اوسوقت تکلیف دی ناچار مین ایک گرمابہ کے سامنے جا بیٹھا تمام میرے کپڑے اور
میرا چہرہ دہوئین سے سیاہ ہو گیا اوسوقت بھی میرا نفس بہت خوش تھا اور حصول
مراد سے کامیاب تھا۔ مردان کامل مدح و ذم کی پروا نہین کرتے خواہ کوئی برا کہو یا بھلا کہو
اپنے حال مین خوش رہتے ہین اپنے آپ کو نہایت کمتر اور خاکسار جانتے ہین۔ نقل ایک اعرابی
بادیہ کی طرف سے آیا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اپنے مکان کے دروازہ پر رونق افروز
تھے اوسنے آپ کو برا کہنا شروع کیا آپ نے غلام سے فرمایا کہ اسکو بدرہ سیم لا کر دو جب
غلام نے وہ نقد اوسکو دیدیا حضرت نے اوس سے عذر کیا کہ اسوقت یہی موجود ہے
لیجاؤ اور اگر اور کچھ ہوتا تو وہ بھی پیش کیا جاتا ہم سمجھ گئے کہ تو یا تو گرسنہ ہے یا تشنہ
ہے یا کوئی معاملہ تجکو پیش آیا ہے اعرابی ارشاد سنکر بولا اشہد انک ابن
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مین فقط حلم کے تجربہ کے لیے آیا تھا۔

بیان خاندانون کا کس کس بزرگ سے کونسا خاندان منسوب ہے

ایک روز ایک طالب نے عرض کیا کہ بیعت کس خاندان مین ہونا زیادہ تر مفید ہے اور سب خاندان اہل تصوف کے کتنے مشہور ہین ارشاد ہوا کہ سب خاندانون کی مرجع و مآب فخر العالم سرور کونین شفیع المذنبین خاتم النبیین رحمت اللعالمین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور کمال انسانی منحصر ہے جناب سرور عالم کے اتباع پر اور خلفای راشدین وائمہ معصومین واولیاے متقدمین ومتاخرین کی پیروی پر اور سرور کونین کی متابعت دو صورت پر ہے ایک ظاہراً دوسرے باطناً ظاہری اطاعت مرتبہ نبوت کی اطاعت ہے اور باطنی اطاعت مرتبہ ولایت کی متابعت ہے اطاعت مرتبہ نبوت یہہ ہے کہ جو کچھ حضرت رسالت پناہ صلعم کو واسطہ جبرئیل علیہ السلام احکام شرعی اوس عالم سے پہونچے اور مخلوق اوس سے مستفیض ہوئی اوسکو بدل وجان پورا کرے اور مرتبہ اطاعت ولایت یہہ ہے کہ مقام لی مع اللہ سے بیواسطہ جبرئیل فیض اسرار توحید جو کچھ سرور دارین پر پہونچے اونکو حق جانے اَلْوِلَایَۃُ اَفْضَلُ مِنَ النُّبُوَّۃِ اسی سے مراد ہے اطاعت نبوت سے تمام عالم بہرہ یاب ہوتا ہے مگر مرتبہ ولایت سے جماعت قلیل فیض یاب ہوئی ہے متابعان احکام ظاہر ارباب ظاہر کہلاتے ہین اور مطیعان لطایف باطن اہل باطن مشہور ہین فرقہ اول کا مدار اجماع و دلایل اور قیاس پر ہے اور فرقہ دوم کا مدار اجازت اور اخلاص پر فرقہ صوفیہ صورتاً اور معناً متبع خاص سرور کائنات ہے اسی لئے طالب سلوک پر لازم ہے کہ احوال اور اقوال عقاید صوفیہ سے بخوبی مطلع رہے اور اون کی قدم بقدم صراط مستقیم پر سلوک کرے

حضرات صوفیہ خواہ حنفی ہون خواہ شافعی خواہ حنبلی خواہ مالکی متبع اطاعت تصوف ضرور ہوتے ہین **نقل** خواجہ ابوالحسن حصیری سے جو حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ کی اکمل خلیفہ تھے کسی نے سوال کیا کہ تم کس مذہب پر ہو جواب دیا پہلے حنفی تھا پھر شافعی کی اطاعت مین رجحان رہا اب ایسی باتون مین مصروف ہون کہ کوئی بحث مذہبی یاد نہین آتے سایل نے پوچھا وہ کون باتین ہین جواب دیا وہ مذہب تصوف ہے

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ	چون ندیدند حقیقت رہ فسانہ زدند

نقل کسی شخص نے سوال کیا کہ کیا کہتے ہو اوسکے حق مین کہ جو کہتا ہو امام ابوحنیفہ چشم راست میری ہے اور امام شافعی چشم چپ جواب دیا کہ چشم چپ اوسکی کور ہو جائے تاکہ دونون کو ایک آنکھ سے دیکھی حضرات صوفیہ صوزنا مذہب حنفی اور شافعی وغیرہ کے اتباع پر مستقیم ہوتے ہین اور سرمو تفاوت نہین کرتے اور معنا عبادات وعقاید صوری ومعنوی مین قدم بقدم اپنی شیخ کے چلتے ہین اور اسی طریق کا نام صراط مستقیم جانتے ہین اور خلاف طریقہ شیخ اقتدا کسی کی نہین کرتے حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی کہ اکمل اولیای خاندان چشت سے ہین لطایف اشرفی مین فرماتے ہین

بدان کاندر جہان ازروی تحقیق	گرفتہ ہر یکے پاکیزہ مذہب
ہمہ اصحاب واہل وجد وعرفان	تفاخر می کنند باہم زمنصب
اگر دارند ذوق از مشرب ما	گذارند مذہب وگیرند مشرب

پھر نہج اتباع کاملین مخنثون کو مرد اور مردونکو شیر مرد اور شیر مردونکو فرد اور فردونکو اہل درد بناتا ہے۔

کفر کافر را ودین دیندار را	ذرہ دردی دل عطار را

معلوم کرنا چاہئے کہ حضرت مظہر العجایب علی کرم اللہ وجہہ کے چار خلیفہ ہو وہ چار پیر

کہلاتے ہین امام حسن - امام حسین - خواجہ کمیل ابن زیاد - امام حسن - کہتے ہین کہ
چار پیر علاوہ حسنین کے یہہ ہین - ادیس قرنی - قاضی ابو المقدام شریح - کمیل ابن
زیاد - حسن بصری - امام حسن بصری نے امام حسن اور خواجہ کمیل سے بہی تربیت
پائی ہے اور بسبب نظر قبول حضرت اسد اللہ الغالب مقتداے مشائخ ہوئے
اور چودہ خانوادہ جو مشہور ہین یہہ سب خواجہ حسن بصری پر منتہی ہوتے ہین آپکے
دو خلیفہ تھے خواجہ عبد الواحد خواجہ حبیب عجمی خواجہ عبد الواحد سے پانچ خانوادہ
ہوئے اور خواجہ حبیب عجمی سے نو ہوئے اونمین سے اول خانوادہ زیدیان ہے
یہہ خانوادہ خواجہ عبد الواحد بن زید سے منسوب ہے خواجہ عبد الواحد مرید اور
خلیفہ حضرت امام حسن بصری کی تہی اور خواجہ کمیل بن زیاد کی صحبت سے بہی
مستفیض ہوئے اور ان سے بہی خلافت پائی اور بعد سیر سلوک صاحب ارشاد ہوئے
دوم عیاضیان یہہ خانوادہ حضرت فضیل بن عیاض سے منسوب ہے یہہ خواجہ
عبد الواحد بن زید کے خلیفہ تھے اس خاندان کے لوگ ہمیشہ مسافر اور مجرد رہے
اور رسم سوال سے انکو پرہیز رہا اور آمیزش خلق سے نفور رہے - سوم ادہمیان
یہہ حضرت ابراہیم ادہم سے منسوب ہے - انکو پہلے حضرت خضر علیہ السلام سے
فیض نصیب ہوا اور مدتون اونکی صحبت سے بہرہ ور رہے اور اونکے دست
مبارک سے خرقہ پایا پہر خواجہ فضیل بن عیاض سے تربیت اور خلافت حاصل کی
پہر سیر سلوک حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے کرکے وہ بات حاصل کی کہ ایک عالم
ان کے فیوضات سے بہرہ ور ہوا اس خاندان مین بہی تجرید اور ذکر جلی اور دنیا سے
تنفر زیادہ ہے - چارم ہبیریان یہہ خانوادہ حضرت خواجہ ہبیرۃ البصری سے منسوب
ہے اور یہہ خواجہ حذیفہ المرعشی کی مرید و خلیفہ تہی اور حذیفہ المرعشی ابراہیم ادہم کے
مرید اور خلیفہ تہے اسی خاندان مین شب و روز با وضو رہنا اور نماز حضوری زیادہ تا

ہم چشتیان یہہ خانوادہ حضرت خواجہ ممشاد علو اور میوہ اور گیاد سے اوقات بسر ہوئی دینوری سے منسوب ہی یہہ خواجہ ہبیرۃ البصری کے مرید و خلیفہ تھے اور ہبیرہ بصری حذیفۃ المرعشی کے اور وہ حضرت ابراہیم ادہم کے جو نعمت اور امانت کہ خضر علیہ السلام اور حضرت امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن امام حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور حضرت فضیل بن عیاض سے حاصل ہوئی تھے آخر حیات مین خواجہ حذیفۃ المرعشی کو عطا ہوئی اور نسبت بہ نسبت تا حال اس خاندانمین چلی آتی ہے اور ابتدائی خانوادہ چشت خواجہ ابو اسحاق شامی قدس سرہ سے ہی خواجہ ابو اسحاق ایکبار ملک شام سے بہ نیت ارادت بغداد مین خواجہ ممشاد علو دینوری کی خدمت مین گئے اور مرید ہوئے اور خرقہ خلافت لیکر بحکم شیخ چشت مین آئے اور چشتی کا خطاب لائے اور خواجہ ابو احمد چشتی کو جو رئیس چشت تھا مرید کیا اور خلیفہ بنایا اور پہر تمام خلائق خواجہ ابو احمد کی طرف متوجہ ہوئی اور خواجہ ابو احمد ابدال سے خواجہ ابو محمد چشتی اور خواجہ ابو محمد سے خواجہ ابو یوسف چشتی اور خواجہ ابو یوسف سے خواجہ قطب الدین مودود چشتی فیضیاب ہوئی یہہ پانچ اہل کمال چشت مین مشہور ترین آفاق ہوئے اور مقام چشت ہرات سے جانب شمال چالیس کوس کے فاصلہ پر ایک مقام متبرک ہے پیشوایان ارباب حقیقت اس مکان عرفان نشان مین خواب راحت مین ہین اور یہہ شہر ہرات سے چار منزل ہی پہلے منزل قریہ میروان ہے دوسری منزل میروان سے شہر آبا ہے تیسری منزل قلعہ صیبر ہے یہان مزار حضرت سلطان محمد مخدوم کا ہے چوتھی منزل قلعہ صیبر سے آبا ہے خطہ متبرکہ چشت ہے وہان ایک بڑا اونچا پہاڑ ہے اور اوس پہاڑ مین اوپر چڑہنی کی راہ ہے اور اسس پہاڑ کے درہ مین چشت کی آبادی ہے پہاڑ پر چڑہنے کی دو راہین ہین ایک راہ مین خواجگان موصوف کا مزار ہے اور اوسکے پہلو مین ایک مدرسہ اور ایک مسجد رفیع ہے کہ خواجہ مودود چشتی کے ایک معتقد نے تعمیر کرائی تھی یہہ مکان بہت بلند ہے وہان ایک درخت ہے

کہ اوسکا میوہ بعینہ فندق کی صورت ہے اوسکا میوہ بطور تبرک دور دور جاتا ہے اور بچون
کے گلے مین بطور حرز باندھا جاتا ہے سال بہر مین سات بار پہلتا پہولتا ہے کہتے ہین کہ حضرت خواجہ
مودود چشتی نے وضو کے وقت مسواک گاڑ دی تہی یہہ درخت وہی مسواک ہے قریب
اوسکے ایک پتھر ہے مایل اسبرحی کہ اکثر ابو العباس حضرت خواجہ خضر علیہ السلام اوسپر تکیہ لگاکر
بیٹھتے تہے اور حضرت خواجہ مودود سے ہم کلام ہوتے تہے ابتک اوسپر کمر لگانیکا نشان موجود ہے
جب اوپر چڑہتے ہین تو اول مزار سلطان فرس ناقہ قدس سرہ العزیز خواجہ ابدال چشتی کے
والد کا ہے۔ دوسرا خواجہ ابو احمد ابدال کا تیسرا خواجہ محمد زاہد فرزند خواجہ ابو احمد ابدال کا۔
چوتہا خواجہ ناصر الدین یوسف خواجہ مودود چشتی کے والد کا پانچوان خواجہ مودود کا۔
چہٹا خواجہ ابو احمد ابن مودود چشتی کا یہہ چہٹہ مزار پاس پاس چار دیواری پختہ مین ہین اور
بہت سے اولیاء عظام اس خاندان کے وہان دفن ہین۔ دوسری راہ سے کہ پہاڑ کو جاتی ہی
ایک چشمۂ آب شیرین جاری ہے اور خواجہ محمد زاہد کا مکان چلہ کشی ہے اور ایک باغ خواجہ
مودود چشتی کے نام کسی سلطان خراسان نے لگا دیا تہا اوسکا میوہ وقف ہے چار کوس
وہان سے مکان چلہ کشی خواجہ مودود کا ہے اور وہان دو ندیان ایک گرم ایک سرد جاری
ہین سات کوس وہان سے مکان چلہ کشی خواجہ ابو احمد ابدال کا ہے۔ جیسے خاص چشت
مین یہہ پانچ بزرگ مشہور ترین ہوئے ایسے ہی ہندوستان مین خواجہ معین الدینؒ۔ خواجہ
قطب الدینؒ خواجہ فرید الدینؒ۔ خواجہ نظام الدینؒ خواجہ علاء الدین علی احمد صابر رحمت
اللہ علیہم کامل ترین ہوئے۔ ششم عجمیان یہہ خانوادہ حضرت حبیب عجمؒ سے منسوب ہے خواجہ
حبیب عجمؒ حضرت امام حسن بصری کے عظیم القدر خلیفہ ہوئے اس خاندان مین ترک و تجرید
و استجابت دعا اور روزہ بکثرت رہا اور وحوش و طیور اس خاندان کے بزرگون سے زیادہ
مالوف و مانوس رہے۔ ہفتم طیفوریان یہہ خانوادہ سلطان العارفین خواجہ بایزید بسطامی
رحمت اللہ علیہ سے منسوب ہے خواجہ بایزید نے ایکسو تیرہ ۱۱۳ بزرگون سے استفادہ کیا اور

بارہ برس حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمت مین حاضر رہے اور حضرت حبیب
عجمی کے مرید و خلیفہ تھے۔ ہشتم کرخیان یہہ خانوادہ حضرت ابو محفوظ معروف کرخی سے منسوب ہے
حضرت امام موسی رضا رضی اللہ عنہ کے حجرہ کے برسون دربانی سے مشرف تھے اور مرید و خلیفہ
ہوئے اور بحکم امام ہمام کرخ مین جو بغداد کا ایک محلہ ہے قیام کیا اس خانوادہ مین ترک و تجرید
خلوت و تلاوت قران و ذکر و رقت و انکسار زیادہ ہے۔ نہم سقطیان یہہ خانوادہ حضرت سری
سقطی سے منسوب ہے یہہ حضرت معروف کرخی کی مرید و خلیفہ تھے اس خاندان مین صایم الدہر
وقایم اللیل زیادہ رہے دہم جنیدیان یہہ حضرت سید الطایفہ جنید بغدادی سے منسوب ہے
یہہ سری سقطی کی مرید و خلیفہ تھے کسی شخص نے حضرت سری سقطی سے دریافت کیا تہا کہ مرید
پیر سے زیادہ بہی ہوجاتا ہے فرمایا ہوجاتا ہے جیسے جنید ہے مجھ سے بلکہ حضرت جنید بغدادی الشیخ فی
قومہ کالنبی فی امتہ کا مصداق تھے توکل و ریاضت و مجاہدہ اس خاندان کا مشہور ہے یازدہم
گازرونیان یہہ خانوادہ خواجہ ابو اسحاق گازرونی سے منسوب ہے یہہ ابو عبداللہ خفیف
کے مرید و خلیفہ تھے اور ابو عبداللہ خفیف خواجہ محمد رویم کے مرید و خلیفہ تھے اس خانوادہ
والے اسماء اعظم زیادہ پڑہتے ہین اور خلق مین بہت مشغول رہتے ہین دوازدہم طوسیان
یہہ خانوادہ شیخ علاء الدین طوسی سے منسوب ہے اور یہہ مرید و خلیفہ ہین شیخ وجیہ الدین
ابو حفص کے شیخ علاء الدین سے خانوادہ طوسی منسوب ہوا ان کی سلسلہ مین سماع اور
وجد و رقص اور مزامیر سننا اور ذکر جلی کرنا اور مجاہدہ و ریاضت بہت رہا اور یہہ سلسلہ چند
واسطے سے خواجہ جنید بغدادی پر منتہی ہوتا ہے۔ سیزدہم سہروردیان یہہ خانوادہ منسوب ہے
ابو نجیب سہروردی سے یہہ وجیہ الدین ابو حفص کے مرید و خلیفہ تھے اور انکا سلسلہ شیخ جنید
پر پہونچتا ہے اور شیخ ابو نجیب بیس برس تک شب بیدار رہے چہاردہم فردوسیان یہہ خانوادہ
منسوب ہے شیخ نجم الدین کبری فردوسی سے اور یہہ ابو نجیب سہروردی کے مرید و خلیفہ تھے
اور انکے مرید فردوسی کبروی کہلاتے ہین شیخ جنید پر انکا سلسلہ منتہی ہوتا ہے الغرض

فردوسی سہروردی طوسی گازرونی سب جنیدی ہین اور جنیدی اور سقطی و کرخی یہہ چودہ خانوادہ متقدمین کے مشہور و معروف ہین اور اب تیرہ خانوادہ جو زیادہ مشہور و معروف ہین اور معمول اہل زمان ہین وہ یہہ ہین اول خاندان قادریہ غوثیہ ہے یہہ خاندان حضرت اعظم الکملا اشرف الاولیا محبوب سبحانی خلیفۃ اللہ حضرت غوث الاعظم محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی ذات بابرکات سے منسوب و مشتہر ہے آپ نے خرقہ خلافت حضرت شیخ ابوسعید مخزومی سے پایا ہے اور شیخ ابوسعید رح نے شیخ ابوالحسن علی القرشی رح کی اور شیخ ابوالحسن علی القرشی رح نے شیخ ابوالفرح طرطوسی رح سے اور اونہون نے شیخ ابوالفضل عبدالواحد تمیمی رح سے اور اونہون نے شیخ ابوبکر شبلی رح سے اور اونہون نے شیخ جنید بغدادی رح سے الی آخرہ اور جناب غوث پاک رضی اللہ عنہ نے ایک خرقہ آبائی بھی حاصل کیا ہے کہ وہ سلسلہ آپ کے والد شیخ ابوصالح سے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہے اور آپ کے اولاد مین بدستور یہی سلسلہ جاری ہے آپکے کمالات کا بیان اور اس خاندان عالیہ کی شرافت اگر بہ تفصیل لکہی جاے تو ایک کتاب مرتب ہو فقط ہدیہ ناظرین کے لئے اتنا کہا جاتا ہو کہ یہہ خاندان اشرف اور اعظم و اکمل ہے قدمی علی رقبۃ کل اولیاء اللہ شاہد حال ہے اور حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے بڑی بڑی اکابران دین خاندان چشتیہ و نقشبندیہ کو فیض و فایدہ ہوا ہے نقل ہے کہ کہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ بعد حصول خرقہ خلافت کے حضرت خواجہ عثمان ہارونی سے قصبہ جیل مین تشریف لے گئے اور حضرت غوث الثقلین کی خدمت مین پانچ ماہ اور سات روز رہکر فیضیاب ہوئے یہی حال فیضیابی کتاب سیر العارفین اور گلزار ابرار اور آئین اکبری مین درج ہے کتاب محبوب المعالی مین بحوالہ کتاب خوارق الاحباب حال فیضیابی خواجہ نقشبند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا حضرت غوثیہ سے یون لکہا ہے کہ ایک روز حضرت غوث الثقلین معہ چند مصاحبون کی بالاے بام جلوہ افروز تہے ناگاہ بخارا کی طرف نظر کرکے آپ نے فرمایا کہ بعد میرے ایک سو ستاون سال جب گذرینگے تو ایک مرد محمدی قلندری

پیدا ہوگا بہاء الدین نقشبند اوس کا نام ہوگا اور میری دولت فقر اوسکو ملیگی چنانچہ ایسا ہی ہوا
کہ جب بعد بیعت حضرت امیر کلال نے شغل اسم ذات کا تلقین کیا تو تصور نقش اسم ذات کا
آئینۂ دل مین حضرت نقشبند کی نہین جمتا تہا ایکروز جنگل مین خضر علیہ السلام انکو ملے اور فرمایا کہ
مجھے اسم اعظم حضرت غوث الثقلین سے پہونچا ہے مین تم کو بتلاتا ہون آپ اونکی طرف رجوع کرو
چنانچہ اوسی شب خواجہ صاحب جمال جہان آرای غوث الثقلین سے مشرف ہوی اور حضرت
غوث سبحانی نے انگشتان دست مبارک کہ مانند نقش اسم ذات کی ہین دکہلائین دیکہتی ہی
نقش اسم ذات ظاہر و باطن مین خواجہ صاحب کے منقش ہوگیا یہانتک کہ ہر شی مین نقش
اسم ذات نظر آنے لگا اور کمخواب مین بوقت گلکاری اوسی نقش اعظم کی گلکاری ہوئی۔

ای خواجہ نقشبند تو نقشی مرا بہ بند	نقشی چنان بہ بند کہ گویند نقشبند

اور حضرت غوث پاک کا طریقہ چارون اصحاب رسول مقبول کیطرف منسوب ہے خرقۂ صدیقیہ
حضرت کو شیخ احمد اسود دینوری نے پہنایا ہے جو حضرت ابا بکر صدیق کے سلسلہ مین تہے اور خرقۂ
فاروقیہ حضرت ابو الخیر نے پہنایا ہی جو حضرت عمر ابن الخطاب کے سلسلہ سی منسوب تہے اور خرقۂ
عثمانیہ حضرت شیخ حماد نی پہنایا ہے جو سلسلہ حضرت عثمان غنی مین داخل تہے اور طریقہ علویہ مین
اجداد بزرگوار کی طرف سے حسنیہ ہی یعنی اونکے والد ماجد ابو صالح نے خرقہ پہنایا ہی اور طریقہ
حسینیہ مین حضرت ابو سعید مبارک مخزومی نے خرقہ پہنایا ہے دوسرا خاندان یسویہ خواجہ
احمد یسوی سے منسوب ہی خواجہ احمد یسوی ترکستانی خواجہ ابو یوسف ہمدانی کے مرید و خلیفہ
ہوئے اور وہ خواجہ ابو القاسم گرگانی کی اور ابو القاسم گرگانی ابو عثمان مغربی کی اور وہ خواجہ
ابو علی کاتب کے اور وہ ابو علی رودباری کی اور وہ حضرت جنید بغدادی رح کے مرید و خلیفہ
ہوئے بعض کے نزدیک خواجہ احمد یسوی ترکستانی کا سلسلہ حضرت محمد حنیف بن علی مرتضی کرم
اللہ وجہہ پر منتہی ہوتا ہی تیسرا نقشبندیہ اس خاندان کا ظہور حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند
رحمت اللہ سی ہی اور خواجہ مذکور حضرت امیر سید علی کلال کے مرید و خلیفہ ہوی اور بعد چند روز

سا سلسلہ اس خاندان کا خواجہ ابو القاسم گرگانی پر پہونچتا ہی اور خواجہ ابو القاسم گرگانی سلسلہ بعد
تین واسطون کے حضرت جنید بغدادی پر پہونچتا ہی اور ایک سلسلہ ابو القاسم گرگانی کا حضرت
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہی چوتھا نوریہ یہہ خاندان ابو الحسن نوری سے منسوب ہے
پانچوان خضرویہ یہ خواجہ احمد خضرویہ سے منسوب ہی خواجہ احمد خضرویہ خواجہ حاتم اصم کی مرید و خلیفہ
تھے انکا سلسلہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہی چھٹا شطاریہ یہہ خاندان منسوب ہوتا انھین
شیخ عبداللہ شطار سے منسوب ہی عبداللہ شطار شیخ محمد عارف کے مرید و خلیفہ ہین انکا سلسلہ حضرت
امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہی ساتوان حسینیہ بخاریہ یہہ سلسلہ فخر المتاخرین حضرت مخدوم
جہانیان جلال بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر منتہی ہوتا ہی
یہہ حضرت نصیر الدین محمود چشتی و شیخ رکن الدین ابو الفتح سہروردی کے مرید تھے اور سلسلہ ابائی بھی
حسینی تینون سلسلہ کا شجرہ انکی مریدین مین جاری ہی آٹھوان زاہدیہ یہہ خاندان خواجہ بدر الدین
زاہد سے منسوب ہی اور بعد چند واسطون کے انکا سلسلہ خواجہ ابو محمد پر جو حضرت جنید بغدادی
کی خلیفہ دوم مین پہونچتا ہی نوان انصاریہ یہہ سلسلہ خواجہ عبداللہ انصاری سے جاری ہے
جو حضرت ابو الحسن خرقانی کی مرید و خلیفہ تھے یہہ سلسلہ بھی چند واسطون کے بعد حضرت جنید بغدادی
پر منتہی ہوتا ہی دسوان صفویہ یہہ شیخ صفی الدین اردبیلی سے جاری ہی یہہ سلسلہ عراق و خراسان
کی جانب زیادہ جاری ہی اور بعد چند واسطون کے حضرت جنید پر پہونچتا ہی گیارہوان عیدروسیہ
یہہ امیر سید عبداللہ الملقب بعیدروس سے جاری ہی اور شیخ ابو مدین مغربی پر چند واسطون کے
بعد پہونچتا ہی اور اون سے چند واسطون کے بعد حضرت جنید پر منتہی ہوتا ہی بارہوان قلندریہ اس مین
چند سلسلون کے بزرگ شامل ہین چنانچہ محمد قلندر فرماتے ہین ۔ ما ز دریائیم و دریا هم ز ماست ۔
این سخن داند کسی کو آشناست ۔ شاہ حیدر قلندر و شاہ حسین بلخی و شمس الدین تبریزی او
مولانای روم و فخر الدین عراقی و خواجہ حافظ شیرازی ہر خاندان کے شاہباز اس سلسلہ مین
شامل ہو کر قلندر کہلائی اور ہندوستان مین شاہ خضر رومی سے مشرب قلندری جاری ہوا

شاہ خضر رومی سلطان شمس الدین التمش کے زمانہ مین بلباس قلندری دہلی مین خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کی خدمت مین آئی اور مرید و خلیفہ ہوئی مگر لباس قلندری تغیر نکیا۔ بعضون نے لکھاہی کہ شاہ خضر رومی حضرت عبد العزیز مکی سے فیضیاب تہی اور عبد العزیز حضرت رسالت پناہ سے روحی فیضیاب تہی اور شاہ نجم الدین قلندر جونپوری اوسکے مرید و خلیفہ تہے اور شیخ محمود قلندر لکہنوی اور شیخ عبد الرحمان لاہر پوری اسی سلسلہ مین داخل رہے اور شاہ شرف الدین بو علی قلندر کی نسبت جو بعضون نے لکہاہی کہ یہہ مرید خواجہ قطب الدین رحمت اللہ علیہ کے ہین و بعضون نے لکہاہے کہ سلطان نظام الدین رحمت اللہ کے مرید تہی اسکی نسبت صاحب الاخبار الاخیار نے لکہاہی کہ یہہ صحیح درست نہین ہی اور صاحب سیر الاقطاب کا قول ہی کہ شاہ شرف الدین بو علی قلندر مرید اور خلیفہ حضرت شیخ شہاب الدین عاشق خدا کے تہی اور شیخ شہاب الدین ابدال کے تہی لیکن شیخ بدر الدین غزنوی کو جو خلیفہ اعظم حضرت خواجہ قطب الدین رحمت اللہ علیہ کے تہے دیکہا تہا اور شیخ امام الدین ابدال سے اگرچہ خرقہ خلافت حضرت بدر الدین کے ہاتھ سے پہنا تہا لیکن خدمت مین خواجہ قطب الدین کے بہی رہی تہے اور گوشہ نشین تہے اور عمر انکے دراز ہوئی ہی اور صاحب اقتباس الانوار لکہتے ہین کہ مینی بعض ثقات سے ایسا سنا ہی کہ شاہ شرف الدین قدس سرہ نے بلاواسطہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے تربیت پائی ہی اور جمیع کمالات اور خلافت کبری حضرت سے اونکو حاصل ہوئی ہین اور اویسی ہین۔

گر بو علی نوائے قلندر نواختی + صوفی بدے ہر آنکہ بعالم قلندر ست + حضرت فرید الدین گنجشکر کی خلفا مین سے علاو الدین علی احمد صابر اور شمس الدین ترک پانی پتی قلندر روش ہوی اور میر سید محمد گیسو دراز کا مشرب بہی قلندری تہا یہہ اشعار اون کے مشہور اور معروف ہین۔

زمین و آسمان ہر دو شریف اند + قلندر را درین ہر دو مکان نیست + نظر در دیدہا ناقص فتادہ + وگرنہ ہا مین از کس نہان نیست + میر سید محمد جعفر مکی جو حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی کے اعاظم خلفا سی ہین اسی مشرب مین تہی یہہ اشعار اون کے مشہور ہین + اندر رہ عشق سر سر نتوان رفت + بی دیدہ رہ قلندری نتوان رفت + خواہی کہ پس از کفر بیابی ایمان +

اگرچہ بدر الدین خلیفہ شیخ امام الدین

تا جان تند ہی بکافری نتوان رفت + خواجہ مسعود بک مرید و خلیفہ شیخ رکن الدین قلندر مشرب
تھے یہہ اونکا شعر مشہور ہے + مجرد شو از دین و دنیا قلندر + کہ راہ حقیقت ازین ہر دو برتر +
شیخ عبد الحق ردولوی اور شاہ نعمت اللہ ولی کا یہی مشرب تہا قلندریہ کوئی خاص طریقہ نہیں ہے
بلکہ جب صوفی منتہی مقصد اصلی تک فایز ہوجاتا ہے قلندر ہوجاتا ہے ذکر قلندر حق ہے۔
دین قلندر۔ دانا ہی جو سب سے توانا ہے دنیائی قلندر تفرید ہے کہ مشعر توحید ہے۔ علم قلندر
صحو ہی۔ عمل قلندر محو۔ راہ قلندر عشق۔ اور العشق ہو اللہ شاہ حسین بلخی فرماتے ہیں۔
قلندر کے بیاید در عبارت + قلندر کے بگنجد در اشارت + شیخ شہاب الدین رحمت اللہ علیہ کا
قول ہے کہ فرقہ قلندریہ کو طیب قلب اور سرور دل حضور حق اور مشاہدہ دوست اسقدر
حاصل ہوتا ہے اور ایسا شکر حال اور مستی باطن غلبہ کرتی ہی کہ اعمال ظاہری یعنی نوافل
اور آداب تناول اور لذت مناجات مین قلت ہوجاتی ہے اور بے باک ہوجاتی ہیں اور سرور
حضور باطن پر کفایت کرتے ہین مگر ترک فرایض نہین کرتے اور شیخ عبد القدوس گنگوہی فرماتی
ہین کہ ہمنے فرقہ قلندریہ کو دیکہا اور سنا کہ ترک فرایض ہی انسی ہوجاتا ہی مگر ہم ترک فرایض کا
طعن نہین کرسکتے کیونکہ حق تعالی نے انکو مرتبہ روحی ایسا عطا فرمایا ہے اور ایسی قدرت
دی ہی کہ ایک حال اور ایک وقت مین تجسد ارواح آپکو چند جا دکہا سکتے ہین اگر ایک مقام
پر ترک فرایض کرتے ہین کیا عجب ہی دوسرے مقام پر ادائی فرایض کرتے ہون۔ تیرہوان
مداریہ یہہ خاندان حضرت بدیع الدین مدار سے جاری ہی یہہ حضرت بدیع الدین مدار ابن ابو
اسحاق شامی ہارون علیہ السلام برادر موسی علیہ السلام کی اولاد سی تہی اور حذیفہ مرعشی شامی
کے شاگرد تہے اور توریت و انجیل و زبور سی بہی واقف تہے اور اپنے وقت مین قطب مدار تہے
انہون نے تکمیل ارشاد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روح اطہر سی حاصل کی ہے۔ اور علاوہ
انکے اور بہت سی خانوادہ ہین۔ رضویہ اویسیہ شرنجیہ کمیلیہ قاقیہ سکینیہ حرازیہ رکنیہ
نوریہ باخرزیہ خلوتیہ کروبیہ برخشیہ زرکوبیہ احمدیہ صادقیہ سعدیہ قشریہ دقاقیہ حمویہ

لائے ہوتے تو پہلے ہی مانگی تہی مگر تمنے ہمارا اعتبار نکیا کرامت ۱۸ ایک روز شاہ
شرف الدین بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر حسب عادت معمولی حضور ثقلین
پڑہ رہے تہے پیرجی یعقوب علی صاحب وہان حاضر تہے بعد فراغت نوافل کے پیرجی
صاحب سے فرمایا کہ آپکے کوئی لڑکا بالا ابتک نہین ہوا پیرجی نے عرض کیا کہ سولہ
برس شادی کو ہوچکے ہین مگر ہنوز کچہہ پیدا نہین ہوا اس بات کو سنکر خاموش ہو رہے جب
حجرہ مین تشریف لائے ایک شخص الائچی دانہ لیکر آیا اونمین سے دو الائچی دانہ آپنے
اٹہا لئے اور باقی فرمایا کہ تقسیم کردو وہ دونون الائچی دانہ پیرجی صاحب کو عنایت فرمائے
اور فرمایا کہ تم اپنے گہر کرانہ کو جاؤ ایک دانہ تم کہانا اور ایک اپنی بیوی کو کہلانا مکرر سکرر جب
تاکید فرمائی پیرجی رخصت ہو کر چلے بوقت رخصت یہہ شعر پڑہا +

تو عزم سفر کردی رفتی ز بر ما
البتی گہر خویش شکستی کمر ما

اس شعر کو سنکر حاجی عبد القادر اور محمد تقی اور مولوی فتح محمد اور بوعلی قریشی صاحبان
حاضرین خدمت نے عرض کیا بات ہے آپنے فرمایا کہ یہہ شعر بچپن کا ہمکو یاد آگیا
پیرجی صاحب گہر جاکر اب چلے آوینگے انکی بیوی انکو یاد کرتی ہوگی پیرجی صاحب کرانہ
مین جاکر پندرہ روز تک رہے اور پہر چلے آئے پہر کرانہ سے آدمی آیا کہ اہلخانہ پیرجی
صاحب بیمار ہے پیرجی صاحب پہر گہر گئے جب علاج کرانا چاہا معلوم ہوا کہ حمل ہے
بعد انقضائی مدت معہودہ کے لڑکا پیدا ہوا اوسکا نام حضرت نے محمد اصغر رکہا +
کرامت ۱۹ ایکبار پیرجی محمد یعقوب علی صاحب کے گہر مین لڑکی پیدا ہوئی عصمت
عفت پناہ راسخ الاعتقاد پاک نہاد عابدہ زاہدہ عقیلہ فہیمہ بی بی محمدی صاحبہ نے اوس
دختر کو مائی رمضانو کے ہاتہہ خدمت مین بہیجا فرمایا کہ ہماری دعا کا ہی عجب حال ہے
مارین سر مین لگے پاؤن مین + اور فرمایا ے جو ہین اوسکے منہ سے نکلا صبح نہین اشام
نہین بدہ پہر مائی رمضانو سے فرمایا کہ اسکو لیجاؤ جب پیرجی حضرت کے روبرو آئے

الا گر طلبگار اہل دلی ٭ ز خدمت مکن یک زمان غافلی ٭ خورش دہ بہ دراج و کبک حمام ٭ کہ یک روز افتد ہمای بدام ٭
مشائخ بجان طالب ہر کس اند ٭ کہ باشد کہ روزی بمردی رسند ٭ جز قلب تیرہ ہیچ نہ شد حاصل و ہنوز ٭
باطل درین خیال کہ اکسیر می کنند ٭ چاشنی درد عشق قابل ہر سفلہ نیست ٭ زہر در خوان شہان نایاب ہمو راد مند ٭
ہر کرا آئینہ صافی نشد از زنگ ہوا ٭ دیدہ اش قابل رخسارہ حکمت نبود ٭ وآنکہ خبر آن ندارد کہ آبش نبرد گر عشق ٭
تیرہ آن دل کہ درو نور مودت نبود ٭ مردان خدا کی قائم مقامی اور جانشینی کے واسطے لیاقت کمالات
باطنی درکار ہے مردان خدا جیسے شیر مرد و فرد یکتای روزگار ہوتے ہیں ویسا ہی اونکا جانشین ہونا چاہیے کیونکہ شیر
کا بچہ شیر ہوتا ہے نہ بھیڑ اور شیر کا بیٹا ور مردیت کا کام شیر ہی کر سکتے نہ لومڑی یا گیدڑ سے ہو سکتا ہے ٭ ب
چرغ و شاہین اند سودائے گل ست ٭ زاغ و کرکس را نہ بانگ بلبل ست ٭ چہ قدر از گنج خرابہ گر نصیب ٭
بزم شہزادہ رخور آید عندلیب ٭ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جسطرح علم ظاہری کو طالب علم استاد سے
پڑھ کر مرتبہ تکمیل و تحصیل تام کو پہونچکر پھر اوروں کو درس و تدریس علم سے بہرہ یاب فرماتا ہے اسی طرح
طالب راہ حق جب بطریقہ سلوک فیضان صحبت پیر کامل و مکمل سے مرتبہ کمال حاصل کرتا ہے
تب اوروں کو فیض رسانی کے لائق ہوتا ہے بغیر تحصیل و تکمیل علم کی خواہ ظاہری ہو
یا باطنی دوسرے کو مستفید اور مستفیض نہیں کر سکتا ٭ دعوتے ناکردہ خود را از خودی خود بحق ٭
خلق را دعوت بحق کردن بود از ابلہی ٭ بعض بزرگان دین بدریافت حال لیاقت طالب اپنی
طرف سے اجازت خلافت دیدیتے ہیں بعض بغیر حکم حق اپنی طرف سے اجازت نہیں دیتے اور بعض
بزرگ بغیر حصول اجازت حق تعالی کے ہدایت مخلوق کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ایک بار سید
اعظم علی شاہ صاحب رحمت اللہ علیہ نے ہمراہ پانی پت میں ہمکو لائے اور قلندر صاحب کے مزار پر چلہ
کرایا چلہ کے آخری دن ایک شخص مجذوب جسیم سانولی صورت گیسو دراز الجھے ہوے بال
بڑے قد و قامت کے پر رعب تشریف لائے اور ہمسے انہوں نے فرمایا کہ او سید ہم تمہیں
تعلیم کرینگے اتنے میں ایک اور شخص نہایت خوب صورت سفید ریش سبز لباس پہنے ہوے نہایت ضعیف
العمر ناتوان چہرہ پر جھریاں پڑی ہوئی پیشانی روشن عصا کے سہارے سے آہستہ آہستہ چلتے

خدمت مین نہین جاتی کہ ہم تو خود پیر طریقت ہین اور بہت سے آدمی ہمارے مرید ہین اور ہمکو پیر کہتے ہین اگر ہم بارادہ حصول فیض و فائدہ کسیکی خدمت مین جاوینگے تو مرید ہمارے ہمسے پھر جاوینگے اور بد عقیدہ ہو جاوینگے اور یہہ نہین سمجھتے کہ یہہ کیسے پیر ہین یہہ تو خود طالب بنتے پھرتے ہین ع گنبد مسجد شہر از ہمہ فاضل تر بود * گر بعمامہ کسی کوس فضیلت میزد * نقل ایک بزرگ بہادر علی شاہ نام حضرت شاہ بھیک رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ پر بمقام تھسکہ رہتے تھے اور سجادہ نشین تھے انہون نے جب تعریف میان احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی سنی جو ایک بزرگ نامی گرامی خطہ دلپذیر کشمیر مین تھے کشمیر جانیکا ارادہ کیا اور اپنے ارادہ کا حال ہم سے بیان کیا ہمنے کہا اگر تمکو خدا کی طلب ہے اور تم یہہ چاہتے ہو کہ دوستان خدا کی خدمت مین بارادہ حصول فیض و فائدہ جا بجا جائین تو سجادہ نشینی کا مقید ہونا نہین چاہیے تھا ایسی صورت مین اگر تم کشمیر جاؤگے تو جملہ مرید اور معتقد تمہارے تم سے برگشتہ ہو جاوینگے اور یہہ کارخانہ تمہارا درہم برہم ہوگا اور احمد شاہ صاحب کا تمکو حال معلوم نہین ہے کہ وہ توجہ اور التفات از راہ باطن فرماوینگے یا نہین اگر بزرگان دین کی خدمت مین جایا چاہتے ہو تو سجادہ نشینی کو چھوڑ دو پھر جہان چاہو چلے جاؤ ورنہ خاموش ہو کر بیٹھے رہو میان بہادر علی شاہ اسکو سنکر اور اپنے دلمین کچھ سمجھ کر خاموش ہو رہے اور کشمیر کو نہ گئے جو طالبان صادق خاص ذات خدا کے ہین انکو سوائے ذات خدا کے اور کسی طرف متوجہ ہونا نہین چاہیے اور اسی طرف سے ہرگز خواہشمند خلافت و اجازت نہونا چاہیے کیونکہ پیر طریقت ہونا بازی طفلان نہین ہے یہہ ایک خدمت عظیم ہے اسکو بڑی لیاقت کمالات باطنی کی چاہیے یہہ کار نیابت جناب رسول مقبول ع کا ہے اگر خدا تعالی فضل فرماوے اور کمالات باطنی سے بہرہ یاب کرے اور بعد حصول کمال کے دعوت اور ہدایت مخلوق کا حکم از طرف حضرت حق صادر ہو اور پیر طریقت کامل مکمل لائق سمجھ کر اجازت مستقل دے تب اسکام کو کرے تو مضائقہ نہین ہے ورنہ بغیر حصول لیاقت بجز ندامت دارین کے اور کچھ حاصل نہین ہے *

ع تا مرتبہ کمال حاصل نکنی * باید کہ دم از حقیقت زنی * مردان ہمہ در دعوی مردی چو زنند *
تو خود چہ زنی دم کہ نہ مردی نہ زنی * سعادت ازلی بکسب نتوان یافت * کز زاغ از خورش استخوان ہما نشود *


جو طالب عقیل اور فہیم ہوتے ہین وہ اہل ہونیکا شوق رکھتے ہین نہ اہل اجازت ہونے کا ع

حیدریہ مرشدیہ طاؤسیہ جلاجیہ مولویہ عشقیہ بدویہ باقریہ جعفریہ موسویہ عیاضیہ طبقاتیہ
شبلیہ بیضاویہ مغربیہ حافظیہ رفاعیہ ساد انیہ بیابانیہ محققیہ موحدیہ
واصلیہ تجاریہ جلالیہ جمالیہ وبکریوسیہ قاسمیہ جرونیہ قریشیہ سعدیہ ملائیہ وغیرہ
المختصر سب خاندان بہتر اور خوشتر ہین طالب جس خاندان مین چاہیے مستفیض
ہووے راہ خدا تعالے کی تعلیم سب مین موجود ہے کوئی لطایف فیوضات اور
شرایف اسرارات سے خالی نہین عموماً جسکی تقدیر مین جس خاندان سے
فیض وفایدہ ہونا روز ازل لکہا گیا ہے وہ اوسیکے موافق اپنی مدعای دلی
کو پہونچ جاتا ہے اور دامان مراد کو گل حصول ازروے پر کرتا ہے جو سلسلے
حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابا بکر صدیق سے جاری ہوئے ہین واسطے
فائدہ ناظرین کے اونکے شجرے سلسلہ وار شامل کئے جاتے ہین۔

اسمائی خانوادہ ہائی دیگر

اور شجرۂ خاندان قادریہ وچشتیہ ونقشبندیہ بہی اسی مین شریک ہین۔

شجرہ طیبہ خلفاے راشدین امیر المومنین اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب ابوتراب و حیدر کرار کرم اللہ وجہہ



شجرہ طیبہ خاندان نقشبندیہ خواجگان طریقہ نقشبندیہ کی چار طرح پر انتساب ہے اول بخضر علیہ السلام
دوئم بشیخ جنید قدس سرہ سوئم بشیخ بایزید بسطامی تا امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ چہارم بامام
جعفر صادق تا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ



شجرهٔ خاندان طیبہ قادریہ جو جناب منشی فضل رسول صاحب نے وقت ترتیب کتاب ہذا نظم فرمایا ہے

ثمر رحمت است و اجر جبرئیل		شجرهٔ وصف ذات رب جلیل	
اے تجلی ذات تو ہر سو		وحدہ لا الہ الا ہو ؛	
اول و آخر و ظہور و بطون +		بجلال و جمال و جملہ شیون	
قایم و بے زوال و بے پایان		غیر تو کل من علیہا فان +	
نیست جای کہ نیست ذات احد		لیس فی الدار ماسوائی صمد	
فارغی از بلندی و پستی		ہستی ہر جا ولی نشان ہستی	
جلوهٔ ذات تست اے یکتا		جلوه ہاے صفات و ہم اسما	
چون ظہور تو ہست رنگارنگ		در غم درک اوست دانش دنگ	
چو بشان کرم شدی ظاہر		از احد گشتی احمد طاہر	رسول اصلی اللہ علیہ وسلم
عز لولاک مصطفائی تست		لافتا شان مرتضائی تست	علی کرم اللہ وجہہ
رحمت عام بر زمین و زمن		پر جہانی ز فیض خلق حسن	حسن البصری رح
ہم بذات و صفات بوالعجبی		عزلی گہ شدی و گہ عجمی	حبیب عجمی رح
گاہ ساجد شدی و گہ مسجود		گہ سلیمان شدی و گہ داؤد	داود طائی رح
ہمہ عالم بذکر تو مصروف		ہم توئی عارف و توئی معروف	معروف کرخی رح
صاحب سری آنچنان ای شاہ		نیست کس از حقیقتت آگاه	سری سقطی رح
صوفی صافی و ہو اللہ دان		جلوہ ات در جنید شیخ زمان	شیخ جنید رح
صدق ابوبکر مز وحدت تست		شیر مردئی شبلی قدرت تست	ابوبکر شبلی رح

لمن الملک گو تو لیل و نہار	بر نوز یباست واحد القہار	عبدالواحد رح
یفعل اللہ ما یشاء و برید	فرح و حسرت ز حکم تست پدید	ابو الفرح رح
ہمہ خوبی و جمال و جلال	بو الحسن ہم توئی بہر منوال	ابو الحسن رح
خود شدی قابل کمال قبول	حامی و ہم محی دین رسول	شیخ عبدالقادر رضہ
شیخ و ہم عبد و قادر جیلان	ای ظہور تو ہست در ہمہ شان	
نیست غیر تو در ہمہ آفاق	ہم توئی خالق و توئی رزاق	عبدالرزاق رح
ہمہ از تست اسعد و صالح	ہمہ از تست صالح و طالع	ابو صالح رح
لم یلد ہم توئی و لم یولد	گہ احد باشی و گہے احمد	شاہ احمد رح
غمزہ ناز تو ثواب و عقاب	حسن ذات تو حسن نجم و شہاب	شیخ شہاب الدین رح
ہم توئی آسمان و ماہ مبین	ہم توئی مہر و مور و شمس الدین	شمس الدین رح
شد ز الطاف و رحمت باذل	ہمہ عز و علاء دین کامل	علاء الدین رح
شد ز نور محمدت پر نور	ہمہ عالم بحسن جلوۂ طور	نور محمد رح
ہم توئی عابد و توئی معبود	ہم توئی حامد و توئی محمود	سید محمود رح
کلمہ لا الہ الا اللہ	بر جمال و جلال تست گواہ	عبدالجلال رح
از انا سرہ شدم آگاہ	ہست انسان بی بہاء اللہ	بہاول شیر قلندر
ہرچہ گویم از ان توئی عالی	ہم معالی و اعظم اے والی	ابو المعالی رح
گاہ باشی جلیس عرش کریم	گاہ در قلب اہل قلب مقیم	شاہ مقیم رح
ہمہ اسرار و رمز کن فیکون	چہ کثیف و لطیف و رشت لون	عبداللطیف رح
خلق کردی ز شان قدرت خویش	مال و دولت تو نگر و درویش	درویش محمد رح
ہمہ انوار نور ذات صمد	جلوۂ حسن عزت احمد	احمد شاہ رح
صمدی و لطیف و پاک از ظن	مدح ذات تو کی توان کردن	عبداللطیف صبح شاہ رح

جلوۂ ذات تست در عالم
جلوۂ ذات تو خفی و جلی
ہمہ نام و جلوہ ہائے صفات
می شناسم ترا تو ئی ہر جا
بر رحم بخش رنگ حسن قبول

ہمہ ادنےٰ و اعلےٰ و اعظم
آنکہ نامش نہادہ غوث علی
ہمہ شان و غمزہ ہائے ذات
کشف ذاتم بلطف خویش نما
بکبریائی خویش و فضل رسول

میر اعظم علیشاہ رح
غوث علیشاہ رح

شجرہ طیبہ قادریہ بزبان اردو

الٰہی تو ہے کریم اور رحیم اور غفار	الٰہی تو ہے خبیر اور بصیر اور ستار
بحق جلوۂ توحید ذات و حسن صفات	بحق سید ابرار احمد مختار
بحق آل رسول مکرم و اصحاب	بحق مظہر اسرار حیدر کرار
بحق تاج سر اولیا حسن بصری	بحق خواجہ حبیب عجم کرم آثار
بحق صاحب صدر کمال دین داؤد	بحق حضرت معروف عارف اسرار
بحق قدوۂ اہل صفا سری سقطی	بحق شیخ جنیدان مرفع انوار
بحق حضرت ابو بکر شمع بزم وفا	بحق عبد الواحد خزانۂ اسرار
بحق ابو الفرح محرم حریم جلال	بحق ابو الحسن محو رحمت غفار
بحق مطلع انوار ذات و جلوۂ ذات	(ابو الحسن قرشی ہکاری) ابو سعید مبارک سعید نیک آثار
بحق قطب الاقطاب و قبلۂ عالم	جناب عبد القادر سحاب رحمت یار
بحق عبد الرزاق شاہد جبروت	بحق حضرت ابو صالح قدوۂ ابرار
بحق محرم اسرار ذات شاہ احمد	عزیز اہل وفا و صفا و اہل وقار
بحق مجتہد اولیا شہاب الدین	انیس و ہمدم بزم وصال و پاک عیار

بحق مہر عروج کمال شمس الدین
بحق محتشم محرم علاء الدین
بحق حضرت محمود و حضرت عبید جلال
بحق شیر قلندر بہاول ذی جاہ
بحق شاہ معالی مہبط اکرام
بحق حضرت سید مقیم محکم دین
بحق حضرت سید امیر بالا پیر
بحق منفرد صفیائی دین درویش (درویش محمد)
بحق حضرت عبد اللطیف (دوم) محو جمال
بحق مظہر اظہار فیض احمد شاہ
بحق مرشد برحق فروغ جلوۂ حق
انیس پردۂ وحدت جلیس بزم جمال
رفیق منزل تحقیق و رہبر تدقیق
جناب سید غوث علی قبلۂ جان
نگاہ لطف سے سرشار کر دل بیتاب
کرم سے فیض سے الطاف خاص سے اپنے
غریق بحر الم ہوں نجات دے غمسی
ہے نکوئی الم مجکو دین و دنیا کا
نبی ظہور ہر ایک طرح بندہ تسلیم

ظہور جلوۂ انوار فیض و فیض آثار
بحق نور محمد (۳) مرتفع انوار
غریق لجہ تحقیق و زبدۂ احرار
فروغ جلوۂ انوار و مہبط انوار
ستودہ علم و ستودہ عمل ستودہ وثار
انیس بزم صفا محو جلوۂ آثار
بحق سید عبد اللطیف (بری) صادق کار
بحق احمد شاہ خاص محرم اسرار
جلیس بزم کمال و محامد بسیار
بحق سید اعظم علی عزیز آثار
رفیق و ہادی توفیق و ناظر انوار
عروج نشۂ کیف فیوض فیض اظہار
پناہ مشرب حق ہادی صغار و کبار
چراغ مجلس وحدت فروغ بزم وقار
جمال فیض سے سیراب و شاد جان زار
بنا نگاہ تمنا کو ناظر انوار
ہوں کاش لطف و کرم سے تری ستودہ عیار
ہزار جان سے تیری رحمتوں پہ دل ہو نثار
رہے ظہور ہر ایک لحظہ تیرا شکر گذار

شجرہ نسبی مرشدی و مولائی مدظلہ

بحق رحمت عام خود ایزد غفار ۔ بحق شافع کونین احمد مختار
بحق فاطمۃ الزہرہ بنت پاک رسول ۔ بہار گلشن لولاک و نجم اوج قبول
بحق گلبن باغ علی فخر زمن ۔ شہید عشق خدا حضرت امام حسن
بحق جلوۂ خورشید اتقا و صفا ۔ بہار باغ نبی حضرت حسن مثنیٰ
(موسیٰ سید محمد)
بحق رہبر راہ خدا و حق آگاہ ۔ جناب سید ذیشان محض عبداللہ
بحق سید موسیٰ کلیم طور کمال ۔ بحق سید عبداللہ محو ناز جلال
(عبداللہ ثانی)
بحق سید موسیٰ دوم خجستہ شعار ۔ بحق سید داؤد پیر اہل وقار
بحق حضرت سید محمدؐ اہل کمال ۔ عزیز بزم صفا محرم حریم جمال
(عرف رومی)
بحق حضرت سید محمد زاہد ۔ بحق سید عبداللہ عاشق واحد
(ثالث)
بحق سید موسیٰ شہیر با جیلی ۔ بحق سید ابو صالح عارف گیلی
بحق قطب الاقطاب غوث صمدانی ۔ جناب عبدالقادر حبیب سبحانی
بحق سید عبدالوہاب محو رؤف ۔ بحق سید صوفی ابو نصر معروف
(معروف سیف الدین) (نظر الدین)
بحق سید احمد انیس بزم وصال ۔ بحق سید مسعود نذر ناز جمال
(عرف سید حمید الدین) (عرف نور الدین)
بحق سید سید علی نیک سیر ۔ بحق حضرت سید امیر خوش جوہر
(عرف محمد صالح) (عرف عبداللہ حسن ۔۔۔ مکی)
بحق سید والا تبار شمس الدین ۔ جلیس بزم صفا محرم رموز و امین
(عرف محمد اعظم)
بحق ہادی تحقیق دل محمد نور ۔ فدائے جلوۂ ذات خدائے پاک و غفور
(عرف محمد غوث)
بحق سید مبارک ذی جاہ ۔ عزیز بزم صفا محرم رموز الٰہ
بحق صاحب عرفان پاک مصلح دین ۔ قبول مجلس خاص وصال و مہر گزین
(عرف ناصر الحسن)
بحق حضرت سید ابو سعید عزیز ۔ ظہور جلوۂ حق مہر اوج حسن و تمیز
(عرف انوار الحسن)
بحق سید ذی جاہ و شان حمید علی ۔ بہار گلشن صد جلوۂ خفی و جلی
(عرف حمید الدین)
بحق سید حامد حسن عزیز وفا ۔ بحق سید محمود محو ذات خدا
(حامد علی) (محمود علی)

بحق جلوۂ طور ظہور لطف اله
جناب پاک ظہور الحسن فلک خرگاه (ظہور محمد)

بحق سید احمد حسن فروغ کمال (غوث احمد علی)
انیس بزم وفا و جلیس بزم وصال

بحق مطلع انوار فیض مولائی
جناب غوث علی مرشدی و ملجائی (خورشید علی)

ہر ایک بلاسے امان دے ہر ایک الم سے نجات
ہر ایک بات میں دے میری لطف خاص نجات

بچا خرابی و اندوہ نفس شیطان سے
دکہا جمال کا جلوہ فروغ ایمان سے

طلب میں سلسلا غنچے کبہہ شوق و ذوق رہے دایم
صراط عشق پہ کر شوق کا قدم قایم

ادا سے لطف سے محو جمال رکہہ دل زار
صفائے فیض سے دی جانکو نور کے آثار

وہ دل دے جسمین ہو نہ کبہے خیال الفت غیر
وہ شوق دے جو کرے سیر راہ خاص کی سیر

ہر ایک طرح سے بنا مرد مسلک تسلیم
ہر ایک طرز سے رکہہ محو التفات عمیم

ظہور فیض و کرم رکہہ ظہور پر دن رات
نیا ظہور کو محو صفات و عاشق ذات

شجرہ طیبہ طریقہ سہروردی مصنفہ فدا حسین شاہ صاحب

اسم الله بر زبان رانم
شجرۂ سہرورد مے خوانم

جملۂ کائنات قایم ازوست
این جہان وجہانیان ہمہ اوست

ہاتف غیب چون ندا فرمود
خاکساران ہند ازو بشنود

مظہر ذات حق خفی و جلی
حضرت مولوی غوث علی

ہست انسان مجمع البحرین
جسم و خاکست و جان فدا الحسین (شاہ فدا الحسین)

جلوہ گر شد وجود ذات لطیف
خود مظفر حسین شاہ حنیف (محمد حنیف)

صورت انسان معنی اله
ظاہر حق رسول صلی الله (رسول شاہ)

کرد تنزیہہ جلوہ در تشبیہ
نعمت الله نفخت روحی فیہ

روح خود را نمود بہر شہود
گفت وحدت بہ نغمۂ داود (داود مصری)

نحن اقرب بود ز جان قریب
قلب انسان بیت رب جلیل
جمله عالم وجود حق دانید
خلق تصویر صورت خلاق
عشق چون روح در بشر افتاد
مدرک جزو و کل زمین و زمن
هست ذات مع الصفات به تن
صورت خویش حق عیان بنمود
وحدت ذات کثرت آفاق
ذات واجب بهر صفت موجود
غیر حق را کجاست نشو و نمو
من عرف نفسه شود معلوم
خود توئی حضرت جلال بزرگ
هر احد احمد کبیر بدان
کل شئی محیط ذات جلال (جلال بخاری)
من همه نفی و تو همه اثبات
مصحف ناطق بهار الدین
توئی موجود ما همه معدوم
صدر انسان ترجمان کتاب
صورت انسان مرات رحمان
اینما انت ثم وجه الدین ٭

بلکه جان و جهان جمله حبیب (حبیب الله)
هست فرمان حال اسمعیل
مرتضی جان ان همه خوانید (شاه مرتضی)
خالق اندر شکم بود رزاق (شاه رزاق)
معرفت ذات پاک الله داد (الله داد عرف عارف)
ناطق است از توجه پیرن (پیرن ہنگی)
جان شود دور آسمان منجن (منجن)
شد محمد وجود حق مشهود (شاه محمد)
متجلی بجلوهٔ اسحاق ٭ (اسحاق مغربی)
خلق ممکن چو آدم و داؤد (داؤد کرمانی)
جمله بگذار خویشتن را جو (شاه ماجو)
هر که خود را شناخت شد مخدوم (مخدوم جهانیان جهان گشت)
غوثت هست بی زوال بزرگ
زانکه در احمد هست احد پنهان
هست آن مجمع صفات کمال
رکن عالم جمیع مخلوقات (رکن الدین)
بلکه لا ریب فیه عین یقین
خود توئی خادم و توئی مخدوم
شرح حرف مقطعات شهاب (شهاب الدین)
رویت اندر ضیا و عین عیان
اندرون و برون مکان و مکین

حسن خلق محمد عبد اللہ   لاشد وعبد سر بسر اللہ
ہر احد احمد بلامیم است   ہر دل اندر ہزار اقلیم است
بردہ ممشاد علوی دینوری   بہر تعظیم صورت بشری
امر ربی جنید ارواح است   یرجع الاصل روح راراح است
قال انسان سری وسقطی   وحدہ لاشریک افقطی
ماعرفناک گفتہ خود معروف (معروف کرخی)   لاوجود وصفات بے موصوف
آئینہ صاف صیقل داؤد   درہمہ خلق روح خود بنمود
لیس شئی سوا الحبیب لکم   کل شئی حبیب بل انتم

یہ دونون شعر شجرہ ہذاسی علیحدہ ہین دوسرا واسطہ جو حضرت معروف کا خواجہ حسن بصری سے ہے اوسکی متعلق ہین

حی وقیوم شد علی ورضا   زان سبب شد وجود ارض وسما
علم توحید موسی وکاظم   منکشف شد بر اصغر واعظم
فیض عرفان جعفر صادق   چون حدیثات مصحف ناطق
گفت حضرت محمد باقر   جملہ حق است اول وآخر
شاہ زین العباد خود فرمود (زین العابدین)   کس دیگر نیست واحد ہست وجود
ماہمہ مقتدی امام حسین   قل ہو اللہ ہست فی الکونین
جملہ اسما صفات ذات بتن   نطق ادراک عشق خلق حسن
عین حق جملہ جہان علیست (حضرت علی)   اندرون ودرون خفی وجلی است
این حقیقت محمدی موجود (محمد مصطفی)   ظاہرا عبد باطنا معبود
من عرف نفسہ رسید بدوست   ہر کہ خود را شناخت او ہمہ اوست
یک حقیقت محمدی انسان   شد منزہ مشبہ ہو فی شان
جامۂ کہنہ فراق درید   چون قبائی وصال راپوشید

شجرہ طیبہ نقشبندیہ

الٰہی تو ہے غفور اور رحیم اور کریم	الٰہی تو ہے خبیر اور قدیر اور حلیم
بحق سرور کونین احمد مختار	بحق حضرت صدیق قدوۂ ابرار
بحق حضرت سلمان فارسی ذی جاہ	بحق حضرت قاسم عزیز خاص اللہ
بحق جعفر صادق انیس بزم وصال	جلیس بزم صفا محرم حریم جلال
بحق واقف اسرار درد گمنامی	فروغ مہر علا بایزید بسطامی
بحق بوالحسن واقف ذات وندر صفات	بحق بوعلی ذی جاہ محو عارف ذات
بحق خواجہ یعقوب یوسف ہمدان	بحق عبدالخالق عزیز مصر جہان
بحق خواجہ عارف بحضرت محمود	بحق خواجہ علی صاحب کرامت و جود
بحق خواجہ بابا و خواجہ میر کلال	ظہور نور اللہ و کلیم طور کمال
بحق کعبہ علم و عمل بہاء الدین	بحق قبلۂ حلم و ورع علاء الدین
بحق حضرت یعقوب قدوۂ ابرار	بحق خواجہ عبیداللہ زبدہ احرار
بحق خواجہ زاہد انیس بزم صفا	بحق خواجہ درویش مہر عز و علا
بحق خواجگی شاہباز اوج کمال	بحق خواجہ باقی جلیس بزم جمال
بحق حجت الفقر و ناظر انوار	جناب احمد سرہندی قدوۂ ابرار
بحق سید معصوم قبلۂ زہاد	امیر ملک صفا و معظم عباد
بحق حضرت سیمرغ قاف صدق و یقین	چراغ مجلس وحدت جناب سیف الدین
بحق سید نور محمد ذی جاہ	بحق حضرت مظہر شہید ناز اللہ
بحق شاہ غلام علی مخزن ذوق	امین راز وفا و صفا و معدن شوق
بحق قطب زمان بوسعید محو صفات	غریق بحر جلال و جمال عاشق ذات

بحق ناظر انوار و محرم درگاہ	جلیس مجلس توحید حق حبیب اللہ
بحق قبلہ لطف و وفا و صدق و صفا	بحق کعبہ انوار فیض ذات خدا
امام ملک صفا شاہ کشور توحید	امین و محرم اسرار وحدت و تفرید
جلیس مجلس اسرار و سالک ملکوت	رفیق منزل تحقیق و شاہد جبروت
چراغ مجلس رحمت مرقع انوار	فروغ جلوہ تحقیق و محرم اسرار
فروغ حسن نبی جلوہ جمال علی	ظہور فیض و کرم مظہر خفی و جلی
معظم کملا مرشدی و ملجائی	جناب غوث علی محو ذات مولائی
نجات دے مجھے ہر غم سے ہر بلا سی امان	رہین درد ہون مین یا رحیم یا رحمان
رضا پہ اپنی مجھی مستقیم رکھہ دن رات	بنا کرم سی مجھی اپنا عاشق ذات
اسیر نفس ہون مین اور رہین نادانی	شفا دی اس سی مجھے ای حکیم روحانی
تیری کرم کا ہی ہر لحظہ خواستگار ظہور	تیری کرم کا ہی ہر دم امیدوار ظہور

شجرہ طیبہ نقشبندیہ من تصنیف شاہ ابو سعید رحمتہ اللہ علیہ

شرح سازم خاندان نقشبندی را جلی	بحر بی پایان عرفان سید غوث علی
بعد ازان شاہ حبیب اللہ محبت ممتلی	بو سعید احمدی این شاہ عبد اللہ ولی
مظہر حق جانجانان نایب پیغمبران	سید نور محمد شیخ سیف الدین سنی
خواجہ معصوم است احمد خواجہ باقی خواجگی	خواجہ درویش محمد زاہد احرار ولی
خواجہ یعقوب و بہاء الدین دگر میر کلال	خواجہ بابا داں دگر خواجہ علی رامتنی
خواجہ محمود است عارف خواجہ عبد الخالق است	خواجہ یوسف بعد شیخ ان فارمدان بو علی

بوالحسن بس بایزید و جعفر صادق بود — قاسم و سلمان ابوبکر و رسول ہاشمی

شجرہ عالیہ طریقہ چشتیہ

خداوندا بحق اسم اعظم — بحق شاہ عالم فخر آدم

در الطاف و رحمت مجھپہ وا ہو — علاج دل طفیل مرتضی ہو

حسن بصری کے صدقے سے الٰہی — محبت اپنی دے مجکو کماہی

بہ عبد الواحد ذیجاہ یارب — تیرا ذاکر رہوں میں روز اور شب

تصدق سے فضیل باوفا کی — عطیہ ہوں عطا صدق و صفا کی

ہو ابراہیم ادہم کے سبب سے — میری سب عمر گذرے صدق و ادب سے

بالطاف حذیفہ کرد کارا — بلندی پر ہو قسمت کا ستارا

ہبیرہ کی عنایت سے شب و روز — دل غمناک ہو خورسند و فیروز

بہ لطف حضرت ممشاد ذیجاہ — ہو دل اسرار حقانی سے آگاہ

ابو اسحاق کے باعث ہر ایک دم — دل وحشی میں ہو فرحت کا عالم

ہر ایک لحظہ بحق خواجہ احمد — رہوں میں کامیاب فیض سرمد

بزرگ صاحب عظمت کے صدقے — خدایا ہوں تیری رحمت کی صدقے

طفیل ذات قطب الدین ابدال — نصیب قال ہو وے لذت حال

بحق خواجہ بویوسف خداوند — دل بیتاب خورم اور ہو خورسند

بالطاف جناب خواجہ مودود — تصور ہو تیرا ہر لحظہ موجود

بحق خواجہ حاجی زندنی شاہ — مجھے حاصل ہو یارب جان آگاہ

بحق فیض خاص خواجہ عثمان — غم دنیا و دین میں ہوں نہ حیران

معین الدین چشتی کے تصدق — ہو تیری ذات سے اپنا تعلق

بحق خواجہ قطب الدین الٰہی | ملی ملک ادب کی بادشاہی
توسل سے فرید الدین کے اللہ | ہو دل اسرار عرفانی سے آگاہ
ہون اپنے مدعای دل باسلوب | بحق ذات پاک خواجہ یعقوب
طفیل خواجہ چوہڑای خطاپوش | ہے دن رات دل مین شوق کا جوش
سلیم ذی کرم کے صدقہ دن رات | ہون خوش ذکر خوش فکر اور خوش اوقات
بحق شیخ یوسف خالق من | دل تیرہ ہو مثل شمع روشن
بحق شاہ فیض اللہ ذی جاہ | ہو قلب باصفا مین جلوۂ ماہ
طفیل مصطفٰے وہ دل صفا ہو | کہ ایک آئینہ حسن خدا ہو
غلام احمد کے صدقے آرزو ہے | کہون ہر لحظہ ہر جا تو ہی تو ہے
غلام اولیا کے صدقے یارب | تمنای دلی حاصل ہون اب سب
بحق شاہ امیر الدین چشتی | کرم سے پار ہو عاجز کی کشتی
بحق غوث علی شاہ ذیجاہ | ترقی کرم ہر دم ہو الٰہ

مولف حضرت قبلہ و کعبہ ہر شخص کو طریقہ قادریہ مین بیعت کرتے تھے اور جب کوئی از خود اسبات کا خواہان ہوتا تھا کہ مجھے طریقہ نقشبندیہ مین بیعت فرمائی تب اوسکو طریقہ نقشبندیہ مین ہی بیعت کرتے تھی ورنہ اصلی اور ابائی طریقہ آپ کا قادریہ تھا اور اوسکے بھی دو تفریق تھین ایک ابائی جو حضرت عبدالوہاب خلف اعظم حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ پر پہونچتا ہے دوسرا طریقہ میر اعظم علی شاہ قدس سرہ سے جو حضرت سید عبدالرزاق قدس سرہ کے واسطے سے حضرت غوث پاک پر منتہی ہوتا ہے سلسلہ طریقہ ابائی مین شاذ و نادر کسی کو بیعت فرماتے تھے منشی فضل رسول صاحب کو طریقہ ابائی مین ہی سے بیعت فرمایا تھا اور ذکر اشغال وہی طریقہ کی اونکو تعلیم فرمائے ہے اور اوراد وظائف اذکار اشغال سب خاندانوں کی حضرت کو ازروی اجازت بزرگان دین اسقدر معلوم تھی کہ اگر سبکو مفصل و مشرح کر کے کتاب ہذا مین درج کئے جاوین تو ایک کتاب بڑی مجلد اور دو وغیرہ کی ہو جائے

کچھ کچھ لکھے جاتے ہین اور بعض ورد اور ادعیہ اور اذکار اور اشغال جو خاص الخاص اور اسرار سینہ بسینہ تھی اور اونکی نسبت حضور قبلہ نے خصوصیت سے اشارہ فرمایا تہا چھوڑ دی گئی یہہ مین بعض مبتدیون کو چہہ کلمہ بتاتے تہی کلمہ طیب و کلمہ شہادت و کلمہ تمجید و کلمہ توحید و کلمہ ردکفر و کلمہ استغفار - کہ انکی پڑہنے سے تنویر قلب و استحکام اور استقامت احکام شرعیہ حاصل ہوتی ہی
ایضاً بعد نماز صبح کلمہ طیب سوبار بعد ظہر کلمہ شہادت سوبار بعد عصر کلمہ تمجید سوبار بعد مغرب کلمہ توحید سوبار بعد عشا کلمہ استغفار سوبار **ایضاً** کلمہ ردکفر بعد نماز صبح ایک بار بعد شام ایک بار اسکی پڑہنے سے طبعیت کے درستی اور اخلاق حمیدہ کی اسلوبی ہوتی ہے **ایضاً** سورہ الحمد ایکبار اور آیت ایاک نعبد و ایاک نستعین ستربار **ایضاً** سورہ فاتحہ ایکبار اور اہدنا الصراط المستقیم ایک سو ایکبار بعد عشا **ایضاً** سورہ فاتحہ پانچ بار اور ایاک نعبد و ایاک نستعین تین سوبار **ایضاً** سورہ فاتحہ بعد نماز فجر اکیس ۲۱ بار بوقت ظہر ۲۲ - بار بوقت عصر ۲۳ - بار بوقت مغرب ۲۴ بار بوقت عشا دس ۱۰ بار **ایضاً** ایکدفعہ الحمد اور سو دفعہ اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم **ایضاً** قل ہو اللہ ۹۹ بار یا ہزار بار **ایضاً** قل ہو اللہ احد ایکبار اوسکی بعد سلام قولا من رب رحیم سوبار پڑہ کر باقی سورہ ختم کری اسیطرح گیارہ دفعہ سورہ اخلاص پڑہے اور جب تک پورا نہو گفتگو نکرے اول آخر درود - **ایضاً** بوقت صبح سورہ الم نشرح اکتالیس بار بعد عشا چالیس بار **ایضاً** عشا کے بعد شربت تفضیلی مین بعد سکری سوبار **ایضاً** یا ہادی یا نور یا ہادی یا منور سو سوبار **ایضاً** یا ہو الغنی الحمید یا ہو اللطیف الخبیر سوبار **ایضاً** یا اللہ یا رحمن یا رحیم تین سوبار **ایضاً** یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا حی یا قیوم کہ اسکو پنج گنج کہتی ہین سوبار **ایضاً** یا قیوم یا حی یا رحیم یا رحمان یا اللہ **ایضاً** یا حی یا قیوم اللہ نور السموات والارض یا دایم یا قایم **ایضاً** یا حی یا قیوم یا لا الا انت **ایضاً** ہر نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ و ۳۴ بار اللہ اکبر اور بعض کو واسطی ترقی مادہ توحید کے آخر سورہ حشر کی آیت ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو عالم الغیب والشہادہ ہو الرحمن الرحیم ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو الملک

القدوس السلام المومن المهیمن العزیز الجبار المتکبر سبحان اللہ عما یشرکون ہو اللہ الخالق الباری
المصور لہ الاسماء الحسنی یسبح لہ مافی السموات والارض وہو العزیز الحکیم

ایضاً یہہ دعا

اللہم حرق قلبی بنار عشقک وارزقنی ازدیاد محبتک حتی ان نفی شیئی غیرک اللہم قلب قلبی الی ما تحب وترضی اللہم اکشف عن قلبی حجاب الغفلۃ وعلمنی مالم اعلم بین لی ما اسئل عنک لا الٰہ الا ہو ولا معبود سواہ اللہم طہر قلبی عن الشرک والکذب والریاء وزین لسانی بذکرک وشکرک وحسن عبادتک یا مصرف القلوب صرف قلوبنا علی طاعتک یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک یا مقلب القلوب والابصار یا خالق اللیل والنہار نور قلبی بنور معرفتک اللہم طہر قلبی عما سواک دیگر۔ یا مصرف القلوب صرف قلوبنا علی طاعتک دیگر۔ یا مقلب القلوب ثبت علی دینک دیگر۔ یا مقلب القلوب والابصار یا خالق اللیل والنہار نور قلبی بنور معرفتک دیگر۔ یا مقلب القلوب والابصار یا خالق اللیل والنہار نور قلبی بنور معرفتک یا عزیز یا غفار یا کریم یا ستار یا رحیم یا تواب یا حلیم یا وہاب سبحان ذی الملک والملکوت سبحان ذی العزت والعظمت والہیبت والجلال والجمال والکبریاء والجبروت سبحان الملک الحی الذی لا ینام ولا یموت سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح لا الٰہ الا اللہ نسألک الجنۃ ونعوذ بک من النار اور اسکے بعد نصلی علی حبیبک المختار۔ دیگر۔ یہہ دعا واسطے ترقی اور افزایش مادہ توحید کے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قدیم یا دایم یا حی یا قیوم یا فرد یا وتر یا احد یا صمد یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد اور اسکی ساتھ سورۂ اخلاص بہی دیگر۔ الٰہی قلبی محجوب ونفسی معیوب وہوای غالب وعقلی مغلوب وطاعتی قلیل ومعصیتی کثیر ولسانی مقر بالذنوب فکیف حیلتی یا علام الغیوب اغفر ذنوبی یا ستار العیوب استر عیوبی کلہا یا غفار یا غفار یا غفار دیگر قل اللہم مالک الملک توتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیئی قدیر تولج اللیل فی النہار وتولج النہار فی اللیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء

بعد حساب اور اسکے ساتھ ایاک نعبد و ایاک نستعین - یا صرف ایاک نعبد و ایاک نستعین معہ اول آخر درود کے دیگر - لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف الرحیم گیارہ بار ہر نماز کے بعد روزمرہ اور اسکے بعد دس بار سورہ اخلاص دیگر - رب اشرح لی صدری ویسرلی امری بعد عشاء سو بار ہر روزہ مبتدی کی درستی طبیعت اور سازداری قلب کے لئے ایضاً سورہ انا انزلنا اکتالیس بار - ایضاً - اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح ہر روز سو بار ایضاً بعد ہر نماز کے اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم ایضاً بعد نماز صبح سورہ یسین اور ظہر کے بعد انا فتحنا اور عصر کے بعد سورہ عم اور مغرب کے بعد سورہ واقعہ اور عشاء کے بعد سورہ ملک ایکبار اور تہجد کے بعد سورہ یوسف اور سورہ یوسف کے پڑھنے کی اجازت چند ترکیب سے ہوتی ہی ترکیب یہہ بھی تھی کہ فجر کی نماز کے بعد سورہ یسین تین بار اور سورہ رحمان چار بار دیگر - بعد نماز مغرب اور فجر اللہ الا اللہ الحافظ وہو خیر الحافظین اللہ الا اللہ الراحم وہو خیر الراحمین اللہ الا اللہ الناصر وہو خیر الناصرین - اللہ الا اللہ الفاتح وہو خیر الفاتحین اللہ الا اللہ القادر وہو خیر القادرین اللہ الا اللہ الرازق وہو خیر الرازقین اللہ الا اللہ الغافر وہو خیر الغافرین اللہ الا اللہ الصادق وہو خیر الصادقین اللہ الا اللہ الوارث وہو خیر الوارثین اللہ الا اللہ المعاون وہو خیر المعاونین اللہ الا اللہ الحی القیوم ایضاً بعد عشاء وما محمد الا رسول سے آخر سورہ آل عمران تک -

یارب ز گناہ زشت خود منفعلم ؛ وز قول بد و فعل بد خود خجلم ؛
فیضی بدلم ز عالم قدس بریز ؛ تا محو شود خیال باطل ز دلم

دیگر گیار بار بعد عشاء

اندر چشمم ہمہ توئی بینائی ؛ اندر دہنم ہمہ توئی گویائی
در ہر قدمم تو راہ می پیمائی ؛ بس جملہ توئی دگر چہ میفرمائی

دیگر بعد ہر نماز اللہم انی اسئلک ایمانا مستقیما و فضلا دائما و نظر رحمۃ و عقلا کاملا و فہما شاملا

وعلماً نافعاً وقوۃً حافظاً وقلباً منوراً وتوفیقاً احساناً وتوبۃً نصوحاً وصبراً جمیلاً واجراً عظیماً ولساناً ذاکراً وکسباً طیباً وصایماً مشکوراً ودیناً مغفوراً وعملاً مقبولاً ورزقاً واسعاً ودعاءً مستجاباً وجنۃ فردوساً ولقاءً دایماً ونعیماً مقیماً برحمتک یا ارحم الراحمین - دیگر - اللہ الکافی قصدت الکافی ووجدت ان کل الکاف کفانی الکافی ونعم الکافی وللہ الحمد - دیگر یا حی یا قیوم یا حنان یا منان یا بدیع السموات والارض یا ذالجلال والاکرام اسئلک ان تحیی قلبی بنور معرفتک یا اللہ یا اللہ - دیگر - بعد نماز صبح لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین سو بار اور ایک بار محمد رسول اللہ صدق الوعد الامین - بعد نماز ظہر حسبی اللہ نعم الوکیل بعد نماز عصر سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اللہ اکبر ۳۴ بار بعد نماز مغرب سو بار لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بعد نماز عشاء سو بار اللہم صل علی محمد معدن الجود والکرم والہ واصحابہ وبارک وسلم بعض کو اوراد روزانہ ختم قادریہ بروز جمعہ لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین بروز شنبہ ایاک نعبد وایاک نستعین بروز یکشنبہ یا حی یا قیوم بروز دوشنبہ حسبی اللہ نعم الوکیل بروز سہ شنبہ یا غفور یا رحیم بروز چہارشنبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بروز پنجشنبہ یا ذوالجلال والاکرام ہر روز ہزار بار - دیگر درمیان عصر ومغرب افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد سادہ طور سے یا برزخ لفظ اللہ سے - نماز تہجد بارہ رکعت ہر رکعت میں سورۃ اخلاص تین تین بار - ایضاً بارہ رکعت ایکبار آیۃ الکرسی اور تین بار اخلاص ایضاً بارہ رکعت سورہ الم نشرح کے ساتھ بطریق عروج نزول ایضاً بارہ رکعت سلام قولا من رب رحیم کے ساتھ بطریق عروج نزول - ایضاً بارہ رکعت اول میں سورہ فلق دوم میں سورہ ناس ایک ایک بار ایضا - بارہ رکعت سورہ مایدہ سے - ایضاً بارہ رکعت سورہ انا انزلنا اور الہکم التکاثر وسورۃ اخلاص کے ساتھ - ایضاً - بارہ رکعت سورہ یسین وسبح اسم والشمس اور والضحی اور الم نشرح اور الہکم التکاثر کے ساتھ ایضاً سورہ یوسف سے بارہ رکعت - ایضاً بارہ رکعت سورہ یسین اور سورہ مزمل

اور سورہ اخلاص کے ساتھ اس نماز کی اجازت خاص فیض یافتگان کو شاذ و نادر اجازت دیتے تھے
اور اسکی بارہ مین ارشاد ہوتا تھا کہ یہہ سلسلہ آبای سے ہمکو پہونچی ہے اور حکم کبریت احمر رکھتی ہے
نماز صلوۃ العاشقین - چار رکعت چار اسماء کے ساتھ یعنی یا اللہ یا رحمان یا رحیم یا ودود
اور بعد نماز کی یا وہاب اور بعد اسکی یا وہاب ہب لی ملک عشقک یا وہاب - نماز صلوۃ الاولیا
دو رکعت سورہ فاتحہ و کافرون اور سورہ اخلاص کے ساتھ اور بعد سلام سر بسجدہ ہو کر سبحان اللہ
والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم - اور بعد اسکی
یا غیاث المستغیثین بعد نماز صلوۃ العاشقین کی قبل از نماز فجر اسکا وقت ہے اور یہہ نماز
حضرت خضر علیہ السلام سے ہے اور اسکو نماز خضری بہی کہتی ہین دوگانہ قادریہ - دو رکعت اس
ترتیب سے کہ اول اور دویم رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کی گیارہ گیارہ بار سورہ اخلاص
اور بعد سلام ثواب بروح پر فتوح سلطان الاولیا فخر العالم غوث اعظم رضی اللہ عنہ ہدیہ
کرے اگرچہ اکثر مشایخ بعد اس نماز کے گیارہ قدم جانب عراق چلنا اور یا غوث اغثنی
یا غوث امددلی بر تناہی بتلاتے ہین مگر حضرت قبلہ و کعبہ کی زبان فیض ترجمان سے یہہ نہین
سنا ہان ایکبار یہہ تو معلوم ہوا تہا کہ جیسے بعد نماز مغرب یہہ دوگانہ قادریہ پڑہتے ہین
ایسی ہی بعد عشا بہی پڑہتے ہین خواہ ایک وقت طالب ادا کرے خواہ دونو وقت قبل
دوگانہ قادریہ دو رکعت ہدیۃ الرسول بعد نماز مغرب والضحی اور الم نشرح سے اور
ثواب اس کا بروح محبوب رب العالمین خاتم النبیین ہدیہ کرے نماز اشراق بعد طلوع
آفتاب دو رکعت آیت الکرسی اور امن الرسول آخر سورہ تک اور بعد اشراق کے
دو رکعت نماز استخارہ آیت قطب اور آیت غوث کے ساتھ نماز اشراق دو رکعت اول
مین سورہ کافرون تین بار دویم مین سورہ اخلاص تین بار اور اسکے بعد دو رکعت نماز
شکر النہار سورہ فلق اور سورہ ناس کے ساتھ نماز چاشت - اول چار رکعت ایک سلام
سے والشمس اور واللیل اور والضحی اور الم نشرح سے بعد سلام سر بسجدہ ہو کر تین بار

کلمہ تمجید اور آٹھ رکعت دو دو رکعت کی نیت سے آیت الکرسی اور سورہ کافرون سے
صلوۃ جنیدی - چار رکعت بعد مغرب ومابین عشاء ویا مابین ظہر وعصر ان اسماکے ساتھ
یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا حی یا قیوم - چار رکعت قبل از عصر سورہ والعصر سے بطریق عروج
ونزول بعد نماز ظہر آٹھ رکعت سورہ عم یتساءلون ووالشمس والضحہا اور واللیل اذا یغشی او
والضحی اور الم نشرح اور الہکم التکاثر اور لایلاف اور اریت الذی سے یا ہر رکعت مین تین
تین بار سورہ اخلاص - نماز اوابین - رکعت اول مین رکوع سورہ واقعہ اور دوم مین رکوع
دویم اسی ترتیب خواہ چھہ رکعت خواہ بیس رکعت جسقدر ہو سکے بعد نماز کے انگشت شہادت
زمین پر رکھہ کر آمن الرسول آخر سورہ تک تین بار پڑہے - ایضاً سورہ مزمل کے ساتھ خواہ
آٹھ رکعت خواہ بیس رکعت - ایضاً - نماز اوابین سورہ یسین کے ساتھ - ایضاً - نماز
اوابین اول مین عم یتساءلون دویم مین والشمس والضحہا سوم واللیل چہارم مین الم نشرح
اسی ترتیب سے بیس رکعت تک ایضاً نماز اوابین یا اللہ یا رحمان یا رحیم یا حی یا قیوم یا وہاب
یا ودود کی ساتھ ایضاً نماز اوابین - بطریق عروج نزول ان اسمار کے ساتھ یا اللہ یا رحمان یا رحیم
یا حی یا قیوم - ایضاً نماز اوابین - کم سی کم چار رکعت اور زیادہ بیس تک آیۃ الکرسی اور سورہ
اخلاص کے ساتھ ہر پنجشنبہ کے دن بعد نماز مغرب دو نفل آیۃ الکرسی اور سورہ اخلاص سے
پڑہتے ہین جس سے قضائی حاجت دنیا و دین بعمدہ ترین صورت ہوتی ہے بعد عشا کے دو
رکعت حق مرشدی بعد فاتحہ ایک دفعہ آیت الکرسی اور ایک دفعہ الم نشرح پڑہے اور
پانچ دفعہ قل ہو اللہ واسطہ قضا رفع نقصان وظائف فسبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون
ولہ الحمد فی السموات والارض وعشیاء وحین تظہرون یخرج الحی من المیت ویخرج المیت
من الحی ویحی الارض بعد موتہا وکذلک تخرجون جو طالب شجرہ پڑہنے کی شایق ہوتے تہی اونکو
اوسکی بہی اجازت دیتی تہے اس ترکیب کے ساتھ اول شجرہ خاندان اوسکے بعد یہہ اشعار -

اوست مرہ بادشہ را بادشاہ ۔۔۔ حکم او را الفعل اللہ ایشاء

ہیچکس در ملک او انبازنی　　قول اور الحن نے آواز نی

اللہم صل علی محمد وہو طیب القلوبنا وشفیع الذنوبنا وصل علی جمیع الانبیاء والمرسلین وعلی ملائکۃ المقربین وعلی عباد اللہ الصالحین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ شب برات کی شب مین سورہ یسین تین بار سورہ دخان سات بار اور دو رکعت نفل اول ددم مین اللہ نور السموات رکوع سورہ نور کا آخر تک بعد فاتحہ اوسکی لعبار سور رکعت اور پڑہے ہر رکعت مین تین بار سورہ اخلاص یہہ نماز ہمیشہ آپ کا طریقہ تہا نماز چارشنبہ آخری ماہ صفر۔ اول غسل کرے پہر پہر دن چڑہے سے پیشتر بعد اسکے چہہ نفل ایک سلام سے بہ ترکیب ذیل ادا کرے اول رکعت مین سبح اسم بعد فاتحہ انثی بار دوسری مین واللیل انثی بار تیسرے مین والضحی انثی بار چوتہے مین الم نشرح انثی بار پانچوین مین والتین انثی بار اور چہٹے مین قل ہو اللہ انثی بار مستعجاب عشر سورہ فاتحہ سات بار سورہ ناس سات بار سورہ فلق سات بار سورہ اخلاص سات بار سورہ کافرون سات بار آیۃ الکرسی سات بار کلمہ تمجید سات بار عدد ما علم اللہ وزنۃ ما علم اللہ وملاء ما علم اللہ تین بار دعای اول اللہم اغفرلی ولوالدی ولمن توالد والرحمہما کما ربیانی صغیرا واغفر لجمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء منہم والاموات انک مجیب الدعوات ورافع الدرجات یا قاضی الحاجات برحمتک یا ارحم الراحمین سات بار دعای دوم اللہم یا رب افعل بی وبہم عاجلا وآجلا فی الدین والدنیا والاخرۃ افعل بنا ما انت لہ اہل ولا تفعل بنا ما نحن لہ اہل انک غفور جواد ملک کریم برؤف رحیم سات بار۔ درود شریف اللہم صل علی محمد عبدک وحبیبک ونبیک ورسولک النبی الامی وعلی آل محمد وبارک وسلم سات بار یا اللہ جبار سو بار یا اکتالیس بار یہہ رباعی ایکبار یا تین بار

الٰہی عاشق شدم در جہان لایوفی　　نہ در عشق تو صافیم نہ صوفی
یارب بہ فعل بد ما کار مکن　　با ما تو ہمان کن کہ ہران حروفی

اور سب کے بعد ایکبار آیت ولی فی الدنیا والاخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین ترتیب شریف اول درود سات بار اللہم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد صلوۃ تنجینا بہا من جمیع الاحوال

والاذات وتقضی لنابہا جمیع الحاجات وتطہرنا بہا جمیع السیات وترفعنا بہا عندک اعلی الدرجات وتبلغنا بہا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات وبعد الممات انک علی کل شیٔ قدیر بعدہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم سنت و وتر عشا کے مابین سر برہنہ کرکے بیٹھکر بعد اسکے کھڑا ہوکر اکیسو ایکبار یارب ضمہ سے اور اگر فتوحات دنیاوی کے یا حل مشکلات کے لئے پڑھے تو فتح سے اور اگر مقہوری اعدا منظور ہو تو کسرہ سے پڑھے اور بعد تمام کرنیکے سر برہنہ بعجز والحاج دعا کرے۔ اسم یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع درستی الطوان کے واسطے ضمہ سے معاملات دنیا کے واسطے فتح سے مقہوری اعداکیواسطے کسرہ سے نماز عاشورہ۔ دس رکعت دہم محرم کو اول مین بعد فاتحہ امن الرسول سورہ تک تین بار دوسری مین عم یتسألون تین بار تیسری مین والشمس والضحٰہا تین بار چوتھی مین واللیل تین بار پانچوین مین والضحیٰ تین بار چھٹی مین الم نشرح سات بار ساتوین مین سورہ کافرون تین بار آٹھوین مین سورہ اخلاص گیارہ بار نوین مین سورہ فلق اکیس بار دسوین مین سورہ ناس تیرہ بار۔ ایضاً شب عاشورہ مین دو رکعت نفل بعد التشہد اول مین بعد فاتحہ انا انزلنا گیارہ بار دوسری مین انا انزلنا گیارہ بار اور بعد نماز اللہم صل علی سیدنا محمد سید الشجاع علی مرتضیٰ الفاطمہ خیر النساء حسن و حسین مجتبیٰ بحر الانہار۔ الکرم ہزار بار یا پانسو بار یا ایک سو بار۔ ایضاً۔ بعد عشا سورہ الم نشرح گیارہ بار اور سورہ لایلاف سات بار اور اسم یا علیم ایکسو پچاس بار۔ ایضاً۔ یا رحیم کل صریخ ومکروب وغیاثہ ومعاذہ یا رحیم بضم تای غیاثہ سات بار صبح کیوقت بعد نماز فجر بعض طالبون کو یہ درود اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد دواء وطبیب لقلوبنا وشفیع لذنوبنا وبارک وسلم ایضاً درود اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد بعدد کل داء ودواء وصل علی محمد بعدد کل مرض وشفاء وبارک وسلم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ ایضاً۔ اللہم صل علی محمد وآلہ بقدر حسنہ وجمالہ۔ ایضاً۔ درود۔ اللہم صل علی محمد ن المصطفے وآلہ المجتبیٰ بعدد اسمائک الحسنیٰ ولا تعد و تحصی اللہم اجعل محمدا حبیباً یعنی کما جعلتہ شاہدا فی قلبی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک نور وشرفنا قلبی بمعانیہک و دینک کما نورت وشرفت قلبی بشاہدتک فانی مشتاق الیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایضاً درود حضرت الغوث اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد بعدد علم اللہ تعالیٰ۔ اشراق قلب کے واسطے یہ منید ہے

نہ از بود خود و ہیچ سودی مرا — تا اندر وجود وجودی مرا

ایضاً نقل ایک شخص ظلم کا عادی تھا مخلوق خدا و سکے حق تلفی او جور و جفا سے نالاں تھی
نوکری سے موقوف ہو گیا +

اشعار

ہزار گنج عبادت ہزار گنج کرم — ہزار طاعت شبہا ہزار بیداری
ہزار روزہ و تسبیح و صد ہزار نماز — قبول نیست اگر خاطری بیازاری

بیکار ہو کر ہمارے پاس آیا اور بکمال عجز اور زاری اور انکسار سے خواہان دعا ہو
جسے کہا کہ اگر آئندہ کو ظلم و ستم او رولی سے باز آوگے خدا تعالیٰ فضل فرماویگا

تا توانی درون کس مخراش — کاندرین راہ خارہا باشد
کار درویش مستمند برآر — کہ ترا نیز کارہا باشد

تھوڑے عرصہ کے بعد اپنے عہدہ پر بحال ہو گیا اور پھر فرعون بے سامان
نوکری پر مغرور او نازان ہو کر ظلم و ستم کرنا شروع کر دیا تب تختہ پر یہ باعی لکھکر بھیجی

اہل کاسان وقت معزولی — شیخ شبلی و بایزید شوند
چون بیابند باز بر سر کار — شمر ذی الجوشن و یزید شوند

ایک شخص نے حضرت سے دریافت کیا کہ قلندر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مزار
میں کیوں ہے پانی پت میں ہے یا کرنال میں آپ نے فرمایا کہ بعد وفات
صاحب کے قلندر صاحب نے اپنے اوستاد حافظ سراج الدین صاحب کو
کی تھی کہ جب ہمارا انتقال ہو جاوے تو تم اپنے فرزند کے پاس ہماری نعش
کرنا انکو بعد قلندر صاحب کرنال تشریف لیگئے اور ایک درخت کے تلے جنگل میں
میں مشغول ہمت شغل کرنے کرتے کرتے وفات پاگئے کرنال میں لاکر
کر دیا دفن کے بعد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں

فرمایا کہ شرف الدین کا بمقام کرنال انتقال ہوگیا ہے تم وہاں سے آؤ اور یہاں لاکر دفن کرو وہ کرنال میں گئے اور رات کے وقت نعش مبارک قلندر صاحب کی خفیہ قبر میں سے نکال کر پانی پت کو روانہ ہوئے جب جنازہ کو لیکر قریب پانی پت کے پہونچے راہ میں ایک امیر نے واسطے بار اولو زیارت اور نیز نظر دریافت اس امر کے کہ فی الواقع یہہ نعش حضرت قلندر صاحب کی ہے پالکی مبارک سے موہنہ کہولکر دیکہا تو آپنے آنکہیں کہولدین وہ امیر دیکہکر ڈر گیا ہے

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق	ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما
فقر نیست جس ازوی جدا	فقرا بخلق باشد ازخدا
پھر جی کر اٹھ جیے وہ کرے جو ماسا	دوہرہ · مرن جیون کا رہے وساسا

نقل ایک روز فرمایا کہ ایک شخص نے مرید کہا کہ فلان پہاڑ کے تالاب میں رجب کی پہلی تاریخ کو ایک چیز بات گھنٹہ بہت بڑا انگور رکھا ہوا ہے عجیب ترا ہوتا ہے جو اوسکو بہت سے اوٹہالے اور کہالے تو ہمیشہ زمین کے خزانے اوسپر کہل جائیں اور خضر کی طرح اوڑکر جہاں چاہے چلا جائے مگر جو کوئی اوسکو اوٹہانا چاہتا ہے وہ پانی تمام اوسکو لیکر پانی کی تہ میں ڈبو دیتا ہے چیلے نے ایک پہلوان زوردار کو لیجاکر انگور اوٹہانا چاہا مگر پہلوان نذر ہوگیا ایک تماشائی جو اوسکے ساتھ گیا تہا سال بہر وہاں ٹہرا اور واسطے جب بہرات نکالا ابھی ایسی ترکیب اوس شہ کو ہنسی دی انگور کو ڈالا جہٹ کہا گیا اور خضر کی طرح اوڑ گیا پانی نے پیچ و تاب کی ایسی شخص وفاداری کی لیکن چونکہ قسمت میں تھا ال گیا ۔ اشعار

بخت نصیب است بتو می رسد	ورنہ تا لب تو می رسد
بخت گر یاری دہد [illegible]	بخت گر سستی کند [illegible]
بخت گر [illegible]	بخت [illegible]
[illegible]	[illegible]

خوش طالع اگر بسر کوی برسد
یا ابر فرو بارد یا چشمہ برآید

نقل حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے لنگرخانہ مین ہزارہا مخلوق طعام پاتے تھے ایک مہمان نے مسجد مین ایک مسافر کو دیکھا کہ جو کے ستو کہا تا ہے مہمان نے کہا میان مسافر حضرت امام حسن کے یہان صلاے عام ہے جو طعام چاہو کہاؤ انہون نے فرمایا جو خدا کا حکم وہ کہا رہے ہین مہمان نے امام ہمام سے خبر کی وہ آبدیدہ ہو کر بولے وہ سلطان تسلیم و رضا حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہین اونکے نظر مین یہہ سب نعمت ہیچ ہے رباعی

غمگین مشو کہ دولت شد شد نشد نشد
این ہیچ روزہ حشمت شد شد نشد نشد
ہمت بلند گردان اقبال بین مکن
دنیا برای شوکت شد شد نشد نشد

حضرت امام حسن کے ہان فراخی اور حضرت امام حسین کے ہان تنگدستی اور فقر و فاقہ تھا لیکن حضرت علی نے نہ اونکو وسعت سے ممانعت کی نہ اونکو نازو نعمت کی رغبت دی بلکہ تقدیر اور رضاء الٰہی پر شاکر تھے قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضیت بما قسم اللہ لی و فوضت امری الی خالقی لقد احسن اللہ فیما مضیٰ کذا یحسن اللہ فیما بقی رباعی

چون رزق تو روز ازل قسمت فرمود
یک ذرہ نہ کم شد و نخواہد افزود
آسودہ ز ہرچہ ہست می باید شد
وازادہ ز ہرچہ نیست می باید بود

نقل محمود غزنوی ایکبار حضرت ابوالحسن خرقانی کی زیارت کے لئے گیا اور اطلاع کرائی اور قاصد سے کہدیا کہ اگر ملنے سے انکار فرماوین تو اَطِیعُوا اللّٰہَ وَاَطِیعُوا الرَّسُولَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ سنادینا جب حضرت سے کہا کہ بادشاہ آتے ہین آپنے فرمایا کہ معاف کہو اوسنے آیت پڑہی آپ نے فرمایا اطیعوا اللہ مین ایسے ہم غرق ہین کہ اطیعوا الرسول کی خبر نہین اولی الامر کی کیا خبر اشعار

عشق چہ بود قطرہ دریا ساختن
از دو عالم با خدا پرداختن
عشق از ہستی خود وارستن است
در مقام سرمدی پیوستن است

قاصد نے محمود کو جواب سنایا محمود نے اپنی پوشاک ایاز کو پہنا کر سلطان بنایا اور دس
کنیزونکو مردانہ لباس پہنا کر بٹھایا جب ہو اسطے ایاز کے ساتھ گئے اور آپ بھی غلامونکے
زمرہ میں ساتھ ہوا اور حجرہ پر پہونچا آپ نے تعظیم نکی محمود نے کہا آپنے کچھ سلطان کی تعظیم نکی
فرمایا جعلی سلطان ہے پھر محمود سے اشارت فرمائی کہ ان نامحرمون کو باہر کرو پھر محمود نے
درخواست دعا کی اور ایک تھیلی اشرفیونکی پیش کی آپنے ایک روٹی خشک پیش کی محمود
نے کھائی مگر کھانے میں ناگوار ہوئی آپنے فرمایا جیسی ہماری روٹی تمکو سخت ناگوار ہے
ایسا ہی تمہارا مال ہمکو ناگوار اور سخت ہے پھر ایک کپڑا عطا کیا اور فرمایا جب کوئی سخت
مشکل ہو اسکے توسل سے دعا کرنا جب محمود چلنے لگا تو آپنے تعظیم دی اور فرمایا اوسوقت
تو نازہ بادشاہی میں میرے امتحان کے لئے آیا تھا اب چونکہ تجھمیں خاکساری کا اثر ہو گیا
ہے اسلئے تعظیم دیتا ہون واپس آکر محمود نے سومنات پر حملہ کیا اور وقت تردد وہ
جامہ پہنکر دعا کی کہ اگر سومنات فتح ہو مال غنیمت نذر درویشان کرون رات کو خواب میں
دیکھا کہ حضرت ابو الحسن خرقانی فرماتے ہیں تو نے ہماری خرقہ کی عزت نکی فتح اور شکست
ایک دنیاوی بات تھی اگر تو کسی ایسی دولت عظمیٰ کے واسطے مانگتا جو ہمیشہ اور لا یزالی
ہوتی تو خدا تعالی اسکی برکت سے وہی تجھے عطا فرماتا اور ہمارے اس جامہ کی شرم
رکھتا چونکہ مال غنیمت بکثرت آیا تھا امرا و وزراے سلطنت نے مال کو دیکھکر محمود کو یہ
صلاح دی کہ اسمیں سے کچھ مال خزانہ میں داخل فرمایئے اور کچھ سپاہ کو تقسیم کر دیجئے اور کچھ
خدا کے نام پر دیجئے محمود کے دل میں اس تجویز کو سنکر تشویش پیدا ہوئی کہ میں نے تو خدا سے
یہ وعدہ کیا تھا کہ جو کچھ مال غنیمت ہاتھ آویگا سب خدا کے نام دیدونگا اور ارکین سلطنت کے
خلاف صلاح دیتے ہیں اسی فکر اور سوچ میں تھا کہ ایک درویش آنکلے محمود نے اونسے پوچھا کہ
آپ فرمایئے میں کیا کرون اوس بزرگ نے فرمایا کہ اگر تم یہ جانتے ہو کہ جو کچھ ہمارا کام تھا وہ
ہو لیا اب بندہ کو خدا تعالی سے کچھ کام نہیں ہے تب تو جو تمہارا جی چاہے سو کرو اور اگر یہ

سمجھا ہو کہ خدا تعالی سے بہت بڑی بات ہے تو جو وعدہ کیا ہے اوسکو پورا کرو محمود نے
اسباب کو سنتے ہی بیشتر تمام مال غربا اور مساکین کو تقسیم کر دیا [illegible]
ایفاء عہد وفا ہے

ہر مرد کہ بر گفتن خود کار نکرد	[illegible] مرتبت از وے باشد
بیدل اہل سخا جود کی بازار شود	نیست بر شمع گران سوز دل پروانہ
نظر کردن بدرویشان منافی بزرگی نیست	سلیمان با ہمہ حشمت نظرہا بود با مورش

نقل ہے کہ کسی شخص نے ایاز سے جو محمود کا غلام تھا یہ سوال کیا کہ بندہ کسکو کہتے ہیں اوسنے جواب دیا کہ پرسوں تم آنا تب تمکو بندہ کے معنی معلوم ہونگے جب وہ شخص دوسرے دن آیا دیکھا کہ ایاز کے گلے اور ہاتھ پانوں میں طوق اور زنجیر پڑی ہوئی ہے اور بیٹھے ہوئے ہیں اوسوقت ایاز نے کہا کہ بندہ کے معنی جو تم دریافت کرتے تھے یہ ہیں کل میں تخت پر [illegible] میں شاہانہ اور [illegible] تغیر کی شان تھی آج ذلیل [illegible] دل چاہتا ہے اور ذلت سے ہر شخص گھبراتا ہے بندہ وہی ہے کہ دونون شانون کو خدا کی شان سمجھکر جس شان میں رکھے اوسمین راضی اور خوش اور شاکر رہے [illegible]

بگوید ہر کہ شد بندہ جانی بہشت	گر دوزخ تنت کی باشد بہشت
بگفتا صبر [illegible] من این ماجرا	پسندیدم [illegible] پسندیدہ مرا

نقل ہے بخت النصر بادشاہ حضرت یحیی اور زکریا علیہم السلام کا [illegible] ایک عورت بیوہ سے نکاح ہوا ایک دختر خوبصورت اوسکے ساتھ آئی جب وہ بالغ ہوئی [illegible]
اوسپر فریفتہ ہو گیا اور نکاح کا خواستگار ہوا ہے

بیا کہ جمال ہے سکی [illegible]	[illegible]

چونکہ بخت النصر یہودی دین اور تابع دین [illegible] انبیا علیہم السلام تھا اور یہ امر اونکی شریعت کے خلاف تھا اسلئے اوسکی والدہ نے یہ کہا کہ اگر تم نکاح کرنا چاہتے ہو تو اوسکے عوض میں [illegible]

پیغمبر و نکا سر کاٹ دو اور نکاح کر لو ورنہ اسکا نام مت لو بخت نصر نے کہا کہ یہ بھی خدا تعالی
کے دوست ہیں انکا خون بیگناہ کرنا کب روا ہے اوسنے کہا اگر انکے سر کے سوا اور کچھ
مہر نہیں ہے بادشاہ پر خواہش نفسانی غالب تھی کچھ خوف خدا اوسکی دل میں نہ آیا
خشم و شہوت مرد را احول کند ✿ ز استقامت روح را مبدل کند ✿ [illegible] ✿ مست [illegible] ہو گیا پھر
اپنی فوج کو حکم دیا کہ دونوں کے سر کاٹ لو سپاہیوں نے بیت المقدس میں ہو کر اول
حضرت یحیی علیہ السلام کو شہید کیا پھر حضرت زکریا کا ارادہ کیا وہ اونسے بھاگے اور جنگل کو بھاگ
گئے فوج نے تعاقب کیا جب فوج قریب پہونچ گئی تو آپنے ایک درخت سے پناہ مانگی وہ درخت
پھٹ گیا آپ اوسکے اندر سما گئے مگر دامن کچھ باہر رہ گیا شیطان نے فوج کو بتلا دیا کہ اس
درخت کے اندر ہیں اونہوں نے کہا کہ انسان درخت کے اندر نہیں جا سکتا اوسنے کہا
کہ اگر وہ اسکے اندر نہیں ہیں تو درخت کے دامن ہی نہیں ہوتا اسپر اونکو یقین آیا اور آرہ
سے درخت کو چیرنا شروع کیا جب آرہ سر تک پہونچا حضرت نے ایک آہ ماری اوسی وقت
حکم حق نازل ہوا کہ اگر ذرا اف کروگے تو پیغمبری سے خارج کر دیے جاؤگے ہمنے تمکو پیدا کیا
نبوت عطا فرمایا ہمکو چھوڑ کر تمنے درخت سے پناہ مانگی اسکی یہی سزا ہے اگر ہمسے پناہ مانگتے
تو کیا ہم پناہ نہ دیتے آدمی کو چاہیے کہ جو کچھ مانگنا ہو خدای پاک سے مانگے جو خالق اور رازق
اور کارساز تمامی مخلوقات کا ہے اور سب کچھ اوسکے قبضہ قدرت میں ہے اور اوس سے زیادہ
کوئی یار و یاور نہیں ہے

اشعار

یک ذرہ عنایت تو ای بندہ نواز	ہر ذرہ چو خورشید نماید ممتاز
کس نیست بجز تو ای خداوند کریم	تا چارہ درد من نماید چو رحیم
گر از تو نخواہم از کہ خواہم حاجات	محتاج تو اند جن و انس و حشرات
خواہی تو مرا بسوز [illegible] دل خویش	ترسان ز تو ہر نبی ولی درویش
آن کیست کہ بیش حکم تو زند	آن زہرہ کرا کہ چون و چندی بکند

او بیندیش و مکن لابه دگر	جنبد از جان شاه رحیم و دگر

جب وہ دونوں پیغمبر علیہم السلام قتل ہو چکے تو شان قہاری جوش میں آئی قہر الہی نازل ہوا شعر

ای زننده بیگناهان را قفا	در قفای خود نمی بینی جزا
دست و پا خود خار زد کردگار	توبه می‌جویی چون قهر کردی اختیار

ایک بادشاہ نہایت جبار خونخوار لیکر آیا اور اوسنے قتل کرنا شروع کیا ہزاروں آدمی قتل کرڈالے تمام حضرت یحیی علیہ السلام کا خون بند نہوتا تھا جب قبر میں آکر ... تھے تو قبر خون سے لبلب ہوجاتی تھی بادشاہ نے قسم کہا کر یہہ کہا کہ جب تک ان حضرت یحیی علیہ السلام کا بند نہوگا میں قتل سے باز نہ آونگا

شعر

خشم مردان خشک گرداند سحاب	خشم دلها کرد عالم را خراب

آخر کار ایک بزرگ قبر پر اونکے آئے اور یہہ بات کہی کہ ایک خون کے بدلے ہزاروں خون تو ہو چکے اب کیا آپ سارا جہان قتل کرنا چاہتے ہو اسکے کہنے سے خون بند ہوگیا

بڑے بیٹے ذکریہ سے چھوٹے بیٹے ذکریہ	تاری سب نیاری مرن چھین جاند اور
خوب پر ایکے دیکھ کب یہہ مرد و نکا کا لو	اس مین بات پر کوئی نہ جیا اسکے پیچھے
پیر پیغمبر مرگئے مرگئے سب گم ہو گئی	مان کر تمارا جیو مرگئے مرگئے پیادہ وگی
چاند مرے سورج مرے مرے جان اکا سا	چودہ طبق پانی مین ڈوبین کی جہو آسا
راما مرے کرشنا مرگئے مرگئی لکھو بالی	اور سکو سادہو کیون نہین بوجہ سکو ہو نکلی
ایک مری الکھ نرنجن جن یہہ جگ بچایا	کہین کبیر سنو ہو سادہو جو سنے جگ بر...

اس شعر کو پڑھکر حضرت نے یوں فرمایا کہ زبان کبیر جوگ گیا۔ ربنا ما خلقت هذا باطلا اس جہان کو جو تما کہتا نہیں جانتے

پس مگو کاین جمله دمها باطل اند	باطلان بر بوی حق دام دل اند
پس مگو جمله خیال است و ضلال	بی حقیقت نیست در عالم خیال

نقل ایک روز فرمایا راجہ رنجیت سنگہ کے عہد مین پنجاب مین گاؤکشی کی ممانعت تھی صرف
بھیڑ بکری کا گوشت فروخت ہوا کرتا تھا اور وہی بعض تاریخہاے متبرکہ مین شیرینی ہوتا تھا ایک
مسلمان حضرت غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ کی گیارہوین ہمیشہ کیا کرتا تھا گیارہوین کے دن
اوسکو گوشت بازار سے نملا اوسنے اپنے گھر مین گاے ذبح کرڈالی ہمسایہ اوسکا برہمن تھا اوسکو
خبر ہوگئی اوسنے برہمن کی ہرچند منت سماجت کی اوسنے نمانا تب ناچار ہوکر اوسنے برہمن
کو بھی تیغ کیا اور نعش کو اوسکی باندہ کر دریاے راوی مین بہانے کو لیچلا شہر کے دروازہ پر
مع نعش کے گرفتار ہوگیا راجہ رنجیت سنگہ کے پاس لیگئے رنجیت سنگہ نے کہا کہ تمنے گاؤکشی کی
اور برہمن کو مارا اوسنے بے درنگ راست راست بے کم و کاست کہدیا کہ بباعث نذر غوث
کے مین نے گاؤکشی کی اور جب برہمن پردہ دری سے باز نہ آیا تو اوسکو بھی مار ڈالا راجہ رنجیت سنگہ
نے اوسکو چھوڑدیا اور یہہ باعث کہی کہ ایک تو اوسنے خود بخود راست راست کہدیا یہہ بڑا راست
گو ہے ہمکو اسکی راست گوئی پسند آئی دوسرے یہہ بڑی شخص کی گیارہوین کرتا ہے جسکی بیچ
گاؤکشی کی ہے میری کیا مجال ہے کہ جو غوث الثقلین پیرون کے پیر کے معتقد اور گیارہوین
کرنیوالے کو سزا دون اور معتقد بھی بڑا صادق اور راسخ ہے کہ اوسنے اپنی جان کا کچھ خوف
نہین کیا حدیث شریف ہے الصدق ینجی والکذب یہلک ست صدق جان را رہد دروغ دین جان بہ
از نبی برخوان رجال صدقوا آیہ در حدیث راست آرام دل است در دروغ است انہدام دل است
نقل ایک روز فرمایا ایک سید صاحب جو بہرتپور کے نوکر تھے عید الضحیٰ کے دن خلاف حکم
و رواج ریاست کے ایک گاے قربانی کرڈالی کسی مخبر سے راجہ کو خبر ہوگئی اوسنے حکم
دیا کہ صبح کو توپ سے باندہ کر اوڑادو سید نے بحالت مایوسی دیوان حافظ کی فال دیکھی
تو یہہ مصرعہ برآمد ہوا ع مردے از غیب برون آید و کارے بکند + خدا کی قدرت رات کو راجہ
کے بیٹا ہوا اور رانی تک سید کے قتل کی خبر پہنچ گئی رانی نے راجہ کو بلاکر کہا کہ خدا تعالے
نے بڑا فضل فرمایا ہے جو بیٹا دیا ہے یہہ دن خوشی اور شکر بجاآوری کا ہے کسی کی خون

کہی آن بول د بھیجے سو اس بول دیکھیے گرت کلوان کیجیے — بن کسنت ری دن آ بھیجن
بھیر دیکھے سو دیکھیے کی اور کوڑ دیکھیے ماہا کے بھر لوپ دیکھیے — بھولا سیکھو اون بن
آدمی کے سکھی دیکھیے جنم جگت کی دیکھیے پرواہ ناہ دیکھیے — جیکے لوبھ ناہ من میں

کسی شخص نے عرض کیا کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو بہت پاک نسبت فرمایا اسکی وجہ کیا ہوئی دنیا کی ہوئی نے اسکو شفیق کی اسکو خدا کی جناب رسالت آب کو رحیم ابلاغ رسالت جناب باری نے عطا فرمایا تھا اوسکی جزو آپ کو یہی تھی کہا قال اللہ تعالیٰ لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف الرحیم ؎

نقل ایک شخص کہ علم خط عربی کا خوش نویس تھا مگر اوسکی یہی عادت تھی کہ جس کتاب کی نقل کرتا تھا اوس میں اپنی طرف سے کچھ کچھ بنا دیتا تھا ایک شخص نے قرآن شریف کو دیا اور یہ کہدیا کہ اسکی نقل مطابق اصل ہو اسمیں کچھ اصلاح نہ فرمائیگا جب قرآن شریف لکھ چکے اور مالک نے دریافت کیا کہ اسمیں تو کہیں کچھ نہیں بنایا جواب دیا دو جگہ کو صحیح کر دیا ہے ولقد ارسلنا نوحا کی جگہ وانا نوحا بنا دیا ہے حضرت نوح علیہ السلام نے دو سے خر موسیٰ صعقا کی جگہ خر جینے بنا دیا ہے خر جانتی منسوب ہے نہ خر موسیٰ ؎

ز جاہل گریزندہ چون تیر باش			نیامیختہ چون شکر شیر باش

نقل ایک روز رات کو ایک چور کے پیچھے چوکیدار پکڑنے کو دوڑا وہ دوڑ کر ایک کبیر کے گھر میں گھس گیا اور کہا کہ میں چور ہوں چوکیدار مجھے پکڑنا چاہتا ہے کبیر نے کہا کہ میری بی بی چارپائی پر لیٹی ہے تو بھی اوسکے پاس لیٹ جا وہ لیٹ گیا چوکیدار آیا اور اوسنے کہا کہ یہاں چور آیا ہے کبیر نے کہا کہ یہ میری بیٹی اور میرا داماد لیٹا ہے وہ دونوں کو سوتے دیکھکر چلا گیا تب کبیر کی عجب ہوشی اور شادمانی اور خباثت وشفقت کا ایسا اثر ہوا کے دلپر ہوا کہ چوری کرنے سے تائب ہو گیا اور آئندہ کو یہ کام چھوڑ دیا ؎ ؎ ؎ ؎

خبر کن بخلق خوب ار دوست			تا بیابی حسنت جان دوست

بہر بہ جائی بدان رحمت کشید		بہر مئی خوریش بین لعنت کشید	

نقل ایک روز فرمایا جب نادرشاہ معہ اپنی فوج کے دہلی میں آیا اور شہر دہلی کو تاراج
کیا ایک افسر اوسکی فوج کا ایک شخص کی بیوی کو جو نہایت جمیلہ تھی دہلی سے اپنے ہمراہ کابل
کو لیگیا اور جب نکاح کرنا چاہا عورت نے کہا کہ میں منکوحہ ہوں بیوہ نہیں ہوں
تم چہ ماہ کی مجھے مہلت دو بعد اوسکے تمکو اختیار ہے شاوند اوسکا عاشق زار تھا جب اوسکو
معلوم ہوا سخت بے قرار ہوا اور افتان خیزان کابل پہونچا اور بلباس گدائی ہر گلی کوچہ پہرنا
شروع کیا پہرتے پہرتے ایک دن ایک بالاخانہ پر بیوی نظر پڑی دیکھتے ہی پہچان لیا
بیوی بہانیک بخت اور نیک سیرت تھی شوہر سے بولی آہ واپسی قائم ہے مگر بغیر امداد
غیبی کے کسی طرح اس امر بابت رہا نہیں ہو سکتی ہوں تم اس جگہ کسی مرد خدا کی تلاش
کرو یہاں مت ٹھیرو ورنہ یہ شخص تمکو مار ڈالیگا اوسی وقت شہر جا بجا مردان خدا کی تلاش
میں پہرنے لگا جو ڈہونڈہ وہا بندہ ؎ سالہا بس بندہ بود عاقبت جوینده یابنده بود
ایک بزرگ اوسکو کابل میں ملے اونہوں نے اوسکا ماجرا سنکر فرمایا کہ تم دہلی کو واپس چلے جاؤ
وہاں تمکو ایک بزرگ ملینگے جو صبح کے وقت جمنا کے کنارہ پر غسل لینے کو آیا کرتے ہیں
تم اونکے پاؤں پکڑ لینا اور اون سے کہنا وہ تمہاری بیوی کو وہیں منگا دینگے ناچار
بحالت زار بے قرار وہ شخص چلدیا اور دہلی پہنچ کر علی الصباح جمنا کے کنارہ پر اوس بزرگ سے
جا ملا اونہوں نے انکار کیا جب اوسنے اصرار کیا فرمایا کہ ہم فلان محلہ میں آج کرشن کا سانگ
ہولی میں بہرینگے وہاں آجانا چنانچہ رات کو یہ وہاں گیا اور بزرگ نے کنہیا جی کا بہروپ بنایا
اور سانگ میں مل رہا لوگوں کے کہوے جانے کا شور ہوا بعد اوسکے یہ شور ہوا کہ رادہا ملگئی رادہا
ملگئی اوسوقت وہ شخص ہاتھ باندہ کر عرض کیا کہ حضرت میری رادہا کہاں ہے مجھے تو وہ
نہیں ملی ہے آپنے ایک ہاتھ اپنا کابل کیطرف دراز کیا اور اوسی وقت اوسکی عورت موجود ہوگئی
وہ اوسکو لیکر چلدیا اور مجلس میں شور مچا میاں صاحب غائب ہو گئے شوہر نے گہر لیجا کر عورت سے

پوچھا کہ تم کس طرح کابل سے آئی ہو اوسنے بیان کیا کہ مین چارپائی پر لیٹی ہوئی تھی یکایک ایک ہاتھ نظر آیا اور اوسنے میرے سر کے بال پکڑ لیے یا مین وہان تھی یا بال پکڑتے ہی دہلی مین پہونچ گئی ع آنکہ با افلاک رفتارش بود * بر زمین رفتن چہ دشوارش بود

نقل اکبر روز فرمایا ایک شخص اس تلاش مین جابجا پھرتا تھا کہ دنیا مین کوئی بے غم اور بے فکر ہے یا نہین تلاش کرتے کرتے ایک شخص اسکو ایسا ملا کہ جسکے پاس ہر طرحکا ساز و سامان عیش و عشرت دنیا کا موجود تھا اور خود بہی حسین و عمر مین جوان تھا سوچا کہ یہ شخص بے فکر اور بے غم معلوم ہوتا ہے اسکو کسی طرحکا فکر نظر نہیں آتا ہر طرح سے تندرست و خوش و خورم ہے اوس سے ملکر کہا کہ مین مدت سے اس تلاش اور جستجو مین تھا کہ کوئی بے غم اور بے فکر دنیا مین ہے یا نہین سوا آپکو مین نے بے غم و بے فکر پایا ہے امیر نے کہا کہ تم میرے حال سے واقف نہین ہو اگر میرا حال سنو گے کہو گے کہ اسکی برابر دنیا مین کوئی مغموم نہو گا سنو میری بیوی نہایت خوب صورت ہے اور مجہے اوسکے ساتھ کمال عشق و محبت ہے ایک دفعہ وہ ایسی سخت بیمار ہوئی کہ اوسکی زیست کی امید نرہی ایک دن مایوس ہو کر اوسنے یہ بات کہی کہ مین اب مر جاؤنگی اور تم دوسری شادی کر لو گے مین نے انکار کیا کہ مین دوسری شادی ہرگز نہین کرونگا اسبات پر میرے انکار او وہ میرے اصرار رہا مجہے جو غصہ آیا تو مین نے اپنے عضو تناسل کو کاٹ کر پھینک دیا خدا کی قدرت وہ اچھی ہوئی مرض جاتا رہا وہ بہی زندہ ہے اور مین بہی موجود ہون رات دن دونون اس قلق اور رنج مین مبتلا رہتے ہین اور اسکا اب کچھ علاج نہین ہو سکتا ہے

درین دنیا کسی بے غم نباشد	اگر باشد بنی آدم نباشد
تری ہر سبب کوئی نہ کہا جو کہا سو کہا ہے سکہ چاہیے جو کبہی کے کاج گر ہی یا بیتا گی ہے اپنے جز جز و دیکہ تماشا گہر ایک ہی لیکہا ہے ہر ہوا بس جو شش گلستان مین چمن ہی خار لگی ہے	دکہ جہلنے سب بہت دکہیا کیا کرے کیا براگی ہے او دو دولت کی بات کرتے ہون ناگ کی بی بیٹھا ہے چاند دیکہے سورج دیکہے سب ان ہی بہ ہاری ہے جوگی دیکہیا جنگم دیکہیا آتشی کو دیکہ دوتا ہے

آسا آشنا سمجھتے تھے اکو جس لئو تا ہے ۔ وہ موت سمجھے اوسے موت کہ جسمین دنیا کی فکر بیکار ہے
کبھین کبر سے تو ہی سا ہو کوئی مند نشین سونا ہے

دنیا ایک مصیبت خانہ ہے اولاد آدم علیہ السلام مین سے کوئی اس جہان مین پیدا ہوا ہے کسی کسی رنج و مصیبت مین مبتلا رہا ہے خواہ دین کا ہو یا دنیا کا اتنا فرق ہے کہ جو لوگ رنج و مصائب خواہشات نفسانی مین مبتلا رہتے ہین دنیا کا جینا اور مرنا دونون رایگان او ر بیجا ہے اور جو ہوشمند دین کے واسطے اپنے آپ کو گرفتار تکلیف و مصائب کہا ہے اونکا رنج و غم مبدل بفرحت و شادمانی ہوتا ہے ۔

مرا ایمن وحرم راحت نداده است ۔ زر ریان گنج کرم نہاده است

نقل ایک روز ایک اہلکار ملازم نواب مرزا جی حضور کی خدمت مین اپنی خوش عملی اور سعی کرنے لگا یہ میرا ہی کام تھا جو فلان فلان کام کو درست کیا یہ میرا ہی حوصلہ تھا جو فلان معاملہ ٹھیک کیا ۔

نوشتہ اند بر ایوان جنت الماوی
کہ ہر کہ عشوہ دنیا خرید وای بوی
بجمشید خبر حکایت جام از جہان نخرد
زنہار دل مبند بر اسباب دنیوی
درویشم و گدا و برابر نمی کنم
پشمین کلاہ خویش بصد تاج خسروی
سلطان فکر لشکر و سودای تاج و گنج
درویش و امن خاطر و کنج قلندری

حضور نے یہ نقل اوسکی ہدایت کیواسطے فرمائی کہ قیامت کے دن بعد حساب کتاب کے خدا تعالیٰ ستر ہزار فرشتونکو حکم دیگا کہ ابلیس علیہ اللعنت کو زنجیرون سے جکڑ کر کشان کشان دوزخ مین لیجاؤ ابلیس اس بات کو سنکر میدان قیامت مین پانو پہیلا دیگا اور جتنے فرشتے زور کرینگے مگر اوسکو اوس جگہ سے نہین ہلا سکینگے اوسوقت فرشتون کو حکم ہوگا کہ طوق لعنت جو اوسکی گردن مین پڑا ہے بہت گران ہے اسکو یہ طاقت تھی کہ اسقدر بار گران کو اوٹھا لیا تمہارے اوٹھانے سے یہ نہین اوٹھیگا اہلکار اس نقل کو سنکر نادم اور شرمندہ ہوا ۔

ثمرہ مال آن بن مکنہ زار دست	کر کج با کج کرا بد راست جہد ہست
کند ہم جنس با ہم جنس پرواز	کبوتر با کبوتر باز با باز

نقل ایک شخص نے ایک روز حضرت کے روبرو تنگی رزق اور افلاس کی شکایت کی فرمایا ایک سوداگر نے ایک دن وعظ میں یہ آیت سنی فی السماء رزقکم وما توعدون سوداگر کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ جب خدا تعالی رزق کا وعدہ فرما چکا ہے تو پھر

گر نخواہی یا بخواہی رزق تو	پیش تو آید دوان از عشق تو

لیکن میں جب ممالک دور دست سے عمدہ مال اور اسباب تجارت کا خرید کر لاتا ہوں اور اسکو فروخت کرتا ہوں تب نوبت لا یموت سے اوقات بسری و شکم پری کرتا ہوں اگر بے رغبتی یا مال ناقص لادوں تو اسکو کون خریدے اور کس طرح رزق ہاتھ آوے یہ سوچکر ہزار روپیہ کی سوزن خرید لیں و امیدوار ہوا کہ دیکھوں کون لیتا ہے خدا تعالی کی قدرت سے ایک سوداگر آیا اور خاطر خواہ دام دیکر لے گیا جب وہ خرید کر لیچلا یہ فروشندہ اوسکے پیچھے ہو کر دیکھوں اسکو کہاں اور کسکے ہاتھ فروخت کرتا ہے خریدار نے مال کشتی میں بار کر لیکے جا کر اسکو دریا میں ڈالدو اسنے پوچھا تم کون ہو اور کیوں تمنے یہ مال خریدا تھا اور کیوں دریا میں ڈالدیا اوسنے کہا کہ میں انسان نہیں ہوں فرشتہ ہوں جو کچھ خدا تعالی نے تیرے مقدر میں کر رکھا ہے اسکو پہونچانے کے واسطے بحکم حق آیا تھا اور پہونچا چلا تو نے یہ سمجھا تھا کہ مجھے تیری کوشش سے ملتا ہے یہ تیری نادانی ہے ۔

جہد رزق ار کنی وگر نکنی	برساند خداے عز و جل
ور روی در دہان شیر و پلنگ	نخورندت مگر بروز اجل

وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقہا ۔ ان اللہ ہو الرزاق ذو القوۃ المتین ۔ فی السماء رزقکم وما توعدون ۔ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ ۔ نقل ایک دن ایک شخص کی بیماری اور خباثت کا

ذکر ہو رہا تھا حاضرین جلسہ میں سے ایک بولا جسنے دولت وحشمت کی زیادتی سے وہ
مغرور ہے اوس سے زیادہ بخل و خست سے مشہور ہے شعر

بخیل ار بود زاہد بحر و بر	بہشتی نباشد بحکم خبر

لیکن خدا جانے سرکاری چندہ میں اسقدر روپیہ اسنے کیونکر دیدیا ہے آپ نے فرمایا میان
دنیادار دنیا کی نام آوری کے واسطے ہزاروں روپیہ خرچ کرتے ہیں مگر خدا کے واسطے کبھی کچھ
سب کچھ دیا ہو اسے غریب مسکینوں کو کچھ نہیں دیتے اشعار

بہ شہزادہ ارباب دنیا زر و سیم میدہند	آب بین تشنہ لبان کیسہ بدریا میروند
الفت زر سے کند دل را سیاہ	آتشے اندر سفر ابسو واسے گشند
اغنیا ہر روز اندوختہ خود میزنند	گر بہ ہیچ مسکینے قسمت دریا شد
سخیان زاموال بہرے خورند	بخیلان غم سیم و زر می خورند

پھر فرمایا مجھکو ایک نقل یاد آئی ہے کہ ایک شخص مفلس دنیادار تھا دنیا طلبی کی غرض سے
اوسنے شیطان کا چلہ کیا بعد چلہ کے شیطان آیا اور پوچھا کہ تو کیا چاہتا ہے اوسنے کہا کہ میں
مفلس و نادار ہوں کوئی ایسی ترکیب بتا کہ جس سے دنیا کی فراخی ہو شیطان نے کہا اچھا ایک گھوڑا
نہایت عمدہ بنجاتا ہوں تو کسی امیر کے ہاتھ قیمت خاطر خواہ کو فروخت کرنا الغرض شیطان گھوڑا بنگیا
اوسنے ایک امیر کے ہاتھ ہزار روپیہ کو بیچ ڈالا ایکدن سائیس اوسکو ٹہلا رہا تھا ناگہان گھوڑا ایک باغ
میں ہوا کے گھسنے لگا سائیس نے حیران اور متعجب ہو کر شور مچایا اور اوسکی دم پکڑلی دم سائیس کے
ہاتھ میں رہگئی اور گھوڑا سوراخ میں داخل ہوگیا دم کو سائیس ایک کپڑے میں لپیٹ کر امیر کے پاس
لیگیا جب امیر نے اوسکو کھول کر ہاتھ میں لیا تو معلوم ہوا کہ دم نہیں ہے کیڑا ہے سو بخیل آدمی کے
پاس مال زر مثل کیڑے کے ہے نہ اپنے کچھ کام آتا ہے نہ اوروں کے رات دن مال جمع کرنے کی رنج و
مصیبت میں مبتلا رہتا ہے بجز حسرت کے کچھ اوسکو حاصل نہیں ہوتا خدا تعالی فرماتا ہے ویل
لکل ہمزۃ لمزۃ الذی جمع مالا وعددہ یحسب ان مالہ اخلدہ کلا لینبذن فی الحطمۃ

تو نگر دیدم درسامان خود آزار دارد	بقدر عکس بر پوست ماہی خار دارد
گمان خیر چه و ریشتن است عمر عزیز	بخور که روزه گرفتن حرام در سفر است
اہل دنیا نتوانند بیکبے برداشت	غیر مردار شکاری نبود کرکس را
منعمان بعد جمع باقی است روز حساب	تشنه تا خفته است خیز و گرشت دریا بخواب
کاه خواز آگہی انسان نخواند گشت کہ	آدمی گر لاند کے غافل شود ذمی شود

ایکروز فرمایا نادرشاہ کے قتل سے تین برس پہلے ایک درویش صابر شاہ نام لاہور کا رہنے والا نادرشاہ کے لشکر مین ارد ہوا اوسکا یہ حال تہا کہ چھوٹے چھوٹے خیمے لکڑی کے بنا کر لڑکون کی لڑیون پر کہڑے کرتا تہا اور مٹی کے گھوڑے بنا کر اون خیمون کے آگے باندہا کرتا تہا جب احمد شاہ نادرشاہ کے سلام کو اودہر سے جاتا تو اس فقیر کو بہی سلام کرتا تب یہ فقیر کہتا ای احمد شاہ تیری سلطنت کا اہتمام کر رہا ہون احمد شاہ روز بروز فقیر کا معتقد ہوتا جاتا تہا جب نادرشاہ قتل ہوا اور احمد شاہ مال اسباب بادشاہی اوسکے دشمنون سے بچا کر اونٹون پر لاد کر بادشاہ بچا لا کر قندہار کو چلا تو فقیر کو ساتھ لیلیا جب احمد شاہ دو منزل لشکر نادری سے نکل گیا تب فقیر نے کہا احمد شاہ اب تو بادشاہ بنجا احمد شاہ نے کہا کہ میرے پاس سامان سلطنت کیا ہے تب فقیر نے ایک چہوترہ مٹی کا بنایا اور احمد شاہ کا ہاتھ پکڑ اوسپر بیٹھایا اور کہا کہ یہ تخت ہے اور سبز گیاہ احمد شاہ کے سر پر رکھدی اور کہا کہ یہ تاج بادشاہی ہے اب تو بادشاہ درانی ہے اوسیدن سے احمد شاہ نے اپنی قوم کو جسکا لقب ابدالی تہا درانی نام رکھا اور قندہار مین داخل ہو کر بادشاہ بن بیٹھا اور اپنا سکہ جاری کیا ہے

حکم شد از قادر بیچون باحمد بادشاہ	سکہ زن بر سیم و زر از اوج ماہی تا بماہ

اور مہر کہ ابدالی الحکم للہ یا فتاح احمد شاہ درانی - ایکروز صابر شاہ قندہار مین احمد شاہ کے دربار مین جبکہ وہ تخت پر بیٹہا تہا اور یہ مرد برہنہ خاک آلودہ پاس لیٹا ہوا تہا کہا ای احمد شاہ مین نے تجھے بادشاہ کر دیا اب مین جاتا ہون بعد چند روز کے صابر شاہ لاہور مین آیا اور مجذوبوں کی طرح مرگیا

کوچہ میں پھرتا تھا اور آواز بلند کہتا تھا کہ میں فشانی و علم احمد شاہ درانی کے بیان کو ہے کر دیکھا شہنواز خان بن خان بہادر ذکریا صوبہ دار لاہور نے نادانی سے صابر شاہ کو قتل کرا دیا اور شاہ منکر صابر شاہ کے خاندان کے لوگوں سے بہت سلوک کیا اور شہنواز خان چند روز میں گرفتار ہو کر مر گیا نقل ہے ایکروز فرمایا ایک مسجد میں چند علمای ذی زین جمع ہو کر وعظ و پند فرما رہے تھے اپ وعظ میں یہ بھی فرماتے تھے کہ فلان شخص کافر ہے اور فلان ملحد ہے اور فلان بدعتی ہے اور فلان زندیق ہے اس جلسہ میں حضرت شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف فرما ہوئے آپنے علمای دین کیطرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ ای صوفی علم ظاہری تم اوروں کو تو کافر و ملحد اور زندیق بتلاتے ہو کچھ تمکو بھی از راہ باطن کچھ بھی خبر ہے کہ تم خدا کے نزدیک کیسے ہو مقبول ہو یا مردود ہو علمای دین یہ بات کو سنکر رونے لگے اور کہنے لگے کہ فی الواقع اس بات کی تو ہمکو کچھ خبر نہیں ہے

مولانای جامی رحمۃ اللہ علیہ

جامی این وعظ و تلخ گوئی چند	خرده گیری و عیب جوئی چند
شیوهٔ واعظ آن بود که نخست	فعل خود را کند قبول درست
چون شود کار را موافق گفت	گر دهد پند غیر نیست شگفت
پای تا فرق جملہ عیبی عار	چه کنی عیب عمرو و زید شمار
زشت باشد کہ عیب خود پوشی	وز پی افشای دیگران کوشی
کل بموی دروغ پوشد سر	گر بود موی من چه سنبل تر

اشعار حضرت مولانای روم علیہ الرحمۃ

قیمت کالا همی دانی که چیست	قیمت خود را ندانی احمقیست
تو همی دانی یجوز و لا یجوز	خود ندانی تو که حوری یا عجوز
این روا آن ناروا دانی تو لیک	خود روا یا ناروا بین تو نیک

نقل ایک روز فرمایا ایک گاؤں میں ایک بزرگ کی تعریف سنکر ہم بارادہ ملاقات گئے اور

اطلاع کرائی وہ عزلت میں رہتے تھے باہر نہ آئے اونکے آدمی نے کہا کہ میرے حضرت
نہیں ملتے اور رات دن گھر میں بیٹھے رہتے ہیں ہم نے ایک نامہ لکھکر اونکے آدمی کو دیا
کہ یہ اونکو دیدو ہم جاتے ہیں مضمون اوس نامہ کا یہ تہا کہ اگر تمکو مشغولی کمال اسطرح کی ہے
کہ ہر وقت وساعت اوس میں محو اور مستغرق رہتے ہو اور کسی وقت مہلت و فرصت نہیں تو
تمہارا نہ ملنا درست ہے اور اگر ایسی مشغولی نہیں ہے تو نہ ملنا سراسر غلطی کی بات ہے ملنا
دو حال سے خالی نہیں ہوتا اگر خود کامل ہے اور دوسرا ناقص ہے تو اوسکو فیض فائدہ ہوگا
اور اگر خود کامل نہیں ہے تو آپ وہ فائدہ حاصل کرے بزرگوں کا ملنا ملنا فائدے سے خالی
نہیں ہوتا اور جمل عزلت تو دل سے تعلق رکھتے ہے حضرت مولانا جامی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں شعر

عزلت سالکان بود بجسد / عزلت عارفان بہوش و خرد
آن بود عزلت جسد کہ مدام / بگسلی از ہمہ چہ خاص چہ عام
در برابر اہل زمانہ دربندی / جا بکنج خانہ بپسندی
پای نفرسائی از خروج و دخول / لب نیالائی از کلام فضول
بمقالات خلق دم نزنی / بملاقات شان قدم نزنی
خندہ شان ہمین سوء انکاری / بجلس شان مخفی خود پنداری
پیش از آن کت برد اجل زہمہ / ببری رشتہ امل زہمہ
عزلت ہوش آنکہ غیر خدای / در حریم دلت نیابد جای
واکنی اندک اندک اندیشہ / از ہمہ تا شوی یک اندیشہ
چون یک اندیشہ گشت پیشہ شود / دولت سرمدیت ہمیشہ شود
ہر چہ جز بندگی تو گم گردد / بندگی جملہ زندگی گردد
بے نشان بندہ شوی احدی / جان فشان زندہ شوی ابدی

درویش نامہ دیکھتے ہی باہر نکل آئے منت سماجت ہماری خاطر تواضع کی اور آئندہ کو [illegible]

اَلنّقل ایک روز فرمایا کمال الدین سید حسین خوارزمی رحمت اللہ علیہ عارف بے باک اور کامل
نے مزار خواجہ عبداللہ احرار پر تشریف لے گئے جاتے ہی مخلوق خدا تعالیٰ خود بخود اونکی
طرف متوجہ ہوگئے اور صدہا آدمی خدمت میں حاضر ہونے لگے حضرت خواجہ عبداللہ احرار
کے مزار پر انوار کے ایک سجادہ نشین کور باطن تھے اونکے دل میں ایک حسد اور رشک پیدا
ہوا اور اپنے دوست آشناؤں معتقدین وغیرہ کو جمع کر کے اونھون نے یہ صلاح کی کہ یہ درویش
جو شہر میں آگر رہتے ہیں باہم متفق ہو کر اُن سے مناظرہ اور مباحثہ کر کے زک دینی چاہئے تاکہ
لوگونکی نظرون میں یہ حقیر اور ذلیل ہوجاوین ... ... رباعی

اندیشہ یاران حسد پیشہ مکن		سنگے کہ ہمی چو ما را شیشہ مکن	
از صحبت این طائفہ دلشاد مشو		از مردم روزگار اندیشہ مکن	

ایک شخص اہل باطن بھی اس بستی میں رہتے تھے اونسے کہا کہ تم بھی اس مباحثہ میں شریک
ہوجاؤ اونھون نے شریک ہونے سے انکار کیا اور فرمایا کہ تم انکے ساتھ کچھ مباحثہ مت
کرو یہ اہل باطن بزرگ کامل ہیں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ انکو یہان جہو نکلے میں منکر
نکالے نہ یہ نکلینگے اور نہ یہ حقیر ہونگے ۔ تُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ مگر سجادہ نشین کے
دل میں ایسا حسد ہوگیا تھا کہ اسنے نکلنا نہ مانا اور اپنے ارادہ او خیال باطل سے باز آیا رباعی

باز آ باز آز فکر باطل باز آ		از وسوسہ خیال خام ایدل باز آ	
خوشنود مشو ز فکر دنیا ہرگز		زو وصل بما نمود وصل باز آ	

ایک خادم نے سید کمال الدین حسین رحمت اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپکے ساتھ
مناظرہ اور مباحثہ کا سامان اور مجمع ہو رہا ہے کچھ آپکو بھی اس بات کا فکر ہے فرمایا مجھکو کیا فکر
ہوتا جو کچھ مجھسے کوئی دریافت کریگا جو خدا تعالیٰ کہلاویگا کہدونگا اور جو بات کہ معلوم اور
مفہوم نہیں ہے اوسکا اقرار لا حاصل ہے یہ کہکر او پچھاڑ دیتا گرلیت جب خانقاہ میں مجمع
ہوا تب آپنے فرمایا کہ باہم ملنے ملانے کا لطف یہ ہے کہ یا تو آپ وعظ کہیں یا مجھکو فیض قائم ہو جائیگا

[illegible]

[illegible]

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] شعر

[illegible]	[illegible]

شیخ سعدی علیہ الرحمۃ [illegible] اشعار

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]		[illegible]
[illegible]		[illegible]
[illegible]	شعر	[illegible]

نقل [illegible]

[illegible]

ہیچ صحبت مباد با عامت	گرچہ خود منصف کند نامت
صحبت عامہ در بہشت آباد	مرگ باشد کہ مرگ عامی باد

رباعی

خواہی کہ شوی شاد و نگردی غمگین	از خلق کنارہ گیر و تنہا بنشین
آسودگی ہر دو جہان است ایمن	یک حرف ز من بشنو در حجت گزین

کو ہین باندہلی اتنا قارات کو غسل کی حاجت ہوئی چوہون کی کثرت تھی چوہا جو کوئی آیا تو کو ہین کو کاٹ گیا اور اوسکے خصیون مین بھی دانت لگ گیا جب یہ حال نیازدار کو معلوم ہوا تو اوسنے کہا کہ مین ایک بلی آپکے واسطے دیتا ہون آپ اوسکو پالئے وہ چوہون کو کھا جاویگی اور اوسکے خورد و نوش کا فکر نفرمائیے وہ میرے ذمہ ہے پھر شاہ صاحب نے بلی پالی چند روز تو اوسنے بلی کو کھلایا پلایا پھر خاموش ہو رہا

اشعار

مہر جاہل چو مہر گردان است	مہر کہ جاہل خواست مہر نشست
یار ہم کاسہ است بسیاری	لیک ہم درد کم بود یاری
مہر اہل مہر ہرکس آید یقین	کین او مہر است مہر اوست کین
عہد او سست است ویران و ضعیف	گفت او زفت و وفائی او نحیف

جب بلی بہوکی مرنے لگی تب کسی دنیادار نے کہا کہ مین آپکو بکری لا دونگا آپ اوسکو پالئے اور اوسکا دودھ بھی مین روز لا دیا کرونگا اوسکا دودھ بلی کو پلایا کیجئے کچھ آپ نوش فرمائیگا پھر شاہ صاحب نے بکری پالی دو چار روز چارہ لایا پھر جواب دیدیا

رباعی

اعتبار عہدہای مردم دنیا غلط	ہان غلط آری غلط گفتم شب غلط فردا غلط
نسخہ بے تابی دیوان عمری ما مپرس	خط غلط معنی غلط انشا غلط املا غلط

جب بکری بہوکی مرنے لگی تب ناچار شاہ صاحب اوسکو جنگل مین چرانے لگے اور ایک دن چارہ کے واسطے درخت پر چڑھے اور گر گئے ہاتھ ٹوٹ گیا غرض داری زبر زبر والا معاملہ ہو گیا جب جنگل مین سے گئے تو لوگ کہنے لگے ہاتھ ٹوٹنے سے بہت تنگ تھے لوگ پوچھنے کو آئے تب اوسکو کھول کر ... رباعی

ز غبار ز ار تعلق گشته دامان بجیر | ہر جیبی کشت از زبان گریبان بجیر
خود نشال ہم از بار منت حق رہت | ثمر قبول کن سرو این گلستان بجیر

دنیاداروں کی صحبت کو اپنے اوپر غالب آنے دینا خام کاروں کا کام ہے رباعی

از مردم دنیا بجز ازیک کنار | تا دل نکشد عروس راحت بکنار
سر رشتهٔ اختلاط از دست مده | سرمایهٔ آرام و فراغت بکنار

ایک روز ایک دنیادار نے حضرت کی خدمت میں کہا کہ میں نے آپکی واسطے جال بچھا رکھا ہے جسوقت آپ تشریف لاوینگے آپکو پھانس لونگا آپ نے فرمایا جو ڈھونڈھتے ہوئے میں وہ جال میں خود نہ پھنسیں شیطان کو ہر شخص بدنام کرتا ہے اور اوسپر لاحول پڑھتا ہے مگر اپنے اوپر لاحول پڑھنے والا کوئی نظر نہیں آتا ع دیدہ ام لاحول خوان دیوی ہزار (نقل) ایکروز فرمایا ایام غدر میں ایک شخص نے کہا کہ میں آیۂ کریمہ انگریزوں کے واسطے پڑھنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا کہ انگریز ہزاروں کوس کے فاصلہ سے اس ملک میں آکر جو سلطنت اور حکمرانی کر رہے ہیں یہ خدا داد نعمت ہے جب خدا تعالیٰ نے انکو ہندوستان پر قابض اور مسلط کیا ہے تو خلاف مرضی الہی دعا مانگنا اچھا نہیں اگر خلاف مشیت ایزدی دعا مانگوگے تمہارے ہی حق میں مضر ہوگا اگر یہ سلطنت میری یا تمہاری یا کسیکی دی ہوئی ہوتی تو یہ دعا مانگنے کا کچھ اثر ہوتا جب وہ کا قائم کرنا منظور ہے تو مرضی الہی پر شاکر رہنا مناسب ہے اور کچھ چون و چرا نہ کیجئے شعر

خدا ہر چہ خواہد کند بندہ باش | رضا پیش گیر و سر افگندہ باش

اوس نے نہ مانا اور آیۂ کریمہ کو پڑھنا شروع کر دیا شروع کرتے ہی ایسا بخار شدت کا چڑھا کہ کچھ ہوش نہ رہا اور پڑھنا بھول گیا شعر

خلاف رای سلطان رای جستن | بخون خویش باشد دست شستن

ایکروز ایک شخص نے کسی حاکم کے ظلم و ستم کا حال خدمت میں عرض کیا آپ نے فرمایا وہ شخص ظالم ہم قسمت ایک تو یہ کستا تھا اگر خدا تعالیٰ تجھکو کسی جگہ کا بادشاہ کر دے تو تمہیں عدل اور

ہلبوط طا ہیوت وید غوث حاجتی قضیاً مطلوب۔ اور اسکے ساتھ یہہ دعا اللہم اکشف عن قلبی حجاب الغفلات وعلمنی مالم اکن اعلم وبین لی من کل اسال عنہا من لا الہ الا ہو ولا معبود سواہ یہہ دو اسما بتراکیب مختلف واسطے فواید دین اور دنیا کی ستر الوف ربعی چوسا منوعا عالما طیوثونا سلیخا میخا ملقویا قیہوما ان اسما کی فواید لی عمار ہین لعذر کو دہا تو ے مرتبہ ہر روز پڑہی اور کشف قلب ور علم لدنی کے واسطے خلوت اور روزہ داری سے پڑہتی ہیں اور بعض اسے مسخرات جن وانس وحیوانات خزانہ غیب وطیران وتنزول باران ومعاینہ ارواح وملائکۃ وہم کلامی ملائکۃ اکل شرب عالم غیب ونزول شربت محبت وشوق از غیب کیواسطے

ایضاً یہہ مناجات

خذ بلطفک یا الٰہی من لہ زاد قلیل	مفلس بالصدق یاتی عند بابک یا جلیل
کیف حالی یا الٰہی لیس لی خیر العمل	سوء اعمالی کثیر از اد و طاعاتی قلیل
منہ عصیان ونسیان وسہو بعد سہو	منکہ احسان افضل وبعد اعطاء الجزیل
ذنبہ ذنب عظیم فاغفر الذنب العظیم	انہ شخص غریب مذنب عبد الذلیل
عافنی من کل داء واقض عنی حاجتی	ان لی قلبا سقیما انت من تشفی العلیل
قل لنا یا ربدی یا رب فی خفی کما	قلت قلنا نار کونی بردا فی حق الخلیل
ہب لنا ملکا کبیرا نجنا مما نخاف	ربنا اذ انت قاضی والمنادی جبرئیل
انت شافی انت کافی فی مہمات الامور	انت ربی انت حسبی انت لی نعم الوکیل
رب ہب لی کنز فضل انت وہاب کریم	اعطنی مافی ضمیری دلنی خیر الدلیل
این موسیٰ این عیسیٰ این یحییٰ این نوح	انت یا صدیق عاصی تب الی المولی الجلیل

ختم قادریہ جمیع مہمات اور مرادات کی واسطہ ایک آدمی پڑہی یا گیارہ آدمی باہم قسمت کر کے اور شب چہارشنبہ سی شروع کرے اور تین شب تک اگر کسی مطلب خاص کی واسطے پڑہے ہو تو نذر مقرر کری پہر شروع کری جب کام ہو جاوی تب نذر ادا کری جو ختم پڑہنے والی ہوں اونکو ہر روز شیرینی دیتا رہے اول طہارت پہر تحیۃ الوضو بعد اوسکی دوگانہ قادریہ تو ابتداء سکا روح پر فتوح حضرت غوث الاعظم کو ہو دوگانہ تین

ہر رکعت مین بعد فاتحہ کی گیارہ بار سورہ اخلاص اور بعد سلام کی درود گیارہ بار اور کلمہ تمجید گیارہ بار اور ایک سو گیارہ دفعہ شیئاً للہ یا شیخ عبد القادر جیلانی ایک دفعہ سورہ یسین با تسمیہ اگر مہم صعب ہو تو ختم کبیر یعنی سورہ الم نشرح ایک ہزار ایک سو گیارہ دفعہ ورنہ ختم صغیر یعنی سورہ مذکور ایکسو اکتالیس بار اور ایک سو گیارہ بار درود پڑہے اور قبلہ کیجانب ہاتھ اوٹھا کر دعای حاجت مانگے اور ثواب ختم کا حضرت کو بخشی علاوہ اوراد اور نمازون اور دعاؤن اور درودون مندرجہ بالا کی دعاہای اوراد مندرجہ ذیل بہی بہ ترکیبات گوناگون ارشاد اور تعلیم فرماتی تہی کہ اونکی لکہنے کی معہ تراکیب کتاب ہذا مین گنجایش نہین ہے اگرچہ راقم کی پاس سب کی ترکیب جسطرح حضرت ارشاد فرماتی تہی موجود ہین مگر بنظر طوالت اونکے لکہنے سی معذور ہون قصیدہ غوثیہ ۔ قصیدہ بردہ ۔ قصیدہ بابت سعاد ۔ دعای سریانی ۔ دعای مغنی حزب البحر بچند ترکیب ۔ دعای امیرین ۔ دعائی بشمخ ۔ حصن حصین لوذ نہ نام صلوۃ التسبیح ۔ دعای سامع کبریت احمر ۔ چہل اسما حروف تہجی ۔ ترکیب سورہ یوسف بچند اقسام ترکیب سورہ یسین بچند اقسام جوشن کبیر ہفت بند کاشی ۔ قصیدہ مضریہ ۔ درود مستغاث ۔ درود اکبر ۔ دعای حیدری ۔ دعای گنج العرش ۔ چہل کاف ۔ دعای کیمیائی سعادت ۔ سورہ مزمل ۔ سورہ مایدہ ۔ سورہ کہف ۔ سورہ مدثر ۔ سورہ سجدہ سورہ جن ۔ جواہر القرآن ۔ سورہ طہ ۔

اذکار اشغال

جس طالب کو جیسا مادہ اور ظرف اور استعداد ہوتا تہا اوسکی موافق اوسکو اذکار اشغال تعلیم فرماتی تہی کسیکو ذکر جلی کسیکو خفی کسیکو زبانی خیالی کسی کو دونون کی اجازت فقط حبس دم کے ساتھ ذکر شغل کرنیکی آپ اجازت نہین دیتی تہی اگر شاذونادر کسیکو کہین اجازت دی ہو تو اسکا مجہکو علم نہین ہے اور ذکر کے بارہ مین جناب رسالتماب فرماتی ہین اُذکُرُ حتی الیقال المجنون یعنی ذکر خدا کا اسقدر کر کہ خلق کہے مجنون ہے اور ایک حدیث مین آیاہی کہ جو کوئی یہہ چاہے کہ خدا نعمت ہای بہشت مجہسے ملین اوسکو چاہئے کہ خدا کا ذکر بہت کرے اور سلمان پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سی راوی ہین کہ پیغمبر خدا صلعم نی یارون کو فرمایا کہ مین تمکو سکہاتا ہون وہ بات جو تمہاری عملون سی بہتر ہے اور بہتر ہی از نقرہ دینی سے راہ خدا مین اور

بہتر ہے کافرون کے قتل کرنی سے راہ خدا مین اور اپنے مرنی سے راہ خدا مین یارون نی عرض کیا کہ وہ
کونسا عمل ہے کہ افضل اور اعلی ہے سب چیز سے خواجہ عالم نے فرمایا کہ وہ ذکر ہے خدا تعالے کا رات دن
اوس سے غافل مت رہو اور دربارہ ذکر دوام حضرت غوث الثقلین فرماتی ہین دوام الذکر سبب لدوام
الخیر فی الدنیا والاخرہ یعنی ہمیشہ ذکر کا ہونا دنیا اور آخرت کی نیکی کا سبب ہے اور فرماتی ہین کہ یخیم ذکر اللہ
فی قلوب العارفین ویحیط بہا وینسیہا ذکر کل مذکور فاذا تم ہذا فی الجنۃ ہی المادی الجنت المنقودہ والجنت
الموعودہ المنقودہ فی الدنیا ہی الرضا بالقضا وقرب القلب من اللہ عزوجل فی جمیع احوالہ من غیر تکیف
ولا تشبیہ کمثلہ شئی وہو السمیع البصیر والموعودہ فی الاخرہ وعد اللہ عزوجل للمومنین والنظر الی وجہ الکریم
من حجاب جہر کرتا ہی خدا کا ذکر عارفون کی دل مین اور احاطہ ہوتا ہی اوس سے ایسا کہ تمام مذکور کا ذکر
اوس سے فراموش ہو جاتا ہی جب یہہ مرتبہ حاصل ہوتا ہی تب بہشت ذاکر کا وطن بن جاتا ہی اور
بہشت نقد یا ل ہی اور بہشت وعدہ کی ہوئی چیز ہی اور بہشت نقد ہے دنیا مین اور وہ راضی ہونا ہے
قضا پر اور دل کی نزدیکی ہی خدا سی ہر حال مین بغیر کیف اور بغیر تشبیہ کوئی اوسکی مانند نہین ہی وہ
سننے والا اور دیکھنے والا ہی اور بہشت وعدہ کی ہوئی آخرت مین وعدہ کیا ہی خدائی بزرگ نے
مومنین سے اور دیدار ذات تہربان کا لی حجاب کی - اسم ذات کا ارشاد چار طرح پر ہوتا تہا یعنی یا
اللہ بہ ہا ی ساکن یا بضم یا اللہ ہو لواو معروف یا ہو اللہ بواو مجہول یہہ دنیا دارون کو -
ابتدائی تعلیم مین ایک تعداد پانسو یا ہزار یا دیگر مقرر فرما کر یہہ ارشاد ہوتا تہا کہ ہر روزہ جسوقت
سوتی ہی آنکھ کہلی جہر سی پڑہنا شروع کری اور مواظب کری مگر جسوقت آنکھ کہلی اوسیوقت سی بلا فکر
وضو وغیرہ شروع کردی وضو کرکے اور بیٹھ کر پڑہی تو نہایت مناسب ورنہ لیٹے ہوئی بہی برا نہین ہے
پاس انفاس - سانس نکلتے وقت اللہ اور اندر جاتے وقت ہو واو مجہول سے - ایضًا سانس کے
نکلتے وقت ہو واو مجہول سی اور اندر جانیکے وقت اللہ - ایضًا سانس نکلتے وقت اللہ اور اندر
جانیکے وقت ہو واو معروف سی - ایضًا ہنگام صعود نفس ہا کا خیال رکہی اور بوقت ہبوط نفس ہو
ایضًا - وقت صعود ہو - بفتح واو اور وقت ہبوط ہو بسکون واو - ایضًا یا ہو یا ہو یا من ہو یا من

لیس لہ شریک فی الملک لاہو۔ ایضاً شغل اسم ذات ہی زبان کو تالو سی چپکاوین اور دل سی جہر ہوسکی لفظ اللہ کہی اور شب و روز یہی تصور رکہی تاکہ پختگی پیدا ہو اور بلا تکلف جاری رہی انا فیہ ہو فی یا ہو فی یا انت و ہو نکتہ۔ ہر لفظ اور کلمہ ایک مخرج خاص سے نکلتا ہی مخرج تین ہین حلقی وسطی شفتی لفظ ہو سب مخارج سی علحدہ ہی ذات بیچون بیچگون جیسے بے مکان اور بے منزل اسکا ایسی ہی اسم ہو ہے۔ ذکر لاہوتی جناب غوث پاک رضی اللہ عنہ اور آپ کے بزرگون نے ہمیشہ کیا ہی اور یہی ذکر جناب رسالت مآب سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو پہنچا اور حضرت سی سینہ بسینہ غوث الثقلین تک چلا آیا۔ ہا ہی ہو۔ ایضاً ہا ہو ہی حی یا ہا ہو حی اور انکی کرنیکی کئی طریق ہین۔ ایضاً دوسرا طریق یہہ ہی کہ ہو اللہ ہا اللہ ہی اللہ سے جہر کری۔ ایضاً۔ ہی اللہ ہا اللہ ہو اللہ واو ہو اور الف اور یای تحتانی ہی کو اشباع سی اور کان اللہ علی کل شی محیط و علی کل شی علیم و علی کل شی سمیع وکان اللہ ولم یکن شی معہ اور الان کما کان کا تصور رکہے۔ شغل میت جو اسم ذات اور نفی اثبات سے کیا جاتا ہی بعض طالبون کو ارشاد ہوتا تہا۔ ذکر کی چار حالت ہوتی ہین۔ ایک تو زبان ذاکر اور دل غافل دوسری زبان ذاکر اور دل اوسکا یار تیسری زبان ساتہہ دل کے اور دل ساتہہ زبان کے موافق گاہ گاہ دونون غافل چوتہی زبان غافل اور دل ذاکر کو توبہ اور طہارت اور اطمینان اور استمداد شیخ لازم ہے۔

ذکر اسم ذات ضرب سے

لفظ اللہ کو شد و مد جہر سی بقوت تمام دل پر ضرب دی بعد توقف پہر ضرب دی اسی طرح معمول رکہی دو ضربی اسم ذات ایک بار زانوی راست پر اور دوسری بار دل پر ضرب دی۔ سہ ضربی اسم ذات ایکبار زانوی راست پر دوسری بار زانوی چپ پر تیسرے بار دل پر ضرب دے۔ چہار ضربی اسم ذات ایکبار زانوی راست پر دوسری بار زانوی چپ پر تیسری بار سامنے اپنے چوتہی بار دل پر ضرب دی یک ضربی اور دو ضربی مین دو زانو بیٹہی ہین اور سہ ضربی اور چہار ضربی مین مربع جلسہ ہوئے طریق ذکر یک ضربی مربع بیٹہے اور رگ کیماس چپ کا انگشت پائی راست سی محکم پکڑی اور دونون

ہاتھ دونون زانو پر رکھی اور انگشت دونون ہاتھ کی ایسی کشادہ رکھی جو نقش اسم اللہ نظر آوی بعد اسکی سر کو زانو چپ پر لیجاوی اور اسقدر سرنگون ہو کہ ریش خصر دست تک پہونچی اور اس جگہہ سی لا الہ کو شروع کری اور سر کو زانوی راست پر لاکر کتف راست تک پہونچاوی تاکہ سر اور کمر اور پشت برابر ہو اور اندک سر کو کتف راست سی پشت کیطرف کہینچکر اور جس جگہہ سی لا الہ کا صعود کیا تہا اوسی جگہہ الا اللہ کا ہبوط کری اور پہر از سر نو شروع کری بصورت نفی آنکہہ کہلی رکہے اور بصورت اثبات بند بوقت کہنے لا الہ کے نفی بطلان کری اور جب الا اللہ کی ضرب لگاوی حق کو ثابت کری۔ طریقہ جلسہ دوم یہہ ہی کہ دو زانو بیٹہی اور ہر دو دست اوپر سر ہر دو زانو کی رکہی اور انگشت کشادہ رکہی تاکہ صورت اسم ذات ظاہر ہو۔ طریقہ جلسہ سوم مربع بیٹہی لیکن ساق پای راست کو پائی چپ پر رکہے تاکہ دونون پانون دونون زانوسی باہر رہین اور پشت پانوکی زمین پر رہے اور کف دست راست کف پای چپ پر اور کف پائی چپ کف پائی راست پر۔ طریقہ جلسہ چہارم مربع بیٹہی لیکن شتالنگ پائی راست شتالنگ پائی چپ پر رکہی تاکہ انگشتان دونون پانوکی زمین پر رہین اور کف ہر دو دست اوپر کف ہر دو پائی اسیطرح کہ سری اونگلیون کے زمین پر رہین۔ ذکر نفی اثبات قادریہ مربع بیٹہی اور انگشت پائی راست سی رگ کیماس زانوی چپ پکڑ لی اور دونو ہات زانو پر رکہے اور لا کو بشدت تمام محل قلب صنوبری سی آغاز کرے اور سانس کو وہان سی زیر ناف بالکر طرف دست راست سے کہینچکر دوش راست تک لیجائی اور وہان سی گردن پر اور گردن سی تا رک پر اور تارک سی درمیان دو زانو پہونچاکر الہ کو ضرب بشدت تمام دیگر اللہ دل پر شدت سی ضرب کری کو بالا۔ الہ۔ الا اللہ تین ضرب ہوگئین اور قلب صنوبری متحرک ہوگیا پس سانس لے اور نقش اللہ کہنے کی وقت تین مقام پر تصور کری اول دل پر دوم ہر دو دست بر کہ جلسہ زانو بر موجود ہین سوم مقابل اپنی سینہ کے یہہ طریقہ قادریہ خالدیہ ہے کہ حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خالدین ولید کو اسیطرح اجازت دی تہی اور حضرت کو جبرئیل علیہ السلام نی تعلیم کیا تہا اور ذکر قصاریہ بہی اسی کو کہتے ہین اسلئے کہ قصار کا ذر یعنی دہوبی کو کہتے ہین اور ذاکر مثل کا ذر صابون لا الہ سی پارچہ جسم اور دل کو اخلاق ذمیمہ او چرک تعلق اغیار سی پاک کری

اور مثل کاوہ کی بہ تکرار لا الہ بشدت ضرب و حبس تختۂ دل پر مارتا ہی اور النہایت ہو الرجوع الی البدایت بہی ذکرے
اس ذکر سے ذاکر مثل آئینہ زدائیدہ پاک و صاف ہوجاتا ہی اور ہمیشہ تہنیکو واسطے ہی دوبارہ نفی و اثبات حضرت
غوث الثقلین رض فرماتے ہین اذا قلت لا الہ الا اللہ فقل ولا بقلبک ثم بلسانک والتکل علیہ و اعتمد علیہ دون غیرہ
اشتغل ظاہرک بالحکم باطنک بالحق عز وجل جب تو نے لا الہ الا اللہ کہا کہہ پہلے قلب سے یعنی دل کے ساتھہ
پہر زبان سے یعنی زبان سے ادا کر اور یقین کر اوسپر تکیہ کر اور بہروسا کر اور اوسکی ماسوا سے علحدہ ہو اور مشغول رہ
ظاہر شرع کے ساتھہ اور باطن خدای بزرگ کے ساتھہ اذا قلت لا الہ الا اللہ فہذا النفی کلی و الا اللہ اثبات
کلی لہ لا لغیرہ فای وقت اعتمد قلبک علی شی غیر الحق فقد کذبت فی اثباتک وصار الیک الذی اعتمد علیہ
فی الاسلام لا نفع لک جب تو نے کہا لا الہ الا اللہ پوری نفی ہوگئی اور پورا اثبات ہوگیا اور اگر کسی
وقت تیرے قلب نے غیر حق پر اعتماد کیا تیرا اثبات جہوٹہا ہوا اور درستی نہوئی ذکر نفی و اثبات
قادریہ یہہ حضرت سرور کائنات کو حضرت میکائیل علیہ السلام نے تعلیم فرمایا تہا خلوت اسکے لئے ضروری
ہے لا۔ نفی کا قلب صنوبری سے بشدت تمام و بضرب کمال حبس دم کے ساتھہ اور حضوری سے
شروع کرے اور زیر ناف سے کتف راست کی طرف لیجاوے اور وہان سے کتف چپ پر لیجاوے اور وہان
سے زانوے راست پر پہونچا کر اور الہ کی ضرب دیکر الا اللہ قلب پر ضرب کرے اور سانس
ترقی سے چہوڑ دے یہہ مبتدی اور منتہی دونون کیواسطے مناسب ہے اسکو ذکر بسیط بہی کہتے ہین۔
ذکر ہو دو زانو بیٹہے اور دونون ہاتہہ اوپر سر دو زانو کے رکہے اور سر کو نزدیک دو زانو کے لیجاکر ہو
کو زیر ناف سے کہینچے اور آواز ہو کو ام الدماغ تک پہونچاوے پہر از سر نو شروع کرے اور اوسکو حبس
دم کے ساتھہ کرے ایضاً ہو دو زانو بیٹہے زنخ کو اوپر زیر رکہے اور زیر ناف سے دم ساتہہ فکر ہو کے
ادہر کو کہینچے اور دم کو باہر جانے نہ دے اور ہر اعضا مین دم کو ساتہہ فکر ہو کے سریان کرے ذکر ہو
دو زانو بیٹہے پشت پای راست کتف پای چپ پر رکہے تا کر سرین شتالنگ پر رہین ہو کو تحت ناف
سے باواز رقیق فوق کیطرف کہینچے اور ذوق سے ہو کہکر ضرب پیاپی لگاوے اس سے پرتوہ تجلیات قلب
پر ذاکر کے تابان ہوتا ہے۔ سہ ضربی ہو ہو حی دو زانو بیٹہے ایک ضرب ہو کی آسمان کی طرف اوراک

ضرب سرنگون کرکے زمین کی طرف اور ضرب حی کی اپنے اندر مارے - ذکر مکاشفہ اس ذکر سے حق موجود حقیقی
کی جملہ اشیا مین مکشوف ہوتی ہے دو زانو بیٹھے اور زانوے چپ سے یا ہو کہتا ہوا بطرف راست دور کرکے
پہلا اسی شروع کرے وہین پہونچاوے پھر وہان سے من ہو کہتا ہوا اوسی طرح کرے پھر اُسی جگہ سے یا من لا الہ
کہتا ہوا سر کو کتف راست تک لیجاوے الا کو اوپر سر زانوے چپ کے ضرب دے وہو الا اللہ کو دراز کرکے
تین دفعہ ہو ہو ہو کہتا ہوا اپنے آپ مین ضرب دے ذکر معیت یا معی یا معی یا معی یا ہو یا ہو
دیگر حاضری ناظری و معی طریقہ خاص غوث پاک ہے - ذکر تجلی - یا حی یا قیوم - ذکر لا الہ
الا ہو - ہو الحی القیوم - ذکر سہ حلقہ اللہ اللہ اللہ اوپر دل کے اور آواز ہو دماغ کی طرف
کھینچے برزخ محمدی کی یہی تعلیم بعض طالبون کو فرماتے تھے یا حی یا قیوم یا لا الہ الا انت -
طریق شغل دورہ قادریہ قبلہ رو مودب دو زانو بیٹھ کر دونون آنکھین بند کرکے زبان کو تالو
سے چپکا دے اور بحضور قلب تصور کرے یعنی بزبان دل اللہ سمیع خط نورانی کے خیال سے ناف سے نکال کر
وسط سینہ تک کہ مقام لطیفہ سر ہے پہونچاوے اور سینہ سے اللہ بصیر نکال کر دماغ تک پہونچاوے اور ام الدماغ
سے اللہ علیم نکال کر عرش تک پہونچاوے پھر اللہ علیم عرش سے دماغ تک اور اللہ بصیر دماغ سے سینہ تک
اور اللہ سمیع سینہ سے ناف تک لاوے یہہ سب ایک دورہ ہوا پھر ناف سے شروع کرے اور درجہ بدرجہ ذکر
بطریق عروج و نزول کرتا رہے اور بعض بزرگ ان کلمات کے ساتھہ اللہ قدیر بھی زیادہ کرتے ہین اوسکی
صورت یہہ ہے کہ اللہ قدیر کو آسمان چہارم تک و اللہ علیم کو عرش تک پہونچاوے اور اسمقام پر چندے قرار
کرے اور ثمرات و کیفیات اس شغل کے احاطہ تحریر سے باہر ہین جو کہ اسکی لذت سے بہرہ یاب ہووے وہی جانے
بعد حصول کیفیت ذکر شغل و مراقبہ اس طریقہ مین بتایا جاتا ہے **طریق مشی الاقدام** ذکر نفی و اثبات چلنے
کے وقت و قدم اوٹھانے اور رکھنے کے وقت جو کیا جاتا ہے مشی الاقدام کہلاتا ہے عند الارتفاع لا الہ کا تصور کرے
اور عند الوضع الا اللہ خواہ لفظاً خواہ معنیاً ذاکر اسمین مشغول رہے خواہ ایک بار تلفظ کرے اوسکے معنی مین تصور کرتا
رہے اس ذکر سے ذاکر علی الدوام سالک باتمام کہلاتا ہے **ذکر جلالی** کہ جو فنائیت کے واسطے ہے - اور اسکو ذکر کرم
حیدری بھی کہتے ہین اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد نفی و اثبات کا [illegible]

من قال لا اله الا الله وحده یا غفر الله له الرحمه به ذنب من الذنوب الکبایر دیگر لا اله محو ہوا اور الا الله اثبات حق جب
محو از خود نہین ہو وہ بھی اثبات نہین ہوتا ہے ۔ عارفان کون بلا بگذارند ۔ پس قدم در در اسلام آگر زند ۔
اور لا خازن گنج الا است ۔ شو از خود محو کہ اثبات آنجاست ۔ چون لا بری گم گردی ۔ محو چون قطرہ اندر قلزم گردی

طریق ذکر کلمہ طیبہ برای مبتدی - لا از قلب سے کہینچکر الا الله قلب پر ضرب دے دن کو اور رات کو خلوت مین
جہر سے کرے اور آخر مین ایک تسبیح کی ایکبار محمد رسول الله کہے - ایضا نفی و اثبات خلوت مین مودب قبلہ رو دو زانو
بیٹھکر آنکھین بند کرے لا کو زیر ناف سے کہینچکر کتف راست پہونچاکر لفظ الله کو ام الدماغ پر اور الا الله کو دل پر ضرب
دے اور لا اله سے نفی معبودیت و مقصودیت و موجودیت غیر الله کا خیال کرے اور الا الله سے اثبات حق کا خیال کرے
ایضا دوازدہ تسبیح نفی و اثبات لا اله الا الله دو سو بار اور ہر صدی پر ایکبار محمد رسول الله قلب سے لا کہینچکر کتف
راست پہونچاکر الله کو دماغ مین ضرب دیکر الا الله کو قلب پر ضرب دے فقط الا الله چار سو بار اور الله چہ سو بار
ترکیب نفی و اثبات بہت ہین بسبب اختصار نہین لکہین - بعد ذکر شغل کے مراقبہ کرتے ہین ۔

مراقبات مراقبہ مشتق ہے رقابت سے اور رقیب نگہبان کو کہتے ہین دل کو یاد ماسوی الله اور خیال غیر سے بچانا
اور نگاہ رکہنے کو مراقبہ کہتے ہین اور اصطلاحات صوفیہ مین مراقبہ مراد ہے کمال حضوری اور رسائی سے مضمون ما ذکر ہے
اور تصور توحید سے اور اپنی نفی اور مراقبہ کے معنی مین ذاکر کے سانس کا خیال غیر سے پاک ہونا اسکو صوفی ذکر قلبی
اور پاس انفاس بھی کہتے ہین - مراقبہ دو قسم کا ہے ایک ذاکر کیطرف سے حق کی ساتھہ اور اوسکے لیے یہہ لفظ ہین
الله حاضری الله ناظری الله شاہدی الله معی اسکو مراقبہ ذکر حضوری بھی کہتے ہین - اور دوسری قسم مراقبہ
کی یہہ ہے کہ ذاکر حق تعالی کو سب جا مین موجود اور حاضر جانے اور اپنی ہستی کو قطعی مٹادے اور فنا اور
درمیان سے سمجھے اوسکے لئے یہہ الفاظ ہین - الاول ہو الله ہو الآخر ہو الله ہو الباطن ہو الله ہو الظاہر ہو الله ہو معکم اینما
کنتم اور اسکی مثل جب مراقبہ کی حالت سے حضوری منقوش دل ہوتی ہے تو اس حضوری کو سر اور
مشاہدہ کہتے ہین اور جب مشاہدہ قیام پکڑ جاتا ہے تو اسکو حقیقۃ الذکر اور عرفان کہتے ہین اور جب عرفان
قیام پکڑ جاتا ہے اور ذاکر اپنی نفی پوری پوری حاصل کرتا ہے اور مطلوب حقیقی کا جلوہ یقینی ہوتا ہے تو اسکو
فنا در فنا اور بقا کہتے ہین طریقہ مراقبہ جب آیۃ یا جس کلمہ کا مراقبہ منظور ہوتا ہے اوسکو مودب دو زانو قبلہ رو بیٹھکر

اور دلکو خیالات ماسوی سے خالی کرکے پڑھتے ہیں اور اسکے معنی پر خوض اور استغراق کرتے ہیں۔
مراقبہ فنا۔ کل من علیها فان ویبقی وجه ربک ذو الجلال والاکرام یہ مراقبہ تمام مراقبوں سے افضل ہے اس مراقبہ
سے محویت و بیخودی حاصل ہوتی ہے الیضاً اللہ نور السموات والارض انوار الہی ہر مکان و زمان میں موجود
اور تصور کرے اور اوسکی ذات کو ثابت و اسی خیال میں مستغرق ہو۔ الیضاً۔ اینما تکونوا یدرککم الموت
ولو کنتم فی بروج مشیدة۔ الیضاً۔ ان الموت الذی تفرون منه فانه ملاقیکم۔ الیضاً الم یعلم بان اللہ
یری اسمیں رویت حق تعالی کا تصور کرے مراقبہ رویت کہلاتا ہے مراقبہ معیت۔ وهو معکم اینما کنتم اسمیں
تصور کرے کہ ہر حال میں خلا و ملا میں ذات و تعالی میرے پاس ہے اور اس خیال میں مستغرق رہے۔
مراقبہ اقربیت نحن اقرب الیه من حبل الورید اسمیں ذات و تعالی کو قریب سمجھے مراقبہ وحدت و ہمہ اوست
هو الاول هو الآخر هو الظاهر هو الباطن تصور کرے کہ کوئی کچھہ نہیں جو کچھہ ہے وہی ہے۔ الیضاً اینما تولوا
فثم وجه اللہ۔ دیگر کان اللہ علیکم رقیبا۔ دیگر۔ وهو بکل شیء محیط۔ دیگر۔ وفی انفسکم افلا تبصرون۔ دیگر
هو الحی القیوم۔ دیگر تمامی اسمای حسنی سے بھی مراقبہ کرتے ہیں اور جسقدر آیات توحیدی اور کلمات توحیدی ہیں
سب سے مراقبہ کرتے ہیں مراقبہ ہوا آسمان کی طرف یا اور جگہہ نظر جما کر آنکھہ کھولے ہوے نظر کرتے رہیں اور
پلک نہیں مارتے اس مراقبہ میں کشش مژگان سے پیدا ہوتی ہے بہت اولیاء اللہ نے اسکو کیا ہے خاصکر شاہ
شرف الدین بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ پانی پتی نے اسکو بہت کیا ہے مراقبہ کا وقت بعد از نصف شب
عمدہ ہے اور اگر دن میں کرے تو خلوت ضرور ہے اور مراقبہ میں دلکو بحضور حق حاضر رکھے تا کہ دل صاف اور
روشن ہو جاوے ؎ خوش آنکہ دلت ز ذکر پر نور شود۔ در پرتو آن نفس تو مقہور شود۔ اندیشہ کثرت ز میان دور شود۔
ذاکر ہمہ ذکر و ذکر مذکور شود۔ اور نفی حاصل ہوئے اور معرفت کا ظہور ہو اور اپنی عیوب نفس سے آگاہی نصیب ہے
اور مراقبہ کے لئے اجازت شیخ عزلت ز خلق اور شب بیداری لازمی ہے اور جلد فنائیت حاصل ہونے کے لئے
اپنے افعال و صفات کو خدا تعالی کے افعال و صفات تصور کرتے ہیں تصور اور تفکر کی قسم کا ہوتا ہے
تفکر آیات خدا تعالی سے معرفت پیدا ہوتی ہے اور آلاء و نعماء الہی میں تفکر کرنے سے محبت پیدا ہوتی
ہے اور وعدہ حق میں تفکر کرنے سے ہیبت پیدا ہوتی ہے مفتاح عبادت کی فکر ہے جو مداومت کرتا ہے

فکر کے ساتھہ دل کے وہ عالم الغیب ہوتا ہی ساتھہ روح کے ابو الحسن خضری کا قول ہے ایک دم فکر کرنا مزاج اور
سیاحی بے تعداد کی بہتر ہے اور ان اسما کی معنی کا تصور بہی مراقبہ ہوتا ہی - ان ربی معی سیہدین قیط
الصمد یا حی یا قیوم - مراقبہ توحیدی یہہ ہی کہ تمام عالم کو معقول او رمحسوس سے جو کچھہ ہے ہر لحظہ اور لحمہ موج دریا
وحدت جانے اور دیکھے او تصور کرے کہ ذات مطلق جسکو ذات بحت کہتے ہین یعنی عکس حق کو دریا شمار
کرے کہ جسکو کچھہ تحرک اور توجہ نہین بعد ظہور نور وجود شہود علم الہی ساتھہ علم الہی کے تحرک فرماہی اور اس حرکت
سے امواج عالم پیدا ہین پس اس عالم کو امواج اُس دریا کی تصور کرے اور پہر دریای ذات بیکران
اور بے حد اور بے انتہا مین غرق ہوجاے اور ایک مراقبہ الحقایق ہی جو کچھہ دیکھے اور جانے اور سمجھے سب
کو پرتوہ جمال حق جانے شب قدر کی فضیلت اور جو بیان جا بجا کتابون مین درج ہین اسلئے
اوسکے لکھنے کی ضرورت نہین ہے یہہ شب بہا متبرک ہوتی ہی اگرچہ ہزارون آدمی اسکی امید پر رات کو جاگے
ہین اور خدا کی طاعت عبادت کرتے ہین مگر کسیکو اتفاقیہ یہہ شب نصیب ہوتی ہے اور عاشقان خدا کو
تو ہر شب شب قدر ہی اور ہر ہمیشہ ظہور تجلیات ذاتی ہوتا رہتا ہی شب قدر کو سورہ یٰس سورہ دخان
سورہ سجدہ پڑہنا چاہیے اور اللہ نور السمٰوات سورہ نور کا رکوع تمام دو رکعت نفل مین پڑہے اور نوافل
جسقدر پڑہو اوسمین سورہ اخلاص پڑہے اور زیادہ تر مراقب ہو کر پاس انفاس کرے اور عموماً شب قدر
کا ہونا بزرگون نے کتابون مین بتاریخ ۲۱ و ۲۳ و ۲۵ و ۲۷ و ۲۹ ماہ رمضان المبارک تحریر
فرمایا ہی مگر حضرت خواجہ ابو الحسن خرقانی رحمت اللہ علیہ نے جو قاعدہ دریافت شب قدر کا از روے تجربہ اور
تحقیق باطنی کے ایجاد فرمایا ہی وہ بہت عمدہ ہی اور اوسکی نسبت خواجہ صاحب نے یون فرمایا ہے کہ
اس قاعدے سے کبہی شب قدر فوت نہین ہوتی اور ہمیشہ شب قدر ہی ہم مستفیض ہوے یہہ ارشاد خواجہ صاحب کا
صحیح اور درست معلوم ہوتا ہی منشی فضل رسول صاحب خادم حضرت نے اسکا تجربہ کیا ہی بنظر فایدہ عوام الناس
قاعدہ مذکورہ لکہا جاتا ہی وہ یہہ ہی کہ غرہ کی روسے حساب شب قدر کا لگایا جاتا ہے غرہ کی صحت پر
بہت مبلغ کرے اگر غرہ غلط ہوگا تو حساب شب قدر بہی غلط ہوگا اور اگر غرہ صحیح ہوگا تو حساب شب قدر
بہی درست ہوگا **قاعدہ حساب شب قدر** - اگر غرہ ماہ رمضان المبارک بروز یکشنبہ ہوگا تو

شب قدر۔ اونتیسوین [29] کو ہوگی۔ اگر غرہ بروز دوشنبہ ہوگا تو شب قدر۔ اکیسوین [21] کو ہوگی۔ اگر غرہ روز سہ شنبہ ہوگا تو شب قدر۔ ستائیسوین [27] کو ہوگی۔ اگر غرہ چہار شنبہ ہوگا تو شب قدر اونیسوین [19] کو ہوگی۔ اگر غرہ روز پنجشنبہ کو ہوگا تو شب قدر پچیسوین [25] کو ہوگی۔ اگر غرہ روز جمعہ کو ہوگا تو شب قدر سترہوین [17] کو ہوگی۔ اگر غرہ روز شنبہ کو ہوگا تو شب قدر تیئیسوین کو ہوگی۔ اور ہر روز ماقبل شب قدر سے واسطے کشایش کارہای لا بحد ہزار بار اسکو پڑہے یا غیاث المستغیثین اغثنی یا ناصر المظلومین انصرنی۔ اگر زیادہ دن نہ پڑہ سکی تو ایک روز ماقبل شب قدر سے ضرور پڑہے اور اوس شب کو جاگے جو شب گذر کر تاریخ مندرجہ بالا ہو مثلاً اکیس [21] کو شب قدر ہو تو بیس تاریخ کا دن گذر کر جو رات آئے وہ وہ رات ۲۱ کی ہوگی بیان اقسام خلافت و اجازت۔ ایک روز فرمایا بعض طالب اس قسم کے ہوتے ہین کہ اونکو خلیفہ اور پیر طریقت بننے کا بڑا شوق ہوتا ہی اور راہ فقر مین وہ اسکو حصول مراد اور منزل مقصود سمجھتے ہین اور شبانہ روز اسی تگ و دو مین لگی رہتے ہین ایسے طالب منزل مقصود کو نہین پہونچتے اور راہ فقر مین اونکو کمال حاصل ہونا دشوار ہوتا ہی جسطرح خداطلبی کی راہ مین اور صدہا طرح کی حجابات ہین ویسی ہی پیر طریقت بننے کا شوق بہی ایک سد راہ ہی ع چاہ شیخی ہمہ چاہ است عمیق + اندرین چاہ بسی گشتہ غریق + سالکانے کہ درین چاہ شدند + عاقبت غرق درین چاہ شدند + بستہ شیخی و پیری ماندند + غافل از فقر و فقیری ماندند + اس قسم کی طالبونکو جب کسی طرح اجازت خلافت کسی جگہہ سے حاصل ہو جاتی ہے اور از راہ اکتساب کمالات باطنی قدرت تصرف اور فیض رسانی اونکو نہین ہوتی تو مخلوقات کی رجوعات کے واسطے اوراد اور وظائف تسخیرات اور فتوحات پڑہتے ہین اور عمر اپنی ضائع اور برباد کرتی ہین اور خداطلبی سے محروم رہجاتے ہین اور جب کچھ آدمی اونکے معتقد اور مرید ہو جاتے ہین اور اونکو پیر پیر کہنے لگتے ہین تو پہر وہ کسی بزرگ کی خدمت مین بارادہ حصول فیضان جانے آنے کی لائق نہین رہتے ع نمی آئی نمی خواہی نمی جوئی نمی پرسی + چرا از آشنایان این قدر گی بیخبر باشد + اونکے دل مین جب سر طریقت ہونیکا ٹیکہ لگ جاتا ہی اور ایک گونہ شہرت ہو جاتی ہی تو وہ اس خیال سے کہ مری ناکی

ظاہر ہوئی فرمانے لگے کہ سیداس دیوانہ کی تعلیم سے کامل سیری اور پوری تسکین تمہاری نہوگی تمہاری طلب لا انتہا اور ظرف عالی ہے تب ہمنے عرض کیا کہ اگر ان سے ہمارا مدعا نہین ہو سکتا تو آپ ہی کچھہ ہمت فرمائیے انہون نے فرمایا کہ ہمسے بھی کچھہ نہوگا ع دردم نہفتہ بہ ز طبیبان مدعی ٭ کہ باید کہ از خزانہ غیبم دوا کنند ٭ تمہارا معاملہ روز ازل کی ذات پاک حق پر قرار پایا ہے جو کچھہ تمکو ہونا ہے ذات ہی سے ہوگا سب زندون اور مردون کا خیال دلسے مٹادو اور اپنا حامی اور مددگار اور کافی المہمات اور قاضی الحاجات سوائے ذات بحت کی اور کسیکو مت سمجھو تم جانو اور خدا جانے جو کچھہ ہونا ہے ۳-۴-۵-۶-مین ہو جاویگا ان اعداد کا حساب جب ہمنے کیا تو اٹھارہ ہوتو ہمنے خیال کیا کہ اٹھارہ دن یا اٹھارہ ماہ یا اٹھارہ سال مین جو کچھہ ہونا ہے ہو رہیگا اور جب یہ ماجرا میر اعظم علی شاہ صاحب سے بیان کیا تو وہ اسکو سنکر آبدیدہ ہوکر فرمانے لگے کہ خدا مستغنی اور بے نیاز ہے اور لا ابالی اوسکی شان ہے کیا جانے کیا ہے دیکھا چاہیے کیا ہوا اور کب ہوے اور کیونکر ہو اوسکی شان لا ابالی کا کیا بیان کیا جاوے ع ہفت دریا یک شمر آنجا بود ٭ ہفت اختر بے شرر آنجا بود ٭ ہشت جنت نیز آنجا مردہ ایست ٭ ہفت دوزخ ہمچو یخ افسردہ ایست ٭ صد ہزاران سبزپوش از غم بسوخت ٭ تا کہ آدم یک چراغی برفروخت ٭ صد ہزاران جسم خالی شد ز روح ٭ تا درین حضرت دو دو سر گشت نوح ٭ صد ہزاران گشتہ در لشکر فتاد ٭ تا براہیم از میان سر بر فتاد ٭ صد ہزاران طفل سر ببریدہ شد ٭ تا کلیم اللہ صاحب دیدہ شد ٭ صد ہزاران خلق در زنار شد ٭ تا کہ عیسی محرم اسرار شد ٭ صد ہزاران خلق تا تاراج یافت ٭ تا محمد یک شبی معراج یافت ٭ ہمنے میر صاحب کی خدمت مین عرض کیا کہ آپ کیون افسوس کرتے ہین ہمارا معاملہ ہے جیسا منظور خدا ہوگا وہ ہوگا جای افسوس نہین ہے بلکہ جای شکر ہے جو کچھہ خداوند کریم کو کرنا ہوگا وہ آپ کرینگے ع ہرچہ رود بر سرم گر تو پسندی رواست ٭ بندہ چہ دعوی کند حکم خداوند راست مجھے مریض کو طبیب یا تہہ مت بنا تو لگا ٭ اسکو خدا پہ چھوڑ دے پھر خدا جو ہو سو ہو ٭ اکثر و قبل از وصال بحالت ہماری بعضی صاحبون نے حضرت قبلہ و کعبہ کی خدمت مین عرض کیا کہ آپ کسیکو دستار خلافت بندھا دیجیے فرمایا کہ دنیا کے لیے جسکو کہو دستار بندھا دون ورنہ جو کوئی ہمارے ملنے والون مین مرد خدا ہوگا مخلوق خدا خود بخود اوسکی طرف رجوع ہو جائیگی اور خدای پاک خود اوسکا حامی اور مددگار ہو جائیگا اور دستار خدائی اوسکے سر پر بندھ جائیگی راہ خدا مین جسکو موٹا ہونا کہتے ہین ہمارے ملنے والون مین اکا دکا ہوگا۔ بقول بزرگے اشعار

ہست جملہ ذرات یکسان پر تو خورشید فیض * لیک باید جوہر قابل کہ گردد لعل ناب * قرنہا باید کہ تا یک مرد صاحبدل شود *
بایزید اندر خراسان یا اویس اندر قرن * عمرہا باید کہ تا یک کودکے از فیض طبع * عالمی دانا شود یا شاعری
شیرین سخن * دورہا باید کہ تا گردون گردان یک شبے * عاشقے را وصل بخشد یا غریبی را وطن *
دولت لایزالی اور سرمدی فقر خدا داد ہی جسکو خدا چاہتا ہی عطا فرماتا ہے ۔ فیض ازل بزور و
زر از آمدی بدست * آب خضر نصیبہ اسکندر آمدی * اور مشایخ کبار کے نزدیک خلافت کی سات
قسمین مشہور ہین ۔ اصالتاً ۔ اجازتاً ۔ اجماعاً ۔ وارثاً ۔ حکماً ۔ تکلیفاً ۔ اویسی ۔ اصالتاً یہہ ہے کہ
کوئی بزرگ بحکم حق کسیکو اپنا خلیفہ و نائب اور جانشین بناتو درحقیقت خلافت اسی خلافت کا نام
ہے جسکی تقدیر اور مقدرین خدای پاک نے یہہ نعمت لکہی ہے اوسکا ظہور حق کی طرف سے اپنے وقت پر ہوگا
مؤلف اشارتاً اور کنایتاً بعض خدام کو عالم حیات مین حضور نے مطلع بہی فرمادیا ہی اور راقم کو بہی
اسقدر آگاہی ہے کہ فلان خادم کو اپنی ایک مسند اور دو کلاہ اور ایک قبا اور دو نعلین اور ایک عصا اور ایک
چادر خاص اپنی عطا فرمائی ہی اور اس الطاف سی کہ خود اپنی نعلین لیکر اوس خادم کے قیامگاہ پر تشریف لیگئی
اور یہہ عطیہ عطا فرمایا خداوند کریم کو اگر سلسلہ حضرت جاری فرمانا ہی جب وقت ہوگا خود بخود اسکا اعلان
اور اظہار از طرف حق ہو جائیگا اور زیادہ تر وثوق و یقین مجکو اسبات پر ہے کہ جسکو حضرت لا موت مرتبت
نے عطیہ متعددہ عطا فرمائی ہین اونکی نسبت معصوم علیشاہ عرف چہچو شاہ صاحب مجذوب نے جو کہ اپ مرتبہ مین شیخ الوقت
رکہتے ہین اور صاحب کشف و کرامت و وصول ہین بارہا صاف صاف فرمایا کہ فلان صاحب لقب تسلیم
و ملقب ہیگئے اوپر خدای پاک کا پورا پورا فضل ہوا ہے اور عنقریب ظہور ہونیوالا ہی سیدراتا کا تمام مال و
دولت اونکو ہی پہونچیگا اور سکندر علی عرف سکندر شاہ صاحب مجذوب جو مرتبہ مین چند سال سے وارد ہین اور قبل از وصال
قبلہ و کعبہ مرشد مین آئے ہین اور ہمیشہ حیات ظاہری مین ہی ملا حضرت کی تہ اور آپ کو غلام اور حضرت کو
بادشاہ بتلاتے تہی بارہا فرماتے ہین کہ فلان خادم جانشین سید بادشاہ ہوگا یہہ دونون مجذوب بڑے صاحب
کمال ہین جسکی نسبت یہہ دونون صاحب کمال ہی بار بار اشارت فرماوین اور قبلہ و کعبہ کے انعامات بہی تا دم حیات ظاہر
ہوا وہ نصیب ہے یقین قوی ہے کہ اوسی سے سلسلہ جاری ہو کا لیکن خادمان حضرت کو جو بات کا قلق و افسوس رہتا ہی کہ

حضرت نے اپنی حیات کے زمانہ مین کسیکو اجازت خلافت کی نہ دی اونکو اس بات کی طرف غور اور خوض کرنا چاہیے
کہ حضرت پیر طریقت کی اصلیت سے از راہ باطن خوب واقف تہے اور اجازت حق کو ہی اجازت خلافت جانتے
تہے اور حق کیطرف سے حصول اجازت مین لے سر رہے گو ناگون مین وہ لکہنے کے لائق نہین ہین ؎
ہزار نکتہ باریک تر ز مو اینجا ست ٭ نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند ٭ اور اگر مشایخان زمانہ کی طرح اجازت
خلافت اپنی طرف سے آپ کو دینی مد نظر ہوتی تو جتنے مرید ونکو چاہتے اجازت دیدیتے لیکن حضرت کا منشا
یہی تہا کہ جسطرح ہمکو خدا تعالی کی طرف سے اجازت ہوئی ہے اسیطرح ہمارے ملنے والیکو ہو اور حق کی
طرف سے ہر کس و ناکس کو اجازت حاصل نہین ہوتی ہے اور ہر شخص کو مرتبہ دستگیری اور ید اللہ فوق ایدیہم
حاصل نہین ہوتا ہے ؎ تا نگردی طالبان را دستگیر ٭ طالبان ہرگز نگیرند دست پیر ٭ حضرت
شیخ فانی تہے کسی امر کو اپنی طرف منسوب نہین فرماتے تہے اور نہ اپنے ارادے اور خواہش کو دخل دیتے
تہے ہر معاملہ اور ہر بات کو خدا کی اور پر رکہتے تہے ظاہری بات جو کرنے کی تہی باہم حق کرکے خدا کی سپرد
اس معاملہ کو فرما دیا ہے خدا پر توکل و بہروسا رکہنا چاہیے خدائی مین کسی چیز کی کمی نہین ہے جسوقت
خدا تعالی کو منظور ہوگا آناً فاناً مین سب کچہہ ہو جائیگا ؎ تو مگو ما را بدان شہ بار نیست ٭
باکریمان کارہا دشوار نیست ٭ داد حق را قابلیت شرط نیست ٭ بلکہ شرط قابلیت داد و ست ٭
ورنہ جو کچہہ سرشت ازلی ہے ہوا وسپر صابر اور قانع رہنا چاہیے فقط دویم خلافت اجازتاً ہے کہ کوئی بزرگ
کسی خادم کو خواہ وارث خواہ غیر وارث ہو لایق سمجہکر رضا و رغبت سے خلیفہ کرے جیسی رسم جمہور خلایق
مشایخ مین جاری ہے تو یہہ بہی عمدہ اور جایز ہے اور اسکو خلافت رضائی بہی کہتے ہین - اور سویم
اجماعاً وہ یہہ ہے کہ کسی بزرگ کا انتقال ہو گیا اور کسیکو اوسنے خلیفہ نکیا اور اوسکی قوم اور قبیلہ والا کوئی
خلیفہ قایم کر دے یہہ روا نہین ہے اور ایسی خلافت کو خلافت فرائی کہتے ہین شعر بنمای بصاحب نظری
گوہر خودرا ٭ عیسی نتوان گشت بتصدیق خری چند ٭ اور چوتہی وارثاً یہہ ہے کہ ایک بزرگ نے وصال
کیا اور کوئی خلیفہ اوسنے نچہوڑا اور اوسکا کوئی وارث سجادہ نشین بن بیٹہا یہہ خلافت قطعی ناروا ہے
اور پانچوین حکماً وہ یہہ ہے کہ ایک شخص نے وفات پائی اور اوسنے کوئی نائب اور خلیفہ نچہوڑا اور اوسکے

وارثوں میں باہم قضیہ و نزاع ہوا اور بادشاہ وقت نے کسی وارث کو لائق دیکھکر مقرر کر دیا یہہ خلافت بحکم اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم جایز ہے اور چھٹے تکلیفًا وہ یہہ ہے کہ کسی مرید نے کسیکی سفارش یا کسیکی حمایت یا کسیکی تکلیف دہی یا مزاحمت سے خلافت حاصل کی تو یہہ روا نہیں ہے اور ساتوین اویسی وہ یہہ ہے کہ کوئی شخص کسی بزرگ کے روح سے جو اس عالم سے سفر کر گیا ہو تربیت اور خلافت پاوے اس قسم کی بہی عمدہ ہے بہت بزرگ اس طریقہ سے فیضیاب ہوئے ہین بعض اہل تحقیق نے لکہا ہے کہ جب سالک فنا فی الرسول کے مرتبہ کو پہونچے تب مرید کو اجازت خلافت ہونی چاہئے بعض کہتے ہین کہ جب مرید مرتبہ شہود کو پہونچے تب خلیفہ کرنا چاہئے بعض کہتے ہین کہ جب ملکوت کی سیر ہونے لگے تب خلافت دینی چاہئے۔ اور اجازت بیعت کرنے کی جو شیخ کی طرف سے ہوتی ہے دو قسم کی ہے ایک استقلالًا اور دوسرے سفارتًا۔ استقلالًا یہہ ہے کہ مرید مرتبہ تکمیل کو پہونچ گیا ہو اور اونکی تعلیم اور تلقین کرنے کی لائق از راہ باطن ہو گیا اور شیخ اوسکو لائق سمجہکر اجازت تعلیم اور ہدایت و دعوت خلق کی دی تاکہ وہ سلسلہ بیعت و تعلیم تلقین کا جاری کرے اس اجازت کو اجازت استقلالًا کہتے ہین ایسے صاحب اجازت سے سلسلہ شیخ کا جاری ہوتا ہے اور وہ پیر طریقت کہلاتا ہے اور اپنے فیوضات باطنی سے مخلوق خدا کو بہرہ یاب کرتا ہے اور جو ایسے صاحب اجازت سے بیعت کرتا ہے وہ اوسکا مرید کہلاتا ہے اور اوسکو شجرہ مین اپنا نام لکہنا اور اورونکو شجرہ دینا روا ہے۔ دوسرے سفارتًا اجازت یہہ ہے کہ شیخ ایک یا دو یا چار یا زیادہ طالبونکو خواہ وہ نزدیک ہون یا دور ہون کسی اپنے مرید یا عزیز کے واسطے سے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بیعت کرے تو جس شخص کے واسطے سے شیخ اوسکو مرید کرے گا وہ شخص سفیر اور قاصد کا حکم رکہے گا یہہ اجازت خاص اوسیکے واسطے ہوتی ہے جسکو شیخ بالواسطہ مرید کراتا ہے اجازت عام نہین ہوتی اور جو مرید بالواسطے بیعت کرتا ہے وہ درحقیقت مرید اصل شیخ کا ہوتا ہے نہ اوسکا جسنے واسطہ بنکر سفارتًا بیعت کیا اور سفیر کو اپنی طرف سے شجرہ دینے کا یا اپنا نام شجرہ مین درج کرنے کا اختیار نہین ہوتا اگر شجرہ دے یا

نام اپنا لکھے تو ناجایز ہے اسلیے اسکو اجازت سفارتًا کہتے ہین اور یہہ بیعت معرفت
بیعت شریعت ہوتی ہے نہ بیعت طریقت کیونکہ بیعت طریقت مین شیخ ازراہ
باطن طالب کے قلب مین تخم ریزی فیض باطنی کی فرماتا ہے اور وہ تخم ریاضت
اور مجاہدہ سے نشو و نما پاکر درخت بارور ہو جاتا ہے اور بیعت شرعی بالواسطے
صرف تبرکًا اور تیمنًا ہوتی ہے مولف حضرت قبلہ قدس سرہ نے پانچ مرد اور
ایک عورت کو بواسطہ تین مرید اور ایک عورت معتقد کے سفارتًا بیعت فرمایا ہے ایسی
اجازت کو اجازت سفارت کہتے ہین یہہ اجازت استقلالی یا اجازت خلافت نہین ہے
اور جو کوئی کسی بزرگ کی قبر یا نابالغ یا دیوانہ یا مجذوب یا مردہ سے جو دفن ہوا ہو بیعت کرے
اور مرید ہو تو یہہ مریدی درست نہین ہے مرید ہونے کے واسطے پیر کا بالغ عاقل اور زندہ ہونا
شرط ہے اگر کسی کودک نابالغ کو اوسکا باپ کسی بزرگ سے بیعت کرا دیوے اور بعد بالغ ہونے کے
اوسکا عقیدہ کسی اور بزرگ پر آجاوے اور اوس سے بیعت کرے تو روا ہے مگر بعد ثبوت عقیدہ
کے ناروا نہین ہے اور ایک طریقہ بیعت کا یون بھی جایز رکہا ہے کہ اگر کسی شخص کو کسی بزرگ
پر عقیدہ ہوا اور وہ بزرگ کسی اور شہر مین رہتا ہو اور مرید ہونا ہو تو وہ مقرر کرکے لکھ بھیجے اور
پیر اوسکو قبول کرلے تو اوسکو بھی درست لکھا ہے اور جو کسی شخص کو سوا اپنے پیر کے
کسی اور جگہ سے اجازت خلافت حاصل ہو لینا چاہیے اگر بوقت بیعت کے نام نہ لے تو
بیعت درست نہین ہے اور خلافت دینے کے واسطے بلوغت شرط ہے کیونکہ جب نابالغ
پر نماز روزہ حج زکات فرض نہین ہے تو خلافت جو مسند نبوی اور کار ارشاد
اور ہدایت ہے کیونکر درست ہو مگر مشایخان متاخرین نے نابالغ کو بھی خرقہ خلافت
دینا اور اجازت خلافت دینا روا رکہا ہے اس غرض سے کہ سلسلہ بیعت اور خلافت
کا خاندان مین جاری رہے اور جس وقت اوسکو کمال حاصل ہو اوسوقت یہہ
اجازت خلافت کام آوے +

تیسرا گلزار کشف و کرامت مین

ان راکہ دل از غیر سلامت باشد	ای ہیچ شکی اہل کرامت باشد

زبان معجز بیان سے ایکبار سُنا گیا کہ خوارق عادات اور تصرفات اور کرامات اگرچہ بلباس بشریت و عبودیت انسان کے وجود خاکی سے ظاہر و باہر ہوتے ہین لیکن حقیقت مین خدای بیچون و بے چگون و بے نام و بے نشان و بے شکل و صورت کی قدرت کے نیرنگ ہین جو ہر شکل و صورت اور ہر صفت اور شان سے جلوہ نما ہوتے ہین۔

ہست بیرنگ و بہر رنگ عیانست ہنوز	بی نشان است و ہمون در ہمہ شان است ہنوز
ما نبودیم و نباشیم و نسیم الا ہو	ہمچنان باشد و ہم بود و ہمانست ہنوز

جو تصرفات نبی یا ولی سے ظاہر ہوتے ہین یہہ تصرفات اصل مین افعال اور تصرفات خدای ہین آپ کے ہاتھ مین سارا کام ہے ؛ آپ کرتے ہین جہانکا نام ہے ؛ لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ

کاٹ کے پتلی سے پوچھی تھی یہ بات	سچ بتا دے کل ہے تیری کس کے ہات
سو جگر سے کہنے لگی سُن اے میان	رشتہ گردن مین ہی میری جان
ہات مین اوس یار کے ہے میری ڈور	جسطرف کہینچے کہنچون ہون اوس کی اور

علی الخصوص جو ولی اپنی ہستی سے گذری اور ہستی حق مین فنا ہووے اون سی جو خرق عادات ظہور مین آوے وہ فعل حق متصور ہوگا نہ فعل ولی کا

شد پدید از تو کرامت گر ز غیب	ور نباشی تو کرامت شد پدید
وجود بود تو باشد فریب	ان کرامت دان ز خلاق مجید

ظہور کرامات اولیا کا کئی طرح پر ہوتا ہے بعض وقت بواسطہ روحانیات کے کرامت ظہور مین آتی ہین بعض وقت بے واسطہ عالم روحانیات کی محض حق کی طرف سی ظہور ہوتا ہے اس قسم کی تصرفات کو جو بلا واسطہ ظہور مین آتی ہین تصرف مطلق کہتی ہین بعض بزرگون کو توت

ملکی حاصل ہوتی ہے اور عالم ملکوت تک اون کی رسائی ہوتی ہے ظہور کرامات کا اون سے بقوت ملکی بواسطہ ملائک ہوتا ہے اس مقام پر پہونچکر بعض طالب بوجہ پست ہمتی و کم حوصلگی و مشغولی کرامات و گرفتاری دام عجب عروج مراتب سے باز رہجاتے ہین ظہور ان کرامات کا خودی کے ساتھ ہوتا ہے نہ بیخودی کے ساتھ یہانتک خودی قایم رہتی ہے اور جن اولیا سے بعد فنا ہونے ہستی کے تصرفات ظہور مین آتی ہین وہ تصرفات حق ہین نہ تصرفات ولی اور معجزہ اور کرامت داخل دعوت خلق ہین خالق کی طرف جسطرح ہزارون لاکھون آدمی معجزات انبیا علیہ السلام دیکھکر اون کی نبوت اور رہنمای کے معتقد اور قایل ہوکر بموجب اون کی ہدایت کے خالق کی طرف متوجہ ہوئے اسیطرح کرامت ولیا دیکھکر ہزارون آدمی اون کی بزرگی اور ولایت کے قایل ہوے اور اوسکو پیر و مرشد اور ہادی سمجھکر راہ حق پر چلے ؎ خرق عادات از نبی و ولی ؛ ہست بر فضل شان دلیل جلی ؛ اگر اظہار آن بشان اہم ؛ ہست با دعوی نبوت ضم ؛ بنام معجزہ بعرف انام ؛ ورنہ آمد کرامت آن انام ؛ کرامت بہت صورت پر ہوتی ہے ایجاد معدوم عدم موجود امر پوشیدہ کا اظہار امر ظاہر کا پوشیدہ کرنا اجابت دعا قطع مسافت بعیدہ درازکی عرصہ مین امور غایب پر اطلاع ہونا ایک وقت مین مکانات مختلف مین موجود ہونا مردہ کا زندہ کرنا حیوانات و نباتات جمادات کا کلام سننا تسبیح وغیرہ سے طعام اور شراب کا وقت حاجت بے سبب ظاہر موجود ہونا پانی پر چلنا ہوامین اوڑنا حیوانات وحشی کا مسخر کرنا درختون کا ذراسی اشارہ سی اوکھاڑ دینا وغیرہ وغیرہ ۔ فقط

اب حضرت قبلہ و کعبہ کے وجود باجود سے جو تصرف بارادہ حق ظہور مین آتے تھے منجملہ اون کے چند لکھے جاتے ہین **کرامت** ایکدن بدر الدین نساطی پانی پیتے خدمت مین حاضر ہو دعا کا ملتجی ہوا آپ نے فرمایا تلک الایام نداولہا بین الناس ۔ آج کل ہماری دعا کا اثر بالعکس ہوتا ہے ؎ مانگا کرین گے حق سے دعا ہجر یار کی ؛ آخر تو دشمنی ہے دعا کو اثر کی ساتھ ؛ پھر ایک دن رات کے وقت بدر الدین مذکور حاضر ہوا آپ نے اوسکو یہ نقل سنائی

کہ ایکدفعہ دہلی مین مساک باران تہا مردمان شہر قاضی کے پاس گئے قاضی نی بادشاہ کی
خدمت مین عرض کرکے معہ بادشاہ تین روز تک دعا مانگی بارش نہوئی آخرکار ایک
مجذوب سی دعا کی التجا کی اونہون نے اپنا لنگوٹ دیا کہ اسکو دہوکر خشک ہونی کو ڈالدو
جسوقت اوس کو دہوکر خشک ہونیکو ڈالدیا بارش شروع ہوگئی اور خوب مینہہ برسا بادشاہ
کی دل مین خیال آیا کہ یہ کیا بات ہے جو لنگوٹ کو دہوپ مین ڈالنے سے بارش ہوگئی مجذوب
نے کہا کہ آجکل ہماری دعا کا اثر خلاف ہوتا ہے ہم لنگوٹ کا خشک ہونا چاہتے ہین اوسکو
تر رکھنا پسند ہے اوس نے یہہ نقل سنکر ازراہ اعتراض یہہ بات عرض کی کہ آپ حاجی بدرالدین
کے گھر کا کہانا کہاتے ہین اوسکی گہر مین قلندر صاحب رحمت اللہ علیہ کا چرچا او جاتا ہے یہہ مکروہ
تحریمہ ہے آپ وس کے گہر روٹی کہایا کرین فرمایا تم اپنے گہر سے دور دڑی لے آیا کرو ہم مکروہ تحریمہ
سے بچین گے اور ہمکو ثواب عظیمہ حاصل ہوگا اوس نے عرض کیا کہ آپ کو میری گہر کی نان خشک
کب پسند ہوگی فرمایا کہ ہم تمہارے روبرو کہالیا کرینگے پھر اوس نے دیر تک ردوبدل کی گفتگو کی فرمایا
ذرا گھر تو جاؤ کیا ہو رہا ہے اتنے مین گہر سے آدمی دوڑا آیا اور کہا کہ تیری بیوی کنوی مین ڈوب گئی
٥ آبگینہ است خاطر درویش ❊ تا درست ست با صفا گہرست ❊ بدرالدین گہر گیا لوگ جمع ہو گئے بیوی
کو چاہ سے نکالا اوس سے پوچہا کہ کس نے تجہی چاہ مین ڈالا اوس نے بدرالدین کا نام لیا مقدمہ
کرنال کی عدالت مین بہیجا گیا بدرالدین بہت خوف زدہ حضور سے دعا کا ملتجی ہوا ہنسکر چلتے وقت
فرمادیا کہ بوقت پیشی مقدمہ ہمارا تصور رکہنا عورت نی کئی دفعہ یہی بیان کیا کہ میری شوہر بدرالدین
نے مجھے کنوی مین گرایا ہے جب اوس نے تصور کیا تو خود بخود حاکم عدالت سے کہنے لگی کہ میرے
اوپر ایک اور بڑا ظلم کر رکہا ہے میرے سر پر ریچہ بٹہا دیا ہے اللہ بندہ نامی نمبردار بہی وسوقت
عدالت مین حاضر تہے اونہون نے حاکم کی خدمت مین عرض کیا کہ یہہ پاگل ہے حاکم نے
پاگل جانکر بدرالدین کو چہوڑ دیا بعدہ اسی عورت خاوند کو کہتی تہی کہ تو مجہے عدالت مین کیون لایا
تہا اور خاوند کہتا تہا کہ مین تجہے نہین لایا تو مجہو لائی ہے کرامت پیر عطا نام رئیس پانی پت

نے ستر برس کی عمر مین شادی کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض کیا کہ اولاد کی واسطے ہمیں غم ہے سر پر لیا
ہے فرمایا خدا بیٹا دیگا بفضل ایزدی بیٹا پیدا ہوا ایک روز پیر عطا اوسکو لیکر خدمت مین حاضر ہوا دعا کے
واسطہ حاضر ہوا آپ نے ایک ہاتھ پیر عطا کے سر پر اور دوسرا لڑکے کے سر پر رکھکر یہہ شعر
پڑھکر دم کردیا ؎ پیری کہ دم ز عشق زند بس غنیمت است ٭ از شاخ کہنہ میوہ نو رس غنیمت
است لڑکا اچھا ہوگیا اور جب کبھی پیر عطا بحالت بیماری اوسکو لیجاتے تھے یہی شعر پڑھکر اوسکو دم کردیتے تھے
خدا تعالی اوسکو صحت بخشدیتا تہا کرامت قلندر علیخان رئیس پانی پت ایک سنگین مقدمہ مین
مبتلا ہوگیا امید رہائی کی نہ رہی حاضر ہوکر گریہ وزاری کرنے لگا فرمایا کہ جاؤ مت گھبراؤ جب حاکم
کے روبرو جاؤ تم ہمکو یاد کرلینا ہم تمکو یاد کرلینگے جب قلندر علیخان حاکم عدالت کی روبرو گیا
فوراً بری ہوگیا ؎ اولیا راہست قدرت از الہ ٭ تیر جستہ باز گرداند ز راہ ٭ دست پیر از
غائبان کوتاہ نیست ٭ دست او جز قبضہ الہ نیست ٭ پہر خدمت مین حاضر ہوکر عرض کیا کہ عدالت
مین جس طرف کو مین دیکہتا تہا آپ کی صورت مجسم مجہے نظر آتی تہی فرمایا کہ یہہ تمہارا خیال ہے جو کچھ
کرتا ہے خدا تعالی جل شانہ کرتا ہے کرامت ایک شخص تفضل حسین نام حاضر حجرہ کی پاس دوسرے حجرہ
مین رہتا تہا ایکدفعہ تہجد کی وقت اتفاقاً آپ کے حجرہ کی طرف چلا گیا حجرہ مبارک کا کیواڑ تہوڑا
سا کہولا گیا دیکہتا ہے کہ آپ کے جسم کے اعضا جدا جدا پڑے ہین دروازہ بند کرکے واپس چلا
آیا بعد تہوڑے عرصہ کے تفضل حسین کو بلایا اور فرمایا کہ تو نے دروازہ کیون کہولا تہا اوس نے
عرض کیا کہ آپ کے اوٹھنے کی آواز آج نہین سُنی تہی اسواسطہ کیواڑ کہولا تہا کہ آپ کو جگا دونگا
آپ نے اوسکو پانچ روپیہ دی اور فرمایا کہ خبردار اس بات کا ذکر کسی سی نکرنا چہہ ماہ کے بعد اوس نے
حکیم موجو خان سی ذکر کردیا اور یہہ بہی بیان کیا کہ اوس روز سے تہجد کے وقت جب مین حجرہ
کی طرف دیکہتا ہون مجہے کچہہ نظر نہین آتا جب اور طرف دیکہتا ہون تو نظر آتا ہے دن کو بخوبی حجرہ
کی طرف نظر آتا ہے مگر رات کو اوس طرف کچہہ دکہائی نہین دیتا۔
راز کس اے صاحب بینش مکن پنہاں فاش ٭ صد زبان گر باشدت چون مردمک خاموش باش

کرامت ایک شخص کیونام بیمار ہوکر خدمتمین حاضر ہوکر عرض کیا کہ مین قریب الہلاکت ہون آپ نے اپنے سامنے بٹھایا اور ایک نقش اوسکو دیا وہ اوسکو کہا گیا تہوڑی دیر کے بعد اوسکو ایسا پسینہ آیا کہ تمام بدن تر ہوگیا فرمایا کہ تو اچہا ہوگیا اور سیوقت سے اچہا ہوگیا۔

ہین کہ اسرافیل وقت انداولیا ؛ مردہ را ز ایشان حیات است ونما

کرامت ایک ہندو کا لڑکا پرشاد نام خدمت مین حاضر ہوا شدید بیمار تہا اوس نے عرض کیا کہ بہت علاج کر چکا ہون مجھے آرام نہین ہوتا آپ نے حکیم موجخان سے فرمایا تم اسکو دیکھو حکیم صاحب نے عرض کیا یہہ عنقریب مرنے والا ہے حال اسکا ابتر ہے اوسیوقت پاس بولا کر فرمایا کہ سورج کی طرف منہ کرکے اکیس دفعہ یہہ پڑہا کر شب خب گنیش کا لوکلیس اور صبح کے وقت یہی پڑہا کر چند روز کے بعد تندرست ہوکر شیرینی لیکر حاضر ہوا۔

کرامت علی احمدخان رئیس پانی پت ایک عورت کو اپنے ہمراہ لیکر رات کو خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یہہ عورت میری ساتہہ نکاح کرنا چاہتی ہے حضور اجازت دین تو مین نکاح کرلون دیر تک تامل فرمایا پھر فرمایا کہ دو ماہ تک ہرگز نکاح مت کرو اوس نے حضرت کے فرمانے پر عمل نکیا اور نکاح کرلیا دو ماہ کے عرصہ مین علی احمدخان مرگیا اور وہ عورت بازار مین جاکر اپنا پیشہ کرنے لگی۔ باسیہ دل چہ سود گفتن وعظ ؛ نہ رود میخ آہنی در سنگ ؛ مرد باید کہ گیرد اندر گوش ؛ در نوشت است پند بر دیوار ؛ کرامت محمدنور عزنی کو راہ سلوک مین ایک مشکل واقع ہوئی چونکہ محمدنور نے ایک بزرگ سے سلسلہ قلندریہ شہباز قلندرمین بیعت کی تہی اور وہ کہین چلے گئے تہے اون کی ملاقات کیواسطے بنیت حل مشکل قصبہ لوہاری مین چلہ کیا اون بزرگ سے عالم خاص مین ملاقات ہوئی اونہون نے فرمایا کہ تم مولوی سید محمد غوث علی صاحب کی طرف رجوع کرو وہ تمہاری اس مشکل کو حل کرینگے محمدنور نے چلہ مین حضرت کی طرف رجوع کیا آپ پانی پت سے لوہاری مین تشریف لائے اور بیداری مین مجسم ملے اور وہ مشکل حل ہوئی اور فرمایا کہ ہمارے پاس تمہارا اتنا ہی حصہ تہا اسواسطے تمکو مرید نہین کیا تہا اور اب ہمارا وصال ہونیوالا ہے

محمد نور نے بعد اس واقعہ کے حافظ ظہور محمد ساکن تہانہ بہون سے کہا کہ تم پانی پت ہو آو چنانچہ
دو ماہ کے بعد حضرت کا وصال ہو گیا کرامت ۹ جس زمانہ مین آپ کی بارہ برس کی عمر تہی اور
آپ اپنے وطن مین ہی تہی آپ کے وطن مین ایک چمار کا لڑکا دریا کے کنارہ سحر سلدہ کیا
کرتا تہا ایک روز آپ نے اوس سے فرمایا کہ جبدن یہ منتر پورا سدہ ہو جاوے تو ہمکو اس کا تماشا
دیکہانا اوس نے اقرار کیا اور آخری روز اوس نے اپنی ہمراہ لیجا کر موہن بہوگ چاول وغیرہ
پکا کر بہینٹ دی جب وہان سے فارغ ہو کر چلے تو راستہ مین اوس نے ایک کنکر پڑہ کر درخت پر
ماری درخت مین آگ لگ اوٹہی اور جلکر خاک ہو گیا یہہ تماشا دیکہکر آپ نے فرمایا کہ اس سحر کا ہم
پر بہی عمل کرو دیکہین اثر بہی کرتا ہے یا نہین اوس نے بہت منع کیا مگر آپ کے اصرار سے
ناچار ہو کر بولا کہ اچہا خبردار اوس نے کنکر پڑہی ادہر آپ نے یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ
کہکر حصار کر لیا اوس نے تین دفعہ پڑہ کر کنکر ماری مگر کچہہ اثر نہوا پہر اپنے حصار سے علیحدہ ہو
توکل بخدا اصرار کیا کہ اب کے ایک کنکر مارو دیکہین اثر ہوتا ہے یا نہین اوس نے غصہ مین آکر
کنکر پڑہ کر ماری لٹہہ کی طرح سے وہ آپکے سینہ مبارک پر لگی اور سینہ سے اوچٹ کر اوسکی پیشانی
پر جا لگی اور وہ گرا اور اوسکی تمام سوراخہاے جسم سے خون جاری ہو گیا اوسکے باپ کو اطلاع
ہوئی وہ اپنے لڑکے کو آپ کے نانا محمد حیات صاحب کے پاس لیگیا اور سب حال بیان
کیا اونہون نے آپ پر بہت تنبیہ کی اور خفا ہوے اور فرمایا کہ جناب غوث الافاق ہر وقت تمہاری
ساتہہ کہان کہان خبرداری کرتے پہرین گے کرامت ۱۰ جب پیران کلیر مین آپ کا مقام
تہا جس گہر آپ کی روٹی پکتی تہی اوسکی عورت پر اللہ بخش کا اثر ہو گیا آپ کو وہ لیگیا آپ نے
اللہ بخش سے فرمایا کیون صاحب جہان ہماری روٹی پکتی ہے وہان آپ کیون تشریف لائی
اوس نے اقرار کیا جب تک آپکا یہان قیام ہے مین نہین آونگا پہر آپ نے سوال کیا کہ تم
ہمارے پیر پر کیون نہین آتی اوس نے جواب دیا کہ مقبولان الہی سے مجہے کیا کام ہے پہر آپ نے
پوچہا کہ قوم نصارا کی عورات پر تم کیون نہین آتے اوس نے جواب دیا کہ اون کا اقبال درست ہے

پہر آپنے پوچہا کہ حضرت بندگی داودنی تمکو کیا تعلیم کیا وہ یہہ بات سنکر بہت رونے لگا اور
بولا کہ یہہ بات نہ پوچہئے جب آپ باہر سے تشریف لے آئے تو پہر وہ آنے لگا سید اعظم علیشاہ
صاحب نے چاہا کہ کوئی عمل یا تعویذ بتلاوین آپ نے منع فرمایا کہ ہمارا اوسکا اقرار تہا پورا
ہوگیا اور وہ بہی زبردست عامل ہے ایسے ویسے عمل سے نجاویگا کرامت ۱۱ وزیر خان نامی
باشندہ میرٹہ نے ایکبار عریضہ بہیجا کہ حضرت میرا لڑکا گم ہوگیا ہے خبر نہین زندہ ہے یا مردہ
آپ کے اخلاق اور انفاس متبرک کی شہرت سنکر امیدوار الطاف ہون آپ نے جواب
اوسکی لکہہ بہیجا کہ یہ بندہ کا نقش بہیجا جاتا ہے اسکو مین سفال ریزہ پر نقل کرکے تین دن آگ
مین رکہو اگر خدا کو منظور ہے تو پتہ لگیگا قدرت الہی سے جسوقت سفال ریزہ رکہنے کے لئے تیار کرائی
تہے ڈاک والے نے آواز دی کہ دکن کا ایک خط ہے جاکر دیکہا تو وہی علی احمد گم شدہ کا خط
ہے نہایت شکر ادا کیا کرامت ۱۲ شوکت علی برادر خورد پیرجی واجد علی صاحب دو سال تک
بیمار رہے ہر طبیب کہتا تہا کہ اسکو جنون ہوگیا یہہ حال تہا کہ کسیوقت اپنے بہائی سے علیحدہ
نہین ہوتا تہا حتی کہ اگر بیت الخلا مین جاتی تہے تب بہی اپنے بہائی کو کہڑا کر لیتے تہے سب لوگ
اوسکے حالات کو دیکہکر متعجب اور حیران تہے جسدن وہ حضرت کی خدمت مین اپنے بہائی کے
ساتہہ حاضر ہوکر بیعت ہوے اوسیوقت سے بالکل مرض جاتا رہا کرامت ۱۳ شوکت علی
مذکورہ بالا بارادہ نوکری گہر سے چلکر خدمتمین باراہ سلام حاضر ہوئے فرمایا کہ کہین مت جاؤ
اور اپنے گہر کو چلے جاؤ خدا وہان بہی رازق ہے وہ ویسے ہی واپس چلا گیا ایک شخص عبداللطیف
ساکن سہارنپور نے اپنے عوض مین مدرس کرادیا اوسکا والد سنکر ناراض ہوا کہ تونے مجہے کیون
نکرایا شوکت علی نے انکار بہی کیا کہ مین نہین کرتا تمہارے آپس مین تکرار ہوگا مگر اوس نے
نمانا پہر شوکت علی اوسی آسامی پر مستقل ہوگیا پہر شوکت علی نے ترقی کے واسطہ حضرت کی
خدمت مین التماس کی آپ نے فرمایا کہ ترقی بہی ہوجائیگی چنانچہ وہ بہی ہوگئی کرامت ۱۴
ایکدفعہ تہانہ بہون مین ہیضہ پہیل رہا تہا اور روز مین تیس آدمی مرتے تہے سعادت علی برادر

پیرجی واحد علی نے مضطرب ہوکر خدمت مین عریضہ بہیجا کہ مین اپنے عزیزون کی طرف
سے بہت حیران اور پریشان ہون آپ نے اوس کے جواب مین تحریر فرمایا کہ تم کچہہ فکر مت
کرو تمہارے عزیز اس بلا سے محفوظ رہنگی چنانچہ ایسا ہی ہوا کرامت ۱۱ پیرجی واحد علی کی والدہ
سخت بیمار ہوئی اونکی بہائی سعادت علی نے مضطرب ہوکر دعا کی واسطہ خدمت
مین عریضہ بہیجا آپ نے جواب مین تحریر فرمایا کہ تمہاری والدہ اس بیماری مین نہین مریگی چنانچہ
بارہ برس تک زندہ رہی کرامت ۱۲ ایک مرید مست خان رحمت اللہ علیہ ساکن اترو کی
خدمت مین آئے تہوڑی دیر بعد کہنے لگے کہ مین آپکی بہت تعریف سنا کرتا تہا کہ آپ
بڑے جامع کمال ہین آپ کو آکر دیکہا تو معلوم ہوا کہ آپ بالکل خالی ہین فرمایا کہ ہمکو تو
آجتک یہہ بہی معلوم نہوا تہا کہ ہم خالی ہین یا بہرے الحمد للہ کہ آپ کے فرمانے سے اتنا تو معلوم
ہوگیا کہ ہم خالی ہین وہ وہان سے اوٹہکر حضرت قلندر صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار پر گئے وہان
سے گہبراے ہوئے آئے اور عرض کیا کہ حضرت مجہہ سے قصور ہوا آپ میری خطا معاف
فرماوین آپ حقیقت مین بڑے صاحب کمال ہین فرمایا کہ وہ بہی تمہارا خیال تہا جو
پہلے کہا تہا اور یہہ بہی تمہارا خیال ہے جو تم اب کہتے ہو نہ اوس سے کچہہ نقصان ہوا نہ اس سے
کچہہ فائدہ ہم تو جیسے تہے ویسے ہی ہین کرامت ۱۳ عصر کے وقت حضور مبارز خان کی مسجد
مین تشریف رکہتے تہے حافظ ٹہنڈا پانی پیتے وہان نماز پڑہنے کو آئے حضرت نے اونسے فرمایا
کہ حافظ جی آج نماز تم پڑہاؤ اور تمسے ایک کام ہی ہے بموجب ارشاد حضرت کے اونہون نی
نماز پڑہائی بعد نماز کے حضرت نے دس روپیہ اونسی طلب کئے حافظ جی نے ہنسکر انکار کردیا
حضرت نے فرمایا کہ ہان بہائی تو جانتا ہے اسکی گہر نہین باہر نہین یہہ کہانسے دیگا حافظ جی یہہ بات
سنکر ہنس پڑے چار روز کے بعد حافظ جی خود بخود بلا طلب حضرت کی خدمت مین حاضر
ہوے اور عرض کیا کہ برخوردار عبد الکریم نے پانسو روپیہ کی نوٹ بہیجی ہین اور یہہ لکہا ہے کہ اہین
سے دس روپیہ حضرت کی خدمت مین نذر کردینا ہین دس روپیہ لایا ہون ہنس کر فرمایا کہ اب مین

لائے ہوتے تو پہلے ہی مانگی تہی مگر تمنے ہمارا اعتبار نکیا کرامت ۱۸ ایکروز شاہ
شرف الدین بوعلی قلندر رحمت اللہ علیہ کے مزار پر حسب عادت معمولی حضور نفلین
پڑہ رہے تہے پیرجی یعقوب علی صاحب وہان حاضر تہے بعد فراغت نوافل کے پیرجی
صاحب سے فرمایا کہ آپکے کوئی لڑکا بالا اتبک نہین ہوا پیرجی نے عرض کیا کہ سولہ
برس شادی کو ہوچکے ہین مگر ہنوز کچہہ پیدا نہین ہوا اس بات کو سنکر خاموش ہورہے جب
حجرہ مین تشریف لائے ایک شخص الایچی دانہ لیکر آیا اونمین سے دو الایچی دانہ آپنے
اٹہا لئے اور باقی فرمایا کہ تقسیم کردو وہ دونون الایچی دانہ پیرجی صاحب کو عنایت فرمائے
اور فرمایا کہ تم اپنے گہر کرانہ کو جاؤ ایک دانہ تم کہانا اور ایک اپنی بیوی کو کہلانا مکرر سکرر بہ
تاکید فرمائی پیرجی رخصت ہو کر چلے بوقت رخصت یہہ شعر پڑہا +

تو عزم سفر کردی رفتی زبر ما	بی تو گہر خویش شکستی کمر ما

اس شعر کو سنکر حاجی عبدالقادر اور محمد تقی اور مولوی فتح محمد اور بوعلی قریشی صاحبان
حاضرین خدمت نے عرض کیا بات سے آپنے فرمایا کہ یہہ شعر بچپن کا ہمکو یاد آگیا
پیرجی صاحب گہر جاکر اب چلے آوینگے انکی بیوی انکو یاد کرتی ہوگی پیرجی صاحب کرانہ
مین جاکر پندرہ روز تک رہے اور پہر چلے آئے پہر کرانہ سے آدمی آیا کہ اہلخانہ پیرجی
صاحب بیمار ہے پیرجی صاحب پہر گہر گئے جب علاج کرانا چاہا معلوم ہوا کہ حمل ہے
بعد انقضائی مدت معہودہ کے لڑکا پیدا ہوا اوسکا نام حضرت نے محمد اصغر رکہا +
کرامت ۱۹ ایکبار پیرجی محمد یعقوب علی صاحب کے گہر مین لڑکی پیدا ہوئی عصمت
عفت پناہ راسخ الاعتقاد پاک نہاد عابدہ زاہدہ عقیلہ فہیمہ بی بی محمدی صاحبہ نے اوس
دختر کو مائی رمضانو کے ہاتہہ خدمت مین بہیجا فرمایا کہ ہماری دعا کا ہی عجب حال ہے
مارین سر مین لگے پاؤن مین + اور فرمایا جو ہین اوسکے منہ سے نکلا صبح نہین اشام
نہین ۔ پہر مائی رمضانو سے فرمایا کہ اسکو لیجاؤ جب پیرجی حضرت کے روبرو آئے

تو حضرت یہی مصرعہ پڑہتے آخرکار بعد وصال حضور اوس لڑکی کا انتقال ہو گیا
کرامت ۲۰ ایکدن ایک عورت باشندۂ لکھنؤ خدمت مین حاضر ہوئی عرض کی
کہ میرے اولاد نہین ہوتی اور میرا خاوند دوسرا نکاح کرنا چاہتا ہے اگر اوسنے دوسرا
نکاح کر لیا مجہے بڑی تکلیف ہوگی قلندر صاحب کے مزار پر اوسوقت ایک قوال گا رہا
تہا۔ ایسا ٹوٹا کردے ری ما ایسا ٹوٹا کردے حضرت نے اوسیکو لکھوا کر بطور تعویذ کے
دیدیا شوہر اوسکا ایسا مطیع ہو گیا کہ نکاح اوسنے دوسرا نکیا کرامت ۲۱ جن ایام مین طبیعت
قدسی مرتبت علیل تہی نواب پہلوان آپ کی خدمت اور تیمارداری مین مصروف تہا چہو
نام ایک پہلوان نے تمام پانی پت مین شور کیا کہ مین نواب سے کشتی لڑونگا یہہ مولوی
صاحب کے ہان مال کہاتا ہے اور عیش کرتا ہے حتی کہ نواب سے ہی ایک روز
مقابل ہوا نواب نے عذر کیا کہ آجکل طبیعت قبلہ وکعبہ علیل ہے اور میری مشق چہوٹی
ہوئی ہے کشتی کرنا فرصت اور بے غمی پر منحصر ہے اوس نادان نے ستانا اور روزانہ
تنگ کرنا شروع کیا یہانتک کہ قلندر صاحب کے چوک مین حضور کے حجرہ کے سامنے
آبیٹہا اور پکار پکار کر کہتا تہا مین مولانا کے پہلوان سے لڑونگا ایکدن آپنے نواب سے
فرمایا میان کیون ڈرتے ہو نام خدا لیکر اس سے لڑ لو جو کچہہ ہوگا بہتر ہوگا نواب آمادہ
ہو گیا بعض بعض نادانون سے یہہ ہی کہتا تہا چونکہ نواب مجہسے کشتی نہین لڑتا ہے مین
مولانا پر جادو کر دیا ایک روز راقم کے سامنے ایک شخص نے حضور سے یہہ ہی تذکرہ
کیا فرمایا میان جب سامری مرنے لگا اوسنے اپنے شاگردون سے وصیت کی کہ جب
تمکو کچہہ ضرورت ہو میری قبر پر فلان عمل پڑہنا مین زندہ ہو جاؤنگا اور تمہاری
کرونگا چنانچہ ایسا ہی بارہا شاگردون کے جگانے سے وہ جاگا اور امداد پر آمادہ رہا جب
موسی علیہ السلام سے اوسکے شاگردونکی جنگ قرار پائی تب اوسنے قبر سے اوٹہکر وصیت
کی کہ دیکہو خدا والے کا یہہ معاملہ ہے اسمین مجہسے کچہہ نہین ہو سکتا بس خدا والون پر کوئی

کچھہ کرسکتا ہے پہر نواب کو اجازت دی کہ کل کو تم کشتی لڑو پانی پت مین شہرہ ہوگیا کل کشتی
ہوگی تمام شہر جمع ہوا قلندر صاحب کے والد کے مزار کے قریب آپنے اشارہ فرمادیا کہ
وہان کشتی ٹہراو جب بروز موعود کشتی کا وقت آیا آپنے تمام خدام کو بہیجدیا جاؤ سب تماشا دیکہو فقط
پیرجی محمد یعقوب علی صاحب آپکے پاس رہے اور آپ بحالت ناتوانی چارپائی پر بیٹہے ہوئے
اور پیرجی سے فرمایا کیا اس طرف کشتی ہوگی عرض کیا کہ اسی طرف ایک منٹ کے بعد فرمایا
کہ وہ مارا یہہ کہکر لیٹ گئے تہوڑی دیر کے بعد آدمی آنے شروع ہوگئے کہ نواب نے
کہڑے ہوتے ہی چہوٹے کو مار لیا تمام شہر مین شہرت ہوئی چہوٹے تمام اپنے یارون سے
کہتا تہا مین کہڑے ہوتے ہی اندہا ہوگیا مجہسے کچھہ نہ ہوسکا کرامت ۲۲ خاندان تیموریہ
مین سے ایک شخص فیروز شاہ نامی پہلے کسی خاندان مین کسی بزرگ سے مرید تہے ایام
غدر کے بعد حضور کی خدمت مین پہونچے اور مستدعی ہوئے کہ مین کشف کا طالب ہون
آپنے ہنسکر فرمایا ابہی بوی سلطنت نہین گئی بگڑی حالت پر بہی اعلی درجہ کی تمنا ہے
پہر اوسیوقت ایسی نظر عنایت فرمائی کہ کشف ہوگیا ایک روز حجرہ مین بیٹہے تہے یکایک
کہنے لگے حضور راجہ بہرکا نیر مرگیا آپکو یہہ بات ناپسند ہوئی فرمایا ہمارے ہان سے کچھہ
نہین یہہ فرمانا تہا اور اندہیرا ہونا تہا وہ کشف وہ صفائی سب موقوف ہوگئی تب تو
فیروز شاہ بہت حیران ہوئے اور گہبرائے بارہا توبہ و استغفار کی فرمایا افشای راز بہت
بری بات ہے آخر ایک مرتبہ راقم اور جناب منشی فضل رسول صاحب حاضر حضور تہے
کہ فیروز شاہ نے منشی صاحب سے سفارش چاہی آپ نے بہی سفارش کی حضور بعد مغرب
قلندر صاحب مین اوسکو لیگئے نہ معلوم کیا عنایت فرمائی کیا کیا مستفیض کیا وہان سے
تشریف لاکر حجرہ مین اشارہ فرمایا مردون کا دیا ہوا واپس نہین ہوتا فقط اس کنایہ سے
مین اور چند خدام سمجہہ گئے کہ آج انکی مراد پوری ہوگئی پہر دوسرے دن مین اور منشی صاحب
اور فیروز شاہ صاحب رخصت ہوکر دہلی تک ساتہہ آئے فیروز شاہ نے دہلی پہونچکر مین دی ان کے

بعد اپنے گہر کے آدمیون کو وصیت کی کہ جو کچھہ ہمسے کسیکو کہنا ہو کہہ لو ہمارا وقت رخصت
آ پہونچا سب رونے لگے سب کو دلاسا دی اور کہا فلان مقام پر ہمارے قبر بنانا اور
زمین سے روپے نکلینگے وہ ہمارے کفن دفن مین صرف کرنا یہہ کہکر تہوڑی دیر کے
بعد انتقال کر گئے جب حضور کے ہان خبر پہونچی فرمایا خدای پاک نے فضل فرمایا

کرامت ایک شخص کو اپنے بیٹے کے ساتہہ نہایت محبت تہی گویا اوسکا عاشق تہا
قضارا بیٹا اوسکا مر گیا باپ کو اوسکے مرنے کا اسقدر رنج و ملال ہوا کہ دیوانہ وار جا بجا پہرتا
تہا اور کسی طرح اوسکی دلکو قرار نہ تہا بے چینی کی حالت مین حضرت کی خدمت مین بمقام
پانی پت حاضر ہوا اور عرض کیا کہ کسی طرح ایک دفعہ مین اپنے بیٹے کو خواب مین دیکہون
فرمایا خواب مین کیا دیکہوگے بیداری مین دیکہہ لو وہ شخص سرائے مین پڑا ہوا تہا دوسرے روز
ایک عورت ایک لڑکا بعینہ ویسی شکل اور صورت اور وضع اور اوسی قدر عمر کا اپنی بغل مین لیکر
سرائے مین پہونچی یہہ شخص اُسکو دیکہتے ہی فریفتہ ہوگیا اوسکو پیار کیا شیرینی بازار سے لیدی
تین روز تک عورت اُس لڑکے کو سرائے مین لاتی رہی اور یہہ شخص اوسکو دیکہکر خوش
ہوتا رہا اور مٹہائی دیتا رہا بعد اوسکے اوسکا آنا موقوف ہوگیا پہر خدمت مین حاضر ہوا
آپنے فرمایا کہ تم جو اسقدر لڑکے کے واسطے بیقرار ہو تم کون ہو گیا تمنے اوسکو پیدا کیا تہا یا
اوسکو پالا تہا جسنے پیدا کیا تہا اوسنے ناپید کر دیا تمہارا کیا دعوی ہے اور تم بہی یاد رکہو
یہان تمہاری نظرون سے غایب ہے جب تم مروگے وہان جاکر دیکہہ لینا اسبات کو سنکر
اضطراب اوسکا جاتا رہا شعر دل بد و بند کو نخواہد مرد ✣ آنکہ میرد بدو چہ دل بندی

کرامت ایک روز ایک شخص ایک مرض کی شکایت کرنے لگا فرمایا کہ گہبراؤ مت
مردی از غیب برون آید و کاری بکند ✣ یہہ فرماکر یہہ نقل اوسکو سنانی شروع کی
کہ ایک شخص کے خاندان مین مدت دراز سے علم طبابت چلا آتا تہا ایک لڑکا اوسکے خاندان
مین ایسا پیدا ہوا کہ اوسکو ہرچند پڑہایا نہ پڑہا ایک روز تمام عزیز و اقارب نے جمع ہوکر

اوسکو بہت سمجھایا اور لعنت ملامت کی اور غیرت دلائی تو وہ وطن چھوڑ کر ایک شہر کے
گورستان مین جاکر بیٹھ رہا اور رونا شروع کیا بحالت گریہ وزاری ایک سوار آیا اوسنے
پوچھا تو کیون روتا ہے اِسنے کہا کہ مین بے علم اور بے ہنر ہون میرے خاندان کے
سب لوگ ذی علم ہوتے رہے ہین اور مجھے کوئی ہنر یا فن نہین آتا اور گھر کے آدمی سب
مجھے شرماتے ہین اسلئے اپنی بد قسمتی پر روتا ہون اوس سوار نے کہا کہ تو اپنا منہ کھول
منہ کھولتے ہی لعاب دہن اوسنے منہ مین ڈال دیا اور یہہ کہا کہ جسکا تو علاج کریگا وہ ہی شفا یاب
ہوجائیگا اوسنے کہا کہ حضرت یہہ بات تو ممکن نہین معلوم ہوتی تب اوس بزرگ نے فرمایا
کہ جو صحت یاب ہونیوالا ہوگا وہ ہی تمہارے پاس آویگا ورنہ نہ آویگا خود بخود علم طبابت
اوسپر منکشف ہوگیا اور وہ علاج کرنے لگا ہنوز یہہ نقل فرما رہے تھے کہ چٹھی رسان ایک خط
منشی فضل رسول کا لیکر آیا اور اُسکے اندر دوا اُسی مرض کی تہی جسکا وہ شاکی تہا آپنے
اوسکو اوسی وقت دیدی اور پھر فرمایا ؎ مردے از غیب برون آید و کاری بکند +
کرامت ایک دفعہ آپ ہردوار کے میلہ مین تشریف لے گئے فقرا ہنود بہت جمع تہے
ہر ایک فن صنعت یعنی اکسیر مین کمال رکہتا تہا ایک دن اپنا اپنا کمال سب نے ایک دوسرے کو
دکھلایا ایک طفل نو عمر بھی اون مین تہا جب سب اپنا کمال دکھلا چکے تو اُس سے کہا کہ تو بھی کچھہ
جانتا ہے یا نہین اوسنے کہا کہ کچھہ تہوڑا سا سونا بنانا مین بھی جانتا ہون اوسنے ایک فقیر
کا تونبہ لیا جو مسی بنا ہوا تہا اوسکو اول ایک کڑاہی آہنی مین رکھکر آگ پر رکہا اور ایک
نبات اوسمین ڈالی تہوڑی دیر مین وہ تونبہ مسی پانی سا ہوگیا پھر ذرا سی اکسیر اوسمین
ڈالی تو وہ تمام سونا ہوگیا اسکے بعد سب فقیر آپ کی طرف متوجہ ہوے کہ آپکو بھی کچھہ آتا ہو
تو دکھلائیے فرمایا کہ ہمکو تو صرف خدا کا نام لینا آتا ہے اور کچھہ نہین آتا اس بات کو سنکر
سب بنظر حقارت آپکی طرف دیکھنے لگے تب آپنے ایک دعا پڑھکر جو ایک درخت کلان
کی طرف دیکھا تو وہ درخت جڑ سے اوسی وقت اکھڑ گیا اس حال کو دیکھکر سب فقرا خائف

اور وہ طفل خوف کے مارے ہو گئے اور آپ کی زیادہ خاطر اور تواضع کرنے لگے
اور ترسان ہو گئے اکبر خان نامی باشندہ علاقہ سرونج کے بیٹا نہین تہا اوسکے
بہاگ گیا **کرامت** اکبر خان نامی باشندہ علاقہ سرونج کے بیٹا نہین تہا اوسکے
عزیز و اقارب یا اوسکے اہلخانہ نے خدمت مین عرض کیا کہ آپ دعا فرمائیے کہ خدا تعالے
فرزند عطا فرماوے فرمایا انشاء اللہ تعالی پیدا ہوگا اونکی بیوی کو حمل رہا اور بوقت وضع
حمل دختر پیدا ہوئی لوگون نے خدمت مین حاضر ہو کر یہہ بات کہی کہ حضرت آپنے فرمایا
تہا کہ بیٹا ہوگا بیٹا نہوا بیٹی ہوئی ہے آپ اوسی وقت زنانہ مکان کے اندر چلے گئے اور
فرمایا کہ ہمین دکھلاؤ آپکے دیکہتے ہی قدرت خدا سے وہ فرزند ہو گیا آپنے فرمایا کہ میان
یہہ تو لڑکا ہے لڑکی نہین ہے تمنے اچھی طرح تاریکی مین اوسکو دیکہا نہین تہا تمکو دہوکا
ہو گیا بہانہ فرماکر تشریف لے آئے **کرامت** حافظ امانت علی ساکن سونی پت کی
بیوی جب حاملہ ہوئی حضرت کی خدمت مین عرض کیا کہ حضرت دعا فرمائیے آپنے
کچہہ نقوش اونکو دئے کہ یہہ اپنی زوجہ کو پلاؤ بعد پورے ہونے ایام معہودہ کے اونکے
لڑکا پیدا ہوا اب جوان ہو گیا ہے جب خبر اوسکے پیدا ہونے کی حضرت کی خدمت
مین آئی فرمایا خدا نے ہماری بات رکہہ لی جو لڑکا پیدا کر دیا **کرامت** ایک کنیز سے
ایک شخص کی آشنائی ہو گئی حمل رہ گیا جب حمل کا اعلان ہوا کنیز نے اپنے آشنا کا نام
نہ لیا اور ایک نیک بخت و صالح حضرت کے خادم کا نام لے دیا اوسنے خدمت مین
حاضر ہو کر یہہ ماجرا عرض کیا سنتے ہی از راہ ظرافت فرمایا تم کچہہ فکر مت کرو اوس
عورت سے کہدو کہ وہ ہمارا نام لے دے اور کسی کا نام نہ لے ظاہر مین ایک خوش طبعی
اور ظرافت تہی باطن مین ایک استعانت و کرامت تہی ادہر تو خادم کی تسلی فرمائی
اور اودہر قدرت ربی سے ایسا ولولہ اوسکے آشنا کے دل مین پیدا ہوا کہ بے تامل اور
بے دریغ اوسنے کنیز سے نکاح کر لیا نکاح ہوتے ہی اصل حال سب کو معلوم ہو گیا اور خادم
تہمت سے نجات پا گیا **کرامت** حافظ عبد الرحمن آپ کے مرید لوہاری سے جلکو شاملی

مین آئے اور لوہارون کے گہر ٹہرے لوہار تین بہائی تہے تینون نے نماز چہوڑ رکہی تہی بوقت حاضری خدمت آپنے ایک ایک لوہار کا حال دریافت فرمایا اور یہہ بہی دریافت فرمایا کہ نماز ان مین کوئی پڑہتا ہے یا نہین حافظ جی نے عرض کیا کہ تینون نے چہوڑ رکہی ہے سنکر ارشاد ہوا کہ تینون ڈوب گئے جب شاملی مین حافظ جی لوٹ کر پہر آئے تو دیکہا کہ تینون نماز پڑہتے ہین اور اونہون نے دفعتًا نماز پر قائم ہوجانے کا یہہ باعث بیان کیا کہ رات کو خواب مین جناب میانصاحب نے فرمایا کہ تم نماز نہین پڑہتے کیا تینون ڈوب گئے اوسدن سے ہم نماز پڑہتے ہین **کرامت** حافظ ظہور محمد کے گہر کے نزدیک نالو خان ایک اچہوت رہتا ہے وہ بارادہ نوکری دہرہ دون مین مقیم تہا وہان سے ایک عریضہ اوسنے بطلب دعا آپ کی خدمت مین بہیجا ایک وظیفہ اوسکو ارشاد ہوا اوسکے دل مین خیال آیا کہ وظیفہ کے پڑہنے مین زیادہ مشقت ہے اگر کوئی تعویذ عنایت ہوتا تو خوب ہوتا خیال آتے ہی معًا دوسرا کرامت نامہ معہ ایک تعویذ کے اوسکے پاس پہونچا اور وظیفہ کے واسطہ ارشاد ہوا دل چاہے پڑہو دل نچاہے چہوڑ دو سات آٹہہ روز وظیفہ پڑہا اوسکے بعد آپنے خواب مین فرمایا کہ اب وظیفہ چہوڑ دو اسکی کچہہ ضرورت نہین ہے دوسرے دن ایک بابو خود بخود نامبردہ کے مکان پر آیا اور اوسکو بولا کر لیگیا اور نوکر رکہہ لیا **کرامت** ایک سوداگر نے کچہہ اپنا مال ایک شخص کے ہاتہہ فروخت کیا تہا خریدار نے روپیے نہ دئے ہر چند روپیون کے وصول کرنے کی اوسنے تدبیرات کین مگر تدبیر کارگر نہوئی ناچار ہوکر فقرا کی خدمت مین جا بجا پہرتا رہا کسی کی دعا یا امداد سے اوسکا مطلب حاصل نہوا مجبور ہوکر خدمت مین حاضر ہوا اور بار بار یہہ بات کہنے لگا کہ مین بہت پہرا اور رنگین پوش اور سفید پوش فقیرون سے بہت ملا مگر کسی مین کچہہ اثر ندیکہا چونکہ فقرائے بارگاہ صمدی کی ایک تحقیر کرتا تہا آپکو کچہہ خیال آگیا اور اوسکی طرف جو دیکہا تو معًا وہ بے ہوش ہوگیا اور جو لوگ حاضر خدمت تہے اونکے وجود پر لرزہ طاری ہوگیا بعد اوسکے

پانی دم کرکے اوسکو پلوایا تب ہوش آیا فرمایا کر جاؤ اب روپیے وصول ہوجاوینگے
چنانچہ وہ گیا اور قرضدار سے روپیہ اوسکو وصول ہوگئے بعد وصول ہوجانے روپیہ
کے بارادہ بیعت آپکی خدمت مین حاضر ہوا آپنے بیعت نکیا کرامت ٣٢ کریم بخش بساطی
ساکن پانی پت کی بیوی کا انتقال ہوگیا تہا وہ دوسری شادی کرنا چاہتا تہا شادی
کہین نہین ہوتی تہی آپنے پیرجی محمد یعقوب علی صاحب کو الحمد شریف کی ایک ترکیب اُسکے
واسطے بتلائی شادی ہوگئی جب وہ حسب عادت معہودہ رات کے وقت بموجودگی
پیرجی صاحب حاضر ہوتا آپ ازراہ ظرافت فرماتے کہ لو صاحب تمکو پیرجی نے دوبارہ
سے جوان کردیا کرامت ٣٣ محمد علی باشندہ قصبہ مارہرہ حضرت قبلہ وکعبہ کا مرید ایک
انگریز کے پاس نوکر تہا ایک دفعہ وہ انگریز شیر کا شکار کہیلتا ہوا ایک بن مین گیا محمد علی
بہی ہمراہ تہا اتفاقًا ایک جگہ ایک شیر درخت کے تلے جہاڑیون مین پڑا سوتا تہا رفتار
کی آہٹ سے اوسکی آنکہہ کہل گئی اور اوسنے محمد علی پر حملہ کیا بحالت حملہ نامبردہ نے
حضرت قبلہ وکعبہ کو یاد کیا معًا اوسنے دیکہا کہ آپ تشریف لائے اور شیر کو الگ کردیا محمد علی
زندہ اور سلامت بچ گیا کرامت ٣٤ امراؤ سنگہ نامی میرے ایک عزیز شاگرد نے مجہسے
خفیہ طور پر آپکی خدمت مین عریضہ بہیجا اور تعویذ کی درخواست کی اور آرزو کی کہ مین
مڈل کالج کے امتحان مین کامیاب ہوجاؤن آپ نے اوسکے جواب مین کرامت نامہ
معہ تعویذ بہیجا اور ارقام فرمایا خدا پر نظر رکہو وہ فضل فرماوینگے اور امتحان پورا کرینگے
اور اگر ابکی بار کچہہ دقت رہی تو سال آئندہ مین باسانی ہوجاویگا چنانچہ اوس سال ناکامی
رہی اور دوسرے سال نہایت عمدگی سے امتحان مین کامیاب ہوا اور اوسکی کامیابی سے
پہلے آپکا وصال ہوگیا کرامت ٣٥ ایک روز چنی لشنوئی مجذوب نے خدمت مین عرض
کیا کہ مجکو ایک ٹلوئی کی ضرورت ہے حضور منگادین آپ نے مبلغ دو روپیہ پیرجی محمد یعقوب
صاحب کو دئے اور فرمایا کہ اسکو ٹلوئی لادو پیرجی صاحب نے ایک روپیہ تیرہ آنہ کو ٹلوئی

خرید کر خیال کیا کہ بے چمچہ دقت ہوگی لگایا دو روپیہ کے اور قدرے اور دیگر ایک چمچہ خرید کر لشنوئی کو لا دیا لشنوئی وہ بٹلوئی لیکر بازار گیا دوکاندار نے جسکی دوکان سے بٹلوئی خریدی تہی اس سے کہا کہ شاہ صاحب ہمارے حق میں بہی کچھہ دعا کرو اور یہہ بٹلوئی ہماری دوکان سے تمہارے واسطہ خریدی گئی ہے کہو پسند آئی یا نہیں لشنوئی حضور کی خدمت میں آکر شکایت کرنے لگا کہ پیرجی نے دو روپیہ سے کم کو برتن لا دیا آپ ہنسکر خاموش ہو رہے مگر بعضے بعضے حاضرین خدمت بدظن ہوے اونکا بدظن ہونا اور مسکرانا حضور کو ناگوار ہوا پیرجی کو بلا کر دریافت کیا معلوم ہوا کہ چمچہ خریدا گیا ہے اور دو روپیہ بہی زیادہ قیمت دیگئی ہے فرمایا کہ پیرجی اسکو دوکاندار کے پاس لیجاؤ اور تسکین کرا دو چونکہ آپکو اوسکی شکایت ناگوار ہوئی تہی ابہی دوکان تک نہ پہونچنے پائے تہے کہ ثالث نامی مجذوب جو پانی پت میں مدت سے رہتا ہے اور اب بہی موجود ہے نہایت غضب میں بہرا ہوا سامنے سے آیا اور بولا کیوں بے لشنوئی مخدوم زادوں پر تہمت لگاتا ہے مخدوم کے لاڈلے کیا ایسے ہیں کہ تیرا مال کہا جاتے یہہ کہکر لشنوئی پر اس زور سے حملہ کیا کہ لشنوئی گہبرا گیا آخر دونوں میں لاٹہی چلی لشنوئی نہایت زخمی ہوا تمام اہل بازار جمع ہوگئے کیسکو ہمت نہوئی کہ باہم فیصلہ کرا دے آخر پیرجی صاحب بیچ میں آگئے تب وہ جنگ موقوف ہوئی پہر دونوں بہاگے لشنوئی قلندر صاحب کے مزار پر غل مچانے لگا اور فریاد کرنے لگا اور ثالث حضور کے حجرہ پر آیا اور کہنے لگا کہ اسنے ایسی خطا کی آخر آپ نے فرمایا انہیں شہر سے باہر دو آدمی پہونچا دو ورنہ پہر آپس میں لڑینگے

کرامت کریم بخش بساطی ایکبار بیمار ہوا اور نہایت مایوس ہو کر خدمت میں آیا اور کہنے لگا اب زندگی کا بہروسا نہیں میں جلد مر جاؤنگا فرمایا مروگے نہیں نئی شادی کروگے لڑکے بالے ہونگے چنانچہ اوسی روز سے صحت ہونی شروع ہوئی اور اچہا ہو گیا اور پہر نئی شادی کی اور لڑکے بالے پیدا ہوئے یہہ شخص آپکا مرید ہے رات کو حضرت کی خدمت میں

حاضر ہوتا تہا دن میں کبھی نہیں آتا تہا آپ اسپر نہایت عنایت فرماتے تہے کرامت
ایک شخص باشندہ پانی پت آپ کے شرف بیعت سے مشرف ہوا اور ایک دو ہفتہ کے بعد
ایک روز اوسنے عرض کیا کہ قبلہ آج میرے نکاح کی میری والدہ نے تجویز کی ہے
خادمان حضور کو تکلیف دیجاویگی آپنے فرمایا ابہی نکاح کی کیا جلدی ہے اپنے والدہ کو
چھہ مہینے صبر کریں اوسنے عرض کیا حضرت میں شادی نہیں مگر ماباپ کی آرزو برسر جوش ہے
یہہ کہکر چلا گیا صبحکو ایک شخص نے بیان کیا کہ رات اوسکا نکاح ہوگیا آپنے فرمایا۔ اذا جاء
القدر عمی البصر حاضرین خدمت کو حیرت ہوئی جسپر وز چھہ مہینے نکاح کو ہوئے وہ نوجوان
بعارضہ تپ دق مرگیا تب ایک خادم نے عرض کیا فلان شخص مرگیا فرمایا مرضی ایزدی
سے ناچاری ہے اوسکو بخار آتا تہا بخار کی حالت میں نکاح ہوا دق ہوگئی مرگیا * *

کرامت شیخ عین الحق ولد عبد الکریم ساکن کرانہ کا سراج الحق
برادر حقیقی کے ساتہہ جائداد پر تنازعہ تہا عدالت میں مقدمہ دایر ہوا منصف صاحب
نے دعوے عین الحق کا خارج کردیا محکمہ صدر الصدور تک نوبت پہونچی تب شیخ عین الحق و
شیخ مولابخش صاحبان خدمت میں بامید طلب دعا حاضر ہوے آپنے فرمایا کہ حق تعالی
حق کو حق کرے پیر کے دن صدر الصدور نے سہارنپور میں ڈگری کی اوسی وقت آپنے
پانی پت میں فرمایا کہ عین الحق کی ڈگری ہوگئی اوسکے بعد سہارنپور سے فتحیابی کی خبر آئی عین الحق کا مرید ہوگیا کرامت
ایکبار دو ولایتی درویش قلندر صاحب کی مسجد میں عصر کی نماز کے وقت وارد ہوے
خاموش بیٹھے رہے جب آپ مغرب کی نماز پڑہ چکے غلامی شاہ کو ارشاد ہوا یہہ دو مسافر
موجود ہیں انکے لیے کہانا لاؤ اور کہانا کہلا کر انسے کہدو کہ کسی اور جگہہ رات کو قیام کریں جب
غلامی شاہ نے اونکو کہانا کہلا دیا وہ اوسی مسجد میں سو رہے اور دوسری جگہہ نہ گئے صبح
کو جب حجرہ کہلا تب ایک شخص مادرزاد برہنہ ہوکر حجرہ کے دروازہ پر آکھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ
عرض پذیرا فرمائی آپنے خفا ہوکر تحصیلدار کو رقعہ لکھوایا اور دو چپراسی بلوالئے اور اونکو

حکم دیا کہ اسکو پکڑ کر لیجاؤ اور دوسرا اسکا ساتھی جو ہے اوسکو بھی ساتھ لیلو پانی پت کی سرحد سے باہر نکالدو حاضرین حجرہ اس معاملہ سے سخت حیرت مین رہے مگر کسی نے ادب کے لحاظ سے دریافت نکیا دو مہینے کے بعد وہی برہنہ درویش پھر حاضر ہوا اور کچھ میوہ کی قسم سے لایا آپ نے بخوشی رضاے اوس سے لیا کچھ آپ کہایا اور کچھ پیرجی محمد یعقوب صاحب کو دیا اور اوس سے خلوت مین کچھ باتین کر کے رخصت کر دیا تب پیرجی محمد یعقوب صاحب نے آپ سے عرض کیا کہ اوس روز کیا معاملہ تہا کہ یہہ ذلت کے ساتھ نکالدیا گیا تہا اور آج کیا سبب ہے جو اسکا تحفہ پذیرا ہوا فرمایا کہ یہہ کابل کا صاحب خدمت ہے اور وہ دوسرا قندھار کا صاحب خدمت تہا ہمارے پاس اسلئے آئے ہے کہ دعا فرمائے تاکہ انگریزون کی فتح ہوجاے اور کابل انگریزون کے قبضہ مین آجاے اسوجہ سے اسکو نکلوا دیا تہا اب اسکی عقل درستی پر آگئی ہے انگریزون کا طرفدار نہین رہا اب غلطی کا عذر معاف کرانے آیا تہا اسلئے تحفہ قبول کیا گیا ۔۔۔ **کرامت** قبل از وصال وحید الدین پسر حاجی فریدالدین ساکن پانی پت کی چودہ سال کی عمر تہی اور تیسرا باب گلستان کا پڑہتا تہا کم عمر لڑکا اور کم استعداد تہا ایک روز اوسنے حضرت کی خدمت مین عرض کیا کہ مین کچھ اشعار آپکی شان مین لکھنا چاہتا ہون فرمایا اچھا ۔ رات کو تہجد کے وقت خلاف عادت خودبخود بیدار ہوا اور قلم اور کاغذ لیکر بیٹھ گیا اشعار قصیدہ اوسکے قلب مین وارد ہونے لگے پھر پہر دن چڑھے تک ایک قصیدہ لکھہ کر صاف کر کے حاضر کیا اور بیان کیا کہ بروقت قصیدہ لکھنے کے مجھے ایسا معلوم ہوتا تہا جیسے کوئی کان مین کچھ کہتا جاتا ہے قصیدہ مثل قصاید خاقانی یا انوری یا دیگر شعراے متقدمین کے ہے ایسے لغات اور اصطلاحات اوس مین درج ہین کہ سبحان اللہ اگر کوئی معمر ذی استعداد بھی ایسا قصیدہ لکھنا چاہے نہین لکھہ سکتا جیسے بڑے بڑے اکابران دین کا تصرف سواے عالم جن اور انس کے عالم ارواح پر ہوا ہے اسی طرح حضرت بہی سواے عالم کون و فساد کے

خدا کی قدرت اوسکے بیٹا پیدا ہوگیا جب حضرت کی خدمت مین حاضر ہوا فرمایا کہ بیٹا اور بیٹی دینا خدا
کا کام ہے یہ بندہ کا کام نہین ہے بندہ کو مشغول رہنا چاہیے بندگی و عجز و فروتنی کی
ایک دفعہ خدانے بات رکہلی خبردار آیندہ پہر ایسا کام مکرنا خدائی کا کام خدا ہی کو روا ہے اور ہم
چونکہ عورات مستورات مین سے اکثر مستورات راہ فقر مین بڑی بڑی کاملہ اور عارفہ اور واصلہ ہوئی
ہین اسلیے حضرت بعض مستورات کے فضل و کمال کی تعریف فرمایا کرتے تھے اور فرماتے تھے
بظاہر جامہ نسوان کا تہا مگر باطن مین مرد تہین حضرت عطار صاحب نے بی بی رابعہ بصری قدس
سرہ کو تذکرۃ الاولیا مین زمرہ مردان تحریر فرمایا ہے حضرت بہی اونکی نسبت یون فرماتے تھے
مشغولی حق مین بڑا کمال تہا جب یہ پیدا ہوئین انکے والد ماجد حضرت فضیل عیاض رحمۃ اللہ علیہ
کی خدمت مین بیٹے کے عوض کہا کہ آپنے تو فرمایا تہا کہ لڑکا پیدا ہوگا اور یہ لڑکی پیدا ہوئی حضرت فضیل
عیاض علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ لڑکی مت سمجھو یہ تاج الابدال ہوگی وہ حضرت بی بی فاطمہ
قدس سرہا ... تہا اب چند نقول بعض مستورات کی جو وقتاً فوقتاً زبان مبارک سے سنی
لکہتا ہون نقل ایک دفعہ حضرت بی بی رابعہ بصری ایک سفر مین بارادہ ادائے حج کے چلین
مین یہ چلین گدہا مرگیا قافلہ والون نے کہا ہم تمہارا اسباب ہمراہ لیلین آپنے فرمایا کہ تم
کام کرو مین تمہارے بہروسا پر ... توکل پر نہین آئی ہون مین خداتعالی کے توکل پر آئی ہون
پس قافلہ چلدیا اور یہ تنہا رہگئین ... اونہون نے جناب باری مین عرض کی یا رب
خدایا بادشاہ ... عورت غریب عاجزہ کے ساتھ ایسا کرتے ہین ... مجھے بیچ جنگل کے

اور پھر میرے گدھے کو مار دیا اور جنگل میں مجھے تنہا چھوڑ دیا۔ ہنوز مناجات ختم نہوئی تھی
کہ خر زندہ ہو گیا اور بی بی رابعہ نے اپنا بار اُسپر لاد دیا اور روانہ ہوئیں اور مکہ معظمہ کو پہونچیں
نقل جب حضرت ابراہیم ادہم ہر قدم پر دو رکعت نماز پڑھتے ہوئے چودہ سال کے عرصہ
میں بیت اللہ میں پہونچے تو بیت اللہ کو وہاں نہ دیکھا انکے دل میں خیال پیدا ہوا کیا ہماری آنکھ
میں کچھ خلل ہو گیا ہے جو بیت اللہ ہمکو نظر نہیں آتا ہے ہاتف غیب نے آواز دی کہ تمہاری آنکھ
میں کچھ خلل نہیں آیا ہے بیت اللہ ایک ضعیفہ کے استقبال کو گیا ہے اسی عرصہ میں حضرت ابراہیم
ادہم نے دیکھا کہ رابعہ بصری آتی ہیں اور بیت اللہ اپنی جگہ آگیا حضرت ابراہیم ادہم نے بی بی
رابعہ سے کہا کہ یہ کیا شور ہے جہان میں تو نے ڈال رکھا ہے انہوں نے جواب دیا کہ شور تو تمنے
ڈالا ہے کہ چودہ برس کے عرصہ میں ہر قدم پر نماز پڑھتے ہوئے یہانتک پہونچے ہو تمہاری
طاعت کا شہرہ ہو رہا ہے تمنے جنگل کو نماز میں قطع کیا ہے اور میں نیاز میں طے کر کے
آئی ہوں ... رباعی ...

نسبت اگر ہے بعالم بہت از افتادگی	قطرہ تا جیبہ گردد گوہر از افتادگی
رتبہ افتادگی این بس کہ شاہان جاودید	سایہ بال ہما را بر سر افتادگی

اور جب تم یہاں پہونچے تو خانہ کعبہ یہاں سے غائب تھا اور میرے استقبال کو آیا جب
بیت اللہ استقبال کو آیا تو بی بی رابعہ بصری نے فرمایا کہ مجھے رب البیت چاہئے بیت اللہ سے کیا کام ہے

حاجی عبث بطوف حرم سعی میکنی	باید شدن ز خانہ سوی رب خانہ را

نقل ایک روز ظریفان بصرہ بی بی رابعہ کی خدمت میں آئے اور کہا کہ ای رابعہ مردوں کو
تین مرتبہ حاصل ہیں جو عورتوں کو حاصل نہیں ہیں۔ اول یہ کہ مرد کامل العقل ہیں اور
عورتیں ناقص العقل ہیں چنانچہ گواہی دو زن کی برابر گواہی ایک مرد کے ہے۔ دوسرے
زنان ناقص الدین ہیں کہ ہر ماہ میں چند روز بے نماز رہتی ہیں تیسرے یہ کہ کسی عورت کو
مرتبہ پیغمبری کا نہیں ہوا بی بی رابعہ نے کہا کہ تم راست کہتے ہو مگر عورتوں میں فضیلت ہیں جو

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] نقل [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] نقل [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] نقل [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

مرزا کی سیر ہے والا ہو یا کوئی نوکر ہو ان میں ایک ... کہ ایک روپیہ روز ملتا رہے [illegible]
کی خدمت میں بیٹھے جب اوس سے ... فرمایا کہ رزق کو کہو وہ اس کو ... کہ ایک ... کو کوئی
شخص ... ہو ... سب ... ہو کے اتفاق اگر ان ... اور روزی اور مقسوم ... کی
میں ... ہو ... جو ... خدا تعالیٰ نے انسان کے واسطے رزق مقرر کر دیا ہے وہ ہمیں
پہنچے گی وہ بیشی نہیں ہو سکتی ہے

شعر

	در خدمت تو باد و از رو زری		آسمان دوزی	گر زمین را

ہو جو کہ مقسوم ہیں وہ ہر حال ہو پہنچا ہے تو ان سے خود اور واسطے کسی شخص سے

شعر

اوسی جلسہ میں یہ شعر پڑھا

	ور نشانی بسر ہر سبد		العجب نصیب ... ہر سبد	

پھر حضرت قبلہ نے فرمایا کہ بحکم ایک نقل یاد آئی ہے کہ کسی شخص نے یہی شعر ایک بزرگ
کے سامنے جو پڑھا تو وہ بزرگ اس کے مضمون پر یقین نہ لایا اور بولا کہ جب تک میں خود اس
کا امتحان نہ کر لوں مجھے یقین نہیں آتا اور امتحان کے ارادہ سے ایک پہاڑ کے غار
میں جا بیٹھے چنانچہ میں ایک بزرگ کا مزار تھا اور اکثر ہم لوگ اس مزار پر آمد و رفت رکھتے
تھے حصول دعا کے واسطے وہی رات ... کرتے تھے اور وہیں ... کہ ہم رہے تھے جو شخص کہ
گرسنہ تھا ایک جو ... نے اپنی ... میں رکھ لیا تھا وہاں ... اور ...
نکال کر ... اون کا خدا تعالیٰ کی قدرت سے ... کہاں ... اور ... یا کسی قسم
کا ... اگر ... آیا وہ کھانا کھانے کے بعد ... ہو ... اون ... اور اس
کیا ... کو ... وہ ... پہنچ کر ... کہاں ... آ ... عجب ... ہر ...
کی ... واسطے ... ہیں ... کر ... ہو کر ... اور ...
ہو ... جا ... ... ان ... تو ... جو ... اور ... سے ...
دی ... جا ... ... اور ... نے ... کہا کہ العطیہ ... ۱۲۹۰ء

واسطے رکہا ہے اور آپ چہپکر بیٹھ رہا ہے پہلے اسکو کہلانا چاہئے اوسکے پاس کہانا لیگئے اور
اسکو کہا اور اوسنے انکار کیا تب سب نے جمع ہوکر اوسکے ہاتھ باندہکر زبردستی اوسکو کہلایا
اوسوقت مضمون شعر پر اوسکو یقین آیا **نقل** ایک روز ایک شخص نے حضرت قبلہ و کعبہ سے
سوال کیا کہ نبوت و ولایت مین کیا فرق ہے فرمایا کہ نبوت مثل طلاء معدنی کے ہے کہ طلا
کانی کا یہہ خاصہ ہے کہ جسقدر اوسکو گلاؤ تپاؤ اوسکی رنگت و صورت مین کچہہ فرق نہین آتا جیسا جو
کان سے برآمد ہوتا ہے اوسی ہیئت پر قائم رہتا ہے اور ولایت مثل طلای اکسیری کے ہے
جو طلا اکسیر سے بنتا ہے وہ دو قسم کا ہوتا ہے اول قسم کا طلا وہ ہوتا ہے کہ جو اکسیر اعظم سے
بنا ہو اور جو طلا اکسیر اعظم سے بنتا ہے وہ نہایت عمدہ اور جمیع صفات طلائی سے موصوف ہوتا ہے
اور رنگ اوسکا ایسا پختہ ہوتا ہے کہ اگر صدہا دفعہ گلاوین اور تپاوین اور تاؤ دین ہرگز اوسکی رنگت
مین فرق نہین آتا بلکہ زیادہ گداز کرنے سے قیمت اوسکی اور زیادہ ہوتی جاتی ہے اور خوش
رنگ اور ملایم ہوجاتا ہے اور دوم قسم کا طلا اکسیری جو اکسیر کامل سے نہین بنا اکسیر ناقص کا
بنا ہوا ہوتا ہے جسوقت اوسکو دو چار دفعہ گلاوین یا زیادہ مرتبہ گلاتے ہین رنگ اوسکا یا تو
پہیکا پڑجاتا ہے یا بالکل زایل ہوجاتا ہے **نقل** اکبر و روز خان و شہباز خان حقیقی بہائی نواب صاحب
کے یہان نوکر تہے ایکبار کسی تعلقہ دار سے روپیہ کے وصول کرنے کی نسبت لڑائی ہوئی وہ
دونون زخمی ہوئے تاب و طاقت حس و حرکت کی نرہی میدان جنگ مین ہوکے پیاسے پڑے
ہوئے تہے آدہی رات کو ایک برہمن گلے مین زنار پیشانی پر ٹیکا لگائے ہوئے سر دس بیچ دونون
جنکے پاس پانی کے گہڑے بہرے جو تہے زخمیون کو پانی پلاتا ہوا ایک بہائی کے پاس آیا اور
کہا کہ پانی پیلو اوسنے پانی پینے سے انکار کیا اور کہا کہ مین نے کبہی ہندو کے ہاتھہ کا پانی نہین
پیا ہے دوبارہ پہر اوسنے آکر کہا کہ خانصاحب تمکو پیاس لگ رہی ہے پی لو اور مین تمہارے
بہائی کو پلا آیا ہون اور تمہاری ابہی زندگی زیادہ ہے جب یہہ بات خانصاحب نے سنی تو
پوچہا کہ آپ کون ہین فرمایا کہ مین خضر ہون اور یہہ لوگ سب ابدال ہین پہر پوچہا کہ آپنے مجہہ

ہندوانہ وضع کیون بنائی ہے خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ اس میدان جنگ مین بہ نسبت مسلمانو
کے ہندو بہت مجروح ہین اور ہمکو حکم خدا پانی پلانے کا ہے اگر ہم یہہ وضع نہ بناتے اور مسلمانکی
وضع مین پانی پلانے کو آتے تو کوئی ہندو ہمارے ہاتھ سے پانی نہ پیتا جیسے تمنے ہمکو ہندو
جانکر پانی پینے سے انکار کیا تھے زیادہ منتہ بکار کرتے خانصاحب نے پانی پلیا اور خضر
سے ملاقات دوبارہ کا وعدہ کرالیا مگر خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ جب ہم ملنے کو آوینگے تم ہرگز نہ
پہچانو گے آخر خانصاحب جلیل عہدہ پر مامور ہوگئے اور امیر بن گئے بعد چندے ایکدن خضر
بتقاضائے وعدہ ایک شخص سپاہی خستہ اور شکستہ حال کی بنا کر خانصاحب کے پاس آئے اور تھوڑی
دیر بیٹھکر اور یہہ کہکر کہ جیسے جو وعدہ ملاقات کا کیا تہا وفا کر دیا چلدئے اوسوقت خانصاحب کو کچھہ
معلوم نہوا کہ یہہ کون ہین بعد چلے جانے کے یاد آیا کہ خضر علیہ السلام نے ملاقات کا وعدہ کیا تہا او
یہہ وہ تھے پھر اونکو تلاش کیا کچھہ پتا نہ لگا +

ہر نیک و بدی کہ در جہان میگذرد   خود می کند و بہانہ بر عام نہاد

جب خدا تعالی کو خضر علیہ السلام کے ذریعہ سے کسیکو فائدہ دین یا دنیا کا پہونچانا منظور ہوتا تھا خضر
کو آپ وسکے ہین بھیجدیتے ہین اور خضر حکم حق کی فورا تعمیل کرتے ہین اور بلا خواہش و بلا طلب خود بخود خضر
اوسکے پاس بار بار جاتے ہین اور ملتے ہین اصل لنا خضر علیہ السلام کا یہی ہے طالب کو چاہیے
کہ اوس سے لو لگائے سب کے سوائے خدا تعالی کے اوسکی تمنا دل مین نہ رکھے خدا مہربان ہے
تو کل مہربان ہوجاتے ہین نقل ایکبار فرمایا خضر علیہ السلام کا نام ۔ ملکان ۔ بن ۔ سیان
بن طبان ۔ بن سمعان ۔ بن سان ۔ بن نوح علیہ السلام ہے اور کنیت انکی ابو العباس ہے
اور زمین فارس میں ایک موضع شیراز سے دو فرسخ ہے وہان آپ پیدا ہوے تھے اور قبل
نازل ہونے وحی کے اور نیز بعد ظہور نبوت کے جناب رسالت پناہ محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم
کی صحبت مین رہتے تھے ۔ اکثر بیمار ہوتے ہین علاج کرتے ہین ایکدفعہ مدینہ منورہ مین
شتر بانون مین لڑائی ہوئی خضر علیہ السلام بھی وہان مین تھے ایک تیر انکے سر پر لگا اور زخم

ہو گیا تین ماہ تک تکلیف رہی بعد اوسکے آرام ہوا اور جناب رسالت مآب کے زمانہ سے پانچ سو
برس کے بعد نئے دانت برآمد ہوئے تھے جب زمانہ جناب رسالت مآب کا آیا تو ایک سو برس
کے بعد نئے دانت نکلنے لگے اور بہت سے زن و فرزند خضر علیہ السلام کے ہوئے ہیں مگر زن
و فرزند انکو پہچانتے نہ تھے کہ یہ خضر علیہ السلام ہیں بوقت نکاح کے اپنا نام مغربی قاسمی بتاتے
تھے اب نکاح کرنا چھوڑ دیا ہے بسا خلیق اور جوان مرد شفیق ہیں اور عمدہ عمدہ کپڑے
اور رزق مخلوق خدا تعالی کو بکثرت عطا فرماتے ہیں اور ازروے کرامت کے کیمیا جانتے ہیں
اور تمام خزانہ ہاے روے زمین کی انکو خبر ہے اور بحکم سرکار زمین سے ارباب حاجت کو دیتے
ہیں اپنے یا اپنے دوستوں اصحاب کے صرف میں نہیں لاتے ہیں سماع دوست ہیں رقص و
تواجد کرتے ہیں اور مجلس سماع اہل حال میں بحکم حق تشریف لاتے ہیں اور دس مصاحب
انکے ساتھ رہتے ہیں اور اکثر مصاحب انکے اقطاب و ابدال میں سے ہوتے ہیں فائدہ ظاہری
اور باطنی انسے اکثر ہم لوگونکو ہوا ہے اور ہوتا ہے بزرگان اہل خدمات انسے تعلق رکھتے ہیں
اور الیاس پسر سام بن نوح حضرت خضر علیہ السلام کے والد کے جد کے بھائی ہیں اور خضر
اور قطب ابدال اور اصحاب بھی حضرت الیاس کا ایسا ادب کرتے ہیں جیسا شاگرد استاد
کا کرتا ہے اور الیاس دراز قامت سرخ رنگ کم گوئی اور با وقار با تمکین اور با ہیبت ہیں اور اکثر
مراقب بیٹھے ہیں اور صاحب معارف اور کرامات ہیں اور خضر اور الیاس دعوت مخلوق کی
دین مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کرتے ہیں اور دونو متبع شریعت مصطفوی ہیں اور جیسے خضر
کے دس اصحاب ہیں ویسے ہی انکے بھی دس اصحاب ہیں اور خضر علیہ السلام قطب ابدال سے
صحبت رکھتے ہیں اور اوسکی خدمت کرتے ہیں اور نماز میں اوسکی اقتدا کرتے ہیں اور جو کچھ
نقد و جنس مایحتاج ضروری سے درکار ہوتا ہے اوسکو دیتے ہیں اور دعا خیر اوسکے حق میں
کرتے ہیں **نقل** ایک دن ایک شخص ایک لنگی کہنہ اور بوسیدہ حضرت کی خدمت میں لایا
حضرت نے اوسکو دیکھکر ازراہ ظرافت فرمایا کہ خدا تعالی کے نام کی لنگی پرانی ہے تو بھی ہم

کیونکہ خدا تعالی ہی تو بہت پوشانی اور کپڑا بخشے ہین مؤلف یہہ عرض بظرافت کرتا ہے کہ ایک
نا زیادہ نصیحت تہا بعض کی دمیونکی عادت ہوتی ہے کہ آپ تو عمدہ سے عمدہ کہانا کہاتے
ہین عمدہ کپڑے پہنتے ہین اور جب سرکار کے نام پر بچا سب کچہہ ٹوٹ پہوٹ دینے کا موقع آتا ہے
تو پہٹے پرانے میلے کچیلے کپڑے اور روکہی پہیکی روٹی دیتے ہین ؎

نان دہی از بہر حق نانت دہد		جان دہی از بہر حق جانت دہد	

نقل ایک روز فرمایا ایک دن حجاج بن یوسف نے خواجہ حسن بصری کو بارادہ قتل
کے بلایا اور وہ بہاگ کر حضرت حبیب عجمی کے صومعہ مین جا چہپے جب حجاج کے سپاہی
تلاش کرتے گئے وہان پہونچے اور حبیب عجمی سے پوچہا کہ حسن بصری کہان ہے تو کہدیا
کہ میرے حجرے مین ہے جب اندر جاکر سپاہیون نے دیکہا تو حسن بصری انکو نظر نہ آئے باہر
آکر کہا کہ ای حبیب عجمی جو کچہہ حجاج تمہارے ساتہہ کرتا ہے یہہ تمہاری سزا ہے کہ تم جہوٹ
بولتے ہو حبیب عجمی نے فرمایا کہ مینے جہوٹ نہین بولا ابہی حسن بصری صومعہ مین گئے ہین تمکو
نظر نہ آوین تو میرا کیا گناہ ہے پہر دوبارہ سپاہی اندر گئے اور پہر دیکہا اور انکو نظر نہ آئے
تب ناچار ہوکر واپس چلے گئے انکے جانے کے بعد حسن بصری باہر آئے اور کہا کہ ای حبیب
حق استادی کے ادا کرنے کی یہی شرط تہی جو تمنے پیادگان حجاج سے کہدیا کہ حسن بصری
اندر ہے حبیب عجمی نے جواب دیا کہ ای استاد میری ہی راست گوئی سے تمنے خلاصی پائی
ہے اگر مین جہوٹ بولتا تو مین اور تم دونون پکڑے جاتے ؎

راستی موجب رضای خداست		کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست	

نقل ایکروز فرمایا ایکدفعہ حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر رح اور قاضی حمیدالدین ناگوری رح
سیاحی عجائبات قدرت کی تماشے دیکہتے پہرتے تہے دریا کے نزدیک ایک جنگل مین گذر ہوا کہانے
کو وہان کچہہ نہ تہا جب بہوک زیادہ ہوئی ایک گوسفند آئی جسکے منہ مین دو روٹی تہین دونون
روٹی انکے آگے رکہکر چلی گئی دونون بزرگون نے انکو تناول فرمایا اور بعد تناول کے

باہم یہ گفتگو کر رہے تھے کہ یہ گوشہ نشین کوئی مردان غیب میں سے ہے اثنائے گفتگو میں گژدم بقدر
شتر بزرگ چیتے کی طرح دوڑتا آیا اور دریا میں بے محابا کود پڑا اور پار اوتر گیا یار صاحب نے قاضی
صاحب کی طرف دیکھا اور قاضی صاحب نے یار صاحب کی طرف اور دونوں نے فرمایا کہ اس میں
کچھ حکمت ہے دریا کے پار چلکر اوسکو دیکھنا چاہیے دریا میں کشتی وغیرہ کوئی چیز پار اوترنے کی نہ تھی
دست بدعا ہوئے اوسی وقت دریا شق ہو گیا اور زمین خشک برآمد ہوگئی دونوں بزرگ دریا
کے پار تشریف لے گئے اور وہاں جا کر دیکھا کہ ایک آدمی سوتا ہے اور ایک مار زہریلا اوس
ہلاکت اوسکے آ رہا ہے اوس گژدم نے اوس مار کے ایک ایسا نیش مارا کہ وہ ہلاک ہو گیا اور اوسی
وقت گژدم غایب ہو گیا دونوں بزرگ نے نزدیک جا کر اوسکو دیکھا قیاسا شرابیون کا معلوم ہوتا تھا
اس حال کو دیکھکر دل میں یہ خیال آیا کہ یہ کوئی مرد بزرگ ہوگا جسکی حق نے ایسی حفاظت کی اور سوتے
ہوئے کو مار خونخوار سے بچایا یہ شخص خواب سے بیدار ہو تو ملاقات کریں جب اوسکے نزدیک
پہونچے تو دیکھا کہ شراب پیئے ہوئے نشۂ شراب میں بے ہوش پڑا ہے اور قے سے تمام منہ
تو وہ ہو رہا ہے یہ حال دیکھکر دونوں بزرگ کے دل میں یہ خطرہ پیدا ہوا کہ کاشکے ہم یہاں نہ آتے
تو خوب ہوتا یہ حال تو نہ دیکھتے اور یہی دل میں خطرہ وارد ہوا کہ ایسے مے خوار نافرمان کو سانپ
سے کیا بچایا ہے ہنوز یہ خطرہ کچھ بھی دل میں وارد نہ ہوا تھا کہ ہاتف غیب نے آواز دی کہ اگر ہم
فقط صالحین اور پارساؤں کی ہی حفاظت کریں تو طالحین اور گنہگاران کی حفاظت کون کرے
اس عرصہ میں وہ شخص بیدار ہوا اور اونسے دیکھا کہ ایک مار کلان مرا ہوا پڑا ہے اوسکی زبانی
سب حال سنا سنتے ہی نہایت شرمندہ ہوا اور مے نوشی سے توبہ کی پھر شرف حج پہونچا کے
اور واصلان حق سے ہو گیا

اشعار

کعبہ و دیر و مے کدہ ساخت کرشمہ یار ساخت		کافر و زندہ و پارسا کرد و کرد یار کرد
در دل شیخ و برہمن ہست کہ ہست یار ہست		جلوہ بجوش بتان کرد و کرد یار کرد
خدائے را ست مسلم بزرگی و الطاف	شعر	کہ جرم بیند و نان برقرار میدارد

کوئی نہین جانتا کہ کسکے ساتھہ کیا راز و نیاز اور کیا معاملت ہے بیت

کس قلب اندرون بحر عمیق ۔ سنگ ریزہ قدر دارد با عقیق

جب دریای رحمت جوش پر آتا ہے صد سالہ کافر کو مومن بنا دیتا ہے اور جب قہاری کا بحر خروش ہوتا ہے صد سالہ مومن کو زندیق کر دیتا ہے شعر

ساعتے کافر کند صدیق را ۔ ساعتے مومن کند زندیق را

کار بعنایت ہے بانی بہانہ ہے شعر

چون حسن عاقبت نہ برندی و زاہدیست ۔ آن بہ کہ کار خود بعنایت رہا کنند

رباعی

ہر کس کہ بلطف و کرمت دیدہ کشود ۔ لطف و کرمت عیب نداند موجود
مردود تو ہیچ جا نگردد مقبول ۔ مقبول تو ہیچگہ نگردد مردود

نقل ایک روز فرمایا شیخ جنید رح کے آٹھہ مرید کامل اور خاصان حق تھے ایک روز سب متفق ہو کر شیخ جنید رح کی خدمت مین عرض کیا کہ شہادت بہی عجب نعمت عظمیٰ ہے جہاد مین جا کر اسکو حاصل کرنا چاہیے شیخ جنید رح انکے ساتھہ روم مین تشریف لے گئے جب دونون لشکر صف آرا ہوے تو لشکر کفار مین سے ایک گبر نکل کر آیا اور اوسنے شیخ کے آٹھون مرید کو شہید کیا شیخ جنید رح نے فرمایا کہ نو ہودج ہیں ہوا مین دیکھے مین ہمارے یارون مین سے جو شہید ہوتا گیا اوسکی روح کو ہودج مین آسمان کو لے گئے ایک ہودج جو باقی رہا سو شاید یہہ ہمارے واسطے ہو اسقدر مین وہی گبر آیا اور کہا کہ ای ابو القاسم وہ نوان ہودج میرے واسطے ہے تم بغداد کو جاؤ اور اپنی قوم کے شیخ بنے رہو اور مجھے اسلام تلقین فرماؤ شیخ جنید نے اوسکو مسلمان کیا اوسنے جس شمشیر سے مریدان شیخ جنید رح کو شہید کیا تہا اوسی شمشیر سے سات آدمیونکو اپنے قوم مین سے قتل کیا اور پہر آپ بہی شہید ہو گیا اوسکی روح نوین ہودج مین رکھکر آسمان کو لیگئے کچہہ دم مارنے کی جگہہ نہین ہے شیخ جنید رح جو ایسے کامل اور اکمل بزرگ تھے انکو تو اسبات کا علم نہوا کہ یہہ نوان ہودج ہمارے واسطے نہین ہے اور گبر کے واسطے ہے اور گبر کہ جنگ آتا اوسیا ہم کو

شہید کیا اوسکو اسبات کا علم ہوا کہ یہہ میرے واسطے خدا تعالی نے اوسکے ہاتھ سے شہید کرائے اور یہہ سات کا قرار اوسکے ہاتھ سے قتل کرانے کا ہے اسکو وجہ شہادت عطا فرمایا

اے دل سرگشتۂ حیران بہ سر زلف و رخش
کفر و ایمان را بہ پیش زلف و رویش کن رہا
گر چنین بے منا بدگہ صنم این
همچنان میباش سرگردان و حیران و حزین
پیش زلف و روی او از کفر و ایمان و حزین
جز بجز حیرانی نباشد کار دین

نقل ایک روز فرمایا سلطان محمود غزنوی ایک بار کے حملہ مین ہندوستان سے ایک کافر کا لڑکا پکڑ کے لے گیا مگر اوسکے ساتھہ کمال محبت سے پیش آتا تھا آخر اوسکو کسی مقام کا حاکم کر دیا شب لڑکا آبدیدہ ہوا محمود نے پوچھا ایسی خوشی کے وقت اندوہ کی کیا وجہ ہے لڑکے نے کہا لڑکپن مین مجکو میری مان شوخی کے وقت ڈرایا کرتی تھی کہ تجکو محمود کے حوالہ کر دونگی اور مین یہہ سنکر ڈر جاتا تھا آج وہ شان بے نیازی کا ظہور ہے کہ محمود کے پاس ہون اور اس ناز و نعمت مین ہون کہ مادر مہربان کی شفقت بہی یاد نہین

رباعی

احسان و کرم خرم افزون دیدم
پیش آمد کار من ندامت شدہ است
میزان شدم و مرد و ظرف سنجیدم
سبب گناہ و مغفرت فہمیدم

نقل جب خواجہ حافظ شیرازی نے یہہ شعر تصنیف کیا

شعر

اگر آن ترک شیرازی بدست آرد دل ما را
بخال ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را

اس شعر کو تیمور شاہ نے سنا اوسکے دل مین خیال آیا کہ مین نے تو یہہ ملک بڑی جان کاہی اور جانفشانی سے لیا ہے اور حافظ صاحب کے نزدیک یہہ ایسا ذلیل اور بے حقیقت چیز ہے اور کچہہ قدر و قیمت اسکی نہین ہے جو اسکو ایک خال پر بخشا جاتا ہے مین بادشاہ حافظ صاحب کی خدمت مین حاضر ہو کر یہہ کہا کہ ملک سمرقند اور بخارا مین نے بڑی جد و جہد سے لیا ہے اگر آپکی یہی جود و سخا ہے تو میری ملک گیری اور سلطنت کا کیا حال ہوگی حافظ صاحب نے فرمایا کہ اسی فیاضی اور سخاوت نے تو ہمکو ایسا مفلس اور نادار کر دیا ہے کہ جاہے ہی

ساز و سامان دنیوی کچھ نہیں رہا تھا فقط صاحب بخت بات کہکر یہ اولیا و فقیر کریم سے بادشاہ کی خاطر تواضع کرنے لگے بادشاہ نے تعجب کر کے کہا کہ جناب تعظیم و تکریم آپ میری نہیں میں نہیں کیونکہ ایسی سلطنت ان دنیا کو بالکل ترک کر دیا شاہ و میں سر سے پانک دنیا میں مبتلا اور غرق ہوں شیخ قدس سرہ نے فرمایا کہ دنیا نہ فانی و بے ثبات ہے دنیا کا حال مثل خواب و خیال کے ہے

دنیا خوابی و زندگانی دروغ	رباعی	خوابیست کہ در خواب پریشانی آزار
دنیا ہمگی اگر بکام تو شود		ورین سکہ دہر بنام تو شود
آخر ز جہان بے بقا باید رفت		گر قیصر و فغفور غلام تو شود

اگر حضرت دنیای فانی کو بامید دولت لازوال عقبیٰ کے ترک کیا تو کیا ہوا کچھ بڑی بات نہیں سے بڑے تارک اور عالی ہمت اور عالی حوصلہ تو آپ ہیں کہ جسکے باعث سے آپکی تعظیم اور تکریم کرتا ہوں ترک میں آپ مجھ پر فضیلت رکھتے ہیں کہ ادنیٰ چیز کے واسطے اعلیٰ چیز یعنی دولت دینی عقبی کو جو ایک نعمت عظمی اور دولت کبریٰ ہے چھوڑ دیا ہے گویا آپ اسپر عمل کرتے ہیں شعر

پدرم روضہ رضوان بدو گندم بفروخت	ناخلف باشم اگر من بجوی نفروشم

اس بات کو سنکر بادشاہ کا دل ملک گیری اور کار و بار سلطنت سے ایسا سرد ہوا کہ سلطنت و تخت و تاج چھوڑ کر ایک پہاڑ کے غار میں جا بیٹھا تیسرے دن یکایک حضرت خضر علیہ السلام بادشاہ کے غار میں تشریف لائے اور یہ کہا کہ تم سے خدا تعالیٰ کو سلطنت کا کام لینا ہے چلو و تخت و تاج سنبھالو اور بادشاہی اور سلطنت کرو بادشاہ نے عرض کیا کہ سلطنت میں بڑی بڑی تکلیفات اور تردّدات لاحق ہوتے ہیں اور ہزاروں آدمی کی جنگ و جدال میں خونریزی ہوتی ہیں بروز قیامت اگر اس بات کی جناب باری میں جوابدہی کرونگا مجھسے سلطنت کا کام نہیں ہو سکتا رباعی

این مال جہان تمام رنج است و وبال		اندیشہ مکن ببین کہ وہم است و خیال
کارے کہ زوال بودش رنج و ملال		حالست زحشمتش مرا بال است آل

حضرت علیہ السلام نے فرمایا جب حکم خدای پاک شہاب و واسطہ ہی ہے اور جن کو شیء کام
دنیا منظور ہے تو تو حکم خدا تعالی کو رد نہیں کر سکتے ہو کچھ مرضی اور حکم الہی ہے اوسپر راضی اور
شاکر رہنا چاہیے بہتیری جان چاہیے شاہ وشاہ دولت او تخت سلطنت پر جا بیٹھے اور سلطنت کو
ہم میں مصروف ہو گئے

قطعہ

برنگ تشنہ بانگ است حال جسم زارم — بدست دیگری افتادہ ام ناچار گردم
عنان اختیار ز دستم نمی دارم بدست و — برفتاری کہ خواہد بر جہان رفتاری گردم

ظاہر ہے کہ بس انسان یا حیوان سے خداوند کریم کو جو کام لینا منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے
خواہ اوس کام میں راحت ہو یا رنج ہو بہرحال کرنا پڑتا ہے کسی طرح اوس سے گریز نہیں ہو سکتا

جمعے بتمنای زر و مال خوش اند — جمعے بتماشای خط و خال خوش اند
اینہا ہمہ آب خرابی دارد — خوش حال کسانیکہ بحال خود خوش اند

اور جو ایسی سمجھ نہیں رکھتے رات دن رنج و قلق میں مبتلا رہتے ہیں رباعی

دنیا طلبا تراز بر راحت کار است — تا آخر دم فکر زر و دینار است
این طائفہ در خیال دون شاد — پیوستہ غم بیش زر و دینار است

نقل ایک روز فرمایا باپ بیٹا دو آدمی متفق ہو کر ایک اسپ وہ بار دار کو لیکر سفر کو چلے اتفاقا
سادہ بیچ آدمیوں نے انکو پیدل دیکھکر یہ کہا کہ یہ دونوں کیسے نادان ہیں باوجودیکہ سواری
موجود ہے اوسپر سوار نہیں ہوتے پیادہ پا چلے جاتے ہیں یہ بات کو سنکر باپ گھوڑے پر سوار
ہو لیا اور بیٹا پیدل چلنے لگا باپ کو سوار اور بیٹا پیدل دیکھکر لوگ کہنے لگے کہ باپ کیسا بے
رحم اور بے مہر ہے کہ آپ تو گھوڑے پر چڑھ لیا ہے اور بیٹے کو پیدل چلاتا ہے اسپر باپ گھوڑے سے
بہت اوترا بیٹا چڑھا پھر بیٹے کو لوگ ہجو کرنے لگے کیسا نالائق ہے اور بے تمیز شخص ہے
آپ گھوڑے پر سوار ہے بوڑھا باپ پیدل فلان خیزان ساتھ ہے ... دونوں گھوڑے
پر سوار ہو گئے آگے جو بڑھے تو ہر طرف سے لعنت ملامت کی بوچھار ہونے لگی کوئی کہتا ہے

بڑے احمق ہین کوئی کہتا ہے اگر خوف خدا نہین ہے گھوڑی بار دار رکھیو دیتے گو تیار دو نوت اوسپر سوار جب پہاڑ مخلوق الس اوسی بات جب باز نہین آئی دونون گھوڑی پر سے اوتر پڑے غرض دنیا مین انسان کوئی وضع یا طریقہ اختیار کرے خواہ وہ نیک ہو یا بد زبان خلق سے کبھی نہین بچ سکتا ہے

بتوبہ می توان رستن از عذاب خدای	ولیک می نتوان از زبان مردم رست

اگر دس آدمی ایک وضع اور طریقہ و چال چلن کی تعریف کرتے ہین تو دو چار اوسمین کچھ کچھ عیب جوئی بھی کرتے ہین ۔ دوہرہ

کہین جو آپ اوچ پر سنگاسن سو کہا لوگ کہین ہی	کوئی بندت کوئی بندہ کہین سب سے کہین ہی
ہر کہ مانے سکھہ کا جب تن سے دوری ہوی	[illegible]

جسکو خدای پاک نے سمجھ کامل اور عقل سلیم عطا فرمائی ہے اور دل و دماغ ہر طرح کی کدورت نفسانی اور حیوانی سے پاک کر دیا ہے وہ نہ کسی کی تعریف کرنے سے خوش ہوتا ہے اور نہ ہجو کرنے سے رنجیدہ ہوتا ہے

غالب برا نمان جو واعظ برا کہے	ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہین جسے

جسکے دل مین یہہ بات خوب سما جاتی ہے اور ذہن نشین ہو جاتی ہے کہ مقبول و مردود اور بھلا برا جو کچھ ہے حق کیطرف سے ہے اسکے دل مین اچھا برا کہنے کا کچھ خیال نہین آتا ۔ رباعی

راہ دل خویش را کنی عیشی کن	درد دل خود دوا کنی عیشی کن
از خلق بہیچ رو رہائی نشود	خود را بخدا رہا کنی عیشی کن

جو دانا ہین وہ شبانہ روز اپنے عیب و ہنر کیطرف متوجہ رہکر اوسکی اصلاح مین کوشش کیا کرتے ہین

ہر گاہ ببینی ز کسی عیب و ہنر	عیب و ہنر خویش را آور بنظر
افسونت ہنر است ازین بیش مگر	خود را بنگر بعیب مردم منگر

جو نادان ہین وہ طرح طرح کی خرابیون مین مبتلا رہتے ہین ۔ اشعار

گفت روباہ بچہ با روباہ	کای ز مکر سگان و دہ آگاہ
بازئی کن مرا کنون تعلیم	کہ بدان از سگان نباشد بیم

گفت از ان بازی نہ بیستم	گر تو در دشت باطنی او در دم
چشم وری برد چشم تو بروی	نقشہ در دا فت است در پے
بلکہ در دہ حین سشد داد	پوست بینت از پشت و پوست یب

نقل ایک روز فرمایا ایک شخص بارادہ بیعت حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت
مین آیا کئی روز رہا بیعت کی بروقت رخصت ہونے کے آپنے پوچھا تو کیون آیا تہا اور کیون
چلا اوسنے عرض کیا کہ مین آپکی تعریف سنکر آیا تہا مگر تین وجہسے ارادہ فسخ ہوگیا اکثر یہ دیکہا کہ
آپ مقتدر ہین اور کارخانہ آپ کا امیرانہ ہے صدہا آدمیون کا روز کہانا پکتا ہے دوسرے آپ
لباس امیرانہ پہنتے ہین تیسرے یہہ کہ آپکی تعریف ہر شخص کرتا ہے کوئی ہجو نہین کرتا یہہ بہی شان
ولایت کے خلاف ہے حضرت غوث الاعظم نے فرمایا کہ یہہ کہانا جو پکتا ہے نہ ہم کہاتے ہین
نہ اوسکو کہاتے ہین یہہ لوگ خود ہی پکاتے ہین اور خود ہی کہاتے ہین ہم جو کہاتے ہین وہ تم
دیکہہ لو چنانچہ آپنے اپنا فقیرانہ کہانا دکہلایا اور جامہ فاخرہ کے تلے فقیرانہ لباس کملی تہا وہ اوسکو
دکہلایا کہ یہی ہم پہنتے ہین اور ہجو کی نسبت فرمایا کہ جو ہماری زادبوم ہے اور ہمارے عزیز اقارب ہین
مین وہان جاکر ہمارا حال دریافت کر جب وہان گیا تو کسی کو آپکا ثنا خوان اور مداح نپایا
ہر شخص از راہ حسد و کینہ اور بغض کے آپ کی ہجو کرتا تہا اور آپکے کمالات باطنی کو سحر اور مکر
زور بتلاتا تہا جب یہہ حال اوسنے دیکہا اوسکی تسلی ہوئی بیعت کرلی ۔ اکثر بزرگان دین نے
جو وطن کا رہنا اختیار نہین کیا اور وطن سے دور جاکر رہے ہین اوسکا ایک بڑا باعث یہی ہے
کہ جب خدا تعالی کسیکو فضیلت فرماتا اور کمال باطنی یا ظاہری سے اوسکو سرفراز کرتا ہے تو عزیزون
اور قریبون اور رشتہ دارون کے دلون مین زیادہ تر رشک و حسد پیدا ہوتا ہے اور ہر دم
خواہ مخواہ درپے ایذا رسانی اور تحقیر رہتے ہین اور انواع انواع طور سے اوسکو ذلیل
اور خوار کرنا چاہتے ہین اور جتنی عظمت و عزت و ہیبت اوسکی غیرون کے دلون مین ہوتی ہے
اونکے نہین ہوتی غرض آدمی جو دوستان خانہ اے دین و دنیا کا فائدہ حاصل کرتے ہین

اور ایسا شخص [illegible] عالم [illegible]
سے محروم رہتا ہے [illegible]
اور اپنی [illegible]
اور عزیز و اقارب [illegible] شادی [illegible]
اور مغرور ہوتا ہے تو عزیز و اقارب [illegible]
کرتا ہے [illegible]
کرنے میں [illegible] دنیا میں آپ [illegible]
چاہتے ہیں [illegible] دنیا [illegible]
کا جویا اور خواہان ہوتا ہے

رباعی

گر در طلب دو راحت ہستی	وز رنج آزادی دنیا ہستی
دین ہم بگذار و دین دوست بگیر	در عالم ہستی ز دو عالم رستی

اشعار

این گروہے کہ نام کردی خویش	ہر یکے گر دمی بود با صد خویش
اصل علت ز خویش یکدیگر اند	گرچہ عیب خویش یکدیگر اند
سرگران ہمچو پای در خواب اند	چہ دو در ہمچو جنب در آب اند
از رہ مرگ و حسد ربادہ دو خر	آرزومند مرگ یکدیگر
از جہان زشت گوئی یکدیگر اند	وز حسد عیب جوئی یکدیگر اند
در خلیل و عقار خویشان را	لشماتی چو گرگ میشان را
گرچہ ایشان قارب اند ہمہ	ور اقارب عقارب اند ہمہ

پند تعلیمین متفرق ارشادی جناب قبلہ و کعبہ عزیز جان مراد سنگھ
اون نے از راہ جوش اعتقادی نظم کری [illegible] نظم کی [illegible]

نقل کبیر و زوجۂ کبیر و دوستان خدا

ایکدن ارشاد والا یون ہوا
تھے کبیر نکتہ دان مرد خدا

صاحب عظمت تھے اور عالی وقار
تھے فقیرون کے نہایت غمگسار

خدمت فقرا مین حاضر تھے بجان
ہوتے تھے خدمت سے انکی شادمان

آئے اکدن چند مردان خدا
ماحضر کا ایک کچھ سامان نہ تھا

دل مین شرمندہ اپنے ہوئے از حد کبیر
اور لگے کہنے کہ اے رب قدیر

سخت حیرت ہے کہ اب کیا کیجئے
کون دیگا قرض کس سے لیجئے

اپنی عورت سے کہا کہ ای خوشخصال
تنگدستی سے ہے بہت تنگ حال

کیا کرون تدبیر ای آرام جان
تاکہ مہمان خدا ہون شادمان

بولی عورت یون کبیر با وفا
ایک مہاجن مجھپہ ہے جان سے فدا

صورت بلبل ہے دل اوسکا نثار
شکل پروانہ سو جان سے نثار

ہو گر ارشاد ای عالی جناب
اوس سے لون اشیا و جنس کچھ بشتاب

ہو کے خوش بولے کبیر پاکباز
جلد مین ای راحت جان ہان فراز

خاطر مہمان ہے مجکو ضرور
وہم اور وسواس کچھ ہو وے نہ دور

الغرض عورت نے با ناز و ادا
عاشق دیوانہ سے جا کر کہا

اے شہ خوبان ناز و ادا
مفلسی سے ہون مین تو حد مبتلا

تنگدستی سے ہے ہی تنگ حال
زندگانی ہو گئی ہے کا وبال

گھر مین مہمان کی ہیں چار یار
اونکی خاطر کے لئے ہون بیقرار

تو اگر ہمت کرے اے با تمیز
عمر بھر تیری رہونگی مین کنیز

راحت آغوش ہوگا ایک شب
دون تجھے سامان کیا ذرہ عجب

اور تو اوسکے دل میں ہے شوق کمال
کر گئے عورت شاد و سب دل و دار
خدمت مہمان و دیکے شاد شاد
وقت شب ہوئے کبیر نکتہ دان
چاہیئے انسان کو وعدے کی وفا
عہد و پیمان چاہیئے ہان استوار
عہد و پیمان سے ہے انسان کا کمال
دوش پر عورت کو رکھکر پھر کبیر
وہ مہاجن تھا زبس اُمیدوار
دیکھکر دلدار کو شادان ہوا
چونکہ تھی برسات ایک حیرت کی
بولا کیون پاپوش بے نظافت ہے
تب کہا عورت نے اپنی وہ سخن
اور کبیر نکتہ ور کی گفتگو
سنتے ہی یہ ماجرا حیرت فزا
آگے قدمون پہ گرا با صد نیاز
فعل سے اپنے وہ نادم ہوا
عفو تقصیرات کا خواہان ہوا
چھوڑ کر افعال بد تائب ہوا
جو ہین مردان خدا عالی مقام
سے وان آسانی اونہین [illegible]

ہو جوانی سے نہین کچھ بے بال
لائی چھپ [illegible] شستہ وار
یکے حیث مہمان اپنی ہار
ہے وفائی عہد [illegible] دیگر جہان
عہد مین لازم نہین ہرگز دغا
ہو غلط وہ دن کہ جب قول و قرار
ہے وفائی عہد افضل [illegible]
چھوڑ کے در [illegible]
انتظار یار مین تھا بیقرار
اور وفائی وعدہ سے حیران ہوا
دیکھکر [illegible] کو حشمت ہوئی
دل مین آ [illegible] کیون [illegible]
لانے مین مجھکو کبیر [illegible]
سب سنائی اوسکو اوسنے [illegible]
ہوش اوس [illegible] کا جاتا رہا
عجز و زاری کی بصد سوز و گداز
توبہ کی اوسنے [illegible] دل سے ادا
راہ حق کا ہر طرح جویان ہوا
ہو گیا سب مشغول یاد خدا
اونکا تسلیم و رضائے حق ہے کام
[illegible]

نام اور ناموس اونکا یاد حق
تابع فرمان ہین اونکے نہ طبق

مال کا اونکے نگہبان ہے خدا
نام و ناموس اونکا ہے حق کی رضا

جان و مال اور آبرو ہین تین چیز
سب کو دنیا مین ہین یہہ تینون عزیز

آبرو سے کوئی شے بہتر نہین
ہر کوئی خواہان ہے اسکا ہر کہین

پر کبیر پُر کمال با صفا
دیکہو کیسا عاشق جانباز تہا

ہیچ تہا نظرون مین اُسکی جان و مال
آبرو کا کچہہ نہ تہا اوسکو خیال

دوستان پاک سبحانی کے ساتہہ
عاشقان وصل ربانی کے ساتہہ

کیا محبت تہی ادسے کیا شوق تہا
جان و دل کرتا تہا سب و نپر فدا

جو کوئی مثل کبیر باوفا
عاشق جانباز ہوگا بے ریا

بے شک اوسپر ہوگا فضل کبریا
نعمتین دونو جہان کی پائیگا

عاشق ہونا موذن کا زوجہ خانصاحب پر

ایک خانصاحب تہے بس عالی مقام
شاہجہان پور تہا وطن اونکا مدام

صاحب ثروت تہے اور عالی وقار
مال و دولت کی نہ تہی حد و شمار

اونکی زوجہ حسن مین تہی بے نظیر
عارض تابندہ تہا بدر منیر

جب کہین جاتے تہے خان ذی حشم
رہتی تہی گہر مین یہہ تنہا چشم نم

نے کوئی مونس نہ ہمدم اور نہ یار
درد دوری سے ہر ایکدم بیقرار

خط کے لکہنے پڑہنے کو لیکن مدام
آتا تہا کوچہ کی مسجد کا امام

ایکدن شان خدای دوجہان
آیا خط لکہنے موذن نوجوان

اُٹہہ گیا پردہ ہوا سے ایکبار
حسن گلرو کی نظر آئی بہار

آنکہہ لڑتے ہی گئے ہوش و حواس
ہوگئے ہمراز و ہمدم فکر و یاس

بہولے بس اللہ اکبر کی صدا
دم کے دم مین فی بحر غمزہ نے کیا

در دل عاشق چو عشق آتش فروخت　　ہرچہ جز معشوق بود آنرا بسوخت
دیکھکر یہہ حال عورت نے کہا　　حسرتا یہہ شخص دیوانہ ہوا
کہکے یہہ گہر مین گئی وہ گل عذار　　آیا یہہ مسجد مین اپنی زار و خوار
لب پہ نالہ دل مین حسرت جان مین غم　　خاطر بے تاب و محزون پر الم
پہر تو کوچہ مین ہوئی شہرت تمام　　ہو گیا دیوانہ مسجد کا امام
خانصاحب آئے جب کرکے سفر　　سنکے یہہ قصہ ہوئے رنجیدہ تر
حکمتًا ایکروز اوس سے یون کہا　　آج دعوت ہے تری بہر خدا
اور دعوت کے بہانہ سے شتاب　　لا بٹہایا اوسکو گہر مین بے حجاب
اور کہا عورت سے اب پردہ اوٹہا　　عاشق دیوانہ کو جلوہ دکہا
پردہ اوٹہتے ہی قیامت آگئی　　مردنی عاشق کے رخ پر چہا گئی
جسم خاکی رہ گیا زار و نزار　　جان ہوئی دیدار جانان پر نثار
روح نے عورت کی بہی پرواز لی　　ہمدمی کی عاشق جانباز کی
عشق صادق بس اسیکا نام ہے　　عاشقون کا سچ یہی انجام ہے

چہوڑنا راجہ کا راج کو اور خواب و خیال سمجہنا دنیا کو

ایک راجہ تہا نہایت ذی شعور　　علم و فن مین شہرہ نزدیک و دور
عقل و دانش مین ارسطوی زمان　　شان مین اسکندر صاحب قران
مطبخی سے ایکدن اوسنے کہا　　آج جلدی سے طعام خوش پکا
بہوک کا حد سے زیادہ ہے خیال　　بہوک سے مین آج ہون بیتاب حال
مطبخی سے کہکے یہہ وہ سو گیا　　خواب مین دیکہا عجائب ماجرا
دیکہتا کیا ہے کہ مین اور میری فوج　　جاتی تہے سوی بیابان موج موج
جانب صحرا سے ایک نکلا غزال　　شوق سے راجہ ہوا بیتاب حال

چہپ گیا آہو کبہی گہہ آشکار
کر لیا راجہ نے آخر کو شکار

تشنگی سے سخت پہر حیران ہوا
آب کا ہر سمت کو جویان ہوا

ہر طرف پہرتا تہا بے تابانہ حال
شکل ماہی تہا زمین صد ملال

تشنگی سے لب پہ تہی جان حزین
مدعا ہی دل نہ ملتا تہا کہین

ناگہان ایک شہر دیکہا دور تر
چاہ ہی اوسکے قرین آیا نظر

بس ہوا اوس شہر کی جانب روان
اوس کنوی پر پہونچا با جان تپان

چاہ پر ایک دختر ناکتخدا
دیکہی پانی کہینچنے لیے ادا

تشنگی سے تہا بہت ہی جان بلب
جاتے ہی پانی گیا اوس سے طلب

اوس پریوش نے دیا پانی پلا
ہوش تب راجہ کو ایک گونہ ہوا

پہر کہا تو کون ہے ای نازنین
قوم کیا ہے تیری ای مہ جبین

قوم سے بہگن ہون عورت نے کہا
راجہ نے سنکر فغان کی برملا

سخت گہبرایا کہ یہہ کیا ہو گیا
طالع بیدار ہے ہے سو گیا

عقل پر میری پڑا کیسا حجاب
فہم و دانش ہو گئی کیسی خراب

روتا تہا قسمت پہ اپنی زار زار
سر پٹکتا تہا زمین پر بار بار

ساتہہ عورت کے گیا پہر اوسکے گہر
مضطرب وحشت زدہ شوریدہ سر

اور کہا رو کر کہ اب مین کیا کرون
ہے یہی بہتر کہ تیرے گہر رہون

رات دن خدمت کرون تیری ادا
جان و دل اپنا کرون تجہہ پر فدا

قوم نے راجہ کو شامل کر لیا
قوم کے حلقہ مین داخل کر لیا

اور اوسی دختر سے پہر شادی ہوئی
راجہ کی یون خانہ آبادی ہوئی

ہو گئی اس طرح ایک مدت بسر
پہر ہوے راجہ کے دو ہمراہ پسر

اتفاقاً پہر ہوا آزار کچہہ
ہو گیا راجہ بہت بیمار کچہہ

سیکڑوں درمان بہے لاکھوں دوا
پر نہ راجا کو ہوئی ہرگز شفا

مر گیا آخر بصد رنج و ملال
ہو گیا قصہ ہی سب وہم و خیال

کھل گئی پھر آنکھ اوسکی ایکبار
ہو گیا حسرت زدہ پر انتظار

نہ وہ عورت نہ وہ گھر نہ وہ پسر
نہ وہ خود مردہ بنا شوریدہ سر

خواب میں دیکھا جو ہر یہ ماجرا
لیکے لشکر اوس طرف راہی ہوا

آخرش پہونچا وہاں با حال زار
نعش راجا اور جہاں ہے سوگوار

دیکھکر یہ اور بھی حیرت ہوئی
اپنی حالت پر عجب وحشت ہوئی

خواب میں دیکھا جو کچھ وہ خواب تہا
خواب راجا ہے جواب بے مدعا

وہ غلط یا یہ غلط کیا راز ہے
راستی سے بات کیا دمساز ہے

میری بیداری ہے خواب کردگار
یا تری قدرت کی نیرنگی بہار

الغرض کچھ یہ ہو گیا ایسا جنون
ہو گئی سب سر میں دنیا کی خزن

عالم فانی کو پہر سمجھا خیال
با صد زحمت و رنج و ملال

چھوڑ کر سب سلطنت کا کاروبار
ہو گیا مشغول حق وہ نامدار

عاشق ہونا گدا کا ایک شہزادہ پر

کہتے ہیں یوں راویان ذی شعور
ایک گدا تہا شہر کے نزدیک و دور

ایک شہزادہ پہ دیوانہ ہوا
صورت فرہاد افسانہ ہوا

رفتہ رفتہ ہو گئی سلطان کو خبر
آتش غم سے جلا وہ سر بسر

پھر کہا دستور سے دانا وزیر
ہے ہر ایک شکل میں تو میرا مشیر

کھینچ اس شوریدہ سر کو دار پر
تا کہ مٹ جائے یہ سارا شور و شر

ہے یہی اس خیرہ سر کی بس سزا
عشق شہزادے کا دکھلا دو مزا

حسب فرمان شہ عالی تبار
کھینچکر لائے اوسے جب بردبار

رو کے دیوانے نے با عجز و نیاز — لیکے مہلت کی ادا اپنی نماز
رو کے سجدے مین دعا کی ای اللہ — عفو کر جو کچھ ہوا مجھ سے گناہ
شاہد مقصود سے کر ہمکنار — گلشن امید کر رشک بہار
عارض دلدار کا جلوہ دکھا — کر بر آ میرا اپنے بندے کی دعا
اوسکی زاری اور عاجزی کارگر — کر گئی دستور کی دل پر اثر
عرض کی بیٹے کا ای عالی گہر — عاشق صادق ہے یہ صادق نظر
جان دینے پر ہے آمادہ یہ جوان — جان دینے پر ہے آمادہ شادمان
غم نہین ہے اسکو جان زار کا — شیفتہ ہے نرگس بیمار کا
سر کی اوسکو کچھ نہین ہے آرزو — دید جانان کی ہے اسکو جستجو
جان و دل کی کچھ نہین ہے خبر — دار کے غم سے ہے بیخوف و خطر
سنکے شہ نے اپنے بیٹے سے کہا — یہ ترا عاشق ہے کر اسپر عطا
پھر تو شہزادے نے کی کچھ التفات — اور تسلی دیکے پوچھی اوسکی بات
اپنی زانو پر رکھا عاشق کا سر — اور کی حسرت مین اسکی چشم تر
دیکھا جب عاشق نے یہ حال عجیب — اور ہوا حاصل اوسے وصل حبیب
نقد جان نذر رخ جانان کیا — جان و دل سے ہو گیا صرف وفا
مدعای دل اوسے حاصل ہوا — مدعا کے ساتھ ہی واصل ہوا
عشق نے دکھلا دیا رنگ کمال — اینت قرآن کے صدقے گئی رخ وصال

عاشق ہونا شہزادی کا غلام پر

ایک شہزادی تھی بلقیس زمان — حسن کی شہرت سے پر تھے جہان
ایک غلام خوش ادا پر تھی نثار — جوش الفت سے ہر ایک دم بیقرار
جان و دل سے تھی لب نازو نہین رو — ہر گھڑی صورت فنا مست آہ سے

شور الفت سرگوہی وحشت و کشش — تازہ وقت قیامت کا خروش
وہ تو ان تک ضبط غم کرتی رہی — دل ہی دل میں آفتیں بھرتی رہی
چاک جب ہونے لگا دامان دل — جوشش وحشت نے بنایا مضمحل
دل میں سوچی جا ہی صلاح یہ ہے — کوئی دم میں فضیحت ناموس ہے
درد غم سے ہو گئے ہیں صد ملال — دل میں بس تدبیر کا باندھا خیال
دس کنیزیں تھیں جو با عقل و شعور — جنکے شہرت حسن میں تھی دور دور
فن موسیقی میں تھیں جو باکمال — سامری کاری میں تھیں بے مثال
راز دل انکو سنا کر یوں کہا — کچھ کرو کچھ درد الفت کی دوا
اب نہیں تسکین کا یارا مجھے — اس غم و اندوہ نے مارا مجھے
سحر کاری سے کرو تدبیر تم — مت کرو کچھ خدا را خیر تم
وصل کا سامان ہو اس ماہ سے — یار کچھ آگہ نہ ہووے راز سے
راحت دل کو نہو ور رنج بسر — شب تمام خوشی میں ہو میری بسر
ورنہ جینے کی نہیں مجھے امید — تا کہ وا اندوہ غم کی ہوں شہید
ان کنیزوں نے کہا کیا بات ہے — بندوبست اسکا ہمارے ہات ہے
اپنے فن میں سب کی سب ہشیار تھیں — چابک چست اور سب عیار تھیں
اور سادہ دل تھا وہ گلرو غلام — آسمان حسن کا ماہ تمام
جام می اوسکو پلایا ایک نے — دوش پر اپنے اوٹھایا ایک نے
لاکے شہزادی کے بستر پر رکھ — اور کہا حاضر ہے تیرا مہ لقا
جان شہزادی کے جان میں آگئی — رنج و حسرت سے امان میں آگئی
فکر مفتی کا نہ کچھ قاضی کا ڈر — یار پہلو میں تھا بے خوف و خطر
سامنے وہ جلوہ دیدار تھا — شوق کا جو گرم بازار تھا

اور کاکل کی وہ بوی عنبرین
نصف شب کو نشۂ مے کم ہوا
سخت حیران تہا یہہ کیا ہے ماجرا
کون ہے یہہ دلبر زیبا نگار
مین کہان اور یہہ نگارستان کہان
یاالٰہی مین کہان ہون جاگزین
بہید یہہ مجہپہ نہین کہلتا ذرا
الغرض وہ بزم اور زیبا مکان
دیکہکر حیرت سی اوسپر چہا گئی
آئینہ وش ہوگیا حیران غلام
سب کنیزین خوش ادا و خوش جمال
نغمہ سازی مین بدل مصروف ہین
صبح تک یہہ جلسۂ عشرت رہا
صبح تک مہ پارہ ہم آغوش تہی
ساز اور سامان عشرت رو بکار
سوگیا جب صبح کو نادان غلام
اوسکو لے آئین کنیزین جہٹ اوٹہا
ہوش آیا تو نہ دیکہا وہ سمان
نہ وہ نغمہ نہ وہ ساز اور نہ وہ رنگ
نہ وہ پہلو مین بت طناز تہی
غرق دریاے تحیر تہا غلام

تہی علاج وحشت جان حزین
تب غلام اس راز سے محرم ہوا
ہون کہان اور کس لیئے ہون یا خدا
کس لیئے ہی مجہپہ سو جانسے نثار
ہون کہان مین اور کہان میرا مکان
یہہ زمین ہے یا کہ ہے عرش برین
خواب مین ہون یا کہ ہون مین جاگتا
اور تجلی رخ حسن بتان
جان بلاے غم مین اوسکی آگئی
صورت تصویر نذر وہم تمام
بے نظیر و بے عدیل و بے مثال
سحر کاری مین بجان مشغوف ہین
دید جانان اور نغمہ جان فزا
ساغر عشرت کی نوشا نوش تہی
عالم نیرنگ کی پیدا بہار
ہوگیا وہ جلسۂ عشرت تمام
لے گئین ہین جس جگہہ سے وہان کہا
نہ وہ جلسہ نہ وہ عشرت نہ مکان
نہ وہ مطرب اور نہ وہ آواز چنگ
نے وہ چشم شوق اپنی باز تہی
کام وحشت نے کیا اوسکا تمام

پوچہتا جو کوئی اوس سے ماجرا / درد سے کہتا کہوں کیا ای فتا

خواب مین دیکہی تہی مین نے وہ بہار / جسپہ سو جانسے میری جان ہے نثار

پر نہین معلوم یہہ کیا راز تہا / خواب کیسا کون وہ دمساز تہا

عالم حیرت مین ہون غرق بلا / وحشت و اندوہ مین ہون مبتلا

ہے یہی عارف کا حال ای باکمال / دیکہتا ہے جب وہ شان ذوالجلال

جلوۂ ریزی جمال کبریا / اوسکو کرتی ہے اسیر صد بلا

دم مین اوڑ جاتے ہین سب ہوش و حواس / ہو بنای فہم اوسکی بے اساس

لجۂ عرفان ہے ناپیدا کنار / اسکی نیرنگی طلسم صد بہار

اسکے ڈوبے کو نہین ہوتی نجات / تر سکے کیا غرقۂ دریای ذات

نقل نافرمانی ابلیس

ایک دن کا ذکر ہے ای دوستان / حضرت قبلہ ہوے یون درفشان

ہے ادب مقبول ذات ذوالجلال / ہے ادب کی شان بیشک بے مثال

باادب منظور حق ہے اے عزیز / بے ادب مردود ہوا اور بے تمیز

ہے ادب بے شبہ نور باطنی / سچ ہے قول مولوی معنوی

از ادب پرنور گشتست این فلک / وز ادب معصوم و پاک آمد ملک

اس سے ہی آدم ہے مقبول خدا / محو ذات بے مثال کبریا

ورنہ نافرمانی حق مین عزیز / کچہہ نہین شیطان و آدم مین تمیز

حضرت آدم نے بے حکم خدا / دانۂ گندم کو کہایا برملا

اور شیطان نے خلاف کردگار / سجدۂ آدم نمانا زینہار

گو خلاف حکم دونون نے کیا / پہر یہہ ہے شان جناب کبریا

طوق لعنت ایک کی زیب گلو / دوسرا منظور حق با آبرو

کیونکہ ابلیس لعین نے بے ادب — عرض کی ای میرے مالک میرے رب
کچھ نہین میری خطا ای کردگار — بے خطا ہون مین میرے پروردگار
جو ترا ارشاد تہا لایا بجا — جو کرایا تہا ترا مین نے کیا
جو تجہے مد نظر تہا ذوالجلال — ہو مخالف اوسکے میری کیا مجال
تونے جو چاہا وہی مجہسے ہوا — جو کرایا آپ نے مین نے کیا
ذات کا میری ہے تجکو اختیار — ہین ترے قبضہ مین سب لیل و نہار
اور کہا آدم نے با عجز و ادب — لفس نے میرے کیا ہیہ ظلم سب
مین ہون عاصی توہی ستار العیوب — مین اسیر غم تو غفار الذنوب
ہین گنہ میرے نہایت بے شمار — اور عصیان مین ہزاران در ہزار
مین گنہ گار اور تو غفار ہے — ذات تیری راحم و ستار ہے
کی خطا مین نے بلا شک بخدا — دانۂ گندم جو کہایا برملا
رحم کر یا رب ہوا جو کچھ ہوا — بار دیگر پھر نہوگی ہیہ خطا
جانب حق سے ہوا پہر ہیہ سوال — کسلئے ہے اسقدر ہیہ قیل و قال
جھوٹ ہے کسلئے تونے کہا — اپنے کو اس فعل کا فاعل بنا
تب کہا آدم نے اے پروردگار — فاعل مطلق ہے اور تو کردگار
ہین ترے قبضہ مین سب کون و مکان — ہے ترے قبضہ مین جان انس و جان
فاعل مطلق ہے بیشک تیری ذات — وہم کی اسمین نہین ہے ذرہ بات
پہ تجہے کیونکر کرون معیوب مین — اور گنہ تجہسے کرون منسوب مین
شرم آتی ہے مجہے ای ذوالجلال — مین ہون پابند ادب ای بے زوال
پس ہیہ شان خاکساری ادب — ہوگئے مقبول و منظور رب
اور وہ گستاخی ہوئی مردود عام — طوق لعنت کا ملا اوسکو مدام

عاشق ہونا طفل گاذر کا شہزادی پر

نقل ہے سلطان جی والا تبار
ایکدن تہے محو شوق کردگار

بزم قوالی تہی گرم طرز ذوق
اہل مجلس سب تہے محو کیف شوق

وجد کی حالت مین ہوکر بے قرار
یون لگے کہنے کہ ای پروردگار

حیف ہے ایسے رہے افسردہ حال
طفل گاذر کے نہ ہم ٹہیری مثال

اتنا ہی پایا نہ ہمنے رنگ نام
لذت الفت رہی لیس ناتمام

یہہ کہا اور چپ ہوی با جان زار
وجد کی حالت بہی تہی آشفتہ کار

خادمون نے جب سنی یہہ گفتگو
آیا دل مین سبکی شوق جستجو

حضرت خسرو کو تہا ازبس خیال
بہید کیا اسبات مین ہے ذوالجلال

ایکدن فرصت مین پوچہا شاہ دین
فکر مین یک بات کی ہے دل حزین

طفل گاذر کا وہ کیا ہے ماجرا
جسکی نسبت آپ نے اوسدن کہا

راتدن اوسبات کا ہے بس خیال
جان و دل مین وہم کی ہے قیل و قال

تب کیا سلطان جی نے یون بیان
ای مرے آرام دل آرام جان

ایک تہا گاذر کا لڑکا خوش جمال
بے نظیر و بے عدیل و بے مثال

خوش ادا و خوش خصال و خوش کلام
حسن اور خوبی مین تہا ماہ تمام

دخت شہ پر ہوا شیدای زار
شوق مین اوسکے ہوا وہ بیقرار

رات کو آرام تہا نے دن کو چین
ہر گہڑی رنج و الم سے شور و شین

دیدۂ نادیدہ فرش خاک راہ
جان مین کاوش دلمین نالہ لب آہ

راتدن تہا زلف پیچان کا خیال
زندگانی ہوگئی جی کی وبال

شوق مین اوسکے تہا آشفتہ مدام
پارچہ شوئی سے دلبر کے تہا کام

یاد دلبر مین صدا دل شاد تہا
نام کا اوسکے وظیفہ یاد تہا

اوسکے گہروالے ہوے رہن بلا
سخت گہبرا ئی کہ بس کیا کیجیے
ہوگئی شہ کو اگر ذرہ خبر
رفتہ رفتہ یہہ ہوا دلمین خیال
مان نے اوس سے اکیدن جاکر کہا
حسن پر جسکی تہا تو جان سے نثار
زلف کا جسکی تجہے آزار تہا
ہر گہڑی تہا جسکی فرقت کا ملال
اس جہان سے آج وہ راہی ہوئی
ہے یہی بہتر کہ تو بہی صبر کر
سنتے ہی یہہ ماجرا ے جان گزا
اوسکی مان نے جب یہہ دیکہا ماجرا
دل ہی دلمین سخت تر حیران ہوئی
لیک اب اندوہ سے ہوتا تہا کیا
ایک دن وہ بستۂ رنج و ملال
کپڑے لیکر باہزاران رنج و یاس
دیکہکر شہزادی عالی تبار
نہ صفائی اور نہ شفافی کا رنگ
پوچہا دہوبن سے کہان یہہ سچ بتا
کیون نہین پہلی سی ان مین آب و تاب
روکے دہوبن نے کہا ای نوجوان
در د رنج و فکر و غم مین مبتلا
کس طرح تسکین اسکو دیجیے
جان سے جائیگا یہہ بیشک گذر
اسکو دیجے کوئی دہوکا اور چال
ای میرے فرزند تو کرتا ہے کیا
دل تہا جسکی تیغ ابرو سے فگار
جسکی چشم شوخ کا بیمار تہا
راتدن تہا زلف کا جسکی خیال
داغ حسرت جان و دل پر دیگئی
جان و دل پر ای پیارے جبر کر
عاشق دیوانہ دم مین مر گیا
رنج و غم سے ہوش سب جاتا رہا
اور غم فرزند مین نالان ہوئی
جو کہ تہا تقدیر مین وہ ہوگیا
یعنے اوسکی مادر آشفتہ حال
اوس پریوش کے گئی جسوقت پاس
ہوگئی حسرت زدہ آئینہ وار
اور ہی کچہہ اوسکے کپڑونکا تہا ڈہنگ
کیون نہین پہلا سا وہ رنگ صفا
کسلئے کپڑے مین اب کی یہہ خراب
کیا سناؤن درد دلکی داستان

جسکے ہاتہون سے تہی کپڑونکی جلا * مر گیا اور خاک مین دم مین ملا +

ہے غم فرزند سے ٹکڑے جگر
جان او ر دل کی نہین ذرہ خبر

رنج وہ جس رنج کا مٹنا محال
غم وہ غم ہے جو قیامت کا وبال

کون مونس کون ہمدم کون یار
رنج و غم مین کون ہووے غمگسار

بولی شہزادی کہ ای ہمراز دل
ساتھ لیچل مجکو ای دمساز دل

اوسکی تربت پر مجھے لیچل شتاب
صبر کی دل مین نہین میرے ہی تاب

الغرض پہونچی وہان با جان زار
جس جگہہ تہا اوسکے عاشق کا مزار

ہوگئی شق قبر عاشق ایکبار
مثل چشم شوق و ذوق و انتظار

دم مین شہزادی گئی اوس مین سما
وصل عاشق سے ہوا معشوق کا

بادشاہ نے جب سنی یہہ داستان
آیا تربت پر بصد شور و فغان

قبر کہولی دیکہا طرفہ ماجرا
ایک قالب اور سر دونون جدا

عشق ایسا ہو اگر تمکو نصیب
تو ملے بے شبہ دیدار حبیب

وصل حاصل ہو خدای پاک سے
دین اور دنیا کا سب قصہ مٹے

دریافت کرنا موسیٰ علیہ السلام کا جناب باری سے کہ کونسی بات زیادہ پسند ہے

ایکدن موسیٰ نے با سوز و گداز
عرض کی اے کردگار بے نیاز

کونسی طاعت میری مقبول ہے
کونسا سجدہ میرا مقبول ہے

کونسی منظور ہے میری نماز
کونسا مقبول ہے ناز و نیاز

تب ہوا یہہ حکم رب ذوالجلال
حضرت موسیٰ کو با لطف و کمال

جبکہ طفلی مین تہے تم ای نیک کار
مان تمہاری مارتی تہی بار بار

اور ہو ہو کر خفا اور تند خو
ہوتی تہی ناراض تمسے موبمو

دوڑ کر جاتے تہے تم پر اوسکے پاس
کچہہ نہ کرتے تہے غم و خوف و ہراس

مارتی تہین پر وہین جاتے تہے تم
باز جانے سے نہین آتے تہے تم

لاکھہ ہولی تھی خفا تم پر مدام — لیک طاعت سے تھا اسکی تمکو کام

یہہ ہمین مقبول ہے موسی مدام — ہم اسی سے ہین ہمیشہ شادکام

ہے یہی طالب کو لازم ای عزیز — چاہیے فہم رسا ہوش و تمیز

کیسی ہی آفت مین ہووے مبتلا — لیک ہو ورد زبان نام خدا

خلق مین گو رات دن بدنام ہو — نام حق سے لیک اوسکو کام ہو

یاد مین حق کی سدا مصروف ہو — جان و دل سے یاد مین مشغوف ہو

رنج و غم مین گو کہ ہو جیسے بہ تنگ — یاد حق کا لیک مٹ جای نہ رنگ

گو کہ دشمن ہووے سارا روزگار — پر نہ بہولے دل سے نام کردگار

تباہ ہونا جہاز کا اور مشرف ہونا ایک شخص کا زیارت امامین سے

ہے اودہ مین ایک کاکوری مقام — خوش سواد و خوش ادا مشہور نام

تھے وہان پر ایک بزرگ نیک کار — رات دن رہتے تھے روتے زار زار

چشم دریا بار تھی طوفان فروش — برق وش دل مین پریشانی کا جوش

ابر وش ہر دم مژہ سیلاب بار — خاطر بیتاب ہر دم بے قرار

ہرگھڑی الم زدہ اندوہ گین — حسرت آلودہ غضب جان حزین

ہرگھڑی رقت تھی طاری اور ملال — ہرگھڑی وحشت تھی اور آشفتہ حال

وہان پہ حضرت کا ہوا ایکدن گذر — دیکھا اوس درویش کو شوریدہ سر

سنت اسلام کو کرکے ادا — آپنے پوچھا کہ ای مرد خدا

آئے ہم خوش آپکے دیدار کو — پھر ہوا غم دیکھکر آثار کو

یہہ تو بتلا و خدا کے واسطے — غم ہے یہہ کس مدعا کے واسطے

عشق مین کسکے ہے یہہ حال زبون — کسکی دوری سے ہے یہہ جوش جنون

کسکے غم سے یون کیا مغموم و زار — کسکے ملنے کے لئے ہو بیقرار

بولے وہ مرد جہاندیدہ بدرد — کھینچکر سینے سے اپنے آہ سرد
کیا کہون ای سید والا تبار — کس لیئے بیتاب ہون سیماب وار
مجھسا عالم مین نہین کوئی حزین — رات دن ہون غمزدہ اندوہگین
میرا افسانہ ہے ایک نادر بیان — جس سے ہو حیرت زدہ سارا جہان
جوش پر تہی جب میری عمر شباب — شوق کعبہ کا تہا دلمین پیچ و تاب
حج کعبہ کا ہوا دل کو خیال — ہر گھڑی بڑہتا رہا جوش ملال
مال اور اسباب جو کچہہ پاس تہا — مین نے سب ادِ سفر اوسکو کیا
کر کے طے آخر بہت راہِ دراز — چڑہ گیا ایک روز بالاے جہاز
رات دن دریا کی دیکہی جوش موج — اور وہ طوفان کی کثرت فوج فوج
جس طرف جاتی نظر پانی کا جوش — ہر طرف سے موج تہی طوفان فروش
ایک دن باد مخالف چل پڑی — آسمان سے ابر نے کردی جہڑی
جوش پر دریا کی سیلانی ہوئی — کشتی آرام طوفانی ہوئی
ہوگئی طوفان مین پہر کشتی تباہ — ہر بشر کرنے لگا فریاد و آہ
قدرتِ خالق سے ای مرد خدا — اسقدر تہا جوش طوفانِ بلا
ہوگیا غرق ایک دم مین سب جہاز — چہپ گیا پانی مین جیسے دلمین راز
ایک تختہ پر مگر مین رہ گیا — دل مین وحشت لب پہ تہا شور بکا
نے کوئی غمخوار دل تہا نے رفیق — مہربان کوئی نہ کوئی تہا شفیق
ذات حق تہی یا کہ مین مرد غریب — غمزدہ اندوہگین اور بے نصیب
صفحۂ پانی پہ تہا تختہ روان — جانور کا بہی نہ ملتا تہا نشان
تین دن تک با غم و حال تباہ — طے کیا تختہ نے اوس پانی کا راہ
آخرش تختہ لگا ایک کوہ پر — چڑہ گیا مین کر کے ہمت زود تر

کوہ کے ہر سمت کی مین نے نظر — آدمی کا وہان نہ پایا کچہہ اثر
سخت گہبرایا ہوئی وحشت فزون — یاس سے دل ہو گیا سینہ مین خون
تشنگی اور بہوک کا اتنا تہا جوش — ایک قیامت کا تہا ارمان مین خروش
نے کوئی مونس نہ ہمدم اور نہ یار — کون تہا اپنا بجز پروردگار
رو کے گہبرا کر پکارا ای خدا — بند ہی کیا ہو گیا باب دعا
رحم کر اب میری حالت پر کریم — نام ہے رحمان تیرا اور رحیم
جو خطا مجہسے ہوئی کردی معاف — دل سے میرے نقش حسرت کر دے صاف
راہ سیدہی پہر مجہے یارب دکہا — تا برآئے جلد دل کا مدعا
بیکسون کا کون ہے جز تیرے یار — کون ہے غمخوار دل ای کردگار
تونے دریا سے اگر دی ہے نجات — تو کرم اب مجہپہ کیا مشکل ہے بات
الغرض لائی دعا اپنا اثر — ایک مکان خوش ادا آیا نظر
دل مین کچہہ تسکین کا سامان ہوا — جا کے دروازہ پہ دی مین نے صدا
جب نپایا اوس مکان سے کچہہ جواب — رنج و غم سے دل نے کہایا پیچ و تاب
بعد تہوڑی دیر کے آیا خیال — اس مکان مین چلکے دیکہون کیا ہے حال
دیکہا ایک گلزار گلزار ارم — بلکہ تہا فردوس سے بیش و کم
قدرت حق کا نمونہ تہا تمام — صنعتون کا جا بجا رنگین تہا کام
جا بجا تہی طائر نغمہ سرا — لحن داودی کا آتا تہا مزا
نغمۂ تسبیح حمد تہا ہر جانور — سجدۂ حق مین تہی ہر شاخ و شجر
عمدہ عمدہ اوسمین تہے صد ہا مکان — جسکے دیکہے سے ہو حیرت بیگمان
دیکہہ کر یہہ لطف اور رنگ بہار — بہولا سب تکلیف و غم بے اختیار
مٹ گیا دل سے مرے رنج سفر — بہولا دریا کی وہ موجون کا خطر

تشنگی اور بھوک سے تھا بیقرار
توڑ کر میوون کو کہایا ایک بار

سیر جب میوون کے کہانے سے ہوا
ہر روش پر گلستان کی مین پھرا

ہر مکان مین غور سے دیکھا تمام
بوئی انسان کا کہین پایا نہ نام

سوچتا تھا دل مین کیا یہہ ساز ہے
بھید کیا ہے اسمین اور کیا راز ہے

پھرتے پھرتے دن ہوا آخر تمام
ایک گوشہ مین کیا مین نے قیام

دل تھا حیرت سے میرا آئینہ سان
کیون نہین انسان کا یہان نام و نشان

تھا اسی حسرت سے مین شوریدہ سر
آسمان کی سمت کی ناگہہ نظر

دیکھتا کیا ہون کہ بس صدہا سوار
سوے خاک آتے ہین با صد افتخار

دل مین ہیبت کی ہوئی جلوہ گری
سمجھا ہے قوم اجنہ یا پری

ایک گوشہ مین غرض جا کر چھپا
تا کہ اون کا راز سربستہ ہووا

سبکی صورت نور سے معمور تھی
سبکے رخ پر ایک دای طور تھی

دو جوان تھے اونمین جون رخشندہ ماہ
صورت خورشید والا پای گاہ

جلوۂ انوار چہرہ سے عیان
مظہر آثار دونون بی گمان

رعب و شوکت اونکے رخ سے آشکار
شان رحمت و پہ سو جان سے نثار

دونون بیٹھے تخت زرین کار پر
با شکوہ و شان و جاہ و عز و فر

اور باقی جتنے تھے مرد جوان
سب ہے استادہ با صد عز و شان

دیکھہ کر یہہ ماجرای جان فزا
اور ہے حیرت کا عالم ہو گیا

سخت حیرت تھی کہ یہہ رمز نہان
کس سے پوچھون کس طرح ہووے عیان

کوئی شکل ایسی نپائی رہنمار
راز سربستہ جس سے ہووے آشکار

جتنے تھے وہ وصلان ذات حق
سب کے آگے نعمتون کے تھے طبق

اون جوانون مین جو دو سردار تھے
صاحب صد شوکت و آثار تھے

ایک بولا ان مین سے ای دوستان | اس مکان مین ہے فلان ابن فلان
ساکن کاکوری ہے یہ نیک کار | ہے ہمارے خوف سے شرمندہ وار
جانتا ہرگز نہین تسکو جوان | چھپ رہا ہے اسلئے وہ ناتوان
دو طعام اوسکو کہ ہووے خوب سیر | اوسکے دینے مین نہووے ذرہ دیر
سنتے ہی حکم شہنشاہ زمن | ایک جوان آیا نہایت پیلتن
واسطے سیری بہت لایا طعام | دیدے سے جسکے ہوا عذب المرام
لیکے مین نے اوس سے وہ عمدہ غذا | با ہزاران عجز و زاری یون کہا
کون ہین یہ صاحب جود و کرم | کون ہین یہ صاحب فیض اتم
ان کے رخ سے ہے عیان جلوات طور | نور پاش فیض ہین آثار نور
کون عالی جاہ ہین یہ ذوالکرم | کون ہین ذی قدر یہ والاہمم
کون سے ہین برج کے شمس و قمر | کس صدف کے ہین یہ رخشندہ گہر
کس نیستان کے ہین یہ شیر ژیان | ہین بشر یہ یا ملک ہین نے گمان
کون دریا کے در نایاب ہین | کس چمن کے سبزہ سیراب ہین
سچ بتا ہین کون یہ دو نونہال | ہے عیان جنسے کہ شان ذوالجلال
تم سے انکے ہے مجھے آگاہ کر | تاکہ ہو تسکین کا دل مین اثر
اور اپنا کر کرم اے خوش خصال | ساتھ لیچل مجکو مین ہون خستہ حال
شوق ہے دل مین میرے دیدار کا | ان مین پاتا ہون تماشا یار کا
جستجو مین جسکی مین ہر جا ان پھرا | اوسکے جلوؤن کا کچھ یہ انہین پتا
اوس جوان نے سنکے یہ میرا کلام | ہنس کے فرمایا کہ مرد نیک نام
ہے ترقی پر تیری تقدیر آج | اختر طالع ہے پر تنویر آج
ہین یہ دونون سرو بستان علی | نور چشم و راحت جان علی

مصطفی کے ہین یہی جان و جگر — فاطمہ کے ہین یہی نور بصر

پیشوای راہ دین مین یہہ جوان — ان کے ثانی ہے جہان مین کب کہان

ہین یہہ مقبول جناب ذو المنن — وہ حسین ابن علی اور یہہ حسن

اور ہم سب ہین شہیدان خدا — راہ مولا مین قتیلان وفا

رات دن خدمت سوا انکی کام ہے — اب یہہ ہر دم بس انہین کا نام ہے

ان کی خدمت سے ہمین اعزاز ہے — کون واقف اس سے یہہ راز ہے

ساتھ لیچلنا ادب سے دور ہے — ہمت دل اس سے بس معذور ہے

عرض کرتا ہون مگر تیرا پیام — پیش ہر دو شہ عالی مقام

سب کہونگا بے تکلف ہر طرف — گر قبول افتد زہے عز و شرف

تو بلا شک ساتھ پھر لیجاؤن گا — جلوہ دیدار بھی دکھلاؤن گا

وہ گیا لیکر یہہ نکتہ دل نواز — یہان بڑہا دل مین میرے اک نیاز

آیا تھوڑی دیر مین پھر وہ جوان — اور کہا چل مدعا ہوتا عیان

کوکب اقبال ہے تیرا بلند — چل بلایا ہے تجھے ای ارجمند

جب سنا مین نے یہہ حکم دل پذیر — جان محزون سے ہوئی پیدا نفیر

شاد و خرم اوس جوان کے ہمرکاب — آستان شاہ پر پہونچا شتاب

تھے جہان وہ مہر و مہ جلوہ فگن — پہونچا وہان باحال زار خستہ تن

سنت اسلام کو کر کے ادا — پھر رہا استادہ خدمت مین کھڑا

اون جوانون نے بصد الطاف عام — مجھسے فرمائے تسلی کے کلام

بیٹھنے کو لطف سے ایما کیا — اور کہا مسکرا کے ای مرد خدا

ہو بیا احوال کر اپنا بیان — کسلئے ہے رنج و غم سے نیم جان

کیا الم ہے کس کا غم ہے سچ بتا — جلد کر اپنا بیان سب ماجرا

کس مصیبت مین ہوا تو مبتلا — کس طرح آیا یہان پر سچ بتا
تب کہا مین نے کہ ای شاہ جہان — راز دل میرا ہے سب تم پر عیان
آپ پر ظاہر ہے میرا حال دل — درد و غم سے جان و دل ہی منفعل
میرا اکاکوری وطن اصلی شہا — شوق کعبہ کا مجھے از حد ہوا
حج کا آیا تہا میرے دلمین جو خیال — جمع کر کے اپنا سب مال و منال
چلدیا کعبہ کو با صد شوق شوق — حج کعبہ کا نہایت دل کو ذوق
ایک دن ای بادشاہ دو جہان — آیا طوفان قیامت ناگہان
ہو گئی غرقاب غم کشتی تمام — ایک تختہ پر کیا مین نے مقام
اوج پر تہا کوکب طالع میرا — بہتے بہتے اس جگہ پر آ لگا
خوب ہے قسمت سے دیکھا یہ مکان — سمجھا کعبہ کا ملیگا یہان نشان
لیک یہان انسان کا پایا نہ نام — سخت تر حیرت سے ای عالی مقام
تہا اسی وحشت مین ای عالی ہمم — آپکے اتنے مین یہان آئے قدم
کوکب اقبال ہے اب اوج پر — قلزم تقدیر و قسمت موج پر
اب تمنا ہے شہ عالی مقام — آپ کے دیدار سے ہون شادکام
آپکے قدمون سے اب دوری نہو — تا قیامت مجکو مجبوری نہو
ہون شرف اندوز خدمت بمدام — اور رہون اس ہی مکانین شادکام
اون جوانون نے کہا ای خوش خصال — اس جگہ پر تم رہو اب شادحال
جبکہ ہووے حج کعبہ کی جوان — ہمسے کہنا شاد و خرم بے گمان
اوسجگہ پر تمکو پہنچا دین شتاب — کچھ کرو دل مین نہ اپنے اضطراب
الغرض جب حج کا دن آ گیا — مین نے با صد عجز عرض اونسے کیا
جبکہ ہون حج کی شرائط سب تمام — پہر یہان آجاون ای والا مقام

ہنسکے فرمایا کہ اچہا زود تر
مین نے کی جب منداپنی چشم زار
حج کعبہ پہر کیا مین نے ادا
جب ہوا فارغ تو آیا یہہ خیال
دیکہتا کیا ہون کہ ہوا ایک خوش سیر
مین نے آنکہین بند کین با اضطراب
پہر وہی حاصل حضوری تہی مجہے
تہا مشرف راتدن دیدار سے
نے کوئی دل مین میرے فکر و خیال
رات دن قربت سی اونکی شاد تہا
ایک مدت اسطرح پوری ہوئی
اون کی قدمون کو نچہوڑا ایکدم
آسمان کو کب یہہ آتا تہا پسند
دل حسد سے آسمان کا خون ہوا
یعنے آیا ایک دن ناگہہ خیال
کیا ہوا کیا حال ہے احباب کا
دوری احباب کا آیا ملال
جان مردہ کو ہوا اندوہ و غم
دل مین حسرت تہی کہ اب دیکہون وطن
مادر و خویش و یگانہ سے ملون
دوستون سے پہر ملون مین شاد حال
آنکہہ اپنی اے جوان تو بند کر
خانۂ کعبہ پہ بس پایا قرار
با ہزاران عیش و عشرت جان فزا
ہے وہان جانا میرا از بس محال
مجہسے کہتا ہے کہ آنکہین بند کر
دم کے دم مین پہر وہین پہونچا شتاب
ایک لمحہ کو نہ دوری تہی مجہے
دور تہا دنیا کے سب آزار سے
نے کوئی رنج و غم و حسرت ملال
فکر دنیا سے زبس آزاد تہا
اون جوانون سے نہ مہجوری ملی
دور تہا دل سے غبار رنج و غم
اسطرح خدمت سی ہو نہین بہرہ مند
رنگ نیرنگی سے ایک لایا نیا
کچہہ وطن کا اب نہین معلوم حال
خویش و مادر کا نہین بالکل پتا
رنج و غم سے ہو گیا تنگ حال دل
دوری احباب سی دلپر ستم
دور ہوتا دل کا یہہ رنج و محن
حال دل اپنا کہون اونکا سنون
رنج و غم کا دل سی مٹ جائے خیال

رہتا تھا اس رنج و غم مین دل حزین　　مضمحل آشفتہ و اندوہ گین
ایک دن کی عرض با عجز و ادب　　دوری احباب ہے دل پر غضب
خویش اور مادر کا ہے ہر لحظہ غم　　ہے فراق دوستان دل پر ستم
آپ کسی طرح وہان پہونچایئے　　اب وطن کی شکل پھر دکہلایئے
تاکہ کدورت غم کی دل سے ہو عدم　　دل سے مٹ جای نشان رنج و غم
لیک جلدی مین گیا کہنا یہ بہول　　آپ کی خدمت مجھے پھر ہو حصول
بولے وہ عالی ہمم والا کرم　　کرتے ہو کس واسطے یہ رنج و غم
ہے ہمین کہنا ترا سب کچھ قبول　　مدعای دل ترا ہوگا حصول
بند کی آنکھین بہ معمول قدیم　　دم مین آیا یہان پھر مانند نسیم
الغرض آیا سوی خانہ شتاب　　اور عزیزون سی ملا با آب و تاب
دیکھکر مجکو ہوی سب شاد شاد　　بولے تہی عرصہ سی تیری ہمکو یاد
جتنے تہے احباب سب شادان ہوے　　دیکھکر مجکو بہت خندان ہوے
سب سے ملکر جب ہوا مین شاد حال　　خدمت حسنین کا آیا خیال
چشم حسرت مین لیے کی ہر چند بند　　درد دلکو کچھ ہوئی نہ سود مند
اوس طرف سی کچھ نہ پھر پایا خیال　　دل ہوا اندوہ غم سی پایمال
چشم سے جاری ہوا دریای خون　　جان مین اک پیدا ہوا جوش جنون
دل ہوا سینہ مین ہم رنگ حنا　　عیش و عشرت ہو گئی بالکل فنا
دل مین حسرت جا گزین اک جوش و خروش　　صبر و تسکین کا گیا یک لخت ہوش
سخت حیرت ہی کہون کس سے یہ حال　　ہو گیا جینا مجھے بالکل محال
فرقت حسنین کا ہے یہ ملال　　رنج و غم سی دل ہوا ہی پایمال
ایک مدت سی یہی احوال ہے　　زیست اب مجھپر غضب جنجال ہے

ہون اسی اندوہ وغم مین دل حزین — رات دن رہتا ہون بس اندوہ گین
نے کوئی مونس ہے نے غمخوار دل — حیف ہے کس سے کہون آزار دل
کس سے درمان دل صد چاک ہو — موت آجاے کہ قصہ پاک ہو
یا کہ ہو حاصل حضوری پہر وہی — دل سے مٹ جای یہہ دوری ہجر کی
حضرت قبلہ نے سب سنکر یہہ حال — ہنس کے فرمایا کہ مرد باکمال
ہمنے سمجھا تہا کہ یہہ شورہ بگا — رات دن ہے از پئے عشق خدا
رات دن یہہ نالہای زار زار — ہر گھڑی ہین بہر ذات کردگار
چشم دریا بار سے سمجھے تہے ہم — عشق مولائی مین ہر لحظہ ہے غم
ہم یہہ سمجھے تہے کہ تیر عشق یار — ہے ازل سے آپ کے سینہ کے پار
بحر وحدت مین تمہین سمجھے تہے غرق — سالک توحید از پا تا بفرق
لیک ہے ہر طرح حسرت کا مقام — غرق دریای دوئی ہو ننگ نام
ہے ابہی تک سوزش عشق صفات — تم نہین سمجھے ہو رمز عشق ذات
ہو فنا فی الشیخ مین مردانہ وار — اور فنا فی الذات سے ہو برقرار
عشق ہے حسینش کا گو پرطرب — عاشق مولا سے ہے لیکن عجب
جسکے دل مین عشق ذات پاک ہے — بے الم بے خوف اور بے باک ہے
جسکے دل مین جلوہ ہے اوس نور کا — کب وہ شیدائی بنے ہے طور کا
جسنے دیکھا یار کا اپنے جمال — کب پسند اوسکو کسی کا ہو کمال
جو خدا کی ذات کے مشتاق مین — ہر طرحکی طاقتون سے طاق ہین
عاشق حق غیر حق سے پاک ہے — نور ہے وہ گو سراسر خاک ہے
جسکے دل مین لاے عشق حق اثر — دین و دنیا سے بنے وہ بے خبر
اوسکو کیا رونا کسیکے واسطے — کیا حزین ہونا کسیکے واسطے

اوسکی رگ رگ مین ہے جلوہ یار کا
اور اثر ہے فیض کے آثار کا

اوسکو کب بہاوی اُکسی گل کا جمال
جسکے دل مین ہووے عشق ذوالجلال

انبیا اور اولیا صالح سعید
متقی زاہد نکوکار اور شہید

اوسکی سب قدرتکے ہین آثار نیک
اوسکی سب ندرت کرین اظہار نیک

سب ہین مخلوق اور ہین ساری فنا
کوئی بہی باقی نہین غیر از خدا

عشق ہووی تو خدا کا عشق ہو
صاف طینت کو صفا کا عشق ہو

ختم صاحب ہولیا قصہ تمام
عاقبت باخیر ہووی والسلام

نقل ہی کہ ایک عورتنے دس روپیہ قرض حسنہ دی جسکے باعث سی مرتبہ بلند پایا

مولوی عبدالعزیز باکمال
شہر دہلی مین تہے مرد قال حال

مشتہر ہین اونکے اوصاف جلیل
شہرہ خلق اونکے ہین ذکر جمیل

حضرت قبلہ کے وہ اوستاد تہی
ہر طرح سے قابل صد داد تہی

ایک شخص آیا وہان باعز و شان
اور کیا یہ آنکر اوسنے بیان

میرا افسانہ ہے ایک نادر بیان
اور میری دل مین ہے درد نہان

درد کا میری نہین پیدا علاج
منتشر رہتا ہے ہر لحظہ مزاج

کیا کرون حیران ہون وز ہین ملال
کچہہ نہین کہلتا ہی اوسکا مجہپہ حال

مجہپہ گذرا ہے عجایب ماجرا
طرفہ تر حیرت ادا حیرت فزا

شاہ صاحب نے کہا ای خوشخصال
مو بمو اظہار کر تو اپنا حال

کر بیان احوال دل ای مرد حق
کس لئے ہے رنگ رو چہرہ کا فق

تب کہا اوسنے کہ ای عالی مقام
لکہنؤ میرا تہا بس جای قیام

مین تہا پہلے مرد مفلس اور غریب
لذت دنیا کی دونون سے بے نصیب

کثرت اولاد سے آشفتہ حال
مفلسی کا سخت تہا رنج و ملال

ایک دن پیدا ہوا دل میں خیال — کب تلک غم خوردہ ہوں میں ملال
کب تلک آشفتہ و محزون و زار — کب تلک حسرت سے ہو دل بیقرار
ہے یہی بہتر کہ اب چلئے کہیں — اور تلاش نوکری کیجیے کہیں
سوچکر با اضطراب و التہاب — چلدیا سوئے اودیپور میں شتاب
ایک گھوڑا بھی خریدا راہوار — باندھکر اسباب اور ہوکر سوار
چلدیا کرکے توکل ذات پر — غمزدہ آوارہ دل شوریدہ سر
راہ میں آئی ریواڑی کی سرا — وہاں پہ تکیہ تھا نہایت دلکشا
رہتی تھی دو تین بھٹیاریاں وہاں — مفلس و محتاج دو ایک کسبیاں
جاکے ٹھہرا وہاں بحال خوار و زار — مضطر و حیران پریشان بیقرار
پر نکچھ باقی رہا تھا زاد راہ — کھینچتا تھا غم میں ہر دم سرد آہ
مفلسی کے ہاتھ سے جیسی بہ تنگ — اور تھی فکر خورش سینہ بہ سنگ
تھا اسی اندوہ غم سے پائمال — کون تھا جس سے کہ کہتا اپنا حال
نے کوئی خویش و برادر نے عزیز — کسکو ہو درد دلی کی کچھ تمیز
کب مسافر سے کوئی رغبت کرے — بے وطن سے کب کوئی الفت کرے
ہے مسافر کا بجز پروردگار — کون یاور دادرس اور غمگسار
شام غربت میں نہیں کوئی رفیق — ہو مسافر بحر حیرت میں غریق
کب مسافر کا کسیکو درد ہو — گو مسافر شیخ وقت و فرد ہو
ہے مسافر کا بجز اللہ کون — اور ہوا اوسکے حال سے آگاہ کون
سخت آفت کا نمونہ ہے سفر — ہے سفر ہر طرح سے رشک سقر
درد فرقت سے الہی دے نجات — دور ہے جب سے تمہاری پاک ذات
بلبل روح اپنی ہے مرد غریب — قرب کی دیوار و در سے بے نصیب

تہا ہمارا ہی کبہی جنت وطن
تہی نہ یہہ دنیا کی کچہہ رنج و محن

جب سے آئے عالم امکان مین ہم
کیا نہ کچہہ دلپر اوٹہائے درد و غم

الغرض حسرت سے مین خستہ جگر
تہا سرا مین درد و غم مین بسر

لب پہ نالہ دلمین حسرت جان مین سوز
ناوک اندوہ ہر دم سینہ دوز

مفلسی سے تنگ دل اور تنگ حال
دمبدم کی زندگی بے پروبال

اتنے مین ایک قحبہ زار و نزار
جسکی صورت پر فدا شیطان ہزار

عمر بہر جسنے کیا کسب حرام
لغو مین جسنے کہ کہوئی عمر تمام

آئی اور پوچہا کہ ای مرد جوان
کسلئے ہے غمزدہ اور ناتوان

کیون نظر آتا ہے تو اندوہگین
کسکا غم ہے کسلئے ہے دل حزین

کہانے پینے کی نہین ہے کچہہ تلاش
کسکے غم سے ہے کلیجہ پاش پاش

کسکے ہے اندوہ مین حالت تباہ
کیا کسیکی حسن رخ پر ہے نگاہ

سنکے یہہ تسکین کی رمز ہم نفس
خوش ہوا مین حد سے بڑہکر دمین بس

اور کہا بازار کو جاتا ہون مین
دم مین کہانا جاکے لے آتا ہون مین

نے درم تہا پاس نے دینار تہا
سب عبث یہہ قصہ بازار تہا

آپ بہوکا اور پیاسا خستہ دل
غمزدہ غمگین پریشان مضمحل

اور گہوڑے کی نہ تہی قسمت مین گہاس
خاک پر پاری تہی منہ وہ بہی اداس

پہر وہ عورت آئی اور پوچہا بتا
کیون نہین فکر خورش مرد فتا

بہوک کہتی تہی کہ کہدون غم کا حال
پر حیا دیتی تہی دل کو گوشمال

تیسری بار آئی پہر وہ ناتوان
اور بولی سچ بتا ای نوجوان

کسلئے بیٹہا ہے تو افسردہ حال
آب و خور کا کیون نہین تجکو خیال

تب کہا ناچار مین نے ماجرا
کیا کہون جو حال دل کا ہوگیا

مفلسی سے ہون بہت زار و نزار — واقف اپنا کون ہے جز کردگار
بیکسون کا ہے وہی حامی مدام — عاجزونکی اوس سے ہی نکلین ہین کام
ہے مسافر کا وہی دانای راز — ہے وہی حاجت روا بے نیاز
سنکے عورت بولی باصد انکسار — مین ہون اک بیکس ضعیف و زار و خوار
عمر کہوئی معصیت مین سر بسر — کچھہ نہ کی روز آخر کی خبر
اب یہہ کی ہے مین نے محنت اختیار — کرتی تہون اجرت مین ہر لیل و نہار
اب ہے اجرت پر گذارا منحصر — ہے پسند اجرت مجھے شام و سحر
دس روپیہ اب تجکو مین دیتی ہون قرض — تیرا دینا قرض ہے اب مجھپہ فرض
جب خدا دیوے تجھے دیجو مجھے — مفت شرمندہ نہ پہر کیجو مجھے
جب سنی عشرت کی مین نے یہہ تقریر — عیش کا دل مین ہوا جم غفیر
اپنی قسمت کو سراہا بار بار — اور کیا جلدی سے شکر کردگار
پہر لیا عورت سے زر وہ شاد شاد — دل ہوا خوش اور ہوئی پوری مراد
لا کے کہانا عمدہ تر بازار سے — چہوٹا اندوہ و غم و آزار سے
صبحدم وان سے چلا شکل ہوا — اور اودی پور مین مین جا داخل ہوا
اوج پر طالع جو تہا اقبال کا — چمکا اختر چرخ پر اجلال کا
اوس ریاست کا مصاحب بنگیا — چند روزون مین غنی ہی ہوگیا
مال و دولت سے ہوا پس مالا مال — عیش سے پوری ہوے وان پانچ سال
اس طرح سے جب ہوئی مدت گذر — گہر سے آئی ناگہان میرے خبر
آیا قاصد لیکے خط کو شادمان — اوس مین لکہا تہا کہ تم آؤ یہان
موسم عشرت ہے اور فصل بہار — ہے گلستان جہان رنگین نگار
عیش کا چرچا ہے اور عشرت کا رنگ — ہے نشاط و عیش کا ہر سمت ڈہنگ

گلشن عالم ہے رشک صد بہار
صد جہان ہون جسکی خوبی پر نثار

ہے لب دل زمزمہ سنج نشاط
محو عشرت جان ہی با صد انبساط

کیون نہو دل نغمہ آرائے طرب
ہر طرف ہے زمزمہ شادیکا اب

جلد آؤ سخت تر ہے انتظار
دل ہے مضطر جان ہے بس بیقرار

شکر حق اب ہوگیا لڑکا جوان
عیش کے آثار ہین ہر دم عیان

چاہیے اب فکر شادی کا ضرور
تا کہ ہووین جان و دل محو سرور

بیٹے والون کو بھی از بس انتظار
ہے تقاضا دمبدم اور بار بار

لائیے تشریف تا دل شاد ہو
بند غم سے جان و دل آزاد ہو

جب سنا مین نے یہہ نکتہ دلنواز
عیش افزا روح بخش و نغمہ ساز

دل ہوا عشرت کدہ اور عیش جوش
نغمۂ عشرت سے جان تہی پر خروش

لیکے رخصت اور بہت اسباب و مال
چلدیا با خاطر فرخندہ فال

دل مین عشرت لب ترانہ ریز شوق
نغمہ سنج شکر حق تہی جان ذوق

ہر گہڑی لب پر فسانہ عیش کا
جان مین ہر لحظہ ترانہ عیش کا

اور گرا کر پالنو کی ہنڈوی
بانشاط دل کمر مین باندہ لی

کر کے طے آخر بہت راہ دراز
آیا ریواڑی مین با صد عیش و ساز

اوس سرا مین پہونچکر آیا خیال
اوس ضعیفہ کا بہی جا کی دیکہو حال

دستگیر کی تہی اوسنے وقت غم
وہ بہی تہی مونس درد و الم

وہ ہوئی تہی حال پرسش بیکسان
چاہیے الطاف اوسپر بیگمان

اسقدر دیجے اوسے اسباب و مال
تا قیامت وہ رہے فرخندہ فال

پہونچا اوسکے گہر بصد عیش و طرب
دیکہا اوس عورت کو ہے وہ جان بلب

بات بہی کرنے نپایا مین ذرا
ہوگیا دم اوسکا ایکدم مین ہوا

اس جہان سے وہ گئی دم مین گذر
مین رہا حسرت زدہ شوریدہ سر

جب کیا اوسنے یہان سے انتقال
مجکو از حد ہی ہوا رنج و ملال

دل کی حسرت دل ہی دلمین خون ہوئی
دیدہ حسرت زدہ جیحون ہوئی

سوچا دل مین ہی یہہ دنیا بی ثبات
ہے فنا جتنی ہے ساری کائنات

جو ہوا پیدا فنا ہے اوسکی ذات
لازم و ملزوم ہین یہہ دونو بات

ہے عبث دنیا سے امید وفا
سچ ہے سچ کیا ہی بہروسا زیست کا

ہے وہی بس مرد حق او باکمال
موت کا جسکو ہو ہر لحظہ خیال

عاشق حق کی یہی ہے آرزو
موت کی ہر دم ہے اونکو جستجو

موت کو سمجھے ہین وصل ذوالجلال
ہر گہڑی دل مین ہے اسکا ہی خیال

موت کا گر دل مین تیری ہو خیال
پہر گنہ کیونکر ہو ای فرخندہ فال

موت کا کہٹکا اگر دل مین رہے
ذکر حق مین کیون نہ تیرا دل لگے

لذت دنیا سی دل کیا ہووے شاد
لب پہ ہر دم ہی رہے خالق کی یاد

موت کی دل مین اگر ہو جستجو
کیون نجان و دل بنے پہر محو ہو

کیون گل رعنا پہ ہو مفتون دل
آفت دنیا سے کیون ہو مضمحل

کیون ہون کی ہوا دل پہ تو نثار
کیون رگ گل کو نہ سمجہے نوک خار

چون چرا و بون بون ہو کب تجکو پسند
ذکر خالق سے نہ کیون ہو بہرہ مند

کیون دہیان دلکو تیرے ذکر ہو
ذات مین ملجای تو بے گفتگو

دیر تک دل مین رہا یہہ ہی خیال
بے ثباتے سے رہا آشفتہ حال

جاکے پہر بازار سے لایا کفن
دل مین حسرت جا بجا تہا رنج و محن

جب ہوے تجہیز و تکفین سے فراغ
آسمان نے ایک دیا تازہ سا داغ

یعنی جب آیا سفر مین پر ملال
گردش گردون دون سے خستہ حال

اپنے سب خدام سے مین نے کہا — صبحدم یان سے چلو شکل ہوا
سوی خانہ ابہو چلنا چاہیے — خویش و بیگانہ سے ملنا چاہیے
سب کو ہوگا سخت درجہ انتظار — درد بے تابی سے ہونگے بیقرار
کہکے یہہ خدام سے باحال زار — لیٹا مین رہین الم اور بیقرار
دل بحسرت جانمین وحشت کا ملال — ہنڈی کا چانچک آیا خیال
ہر طرف ڈہونڈہا نہ پایا پر نشان — شدت غم سے ہوا بس نیم جان
دل مین حسرت اب کہان پاؤن اوسی — ڈہونڈنے کسجا پہ اب جاؤن اوسے
دیر تک باحال زاری و بکا — غرق دریای تفکر مین رہا
آیا ناگہہ دل مین پہر یہہ خیال — قبر مین ہنڈی گری بے قیل و قال
الغرض جب دن ہوا سارا تمام — اور گیا خور سوی مغرب وقت شام
پہونچا مین اوس قبر پر رہین الم — اور کہولا اوسکو با صد درد و غم
پر تعجب سخت یہہ دل کو ہوا — اوس مین مردہ کا نہ پایا کچہہ پتا
ہر طرف ڈہونڈہا اوسی مانند کور — کچہہ نہ ہاتہہ آیا مگر جز خاک گور
دیر تک سوچا کہ مردہ کیا ہوا — کچہہ کہین ملتا نہین اوسکا پتا
ناگہہ آئی اوس مین یک کہڑکی نظر — دیکہا اوسمین ایک گلستان خوب تر
یک مکان جنت نشان فردوس وش — بلکہ جنت جسکی کیجیے پیش کش
ہر طرف اشجار سر سبز و بلند — سبز بخت و سبز طالع ارجمند
اور نہرین اوسمین جاری جابجا — خوش سواد و خوش مزاق و خوش فزا
دیکہا جب یہہ ماجرای دل پسند — جان حیران بند حسرت تہی بند
سخت دکہلائی کشاکش شوق نے — کردیا حیران بخت و فوق نے
اوس مکان کے اندر مین گیا — زرنگار ایک تخت دیکہا وان بچہا

اوسی اک عورت تھی با شان و وقار / ہون ملایک جسکی خوبی پر نثار
اور صدہا عورتین گل فام تھی / اوس پری وش کی سبہی خدام تھی
دیکھکر عورت نے مجھکو یون کہا / بارک اللہ بارک اللہ مرحبا
ہنڈوی تیری ہمارے پاس ہے / مفت تمکو وہم اور وسواس ہے
رحم کہایا مین نے تیرے حال پر / تنگ حالت مین دیا تہا تجھکو زر
اوسکے بدلے مین ملی دولت مجھی / اور اس عالم مین ہے عزت مجھے
تیرے باعث سے مجھے سب کچھ ملا / اور یہہ دروازہ رحمت کہلا
چین سے رہتی ہون با عیش و طرب / تیرے دینے کا ہے یہہ سارا سبب
معصیت کا ورنہ میری کیا حساب / نامۂ اعمال تہا سارا خراب
ہنڈوی لیجا مگر اب ذرہ دیر / ہے یہی بہتر یہی ہے کار خیر
بعد مدت کے یہان تو آے گا / عیش و عشرت تب یہانکی پاے گا
ہے نہین زندون کا یہہ جاے قیام / بعد مرنے کے ملیگا یہہ مقام
ہنڈوی لے لی غرض مین نے شتاب / سیر گلشن سے رہا پر اضطراب
باہر آیا جب تو دیکھا اور حال / نے وہ خادم نے وہ نوکر نے وہ مال
نے سراے نے وہ شہر دل ربا / اور ہے کچھ بلغ عالم کی ہوا
وان پہ اک آباد ہے شہر عظیم / اور ہی صورت پہ ہے شان کریم
سخت حیران تہا الہی کیا ہوا / گم شدون کا کیون نہین ملتا پتا
کیا ہوئی نوکر ہوا کیا مال و زر / کیون نہین ملتی کسیکی کچھ خبر
کیا ہوا وہ شہر اور زیبا سرا / دیکھتا ہون خواب یا ہون جاگتا
کیا ہوی وہ شہر کے پیر و جوان / یاالہی تیری قدرت تیری شان
کچھ نہ آیا جب سمجھ مین ماجرا / وان کے باشندون سے تب پوچھا پتا

پوچھتا تہا جس سے گم گشتون کا حال
مجھکو دیوانہ وہ کرتا تہا خیال

کچھ نپایا جب کسی سے کچھ جواب
سخت تر دلکو ہوا ایک پیچ و تاب

ایک دن آخر ملا ایک مرد پیر
خضر کی مانند عمر اوسکی کبیر

اوسکو رو رو کر سنایا ماجرا
اور کہا لله بتلاؤ پتا

سنکے یہہ قصہ ہوا حیرت زدہ
اور بصد فکر و تامل یون کہا

یاد ہے کچھ کچھ یہہ ای مرد کمال
میرے پردادا کہا کرتی تہی حال

تہی کبھی پہلے یہان پر ایک سرا
اور تکیہ بہی نہایت پرفضا

چند کسبی اوس مین رہتی تہی مدام
اور کرتی تہین گذارا صبح و شام

ایک شخص آیا نہایت مالدار
اور کیا شب کو اسی جا پر قرار

ایک کسبی کو لیا گور و کفن
باہزاران رنج و الام و محن

شب کو وہ بہی یک بیک غایب ہوا
کچھ نہ ہاتھہ آیا الہی کیا ہوا

ہر طرف کی سب نے اوسکی جستجو
پر نشان پایا نہ ہرگز ایک مو

الغرض رو دیتے ہوے باحال زار
گہر کو اپنے سب گئے بیزار و خوار

ایک مدت کا ہی لیکن سب یہہ حال
تین سو شاید کہ گذری ہونگے سال

تب کہا مین نے کہ ہان ای مرد پیر
ہون وہی مین صاحب شان امیر

میرے ہی تہے سب وہ نوکر اور زر
اور عزیز و اقربا لعل و گہر

ہے اسی حیرت مین دل رہن ملال
یا الہی کیا ہوا ایکدم مین حال

سنکے میرا حال سب پیر و جوان
ہو گئے حیرت زدہ اور خستہ جان

سب کو حیرت پر ہوئی حیرت کمال
پوچھتا تہا مجھسے ہر ایک میرا حال

ہون اسی حیرت مین ای عالی مقام
کچھ نہین کرتی ہے ہرگز عقل کام

کچھ نہین آتا سمجھہ مین ماجرا
کیا تہا سامان اور دم مین کیا ہوا

اب نہ گھر ہے اور نہ وہ اسباب و مال
نے عزیز و اقربا کا کچھ نشان
دل میں وحشت جانمیں حسرت کا ہی جوش
کیا کرون ہنڈی کو اور جاؤن کہان
ہے یہی حیرت کہ دم مین کیا ہوا
آپ کے کل ہند مین تشہیر ہے
مجھکو بتلاؤ کوئی تدبیر اب
شاہ صاحب نے کہا تب ای جوان
ایک گھڑی وہان کی ہے آمد کمال
کچھہ نکر دل مین غم و رنج و ملال
ہے یہی بہتر نکر اب کچھہ خیال
فکر دنیا سے نکر آشفتہ دل
جان غم دنیا سے پس آزاد کر
عالم دنیا نہین چاہے ثبات
اب یہہ بہتر ہے کہ کر خالق کو یاد
خانہ کعبہ کو اب جاؤ شتاب
عمر اپنی یاد حق مین کر بسر
حب دنیا دل سے اپنے دور کر
دیکے اوسکو الغرض کچھہ زاد راہ
خانۂ کعبہ کو بس رخصت کیا

ہے نئے انداز پر عالم کا حال
داغ حسرت سے ہی دل ایک گلستان
ہے پریشان درکِ فہم و عقل و ہوش
گم شدونکا کچھہ نہین ملتا نشان
صحن ہستی مین چلی کیسی ہوا
اور دعا بھی صاحب تاثیر ہے
اسمین بہتر ہے نہین تاخیر اب
کیون ہے تو رنج و الم سے خستہ جان
یان کے سو سالونکی مانند مثال
عالم برزخ کا بے شک ہے یہہ حال
دور کر نقش توہم اور ملال
ہو نہ غم سے مال و زر کے مضمحل
ذکر و فکر حق سے دل کو شاد کر
ہے فنا جتنی ہے ساری کائنات
جان ہو محو طرب اور دل ہو شاد
دور ہوتا دل سے سب رنج و عذاب
پھر نہ دیوانون کی صورت دربدر
جان کو حب دین سے پرنور کر
اور بتلا کر اوسے نام اللہ
مرحبا صد مرحبا صد مرحبا

چوتھا گلزار تمام ہوا

پانچوان گلزار وصال مقبول ذو الجلال کے بیان مین

وعدۂ وصل چون شود نزدیک	آتش شوق تیز تر گردد

حضرت قدسی مرتبت کو کئی سال سے معلوم تھا کہ عنقریب حجاب دوری شاہد حقیقی رفع ہونیوالا ہے کمال بشاشت اور فرحت کے ساتھ اکثر اوقات اپنے اخص الخواص زبدہ مریدان صادق الارادت برگزیدہ معتقدان واثق الاعتقاد منشی فضل رسول صاحب سے خلوت مین اس راز و رمز خاص کو کنایتاً فرماتے رہتے تھے اور جب سے یہ خیال تھا خلاف زمانہ گذشتہ باب فیض رسانی عام طور پر وا کیا تھا روزانہ ہر چہار طرف سے ارادت مند پہونچنے لگے اور بیعت ہونے لگے استغراق اور محویت بہی بہ نسبت سابق زیادہ ہو گئی اکثر باتین کرتے کرتے خاموش ہو جاتے تھے پھر تھوڑی دیر کے بعد جب اوس دریای ناپیدا کنار سے ساحل افاقت پر آتے تو وہی باتین جو ہو رہی تھین فرمانے لگتے ایک بار جب منشی صاحب موصوف حاضر خدمت ہوئے زبان معجز بیان سے ارشاد ہوا اب اس وجود خاکی کے چھوڑنے کا زمانہ قریب آتا ہے ؎

ہر آنکہ زاد بناچار بایدش نوشید	ز جام دہر مئی کل من علیہا فان

منشی صاحب نے عرض کیا جاعل کون و مکان فاعل فضل و امتنان ذات بابرکات کو
تا یوم القیام سرمایہ فیوضات دارین رکھے

الہی تا جہان باشد تو باشی	بصد فیض و بصد فضل و بصد شان

فرمایا ایک دن مردان غیب مین سے ایک برگزیدہ حق ہماری ملاقات کو آئے تھے فرمایا کہ تم مین کہ آمادہ اور مستعد رہنا چاہیے دوست طالب دوست ہے اور فلان دعا جو آپ مانگتے ہو کسلئے مانگی جاتی ہے اوسیدن سے وہ دعا ہمنے چھوڑ دی اور ہم ہر وقت منتظر حکم سرکاری رہتے ہین ؎

چشم و گوش من براہ انتظار | ماندہ تا کے میرسد پیغام یار

اوسکے بعد جو ایکبار اتفاق حاضری ہوا فرمایا

وقت آن آمد کہ من عریان شوم | جسم بگذارم سراسر جان شوم

پہر فرمایا اس واقعہ کا وقوع جائے قلق اور اضطراب نہین ہے ؛

ساجن بچہڑے گن نہین او گن ہی ہے کچہہ ناہہ | جب تو دیکہت ہین تہی آپ ہی من ماہہ

اور ایک نقل گرو چیلے کی کہ جسکا کچہہ مضمون یاد ہے کچہہ خیال سے جاتا رہا فرماکر فرمایا کہ مردان حق کا معاملہ بعد چہوڑنے وجود خاکی کے خادمان خاص کے ساتہہ یہہ ہوتا ہے کہ کچہہ قلق اور فراق کا غم لابدی نہین ہوتا ہے

دل کے آئینہ مین ہی تصویر یار | جب ذرا گردن جہکائی دیکہہ لی

چون از و گشتی ہمہ چیز از تو گشت ؛ العاقل تکفیہ الاشارۃ ؛ ایک روز زبان فیض ترجمان سے ترشح ہوا کہ دنیا دار ناپائدار ہی ناسکو ثبات تا سکی حیات کو قرار انبیا اولیا اور ہزارون لاکہون شاہان نامدار پیدا ہوئے اور معدوم ہو گئے ہے مالعبتگا نیم فلک لعبت باز ؛ از روے حقیقت است نہ از روی مجاز ؛ یک چند درین سراچہ بازی کردیم ؛ رفتیم بصندوق عدم یک یک باز ؛ منشی صاحب ہمنے تمام عمر سیاحی کی صدہا بزرگون سے ملے تمام ہندوستان کے نامی گرامی مزارات کی زیارت کی چلّے کئے جدجہد کی داد دی جو کچہہ کرنے کا تہا اسمین وقت صرف کیا تکاہل و تکاسل سے پرہیز کیا ہے مکہ گئے مدینے گئے کربلا گئے ؛ لیکن جو دل مین خیال تہا بغیر فضل کے کچہہ نہوا اور جب اونکے فضل و رحمت کا دریا موجزن ہوا ایک لحہ کی دیر نہوئی ہے فضل ساعت کا رصد سالہ کند ؛ نار ابراہیم را لالہ کند ؛ تم بہی اسی بات پر عمل رکہنا جو کچہہ مانگو جو کچہہ چاہو خدای ذوالجلال قادر لایزال سے مانگنا یہہ آیۃ پڑہی ؛ مَثَلُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَوْلِیَآءَ کَمَثَلِ الْعَنْکَبُوْتِ اِتَّخَذَتْ بَیْتًا وَاِنَّ اَوْہَنَ الْبُیُوْتِ لَبَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ہے

رہ مدہ در دل بغیر حق بکس — در دو عالم مر ترا اللہ بس
ہرچہ در عالم بخواہی زو بخواہ — اوست معطی فی الحقیقۃ لاسواہ
یاری از وی جو مجو از ہیچکس — ناصر و یار تو اللہ است و بس
حباب وار زبہرہ نظارہ آمدہ ایم — کہ سر زنیم و تماشا کنیم و باز رویم

ایک روز منشی صاحب موصوف نے عرض کیا عموی بزرگوار جناب مولوی نیاز علی صاحب کو وقت آخر تا دم مرگ آپ سے ملاقات نہونے کا قلق رہا فرمایا کچہہ جای افسوس نہین ہے یہان اگر نہوئی وہان ہو جائیگی افضال یافتگان الہی کے لئے مرگ تبدیل لباس ہے اور موت اور حیات کا معاملہ سب یک رنگ ہی ہے

تلخ نبود پیش ایشان مرگ تن — چون روند از چاہ زندان در چمن
تلخ کے باشد کسی راکش برند — از میان زہر ماران سوی قند
ظاہرش مرگ و بباطن زندگی — ظاہرش ابتر نہان پایندگی
مرگ کہ جملہ از و در وحشت اند — می کنند این قوم بر وی ریش خند

وصال سے ایک سال پہلے جب منشی صاحب موصوف چندی خدمت مین حاضر رہکر رخصت ہونے لگے تو حسب عادت قدیم خلوت مین عرض پرداز ہوے اب دولت قدمبوس کب تک حاصل ہوگی ہمیشہ تو آپ یون فرمایا کرتے تہی کہ انشاء اللہ تعالی بخیر عافیت جلد آؤگے اور ملاقات کی حظ اٹہاؤگے اب کی مرتبہ بخلاف سالہای گذشتہ صرف اتنا فرمایا کہ ہماری تمہاری خیر رہے اور مخدومہ سرادق عصمت جناب مخدومہ آپا صاحبہ سی یہہ ارشاد فرمایا کہ لو صاحب اب ہم وداع ہوتے ہین یہہ جملہ بہی بخلاف سالہای دیگر خالی از رمز نہ تہا جب منشی صاحب موصوف سیتاپور پہونچے ایک کرامت نامہ مین اشارتًا ارقام ہوا۔

ایک وضع پر نہین ہے زمانہ کا حال آہ — معلوم ہو گیا ہمین لیل و نہار سی

اسی عرصہ مین راقم الحروف کچہہ کم ایک سال پہلے زمانہ وصال سے معہ سید امداد علی صاحب

حاضر آستانہ ہوا چند روز ٹہرا بروز رخصت ارشاد ہوا کہ میان امداد حسین آج تم میرٹھہ جاؤگے ہم سے ملکر جانا عرض کیا کہ ظہر کے بعد در حجرہ بند ہوتا ہے اوس وقت کی حاضری خلاف ادب ہے ارشاد ہوا تیرے واسطے آج ہم حجرہ کہول دین گے ضرور آنا اور ملکر جانا مین حسب بشارت ظہر کی نماز کے بعد حاضر ہوا دیکہا حوض کے کنارہ پر جو حجرہ کے سامنے واقع ہے آپ مسواک کرتے ہین آداب بجالایا نہایت بشاشت سے فرمایا آو صاحب

برلب آب نشین و گذر عمر ببین	کاین اشارت ز جہان گذران ما را بس

پہر دست مبارک میرے سر پر رکہکر ارشاد کیا لو صاحب اگر کچہہ دریافت کرنا ہے یہہ خلوت کا وقت ہے دریافت کرلو جو کچہہ کمترین کی زبان نے یاری دی عرض کیا اوسکا جواب حسب مراد ملا پہر سید امداد علی کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا میان امداد علی بار بار یہان پر آنا خالی از وقت نہین ہے جو کچہہ تمکو پوچہنا سیکہنا ہو آج سے ہم تمکو حافظ امداد حسین کی سپرد کرتے ہین ان سے دریافت کرنا یہہ جو کچہہ تمکو بتادین اوسکو اعتقاد درست سے کرنا اللہ تعالی ثمرہ نیک عطا فرماویگا انکی اجازت کو ہماری اجازت تصور کرنا اور جو کچہہ اب تمکو دریافت کرنا ہو دریافت کرلو جو کچہہ سید امداد علی کی زبان نے یاری کی دریافت کیا اور مراد دل پائی بعدہ مین کمترین کی طرف مخاطب ہوکر دعا دی کہ اللہ جل شانہ تمکو اور تمہاری اولاد کو بصلاح و فلاح خوش رکہے اور تمکو منزل مقصود تک پہونچا دے اور یہہ شعر پڑہا

شاد باش ای دل کہ آخر عقدہا واہی شود	قطرہ تو ہم میرسد جای کہ دریا مے شود

اور ایک ورد کی ترکیب امداد علی سے خلوت کرکے تعلیم کی اور یہہ بہی ارشاد کیا کہ جو کچہہ تمکو پوچہنا ہوا کرے منشی فضل رسول صاحب سے بے تکلف پوچہہ لیا کرو اور جب وہ میرٹہہ تشریف لایا کرین ہمیشہ اون سے ملتے رہو بہتر

ای ذوق کسی ہمدم دیرینہ کا ملنا	بہتر ہے ملاقات مسیحا و خضر سے

پہر ایک دعا امداد علی کو بتلائی اور دونون کو رخصت کرکے حجرہ مین تشریف لے گئے

ہم دونون تمام رستہ یہی تذکرہ کرتے آئے کہ دیکہیے پہر بہی قبلہ وکعبہ کی زیارت نصیب ہوئی
ہے یا نہین کلام سے یہہ مترشح ہوتا ہے کہ زمانہ وصال قریب آگیا میرٹہہ آکر دو ہفتہ کے بعد
شب جمعہ کو عالم خواب مین جمال باکمال سے مشرف ہوا اور دیکہا کہ ایک جام پُر شیر دست
مبارک مین لئے ہوئے حجرہ سے باہر تشریف لائے اور حوض کے کنارہ پر دست مبارک
سے وہ جام میرے موںہہ سے لگا دیا اور فرمایا سب پی جاؤ مین نے نہایت شکم سیر ہوکر
پیا اور خیال ہوا کہ حد سے زیادہ سیری ہوئی فرمانے لگے کچہہ غم نہ کرو سب ہضم ہوجاویگا اور
آج ہم یہہ جام پلا چکے اور تمہارا شکم سیر کرچکے آنکہہ کہلتے ہی تعبیر سمجہہ مین خود بخود آگئی کہ عالم
ظاہر مین اب تعلیم ہوچکی زمانہ وصال قریب آیا اس خواب کو عریضہ کے ذریعہ سے عرض
خدمت کیا جواب آیا سچا خواب ہے چند روز مین اسکی تعبیر ظاہر ہوجاویگی آخر تا زمانہ علالت
حاضری کی نوبت نہ آئی علالت کے ایام مین قدمبوسی پہر نصیب ہوئی پیر جی محمد یعقوب علی
صاحب کہ خادم اور ہمیشہ سے محرم خاص و مزاجدان و حاضر باش شبانروزی رہے فرماتے
ہین کہ جب ماہ رمضان ۱۲۹۶ سنہ ہجری شروع ہوا جملہ معتقدین اور حاضرین کو آپ نے رمز و کنایہ
سے آگاہ کرنا شروع کیا کہ وقت واپسین آپہونچا اور بخلاف زمانہ ماضی جیسے بامکانہ طور پر حقایق
و دقایق معرفت اور رمز توحید بیان ہونے لگے دروازہ بہی حجرہ کا وقت معینہ سے زیادہ
کہلا رہنے لگا جسکا جی چاہا اسنے بے تکلف جو چاہا عرض کیا اور جواب بامراد پایا ہر وقت
بشاشت و فرحت کی ترقی تہی ورد و وظایف مین تقلیل ہونے لگی ایک روز جلسہ عام
مین یہہ خواب فرمایا۔ کہ قاضی محفوظ اللہ اور میان اللہ بندے اور مولوی فتح محمد صاحب
مرحوم پانی پتی خواب مین ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے کہ حضور آپ کا مکان تیار ہوگیا اور
اوس مکان کی کنجی ہمارے پاس ہے تشریف لے چلیے ملاحظہ فرمائیے ہمنے اوسی عالم رویا مین جواب
دیا کہ میان ہم ہمیشہ بے نشان و لامکان رہے نہ ہمنے کوئی مکان بنایا نہ کوئی خریدا نہ ہمارے
باپ دادے نے عمارت کی طرف کبہی توجہ کی ہم سے اور مکان بنانے سے کیا بحث خیر تم

اظہار کرتے ہوئے چلیں دیکہیں تو کسکا مکان اور کیسا مکان ہی جب سب وہان پہونچے ایک مکان عالیشان مقفل دیکہا ہمنے قفل کہولا اندر گئے تو اوسکے وسط مین ایک عظیم الشان گنبد نظر آیا اوسکا دروازہ بہی کہولا اور اندر پہونچے اوسمین ایک صندوق مقفل رکہا پایا اوسکو بہی کہولا اوسمین ایک گولا رنگا رنگ کے کپڑون مین لپٹا ہوا دکہائی دیا اوسکے غلافون کو اوتارا تو اوسمین ایک دبیا نکلی ڈبیا کو کہولا تو اوسکے اندر مشک برآمد ہوا پہر آنکہہ کہل گئی اس خواب کی حاضرین نے اپنی اپنی عقل کے موافق تعبیرین سنائین مگر کوئی اصل مطلب تک قطعًا نہ پہونچا آپ سبکی عقل آرائیان سنکر خاموش ہو رہے ـ پہر ایکروز ایک خواب سنایا ـ کہ ہمنے عالم خواب مین ایک ڈبیا کہولی اوسمین سے ایک سفید کپڑا نکلا پہر خودبخود وہ سرخ رنگ کا ہوگیا اور اوسکے پر نکلے اور آسمان کی طرف اوڑ گیا اسکی بہی تعبیر آپ نے سب سے پوچہی مگر سب سوچتے رہ گئے ـ المختصر جبوقت کے آنے کی کئی سال سے آپ انواع انواع صورتون سے خبر دے رہے تہے شدہ شدہ آہی پہونچا یعنی ۱۹ ـ صفر ۱۲۹۷ھ کو یکشنبہ کے دن طبیعت علیل ہوئی مرض اسہال لاحق ہوا روز بروز شدت مرض اور ترقی ضعف ہونے لگی دوا کا اثر معدوم ہوگیا ایک دن بحکمت بالغہ حکیم مطلق آپ کو قی آئی تمام جسم کا خون قی مین نکل گیا لطف شہادت سے مسرور ہوے علالت کی شہرت ہوگئی ـ ایک روز فرمایا ؎ انچہ دیدیم درین باغ نہ دیدن بہ بود ٭ ہر گلے تازہ کہ چیدیم نہ چیدن بہ بود ٭ ہرکجا منزل آرام تصور کردیم ٭ چون نفس راست نمودیم رمیدن بہ بود ٭ ہر متاعے کہ خریدیم باوقات عزیز ٭ بود اگر یوسف مصری نہ خریدن بہ بود ٭ پیری مین ہمکو یار نے گہر سے طلب کیا ٭ افسوس بعد فصل بہار اپنے پر کہلے ٭ عام حاضرین بدستور قدیم شعرخوانی سے محظوظ رہے اور کوئی راز کو نہ سمجہا ـ مگر پیرجی محمد یعقوب صاحب پر رقت طاری ہوئی اور سمجہہ گئے کہ باربار درد آلودہ اشعار پڑہنا اور فصل سول صاحب کا خاصکر وقت مین یاد فرمانا خالی از اسرار نہین پیرجی صاحب کو بہی خصوصیت و قرب منشی صاحب کا بخوبی معلوم تہا جب زیادہ مرض کی شدت ہوئی خادمان و جاروب کشان

ابہین

مزار پر انوار حضرت قلندر صاحب حضرت مخدوم صاحب و حضرت شاہ ولایت صاحب قبلہ امن
اسرار ہما اور بعض دیگر باشندگان شہر مشورت کرنے لگے کہ بعد وصال آپ کا مزار کہان بنے خون
صاحب کے مجاوروں نے کہا کہ حضور اٹھارہ برس یہان رونق افروز رہے ہین مزار شریف بھی قریب
مزار قلندر صاحب ہونا چاہئے اور ہم ہرگز ہرگز دوسری جگہہ ہونا پسند نہین کرتے مخدوم صاحب
کے خدام اور شاہ ولایت صاحب کے خدام نے کہا مخدوم صاحب مین یا شاہ ولایت صاحب مین
ہونا چاہئے آپ نے یہ سب مشورہ سنکر ارشاد فرمایا کہ ہمکو کچھہ مزار اور گور و کفن کی ضرورت نہین
جب ہم اس جود خاکی کو چھوڑین ہمارے جسم کی چار ٹکڑے کرکے شہر کے چارون طرف
پھینک دینے چاہیین

مرگ بے مرگے بود ما را حلال — برگ بے برگے بود ما را نوال
آن تو ئی کہ بے بدن داری بدن — پس مترس از جسم جان بیرون شدن
گر بخواہد بے بدن جان تو زیست — فی السماء رزقکم روزی کیست
گر نخواہد زیست جان بے این بدن — پس فلک ایوان کہ خواہد شدن

پھر فرمایا تم لوگون سے ایسا ہونا دشوار ہے جنہنے تمام عمر سواے خدا وند کریم کے کسیکو نہ جانا ہو
اور مدد کا نہین سمجہا ایسی ہم خدا کے سایہ کے سوا اور کسیکے سایہ کے خوشنگار نہین مین ہان
شاہ ولایت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے جنوب کی جانب ظاہر ایک مزار نہین ہے
اور کسی چیز کا سوای ذات صمدی وہان سایہ ہے اوسی طرف جگہہ تجویز کرکے ہمکو دفن
کرنا اور دس روپیہ ہمارے پاس موجود ہین میکھن دفن کے صرف مین لانا اگر یا الکان نہین
قیمت زمین مانگین تو دیدینا اور ایک لنگر سرہانے اور ایک پائینتی رکھکر کچی قبر بنا دینا
تمام حاضرین اوسوقت اشکبار ہوے اور بیتاب ہو گئے۔
پیر جی محمد یعقوب علی صاحب فرماتے ہین جب جناب قبلہ و کعبہ سونی پت سے پانی پت
مین تشریف لاتے تھے اول اوسی زمین مین جہان اب مزار بنا ہے گھوڑے کو قطب پٹن

ہوے تہوا اور نماز ظہر پڑہکر چادر زمین پر بچھاکر لیٹ رہے تہے وہان پانی پت کے چہاتون مین
ایک شخص جو کہ کاشتکاری کے سبب ایک کہیت پر موجود تہا دور سے دیکہکر آیا اور قدمبوس ہوا
پہر اوسنے پوچہا مولانا بعد مدت آپ تشریف لاے اور خلاف عادت شہر سے باہر اس
ویرانہ مین جہان نہ درخت ہے نہ سایہ ہے کیون لیٹ رہے قلندر صاحب مین تشریف
لے چلئے آپ نے فرمایا ایک دن آخر ویرانہ مین آنا ہے تہوڑی دیر کے بعد آپ اوٹہے اور شہر
کی طرف چلدیے پہر اوس دہقان نے پوچہا کیا مولانا اکا ان زیادہ تہی جو بیرون شہر قیام
کرکے شہر مین تشریف لے چلے فرمایا ہمارے دلکو یہ قطعہ زمین اسوقت بہلا معلوم ہوا اور ہم
نماز بہی پڑہی اور ذرا سی دیر لیٹ بہی رہے پہر چلدیے۔ بعد وصال [illegible]
نے بیان کیا کہ اوس دن کا چادر بچہاکر لیٹنا اور پہرنا اور اوسکے بعد پانی پت اٹہانا ہو بس قیام
کرکے وصال کرنا اب سب سمجہہ مین آگیا۔ آخر جب بہت طبیعت کسلمند ہوئی ایک روز خیال
ہوا کہ ہمارے دوست آشنا انکو اطلاع ہونی چاہئے چند شاہ و خطوط لکہنے بیٹہ گئے کسی نے
کسیکو کسی نے کسیکو خط لکہا چنانچہ راقم الحروف کے نام ضیاء الدین میرٹہی کے ایک خط جو میرا
شاگرد اور حضرت کا خادم اور پانی پت کے بندوبست مین اوس زمانہ مین محرر تہا پہونچا۔ خلاصہ
خط حضرت کی طبیعت بہت علیل ہے دستلاتے مین شاہ کنایہ سے ثابت ہوتا ہے کہ جانے
کا وقت آپہونچا جب مین حاضر ہوتا ہون مریدوالونکو یاد فرماتے مین خصوصًا مجہسے تمکو اور
اور منشی فضل رسول صاحب کو زیادہ پوچہتے مین چنانچہ بوقت تحریر خطوط میری کی محمد یعقوب علی صاحب
سے ارشاد ہوا تہا کہ اونکو لکہدو بہت جلد آوینگے مگر ہمارے منشی فضل رسول صاحب کو
بہت مسافت طے کرنی پڑیگی شاید دیر سے آوین خط اونکے نام بہی لکہدینا لیکن بیشک ضرور
آوینگے کمترین راقم الحروف اس خط کو دیکہتے ہی ہمراہی مولوی عبدالحکیم صاحب قاضی
فیض محمد و امداد علی صاحبان دوسرے دن روانہ ہوا اور خدمت مین پہونچکر قدمبوسی سے مشرف
ہوا اور اپنے قدیمی ہمدم محمد یعقوب علی سے ملا اونہون نے سلام اور باتون کے بعد خاص بات

فرمائی کہ جب سے حضور کی طبیعت علیل ہے اشارہ کنایہ ہر طرح کے ہوتے ہین مگر ہمارا فہم رسا کہان جو
اونکو سمجھین فقط یہہ بات سمجھہ مین زیادہ آئی ہے کہ خاص اوقات مین تمام خدام مین سے منشی فضل رسول
صاحب کو بہت یاد فرماتے ہین ضرور کوئی بات خاص اونکی ذات سے متعلق ہے دو تین روز
ہوے آپا شمس النساء صاحبہ جب وہ شب کو مزاج پرسی کے لئے حاضر ہوئین فرمایا منشی صاحب
معہ الخانہ آنے والے ہین مگر ہم مین طاقت نہین رہی ہم اونکے پاس کس طرح جاوینگے
ذرا یہہ خیال رکھنا کہ کھانے پینے مین جو چیز اونکو زیادہ مرغوب ہو اوسکا بند و بست رہے آپا
صاحبہ نے عرض کیا اونکو خشکہ زیادہ تر پسند خاطر ہے اکثر تناول فرماتے ہین فرمایا بہت
خوب اسکا بند و بست رہے وقت پر دقت نہو پھر جب آپا محمدی صاحبہ مزاج پرسی کو حاضر
ہوئین اونسے بھی فرمایا کہ منشی صاحب معہ الخانہ آنیوالے ہین مگر اونہون نے خط مین یہہ مصرعہ
لکھا ہے ع عمری کہ بتلخی گذرد کوتہ بہ اسکا افسوس ہے اور اونکے خط سے یہہ بات ظاہر ہوتی
ہے کہ ہماری علالت کی خبر سنکر نوکری چھوڑکر آتے ہین نماز عصر سے پہلے کمترین حاضر آستانہ
تھا اور دیگر خدام بھی موجود تھے کابل کا ذکر شروع ہوا کابل پر اوس ایام مین سرکار انگریزی کی طرف
سے فوج کشی ہو رہی تھی پھر جی سعد اکبر صاحب نے حضور کی مزاج پرسی کے بعد کہا کہ حضور اقدس
اجکل زیادہ چرچا ہے کہ انگریزی فوج ایک لاکھہ آدمی کی تعداد سے یکبخت کابل پر دہاوہ
کریگی فرمایا لا حول و لا قوۃ کسی اور شخص نے عرض کیا قبلہ و کعبہ مین نے سنا ہے کہ افغانی بھی
حملہ پر آمادہ ہین کسیدن ایسا حملہ کرینگے کہ انگریزی فوج آگے بڑہنے کی ہمت نکریگی فرمایا نصر
من اللہ و فتح قریب پھر سعد اکبر صاحب نے عرض کیا آج حضور خدام خاص سے دو شاعر حاضر آستانہ
ہین اگر وحید الدین کو بلا کر قصیدہ سنا جاے تو کمال فرحت کی بات ہے فرمایا کہ ان کون شاعر ہین عرض
کیا حافظ امداد حسین ظہور میرٹھی اور مولانا عبد الحکیم جوش میرٹھی حاضر ہین کمال بشاشت سے آپنے فرمایا
خوب ہوا یہہ لوگ آگئے یہہ اوسکا لطف زبان و خوبی بیان سمجھینگے اور مزہ لینگے اور خاکسار کا نام لیکر
بالطاف مربیانہ ارشاد فرمایا کہ میان حافظ امداد حسین ظہور کیون بیٹھے ہو ہمکو علالت کی وجہ سے

کچھہ نسیان سا ہو گیا ہے اسلئے کل تم ملے تہے آج کچھہ خیال نرہا خیر یہان آؤ مین سلام کر کے
چارپائی کے قریب جا بیٹھا آپ نے دست راست اپنا میرے سر پر رکھا اور بزرگانہ پیار سے
مشرف فرمایا پہر گردن پر بہت دیر تک ہاتھہ رکھی میری جانب رخ کئے ہوے لیٹے رہے اور
فرماتے رہے افسوس میان حافظ امداد حسین تم ایسے وقت مین ملے کہ بہت سے دلکی باتین دلہی
مین رہ گئین خداوند کریم کی مشیت سے چارہ نہین ہے جو سرکار کی مرضی ہوتی ہے وہی ہوتا ہے مگر
تاسف کا مقام ہی نہین حکیم کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہین ہے جو کچھہ اونکو کرنا ہے وہ سب کچھہ ہوگا
یاد رکہو نقل کہ ابراہیم شُدّزی رحمت اللہ علیہ خاندان چشت مین بڑے صاحب کمال ہوے
ہین جب اونکا زمانہ وصال قریب آیا اور مرض نے شدت کی تب اونہون نے جناب مستجاب الدعوات
مین عرض کی کہ خداوندا بادشاہا جو کچھہ معاملات دم آخر گذرنے والے ہین وہ ایک دن مجھہ پر
سب گذر جاوین اور اوسکے بعد چند روز صحیح و سالم زندہ رہون اور مرض کا نام باقی نرہے
صحت کی شہرت ہو جاوے اور پہر جان بحق ہو جاؤن تاکہ وصال کے وقت خلوت ملے اور
بآسانی شاہد مقصود سے وصل نصیب ہو جناب باری نے اونکی دعا قبول فرمائی اور ایکروز مرض
کا اشتداد جو کچھہ ہونا تہا ہوگیا اور پہر تندرست ہوگئے شفا کامل کی شہرت ہوگئی گیارہ روز کے
بعد یک لخت دار البقا کو چلدیے اسیطرح اپنے بندگان خاص سے سرکار معاملہ رکہتے ہین تم کسی
بات کا اندیشہ نکرنا اور خدای پاک پر بہروسا رکھنا یہہ سنتے ہی مین سمجھہ گیا کہ وصال گیارہ روز کے بعد
ہوگا اوسی وقت وحید الدین پسر حاجی فریدالدین حاضر ہوا اور حسب ارشاد والا اوسنے قصیدہ کے
اشعار سنائے حضرت نے مجھسے مخاطب ہو کر فرمایا کیون صاحب یہہ کم عمر لڑکا گلستان کا تیسرا
باب پڑہتا ہے نہ اسکو کسی عالی بیان شاعر سے صحبت ہے نہ کسی سے تلمذ ہے کیسی شعر کہتا ہے
اور اسنے کیسا قصیدہ لکھا ہے مین نے عرض کیا سبحان اللہ بے مثل قصیدہ ہے لیکن ضرور ہے کہ
خضر علیہ السلام بتاتے گئے اور وحید الدین لکھتا گیا یا خاقانی رحمت اللہ علیہ کی روح لکھاتی
رہی یہہ لکھتا رہا خوش ہو کر فرمایا کہ ہم تمہارے ادراک پر پہلے ہی صاد کر چکے ہین۔ اللہم زد فزد

پھر ارشاد ہوا کہ تمہارا فلان معاملہ جسکے لئے تمنے خط لکھا تہا ہو گیا یا نہین مین نے عرض کیا ابہی نہین ہوا فرمایا کُل آگر مُرمُہون با قوتہا - پہر فرمایا کہ جب سب آدمی مغرب کی نماز کے لئے قلندر صاحب کی مسجد مین جائین تم ذرا حجرہ مین ٹہر کر جانا مین حسب ارشاد ٹہرا رہا اوسوقت خاص طور پر دو چار پند و نصایح فرمائی اور خاص التفات بہی فرمائے اس دولت عظمیٰ کے حصول کے وقت سوا میرے اور قاضی فتح محمد صاحب کے اور کوئی حجرہ کے اندر نہ تہا بعد عنایت کے حکم ہوا کہ تم دونو نکو آج ہی میرٹھہ چلا جانا چاہئیے ہمنے تمکو خدا کی سپرد کیا اگر منشی فضل رسول صاحب آ گئے ہون تو اون کو بہت جلد بہیجدو جسوقت مین میرٹھہ پہونچا معلوم ہوا کہ منشی صاحب تشریف لے آئے جاتے ہی سب حال عرض کیا منشی صاحب نے فرمایا بیشک زمانہ وصال مین کچھہ عرصہ نہین ہے اور تمکو خاص اشارہ ہوا ہے مین نے سیتا پور مین خواب دیکھا تہا ع دوست رسد نزد دوست یار رسد نزد یار اسکے دیکھتے ہی مضطرب ہو کر نوکری سے دست بردار ہو کر چلنے پر آمادہ تہا کہ علالت کا خط پہونچا پہر منشی صاحب اوسیدن معہ اہلخانہ روانہ پانی پت ہوئے انکے پہونچتے ہی مرض کو افاقہ اور طبیعت کو درستی ہو گئی اور اُمید صحت ہر ایک کو ہو گئی منشی صاحب کے پہونچنے سے پہلے تمام خدام باشارۂ حضور رخصت ہو چکے تہے - منشی محمد حسین صاحب محمود رئیس قصبہ نانٹور ضلع بجنور مرید حضور بدریافت حال علالت معہ منشی برکت علی صاحب جب جالندھر سے بسواری ریل روانہ پانی پت ہوئے اثنار راہ مین اونہون نے ایک غزل تصنیف فرمائی جسوقت خدمت مین حاضر ہوئے اوس غزل کو پڑہا آپنے پسند فرمایا اور یہہ شعر پڑہا - بریں حشمہ چون ملبسے دم زوند ۞ بر فلتند چون چشم برہم زوند ۞ سات روز تک منشی صاحب خدمت بابرکت مین حاضر رہے ہر روز حضور غزل مذکور کو اونسے پڑہوا کر سنتے رہے اور سنکر شعر مذکور ہی پڑہتے رہے بعد اوسکے دونون صاحبون کو آپنے رخصت فرمادیا غزل یہہ ہے ۞

غزل

جب تک کہ ساتہہ جسم کے پیوند جان رہا	ہمراہ کاروان جرس کاروان رہا
نابود بود سلسلہ خاکی وجود کا	مانند ریگ شیشہ ساعت روان رہا

کھلتے ہی نقش ہستی موہوم کا طلسم
جانکا پتا نہ جوہر جانکا نشان رہا

بینا تھا خود وہی وہی دانای راز تھا
مین محض لفظ وہم تھا جو درمیان رہا

ہستی وہم نے ہی نہ لگنے دیا پتا
وہ ورنہ ہر لباس مین جلوہ کنان رہا

تھی محض اک سراب نمایش حباب کی
تھا عین بحر قطرہ کا جسپر گمان رہا

آئی سمجھ مین اپنی نہ صورت ہزار حیف
گویا قفس مین بلبل باغ جنان رہا

خود جستجو مین اپنی پھرا کوہ و دشت مین
خود مثل ناف آہوی چین درمیان رہا

بنکر رہا وہ باخبر و بے خبر کہین
کُل اللسان کہین کہین طال اللسان رہا

کرتا رہا خود اپنا ہی نظارۂ جمال
خود مبتلای زحمت خواب گران رہا

دیوانہ بنکے خود کہین لوٹی بہار حسن
فرزانہ بنکے خود کہین ادب دان رہا

خود اپنے خال و خط پہ رہا مبتلا و مست
خود نکتہ چینیون مین پہنسا نکتہ دان رہا

کھلتے ہی آنکھ دل کے جو حق جلوہ گر ہوا
حق مین وہ حق کی کچھ بھی نہ پھر درمیان رہا

محمود جان و جسم کے نقش طلسم کا
عقدہ کھلا کسی پہ تو پھر وہ کہان رہا

بحالت بیماری کبھی کوئی شکایت مرض کی نسبت نفرمائی نہ کسی وقت آپکو کوئی اضطراب ہوا جسوقت کوئی مزاج پوچھتا تھا باواز بلند فرماتے تھے الحمد للہ بہت خوش ہین ؎

مدہ در بحر ہستی لنگر تسلیم را از کف
کہ ہر جائیکہ برابر وزنی موج خطر گردد

آواز پر آپ کی قطعی ضعف کا اثر نہ تھا نماز برابر ادا فرماتے رہے ربیع الاول کی ۲۵ تاریخ کو دن گذر کر جب رات ہوئی حجرہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا رباعی

شنیدم کہ جمشید فرخ سرشت
بسر چشمہ بر سنگی نوشت
برین چشمہ چون ما بسے دم زدند
برفتند چون چشم برہم زدند

ایام علالت مین پیرجی محمد یعقوب علی صاحب و مولوی گل حسن صاحب و جان محمد و ابراہیم پہلوان و غلامی شاہ و چھوٹے خان ہر وقت حاضر آستانہ اور مصروف خدمت بجان و دل رہے

۲۶۔ تاریخ کو صبح کی نماز کے وقت منشی صاحب کو یاد فرمایا پہر حجی محمد یعقوب علی صاحب و میر عباس علی صاحب و مولوی گل حسن صاحب و ایک دو باشندگان پانی پت حاضر ہو چکے تہے کہ منشی صاحب بہی پہونچے اوسوقت قبلہ و کعبہ اوٹہہ بیٹہے پشت کی طرف بخیال ضعف و ناتوانی مولوی گل حسن صاحب بیٹہہ گئے ارشاد ہوا کیون صاحب رات کو اوٹہتے ہو نوافل پڑہتے ہو منشی صاحب نے کچہہ جواب ندیا اور سمجہے کہ شاید کسی اور کی طرف مخاطب ہین پہر فرمایا منشی فضل رسول صاحب مین آپ سے پوچہتا ہون تب منشی صاحب نے عرض کیا کہ قبلہ و کعبہ اوٹہتا ہون مگر نوافل نہین پڑہتا فرمایا خیر اگر نوافل نہین پڑہتے کچہہ مضایقہ نہین ہے مگر اوٹہتے ضرور رہنا پہر موسی علیہ السلام کی نقل فرمائی نقل کہ ایک روز ایک شخص نے موسی علیہ السلام کو بعد وصال بیت اللہ کا طواف کرتے پایا اوسنے حیران ہو کر دریافت کیا کہ یہہ عالم حیات کا سلسلہ اب بہی جاری ہے فرمایا ہمکو خدا تعالی نے کیا مارا ہے اس اشارہ کے بعد شیخ عطار صاحب کے قصیدہ کا ذکر فرمایا۔ ب۔ چشم بکشا کہ جلوہ دلدار ۔ متجلی ست از در و دیوار الخ یہہ قصیدہ نہایت خوب ہے اسکا دیکہنا اور پڑہنا کمال فائدہ دیتا ہے یہہ ارشاد و ہدایت سحر خیزی و شب بیداری پہر اور کسی خادم یا مرید کے لئے آپ نے نفرمائی یہہ خصوصیت منشی صاحب کا ہی حصہ تہا جو اسرار سے خالی نتہا جب یہہ ہدایت ہو چکی چاشت کا وقت آیا میر عباس علی اور میر غلام محمد صاحب نے کچہہ روپیہ بطور نذرانہ حسب عادت قدیم پیش کیا فرمایا یہہ روپیہ اب منشی فضل رسول صاحب کو دو چنانچہ اون دونون نے وہ روپیہ منشی صاحب کو پیش کیا اور رخصت ہو کر چلے گئے اوسیدن مولوی فضل علیم صاحب برادر زادہ مولوی محمد فضل حق صاحب خیرآبادی معہ بانوئی خانہ بارادہ بیعت حاضر ہوے اونکو اوسیدن بیعت فرمایا اور رخصت کیا عصر کے بعد چارپائی پر پا دراز کئے استراحت فرما رہے ہین کہ آپ نے یکایک یہہ شعر پڑہا

چیست توحید آنکہ از غیر خدا	فرد آئی در خلا و در ملا

پہر منشی صاحب سے فرمایا کہ کچہہ سنت اور نفل باقی ہین منشی صاحب نے خیال کیا کہ اسوقت

نماز کا ارادہ ہے حجرہ سے باہر آگئے اور ذراسی دیر کے بعد پھر حجرہ مین چلے گئے اور
رحلت فرمائی حاضر خدمت رہے بوقت عین رحلت فرمائی حضور ایک ایسی حالت
کے وجود مین پیدا ہوئی کہ جس سے خوف تلف جان تھا اوسکے بعد کوئی کلام حضور
نفرمایا اور دس بجے رات کے دوشنبہ کے دن ۲۶- ربیع الاول مطابق ۱۲ پھاگن
۲۷- مارچ ۱۹۱۸ء شاہدازل سے آپ کا وصال ہوا- انا للہ وانا الیہ راجعون + + +

چشم بست اندر زمان آن محو ہو	رحمۃ اللہ تعالےٰ روحہ
داد جان اندر فروغ روی ہو	قدس اللہ تعالےٰ سرہٗ
روح سلطانی ز زندانی بجست	جامہ چہ دریم چہ خائیم دست
رفت آن طاؤس عرشی سوی عرش	چون رسید از ہاتفانش بوی عرش
چون مجرد گشت از غوغای تن	می پرد با بر دل بے پائے تن
مومنان را ہست ایمان در اخیر	در شہادت گفتن ای مرد فقیر
عارفان را شد شہادت وقت کار	دیدن روی جہان آرای یار
ہان نہ پنداری کہ ایشان مردہ اند	بلکہ جان از دست مردن بردہ اند
گر نداری باد رائی در پندظن	بشنو از قرآن بخوان لا تحسبن
چون فنا خود را در ینجا ساختند	رایت باقی شدن افراشتند

نقل تمثیلی ایک درویش کی جو حضرت شیخ علی رودباری قدس سرہٗ کی خانقاہ مین جان بحق ہوے

رودباری آن امام اولیا	گفت درویشی بیامد پیش ما
مرد و پس تکفین و تجہیزش تمام	کردہ ام زان پس نمازش با انام
پس بجا کش کردہ ام اندر لحد	چون نرفتہ کس برفتم پیش خود

خواستم رویش نہم بر خاک تا	بوکہ بخشد بر عزیزیش خدا
ناگہان دیدم کہ چشمان کرد باز	گفت می آید شگفتم زاہل راز
بو علی چون من عزیز کردگار	خوار می پنداری ولی اعتبار
گفتم ای محبوب اللہ الصمد	بعد مردن زندگانی ہم بود
گفت آری زندہ است انکو چو من	بے گمان باشد محب فی والمنن
کے بمیرد مرگ بر وی کے رواست	زندہ و پایندہ بہتر از شماست
رود باری می کنم باری ترا	پیش باری غم مخور روز جزا

ایضاً حضرت احمد جام رحمت اللہ علیہ کا قول

چونکہ ازین تنگ قفس بر پری	رخت برین ہفت چرخ معلی بری
زندہ شوی زندہ تر از زندگی	باز رہی زین قفس سرسری
دلق تنت پارہ شود فی المثل	روح مجرد شود از برتری
پارہ شود جامۂ تن چاک چاک	خلعت شاہانہ کشی از سری
یافتہ خورشید تو تابی دگر	ماہ شوی و جرگہی مشتری
از تن قالب یابی خلاص	بر پری از حجرہ این شش دری
در عوض ژندہ و دلق کہن	صوف مرقع کشی از ششتری
مرگ بقا دان کہ وفا ہستیش	از غلط این وہم فنا می بری
جان کہ ازین قالب خاکی شدہ	زندہ بدان ماندہ نہان چون پری
احمد ازین سر نہان باز مان	چند بگوئی سخن داوری

تاریخ وصال من تصنیف منشی محمد حسین صاحب ساکن ناٹور ضلع بجنور

وای صد وای چہ سان ضبط کنم نالہ و آہ	میخلد نشتر فرقت بدلم شام و پگاہ

سید غوث علی مرد خدا مرشد ما
هادی راه هدا قبلهٔ ارباب صفا
شاخ حسنی و گل گلشن غوث الثقلین
واصل ذات احد واقف اسرار صفات
سرو آزاد و قلندر روش و عارف حق
ایمن از دغدغه و وسوسه هر دو جهان
طالب حق که مشرف شده در بارگهش
هر که آمد بدرش سائل و خواهان مراد
در شبی رویت خیر البشرم شد حاصل
هر دو بودند بشکلی که چو سلطان و وزیر
سوی چپ بود به پهلوی محمد چو مشیر
راست رخساره و هم مهر نبوت دیدم
ماسوا اینکه چه دیدیم دگر راز و نیاز
وای ناکامی بختم که چنان خضر صفات
حیف صد حیف که از دار فنا رفت امروز
دل درین رنج و الم بود گرفتار که گفت
وی که در حق طلبی کرد فنا هستی خویش
مرده انگاشتن آنرا ز رهِ نادانیست
این بشارت که تسلی دهِ خاطر گردید
بعد بر داشتن دست درود و الحمد
گفت از روی طلب خویش گرفته محمود
بود خضر رهِ توحید که سبحان الله
ظاهر و باطنش آراسته ماشاء الله
عالم با عمل و آل رسول ذیجاه
فارغ از شک و یقین شیفتهٔ نام اله
خواهش مژده نه در دل طلب تو شده راه
بود بر منظر لاخوف ولیء الله
داد در کاسهٔ او نقد زر الا الله
باکسی کرد نه جز وعدهٔ انشاء الله
دیدم این شیخ بهمراه حضرت والله
دیگر یرا نگذر بود دران خلوت راه
بودم استاده پس پشت چو بیننده دو گاه
لیکه هیبتش شده در شده حاشا الله
بود از فیض اشارات همان والاجاه
جامه بگذاشت و پوشیده شد از خلق الله
شد صدا از سر من سایهٔ آن ظل الله
بلبل جان خبر شنیدم بفراقش ناگاه
قبل از مرگ که شد کشته به عشق الله
هست و زنده جاوید بگو بسم الله
دل شکیبا شد و زد نعره انا الله
فکر تاریخ بر آورد مرا بر سر راه
یافته وصل — شهنشاه حقیقت آگاه
۱۲ ھ ۹۷

تاریخ وصال من تصنیف پیرجی واجد علی صاحب خادم حضرت قبلہ

غاب شمس الضحی عن اعیننا	خلت النجم والقمر بدلا
رغب فیہ ارخ الہاتف	عنہ واجد علی اذا سالا

۱۲۹۷ھ

ایضاً من تصنیف شوکت علی برادر پیرجی واجد علی صاحب لصنعت توشیح

س	سرش گردم کہ بود آن آشنای قلزم وحدت	ی	یقین دانم کہ بروی منتہی شد شان غوثیت
د	دلیل آمد ید اللہ فوق ایدیہم ید او را	م	مغنی ہم طالب حق شد کہ کردہ بر یدش بیعت
ح	حریم حال او رابیش ازین چشم سراغی نے	م	مگر جلوہ ہمین کرد از رخش شان الوہیت
د	دلش مایل نشد بر دولت دنیای دون ہرگز	غ	غنی القلب بود آن مایہ آن شاہ شہ عزلت
و	وجود او دلیلے بر وجود ذات مطلق شد	ث	ثبوت دین حق را شد ثبات پای او حجت
ع	علو ہمتش پیداست از ظرف عمیق او	ل	لب از طامات و شطحیات نا لودہ گاہ از خفت
ی	یم خون در وفاتش تازہ جوئی زچشمانم	ش	شنیدم ناگہان از ملہم غیبی کہ ای شوکت
ا	الم از جہ بل آحبار جہ از لاتشعرون ناشی	ہ	ہمین بر داشت آن سلطان عالی رخت در خلوت

۱۲۹۷

دیگر تاریخ وصال از منشی فضل رسول صاحب سلمہ بطور تخرجہ

گذرے ہستی سے جب حضرت آہ	ہوے واصل بذات حق واللہ
پایا جب رتبہ فنا فی اللہ	شیخ صادق ہوی بقا باللہ

۱۲۹۷ھ

ایضاً

شیخ ما ہیبت شیر مرد فرد	دل شیران ز ہیبت او سرد
دولت فقر اینچنین دارد	کہ ہمہ چیز ہاست پیشش گرد
کے بمیرد فقیر زندہ دل	موت گردد و نگردد گرد مرد

حضرت ما نه مرده اند ولیک — بفراق آمده چو جان بدرد
عاشق ذات حق لقا بہ شوق — جان خود را فدای باقی کرد

۱۲۹۷ ھ

ایضاً

شیر مرد فرد شاه اولیا — عاشق جان باز ذات کبریا
صاحب توحید و تفرید و فنا — عارف بے باک با صدق و صفا
نام نامی سید غوث علی — کرد رحلت چون ازین دار فنا
ناگهان آمد ز غیبم این ندا — صاف گوای صاحب مہر و وفا
گرچه در توحید یکتا بود و فرد — هم قلندر بود آن مرد خدا

ایضاً من تصنیف منشی امو جان صاحب خادم حضرت سائیں شاہجہان آباد

مقام ساخت بقرب جلال حضرت حق — زحال زیست چو بگذشت غوث عالیجاه
بہجرت آمده روحانیان ہمی گفتند — زجای خویش بجنبید قطب مقبل آه

۱۲۹۶ ھ

ایضاً

میرے مرشد پاک غوث زمان — صفات جہانی کو جب کر کے دور
ہوے واصل ذات تو زیر عرش — ملایک یہی کہتے تھے یا غفور

ایضاً

نہان چار جاده شد از جسم سالک — ازینجا چو برخاست آن ہادی ما
بجانم ازان دم ہمہ تن بخاک است — زبانت صداقت اشارت غبارا

جس وقت طایر روح مقدس نے اوج لامکان کی طرف پرواز کیا منشی فضل رسول صاحب نے جس سمت کے لئے اشارہ فرمایا تھا او سطرف چند باشندگان پانی پت کو قبر کی جگہہ تجویز کرنے کو بھیجا جب وہ سب صاحب جگہہ کو تجویز کر کے آئے اور اونکی زبانی معلوم ہوا کہ ایک

قطعہ زمین شاملات دیہہ غیر مزروعہ ہے وہان مزار کے لئے عمدہ موقع ہے تب منشی صاحب خود وہان تشریف لے گئے اور اوس قطعہ زمین کو ہر چار طرف سے دیکہکر ایک جگہہ پر اپنے ہاتہہ سے ایک خط کہینچکر بتادیا کہ یہان قبر تیار کراو چنانچہ اوسی جگہہ مزار مبارک بنا پہر محمد اکبر صاحب رئیس پانی پت نے حسب ارشاد منشی صاحب تجہیز و تکفین کا بندوبست کیا اور جو کچہہ صرف ہوا منشی صاحب کی ذات سے ہوا مولوی راغب اللہ صاحب نے اپنے ہاتہہ سے آپکو غسل دیا جب جنازہ قبر پر پہونچا منشی صاحب نے مجمع عام مین افغان صاحبان باشندگان پانی پت کی خدمت مین عرض کیا کہ یہہ زمین شاملات دیہہ آپ کی پٹی مین واقع ہے اگر آپ صاحبونکو یا کسی اور حصہ دار کو زر قیمت لینا منظور خاطر ہو تو مجکو کچہہ عذر نہین ابہی ادا کیا جائیگا سب نے باتفاق فرمایا کہ ہمکو قیمت لینا ہرگز منظور نہین یہہ زمین بنام خانقاہ سبکی طرف سے وقف ہے حاضرین نے صدای مرحبا بلند کی اور بلند ہمتی کی داد دی پہر وجود اقدس اور جسم مقدس کو دفن کیا زمین نے اپنا شرف اور اعزاز

گشت تا بیت الشرف از مقدمت کاشانہ ام	طعنہ بر خورشید دارد فرش جنت خانہ ام

جب تیسرا دن ہوا تو منشی صاحب نے رسم سوم کا انجام محمد اکبر صاحب کی معرفت کرایا جسقدر روپیہ درکار ہوا دیا چونکہ عالم حیات مین حضور نے کسیکو اپنا قایم مقام نہین فرمایا تہا اور اجازت بہی کسیکو خلافت کی نہین دی تہی اسلئے بعد فاتحہ خوانی بموجودگی جملہ رؤسای پانی پت مجاوران حضرت قلندر صاحب رحمت اللہ علیہ و سجادہ نشینان حضرت مخدوم صاحب و شاہ ولایت صاحب قدس اللہ اسرارہما اسبات پر آمادہ ہوی کہ ہم متفق ہوکر کسی کو خلیفہ مقرر کرین اور اوسکے سر پر دستار خلافت باندہین منشی فضل رسول صاحب سی سب نے دریافت کیا کہ جسکے سر پر آپ کہین اوسکی سر پر دستار باندہی جای منشی صاحب نے باواز بلند فرمایا دستار فقر فقیر کے سر پر فقیر باندہتا ہے اور فقیر صاحب بصارت وادراک ہوتا ہے جسکو دیدہ باطن سے دستار باندہنے کی لایق دیکہتا

اوسکے سر پہ باندھو اور اگر نمبرداری یا چودہرات کی دستار ہے تو جسکے سر پر چاہو باندھو یہہ سنتے ہی سب کے دل سے ارادہ دستار بندی فسخ ہوگیا اور سب کہنے لگے کہ بیشک جسکو ذات احدیت قابل دستار بندی کریگی یا جانشینی اور خلافت کی لائق ہوگا وہ خود بخود مرجع انام و ملجای خاص و عام ہوجائیگا چند روز کے بعد بعض معتقدین نے بدقعات کچہہ سامان کرکے مزار پختہ بنا دیا اور جب سے مزار شریف پختہ بنگیا حافظ محمد یوسف صاحب وہین رہتے ہین

یہہ ترجیع بند جناب قبلہ و کعبہ منشی فضل رسول صاحب نے بعد وصال بکمال حال رنج و ملال لکھا ہی

بود روزی کہ در ترحت جان و دل بود
رشحہ لطف ز ابر کرمت نازل بود
گلشن عیش فزا بود برنگ فردوس
غم دارین ز دلہا بدمی زایل بود
ہر دمے عیش فزا راحت و فرحت سامان
لذت و کیف چگویم کہ چسان شامل بود
چہ خوش آن بزم کہ از گرمی مہر الطاف
محو گشتی ہمہ گر ناقص و گر کامل بود
از سر شوق قدم ساختہ حاضر شدمی
دل دیوانہ فدای رخت ای واصل بود

یاد باد آنکہ سر کوی توام منزل بود
دیدہ را روشنی از خاک درت حاصل بود

من ز جان شیفتہ خوبی و خویت بودم
عاشق جلوہ حسن گل رویت بودم
تو شہنشاہ دل و روح و روانم بودی
من غلام از تہ دل موی بموت بودم
ناز بر ناز مرا بود کہ پیرم ہستی
محو صد ناز شب و روز ببویت بودم
مغز جان از چمن فیض معطر می شد
بس خوش و خورم و دلشاد ز بویت بودم
تو باقلیم بقا تخت نشینی بودی
من یکے خاک نشین سر کویت بودم

یاد باد آنکہ سر کوی توام منزل بود

دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

باد آی خوش و با جاه و جلال و تمکین — رونق افزای جهان بود و دین آئین
رشک گلزار ارم بود شها ہالی بت — فخر می کرد بگردون ز علوی دو تمکین
چه بهار و چه فضا بود چه شان و شوکت — چه مساوات توان کرد با و علیین
کیستم من که کنم شرح و بیان آنوقت — هیچ ناید ز من عاجز و مسکین تحسین
چون خیال رخ زیبات بدل می آید — می کنم ناله بجان و دل حسرت آگین

یاد باد انکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

هیبت رعب تو چون شیر نیستان می بود — شان حیدر ز جبین تو نمایان می بود
از بیانهای رموزات نکات توحید — سالها صاحب تحقیق چه حیران می بود
چو تو دلشاد درین باغ ندیدم هرگز — بس شگفته چو گل تازه و خندان می بود
بر در فیض تو صدها چه امیر و چه فقیر — بهر دیدار تو حاضر شده قربان می بود
بعد هر سال جبین سای درت می بودم — لطف و اشفاق تو ای شاه فراوان می بود

یاد باد انکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

کافر و مومن و ترسا و نصاری و یهود — هر که و مه سر و دیده جبین های سود
عارف کامل و بے باک چو تو کس دیگر — زیر این گنبد دوار ندید و نشنود
هر نفس کیت می ناب تحیری می داد — هر دمی عقده توحید چه حل می فرمود
این وجود و عدم و نیست و هست موجود — بود و نابود همه پیش تو یکسان می بود
لطف و احسان تو بسینه نقش دارم — از زبان شکر سرابستم و از دل بسجود

یاد باد انکه سر کوی توام منزل بود — دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

از قدوم بوس و شرفیابی لطف دیدار
هر شب و روز مرا عید مبارک بودے
خواهش حور و پری بود نه فکر دوزخ
چه فصاحت چه بلاغت چه کلام شیرین
دست بسته بادب پیش تو حاضر بودم

چه قدر فرحت و شادی شدی حاصل هر بار
بے غم دین و نه دنیا و نه فکر اغیار
محو گشتی همه غم از نظر فیض آثار
هر کلام تو چو باران کرم گوهر بار
وقت آراستگی باغ و بهار در بار

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

برق چشمت چه بلاخیز و چه پر آفت بود
بارش فیض تو چون بارش باران کرم
دل هر کس چو گل تازه شگفته می شد
هر که آمد به تمنای حصول مطلب
تا که در خدمت والای تو حاضر بودم

گر تحمل بتوان کرد دگر طاقت بود
بزمین دل خدام بهر حالت بود
چون نسیم سحری مصدر صد فرحت بود
دست الفت بسرش و شفقت عادت بود
سایهٔ لطف تو هر دم بسرم غایت بود

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

باب فیض تو کشاده پی هر پیر و جوان
می رسیدند ز اطراف و جوانب هر روز
هر یکے گوهر مقصود ز بحرت می یافت
هیچ سائل گہے از باب تو محروم نگشت
بفراق تو من سوخته جان می گویم

خوان نعمای تو گسترده پی هر مهمان
طالب جلوهٔ مولی همه افتان خیزان
پر شدی دامن امید ز گلهای تر آن
هر کسی آمدی مغموم برفتی شادان
با دل پر غم و پر سوز و بچشم گریان

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

هر سحرگاه که از راه عنایات و کرم — می نهادی قدم خویش تو بالای سر […]
کلبه از نور جمال تو منور می شد — طایر شوق همی گفت که بر عرش […]
دامن دولت آن شاه گرفته در دست — بوسه می دادم و پر نور شدی جبه […]
نکهت تازه گلهای فیوض باطن — ساختی طبله عطار و نسیم سحر […]
این عنایات و کرمها که تو می فرمودی — ساختی مظهر صد کیف و دادا ز دو در […]

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

چون ز دوری دل من طالب دیدار شدی — هر دم از غلبهٔ دردت دلم افگار شدی
در سرم بود خیال رخ زیبا هر روز — هر شب این درد فزون بودی و بسیار شدی
وقت تحریر ز بی تابی و سوز فرقت — نامهٔ شوق پر از سوز دل زار شدی
گاه در نظم گهی نثر نوشتم نامه — جمله اوقات بدل صرف درین کار شدی
بهر اظهار تمنای حصول دیدار — بر زبان دلم این زمزمه هر بار شدی

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

سال آخر شده چون وقت عطای رخصت — عرض کردم با دب باز بحسب عادت
می روم از در تو لیک بفرمائی مرا — که شوم باز شرف باب حصول دولت
بجواب عرضم از رهٔ لطف و اکرام — گفتی ای شاه تو این لیک خلاف عادت
تو و من باشم و هم با توئی زیب خانه — از کرمهای خداوند بخیر و راحت
پس از آن ای شه کونین دعایم دادی — شاد باشی و روی شد ز دعایم حیرت

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

روز وصل تو من از بهر حصول دیدار   آمدم چون همه حسرت بدر فیض آثار
از ره لطف و کرم ای شه کونین مرا   این نصیحت بنمودی و نمودی تکرار
یاد داری و فراموش نسازی هرگز   دائما تا بسحرگاه بباشی بیدار
گرچه غافل نیم از لطف تو دارم امید   تا دم زیست درین کار بمانم هشیار
این نصیحت پی من بود ز نعمای عظیم   روز رحلت تو عطا کردی و رفتی زین دار

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

چون ازین دار فنا نقل نمودی هیهات   حکمم عرض گذشتند چه رنج و آفات
همه بر ذات شریف است بخوبی روشن   که چها رنج کشیدم چه بلا و آفات
الله الحمد فراموش نکردی ما را   هست الطاف بسی چاره درد و حاجات
نیست زان هیچ مرا طاقت و یارای سخن   که برآرم بزبان حرف یکی زان کلمات
لیکن از عرض همه یاد دهانی کردم   باز تکرار کنم شعر برمز حالات

یاد باد آنکه سر کوی توام منزل بود
دیده را روشنی از خاک درت حاصل بود

خاتمهٔ ریاض الفقر

لله الحمد که از فضل خداوند کریم   وز عنایات فراوان و کرمهای عظیم
آنچه حالات جناب شه دین آئین   بد منقش بدل زار و ترا زو مسکین
زیب قرطاس نمودم همه را بالتحقیق   از ره صدق و باخلاص و یقین و تصدیق
وقت آغاز تماشای طلسم و نیرنگ   آنچه کردم چه نمایم به بیانش آهنگ
چون به ترتیب دل افروز با تمام رسید   مژدهٔ خاص بکام دل ناکام رسید

دیدم آثار کرمهای کرامت مشحون   شد یقینم که در آمد باجابت مقرون

فکرها رفت و طرب خست اقامت آمدست   دلم از فرط بشاشت علم عیش افراخت

یارب این گلشن شاداب ریاض الفقرم   باد لوز نظر و عیش قلوب عالم

تا ابد باد شگفته چو ریاض جنت   نکهتش مایهٔ عیش و طرب و صد فرحت

فیض یاب از نظرش قلب جهانی بادا   فیض عامش بهمه شهر و مکانے بادا

دل عشاق پر از نور جمالش باشد   خوشه چین هرکس و ناکس ز کمالش باشد

تا که باشد چمن عیش بگیتی آباد   باشد این روضهٔ دل حسن بخوبی و مراد

ہمہ عالم چو برگ و بار و شجر این ہمہ رنگہا ز بیرنگی	از یکی دانہ این ہمہ زدہ سر گشت ظاہر چہ رومی و زنگی

عاشقان ذات ہر شکل اور ہر صورت اور ہر رنگ و روپ مین اوسکی قدرت اور جلوہ افروزی کا ایک تماشا دیکہتے ہین اور ہر راہ و روش سے خدا جوئی کرتے ہین اور اوسکے طلب مین ہر ایک سے ملتے ہین ؎

گہ معتکف دیرم و گہ ساکن مسجد توئی مطلوب و مقصودم توی معبود و مسجودم گرم رکہتی ہین ملاقات بد و نیک سے ہم	یعنی کہ ترا می طلبم خانہ بخانہ اگر در مسجد اقصی و گر در دیر رہبانم تیری ملنے کی لئے ملتے ہین ہر ایک سے ہم

التوحید اسقاط الاضافات کا مرتبہ بغیر فضل الہی و رتا بید غیبی کی حاصل ہونا دشوار ہے

خراباتی شدن از خود رہائی است بدان ایدل تو اوصاف خرابات	خودی کفر است اگرچہ پارسائی است کہ التوحید اسقاط الاضافات

خرابات از جهان بی مثالی است	مقام عاشقان لاابالیست
خرابات آشیان مرغ جان است	خرابات آشیان لامکان است
خراباتی خراب اندر خراب است	که در صحرای او عالم سراب است
گرفته دامن رندان خمار	ز شیخی و مریدی گشته بیزار
چه شیخی و مریدی این چه قید است	چه جای زهد و ناموس این چه صید است
اگر روی تو باشد در که و مه	بیت و زنار و ترسائی ترا به

واقفان اسرار وحدت اور رموزدانان حقیقت و معرفت کا قول ہے جو راہ توحید مین پختہ اور کامل ہونا چاہے ظاہر مین شان عبودیت یعنی طاعت عبادت ریاضت مین مشغول رہے اور باطن مین ذاتاً صفاتاً صورتاً و معناً اس دھیان اور گیان مین رہے مین یقین ہون جو کچھ ہے وہ ہی ہے ۔

شو بباطن ربوبیت پرداز	لکن بظاهر عبودیت اقرار

وہم مائی اور توی کو بالکل دل سی مٹانا اور غیریت اور دوئی کو محو کرنا اور ایسا محو کرنا کہ خواب و بیداری مین کبھی خیال ماسوا اللہی کا ناوی مناسب ہے ۔

سخن ما و من مگو با او	با تو باشی و درمیان با او
ما و منی و او و توئی شد حجاب تو	از خود بدین حجاب چه محجوب میشوی

جو طالب ایسی ہین کہ اون کا دل تقیدات رسومات تعصبات عادات کی زنجیروں نے جکڑا ہوا ہی اون کو راہ توحید بسیار دشوار گذار معلوم ہوتا ہے ۔

آنچه کفر است بر خلق بر ما دین است	تلخ و ترش همه عالم بر ما شیرین است
چشم حق بین بجز از حق نتوان دید هیچ	باطل اندر نظر مردم باطل بین است
گل توحید نروید ز زمینی که درو	خار شرک و حسد و کبر و ریا و کین است

اون کی دل مین ہزاروں طرح کی خیالات اور توہمات اور خطرات وحشت آگین ایسے

آتی ہین کہ توحید کی باتون کا سُننا بھی اون کو ناگوار معلوم ہوتا ہی تمام عمر دوئی کی باتین از راہ گوش سُنکر اون کی دل مین نقش کالحجر ہوگئی ہین اور ہر رگ وپی اور بال بال مین لبس گئی ہین یکایک اون کا دور ہونا مشکل ہے برسون تک اگر کوئی اونکو سمجھاوے تو بھی سمجھ مین نہین آتا ؎

برو ای زاہد خود بین کہ زچشم من و تو — راز این پردہ نہان است و نہان خواہد بود

آخر کار اس راہ کو راہ کفر اور الحاد کہنی لگتی ہین اور صدہا طرح کی طعن اور اعتراضات کرتی ہین سو یہہ اون کا قصور نہین ہی وہ اس راہ کی علم اور آگہی و رمادہ اور استعداد نہین رکہتے

جہل خود را کسی چہ چارہ کند — خویش را زو مگر کنارہ کند
از سر جہل جملہ در وہم اند — سر احوال خویش کم فہمند
جہل غیری حجاب شان گشتہ — خود ذی شان عذاب شان گشتہ

حضرت قبلہ و کعبہ قافلہ سالار موحدان و قلندران ہر ایک سی ملتے تھے اہل ہنود کی ذکر شغل بہی آپنی کئی ہتی موحد یک رنگ تھی آپ کا دل مغایرت اور دوی اور دورنگی سی پاک اور صاف تہا مادہ توحیدی آپ کی وجود مین فطرتی تہا شاہ شرف الدین بو علی قلندر اس مرتبہ کی نسبت فرماتی ہین ؎

نہ ملک ایجا نہ درویشی نہ پیوند است و نی خویشی — نہ کیش است و نی کیشی بجرف جملہ مضمر بین
نہ ہشیاری و نی ہستی نہ پستی و نی تہید ستی — شدہ در نیستی ہستی سر اندازی سراسر بین
نہ ایجا کفر نی ایمان نہ ایجا حجت و برہان — نہ ایجا آیت قرآن ہمہ کج راست باور بین

سب سی آپ رلتی ملتی ہتی مگر طریقہ اتباع شریعت مین سر مو فرق و تفاوت نہ تہا ہنود مین بہت ایسی ہین اور ہوی ہین جو اہل اسلام سی بلا تعصب مستفیض ہوی ہین بقول تلسی داس

تلسی جگ مین آئی کی سبسی ملئی داہ — نا جانون کس بھیکہ مین نارائن ملجائی
ہر چہ بینی یار ہست اغیار نیست — غیر او جز وہم و جز پندار نیست

جسکی دل مین آتش طلب مشتعل ہوتی ہی اوسکو رات دن یہی دُہن لگی رہتی ہی اور ہر وقت بی چین اور بی قرار رہتا ہی اور غلبہ شوق مین ہر طرحسی خدا جوئی مین خون جگر کہاتا ہی

زدرد دین ہمہ پیران رہ را ... محاسن ہا بخون دل خضاب است
ہمہ مردان دین را زین مصیبت ... جگرہا تشنہ و دلہا کباب است

بمقتضای غلبہ طلب ورہنوتی سیری کی عاشقان صادق حق نی کیا کیا نہین کیا مجنون ہزارون کوس پہری صدہا فقیر دن سی ملی صدہا مزارات پر گئی تمام عمر ریاضت و مجاہدہ مین مصروف رہے۔

ان را کہ از روز ازل سودای دلبر در سر است ... دیوانہ گشتہ ہر زمان حیران و لال و ابتر است
وابستہ قید جنون وارستہ از عقل و فسون ... فارغ شدہ از این و آن این سود و سودا دیگر است

شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ حال تہا کہ جس جگہہ نقش اللہ دیکہتے اوسکو بوسہ دیتی غیب سی آواز آئی کہ کب تک اسم کی ساتھ مشغول رہو گی اگر مرد طالب ہو تو مسمی کی راہ مین قدم رکہو

اسم میخوانی مسمی را بجو ... بی مسمی اسم کی باشد نکو
گر خدا خوانی خدا جوئی بکن ... ورنمی جوئی مخوان لفظ کہن

اس ندا کی سنتی ہی ایسا شوق پیدا ہوا اور عشق نی غلبہ کیا کہ اپنے آپ کو دجلہ مین ڈال دیا موج آئی اور اوسنی کنارہ پر کر دیا پہر آگ مین جا پڑی وہان بہی نہ جلی۔

گاہی مزاحم گری وگہ شکست اوست ... بی تاب عشق ہر چہ کند حق بدست اوست

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ حال تہا کہ ایک سو کئی بزرگون سی ملی اور سیر تہوی کبہی مسجد مین جاتی کبہی میخانہ مین جا بیٹہتے کہ اگر اوس راہ سی کچہہ نہین ملتا ہی تو اس راہ سے ملجایگا مقصود آپ کا ہر راہ سے خدا جوئی تہا۔

گر تو اید ل طالبی در راہ او ... می نگر از پیش و پس آنگاہ رو
تو چہ دانی تا کدامے رہ روی ... ور کدامی رہ بدان درگہ شوی

هست باهر ذره درگاهے دگر	پس بهر ذره بد وراهے دگر

عشاق پر بحالت غلبۂ عشق جو کچھ گذرتا ہے اوسکو وہ ہی خوب جانتی ہین۔

ای کہ دل افگار و جگر خون نۂ	ہا تو چہ گویم کہ تو مجنون نۂ
رفت ہمہ عمر بچون و چرا	در طلب حضرت بیچون نۂ

ہند مین ہندو اور مسلمان مثل شیر و شکر کی باہم ملے ہوی ہین اور شادی و غمی مین ایک دوسری کی شریک ہوتی ہین حضرت کا سب سے رلنا ملنا جلوہ ظہور قدرت الٰہی کا دیکھنا تھا

حضرت موسٰی علیہ السلام کو خداوند کریم نے ابلیس کی پاس جو راندہ درگاہ الٰہی ہے جانی کا حکم دیا اگر راز نہ تھا کیا تھا۔

قول شیخ عطار رح

روزی از روزہا کلیم اللہ	خواست مرشد ز ایزد دادار
وحی آمد بسوی او کہ برو	پیش ابلیس مفسدان سالار
راہ طی کرد رو بحکم نہاد	رفت در پیش آن لعین ناچار
گفت ایزد برای ارشادم	بر سر تو نہاد تاج مدار
زین سخن ہمچو شعلہ بر جنبد	جست و بر جا نشستہ ہمچو شرار
گفت من از دم ازل دارم	طوق لعنت بگردن ادبار
تو ندیم خدا ندارے ننگ	تو کلیم خدا ندارے عار
من کجا و طریق این احکام	من کجا و سبیل این اطوار
من نہنگم نہنگ عصمت خوار	من پلنگم پلنگ دین ادبار
راہ و رسم ضلالت اند من پرس	زیر این سبز گنبد دوار
بزبان بتاز بازرسش گفت	ای تو در راہ عشق خوش رفتار
درس کرد و بیان تو مے گفتی	نکتہ ہم برای من بگسار

به تکلم در آمد و بکشود — لب گوهر افشان و شکربار
من مگو تا تو همچو من نشوی — این سخن راز من بخاطر دار
یعنی اول چو من تو اے سره مرد — زحم او را اسیر بسته بیار
چون شدی همچو من بر و پس از ان — هر چه خواهی بگو و باگ مدار
چون شنید این سخن از و موسیٰ — گفت از روے عجز والا انکسار
راست گفتی درست فهمیدم — این سخن از تو اے ملک عیار

نقل شیخ جنید بغدادی ایک دن بازار مین جاتی تہی شیطان بلباس مشایخ نظر آیا
شیخ نی فرمایا ای ملعون کہان جاتا ہے ابلیس نی جواب دیا ای کافر تو کہان جاتا ہی
شیخ نی کہا مین کس طرح کافر ہوا اوسنے کہا کہ نظر آپ کی ماسوا ر اللہ پر پڑی شیخ
بولے کر عین الیقین کی تعلیم آج سے ہمکو ہوئی کشف و کرامت مین مشہور تہا مگر
خدا تعالی کو نہین پایا تہا اب تحقیق ہو گیا العارف ہو الذی لا یعرف اللہ سوا ک
ذکر شغل طریقہ ہنود کی اکابرون نی بہت کئی ہین مصنف کتاب بحر الحقایق کا قول
ہے کہ اشغال فقرای ہنود بختگی اور راحت بخش سالک ہین اور صوفیہ کی نزدیک
معتبر اور اونکی طرز کی مطابق ہین طریقہ حبس دم مابین فقرا ے ہنود و اہل اسلام اور
پارسیون کی مشترک ہی جس طرح حبس دم کا طریقہ نقشبندیہ مین مقرر اور معمول ہے
اسی طرح ہنود مین پرایانام مین مقرر اور معتبر ہے اور بعض بزرگون کی نزدیک حبس دم
واسطہ نفی خطرات کی اصل الاصول اور مشروط ہے اور طریقہ چشتیہ اور قادریہ
اور شطاریہ اور نقشبندیہ مین رائج ہے اور حبس دم کا طریقہ قبل از بعثت جناب
رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم جاری ہی ور تراکیب بہی ذکر شغل کی پہلی سے کتب ہنود
اور پارسیان مین درج ہے پارسیون مین جو آذر ہوشنگ بادشاہ اس گروہ کا ہوا ہے
حبس دم کرتا تہا اور افراسیاب بن پشنگ حبس دم کرنی مین بہت رسا تہا اور پارسیون مین

ایک کتاب ہی سایا پال نام اوسمین اعمال کی ترکیبات بہت درج ہین اس سی بہتر کوئی اور
کتاب اونکی طریقہ مین نہین ہے کتاب زردشت افشار مین بہی ہنود کی اللہ ٹہیک کا حال
لکہا ہی اور پھر بہی لکہا ہے کہ جسکو جوگیا مین پدم آسن کہتے ہین پارسیون مین اوسکو فرنشتن
کہتی ہین اور پدم آسن کی ساتھ فارسی ایرانی حبس دم کی ساتھ اسطرح ذکر کرتی ہین کہ
کلمہ نیست کو سر ناف سی ہنجگر سر سید ہا کری اور نیستی کہتا ہوا طرف پستان راست کی سر سے
اشارہ کری اور گمر گاتا ہوا سر اوپر کو لیجای اور یزدان کہتا ہوا جانب پستان چپ کی
کہ وہ جای دل ہی سر خم کری اور ضرب دی اور ایک دم مین ایک آواز سی پڑھی اور
اگر ہو سکی تو ایک دم مین کئی دفعہ پڑھی دس بار یا بیس بار تک نوبت پہونچاوی یہہ
کلمہ پیا سیون ایرانیون کا ہے نیست ہستی مگر یزدان یعنی نہین ہی معبود مگر اللہ اور بوقت
ذکر تین چیز پر نگاہ رکہی محبت خدا حضور دل حضور مرشد اور جہر سے کرنا ہی جایز ہے اور کتاب
شرح جام کیخسرو سے اوس زمانہ کی صوفیہ نی اکثر باتون کو نقل کیا ہی اور کتاب دبستان
مصنفہ حکیم الٰہی فرزانہ بہرام مین تقلیل غذا وغیرہ کا ذکر ہی اور حضرت دیوان عبد الرشید
قدس سرہ نی کتاب گنج ارشدی مین ہنود کی آسنون وغیرہ کا حال بہت درج فرمایا ہی المختصر
حبس دم کا رواج قدیم الایام سی ہے اور پاس انفاس اہل ہنود کا مطابق اہل اسلام کی
ہی اہل اسلام مین کلمہ شریف یا اسم ذات سی کرتی ہین اہل ہنود دین کلمہ الکھ کو نقش کے
خروج اور دخول کی ساتھ کرتی ہین اور بعض دم برآمد ہونی کی وقت سوہن اور دم
اندر جانیکی وقت ہنسو کہتی ہین اور اوہنگ سوہنگ کی ساتھ ہی پاس انفاس کرتی ہین اور اسکی مواظبت
سے فتح باب غیب الغیب ہوتا ہی اور بعض بر وقت اندر جانی نفس کی ہنسو اور باہر آنیکی سوہن تخیل کرتی ہین

صح
اور او ہنگ
سو ہنگ کی
ساتھ ہی پاس
انفاس کرتی ہین

در عالم عاشقی حسابی دگر است	رسم دگر است و احتسابی دگر است
در مذہب ما نماز با شد نہ نماز	پیغمبر عشق را کتابی دگر است

جس طرح متقدمین نی ذکر شغل طریقہ اہل ہنود کی کئی ہین اوسی طرح حضرت نی بہی ذکر فکر اہل ہنود کے

خصوصاً طریقہ سیناس کی کہ یہ موحد ہوتی ہین بہت کئی ہاتے ☙

عشق را با کافر و مومن نباشد احتیاج	این سخن بر مسجد و بیت خانہ بی باید نوشت

مگر جسکو وہ اوپی کہتی ہین وہ نہین کی تھی اور وہاو تی اوسکو کہتی ہین کہ اپنی تن من خواہشات اور لذت نفسانی اور جسمانی کو ایسا مارے کہ اگر عورت جوان ہم صحبت ہو تو مطلق خواہش اوسکی پیدا نہو اگرچہ کثرت ریاضت اور مجاہدہ سی آپ کا تن من ایسا ہی مرا ہوا تہا اور بباعث کشش ربانی اور غلبہ عشق حقانی کی کبہی آپ کو خواہش عورت کی پیدا نہین ہوئی ہتی اور باوجودیکہ آپ کی والدین نی نسبت آپ کی کردی ہتی تاہم آپنے نکاح نہین کیا تہا بپاس ادب شریعت غرا کی جیسی فقراء ہنود امتحاناً عورت سی ہمکنار ہوتے ہین یہ تجربہ آپنے نہین کیا تھا ورنہ یہ مرتبہ حاصل تھا۔

چنانچہ حضرت کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمت اللہ نی دربارہ ذکر اشغال کشکول مین ذکر شغل محمود او بصیرا کی ترکیب ور اوسکی تعریف لکھی ہی اور ذکر شغل محمود الفقیر اکو ہنود فقیر ترک کی ہتی ہین شغل سرودہا اور انہدا اور حبس نفس وغیرہ ہی لکا بران نی کئی ہین جو ذکر شغل طریقہ فقراء ہنود کی حضرت قبلہ و کعبہ نی کی ہتی عموماً اپنے ارادہ سی کسیکو تعلیم تلقین نہین کرتی ہتی جو کوئی طالب ہی خواہش سی دریافت فرماتا تہا اوسکو بتلادیتی ہتی گو آپ طریقہ خاندان قادریہ چشتیہ اور سہروردیہ اور نقشبندیہ وغیرہ اور طریقہ سناسیہ مین فیض یاب ہتی اور نسبت آپ کی ذاتی تھی اور ایسی صاحب تصرف ہتی کہ جس طالب پر جس خاندان کی نسبت وارد فرماتی یا جس خاندان کی فیضان سی بہرہ یاب فرمانا چاہتے تی بہرہ یاب فرمادیتی تھی مگر چونکہ اہل ہنود کو بھی اکثر طریقہ قطب الاقطاب خلیفۃ اللہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ سی عقیدہ ہی اور اکثر ہنود آپ کی معتقد ہتی او آپ کی خدمت مین واسطے تعلیم اور تلقین کی آتے تھے اون کو طریقہ عالیہ قادریہ کی تعلیم اور ہدایت فرماتی ہتی اور ارشاد ہوتا تہا کہ الاعمال بالنیات ہی بقول بزرگی ☙ ے

ای گدا ہر جا کہ بنشینی با خدا دیوانہ باش	خواہ در مسجد نشین وخواہ در بتخانہ باش
می نگویم کہ از عالم جدا باش	بہر جائے کہ باشی با خدا باش

ابتک بعض ایسی اہل ہنود ہین موجود ہین کہ پیرایہ ظاہری ہنود کا رکھتی ہین اور باطن مین ذکر فکر طریقہ قادریہ کا کرتے ہین اور بعض ایسی ہین جو طریقہ قادریہ اور طریقہ ہنود دونون مین ذکر شغل کرتی ہین از راہ باطن سب کو حضور ایک نظر سی دیکھتے تھے کسی سے کچھہ نفرت نہین کرتے تھے کیونکہ راہ احدیت اور یک رنگی ان باتون سے پاک ہی حضرت شاہ شرف الدین بوعلی قلندر قدس سرہ فرماتے ہین۔ ع

کفر وایمان ہر دو را در ہم بزن	بعد ازان در باب این معنی بفن
کار پاکان با دغل باز ان مسنج	گر بسنجی رنج بینے گنج گنج
پیش ایشان مومن وکافر یکے	در دل ایشان نی یقین و نی شکی
این یقین وشک بود اند جاہلان	در دل پاکان نباشد این وآن
این وآن از وہم خیزد مرد را	مرد کو نا سے بداند مرد را
کی با ناجنس وہمدم غیب شود	با جنس خود ہمیشہ در طیر شود
شہباز کجا و ریتہ زاغ کجا	شہباز کجا بزاغ ہم پیر شود
آراستہ ظاہر اند وباطن بخشان	افسوس کہ اینچہ مے نمایند نیند

شغل محمودا اور نصیرا کی ترکیب دونون آنکھین کہلی رہے اور نگاہ دونون نرمہ مینی یعنی ناک کی اوپر رکہی اور نظر کرتی ہین ایسا خوض اور فکر کری کہ سیاہی دونون آنکہون کی غایب ہوجاے اور سپیدی چشم ظاہر ہو اور جمعیت خاطر اور خطرہ بندی ظاہر ہووی اس شغل کو نصیرا کہتی ہین اور اگر نظر آنکھ اوپر رکہی اور شغل جیسی کیا گیا ویسی ہی تمام کری تو اس شغل کو محمودا کہتی ہین اور اس مین فوایدبی شمار ہین الغرض طریقہ جوگ مین چوراسی بیٹھک ہین اور ہر ایک مین ایک خاص نفع ہے مگر شیخ بہاء الدین

قادری رحمنی ایک بیٹھک نہایت پسند فرمائی ہی اور اختیار کی ہے اور وہ یہہ ہے
کہ چار زانو بیٹھے اور دونون پانو کی ایڑیان ایک جا کری پای چپ کی ایڑی دونون
خصیون کی نیچی رکھی اور پای راست کی ایڑی اوسکی پاس رکھی اور مقعد کو بند کرکے
اور دم اوپر کو کھینچے اور ناف پر لاوی پھر پشت کی طرف لیجای اور مونھ بند کرے
اور زبان کو تالو مین سخت چسپان کری بعدہ وہم مین مشغول ہووی یعنی باطن مین
فکر کری اُو ہی ہی ہی اور گرسنہ اور بے خواب رہی اور تین روز تک برابر بی طعام
اور بی خواب اس شغل مین مشغول رہی بی خودی اور بی ہوشی اس سی پیدا ہوتی ہی
اور مکاشفہ غیوب ہوتا ہے اگر ایک بار تین دن کی بی خوابی اور بی طعامی مین عمدہ اثر نہو تو
تین روز دوسری بار کرتی ہین حضرت شاہ کلیم اللہ صاحب جہان آبادی نی لکھا ہی کہ مین
ابتدای حال مین اس نہج مستقیم اور طریق قدیم کی طلب مین ایک بزرگ کی پاس گیا اور
اوس وقت مین بھی مشغولی سی خالی نہ تھا بلکہ مشغولی سی ایک صورت مجکو نصیب تھی ہان
تسکین نہ تھی اور تشنگی طلب موجود تھی اور مشغولی عالم فکر سے تھی اوس بزرگ نے فرمایا
کہ تیری مناسب حال یہہ ہے کہ صوت سرمدی کی مشغولی کر اسکو صوت لایزالی بھی کہتی ہین
اور جوگ مین اسکو انہد کہتی ہین مینی کہا فرمایئے فرمایا آپنے دونون کانون کے دونون سوراخ
سبابہ مین سی مضبوط بند کر اور متوجہ ہو کہ تیری دماغ مین ایک آواز ایسی محسوس ہوگی جیسی
پانی بلندی سی نیچی گرتا ہے اس آواز کی سننی مین ہمہ تن متوجہ رہ اور ایک لحظہ اوس سے
غایب اور غافل مت ہو اور جب تھک جای ذرا دونون اونگلیان سست کردے
پھر بدستور مضبوط کر کی متوجہ ہو کہ جہان کی شورسی وہ آواز غایب نہووی اور یہان تک
مشق بہم پہونچا ی کہ بغیر بند انگشتان وہ آواز معلوم ہونی لگی اور شور عالم اور اہل عالم سے
کوئی تکلیف نہووی اور صورت سرمدی غالب آوی اور ایسا شوق اس مقام مین
پیدا ہووی کہ جو کہنی اور لکہنی مین نا سکی بعض بزرگ سیاہ مرچ روئی مین لپیٹ کر

کان کی سوراخ مین رکہتی ہین کہ فلفل کی حرارت سی وہ آواز قوت پکڑتی ہے بعضون سے
سنا ہے کہ فلفل پارچہ حریر سرخ مین لپیٹ کر صماخ گوش مین رکہتی ہین تا حرارت بہت
حاصل ہووی اور آواز قوت پکڑی اور وہ فلفل بعد نکال لینی کی بیماری چشم کی واسطے
نہایت مفید ہی آخر مین نی اوس بزرگ کی سامنی دونون سبابہ کا عمل کیا فی الواقع
وہ آواز سنی جو پہلی کبہی نسنی تہی اور تہوڑی دیر مین متوجہ رہا وہ بات حاصل ہوئی کہ جو
پہلی نتہی آخر مینی عرض کیا کہ شاہد مقصود کب تک چہرہ سے نقاب اوٹہاوی گا کہ مین
اوسکی طلب مین ہون اور مرتبہ شوق اوسکی طلب سی کم ہے فرمایا کہ میان میرا لاہوری اور
اون کی یار بہی شغل کرتی تہی اور اسی صوت سرمدی کو حضرت حق کہتی تہی مین چونکہ طالب علم
تہا اور ابتدائی حال تہا مین رنجیدہ ہوگیا اور مدینہ منورہ مین اپنی شیخ یحیی مدنی رحمت اللہ علیہ
کی خدمت مین پہونچا اور یہ ذکر سنایا اونہون نی بہی فرمایا کہ یہہ بہت ٹہیک شغل ہے یہ شغل
خاطر پریشان کو یک سوئی وجمعیت نصیب کرتا ہی اور یہہ شغل حصول مقصود اور مطالب
کی واسطہ ایک رابطہ ہوجاتا ہے اور ربودگی اور بیخودی اور فنار الفنا کا مورث ہے
حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر قدس اللہ سرہ نی پنجابی زبان مین یہہ ذکر کیا ہے اُتُول تُون
جانب علویات اِتُول تُون جانب سفلیات تُون ہی تُون جانب اطلاق کتاب
بحر الرموز مین بحوالہ رسالہ خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ یون لکہا ہے کہ خواجہ
صاحب فرماتی ہین کہ جب مجہپر حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمت اللہ علیہ نی عنایت
فرمائی اور میری روح کو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سامنی پیش کیا
اور عرض کیا یا حضرت یہ فرزند لایق خلافت ہی اور حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے
رتبہ خلافت عطا فرمایا اوس وقت ایک کسب بہی تلقین فرمایا اور یہہ بہی فرمایا کہ ای معین الدین
خدا تعالی نی یہ کسب جبرئیل علیہ السلام کو سکہایا تہا اور جب ہمنی اس کسب کو پورا کیا اوسی وقت
معراج حاصل ہوئی ای معین الدین تجکو بہی یہہ کسب ہمنی عنایت کیا اور یہ بہی ارشاد ہوا

کہ ہر مرید اور طالب سے یہ راز کہنا نچاہیے اگر کوئی طالب صادق اور یار وفادار واثق ہو اور کچھ خواندہ بہی ہو تو اوسکو اس سی آگاہ کرنا حسب اجازت مرشد جو کوئی نظر اپنی بینی پر رکہی اوسکو شمش وقمر کہتے ہین اور ہندی مین اڑنگلا اور پنگلا اسکا نام ہے اور دونون غہر رگ رگ جان سے متعلق ہین اسکو سکہمنا کہتی ہین اور ہر دو آفتاب و ماہتاب درمیان رگ سکہمنا کی قرار پکڑتی ہین اور جس وقت مرشد فرماوی اوپر کو دیکہہ نظر اپنی درمیان مین بینی کی نگاہ رکہہ درمیان بینی کی ملکوت ہی اور صورت فرشتون کی ہزار انواع پر ظاہرا اور باطنا دیکہائی دیتی ہین اوپر اعتبار نکری اور صورت مرشد کی تصور کو نہ چہوڑی اوس وقت تک کہ تصور مرشد کا ساتھ صورت محمدی کی ضم ہو اور تصور محمدی کو ساتھ تصور احد کی پہونچاوی اس جگہ حقیقت ذو نہہ نام کی ظاہر ہوتی ہے اور نو و نہہ نام ایک نام مین محو ہون فقط اس شغل کو اور بہی بزرگان دین نی کیا ہی۔

چو چشم از غیر ہمہ بندی ہمہ دیدار او بینی
ز ذرات جہان تا بان ہمہ انوار او بینی

درون قعر دل در رو کہ تا از وی خبر یابی
بسر خود و بخو بنگر کہ تا اسرار او بینی

ز مرات جہان باری تو ان عکس رخش دیدن
اگر نی پردہ نتوانی کہ در رخسار او بینی

ولی انجا کہ افعال و صفات از پیش بر خیزد
اثر از تو کجا ماند کہ در آثار او بینی

تو یار خود شو ای عارف کہ شرک مطلق است اینجا
کہ او را یار خود دانی و خود را یار او بینی

توئی ظاہر توئی مظہر توئی ناظر توئی منظر
بجیب خود فرو کش سر کہ تا دیدار او بینی

الا ای عابد و زاہد من و دیر و ترا مسجد
عرا زنار می زیبد ترا تسبیح و سجادہ

ندادہ دل بدلداری چہ داند رسم جان بازی
کہ راہ و رسم جانبازی نداند غیر دلدادہ

آغاز حال ملاقات فقرای ہنود ❁

خواہی کہ پسندیدۂ ایام شوی	مقبول و قبول خاص وہر عام شوی
اندر پے ہومن دہہو دو ترسا	بدگوئی مباش تا نکو نام شوی

وہاں مجھ بیان سی بارہا سنا گیا کہ سیناسی فرقہ ہنود مین موحد ہوتی ہین سوای ذات پاک وحدہ لاشریک کی کسیکی طاعت وعبادت ذکر فکر نہین کرتی رات دن ذات کی گیان دہیان مین مصروف رہتی ہین سنیاس کی معنی ترک ماسوای اللہ کی ہین جو اوس سی مرتبہ فنای اتم کو پہونچ جاتا ہے اوسکو پرم ہنس کہتی ہین اور اس طریقہ مین ابتدا سے محض ذات کی ذکر فکر کی تعلیم اور تلقین ہوتی ہی زبانی بہی اکثر ذکر ذات وصفات کرتی ہین جسکو گیان چرچا بولتی ہین کہ خیال دوئی جو از راہ گوش وجود انسان مین جاگزین ہی ذکر احدیت سن سن کر اسی راہ سی دفع ہوجاوی من احب شی فاکثر ذکرہ ادن کا قول ہے اول کچہہ نہ تہا نہ برہما تہا نہ تہا دیو نہ پانی نہ آگ نہ خاک نہ باد نہ سورج نہ چاند نہ ستاری نہ زمین نہ آسمان صرف نرنکار یکتا و یگانہ تہا جب خوبی باخود بازی کرنی چاہی خلقت ظہور مین آئی وہ سب سی پیشتر ہے اور سب کے اندر ہے ۵

اے شدہ مخفی بکمال ظہور	از ہمہ نزدیک تر از جملہ دور

جو کچہہ ہوا اور ہوگا اوسی سی ہی تمام ذرات مین وہی ہی وہی سب طرف جلوہ افروز ہے سب کی کشش اوسیکی طرف ہے آسمان اور زمین اور جو کچہ مابین اوسکی ہے سب اوسیکا پیدا کیا ہوا ہے سب مین وہ ایک ہے ؂

در ہر جائے دہقان جاے تو	دیدہ بحیرت ز تماشائے تو
ظاہر و مظہر ہمہ نور تو شد	پردۂ نور تو ظہور تو شد
جملہ عیانی و نہفان گشتہ	طرفہ نہفانے و عیان گشتہ
نغمہ گشد زمزمہ سازہ تو	در پس ہر پردہ نہان راز تو
جز تو نوازندہ ساز تو نیست	گوش کسی محرم راز تو نیست

عقل در اقلیم تو بیگانۂ	عشق بصحرائے تو دیوانۂ
مرکب اندیشہ براہ تو لنگ	مدرکہ را پائے ترد و بسنگ
نیست شک از علم و عیان برتری	ہرچہ بگوییم تو ازان برتری
حسن تو ہر جا کہ شود بے نقاب	ذرہ شود ہم بغل آفتاب
کعبہ و بتخانہ ہمہ جائے تو	مومن و کافر ہمہ شیدائی تو
الف ایک بورنگا سائین	ہر گھٹ مین اوسکی پرچھائین
جہان دیکھو وہان روپ نرالا	ایسا ہے بورنگی پیارا
کہون صوفی کہون شیخ کہاوی	کہون تپسّی ہو وہیہ جراوی
کہون گور ہووی گیان بتاوی	کہون برہما ہووی بید سناوی
کہون تیرتھ ہووی آپ پوجاوی	کہون جوگی ہووی نادہ بجاوی
ٹیکا کاڈہ بھیو بیراگی	رکھی ہووے مایا سب تیاگی
حکیم ہو کہون بھیو سنیاسی	بلوچ بھیو کہون بھیو اوداسی
سرو ہر کمٹ بھیو کہون راجا	کہون بجنتر ہوکر باجا

پرم ہنس کو مہا پرش گتی ہین پرم ہنس کی صفت یہ ہی کہ زن و فرزند و دوست عزیز خویش بیگانہ سب کو ترک کرتا ہے نہ ستر پرچوبی نہ گلی مین تنارہ کوئی ساز و سامان دنیوی حتی کہ پارچہ ستر پوشی سی بھی غرض نہین رکھتا نہ مدح سی خوش نہ ذم سے دلگیر نہ عجب نہ تکبر نہ رشک نہ خصومت نہ دعوی نہ انانیت بدن کو مردہ اور آتش معرفت مین سوختہ سمجھ کر اوس سی ہی ترک تعلق کرتا ہے نہ حیات کی تمنا نہ ممات سی خطرہ نہ کسی کی ترقی کا خیال نہ مضرات کا ملال نہ کسی کو بلا دے نہ منع کرے۔

بھلا ہوا ہر بھری سری ٹلی بلای	جیسی تھے ویسی ہی اب کچھو بجائی

تو بہیان دھارنا نہ ما دہ کرتی کرتی ایسا ذات مین محو اور مستغرق ہوتا ہی کہ اپنی وجود کی خبر نہین رکہتا عادت اور رسم بشریت اوسکی معدوم ہوجاتی ہے ما دمنی سی بالکل دور ہوتا ہی۔

هر کہ در دریای کل گم بوده شد — دایما گم بوده کل بوده شد
گر سری موی بماند از خودیت — هفت دوزخ پر شود از هم بدیت
خویش را اول زخود بی خویش کن — پس براقی از عدم در پیش کن
چادری از نیستی در بر فگن — طیلسان لم یکن در بر فگن
گر بود زین عالمت بوی اثر — نیست زان عالم ترا موی خبر

ایک بار دو پرم ہنس حضور نے بمقام گنگہل دیکہی اونکی نسبت ارشاد فرماتی تہی کہ دونو بحالت بیخودی آسن مارے ہوئی بیٹہی تہی کسی نی بنظر امتحان از راہ بیرحمی اونکی زانون پر آگ دہکتی ہوئی رکہدی ایک کا تو گوشت پوست جل رہا تہا اور دوسری کی ران پر آگ کا کچہہ اثر نہ تہا آپ نی آگ کو اوٹہا کر پہینکدیا اور اوسکو ڈولی مین بٹہا کر تہانہ مین لیگئے اور علاج کرایا اگر وہ ایسا محو اور مستغرق اور بیخبر تہا کہ نہ بدن کے جلنی کی خبر تہی نہ مرہم لگانی کی اطلاع جسکی ران پر آگ کا اثر نہوا وہ ایسی بیخبر اور مستغرق نہ تہے کہ اپنے وجود کی خبر نہ رکہین وہ اپنی جسم کی حفاظت پر قادر تہی اور دوسری کا استغراق اور فنا کمال کی درجہ پر تہا کہ اپنے تن بدن کی بہی سدہ بدہ نہ تہی ایسی فنائیت اور استغراق لاکہون مین سی کسیکو ہوتا ہے ٥

تو نمان اصلا کمال اینست و بس — تو در و گم شو وصال اینست و بس

جب تت صفات سی ہو نرل تب اادہو سن این بلی ہری — شمری سنو ر سرن کی پر کی این ہری نارا این ہری
سن مہا سن بہن سب ابہنک سو ہنگ ہو گ گیو — جا بکی جاپ دو نوری نارا این ہری نارا این ہری

ہلکتون کی تعریف مین ایک روز یہہ دوہرا ارشاد ہوا ہے ٥

پہلین گد ہین بور ہین اور جا ئین — پر کا یا پرویش کرا ئین

اور پرائے من کے جانین	چل کر جائین تہان من مانین
ہوے جہان جیتا اور گیانین	انکو تجے بھگت تن جانین

ایکبار زبان معجز بیان سے فرمایا رام چندرجی کا قول ہی کہ جیون مکت یہ ہے کہ اگر اوسکی آگی ذکر خوارق عادات و کرامات مثل زمین و آکاس و پاتال اور سایر تصرفات کا کری تو اوسکی دل کو حرکت نہو اور کسی کی طرف سوای ذات پاک کی متوجہ نہو۔

یاد او سرمایۂ ایمان بود	ہر گدا از یاد او سلطان بود
یاد او گر مونس جانت بود	هر دو عالم زیر فرمانت بود
هر کسی گو مایل یاد خداست	خاک راهش توتیای چشم ماست
گر تو میخوانی ز عشق حق سبق	یاد حق کن یاد حق کن یاد حق
پس بزرگی هاست اندر یاد او	یاد کن هان یاد کن هان یاد او

پھر بھی ارشاد ہوا کہ اکثر فقرای ہنود سی ہم جا بجا ملی اور راہ توحید مین اونسی استفادہ کیا اور جو کچھ اونھون نی ہمکو طریقہ ذکر شغل مراقبہ وغیرہ بتلایا اوسکو بھی کیا اور توجہ بھی لی زمانہ طفلی مین ایک سنیاسی نی کپالی یعنی دماغ مین روح چڑھانا سکھلایا ایک دن مقام بھوپال بابا سیتل داس ایک فقیر ہندو ایک کوٹی مین رہتی تھی اونکی تعریف سنکر ہم اونکی پاس گئی اونکا یہ طریقہ تہا کہ جو طالب اونکی پاس جاتا تہا اور وہ اوسکو وہ توجہ دینی کی لایق جانتی تو تین دن کا برت رکہواتی چنانچہ ہمسی بھی تین دن کا برت رکہوایا چوتھی دن ہمکو کوٹی مین بٹھا کر اپنی وجود کا عکس ڈالا یعنی توجہ دینی شروع کی اونکی توجہ سی ہمارا وجود اندر باہر سی آئینہ دار ہوگیا ہم دو ماہ تک اونکی پاس رہی اور بوجہ بدذوقی کہنی کی گوشت کا کہانا چھوڑ دیا ایک روز اونھون نی اپنی روح کو ہماری روح کی ساتھ ارتباط دیکر جسکو شان برہمی کہتی ہین اوسکا مشاہدہ کرایا تو ہمنی اونسی پوچھا کہ آپکی فیضان سی جو کچھ گذرنا سو گذرا جو دیکہا سو دیکھا مگر یہہ فرمایئے کہ اسکی آگی بھی کچھ اور ہی یا نہین

جسکو من عرف نفسہ فقد عرف ربہ کہتی ہین وہ بات حاصل نہوئی کیونکہ اصل دید تو اپنی ہے ۔

دید تو مغز ست باقی پوست ست	دید آن باشد کہ دید دوست است

اونہون نی فرمایا کہ جہان تک ہماری رسائی تھی وہان تک تو ہمنی پہونچا دیا آگی ہمکو بہی کچہ خبر نہین کہ کیا ہی اور کیا نہین ۔ ۵ ۰

سب پنڈت سور گیان ہیر ہیر پوتہی تہک رہے	کسو نہ پایا گیان لوس بدہنا کی بھید کا
کر ہیکتائی تہک ہی کسو نہ پایا انت	وہ بدہنا بدہ سون رہو نرنکار بہگونت

جب تک ہمنی گوشت نکہایا تب تک وہ بات جو اونکی توجہ سی پیدا ہوئی تھی قایم رہے جب گوشت کہانا شروع کیا وہ بات جاتی رہی ۔ طالب کو چاہی کہ جہانتکہ ہو دید پیدا کرے کہ دید حق سبحانہ نی باطن مین تعبیہ کی ہے چنانچہ مولانای روم فرماتی ہین ۔

آدمی را ہست حس تن سقیم	لیک در باطن یکے خلق عظیم
تو نہ این جسم تو آن دیدۂ	وارہے از جسم گر جان دیدۂ
آدمی دید است باقی گوشت پوست	ہر چہ چشمش دیدہ است ان چیز اوست
گر بصورت آدمی انسان بودی	احمد و بوجہل خود یکسان بدی

اوس دید باطن کو نور عقل اور بصیرت کہتی ہین ۔ ۵ ۰

نخست دیدہ طلب کن پس انگہی دیدار	ازانکہ یار کند جلوہ در اولوا الابصار

نقل ایک دن فرمایا حج کو جاتی ہوی اثنار راہ مین ایک ہندو فقیر جنکا پرشاد گر نام تھا ملے چار چیلی اونکی ساتھ تہی رات کو وہ اور ہم ایک دہرم شالا مین ٹھیری اونہون نے اپنی چیلون سی پوچھا کیا کہاوگی جو کچھ جسنی کہا وہی اوسکی واسطی مہیا ہو گیا ہمسی بہی پوچھا آپ کیا کہاوینگی ہمنی کہا جو آپ کہاوین وہی ہم بہی کہالیوینگی غرضکہ جب اونکا کہانا تیار ہوا تو وہی ہمنی بہی کہالیا آدمی خلیق تہی باہم ایک رغبت اور الفت ہو گئی اونکی کہنی کی بموجب تین دن تک برت رکہا اوسکی بعد اونہون نے ہمکو توجہ دی اونکی توجہ سی قلب گلاب کیطرح

شگفتہ ہو گیا حقیقت مین توجہ اونکی بڑی پرتاثیر تھی اور وہ انتقال روح کا طریقہ بھی جانتی تھی
یعنی ایک جسم سی دوسری جسم مین آجاتی تھی ایک دن تماشا دیکھنی کی غرض سی ایک سادہ
طوطا ایک جگہ سے اوٹھا لای ایک کوٹھری کی اندر رات کو وہ اور ہم اور ایک چیلا اونکا
یکجا ہوی دروازہ اوسکا بند کر دیا وہ دیوار سی کمر لگا کر بیٹھی چراغ گل کر دیا اور اپنا قالب
چھوڑ کر بجلی کی طرح چمک طوطی کی اندر آگئی وہ زندہ ہو گیا اور اونکا قالب بیجان رہ گیا
طوطا حس و حرکت کرنی لگا مگر جب یہ تماشا دیکھ لیا پھر وہ طوطی کو چھوڑ کر اپنی وجود مین آگئے
طوطا مردہ رہ گیا ہمنی اونسی پوچھا کہ اس انتقال جسمانی کو آپ کیا سمجھتے ہو بولے تمہاری
ہان جسکو موتو قبل ان تموتو کہتی ہین یہ وہی ہی ہمنی کہا وہ تو اور بات ہی پھر ہمنی پوچھا کہ
آپ تو ایک جسم سی دوسری جسم مین انتقال کرنیکی عادی ہو گئی ہو بوقت مرگ کچھ تکلیف یا رنج
ملال جیسا بوقت نزع ہوتا ہے آپکو ہوگا یا نہین ۵ چہ شد ز حضرت عادت مضرت نہ مجتنبد
جواب دیا کہ ضرور ہوگا مثلاً اگر کوئی شخص اپنی خوشی سی قیدخانہ مین سیر کرنے کو جاتا ہے
اوسکو وہان جانیکا کچھ رنج نہین ہوتا اور ایک شخص بحکم حاکم قید رہنی کو بھیجا جاتا ہے تو اوسکو
ملال ضرور ہوتا ہے یہ انتقال ہم اپنی ارادہ اور خوشی سے کرتی ہین اور وہ حکمی ہوگا اسلیے
ہمکو بھی حالت نزع کا صدمہ ہوگا پھر ہم بھی کہنے لگے کہ اگر ارادہ اسکی سیکھنے کا ہو تو ہماری گرو ہے
کے پاس چلو ہمنی کہا کہ یہ کچھ توحید عرفان حاصل ہونیکی بات نہین ہے اور راہ فقر مین کیا
کچھ نہین ہی کہ یہ تو وجود کی محتاجی ہے او ہمین اپنی تصرف سی جو وجود پیدا کرکی اوسکی اندر
داخل ہو سکتی ہین پرشاد گرو چھ سات روز کی ریاضت مین گرو کی تصرف سی نقل روح کا
ملکہ حاصل ہو گیا تھا اور اونمین ایسی طاقت نہ تھی جو اور کو آپ شاگرد کر لی اور نقل روح کی
وقت جو سوچا تو ایسا معلوم ہوا کہ جس روح کی نسبت قل الروح من امر ربی ہے اوسکی
دید تو کہان اگر اوسکو کبھی دیکھتی تو ہوش بجا نہ رہتی عالم مثال کی جو روح کہلاتی ہی اوسکا
یہ حال ہوگا پھر اونھون نی کہا ایک چھالی تبلا دی جب وہ سکو کرتی ہین تو دودھ چاول

یا حلوا کہاتی ہین اور یہہ ایک قسم مراقبہ کی ہی اور اوسکی دو قسم ہین ایک چتن تاڑی کہلاتی
ہے جسمین جبس دم کرتی ہین اور ہوش و حواس قایم رہتی ہین دوسری جڑ تاڑی جسمین
ہوش حواس نہین رہتی اور یہہ ہمنی لڑکپن مین بھی سیکہی تھی فقرای ہنود مین اس قسم
کی فقیر اکثر ہوتی ہین جگرناتھجی کی زمانہ مین ایک گورو شارش کا چیلا گمبہیر کاش تہا
موحد تہا سوای توحید کی اور کچہہ اوسنی اپنی گورو سی حاصل نہین کیا تہا جگرناتہجی بحالت
حیات اوسکی گورو کی پاس پہونچی بعد ان کی پہونچنی کی گرو اوسکا جو بیمار تہا پھر زندہ رہا
پہر مرگیا جگرناتہجی کو بڑا افسوس ہوا کہ مین ملنی کو آیا تہا انکا انتقال ہوگیا گمبہیر ناتہجی سے
پوچہا تم کیا چاہتی ہو اونہون نی کہا کہ مین راہ توحید دریافت کرتا ہون سو مین یہان آکر
حیران ہوا اوسنی کہا کہ اگر تم گیان دہیان کی بات پوچہتی ہو تو بیٹہہ جاو اور چوٹی سر کی کہول
کردو جگرناتہجی نی سنتی ہی اوسیوقت چوٹی کو علحدہ کردیا اور اوسنی جگرناتہجی کو رنگ
اپنی توجہ دی جگرناتہجی کو معلوم ہوا کہ روح میری اسقدر روشن ہے کہ کل جسم میرا موافق
پہول انگراش کی ہوگیا اوسنی پوچہا کہ تمکو کیا معلوم ہوا جگرناتہجی نی کہا کہ زمین سے
آسمان تک روشنی معلوم ہوتی ہی اوسنی کہا کہ میری گورو نی مجھی بھی بتلایا تہا اب ایک
کبوتر کی گردن مروڑ دو جب اونہون نی کبوتر کی گردن مروڑی تو اوسوقت گمبہیر کاش نی
اپنی روح اوسکی اندر داخل کی اوسوقت جگرناتہجی کو ایسا معلوم ہوا کہ جیسی کوئی مشعل خوب
روشن ہوتی ہی اور اندہیری کو اجالا کرتی جاتی ہے جگرناتہجی اوسکو دیکہہ کر مدہوش
ہوگئی اور مدہوشی کی حالت مین یہہ دیکہا کہ بہت سی بزرگ جمع ہوکر چلی آتی ہین اور گمبہیر کاش
کا جو گورو مرگیا تہا اپنی قبر سی بیٹہا ہوگیا اوسنی کہا کہ ای شخص تم کیون آئی ہو تو اونہون نی
کہا کہ ہم اسلئی آئی ہین کہ جگرناتہجی دور سے تیری پاس آیا تہا تو اوسکو راہ توحید کیون
نہین بتلاتا ہی اوسنی جگرناتہ سے کہا کہ میری قبر پر لوٹ جا جگرناتہ قبر پر لوٹ گیا قبر پر
لوٹتے ہی وہی مرتبہ نقل روح کا اوسکو بھی حاصل ہوگیا ایک بار فرمایا فقرای ہنود کی

دو قسمین ہین ایک نرگنی دوسرا سرگنی یعنی اہل ذات اور اہل صفات کبیر نرگنی اور ریداس
سرگنی تھی **نقل** جب کبیر کی موحد ہونیکی خبر ریداس کو پہونچی تو ریداس نے کبیر کو یہ شعر لکھکر بھیجا ؎
ماتر کنی باپ جولہی پوت بہی برہم گیانی ؛ آدانت کی جانین نا ہین اپنی من کی بھانی
جولہی نہین ہین ہست موری ری - اوسکی جواب مین کبیر نے یہ شعر لکھا ؎

برہم گیان برہم تت بن کلا یا سدہ نہوئی ؛ پورن برہم سکل گہٹ بیاپک دوجی اور نکوئی
چمری نہین ہین ہت موری ری ؛ ایک دن دونون کی باہم ملاقات ہوئی اور
گیان دہیان کی گفتگو ہوئی کبیر نے کہا اصل الاصول ذات ہی صفات اوسکی فروعات ہے
صفات زوال پذیر ہی اسلئی میری بہگتی عمدہ ہی تم اسکو قبول کرو ریداس صفات مین
کمال رکہتا تہا صفات کی طرف زیادہ راغب اور مایل تھا اسکو دیوتاون کا مرتبہ حضوری
حاصل تہا اپنی بہگتی کی تعریف کرتا تھا اور یہہ چاہتا تہا کہ کبیر ذات کو چھوڑ کر صفات کی طرف
آجاوی جب کبیر نے ریداس کا کہنا نمانا تو ریداس نے رامچندر جی کو یاد کیا فوراً آموجود ہوے
اور کہا کہ ای کبیر تو ریداس کا کہنا کیون نہین مانتا کبیر نے کہا کہ مین نہین مانتا آپ کچھ اسمین
دخل نہ دیجئی مین اور یہہ بہگت لینگی پھر ریداس نے کرشن جی کو یاد کیا وہ بہی فوراً آگئی اور کبیر کو
سمجھا دیا اونکا کہنا بہی نمانا پہر ریداس نے مہادیو جی کا تصور کیا وہ آموجود ہوی کبیر نے انکا کہنا
بھی نمانا اور کہا کہ آپ میرا کیا کر سکتی ہین مہادیو جی کو غصہ آگیا اور کبیر کو آزار پہونچانی کا ارادہ
کیا کبیر رام یعنی لا الہ کہکر معہ وجود بی چونی مین گم ہوگیا اوسیوقت مہادیو جی نے کہا ای ریداس
اس مرتبہ مین مین اور تو اور سب برابر ہین یہان کچھ کسیکا قابو نہین چلتا ریداس نے کہا
کہ مین تمام عمر آپ کی پوجا کرتا رہا جب آپ سی یہان کچھ نہوا تو اور کیا ہوگا میرا سلام ہے
ریداس پھر کبیر کا چیلا ہوگیا -

ٹھاکر پتہر مالا لکڑ تیرتھ ہین سب پانی		راما کرشنا مر گئی چارون وید کہانی
راما مر گئی کرشنا مر گئی مر گئی لکھہ بانی		اسکو ساد ہو کیون نہین پوجہ جسکو موت نہ آئی

دل گفت مرا علم لدنی ہوس ست	تعلیمی کن اگر ترا دسترس ست
گفتم کہ الف گفت دگر گفتم ہیچ	در خانہ اگر کس ست یکحرف بس است

ایضاً راجہ جنک بھی بڑے نرگنی تھی جب راجہ جنک کی دلمین شوق حصول معرفت پیدا ہوا بہت سی فقرا کو اسنی جمع کیا اور کہا کہ مجھی کوئی ایسی تعلیم کری جو تعلیم کرتی ہی گیان ہوجاوی سبنی جواب دیا کہ طریقہ سلوک ہم تعلیم کرسکتے ہین اور ایسی قدرت ہم مین نہین ہے کہ دفعتاً گیان ہوجاوی اشٹابکر منی نی کہا مین تمکو ایسی تعلیم کرسکتا ہون پر جو چیز مین مانگون وہ تم مجھی دو راجہ نی اس شرط کو منظور کرلیا پہلی اشٹابکر منی نی کہا کہ اپنا راج پاٹ ہمکو دیدو راجہ نی دیدیا پھر مال اسباب مانگا وہ بھی دیدیا پھر جورو مانگی وہ بھی دیدی پھر جسم اور جان طلب کیا راجہ نی یہ بھی دیا جب راجہ مال اور جان اور آبرو سب دے چکا اور کچھہ نرہا تب اشٹابکر نی کہا کہ جب تمہاری کوئی شی نہین ہے۔ **دوھرہ**

اپنا تو کوئی نہین اپنی سگی نہ دیہہ	سہج بہو ہرنام کو سب جگ پہاڑو ویہہ

تو اب تم کون ہو اور تمہارا کیا ہے راجہ جنک نے جو اپنی دلمین سوچ بچار کیا تو بولا کہ نہ جنک ہی اور نہ جنک کا کچھہ اگر کچھہ ہے تو جنک ہی سب کچھہ ہے۔

مرا گنج بسیط اندر دل گدای خوش نمی آید	شہنشاہ جہان را بادشاہی خوش نمی آید
گنجہا داری چرا اے بے نوا	بادشاہی از چہ مے مانے گدا

بہولتون بہولتون بہول ایسی پڑی لپنا روپ نیک نہین جانا
گیان بچار بینک بن بہولیان سنگہ کا روپ بی بھیڑ مانا
سنگہ سی سنگھ جب سنگھ شنکر ملی ٹہیر کے اپنے نکٹ آنا
دیکھہ تو بوجھہ تو روپ ہی اپنا کو نسی آنکی بیتہ ٹہانا
جیو سی برہم ہی برہم سے جیو ہی تیر اور جہر لیے ملا ٹہانا
کہی گمبیر گر گیان بن بہولیان وار کو چین اور پار جانا

راجہ جنک جی کا ایسا حال تھا کہ ایک پانو آگ مین ہے اور دوسرا عورت جوان باکرہ اپنی سینہ سی مس کرتی ہو اوسکا مس کرنا اور آگ مین پانو کا رکھنا دونو برابر تھی نہ آگ کی کچھ تکلیف اور نہ مس کرنی کی کچھ راحت یا لذت جب راجہ جنک کے دولت سرمدی حاصل ہو چکی تب سکھدیو جی بموجب ارشاد اپنی باپ بید ابیاس کی راجہ جنک کی خدمت مین واسطی حصول فیضان راہ خدا کی آئی **نقل** جب سکھدیو جی راجہ جنک کی دروازہ پر پہونچی اور دربانون کی معرفت اطلاع کرائی راجہ جنک نی کہا کہ کھڑا رہنی دو سات روز کی بعد سکھدیو جی نی پہر خبر کرائی حکم ہوا دوسری دروازہ پر کھڑا کرو جب تیسری مرتبہ اطلاع کرائی تب اندر بولایا سکھدیو جی نی ساز و سامان دنیوی دیکھکر دلمین سوچا کہ یہ تو کاروبار سلطنت اور عیش و آرام دنیاوی مین اسیر ہے خود دام ہوا و ہوس مین مبتلا ہے یہہ تعلیم و تلقین کیا کریگا ؎

عالم کہ کامرانی و تن پروری کند ۔ او خویشتن گم ست کرا رہبری کند

راجہ کو از راہ باطن سکھدیو جی کا خیال دلی سب روشن اور ظاہر ہوگیا تمام شہر کی گلی کوچوں مین راگ رنگ دف و چنگ کا سامان کرایا اور سکھدیو جی کی ہاتہ مین ایک پیالہ دودہ کا لبالب بہرا ہوا دیا اور کہا کہ شہر کی کوچہ و بازار کی خوب سیر کرو مگر دودہ کا کوئی قطرہ گرنی نپاوی اور دو سپاہی معہ شمشیر برہنہ تعینات کردیئے اور حکم دیا کہ اگر دودہ کا ایک قطرہ بہی گرجای تو سکھدیو کا سر تن سے اُوڑا دینا جب سکھدیو جی تمام شہر مین گہوم آئی راجہ نی دریافت کیا کہ تمنی کیا سیر دیکھی سکھدیو جی نی دست بستہ عرض کی کہ مہاراج میری نظر تو پیالہ پر رہی مینی گلی کوچون مین کچھ تماشا نہین دیکھا راجہ نی کہا جسطرح تمہاری آنکھ پیالہ پر لگی رہی اور کسی طرف تمہارا خیال نہ گیا اسی طرح دیدہ دل ہمارا ہر وقت ذات کی طرف متوجہ رہتا ہے چشم ظاہر دنیا کی کام کاج کی طرف متوجہ رہتی ہین ۔ **شعر**

حال پاکان را قیاس از خود مگیر
گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

پھر راجہ جنک نے سکھدیو جی کو سمجھایا کہ یہہ حالت جو تمپر گذری اب اسکو سمجھو سپاہی ملک الموت ہے تن پیالہ من دودہ اور راگ رنگ دنیای فانی کا سیر و تماشا ہے

جب کوئی ایسے من کو لگاوے
من سے لگا یون سے ہر کو پاوے
جیسے گاون بہرت کوپ چلکر چہوڑ دکھاوے
اپنا پریم سکہی ہے باکہی سرتی گگر مین لاوے
جیسے نٹنی چڑہت بانس پر عورت چاہ ڈہول بجاوے
اپنا پہاؤ تول دیہی کا سرتی بانس مین لاوے

جب سکھدیو کا عقیدہ دلی پختہ ہوگیا تب اونکو راجہ جنک نے تعلیم فرمایا۔ جو چیلہ کسیکو اپنا گورو کرے اوسکو لازم ہے بلکہ اوسپر فرض ہے کہ گورو کی طاعت دل وجان سے کرے بغیر طاعت اور فرمان برداری گورو کے پرمیشر کی راہ مین کچہہ فائدہ نہین ہوتا اور گورو بغیر اس راہ مین چلنا دشوار ہے ٭

بہولے پنڈت پڑہ پڑہ پوتہی
ست گور باج یہی سب تہوتہی
جہہ بدہنا کے روپ نرکہیا
بن گور پاوے کون پرکہیا
بن گور گیانی گت نہین تیری
گور سیوی سن سکہہ بدہ میری
گور کی سیوا اہپل بجاوے
گور سیوے سو گور کو پاوے
جنے سیچے ہو گور دیکہا
اوہتہ پایو وہ پور کہد الیکہا

جو چیلا خلاف مرضی اور حکم گورو کے کوئی کام کرتا ہے اوسکے حق مین بہت مضر ہوتا ہی نقل ایک گورو اور ایک اوسکا چیلہ ایک شہر بیداد نگر مین پہونچے وہان تمامی اشیاء خوردنی ٹکے سیر بکتی تہین گورو نے چیلہ سے کہا کہ یہان حفظ مراتب نہین ہے یہان سے چلو چیلے نے کہا کہ یہان سب شے ارزان ہے کہانے پینے کا بڑا آرام رہے گا گورو نے کہا کہ جو کچہہ ہمکو ہدایت کرنی تہی ہمنے کردی آگے تمکو اختیار ہے چاہو اوسپر عمل کرو یا نہ کرو وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ ع بر رسولان بلاغ باشد و بس ٭

چیلے کو جو ٹکے سیر حلوا ہاتہہ آنے لگا خوب کہا کہا کر موٹا تازہ ہوا اتفاقاً راجہ نے ایک مجرم
کے قتل کا حکم دیا وزیر نے راجہ سی کہا کہ یہہ تو لاغر بہت ہی راجہ نے حکم دیا کہ کوئی اور فربہ سا
آدمی اسکی جگہہ سولی دو راجہ کی سپاہی چیلہ کو موٹا تازہ دیکہکر لیگئے چیلے نے ہر چند شور غل
مچایا کہ مین بے قصور ہون راجہ نے نمانا اور کہا کہ گو تیرا کچہہ قصور نہین ہے مگر تو موٹا ہے تب
گورو نے چیلے سی کہا کہ تو نے ہمارا کہنا نمانا اوسکا مزا پایا چیلے نے بہت سے عذر و معذرت
کی کہ خطا ہوئی قصور ہوا پہر ایسا نہوگا تب گورو نے اوسکو یہہ سکہلایا کہ مین کہونگا مجہے پہانسی
دو اور تو کہنا کہ مجہکو دو دونون نے باہم متفق ہو کر راجہ کے سامنے اپنا اپنا شوق پہانسی کا ظاہر
کیا راجہ نے متعجب ہو کر پوچہا کہ یہہ کیا بات ہے تب گورو نے کہا کہ آج ساعت نیک ہی جو
کوئی پہانسی پاویگا سیدہا بیکنٹہہ کو چلا جاویگا اسبات کو سنکر راجہ کے دل مین بہی شوق پیدا
ہوا اور راجہ ہی کو پہانسی لگی یہہ دونون بہاگ گئے۔ فقرائے ہنود کا قول ہے کہ جس
گیانی کو از راہ تحقیق بطون کے یہہ معلوم ہو جاے کہ بالاتر حواس سی دل ہی اور دل سے بالاتر
عقل کل ہی اور عقل کل سی بالاتر ہرن گربہہ یعنی مجمع عناصر لطیف ہی اور بالاتر ہرن گربہہ سی
اعتدال سہ صفت ہی اور بالاتر اوس سی ذات ہی کہ جو سب مین پہرے اور محیط ہے اور بے نشان
ہے وہ گیانی تمام قیدون سی خلاص ہو جاتا ہی اور زندگی مین رہائی پا جاتا ہی اسکو جیون
مکت کہتے ہین جسوقت وہ وجود خاکی کو چہوڑتا ہی بے زوال و ربدیہہ یعنی بے بدن اور عین ذات
اور بحت گار جاوید ہو جاتا ہے ؎ ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ؛ ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما
نقل ایک راجہ کو جیون مکت کا شوق پیدا ہوا جو کچہہ مال و اسباب تہا اپنی اولاد کے حوالہ
کیا اور کہدیا کہ تم کہاؤ کماؤ برہمنون کو جمع کر کے جیون مکت کا راہ پوچہا اونہون نے اپنی
سمجہہ ظاہری کے موافق یہہ کہا کہ سونے کی گائے بناؤ اور برہمنون کو دو اور جو نشٹہہ تیرتہہ کرو
جیون مکت ہو جاوگی راجہ نے ویسا ہی کیا مگر کچہہ نہوا پہر جوگیون سی ملنا شروع کیا اونہون
نے کان چروائے اور برہم چرج اور بان پرست اور ڈنڈ کمنڈل اور بہبہوت چار پرکار

کی تعلیم کے تین پرکار کے چیلے کرنے کے ہین وہ راجہ نے کرلین اور جو نے جو پرم ہنس ہونے کی ہے وہ نہوا جب راجہ نے دیکہا کہ اس راہ سے بہی کچہہ نہوا تب علمای اسلام کی طرف رجوع ہوا اونہون نے مسلمان کیا ختنہ کرائین ارکان اسلام نماز روزہ حج زکاۃ سکہلایا حج بیت اللہ کیا کچہہ حاصل نہ ہوا ؎

در نماز و روزہ و حج و زکاۃ	کے توانند شد خیال فہم ذات
مکہ گیا مدینہ گیا کربلا گیا	جیسا گیا تہا ویسا ہی پہر پہر کے آگیا
مرا دلیست بکفر آشنا کہ چندین بار	بکعبہ بردم و بازش برہمن آوردم

جب اس راہ سے بہی کچہہ نہوا تب اوسکے دل مین خیال آیا کہ مین دین سے بیدین ہوا عزیز واقربا سب سے چہوٹا اور جو مدعای دلی تہا وہ نہوا پہر کسی طرح ہندو ہو جاؤن برہمنون کو جمع کیا کچہہ دیا دلایا گئو متر پیا برادری مین شامل ہو گیا بعد اسکے خودبخود راجہ کے دل مین ایک وہیان پیدا ہوا ایک ہاتہہ کان پر رکہا اور ایک پیشاب گاہ پر اور کہنا شروع کیا کہ یہہ ہندو یہہ مسلمان مین کون جو بندہ یا بندہ وَمَنْ دَقَّ بَاباً فَلَجَّ وَلَجَ ؎

ہر کہ چیزی جست بیشک یافت او	چون بجد اندر طلب بشتافت او
چون نہادی در طلب پای ای پسر	یافتی و شد میسر بے خطر

ناگاہ ایک مرد خدا معہ چند مریدون کے آپہونچے اور اوس حالت کو دیکہکر مرید کو حکم دیا کہ اسکو جوتیون سے مارو کئی دفعہ مارا مگر اوسکو اوسی خیال مین محو پایا پہر اوسپر نظر ڈالی منزل مقصود کو پہونچ گیا اور جو مدعای دلی اوسکا تہا حاصل ہو گیا پہر اوس فقیر نے راجہ سے پوچہا کہ کہو اب تم کون ہو وہ بولا مین کیا کہون کون ہون ؎

کچہہ نہین کہلتا ہے مجہے مین کون ہون	صورت حیرت ہون یا شکل جنون
در بشر رو پوش کردہ آفتاب	فہم کن واللہ اعلم بالصواب

ایک دن فرمایا فقراے ہنود نے چہہ چیز راہ سلوک کے واسطے مقرر کین ہین بغیر اسکے

طالب کا اس راہ مین چلنا دشوار ہے ایک طریقہ پر بتایا ہار یعنی حواس ظاہری اور باطنی کا ضبط
کرنا دوسرے دہیان یعنی تصور تیسرے پرانایام یعنی حبس دم چوتہی دہارنا یعنی ایک چیز خاص کے
ساتہہ دل بستگی پانچوین ترک یعنی بموجب وید کے عمل کرنا چہٹے سمادہ یعنی استغراق حبس نفس
کا یہہ قاعدہ ہے کہ جیسے معدنیات سے طلا اور نقرہ گل آلودہ برآمد ہوتی ہے اور اوسکو آگ مین جلاکر
اوسکی کثافت کو دور کرتے ہین طلا اور نقرہ خالص ہوجاتی ہے اسی طرح حبس نفس سے کثافت
حواس کی جلجاتی ہے اور حبس نفس کی تین قسم ہین ایک دم کا کہینچنا اوسکو پورک کہتے ہین دوسرے
روک کر نگاہ رکہنا اوسکو کہنبک کہتے ہین تیسری دم کا چہوڑنا اوسکو ریچک کہتے ہین - ایکبار فرمایا
نربدا کے کنارے ایک باباجی رہتے تہے چلتے چلتے معہ ایک دم ہمراہی کے جو راہ مین ساتہہ ہوگیا تہا
بعد غروب آفتاب ہم باباجی کے مکان پر پہونچے اونہون نے مکان کے اندر گہسنے ندیا ہمنے مکان کے
باہر ایک پیپل کے درخت کے تلے بستر جمادیا اور اوس آدمی سے کہا کہ یہان شیر لگتا ہے نصف
شب تک تم جاگو اوسکے بعد ہم جاگینگے کچہہ رات گئی تو باباجی آئے اور کہا کہ اندر چلو ہمنے
کہا کہ ہم تو پہلے ہی گئے تہے مگر آپنے آنے ندیا باباجی نے فرمایا کہ اگر اوسوقت آپکی خاطرداری مین مصروف
ہوجاتا تو کہانے کا بندوبست نہوتا آخر اندر گئے دیکہا ہر قسم کے مکانات علیحدہ علیحدہ پر تکلف
بنے ہوئے ہین ایک مکان مین ہمکو ٹہیرایا دوسری مین دوسرے کو پہر طعام رنگارنگ پوری کچوری
اچار چٹنی مربہ وغیرہ ہر قسم کا سوای گوشت کے مہیا کردیا اور اسی طرح دونون وقت طرح طرح کے
کہانے کہلاتے رہے مگر یہہ معلوم نہین ہوتا تہا کہ یہہ کہانے اقسام اقسام کے کہانسے آتے ہین اور
کون انکو پکاتا ہے اور کہان پکاتا ہے صبحکو جب ارادہ چلنے کا ہوا تو باباجی نے آنے ندیا غرض
بیس روز تک وہان قیام رہا باباجی عمر مین نوجوان رعنا اور خوب صورت ایسی ہے کہ اپنی عمر
بہر مین ایسا خوش رو خوش خو آدمی کوئی نہین دیکہا چہرہ کا رنگ گلاب کا سا تہا اور دونون
رخسار ایسے تابان تہے کہ داڑہی کا عکس ایسا نمایان ہوتا تہا جیسے آئینہ کے اندر کوئی چیز نظر آتی
ہے دین و دنیا دونون مین باکمال تہے ایک دفعہ دو جذامی آئے دیکہتے ہی کہا تیری گورونے

جو تجہے بتایا تہا اوسکی کرنا مین قصور ہو گیا ہے اسلیے تیرا خون بگڑ گیا ہے تو گورو کے پاس جا وہ تجہے اسکی اصلاح کی تدبیر بتلا دیگا اوسنے کہا گورو کا انتقال ہو گیا ہے تب اوسکو کرنا کی درستی کی تدبیر بتلائی وہ صحت یاب ہو گیا دوسرے کو نربدا مین کہڑا کر کے ذراسی دوا کہلائی اور یہہ کہدیا کہ پیاس زیادہ لگے گی اگر پانی پی لیگا تو ہلاک ہو جائیگا اور اگر پیاس کو ضبط کریگا تو بالکل آرام ہو جائیگا بجای پانی اوسکو گہی پلایا آخر وہ بہی صحت یاب ہو گیا ہمکو بہت ٹہیراتے رہے لیکن ہم بعد بیس روز کے چلے آئے منشا اونکا یہہ تہا کہ یہان ٹہیر جاوین تو بعد ہمارے ہمارے جانشین ہون تمامی عمر مین جس کسی بزرگ سے ملے ہمہ حال اوسکا مخفی نہین رہا مگر باباجی کا حال ہمکو کچہہ معلوم نہوا کہ کیا حال تہا اور یہہ کون تہے ایک نمونہ اسرار الہی تہا جو منکشف نہوا ہمچین

کئے رام چندر تپسی بہی جن یہہ جگ بٹ مایا کئے کانہہ بہی مرلی دہر تن بہی انت نہ پایا
مچہہ کچہہ اور باراہ سروپی باون نام دہرائے کئے بودہ بہی نیہ لینکی تن بہی انت نہ پایا
کئے سدہ سادہ سنیاسی جن بن باس لبایا کئے منی جن کو رکہہ کہی تن بہی انت نہ پایا
جاکی گت برہما نہین پاے سو سنکادک ہارے تاکی گن نل کیسی ہیو کہین کبیر پکارے

باباجی نے ہمکو یہہ تعلیم فرمایا تہا نرنکار جیوتی سروپ نربہی نردہار یہین ۳۰۷ سو سات دفعہ ہر مدعا کے واسطے اسکو پڑہتے ہین اور ایک سو آٹہہ ۱۰۸ مرتبہ درستی بطون اور صفائی قلب کے واسطے

ایضاً ایک فقیر سرون ناتہہ قوم کا جاٹ ہردوار مین ملا تہا اوسکو جب شوق چیلا ہونے کا دامنگیر ہوا تو وہ حیدرآباد مین ایک فقیر سے ملا اونکو دست آرہے تہے اور چیلے اونکے بکثرت تہے مگر بحالت بیماری کوئی اونکی خدمت گذاری نہین کرتا تہا اونہون نے فرمایا کہ اب ہمارا وقت آخری ہے جو کوئی ایسے وقت مین ہماری خدمت کریگا وہ اوسکی جزا پاویگا سرون ناتہہ اونکی خدمت کرنے لگا بقول بزرگس ع ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد ہدا اونہون نے اوسکی خدمت سے راضی ہو کر اسکو چیلا کر لیا اور قبل از مرگ یہہ اسما جو ذاتی اور صفاتی ہین اور دو دو نام مقطعات ہین اوسکو تعلیم کئے اور ایک اجازت خاص اوسکے واسطے فتوحات و رجوعات مخلوق کی دی چنانچہ اونکی

اجازت کی تاثیر سے بکثرت مخلوق خدا اوسکے پاس آتی تہی ورنہ در اصل فقرای ہنود بہہ اسماء
واسطہ فنائیت کے بطریق شش ضربی ذکر شغل کرتے ہین سرون ناتہہ نے اسکی اجازت ہمکو
بہی دی تہی اسماء یہہ ہین کیلی اونگ (ذاتے) - ہری انگ (ذاتی) - سہری انگ (ذاتی) - اونگ (صفاتے) - سوا انگ (صفاتی) -
سیتینگ (صفاتے) - کلیم (ذاتی) - ہری ہم (ذاتے) - سری ہم (ذاتے) - اوریم (صفاتی) - سوہم (صفاتی) - سنی تم (صفاتے) + ایکروز فرمایا کہ
انکہہ ناک مکہہ موندکے نام نرنجن لے + بہیتر کے پٹ جب کہلین جب باہر کے پٹ دے + حضرت مولانا
روم رحمۃ اللہ علیہ سے چشم بند و گوش بند ولب ہ بند + گر نہ بینی سرحق بر من بخند + یہہ
ایک ذکر فکر کا طریقہ ہی جسکو اکابران اہل اسلام اور فقرای ہنود دونون کرتے ہین ترکیب اسکی یہہ ہے
کہ وجود انسان مین نو منفذ ہین جنکو نو دری کہتے ہین دو سوراخ گوش دو سوراخ چشم دو سوراخ
بینی اور ایک سوراخ مقعد اور ایک دہن اور ایک سوراخ پیشاب گاہ یہہ نو دروازہ یعنی پٹ ہوے
انکو بند کرے تو اندر کے پٹ کہلین بند کرنے کا یہہ طریقہ ہے کہ دونون پانون کے پاشنہ سے سوراخ
مقعد کو بند کرے اور دونون کانون کو دونر انگشت سے اور دونون آنکہہ کو دو انگشت وسطی سے اور
دونون لب کو انگشت بنصر و خنصر سے اسکو حبس نفس دم بزرگ کہتے ہین جملہ دروازون کو بموجب
ترکیب مذکورہ بند کرکے پانو بمقام قلب تصور اسم ذات یعنی اللہ کا یا تصور اوم کا کرے درمیان سینہ
کے جو ایک پارچہ گوشت ہی جسکی صورت نیلوفر کیسی ہے دہن اوسکا بائین کیطرف کو ہو اور نال اوسکا
یعنی رگ بیخ اوسکی اوپر کو ہو اور درمیان سوراخ نیلوفر کے دل ہے کلمہ اوم کے کہنے سے پاک ہوتا
ہے اور غنچہ نیلوفر شگفتہ ہوتا ہے اور کشایش ہوتی ہے اور آواز ناد آتی ہے اور اگر دلمین تصور
نور پاک کا کہ مثل شعاع آفتاب کے ہے نکر سکے تو ام الدماغ مین کرے دل اور پران اور
جیو آتما کو ایک تصور کرکے درمیان مجمع دو سوراخ بینی کے یعنی دونون ابرو کے روک کر دہیان
ذات کا کرے حبس کرنے سی وہ چراغ جو فانوس بدن کے اندر روشن ہی باد سے محفوظ رہیگا
اور تمام فانوس بدن اوس سے منور ہو جائیگا **ابیات** خانہ ات از نور حق روشن شدہ +
ایک گل بودہ کنون گلشن شدہ + بس درون گلشن خود سیر کن + ہمچو مرغ قدس در وے طیر کن + ایک دن

یہہ دوہرہ پڑہا اور اس دوہرہ مین دوہرہ دیکہدی یکہہ تجہہ مین تیرا دہنی دم کو روک پدار پاوڈ
دم کو روک اور مُنہ کو بند کر چند سورج گھر ایک آوی ؞ ناہہ کی سانس سے منتر چپ چپ کرے ؞
کہین کبیر اگم کی بیڑیان سن کی سیج کوئی سننہ جاوی ؞ یہہ ترکیب سرودا کی ہی ۔ داہنی
طرف کے سوراخ بینی کو اپڑا یعنی انگلا اور سورج کہتے ہین اور بائین طرف کے سوراخ کو
پنگلا اور چاند کہتے ہین اور سکہمنا ان دونون کے درمیان مین ہی کبہی داہنی طرف کا
سانس چلتا ہی اور کبہی بائین طرف کا جب دہیان کرنا ہو تو دونون طرف کی سانس برابر
کرے اور اوسکی ترکیب یہہ ہے کہ اگر بایان سُر چلتا ہو تو داہنی کروٹ یا تو لیٹ جاوی یا
داہنی طرف کو سر کتف کی طرف کو جہوکا دی تو دونو سُر برابر ہو جاوین جسوقت دونون سُر برابر ہو جاوین اوسوقت دم کو
روک کر ذات کا دہیان کری دہیان عمدہ اور مفید ہوتا ہے ؞ سانس کی تین حالت ہین
یا تو داہنا چلتا ہی یا بایان یا دونون برابر سانس کے چلنے مین خاصیت ہر ایک کی علیحدہ
علیحدہ ہوتی ہے اگر سانس داہنا چلتا ہی تو ایسی صورت مین منتر پڑہنا راجہ یا حاکم سی ملاقات
کرنا جنگ کرنا عورت سی قربت کرنا اچہا ہوتا ہی اور جو بایان چلتا ہو تو باغ لگانا مکان بنانا چاہ
کہودنا تالاب بنانا گہوڑا خریدنا اچہا ہوتا ہی اور جب دونون برابر ہون تو ذات کا دہیان کرنا
اچہا ہوتا ہے بایان سُر جب چلتا ہو تو پورب و راوتر کو نجاوی اور جو داہنا چلتا ہو تو جاوی اور
داہنا چلتا ہو تو دکہن اور پچہم کو نجاوے اور جسکو دہیان سرودا کا کرنا ہو تو اوسکو چاہیے کہ بائین
کروٹ سووے اور پانی بائین سُر مین پیا کرے اور داہنے سُر چلتے کہانا کہاوے اوسکو کوئی عارضہ
گرمی سردی کا نہوگا داہنے سُر مین قضای حاجت کو جاوے اور بائین مین پیشاب کیا کری اور اگر
دن بہر بایان سُر چلاتا ہو تو داہنی کروٹ یا تو لیٹا رہے یا داہنی طرف سر کتف کی طرف جہکا رکہی
اور جو رات کو داہنا سُر چلاوے تو بائین طرف کو لیٹا رہے یا سر بائین کتف کے طرف جہکائی رہی اسطرح
طریقہ سی عمر زیادہ ہوتی ہے اگر آٹھ پہر خود بخود داہنا سر چلنے لگی اور بایان بند ہو جاوی تو جان لے
کہ تین سال اور زندہ رہونگا اور سولہ پہر بایان سُر چلے تو دو سال زندہ رہیگا اور جو تین رات تین دن

داہنا سر چلے تو ایک سال زندہ رہیگا اور جو رات دن برابر بایان سانس چلے تو جانے کہ وقت
مرگ آگیا جو ایک ماہ رات دن داہنا سر چلے تو دو دن کی زندگی ہے اور جو سکھمنا پانچ گھڑی
چلے تب ہی مرجاوے اور سر ودہا کے اور بہی قواعد دریافت حالات وغیرہ کے ہین بوجہ طوالت
اونکو نہین لکھا **سانس کپالی** یعنی روح کا دماغ مین چڑہانا یہہ ایک قسم کا مراقبہ ہے پہلے پدم
آسن کرتے ہین اور پہر ناف کو موتہہ سے ملاتے ہین تمام وجود اکہٹا ہوجاتا ہے اور زبان کو اندر
اوپر کو چڑہا لیتے ہین تب سانس اکہٹا ہو کر کپالی مین آجاتا ہے جو سانس چڑہ کرنہ اوترے اوسکے
اوتارنے کی ترکیب یہہ ہے کہ اوسکے پانون آب گرم سے دہوئی اور سر پر اوسکے تالو کی جگہہ مرچ
سیاہ سائیدہ کرکے ملے اور گلہای خوشبودار اوسکو سنگہاوے سانس اوترا ویگا **برہم گایتری**
جسکو برہمن پڑہتے ہین یہہ ہی ۔ اُوم ۔ بہور ۔ بہووہ ۔ سواہ ۔ تت ۔ سوتر ۔ وارے
نیئم ۔ بہرگو دیوی ۔ دسیہ دہیمہی دہیو ۔ یونہ ۔ پرچودیات ۔ اوم کشف
قلب کے واسطے بہ ترک گوشت وقت شب ایک سو ایک[101] دفعہ حبس دم کرکے پڑہے یعنی ایک
دم مین جتنی دفعہ پڑہ سکے اور قلب کی جگہہ چاند کا تصور رکہے ایک چلہ اس تصور سے پڑہے اور
بعد اوسکے تین چلہ بہ تصور آفتاب بعد اوسکے ایک دفعہ اور اسی دہیان سے پڑہ لیا کرے کار
دنیاوی کے واسطے سورج نکلنے کے وقت بعد غسل کے شرق کیطرف موتہہ کرکے بہ تصور کار تین ہزار
ایکسو پچیس[3125] دفعہ اور اکیس[21] دن تک ہر روز پڑہے بعد اوسکے ایکسو چوبیس[124] مرتبہ روز پڑہ لیا کرے اور جو فتوح
کے واسطے پڑہنا ہو تو ایک چلہ بہ ترک حیوانی و ترک پاپوش چرمی تین ہزار ایکسو پچیس[3125] دفعہ روز
غسل کرکے پڑہا کرے اور اگر اسقدر روز نہ پڑہ سکے تو تین چلہ تک اسکا تہائی روز یعنی ایک
ہزار بیالیس[42] دفعہ پڑہ لیا کرے تین چلہ مین سوا لاکہہ[125000] پورا کردے اور بعد اوسکے گیارہ دفعہ پڑہ لیا کرے
اور جو واسطے زیارت کنہیاجی کے پڑہنا ہو تو پہر رات گئے ساعت مشتری مین بروز جمعرات
اسکو شروع کرے اور ساعت مذکورہ مین روز تین ہزار ایکسو پچیس[3125] دفعہ پڑہے پڑہنے کیوقت تصور
کنہیاجی کا رکہے سات روز تک پڑہے چارزانو بیٹہے داہنا ہات بائین ران پر اور بایان داہنی

ران پر رکہے مالا کو گودڑی مین رکہکر پڑہے اول ایکسو ایک ۱۰۱ دفعہ سری گنیش ائنمہ پڑہے آخر
مین اسیطرح ایکسو ایک دفعہ پہر پڑہے اور جو جپ کیواسطے پڑہے تو گایتری کا نقش لکہو اور اوسکو
اوپر سات سو چہپن ۷۵۶ اعداد سری گنیش ائنمہ کے لکہو پانچہزار آٹہہ سو چہپن ۵۸۵۶ دفعہ روز پڑہے نقش پر دم
کرے چالیس روز تک دم کرے بوقت پڑہنے کے اوسکو سامنے رکہے ساعت عطارد مین بدہ کے روز
شروع کرے روزہ یا اوپہر موہن بہوگ آپ کہا لیا کرے بوقت کہانے کے یہہ دہیان رکہے کہ
گنیباجی بہی ساتہہ میرے کہاتے ہین بعد چلہ کے نقش کو گنگا یا جمنا یا کسی نہر مین یہہ کہکر ڈالے کہ
مین اپنی کار آمدنی کے واسطے ڈالتا ہون آپ ہمین کام دین وار اتوار کے دن نقش معہ
نام فریقین لکہکر تین جگہہ شبن شبن شبن لکہدیا کرے اور جو حاکم کے واسطے لکہے تو نقش مین
نام طالب و مطلوب کا نہ لکہے اور فتح مقدمہ کیواسطے
بہی یہی ترکیب ہے بازو پر باندہے یا گلے مین یا پانو کے تلے دبالے
یا کسی کو ملانا ہو تو پتہر کے نیچے داب دے نقش یہہ ہے

۷۵۶

۸۳۳	۸۴۷	۸۴۴	۸۴۰
۸۴۵	۸۳۹	۸۳۴	۸۴۶
۸۳۸	۸۴۲	۸۴۹	۸۳۵
۸۴۸	۸۳۶	۸۳۷	۸۴۳

شبن شبن شبن

کہٹ کرم ایکبار فرمایا فقرای ہنود مین نو ترکیب
کہٹ کرم کی ہین واسطے فواید جسم کے اونکو کرتے ہین - نیولی - دہوتی - گجکرم -
بستی - نیتی - جیتو - گارنی - کنجل کریا - لنگ سوراوت کریا - چکران کریا -
نیولی یہہ ہے کہ ایک رگ سکہیال کلان ترین رگون مین سے زیر ناف ہوتی ہے اوسکا بائین
طرف کو ہے اوسکو پہیر کر طرف پیچیم کہاٹی یعنی استخوان ریڑہ کی لاوے تاکہ جادہ روانگی باد بران
دُبان کہل جاوے اور ہر دو نلہ نامین یعنی ہر دو جانب شکم کو کرتہ و بالا مانند اسیا مین گردش
مین لاوے اور گرہ باد کو ناف کے تلے لاوے تاکہ جو کچہہ دُرد غایط اور بول کی ہو نکل جاوے اور ہاضمہ
درست ہو - دہوتی یہہ ہے کہ ایک بٹی کپڑہ نرم کہنہ جسکا طول مقدار سولہ انگشت ہو لیوے جو
باہر زیادہ نہین کہتے ہین وہ ہاتہہ یا نو انگشت کی بٹی ہی لیتے ہین اور عرض چار انگشت کا
اوسکو درست کرکے پانی یا شیر مادہ گاؤ مین تر کرے آہستہ آہستہ اوسکو نگلے جبکہ پانچ چہہ دن کے

استعمال مین شکم مین او وتر جاوی اور بقدر ایک جب کی باہر رہے استعمال کرنیوالے کو چاہیے
ایک لمحہ توقف کرے اور پہر بہ آہستگی اوسکو نکالے اور ہفتہ مین ایک دو دفعہ اس عمل کو کیا
کرے تاکہ امراض صفراوی اور بلغمی اور بادی مثل سرفہ کہنہ و باوگولہ و تلخہ و برص وغیرہ زائل
ہون رنجکرم اسکو کہتے ہین کہ آب گرم تشنگی سے زیادہ کہانے سے پہلی پیوے اور بعد ایک ساعت
کے ادوان کو بند کرکے آہستہ آہستہ ڈکار کی راہ پانی کو نکالدی اور مبتدی کو چاہیے کہ انگشت
کو بمقام کوا جسکو کاگ بہی کہتے ہین رکہکر پانی کو ہاتی کی طرح مونہہ سی نکالدے جو شخص اسطرح پر عمل
ایک ماہ مین اسکو استعمال مین لے آوی کوئی مرض بلغمی اوسکے وجود مین پیدا نہو بستی یہہ ہی
ڈیڑہ پاو پانی ظرف گلی مین ڈالکر باد اپان کی قوت سی مقعد کی راہ سے شکم کی طرف کو کہینچے
اور نیم ساعت نگاہ رکہکر باہر نکالے اور شروع ماہ چیت یعنی اسفندیار لغایت کرشن پچہہ
ماہ اسوج یعنی شہریور کے چہہ ماہ ہوی پانی تازہ استعمال مین لاوی اور چہہ ماہ دیگر مین آب گرم کا
استعمال کرے اور جو کوئی اسطرح سے مداومت کری آئینہ دل وسکا زنگ نکشنزی یعنی تمامی
عروق سی صاف ہو کاہلی اور سستی اور خواب رفع ہو نیوتی اسکو کہتے ہین کہ ایک تاگا سوت کا
بقدر ڈیڑہ بالشت کے درست اور راست کرکے اور موم کو تالش آگ سی نرم کرکے اوسمین رشتہ
کو چرب کرے یا تین تین گرہ کرنے سی پہلے موم مین اوسکو ملاوی جب وہ سخت ہو ایک پارچہ سفید پر
رکہے اور بوقت مونہہ دہونے کے اول روزن راست بینی مین اوسکو ڈالے جب وہ حلق تک پہونچ
جاوی بعد چار لحظہ کے اوسکو نکالے اسی طرح روزن چپ بینی مین ڈالکر نکالے بلاناغہ چار ماہ
تک اسکا استعمال کری تو بینائی مین تادم زیست کچہہ فرق نہ آوی اور دماغ مین تازگی پیدا ہو
اور ناسور جاتا رہے چوگانی اوسکو کہتے ہین کہ کہانا کہاکر بعد ایک ساعت کے کاگ کو منضبط
کرکے دہن کی راہ سی اوسکو نکالدے اہل عبادت کو مناسب ہی کہ جو باد پرہ بینی سے بقدر بارہ
انگشت کے نکلتی ہے بتدریج اوسکو کم کرے یعنی دم کو پرہ بینی سی اوسقدر نکالی کہ بروقت اوسکی
معاودت کے کچہہ کمی اور نقصان نہو تاکہ اوسکے کم ہونے سی اوسکو کشودگی گہٹ چکر یعنی چہہ کنول کی

آگاہ ہوا اور نظر کو بند کرے تا انوار حق مانند چراغ کی نظر آویں اور کوئی اور شغل نکرے اسکو
مرتبہ اول جوگیوں نے قرار دیا ہے اور ہندی زبان میں اسکو مندرا ہوری کہتے ہیں اور اسیطرح
رفتہ رفتہ طرف پستان چپ کے کہ جو دل کی جگہہ ہے نگاہ کرے شب تار میں اسقدر تجلی کا مشاہدہ
کرے کہ سوزن میں اسکی روشنی سے تاگا ڈالدیوا اور اسکے علاوہ بہت سے عجائبات اپنی آنکھہ سے
دیکھے اور جب اس سے فارغ ہو تو اول چار انگشت روبرو بینی کے معائنہ کرے اسی طرح آہستہ
آہستہ درمیان پیشانی کے امعان نظر میں تصور کرے تا کہ ظہور حقیقت کا اسطرح نظر آوے جیسے
روشنی برق یا چراغان کا عکس درمیان میں پڑتا ہے بوقت صبح ایک ماہ تک چار گھڑی ہر روز
اس عمل کو کیا کرے گل آنکھہ سے زایل ہوا اور دن کو ستارے نظر آنے لگیں اور اسکا مندرا چاچری
نام ہے اور ترکٹی بھی اسکو کہتے ہیں بعد اسکے کان اور لب اور آنکھہ وغیرہ دروازوں کو بند کرکے
ساتھہ تصور اندرونی کے دھیان کرے اور دم اندرونی کو کانوں کی طرف کھینچکر لیجاے اسجگہہ
پر دس قسم کی آوازیں آتی ہیں ایک آواز زنبور سیاہ۔ دوم جرس سوم نے چہارم نقارہ پنجم بین
ششم رعد ہفتم دریا ہشتم ناقوس نہم کرنائی دہم جلاجل یہہ آوازیں سنے اور بعد چھہ ماہ کے
الہام ہونے لگے بعد اسکے زبان کو محنت کرکے تالو تک پہونچاوے ہندی میں اسکو کھچری
مندرا کہتے ہیں ترکیب اسکی یہہ ہے کہ ایک کارد نقرہ بقدر برگ زقوم خاردار کے بناوے
زبان کی بائیں رگ کو بقدر خشخاش کے ہفتہ میں ایک دفعہ آئینہ سامنے رکھکر اوسی کاٹے اور
کشش زبان کی نر انگشت اور انگشت اول راست سے کرے اور اکثر اوقات ہلیلہ بلیلہ اور آنولہ
اور نمک لاہوری کو باہم سائیدہ کرکے اور چہانکر مالش کرتا رہے جبوقت زبان بقدر چار انگشت
کے سابق سے بڑھجاے اس شغل کو چھوڑ دے اور آبحیات جو تالو میں ہے نوش کرے
اسکے بعد جو گورو اور تعلیم کرے وہ کرے مدار سب چیزوں کا گورو کی تعلیم اور تلقین پر ہے +
کیچل کریا کے ترکیب لکھنے سے بخوبی سمجھہ میں نہیں آتی ہے یا تو اوسکی تصویر بنائی جاوے
یا گورو خود کرکے دکھلاوے اسمین ایک تاگا حلق کی راہ سے ڈالکر براہ مقعد نکالتے ہیں اور +

کنگ سواوت کریا بہی گورو بتلاوے تب سمجہہ مین آتی ہے اس کریا مین براہ مقعد روده شکم سے نکال کر دہوتے ہین اور پہر اونکو چڑہا لیتے ہین چکرانگ کریا مین ایک نشست کی ترکیب ہے وہ بہی بتلانے سے آتی ہے اسمین آنکہونکی راہ پانی نکالتے ہین بینائی کو فایدہ ہوتا ہے لیکن یہہ ترکیبات دنیادار عیالدار سے ہونی دشوار ہین جو جوروجاتا نرکہتا ہو اور مجرد او مستعد اور طالب شایق آدمی ہو اوسکا کام ہے دنیادار کو تو ایسی باتونکا ذکر کرنا زمانہ مین ہے سے عملی ہوکے دہرے دہیان ۔ گرہی ہوکے کہنی گیان ۔ جوگی ہوکے کوٹے بہگ کہی کبیر یہ تینوں گئے ۔ نارد اور مہادیوجی ۔ رام چندرجی ۔ کرشن جی ۔ گورکہہ ناتہہ ۔ راجہ جنک جی ۔ شب جی ۔ اور بسبٹ جی ۔ اشٹابکر جی ۔ اور ارجن ۔ ہنود کے بڑے بڑے بزرگ ہوے ہین یہہ سب اہل توحید تہے اور خاص ذات پاک وحدہ لاشریک کی طاعت وعبادت کرتے تہے اور اوسکی بیچونی اور بیچگونی اور بے صفتی اور بے رنگی کے قایل تہے اور اوسکو خالق اور اپنے آپ کو مخلوق جانتے تہے اور اوسکی یاد بود اور ذکر شغل باطنی مین اور کسیکو شریک نہین کرتے تہے اور سواے ذات وصفات حق کے اور کسی کا تصور دل مین نہین رکہتے تہے جو جو مقامات لطایف ستہ اور عالم صغیر اور کبیر اور ظہور انوار اور تجلیات کی صوفیای کرام نے وجود انسانی مین مقرر کئے ہین وہی فقرای ہنود نے بہی اپنی کتابون مین لکہے ہین صرف اصطلاحات زبانی کا فرق ہے جو طریقہ طاعت ور عبادت باطنی کا فقرای ہنود علی الخصوص سنیاس متا والون نے مقرر کیا ہے وہ طریقہ طریقہ ذکر و فکر عبادت باطنی صوفیای کرام اسلام سے مناسبت کلی رکہتا ہے بزرگان ہنود کی عظمت کے بارہ مین حضرت جناب مظہر جان جانان صاحب رحمت اللہ علیہ نے ایک خط تحریر فرمایا ہے اوسکو نقل کرتا ہون یہہ خط حضرت مرزا صاحب رحمت اللہ علیہ کے حالات اور مقامات کی رسالہ مین جسکے مولف شاہ غلام علی الملقب شاہ عبداللہ رحمت اللہ علیہ ہین درج ہے

مکتوب چہاردہم پرسیدہ بودند کہ کفار ہند مثل مشرکان عرب دین بے اصل دارند یا آنرا اصلی بودہ است و منسوخ شدہ و در حق پیشنیان اینہا چہ اعتقاد باید کرد مختصری از روے تحقیق و انصاف

مرقوم میگردد بدانند آنچه از کتب قدیمه اهل هند معلوم می شود اینست که رحمت الهیه بر وقت آغاز
پیدایش نوع انسانی برای اصلاح معاش و معاد ایشان کتابی مسمی به بید که چهار دفتر دارد مشتمل
بر احکام امر و نهی و اخبار ماضی و مستقبل است بتوسط ملکی که برهما نام که آله و جارحه ایجاد عالم است
فرستاده و مجتهدان اینها از آن کتاب شش مذاهب استخراج کرده بنای اصول عقاید را بر آن
گذاشته این فن را دهرم شاشتر نامیده اند یعنی فن الهیات که علم کلام باشد و افراد نوع انسانی
را چهار فرقه مقرر نموده اند چهار مسلک از آن کتاب بر آورده برای هر فرقه مسلکی قرار داده و بنای
فروع اعمال را بر آن نهاده اند و این فن را کرم شاشتر خوانده اند یعنی فن عملیات که علم فقه
باشد و چون نسخ احکام را منکر اند و بحکم عقل مناسب طبایع اهل هر مذهب و زمان بتجویز تغییر
اعمال ضرورست و عمر طولانی عالم را چهار حصه ساخته هر یکی را جگ نام کرده برای هر جگ طور
عملی از آن هر چهار دفتر اخذ نموده اند و آنچه متاخرین ایشان تصرفات کرده اند از اعتبار ساقط
است و جمع فرق ایشان در توحید باریتعالی اتفاق دارند و عالم را حادث و مخلوق او میدانند
و اقرار به فناء عالم و جزای اعمال نیک و بد و حشر جسمانی و حساب دارند و در علوم عقلی و نقلی و ریاضات
و مجاهدات و تحقیق معارف و مکاشفات اینها ید طولی است و کتاب خانه ها تا امروز موجود و رسم
بت پرستی اینها نه از راه اشراک و در الوهیت است بلکه حقیقت دیگر دارد و عقلاء اینها فرصت
عمر آدمی را چار حصه قرار داده اند حصه اول در تحصیل علوم و آداب دوم در تحصیل معاش
و اولاد و سوم در تصحیح اعمال و اصلاح نفس و چهارم در مشق انقطاع و تجرد که غایت کمال انسانی
است و نجات کبری که آنرا مها مکت میگویند بر آن موقوف است صرف می نمایند و قواعد
و ضوابط دین اینها نظم و نسق تمام دارد پس معلوم شد که دین مرتبی بوده است و منسوخ شده
و از ادیان منسوخه غیر از دین یهود و نصاری نسخ دین دیگر در شرع مذکور نیست حال آنکه نسخ
بسیاری از ادیان واقع شده و دین های بسیار در معرض محو و اثبات آمده و باید دانست که
بحکم آیه کریمه ✤ وَإِنْ مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ✤ بموجب حدیث وکرثمه ولکل امة ✤

رسول و آیات دیگر در ممالک هند و نیز بعثت انبیا و رسل علیهم السلام واقع شده است و احوال
آنها در کتب اینها مضبوط است و از آثار آنها که باقی است ظاهر میگردد که مرتبه کمال و تکمیل رسیده
اند و رحمت عامه رعایت مصالحه عباد را درین مملکت هیچ فرو نگذاشته مشهور است که پیش از بعثت خاتم الرسل
صلی الله علیه وسلم در هر قومی پیغمبری مبعوث شده و طاعت و انقیاد همان پیغمبران قوم واجب
بوده نه اتباع پیغمبر قوم دیگر و بعد ظهور پیغمبر ما که خاتم المرسلین است صلی الله علیه وسلم و مبعوث است
به کافه انام و دین او ناسخ ادیان است شرقاً و غرباً احدیرا تا انقراض زمان مجال عدم انقیاد
وی نمانده پس از آغاز بعثت او تا امروز که هزار و صد و هشتاد سال است هر که با وی نگرویده
کافر است نه پیشینیان و چون شرع بحکم آیه کریمه مِنْهُم مَنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَنْ لَمْ نَقْصُصْ
عَلَيْكَ از بیان احوال اکثر انبیا ساکت است در شان اینها هند سکوت اولی است نه ما را
جزم به کفر و هلاک اتباع آنها لازم و نه یقین به نجات آنها بر ما واجب و ماده حسن ظن متحقق است
بشرط آنکه تعصب در میان نباشد و در حق اهل فارس بلکه اهل هر مملکت که پیش از ظهور خاتم
الرسل گذشته اند و لسان شرع از احوال آنها ساکت است و احکام و آثار آنها مناسب و
موافق مسلک اعتدال است همین عقیده اولی است و کافر گفتن کسی بی دلیل قطعی آسان نباید
دانست و حقیقت بت پرستی آنها آنست که بعض ملایک که بامر الهی در عالم کون و فساد تصرفی
دارند یا بعض ارواح کاملان که بعد ترک تعلق اجساد اینها را درین نشاه تصرفی باقی است
یا بعض افراد احیا که بزعم اینها مثل حضرت خضر علیه السلام زنده جاوید اند صور آنها ساخته متوجه
بآن می شوند و بسبب این توجه بعد مدتی مناسبتی بصاحب آن صورت بهم میرسانند و بنا بران
مناسبت حوائج معاشی و معادی خود را ادای میسازند و این عمل مشابهتی بذکر رابطه دارد که
معمول صوفیه اسلامیه است که صورت پیر را تصور میکنند و فیضها بر میدارند اینقدر فرق است
که در ظاهر صورت شیخ نمی تراشند و این معنی مناسبتی بعقیده کفار عرب ندارد که آنها بتان را
متصرف و موثر بالذات میگفتند نه آنکه تصرف الهی و اینها را خدای زمین میگفتند و خدا تعالی

خدای آسمان و این شرک ست در الوہیت و سجدہ اینہا سجدہ تحیت ست نہ سجدہ عبودیت کہ
در آئین اینہا بمادر و پدر و پیر و اُستاد بجای سلام ہمین سجدہ مرسوم و معمول ست کہ آنرا ڈنڈوت
میگویند و اعتقاد تناسخ مستلزم کفر نیست والسلام اور امام ربانی مجدد الف ثانی نقشبندی
رحمت اللہ علیہ بھی مکتوب دو صد پنجاہ نہم جلد اول مکتوبات مین یون
تحریر فرماتے ہین کہ ہندوستان مین انبیا علیہ السلام کا پیدا ہونا محسوس ہوتا ہے چنانچہ عبارت
مکتوب حضرت موصوف بجنسہ ملاحظہ ناظرین کے واسطے نقل کیجاتی ہے۔ ای فرزند این فقیر
ہر چند ملاحظہ می نماید و نظر را سر میدہد ہیچ جا نمی یابد کہ دعوت پیغمبر ما صلعم بآنجا نرسیدہ است
بلکہ محسوس میگردد کہ در رنگ آفتاب ہمہ جا نور دعوت او علیہ الصلوۃ والسلام رسیدہ است حتی کہ
در یاجوج و ماجوج نیز کہ سد حایل دارند و در امم سابق کہ ملاحظہ میکند کم بقعہ میاید کہ در آنجا بعثت
پیغمبری نشدہ باشد حتی کہ در زمین ہند کہ دور از ین معاملہ می نماید نیز می یابد کہ از اہل ہند
پیغمبران مبعوث شدہ اند و دعوت بصانع جل شانہ فرمودہ اند و در بعضے از بلاد ہند محسوس میگردد
کہ انوار انبیا علیہ الصلوۃ والتسلیمات در ظلمات شرک در رنگ مشعلہا افروختہ اند و اگر خواہد تعین آن بلاد
ہند نماید و می بیند کہ پیغمبری است کہ ہیچکس او را نگرویدہ است و دعوت او را قبول نکردہ پیغمبری است
دیگر کہ یک کس بوے ایمان آوردہ است و دیگر لیست کہ دو کس بوے گرویدہ اند و بعضے را سہ کس ایمان
آوردہ است زیادہ از سہ کس در نظر نیاید کہ در ہند بپیغمبرے ایمان آوردہ باشد تا چہار کس امت یک پیغمبری
بودہ اند و آنچہ روسا کفرہ ہند از وجود واجب تعالی و از صفات و سبحانہ و از تنزیہات و تقدیسات
او تعالی نوشتہ اند ہمہ مقتبس از انوار مشکوۃ نبوت ست چہ در ہر یک عصر در امم سابقہ نبی از انبیا گذشتہ
است و از وجود واجب تعالی و از صفات ثبوتیہ او سبحانہ تعالی و از تنزیہات و تقدیسات او سبحانہ تعالی
خبر کردہ و اگر نہ وجود شریف این بزرگواران بودے عقل لنگ و کور این بے دولتان کہ ملوث
بظلمات کفر و معاصی ست کے باین دولت مہتدی شدی عقول ناقصہ این بے دولتان فی حد
ذاتہ بالوہیت خود حاکم اند و غیر از خود را الہی اثبات نمی کنند چنانکہ فرعون بمصر گفتہ ما علمت لکم
من الٰہ غیری

من اله غیری ونیز گفته لئن اتخذت الٰها غیری لاجعلنک من المسجونین وچون از اخبار انبیا
علیه الصلوٰة والسلام معلوم کردند که عالم را صانعے هست واجب الوجود تعالی وتقدس بعضے
ازین هید وستان بر قبح ادعای خود اطلاع یافته بتقلید دستر اثبات صانع نموده اند واورا
در خود حال وساری دانسته اند وباین جمله مردم را به پرستش خود خوانده وتعالی الله عما یقول
الظالمون علوا کبیرا اینجا کوته اندیشی سوال بکند که اگر در زمین هند انبیا مبعوث میشدند
هر آئینه خبر بعثت ایشان نیز بما می رسید بلکه آن خبر از جهت توفر دواعی بتواتر منقول می گشت
ولیس فلیس زیرا که گوئیم که دعوت این پیغمبران مبعوث عام نبود بلکه دعوت بعضے مخصوص بیک
قوم بوده وبعضے را دعوت مخصوص بیک قریه وبیک بلده بود وتواند بود که حضرت حق سبحانه
تعالی در قومی یا در قریه شخصی را باین دولت مشرف ساخته باشد وآن شخص آن قوم یا اهل
آن قریه را دعوت بمعرفت صانع جل شانه کرده باشد ومنع از عبادت غیر او تعالی نموده آن
قوم یا اهل آن قریه انکار او کرده باشند وتضلیل وتجهیل او نموده وچون انکار وتکذیب ایشان
بنهایت رسیده باشد بغیرت حق جل وعلا آمده ایشانرا هلاک کرده باشد وهمچنین بعد از مدتے
پیغمبرے دیگر بقومی یا بقریه مبعوث شده باشد وعامل معهم کما عامل الاول بقومه وفعل
بهم ما فعل باولئهم وهکذا الا ما شاء الله تعالی ۔ وآثار هلاکت قری وبلاد در زمین هند
بسیار است واین قوم هر چند هلاک شدند اما آن کلمه دعوت در میان قران آنها باقی ماند
وجعلها کلمة باقیة فی عقبه لعلهم یرجعون ۔ خبر نبوت انبیا مبعوث وقتی بما رسد که جمع
کثیر بایشان گرویده باشند وقوتی پیدا کرده یک کس آمد وچندے روز دعوت کرد وگذشت وهیچکس
او را قبول نکرد ودیگری آمد وهمین کار را کرد ویک کس او را گرویده ودیگری را دو کس یا سه کس گرویدند
خبر از کجا منتشر شود وکفار در همه مقام انکار انکار بودند ومخالفت دین آبا خود را رد میکردند
ناقل کے بود وبه که نقل کند دیگر الفاظ رسالت ونبوت پیغمبری از لغات عرب وفارس آمده بواسطه
اتحاد دعوت پیغمبر ما علیه وعلی جمیع الانبیا علیه الصلوٰة والسلام واین الفاظ در لغت هند نبوده تا انبیا

مبعوث نه هند را نبی یا رسول یا پیغمبر گویند و باین اسامی ایشانرا یاد کنند و ایضاً درین جواب و
سوال بطریق معارضه گوییم که اگر انبیا در هند مبعوث نشده باشند و هم زبان ایشان با ایشان دعوت
نکرده باشند هر آئینه حکم انبیا حکم شاهق جهل بود و با وجود مزور دعوی الوهیت بدوزخ نه در آیند
و عذاب مخلد ایشانرا نشود و هذا مما لا یقتضیه العقل السلیم و لا یساعده الکشف الصحیح فانا
لنشاهده لبعض مرؤهم فی وسط الجحیم والله سبحانه اعلم بحقیقة الحال پس ظاہر ہے کہ جو قواعد
اور ضوابط ذکر و شغل و مجاہدات و ریاضات شاقہ و تجرید و تفرید و کم خوری و کم خسپی و تزکیہ
و تصفیہ و تخلیہ و فنا و بقا کی بزرگان ہنود نے ایجاد کیے ہین بے بنیاد اور بے اصل نہین
ہین اس فرقہ مین بہی اہل توحید بہت ہوے ہین اور اب بہی ہوتے چلے جاتے ہین اور ہزارون
ہندو صاحب ایسے بہی ہین کہ انبیا اور اولیا کی عظمت اور بزرگی کے قایل ہین اور اکثر اولیا
اللہ کی خدمت مین بامید حصول فیض و فائدہ دنیا و دین باادب و تعظیم ہمیشہ حاضر ہوتے ہین
اور اہل مزار سے بہی عقیدہ رکھتے ہین چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رح کے مزار پر ہزارون
ہندو باعتقاد تمام ہر سال جاتے ہین طریقہ عروج و نزول جسکو بازگشت کہتے ہین فقرای
ہنود کا اسطرح پر ہے اور جو ان مین مرتبہ تکمیل فنا و بقا کو پہونچ جاتے ہین کہ جسکو ہنس اور پرم
ہنس کہتے ہین لطون ہین وہ کسی مذہب و ملت کے پابند نہین ہوتے - جاننا چاہیے اول
ذات پاک بیچون مستغنی بود اور نابود عالم سے تہی یکایک اقتضای محبت ذاتی کو جنبش ہوئی
جان کا ظہور ہوا پہر من یعنی خواہش پہر اس سے انانیت اور عقل ظاہر ہوئی پہر قالب پیدا ہوگیا
اور قالب مرکب ہوا - آتش و باد و آب و خاک ہوا سے اثران پانچون تتون کے قالب مین موجود
ہین یعنی حرارت و برودت و یبوست و رطوبت ہوا جسکو اکاس کہتے ہین خاصیت جان سے
ہے باد خاصیت من سے آتش خاصیت انانیت سے آب خاصیت عقل خاک خاصیت بدن سے
پہر اس سے حواس خمسہ ظاہر ہوے جسکو سمع بصر ذوق شم کہتے ہین اور ان سے کرم یعنی افعال نیک و بد
پیدا ہوے یعنی افعال نیک و بد مین جان گرفتار ہوکر تن مین مقید ہوئی اور موت حیات

اوسپر مستولی ہووے سمجھنا چاہیے کہ پانچون عنصر جو قالب انسان مین ہین انکی علامت بہی تمام
کے اندر موجود ہے علامت ہوا کی آواز ہے علامت باد کی جنبش علامت آتش کی حرارت
علامت آب کی لذت علامت خاک کی بوئیدگی جس عنصر سے جو عنصر پیدا ہوا اوسکی خاصیت
اُس عنصر کے اندر پیدا ہوئی ہوا جسکو ہندی مین اکاس کہتے ہین خاصیت اُسکی آواز ہے اور
وہ اوسمین ہے اوسکو ایک گُن کہتے ہین اور جب باد اکاس سے پیدا ہوئی جو خاصیت اکاس کے
اندر تہی وہ باد مین داخل ہوگئی اور حرکت لامسہ ذاتی تہی اوسمین دو گن ہوئے ایک آواز دوم
حرکت جب آگ باد سے ظاہر ہوئی خاصیت باد کی جو آواز اور حرکت تہی اوسمین داخل ہوئی
اوسمین تین گن ہوئے اور حرکت حرارت اور پانی آگ سے پیدا ہوا ہر سہ خاصیت جو آگ مین تہین وہ
اوسکی اندر داخل ہوئین اور جو تہی برودت کی خاصیت ذاتی تہی اوسمین چار گن ہوئے اور خاک
پانی سے پیدا ہوئی خواص پانی کے اوسکے اندر داخل ہوئے اور خاصیت یبوست اوسکی جو ذاتی
تہی ملکر پانچ گن اوسمین ہوئے یہہ جملہ پندرہ گن ہوئے جب جان بطریق سلوک کے ان جملہ حجابہای
سے رہائی پاوے تو اپنے اصلی مقام مین جاگزین ہو ترتیب بازگشت سالک کی اسطرح
ہے کہ خاک کو پانی مین اور پانی کو آگ مین اور آگ کو باد مین اور باد کو ہوا مین یعنی اکاس مین
لاوے اور اکاس کو جان مین محو کرے اور جان کو مبداء ایزدی مین مستہلک و فانی کردے
اوسکے عمل کا یہہ قاعدہ ہے کہ پہلے سالک ظاہر اور باطن مین تصور اکاس ایسا کرے کہ خود
اکاس ہوجاوے اور موت سے رہائی پاوے اسیطرح ظاہر باطن مین تصور باد کرتے کرتے باد
ہوجاوے اور بند عالم سے رہائی پاوے پہر اسیطرح تصور آگ کرکے آگ ہوجاوے اور جلنے سے محفوظ
رہے پہر تصور آب کرکے پانی ہو اور ڈوبنے سے بچے پہر تصور خاک کرکے خاک ہو زخم سنگ وغیرہ
سے امن پاوے یہانتک بیان طریقہ نزول اور عروج مراتب کا ہوچکا لیکن دفع ہونا خودی
اور خواہشات کا جس مین جان مقید ہے بغیر عمل کے حاصل نہین ہوتی تو اب اوسکے عمل کی ترکیب
بیان کیجاتی ہے قلب صنوبریہ کو ہندی مین دروازہ آتشن گول سر کہتے ہین درازی

اوسکی بارہ انگشت عرض چودہ انگشت ہے اور اولٹا ہے اور تعلق جان کا اوسی سے ہے یہہ تصور کری اور یہہ جان لیکہ آواز او لمس اور بوی اور خواہش اور عقل اور انانیت بیداری و نابیداری و کاہلی و اندیشہ و خواب و گرسنگی و تشنگی و بیماری و گرمی و خنکی و آسایش و غضب و ترس و سخاوت و شجاعت و بندگی و تحمل و محبت و عقل و اعتقاد و شفقت و استقلال و راستی و تکبر و دروغ و بیعقلی و جنگ و یگانگی و بیہوشی و فراموشی و سختی و نامہربانی و دیوانگی اور ست گن اور تم گن و رج گن جملہ اوسی قلب صنوبری مین ہے اور نیکوکاری اور بزرگی اور خداطلبی اور معرفت اور رنج و راحت بہی اوسی قلب مین ہی تمام گرہ ہای مذکورہ بالا جو بیان ہو چکی ہین اونکا علم بغیر مدد ذات و رہ نمائی مرشد کامل نہین ہو سکتا اور جب تک یہہ گرہ کشادہ نہون منزل مقصود کو طالب نہین پہونچ سکتا طالب کو جد و جہد کرنی چاہیے تاکہ فضل و عنایت سے منزل مقصود کو پہونچے اور واسطے پہونچنے منزل مقصود اور طے کرنے اس سلوک کی یہہ عمل کرے جسکو کہنک جوگ کہتے ہین اور وہ مراد جہہ جوگ سے ہے اور اوسکی نام یہہ ہین۔ اول آسن یعنی بیٹہک دوم پرانایام کہ جسمین دم کو اوپر کو کہینچکر حبس کرتے ہین سوم پرتیاہار یعنی دلکو خطرات سے نگاہ رکہے چہارم دہارنا مراد قرار اور تمکین دل سے ہے تاکہ پراگندہ نہو پنجم دہیان مراد تصور سے ہے ششم سمادہ مراد استغراق سی ہے طریقہ فقرای ہنود مین چوراسی آسن ہین منجملہ انکے تین آسنون کو زیادہ کارآمد اور مفید سمجہکر عمل مین لاتے ہین اونکے نام یہہ ہین سستک۔ پدم آسن۔ سدہ آسن۔ سستک کا یہہ طریقہ ہے کہ ایک جگہہ بیٹہے پای راست درمیان ران چپ اور پای چپ درمیان ران راست رکہے اور سیدہا بیٹہے کہ اصلا نشست خم نہو۔ پدم آسن یہہ ہے کہ پای راست ران چپ پر اور پای چپ ران راست پر رکہے اور دست راست کو پس پشت لیجاکر انگشت نر پای راست کا اوس سے پکڑے اور دست چپ کو پس پشت کرکے انگشت نر پای چپ کا اوس سے پکڑے اور زنخدان کو سینہ سے ملاکر نظر سرہ بینی پر جمادی اور کمر کو راست رکہے اس ترکیب سے خطرات و پریشانی دور ہوتی ہے

تیسرا اسدھ آسن اسکی ترکیب یہہ ہے کہ پاشنہ پای چپ کو زیر مقعد رکہے اور
پای راست کو ناف پر رکہے اور دونون ہاتہہ سے پکڑے اور سیدہا بیٹھے اور حبس دم کرکے نظر
اپنی دونون ابرو کے درمیان مین رکہے اس عمل سے در معرفت وا ہوتا ہے اور بعض سدھ آسن
کو یون کرتے ہین کہ پای چپ پر نشست گاہ رکہے اور پای راست ران چپ پر رکہے اور درمیان
دوابرو کے نظر جمادے۔ وجود انسان مین سات جگہہ ہین کہ اوسکو سات چکر و کنول کہتے ہین
یعنے نیلوفر۔ اول کا نام آدہارہے محل اسکی مقعد ہے اور یہہ چار برگی ہے مدار قالب اسپر ہے اور دوسرے
چکر کا محل ذکر ہے اور یہہ چہہ برگی ہے تیسرا چکر مقام ناف ہے اور یہہ دس برگی ہے چوتہا انا ہت
چکر میان سینہ و شکم کے ہے کہ اسکو قلب صنوبری کہتے ہین اور یہہ بارہ برگی ہے پانچوان چکر سدہ
اور کربال چکر کہلاتا ہے یہہ گلو کے مقام پر ہے نزدیک سینہ کے یہہ سولہ برگی ہے چہٹا چکر اگیان
درمیان دوابرو کے ہے زبان ہندی مین اوسکو سہم کہتے ہین دو برگی ہے اور ساتوان چکر
سب چکرون سے اوپر ہے یعنی بمقام ام الدماغ اور زبان ہندی مین چہہ دل چکر کنول اسکو
کہتے ہین اور یہہ ہزار برگی ہے جب تک سیر دل کے اس چکر مین نہو راہ معرفت طالب پر کشادہ
نہین ہوتا طریق عبور طریق چہہ چکر ہی عبور کرکے ساتوین چکر کے سیر کا یہہ ہے اول چاہیے
کہ بموجب قاعدہ پدم آسن یا سدہ آسن کے بیٹھے اور دل نیلوفری کی باٸین طرف کہ مانند بیضہ
مرغ کے پارہ گوشت ہے اوسجگہہ سے تصور کرے زبان ہندی مین اوسکو کنڈلی کہتے ہین دو ہزار
ستر رگ اوس سے نکلتی ہین اور تمام بدن مین ساری ہین اور جملہ رگون مین دس رگ پر مدار ہے
اور نام اون دس رگ کا یہہ ہے۔ ایڑا۔ پنگلا۔ سوکہمنا۔ کاندہاری۔ رستیت۔ جمنا۔ النہا۔
کال چنا۔ سوکری۔ من دنی۔ اور ان دس رگون مین سے صرف تین رگ بوقت عمل استعمال مین
لاتے ہین ایک ایڑا۔ دوسری پنگلا۔ تیسری سوکہمنا۔ کہ اسکو شوہمنا بہی کہتے ہین۔
ایڑا ایک رگ ہے جانب سوراخ راست بینی کے جو خاصیت آفتاب کی رکہتی ہے یعنی گرم ہے
سوکہمنا ایک رگ ہے درمیان دوابرو کے کہ خاصیت آتش کی رکہتی ہے یعنی گرم ہے اور قالب انسان

ہین وس باد ہین - پران باد - اپان - سمان - اودان - بیان - اناک - کورم - کرکل
دیودب - دہنجی - پانچ بادان دس بادہین سی جملہ رگون مین جو بہ تعداد دو ہزار ستر کے ہین
سیر کرتے ہین اور جملہ دو باد ایک پران باد دوسری اپان باد کو سالک اس راہ کے
عمل مین لاتے ہین جو باد اوپر کو جاتی ہی اور راہ بینی اور دہن سی برآمد ہوتی ہے اوسکو پران
باد کہتے ہین اور اپان باد اوسکو کہتے ہین جو مقعد کی راہ سے نکلتی ہے پران باد کہ محل اوسکا
قلب صنوبری ہی چھبیس انگشت اوپر کو جاتی ہے اور اوسمین سے بارہ انگشت باہر کو جاتی ہے
اور جو بارہ انگشت باہر کو جاتی ہے آٹھ انگشت پھر اندر کو آتی ہے اور چار انگشت باد منقطع
ہوتی ہے اور باہر رہ جاتی ہے اور جو باد دل صنوبری سی اوپر کو جاتی ہے اوہن کہتے ہے
اور جو باہر کو آتی ہے وہ سو کہتی ہے اور دل ہمیشہ اسی ذکر مین گویا رہتا ہی اور رات دن اکیس
ہزار چھہ سو دفعہ ذکر کرتا ہے اور حیات وابستہ ہر دو باد مذکورہ کی ہے کنڈلی زیر ناف ہے
اور کنڈلی مذکورہ کے اوپر جو مثل بیضہ ہے کنڈلی کی جگہہ ہے اور کنڈلی رگ ہے مدور اوس
بیضہ کے اوپر اوسکو جنبش اور حرکت نہین ہے گویا خواب مین ہے سالک کو چاہیے کہ
رگ پران باد کو براہ سو کہنا کنڈلی تک پہونچاوے تاکہ وہ گرم ہو اور حرکت مین آوی اور خواب
سے بیدار ہو پھر اپان باد کو ایک جگہ کر کے کنڈلی تک پہونچاوی اور ان دونون باد سے
کنڈلی کو حرکت دی تاکہ قلب صنوبر کو پہونچے راہ بستہ صنوبر کشادہ ہو جاوے اور جان اوس راہ
سے صنوبر مین آوی اور یہان سی ام الدماغ کو پہونچے کہ وہان پہونچتے ہی دروازہ معرفت
کشادہ ہو اور جو پسینا بوقت عمل کے بدن پر آوی اوسکو بدن پر ملدے اور ترشی اور نمک سے
پرہیز رکھے اور شیر اور شیرنی کہاوے اور تھوڑا کہاوی شہوت سے پرہیز رکھے علایق اور عوایق
کو ترک کرے اور تین ماہ تک برابر اسکو کرتا رہے تین ماہ مین مطلب حاصل ہوگا ایک حالت پیدا
ہوگی چوتھے ماہ عالم ملکوت منکشف ہوگا پانچوین مین خود بصفات ملکی ہوگا انجام مین خود بخود
رستگاری پاکر عین ذات ہوگا یہ طریقہ عمل پرانایام کا ختم ہوا - دوسری ترکیب پرانایام

کی یہہ ہے کہ بقاعدہ پورک کہنک درہچک کے عمل کرے اور اوسکو تن آونات کہتے ہین اور وہ یہہ
ہے کہ اول بارہ پل دم کو سوراخ بینی چپ سے اوپر کو کہینچے یہہ **پورک** ہوا اور پہر ۴۸ پل دم کو
درمیان دو ابرو کے نگاہ رکہے یہہ کہنک ہوا پہر ۳۶ پل مین براہ سوراخ بینی راست اوسکو
نکالے یہہ ریچہک ہوا اور یہہ پرانا یام صغیر ہے اور اوسط درجہ کا یہہ کہ عمل پورک ۲۴ پل اور عمل
کہنک ۹۶ پل مین اور عمل ریچہک ۷۲ پل مین ہے اور اعلی درجہ کا پرانا یام یہہ ہے کہ عمل پورک ۳۶
پل مین اور کہنک ۷۲ پل مین اور ریچہک ۱۰۸ پل مین اور عمل پورک صغیر مین پسینا بدن پر آتا ہے
اور اوسط مین سوزش ہوتی ہے اور اعلی مین بدن صاف ہوجاتا ہے اور اسکو جلسہ بدم آسن
سے کرے اور اس عمل مین دم کو ایسا روکے اور بند کرے کہ جو نو سوراخ پران باد اور اپان باد
کے ہین کسی سوراخ سے برآمد نہو اور بحالت عمل نظر نزہ بینی پر رکہے اور اس شغل کو ایسی جگہہ کرے
کہ زمین پست ہو نہ بلند اور کثافت سے پاک ہو اور آواز کسی کی کان مین نہ پہونچے علامت
ظاہر ہونے برہم کی دل سالک پر اول سلوک مین یہہ ہے کہ کبہی تو اوسکے تصور مین گہر تاریک
نظر آوے اور کبہی مانند دود کی اور کبہی مثل روشنی آتش اور کبہی بادہند کے کبہی مانند کرم شب تاب
گاہے درخشندگی برق گاہے سفیدی اور گاہے مانند بلور اور گاہے مثل روشنی ماہ کے نظر آوے
طریق دہارنا کرنیکا یہہ ہے کہ اول تصور دلکا پانچون عنصرون پر کرے اور سمجہے بزرگ انکا مین
ہون جب تصور انکا درست ہو تو عین انکا آپ ہوجاوے اوسکو بیماری اور پیری اور مرگ نہو
اور دل اوسکا کسی طرف کو نجاوے اور موہنہ اوسکا نورانی ہو اور بوی خوش آوے اور یہہ علامت
ابتدائی سلوک کی ہے **دہیان** عمدہ ریاضات سے ہے اور مشغولی کا اسکی یہہ راہ ہے
کہ کل عالم کو عین برہم جانے اور برہم کو کل عالم جان کر دہیان کرے منزل مقصود کو پہونچے اور
اوسپر عالم ملک و ملکوت و عجائبات مکشوف ہو **سمادہ** یعنی استغراق اسکو کہتے ہین کہ جسوقت
دل خطرات اور خواہشات سے پاک صاف ہوکر ذات حق مین محو ہو اور ایسا محو ہو کہ جیسے پانی
پانی مین اور آگ آگ مین یا نمک پانی مین ملجاوے اور شعور خود اور غیر خود نرہے اور مائی اور منی بر طرف

ہوا اور عالم بے کیف اوسپر جلوہ گر ہوا اوسکو سماده کہتے ہین اسمین حیات ابدی حاصل ہوتی ہی
ایک ترکیب یہہ ہے کہ بموجب ترکیب مسطورہ بالا دم کو ہر طرف سی حبس کرکے ام الدماغ مین پہونچاوے
اور وہان روکے رکہے تاکہ آواز مانند جرس کی دماغ مین پیدا ہو کہ اوسکے پیدا ہونے سے مقصود
طالب کا جلد حاصل ہو ایک اعلی طریق سماده کا یہہ ہے یہہ بمنزلہ خزانہ عارفان کہے ہے اسکی
تعلیم برہم چاری کو کرتے ہین جو طالب خدا حواس درونی اور بیرونی کو قید ضبط مین لایا ہو اور
جسنے پیر کی خدمت کی ہو اور اعتقاد صادق رکہتا ہو یہہ منتر جو ہنس ہنس ہے یعنی اوہم من اوہم اور
یہہ ہمیشہ تمام جانداروں مین پڑہ ہی اور کوئی اوسکو نہین جانتا جیسے اگ لکڑیون مین ہے لیکن بغیر
سعی کے معلوم نہین ہوتی یا جیسے روغن کنجد مین ہے بغیر سعی کے برآمد نہین ہوتا طریق اوسکے کرنے
کا یہہ ہے کہ پاشنہ سے مقعد کو جو اول چکر ہے بند کرے اور اپان باد جو ہمیشہ پائین کی طرف متوجہ
ہے اوپر کو کہینچکر ناف تک جو چکر سویم ہے پہونچاکر اور وہان سی چکر چہارم کہ جو میان دل کہے ہے
پہونچاکر اور چکر پنجم تک کہ حلق ہی گذران کر چکر ششم تک جو اندرون بینی مابین دو ابرو کے ہے پہونچاکر
اور وہان پران باد کو جنبش کرے اور اوسجگہہ وہی اپان باد دہونچکر پران باد کہلاتی ہی اور ام الدماغ
مین تصور اسم بزرگ اوم کا کری اور یہہ جانے کہ وہ برہم کہ جسکا یہہ نام ہی مین ہون اور آواز ناپدگو کہ
بے رنگ ہی اور مانند بلور صاف یعنی آواز مطلق اور بے انقطاع تمام بدن مین پڑہے اوسکو صاف
اور بے رنگ اور بے حرف جانکر مشغولی کرے اور تصور اس آواز کا درمیان دل نیلوفری کے کرے
اور یہی مشغولی بے اجپائی کر بے شغل مشغولی ہے ۲۱۶۰۰ دفعہ سب جانداروں مین شبانہ روز اتی ہی
جو ذات کہ عین نور اور بس لطیف ہے اوسکو جانے کہ وہ مین ہون جب تک اسبات کی دلنشتگی
از راہ باطن نہو تب تک تو ہنس ہے اور جب دلنشتگی ہوگئی تو پرم ہنس ہو گیا یعنی پرم اتما
جو اپنے دل پر قابو طلب ہوتا ہے وہ اس مرتبہ کو پہونچتا ہے ورنہ نہین ۔ جو تعلیم مہادیوجی
نے سری کرشن جی کو اور پاربتی کو کی ہے اور سری کرشن جی نے ارجن کو کی ہے انکا
بیان بطور مجمل کیا جاتا ہے ؛

تعلیم مہادیوجی کی سری کرشن جی کو

سری کرشن جی نے مہادیوجی سے کہا کہ جو ذات پاک حی اور قایم اور ابدی و سرمدی بے ابتدا بے انتہا اور صورت اور چگونگی سے پاک ہے اوسکے حصول معرفت اور مشغولی کا طریقہ بتلاؤ مہادیوجی نے کہا کہ ای سری کرشن جس ذات پاک کی معرفت کا تمنے سوال کیا ہے وہ ذات پاک تو برہماہای بیشمار اور بشن ہای دوار اور اندر ہای روزگار کی شناسائی مین بہی نہین آئی ہین کس شمار مین ہون باندازہ فکر اور دریافت اپنی حصول مقصود اور مشغولی کا راہ بتلاتا ہون تاکہ عالم اور تعلقات بود و نابود سے تمکو آزادی حاصل ہوجاوی اور ہوا اور ہوس تم ہے وہ یہہ ہے کہ سالک اوسکو دہیان یعنی استغراق کہتے ہین کہ جسکے کرنے سے از خود و غیر خود سے بے شعوری حاصل ہو اور اصل خطرہ جو اسکا مخل ہوا اور پہلے جو کچہہ گناہ کبیرہ یا صغیرہ کئے ہون اوس سے محو ہوجان دہیان مراد ہے اپنی فنائیت اور نابودی بود عالم سے اور اس شغل کے ایسی مشق کرے کہ کوئی خطرہ ماسوی اللہ کے نہ آوی اور اپنی خودی اور عالم سے بے شعوری ہو محو در محو بحق ہوجای ثمرہ اوسکا بقا باللہ ہے کہ کسی طرح اوسکو فنا نہین ہے چاہیے اول ہوائی شہوانی جو مراد حظوظ نفسانی سے ہے کم خوری اور کم خوابی اور کم اختلاط زنان اور کم صحبتی مخلوق سی دفع کرے اور دلکو تفرقہ سے پاک تاکہ شہوات محو ہوکر دل دہیان مین استقامت پکڑے اور مانند حرکت باد کی چلنے سی باز رہی اور دل روح مین مضمحل اور روح جلوۂ نور ذات مین واصل ہو اور انسان کہ عالم صغیر ہے مثل عالم کبیر کے ہوجای بلکہ عین وہی ہے اگرچہ از روے تعدد بکثرت نمودار ہے یہہ تعدد تفرقہ دل سے ہی اور اگر دلکو ضبط حواس درونی اور بیرونی سے جمعیت حاصل ہو تو بہی عالم صغیر عالم کبیر ہوجای اور یہہ جمعیت جب حاصل ہو جب مشغولی کرتے کرتے حباب وار دریای ہستی حق مین غوطہ مار جاے اور محو ہوجای تاکہ بجز رنگ نور بے مانند کے اور کچہہ نظر نہ آوے اوس نور کو جوت کہتے ہین اور وہ نور ایسا روشن ہے کہ روشنی سورج کی اوسکی پرتو کا ایک ذرہ ہے اور جس عمل او ریاضت سے کہ حاصل ہو یہہ ہے کہ حواس درونی اور بیرونی کا ایسا ضبط کرے

کہ دل خطرات حواس سے پراگندہ نہو اور جب حواس مقید ہوجاوین تو دل تفرقہ سی پاک
ہوتا ہی خلاصی دل کے خطرات سی ریاضت اور مجاہدہ سی ہوتی ہے اول بیراگ ہے یعنی
تجرید و تفرید اختیار کرنا اور رسوم اور عادات اہل جہان سی متنفر ہونا جیسی کہ اسباب دنیوی اور
تعلقات جہان کہ مراد محبت زن و فرزند اور یار عزیز قریب سے ہے اور یہہ ایک زنجیر پائے
طلب ہے اسکو ترک کر کے قدم راہ حق مین رکھکر ایسا مشغول ہو کہ ماسوا اللہ کے اوسیکا ذکر
فکر نہو اور جب یہہ حالت پیدا ہو تو نیک و بد راحت و رنج دولت و فلاکت اور دوست و
دشمن اور زر اور خاک اوسکی نظر مین محو اور منسی ہوجاوین اور واصل بحق ہوا اور جس مین انانیت
اور تکبر ہوا اور وہ کیسا ہی اشرف المخلوقات ہو معرفت حق سے بے بہرہ ہے اور مانند حیوانات
کے ہے اور جو کوئی غیر اشرف اور جاہل ہوا اور نادان ہوا اور اوسمین انانیت نہوا اور وہ راہ
حقیقت کا چلنے والا ہو تو مین اوسکے قربان ہون جو کہ خود بینی اور خواہش اور حظوظ نفسانی
سے گذرا اور اوسنے دلکو اپنے قابو مین کر لیا جہان مین دانا اور مردانہ وہ ہی شخص ہے اور
مشغولی ساتہہ دل صنوبری کے جان پر فوق رکھتی ہے اور انسان مین دو خاصیت ہین ایک
زہر کی اور ایک آبحیات کی زہر مراد خواہشات دنیوی سے ہی اور آبحیات مراد معرفت یزدان
بیچون سے ہی طالب کو چاہیے کہ زہر کو ترک کری اور آبحیات کا خواہان رہے اور آبحیات کے ہاتھ
آنے کی یہہ ترکیب ہے۔ پرانا یام یعنی حبس دم کرے کہ باد درونی کو سب جگہہ سے کھینچکر بتدریج
بمقام صدر سینہ کہ حلقوم تک ہی لیجاوے کہ اوسکو دوادش اور جای آفتاب بولتے ہین جو کوئی عبادت
مین مصروف ہوا اوسکو عابد کہتے ہین اور جو ریاضت سے تزکیہ نفس کرے اوسکو سالک اور جو علم
پڑہے اوسکو عالم اور جو حصول معرفت مین مقید ہو کر مرتبہ سنیاس کو پہونچے اوسکو عارف کہتے ہین
اگرچہ ادراک ذات پاک کا حواس ظاہری اور باطنی سے ممکن نہین ہے لیکن نور اوسکا روح الارواح
کا عالم مین جلوہ گر ہے وہ انند سروپ ہے اور گیان سروپ یعنی کمال آرام و دانش و نور الانوار اور ہستی
بحت ہے بدایت اسکی بے نہایت ہے نہایت اوسکی بے انتہا ہے اور تمام اجرام و اجسام علوی

وسفلی ورنفوس وعقول وارواح مین دایر وسایر ہی ہر شے پر محیط ہے اور سب پر قادر پیدا کرنا اور نگاہ رکہنا اور فنا کرنا اوسیکے اختیار مین ہے *

تعلیم مہادیوجی کی پاربتی کو

مہادیوجی نے فرمایا ای پاربتی عالم صانع ذات پاک بیچون سی ہے کہ اول وسکا بے ابتدا اور آخر اوسکے بے انتہا ہے اور جسکو اوسکی معرفت حاصل ہو وہ فنا پذیر نہین ہوتا اور جو کوئی ہمیشہ عبادت اور عمل نیک مین مصروف رہے اوسپر دروازہ معرفت کا کہل جاتا ہی عالم مظہر ذات پاک کا ہی اور اسرار الہی اوسمین عیان ہین اور معرفت وسکی عارف کی اوستاد معرفت ہوتی ہی جسنے اپنی نفس کو جو تعلق وجود عنصری سے رکہتا ہی پہچانا وہ سب تعلقات سی خلاص ہوگیا اور علم معرفت انسانکی ذات مین ایسا ہی جیسی پتہر مین آگ یا بوگل مین یا روغن شیر مین اور حرکت ہوا مین اور معرفت حاصل کرنے کیواسطے پچہری مدرا مذکورہ بالا کی مشغولی کرے کہ دلکو پراگندگی سے محفوظ رکہے اور خواہشات کو جلاوے اور دل کو مثل چراغ کے روشن کرے اور ایسا دہیان ور مشغولی حق مین مستغرق ہو کہ بجز حق کے اور کچہہ نظر نہ آوے اور جو شخص شہوت ور غضب ور پندار اور خواہشات کو دور کرے وہ مرد ہے اور صحبت خلق سے نفور اور کم خوری اور کم خوابی کا عادی ہو اور پہر دل کو تفکر الہی مین مشغول کرے اور جو کچہہ خلاصہ ور علوم نافع چار وید کا ہے وہ تو عارفونکو حاصل ہوا اور جو اوسکے علاوہ ہے وہ عوام الناس کو اور اسی باعث سے عوام پریشانی مین ہین اور جس علم سے خدا ملے وہ علم معرفت ہی ای پاربتی اگر کوئی ہزار اسمید جگ کرے اور پہر پڑہے تو بہی نزدیک عبادت عظمی ہے اور جسکو معرفت خدا حاصل ہوا وسکے نزدیک اسکی حقیقت نہین ہے اگر کوئی ایک حرف معرفت کا کسیکو تعلیم کرے اوس سے بہتر ہے جو کوئی تمام عالم اور جو اوسمین ہے کسیکو بخشدی جب پچہری مدرا سی پراگندگی رفع ہو تو پہر تفکر روح مین اپنے آپ کو فنا کرے اور صفت روحی پیدا ہو بعد اسکے روح کو مشغولی مبدا مین ایسا مصروف کرے کہ اوسمین مستہلک ہو جاوے اور ساتہہ ہستی حق کے بقا یاب ہو جاوے اور اصلا دوری نرہے اور اپنا اور عالم کا شعور نرہے اور حقیقت بیرنگی جلوہ گر ہو

اضافات اور تفاوت نیک و بد و عالم و جاہل و شریف و رزیل اوسکی نظر سے برطرف ہو جاوے
مخلوق سے اختلاط رکہنا طالب حق کے حق مین مضر ہے اور خلوت مین سراسر نفع ہے اور ہوا و ہوس
اور خواہشات کو دور کرے تا جمعیت حاصل ہو جب ایسا ہو جاوے تو معرفت حق اوسپر جلوہ گر ہو
اوسکو خودی اور عالم کا شعور نرہے اے پاربتی جو کوئی ان اوصاف سے موصوف ہو موت اوسکو
ضرر نہین پہونچا سکتی ہے اور اوسکو پروا قالب نہین رہتی اور جسکو معرفت الٰہی حاصل ہو خواہ وہ آبادی
مین رہے یا ویرانہ مین خواہ ساتہہ خلق کے ہو یا تنہا جس جگہہ اور جس مقام پر چاہے رہے اوسکو
اختیار ہے خواہ بستر خواہ خاکدان پر اوسکو کچہہ باک نہین اہل معرفت کے نزدیک دیگر علوم
کی کچہہ قدر نہین ہوتی اونکے نزدیک بادشاہی عالم کی ہیچ ہے اور میان عارف اور غیر عارف
کے فرق یہہ ہے کہ دل عارف کا ہمیشہ ساتہہ جمعیت کے رہتا ہے اور دل غیر عارف کا تفرقہ
مین مبتلا رہتا ہے دل عارف کا ہمیشہ ساتہہ حق کے اور دل غیر عارف کا ہمیشہ ساتہہ مرادات
اور پریشانی عالم کے جسکو اندیشہ قالب نرہا اور انانیت جاتی رہی اور خواہش دور ہوگی معرفت
حاصل ہوئی اور حضوری حق حاصل ہوئی اور جسکو استاد یعنی گورو شغل کی تعلیم کرے اور وہ اوسپر
عمل نکرے اوسکو اصلا فائدہ نہین ہوتا گورو کو دیوتا اور بزرگ سمجہنا چاہیے اور کوئی کیسا ہی عالم
دانا ہو بغیر گورو کے مثل حیوان کے ہے کہ اصلا اوسکو راہ معرفت حاصل نہین ہو سکتا جسنے گورو کی خدمت
کی اوسنے راحت دارین پائی فقط

تعلیم سری کرشن جیو کی ارجن کو

ای ارجن جوگ یعنی روح و دل و عقل ہر سہ کو ایک تصور کرے غیر ذات پاک بیرنگ کے اپنے
اندر کسیکو راہ مت دے نامرادی راہ نامرادی ہو نامرادمردون کی ہے ۔ ست گن ۔ رج گن
تم گن ۔ تینون کو ترک کر ۔ دوئی کو دل سے دور کر سب ایک ذات ہی قولہ تعالیٰ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۔ نادانی کو دور کر کہ عقل لازوال اسی کو کہتے ہین ای ارجن موحد اوسکو کہتے ہین
کہ تمام عالم کو اپنا دوست جانے اور کسی سے اوسکو دشمنی نہو اگر کوئی مدح اوسکی کرے خوشحال

اور جو کوئی ذم کرے دلگیر نہو اوسکی نظر مین حیوان انسان اور جملہ مخلوقات یکسان ہو جو کام
کرے اوسیکی طرف سے جانے اور کسیکو شریک نکرے ای ارجن یقین جان سب وہی ہے
یعنی وحدہ لاشریک **رباعی** * غیرتش غیر در جہان نگذاشت * وحدتش اسم این آن برداشت *
گم شود جملہ ظلمت و پندار * نزد آن نور واحد القہار * ای ارجن خودی اور خودنمائی کو
چہوڑ **شعر** گر تو دم از خودنمائی ہمدم نئی * تاکہ موی ماندہ محرم نئی * ای ارجن جب
خودی اور خودنمائی تجہہ مین نرہی تو جمعیت حاصل ہوئی ای ارجن دو چیز ہین ایک توحید
دوسری سلوک اگر تو راہ سلوک کو اپنے قصد سے ترک کرے تو یہہ عرفان نہین ہے تمام
بزرگان متقدمین نے راہ سلوک اختیار کیا ہے جو کوئی اپنی روح کے ساتہہ محبت کرے
اور اوسکے ساتہہ آرام ایسے آدمی کو سلوک آپ چہوڑ دیتا ہے ای عزیز جسکا توحید پر یقین ہے
سلوک کو وہ اصلا نہین چہوڑتا کہ سلوک کے چہوڑنے سے خلق عالم ابتر ہوتی ہے ای ارجن
سب کو خدا سے جان اور اپنے آپ کو درمیان مین نلا جو شخص خواہشات سے گذر کرتا ہے وہ
سلوک بجالاتا ہے پس تو بہی سلوک کو نچہوڑنا جو عبادت کرے اوسکو آتش عرفان مین جلا کر کسی
چیز کی خواہش نکر خواہ خشک ہو خواہ تر جو کچہہ غیب سے پہونچے اوسپر قناعت کر مشغولی ذات
بیرنگ کی سب سے بہتر ہے ۔ ای ارجن جو شخص عبادت بے ریا کرتا ہے اوسکو سنیاسی کہتے
ہین ۔ عالم ظاہر اور باطن مین کوئی چیز بزرگ تر شغل حق سے نہین ہے پس تجہکو چاہیے کہ
سب کو چہوڑ کر شغل حق اختیار کر شناخت حق تعالی کی بہا مشکل ہے ع
سالہا کردند مردان انتظار * تا یکے را بار شد از صد ہزار * ای ارجن جو کوئی یاد
خدا مین جان دیتا ہے وہ واصل حق ہوتا ہے ۔ ای ارجن سبکو چہوڑ کر مشغول ذات پاک
کا ہو اوس سے بزرگ تر عالم مین کوئی نہین ہے اپنے دلکو حق کے ساتہہ رکہہ سجدہ اور پرستش
حق کی کر اور اپنے آپ کو حق سے جان اور جب تو ایسا ہو گیا ع
تو ذرو گم شو وصال اینست و بس * تو مباش اصلا کمال اینست و بس * ای ارجن

حقیقت اوس ذات بیرنگ کی فرشتے نہین جانتے اور عابد اور زاہد نہین پہچانتے جان تو کہ فرشتی اور عقل اور دانائی اور تمیز اور صبر آشتی شادی وغمی اور ڈرنا اور نڈرنا اور رنجیدہ کرنا اور نگرنا اور یگانگی اور شکرگذاری اور درویشی اور بدنامی اور نیکنامی اور شہوت وغیرہ ایک ذات واحد پاک سے پیدا ہوئی ہین بیت رباعی ہر نقش کہ بر تختۂ ہستی پیداست ✤ آن صورت آن کس است کو نقش آراست ✤ دریای کہن چو برزند موجی نو ✤ موجش خوانند در حقیقت دریاست ✤ ای ارجن جسکو خدا نے دوست رکہا عرفان جو مثل چراغ کے ہے اوسمین پیدا ہوا نادانی کہ مثل تاریکی ہے برطرف ہوئی ہے جای کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را ✤ ای ارجن وجود انسان مین تین خصلت ہین ستگن۔ رجگن۔ تمگن۔ جمعیت اور صبر و آرام و ذکر ستگن سے ہی خواہش و میل و ریا و انانیت و خودنمائی رجگن سے ہی فراموشی اور کاہلی اور غضب تمگن سے ہے جہد کرکے خصلت ستگن کو زیادہ کر جب ستگن پر غالب ہوا عرفان رونما ہوا۔ ای ارجن اوسوقت یہہ خصلت پیدا ہوتی ہین کہ شادی اور غم اور سنگ و زر اور دوست و دشمن اور ذم اور خوشی نیک خوئی و بدخوئی برابر ہو جب ایسا ہو تو اون تینون خصلتون سے خلاص ہوا ای ارجن ایک مقام ہے لامکان کہ وہان نہ آفتاب ہے نہ ماہتاب خود بخود اپنے نور سے منور ہے پس وہ شخص اوس مکان مین متمکن ہوے نماند ذکر ذاکر دور گردد ✤ زسرتا پا ہمہ پرنور گردد ✤ طریق مشغولی ذات پاک کا یہہ ہے گوشہ مین بیٹھے جای پاک ہو تنہا ہو وہ جگہہ نہ بہت بلند ہو نہ پست مصلی ابریشم کا ہو یا پوست آہو کا یا گیاہ پاک کا وہان مربع بیٹھکر شغل روحی کرے سر سے پانون تک کوئی عضو حرکت نکرے نظر اپنی اوپر پشت بالای بینی کے رکہے اصلا چپ و راست کو نہ دیکہے ایسا استقامت سے مشغول ہو کہ کوئی خطرہ ظاہری اور باطنی دل مین نہ آوے ای عزیز درویشی ایسی چیز نہین ہے کہ جو بہت سے کہانے سے ہاتہہ آوے یا کم کہانے سی یا زیادہ سونے سی یا بیدار رہنے سی جو طریق تمکو بتلایا ہی اوس طریق سی حاصل ہوئی ہی فقط ایکروز حضرت قبلہ نے فرمایا کہ اطلاق توحید بہی اگر مٹ جاے تو بہت خوب ہے کیونکہ ذات

بہت حد وحصر وشمار سے مبرا ہے جو کوئی سب کو چہوڑ چہاڑ کر ایک کے سر ہو رہے تو بہتر ہے اور
ایک کا بہی طلاق مٹا دے تو پہر تو کچہہ کہنی ہی نہین دتاتری فقیر سنیاسی جسنے چوبیس گرو
کیے تہے منجملہ اونکے ایک عورت سے بہی اوسنے تعلیم پائی تہی چنانچہ وہ ایک گنواری لڑکی برہمنی تہی
جب تین آدمی غیر شہر سے اوسکی شادی کا پیغام لیکر آئے تو کہانے کے واسطے کچہہ موجود نہ تہا لڑکی
وہان کوٹنے لگی اور چوڑیون کی آواز آئی لڑکی نے سوچا کہ یہہ آدمی آواز سنکر یہہ سمجہینگے کہ اسکے گہر
مین ایک دن کا کہانا بہی موجود نہین یہہ سمجہکر اوسنے دو دو چوڑی اپنے ہاتہہ مین رکہہ لین باقی
سب توڑ ڈالین لیکن آواز بند نہ ہوئی تب اوسنے ایک ایک اور توڑ ڈالی تب آواز بند ہوئی
فقیر سنیاسی نے اس سے توحید کی تعلیم حاصل کی ہمارے نزدیک اگر ایک بہی توڑ دی جاتی تو
کچہہ مضایقہ نہین ۞ التوحید ترک التوحید فی التوحید ؎ نیستم من ہرچہ ہستی جس توئی ۞
چون یکے نبود کجا باشد دوئی ۞

مؤلف

اب مفصل بیان دتاتری کے چوبیس گروون کا لکہا جاتا ہے

کہتے ہین زمانہ سابق مین ایک راجہ جسکا نام جدو تہا گیان سیکہنے کیواسطے بہت سے جوگی اور
رکہیشرون کے پاس جایا کرتا تہا ایک دن اتفاقاً گوداوری ندی کے کنارہ چلا گیا وہان
دتاتری رکہیشر کو دیکہہ سکہپال ہوے اور بڑا اور بکمال ادب و تعظیم اونکی تعریف کرکے یہہ کہا کہ
مجکو گیان یعنی راہ معرفت پرمیشر کا بتلاے دتاتری نے کہا کہ مین نے چوبیس گورو کرکے جو گیان
اونسے حاصل کیا ہے وہ مفصل تم سے بیان کرتا ہون اور پچیسوان گرو میرا بدن ہے جب
مین نے اپنے بدن کی طرف خیال کیا تو معلوم ہوا کہ اسمین بول براز اور گوشت اور استخوان
اور خون ناپاک بہرا ہوا ہے اور اچہی چیز بجز افعال نیک اور یاد خدا کے اور کچہہ نہین ہے پرمیشر
کی یاد بود کرنے کے واسطے گہر سے باہر نکلا ۞ پہلا گورو زمین کو مین نے اپنا گورو بنایا باتین
باتین اوس سے سیکہین ایک یہہ کہ پہاڑ زمین سے اونچا ہے اور اوسکے اوپر انسان اور حیوان

ہین اور آندہی چلتی ہے اور پانی برستا ہی مگر وہ اپنی جگہہ سے نہین ہلتا پہاڑ کو دیکہکر دل مین
سوچا کہ عارف کو بہی خواہشات دنیا مین جو مانند ہوا اور پانی کے ہین آلودہ ہو کر اپنی جگہہ
سے ہلنا نہین چاہیئے ـ ع دلا چون کوہ باش از بردباری ✤ اگر خواہی کہ لعل از کان برآری ✤
دوسری درخت گورو درختونکو دیکہا کہ ان کے سایہ اور پہل پہول سے سب فائدہ اور آرام پاتے
ہین اور ایک پانو سے کہڑے رہکر برسات اور گرمی اور سردی کا سب دکہہ اوٹہاتے ہین اور اپنی
جگہہ سے حرکت نہین کرتے اور جو لوگ ان کے سایہ کے تلے آرام پاتے ہین اور پتے اور پہل پہول
بہی اونکے توڑتے ہین لیکن درخت اونکو کچہہ نہین کہتا مین نے اپنے دل سے کہا کہ یہہ بدن مٹی
کا پتلا ہے اور ہمیشہ بنتا اور بگڑتا ہی اس سے کیا بہتر ہے کہ جو دوسرے کے کام آوی اپنا تن اور دہن
دینے سے انکار نہ کرنا چاہیئے اور زمین کو دیکہا کہ تمام مخلوق اوسکی چہاتی پر پانو رکہتی ہے مگر وہ کسیکو
کچہہ نہین کہتی ہمنے سوچا کہ عارف کو بہی ایسا ہی ہونا چاہیئے کہ کسی کی تعریف یا ہجو سے خوش اور رنجیدہ نہو
ہوا گورو دوسرا ہوا گورو میرا ہوا ہے خوشبو اور بدبو دونون مین چلتی ہے اسکو دیکہکر دل مین سوچا
کہ عارف پر بہی جو کچہہ تلخ و شیرین رنج و راحت گذرے اوسپر صبر کرے کسیکی مدح اور ذم نکرے
پرمیشر کے دہیان مین لگا رہے ع رنج و راحت را نہ بیند پایدار ✤ باہمہ چون آب گردہ سازوار ✤
اکاس گورو تیسرا گورو میرا اکاس ہے جسطرح گولر کے پہل کے اندر چہوٹے چہوٹے کیڑے بہرے
ہوے ہوتے ہین اسی طرح پرتہی اور اکاس کی گولائی کے اندر سب طرحکی جاندار بستے ہین اور
سورج کا عکس چاندی اور سونے اور مٹی کے برتنون مین برابر پڑتا ہے مگر وہ کسی سے لوث نہین
رکہتا اور اگر کوئی برتن ٹوٹ جاے تو اوسکی روشنی مین کچہہ فرق نہین آتا یہہ حال دیکہکر ہمنے جانا کہ پرماتما
کو جسکی قدرت چوراسی لاکہہ جون مین جلوہ گر ہے اکاس کی طرح سمجہنا چاہیئے کیونکہ جاندار چیزون
کے مرنے سے اوسکی شکتی مین کچہہ فرق نہین آتا ✤

پانی گورو چوتہا گورو میرا پانی مثل موتی کے صاف ہی اور اگر کہین میلا نظر آتا ہے تو مٹی اور
راکہہ کی وجہہ سی ہوتا ہے اور وہ اور سب چیزون کو پاک و صاف کرتا ہے اوسکو دیکہکر ہمنے

سمجھا کہ گیانی کو بھی پانی کی طرح پاک ہوکر اورونکو تعلیم اور تلقین معرفت سے پاک کرنا چاہیے ॥
بیت مرد عارف کیست بے باک از ہمہ ॥ آب صافی صحبتے کو پاک از ہمہ ॥

اگ گورو پانچوان گورو آگ ہے آگ مین سب چیز جل جاتی ہے اور کچھہ باقی نہین رہتا اور جو لوگ آگ مین جگ اور ہوم کرتے ہین اونکی سب باتین سوخت ہوجاتی ہین اسیطرح گیانی کو بھی چاہیے کہ جو کچھہ اوسکو ملے کچھہ باقی نرکہے اور جو کچھہ کوئی اوسکو کھلاوے اوسکو کھاکر اپنی دعا سے اوسکے گناہ جلاوے

چاند گورو چھٹا گورو میرا چاند ہے جسطرح چاند ہمیشہ ایک وضع پر رہ کر سورج کے پاس اور دور ہونے سے اوسکا نور گھٹتا اور بڑہتا ہے اسیطرح پیدا ہونا اور مرنا دنیا مین ہوکر وہ نور وحدہ لاشریک کہ جسکا جلوہ چوراسی لاکھہ جون مین جلوہ گستر ہے سب سے الگ اور سدا ایک طرح پر رہتا ہی

اشعار کین نہہ فلک گردون گشت است ازو گردان ॥ یک ماہ ہمی بینم در پردۂ دل پنہان
یک شاہ بصد کشور یک ماہ بصد ایوان ॥ یک نور بصد منظر یک بادہ بصد ساغر
در ہر کہ نظر کردم پیدا شدہ در وی جان ॥ یک سر بصد سینہ یک دل بصد آئینہ

سورج گورو ساتوان گورو سورج ہے اوس سے دو باتین حاصل ہوئی جسطرح آٹھہ ماہ تک سمندر اور ندی کا پانی سورج سے خشک ہوکر چار مہینے پانی برستا ہے اسی طرح گیانی کو چاہیے کہ جو کچھہ ملے اوسکی خواہش نرکہے اور کسیکو دیڈالے دوسری یہہ کہ بہت سے برتنون مین پانی بھرکر دہوپ مین رکھدو سب کے اندر سورج کا عکس نمایان ہوتا ہے گو ہر برتن مین سورج دیکھتا ہے لیکن دیکھنے سے سورج تعداد مین زیادہ نہین ہوتا اسلئے مین نے جانا کہ پرماتما پرکہہ ایک ہے اور سورج کی طرح اوسکا عکس سب مین نمایان ہے **اشعار** نیست بدیدہ صفا غیر تو در شہود ما ہیچ ॥
عکس یارست کہ دارد ہمہ جا جلوہ حزین ॥ بحر ہزار ور ہزار آئینہ آفتاب یک
برگرد اوست کعبہ و بتخانہ در طواف ॥ چہرہ پردازہ در آئینہ وایجاد یکیست
دولت سرای دل حرم کبریا یکیست

جانور گورو آٹھوان گورو پنچھی یعنی جانور پرندے جانور جب اپنے بچون کے لئے دانہ چگنے گیا اور جال مین پھنس گیا تو ہمنے جانا کہ جسطرح یہہ جانور اپنے

بچون کے لئے جال مین پہنسکر خراب ہوا اسی طرح گیانی آدمی سنسار کی محبت کہنی سے دکہہ پاتا ہی
رباعی دلا زین حرص مردم خوار بگریز + کہ خود را نہ دہ مردم خوار یابی + سنانی حبہ درچشم طمع زن +
کزین دو نان دو نان دشوار یابی + جتنا دکہہ اوس جانور نے ایک دن مین پایا اوتنا سکہہ ہزار
برس مین بہی اوسکو نہ ملتا اسلئے مین نے عورت اور اولاد کی محبت چہوڑکر اکیلا رہنا اختیار کیا ہے +
ازدہا گورو لوان گورو ازدہا ہے ازدہا جب سے پیدا ہوا اسی جگہہ رہا اور کہین ہو حتی ڈہونڈہنے
نہ گیا جب جانور اوسکو سینگ وغیرہ سے چہوتے تب وہ ایک دو کونگل جاتا اسی طرح ہمیشہ ہمکو بہی
صبر رہا اور کہین تلاش معاش مین نہ گئے گیانی کو بہی دنیا دارون کے دروازہ پر مانگنے کو جانا
اپنی آبرو کا کہونا ہے ابیات اجگر کرین نہ چاکری پنچہی کرین نہ کام + داس ملوکا یون کہین سب کے داتا رام +
نان وحلوا چیست ای مرد فقیر + لا طمع بودن ز سلطان و امیر + بر در سلطان مرو درویش ہمین +
گنج قارون گرد ہد سوئیش مبین + سمندر گورو دسوان گورو سمندر ہے جسطرح سمندر برسات
کے موسم مین ندیون کے ملنے سے نہ بڑہتا ہے اور نہ گرمی اور جاڑہ مین کچہہ خشک ہوتا ہے ہمیشہ
ایک حالت پر رہتا ہے اور اوسکی ابتدا اور انتہا کوئی نہین جانتا اوسے دیکہکر مین نے سمجہا
کہ گیانی کو بہی سمندر کی طرح بیفکر رہنا اچہا ہے نفع اور نقصان ہونے سے کچہہ دکہہ اور سکہہ ہونا نہین
چاہیے رباعی تا بتوانی غم جہان ہیچ مسنج + بر دل منہ از آمدہ وز نامدہ رنج + خوش میخور و
می بخش درین دار سپنج + باخود نبری گرچہ بسی داری گنج + پروانہ گورو گیارہوان گورو
پروانہ ہے جسطرح پروانہ شمع کے وصل کے واسطے اوسپر بیدہڑک گرکر جلجاتا ہے اسی طرح دنیا
کے لوگ اپنی عورت اور اولاد اور مال کی محبت مین اسیر ہوکر انجام کار دوزخ مین پڑتے ہین اسلئے
گیانی کو چاہیے کہ عورت سے محبت رغبت نہ کرے اور پروانہ کی طرح پرمیشر کی محبت مین اپنی جان
دیوے ابیات۔ کمال عاشقی پروانہ داند + کہ غیر از سوختن پروانہ دارد +
بمیر از خویش تا یابی رہائی + کہ پیوند لو آمد این جدائی + قصہ شمع زدل پروانہ پرس + حال گل از بلبل دیوانہ پرس +
زاہدان از نماز و روزہ گوی + عاشقان راز در میخانہ پرس + عندلیب مست داند قدر گل + جغد را از گوشہ ویرانہ پرس +

عورت سے محبت کرنے مین دونون بازو گیان اور بیراگ کے جلجاتے ہین اور بے پر ہوجانے
سے منزل مقصود کو نہین پہونچتا اسواسطہ عورت سے علیحدہ رہنا چاہیے عورت کے پاس بیٹھنے
سے گیانی بہی اندہے اور بہرے ہوجاتے ہین اور برا بہلا کچہہ نہین سوجہتا یہہ بات سمجھکر مین نے
عورت کو ترک کردیا ہے **مگس شہد گورو** بارہوان گورو شہد کی مکہیان ہین مین نے
دیکہا کہ مکہیون نے چہتے مین شہد جمع کیا اور بخل سے اوسکو نہ کہایا اور نہ کسی دوسرے کو دیا وہ شہد
ایک آدمی سب مکہیون کو جلاکر لیگیا ٭ **شعر** شہد مین جیسے مگس ہم حرص کے پابند ہین ٭
وای غفلت اس سیہ زندان مین کیا خرسند ہین ٭ یہہ حال دیکہکر مین نے سوچا کہ روپیہ جمع کرنیوالون
کا بہی یہی حال ہوتا ہے اوسدن سے دوسرے دن کے واسطے کچہہ نہین رکہتا سب خرچ کرڈالتا ہون
گیانی آدمی کو بہی اپنے بہوجن سے زیادہ لینا نچاہیے روپیہ جمع کرنے سے مکہیونکی طرح دکہہ
ملتا ہے **قطعہ** در دہر ہر آنکہ نیم نانی دارد ٭ از بہر نشست آشیانی دارد ٭ نے خادم کس بود نہ مخدوم کسی ٭
گو شاد بزی کہ خوش جہانی دارد ٭ **ہاتی** تیرہوان گورو ہاتی ہے مین نے دیکہا کہ ہاتی پہنسانے
والون نے جنگل مین گڑہا کہود کر اور سبز گہاس اوسپر جماکر کاغذ کی ہتنی اوسپر کہڑی کردی جنگلی ہاتی
جب وسکو دیکہکر آیا تو اوس گڑہے مین گر پڑا اور گرفتار ہوگیا پس مینے سوچا کہ گیانی کو عورت
سے محبت کہنا نچاہیے ورنہ ہمیشہ سوکر دکہہ کے کبہی سکہہ نہین ملتا ہے ؏ در راہ خدا کہ رہ زنانند ٭
این راہ زنان ہمین زنان اند ٭ **مدہوا گورو** چودہوان گورو مدہوا ہے جو شہد مکہیان بہت
دنون مین اکہٹا کرتی ہین وہ مدہوا ایکدفعہ نکال لیتا ہے مینے سوچا کہ جمع کرنیوالون کو سوا
دکہہ کے سکہہ نہین ملتا اسلیے گیانی کو چاہیے کہ کسی دنیادار کے یہان سے بقدر ضرورت لے لے
جہولی باندہ کر نہ لیجاے ورنہ راہ مین کوئی رہ زن چہین لیگا ۔ **آہو گورو** پندرہوان میرا گورو
ہرن ہے جس طرح وہ راگ سننے کو جاتا ہے اور اوسکے کوئی تیر ماردیتا ہے اور وہ زخمی ہوجاتا
ہے اسیطرح آدمی عورت کا گانا اور اوسکی باتین سنکر اوسپر فریفتہ ہوکر اوسکے قابو مین آجاتا ہی اسطرح
گیانی کو اپنی جگہہ سے دوسری جگہہ جانا اور عورت کا گانا سننا نچاہیے ٭ ٭ ٭ ٭

مچھلی گورو سولھوان گورو مچھلی ہے وہ ذراسے گوشت کے لالچ سے کانٹے مین پھنس
جاتی ہے اور اپنی جان دیتی ہے اوسکو دیکھکر مین نے سوچا کہ گیانی کو اچھے کھانے کی تلاش مین
اسیر بلا نہ ہونا چاہیے جو کچھہ اچھا برا ملجاے اوسپر صبر کرے اور کھایے اور زبان کو اپنے قابو مین
رکھے جس سے اوسکو بزرگی حاصل ہو **طوایف گورو** سترھوان گورو میرا پنگلا نام طوایف ہے
ایک دن ہمنے راجہ جنک کے شہر مین جاکر دیکھا کہ پنگلا طوایف کسی آشنا کی انتظار مین بیٹھی ہے شام
سے آدھی رات تک اپنے دروازہ کے آگے بیٹھی رہی لیکن کوئی اوسکا چاہنے والا نہ آیا تب وہ
اوداس ہوکر گھر مین جاکر پلنگ پر لیٹ رہی اور اوسکو نیند نہ آئی لیٹے لیٹے اوسکو ایسا گیان
ہوا کہ اگر دس ہزار برس مجاہدہ اور عبادت کرتی تو ہوتا اوسنے اپنے دل مین سوچا کہ مین نے
اپنی تمام عمر رائگان برباد کی پرمیشر کی یاد نہ کی اور ایک دم عبادت مین مشغول نہوئی ؎
ای دل تو دمی مطیع سبحان نشدی ۔ از خوی بد تو ہیچ پشیمان نشدی ۔ درویش شدی و
زاہد و دانشمند ۔ این جملہ شدی و بے مسلمان نشدی ۔ پرمیشر کو چھوڑکر جھوٹے چاہنے والون
اپنا دل لگایا میری برابر کوئی بیوقوف نہوگا جیسا مین نے اپنے ساتھہ کیا تو ایسا کوئی اندھا بھی نکریگا
اپنے مالک کو جو بدن کے اندر ہے کبھی بھول کر بھی ندیکھا جسطرح بدن ہوا اور پانی اور خاک
اور آگ اور استخوان اور گوشت سے بنا ہوا ہے اور نیست و نابود کی رسیون سے بندھا ہوا اسیطرح
چرخا لکڑیکا ڈورون سے بندھا ہوا گھومتا ہی جیسے مکانین دروازے بہت ہوتے ہین اسی طرح
بدن مین نو دروازے ہین ہر ایک دروازہ سے ناقص چیز نکلتی ہے مین نے چاہا تھا کہ اس
گھر مین خوش رہون لیکن اب مین نے جانا کہ اس جہان مین سوای دکھہ کے آرام نہین ہے ؎
درین دنیا کسے بے غم نباشد ۔ اگر باشد بنی آدم نباشد ۔ حاصل بجز کدورت اس خاکدان مین کیا ہے ۔
خوش وہ کہ اٹھہ گئے ہین دامن جھٹک کر ۔ پرمیشر کی دھیان اور اوسکی یاد بود کرنی اور
ذکر سننے سے مکت اور نجات ہوتی ہی روپیہ حاصل کرنیکواسطے جو بعد مرگ کچھہ کام نہین آتا
مین نے تمام عمر صرف کی اور اسی لالچ مین مبتلا رہی اپنی عاقبت خراب کی اور جو لوگ دولت

دنیا کی قید مین پہنسکر بے چین اور بے آرام رہتے ہین اونسنے تو مین نے راحت اور آرام کی اُمید پر محبت کی اور جو بیراگی اور گیانی ان قیدون کے کاٹنے والے ہین اون سے مین نے محبت پیدا نہ کی اور اپنی عمر عزیز کو مفت رایگان کہویا رباعی بامردم پاک اصل و عاقل آمیز وز نا اہلان ہزار فرسنگ گریز ٭ گر زہر دہد ترا خردمند بنوش ٭ وز نوش ستد ز دست نا اہل گریز ٭ اسلئے آج مین نے دولت دنیا کو چہوڑکر یہہ ارادہ کیا ہے کہ بہگوان سے جو دایم و قایم ہے اور ہمیشہ کا راحت و آرام دینے والا ہے اپنا دل لگا کر چین کرون اور دنیا کے آدمیون کی طرف جو رنج و راحت کے شریک نہین آنکہہ اوٹہاکر ندیکہون اور سوا پرمیشر کے کسی سے کچہہ مانگون بزرگون نے فرمایا ہے آدمی کو جس چیز کی خواہش ہو نارائن سے مانگے اور دوسرے سے کچہہ نمانگے ع حافظا آب رخ خود بر در ہر سفلہ مریز ٭ حاجت دل بر کریز قاضی حاجات بری ٭ پرمیشر کے خزانہ مین سب کچہہ ہے اور پرمیشر سب کچہہ دے سکتا ہے آدمی کو یہہ قدرت طاقت نہین ہے جو ہر ایک انسان کی خواہش پوری کرے اور جو مین یہہ کہون کہ اُسکے نہ آنے اور رو بہو نہ ملنے سے آج مجہے یہہ گیان ہوا ہے تو ایسا تو کئی مرتبہ ہو چکا ہے کہ کوئی لشنی نہین آیا اور مین نا اُمید ہوگئی تہی نہین معلوم ہوتا کس جنم مین کیا پن کیا تہا جسکے باعث سے آج مجہے یہہ گیان ہوا ہے ای راجہ وہ بیسوا تین پہر رات گئے تک گیان دہیان کی باتون کا سوچ بچار کرتے کرتے سو رہی اور اوسی دن سے اپنا پیشہ چہوڑ چہاڑ کر پرمیشر کا دہیان کرنے لگی ای راجہ یہہ حال پنگلا کا دیکہکر مین نے بہی دولت دنیا کو چہوڑ کر پرمیشر کی یاد بود اختیار کی اور رات دن مسرور رہتا ہون ع برخیز و مکن غم جہان گذران ٭ خوش باش دمی بشادمانی گذران ٭ در طبع جہان اگر وفای بودی ٭ نوبت بخود از نیامدی از دگران ٭ چیل گور و آٹہوان گور و چیل ہے ایک دن مین نے دیکہا کہ ایک چیل گوشت کا ٹکڑا اپنے پنجہ مین لئے جاتی ہے گوشت کے واسطے اور چیلین اوسکو چنگل مارنے لگین چیل کی اونکے ساتہہ کچہہ دشمنی نہ تہی صرف گوشت کیواسطے اوسکے پنجون مین تہا مار لی تہین اونسنے گوشت پہینک دیا تب سب چلی گئین اور وہ

چیل آرام سے ایک درخت پر بیٹھی رہی اوسکو دیکھکر مین نے سوچا کہ مال رکھنے سے چور اور ٹھگ بہت
ستاتے ہین اسلئے کوئی چیز اپنے پاس نہین رکھنا بڑے آرام اور چین سے پرمیشر کا بھجن کرتا ہون
طفل گورو اونیسوان گورو میرا ایک طفل ہے بچہ طمع اور لالچ اور فتنہ وفساد سے میرا ہوتا ہے
صرف اتنا اوسکو ہوتا ہے کہ کوئی چیز عمدہ اوسکے ہاتھہ مین ہو اور اوسکو کوئی میوہ یا مٹھائی
دکھا کر اوسکو لینا چاہے تو وہ اوسکو دیدیتا ہے اور سوائے کھیلنے کے اور اوسکو کچھہ کام یا شغل
نہین ہوتا اور اپنے گھر بار سے بھی اوسکو کچھہ محبت نہین ہوتی اوسکو دیکھکر مین نے یہہ سمجھا کہ
گیانی کو بھی بے اندیشہ رہنا چاہئے اور کچھہ خواہش کسیکی نرکھنی چاہئے جہان مین ایک تو طفل
جو غیر عارف ہوتا ہے اور دوسرا عارف دونون خوش رہتے ہین اور باقی سب رنج اور مشقت
مین گرفتار رہین **قطعہ** نا سکھہ کھوڑی پالکی نا سکھہ چتر کے چھانو ✤ کیا سکھہ ہرکے بھگت مین کیا سکھہ ستنون پانہہ
سر مُنڈ پر ناگ پر تنیون پرن مکھہ ناہ ✤ کیا سکھہ ہرکے بھگت مین کیا سکھہ ستون ماتہہ ✤ **دختر**
نا کد خدا گورو بیسوان گورو کنواری لڑکی ہے ایک دن مین ایک دنیادار برہمن کے گھر بھیک مانگنے
گیا دیکھا کہ اوسوقت تین آدمی غیر شہر سے اوسکی شادی کا پیغام لیکر وہان آگئے اوس لڑکی
نے سب کو بڑی خاطر سے بٹھایا کیونکہ سب گھر والے باہر گئے ہوئے تھے لیکن چونکہ چاول
مہمانون کے واسطے موجود نہ تھے اسلئے وہ لڑکی کوٹھری مین جا کر وہان دہان کوٹنے
لگی چوڑیون کی آواز آنے لگی اوسنے اپنے دل مین یہہ خیال کیا کہ یہہ مہمان چوڑیونکی آواز
سنکر یہہ جانینگے کہ اسکے گھر مین ایک دن کے کھانے کیواسطے چاول نہین ہین یہہ سمجھکر
اوسنے دو دو چوڑی ہات مین رکھہ لین اور باقی سب توڑ ڈالین تسپر بھی اونکا بولنا بند نہوا
تب اوسنے ایک ایک اور توڑکر ایک ایک باقی رکھی تو بولنا بند ہوا تب اوسنے دہان کوٹ کر
پکا کر مہمانون کو کھلائے ہمنے یہہ حال دیکھکر اپنے دلمین سوچا کہ بہت لوگون سے ربط ضبط کرنے
سے باہم جھگڑا ہوتا ہے اور یاد بود مین فرق آتا ہے **ابیات** بگریز ز خلق اندرین دشت ✤
کز گرگ بدین صفت نہ مذکور ✤ میلی کہ کنی بخلق میل است ✤ کان چشم ترا کند زره کور ✤

آن بکہ درین زمانہ کم گیری دوست ٭ با اہل زمانہ صحبت از دور نکوست ٭ آنکس کہ بجملگی ترا تکیہ بدوست ٭
چون چشم خرد باز کنی دشمن تست ٭ اور دو نیکے ساتھ رہنے سے بھی اچھی طرح نہین ہوتا اسلیئے
گیانی کو چاہیے کہ سب کی رلت ملت ترک کرکے تنہا بھجن کیا کرے ۔ اس مقام پر حضرت نے
فرمایا کہ ایک ہی ترکیبی تو خوب ہوتا **تیر ساز گورو** اکیسوان گورو تیر بنانیوالا ہے ایکدن
مین نے بازار مین تیر بنانے والے کی دوکان پر کھڑے ہوکر دیکھا کہ وہ تیر بنا رہا تھا اور اوسوقت
راجہ کی سواری بڑی دہوم دہام سے اوسکی دوکان کے آگے کو چلی گئی تھوڑی دیر کے بعد
راجہ کا ایک نوکر پیچھے سے آیا اور اوسنے پوچھا کہ راجہ کی سواری کس طرف کو گئی ہے اوسنے
جواب دیا کہ مین نے راجہ کی سواری نہین دیکھی یہہ بات سنکر مین نے تیر بنانیوالے سے کہا کہ ابھی تو راجہ
کی سواری بڑی دہوم دہام سے تیری دوکان کے آگے کو گئی ہے کس واسطے جھوٹھہ بولتا ہی
تب اوسنے کہا کہ مین تیر بنانے مین ایسا مصروف تھا کہ سواری کی طرف میرا خیال نگیا تب
مینے اپنے دل سے کہا کہ اے دل تو بھی تیر گر کیطرح سے سب اندریون کو اپنے قابو مین کرکے
نارائن کے دہیان مین ایسا مشغول ہوکر کہ خبر دین و دنیا کی نہو ۔ **مار گورو** بائیسوان
گورو مار اسانپ ہے سانپ اپنے رہنے کیواسطے گہر نہین بناتا چوہیون کے بہٹ مین رہتا ہی
اوسکو دیکھکر ہمنے اپنے دلمین سوچا کہ گیانی کو بھی گہر بنانا نہین چاہیے جہان رات ہوجاوے
وہین بسر کر دیوے اور اوسکو گہر سمجھے بیت ع درویش ہر کجا کہ شب آمد سرای اوست **مکڑی گورو**
تئیسوان گورو مکڑی ہے کہ جو سوت کی طرح تار اپنے موہنہ سے نکالکر پہر اوسکو کہا جاتی ہی
اوسکو دیکھکر مینے دلمین سمجھا کہ پرمیشر کو بھی اسیطرح جان لینا چاہیے کہ جو اسی لاکہہ جون اور
کہونکو پیدا کرکے پرورش پالتی ہین اور انجام کار سب اونکے اندر جاتی ہین اسلئے گیانی کو بھگوان کو
ہر دل مین جلوہ گر سمجھکر اوسکی یاد مین محو اور فنا ہوجانا چاہیے ۵

پاس کہون تو پاس ہے دور کہون تو دور ہے	جان جان جہان مین سب مین ہے بہرپور
دور کہون تو دور ہے پاس کہون تو پاس	رنگ رنگ مین بس رہے جون پہولن مین باس

بوند سمائی سمند مین سمند ابوند سمای — آپ سمایا آپ مین ورانت نہ پایو جاہی

بہرنگی کورو جو مبوان کورو بہرنگی کیڑا ہے کہ جسکی صحبت سے دوسر کیڑے اوسیکا روپ ہو جاتے ہین اوسکو دیکہکر مین نے کہا اگر گیانی کو بہی چاہئے کہ پرمیشر کے ساتھ ایسا دل لگاوے کہ جو اوسہین کا روپ ہو جاوے ؎ بملک حدت اگر طالب باشی گذر زرنگ خودی تا ہمہ خدا باشی

غبار رنگ برافشان زخود اگر خواہی — کہ با حقیقت بیرنگ آشنا باشی

یہہ سب گیان کی باتین کہکر دتاتری بولے کہ جو کچہہ گیان ہمنے چوبیس گروسے سیکہا تہا وہ سب تمکو سنا دیا اسی کو تم سمجہکر نارائن کی یاد اور دہیان کرو تمہاری مکتی ہو جاویگی فقط

گیان چرچا

ایک دن چند مہاتما گیانی پرم ہنس۔ مہاپرکش اور سنیاسی۔ پکنڈنڈی اور ونڈکمنڈل وبرم چرج۔ وبان پرست۔ وگرہست۔ وجوگی۔ وبیراگی۔ وبرہم چاری۔ وودیگر سنت وساد ہو ایک جگہہ جمع ہوے گیان دہیان کا باہم چرچا ہونے لگا دریای معرفت وحقیقت ہر طرف سی جوش مارنے لگا پہلے مہاپرکش نے جو بڑے گیانی اور پرمیشر مین لین تہے بکمال فصاحت اور بلاغت سی فرمایا کہ اوپن مشر نرگن نس گر یہہ نت نرجلپ نرنجن نرو بار۔ نرمل کاس سرب بیاپک بامرہینر بے سنگ اچل نت سدہ نت بدہ اکشہ انند ادوی اکشر اجر امری ؎ برہم ہوے کا پاکے اوٹ ٭ کا پابنا برہم کیا بولے ٭ ایک کہون تو دوئی ہوت ہر دوئی کہون تو ایک جاجی مت حیران ہوجون تہا جون ہی لکہہ ٭ ہو تو میرا جہوٹ جیو ہے ست ہیو ٭ ہوکے دہوکے جبور ہاجی کے دہوکے ہو ٭ صورت تیرے ہوگی سب صورت مین تو صورت نی سورت لگی رہو گر ہو ایک سنیاسی پکنڈنڈی زبان فیض ترجمان سے دربارہ بیان لا بیان آفریدگار کون ومکان یون گہرباری فرمانے لگے ؎ یے ثابت کر گیان بچار ا ٭ سوہن بسے کہان ہو نیارا قلب لومنین جب انہ کہا ٭ کہہ ہمکو کب نیارا ہا ٭ آپکہو مین تم سے نیری ٭ کہان جدا کہہ بیائی تیری ٭

نحن اقرب جب اونہہ کہا ہے تب اوسکا ہم انتر لہا + الانسان سِرّی جب اون لائیت بہید پرگھٹ ہوکہا
کہون دیرہ ہو کہون بسیط + وہو علی کل شئی محیط + عین عنایت جسپر کری + نکتا غیر کا اوس سے ہرے
نکتا غیر کا جس سے جاوی + وہی عین کا انتر پاوی + جس عین نکتہ چہپا ہے + کہان عین کا انتر لیجے
جو مین عین عین کر ہون + کہو غیر پہر کسکو کہون + عین غین ہے سبکی پاپ ہہ + عین بنا کوئی دوجا نا ہہ
عین غین تم کیا کرو کیا بہرم دہرو + اوسی غین کی عین ہے جو نکتہ دور کرو
آپ کہوئی ہر پاوت ہی جانت ہے سب کوئی + ہادی سیانت دور کر کہوئی کہوئی گہر ہوئی
اسکو سنکر اک سنت جہنت کبیر بنتہی زبان شیرین بیان کی بلبل آتا کی طرح نغمہ سرا ہوے ۵
سنتو دیکہت جگ بورانا + سانچا کہون تو مارن دہاوین جہونٹی جگت پتیانا
نیمی دیکہا دہرمی دیکہا + پرات کرین اسنانا + آتم مار پکہانی پوجین + اونین کہو نہ گیانا
آسن مار دنب دہر بیٹہے + من مین بہت گمانا + پیتر پاتہر پوجن لاگے + تیرتہہ گرب بہولانا
مالا پہری ٹوپی دینی + چہاپ تلک انمانا + ساکہی سبدی گاوت بہولی + آتم کہبر نجانا
ہندو کہے موہے رام پیارا + تورک کہے رحمانا + آپس مین دو دین لڑ لڑ موئی + مرم کوئی نجانا
گہر گہر منتر دیت پہرت ہین + مہما کے ابہہ مانا + گورو سہت سکہا سب بوڑی + انت کال پچہتانا
کہین کبیر سنو ہو سنتو + ای سب بہرم بہولانا + کیتک کہون کہا نہین مانی + سہجے سہج سمانا
کبیر ہم باسی وس دیس کے جہان جات کل ناہہ + سید ملا والمت ہے پردہہ ملائی ناہہ
ایک سمانا شکل مین شکل سمانا تاہہ + کبیر سمانی بوجہہ مین تہان دوسرا ناہہ
در و دیوار درپن بہو جت دیکہوت توہہ + کنکری پتہری ٹہینکری بہی آرسی موہ
حد حد کہتے سب گئے اور انحد گیونہ کوئے + انحد کے میدان مین رہے کبیرا سوے
کبیر اکیلا کیا کرو کہو جو آپن سر پر + پانچون اندری لبس کری ہوجے داس کبیر
جب ہنگامہ بیان ذات وصفات توحید وعرفان خوب گرم ہوا اور ہر طرف سے نعرہ ہا
بلند ہوا تو پیر ہم چاری بکمال شوق فرمانے لگے ۵

جیم جمال جلال او ستا مین ٭ شرگ نرگ وا کی پرچھا مین ٭ شرگ نرگ دو ہوا ون کینی
سو وو دہم سے دہر لینے ٭ جا کو شرگ نرگ نہین تا کو ٭ ایسا کون جو دو بکے وا کو
کینے چاند سورج اور تارے تا کو گنتے گیانی ہارے پانی لون دہرت اکاسا
سب مین چھائی رہوا نباسا ٭ جو کچھ اون بدھنا نے کینا ٭ اوسکا بھید کسو نہین دینا
دوست در ما ما درون دوستیم ٭ مغز جان وست ما چون پوستیم ٭ ظہور حق ہمہ جا جلوہ گر تو ای غافل
خدا نقاب زر تو دیدہ بینا کن ٭ ہر پرستش گاہ را مسجد بدان ٭ زانکہ مسجود است حق در ہر مکان
ہر عبادت گاہ را کعبہ بدان ٭ زانکہ معبود است حق در ہر مکان ٭ گیان دہیان کی باتون
کو سنکر سادہو لوگ بہت پرسن ہوے اور مہاپرش سے کہنے لگے کہ مہاراج ہم بڑے انند ہوے
پر ہمارے من مین ایک بات کی چنتا ہے دیا کرکے اوسکو مٹا دو وہ جب جیو آتما بہوت تما
سے جدا ہوتی ہے کون سے لوک کو جاتی ہے دوسری بات یہہ ہے کہ ایشر کی مایا اپرم
پار ہے اور کسیکی کچھ شناسائی مین نہین آتا ہے آپکا جیسا ساد ہو شاستر اور ہر شان ہم بارہی
تو ایسی صورت مین پرمیشر کا طالب ہونا یا اوسکی یاد بود کرنا کیسا ہی مہاپرش نے فرمایا کہ پران
اور من اور حواس اور اکاس اور باد و خاک اور پانی و آگ سب آتما سے پیدا ہوے ہین وہ سب
جانون کے جان اور دایم قایم بے زوال امٹ پرکرتی ہے اور پرش کے تین شریر ہین۔
استہول۔ سوکہم۔ کارن۔ یعنی بدن کثیف و لطیف و بدن اودیا جب کال کا وقت
آتا ہے تو جیو آتما بدن کثیف کو چھوڑکر بدن لطیف مین داخل ہو جاتی ہے اور علم اور عمل اوسکے
ساتھ رہتا ہے اوسکے عمل جس عالم کے موافق ہوتے ہین وہ اوسی عالم کو جاتا ہی کوئی عالم شراب کو
کوئی عالم گندہرپ کو کوئی عالم آفتاب کو کوئی عالم ماہ کو کوئی عالم پرجاپت کو کوئی ہرن گرب
کو کوئی برہم لوک کو۔ جو لوگ کہ اپنے کرمون کے پہل کی اچھا رکہتے ہین وہ اوسکے پہل پاتے ہین اور
جو سواے طلب خاص ذات ایشر کے کچھ اچھا کسی پہل کی نہین رکہتے اور اونکو گیان پراپت
ہوتا ہے وہ ذات مین لین ہوتے ہین زندہ جاوید رہتے ہین بدن کے فانی ہونے سے وہ

فنا نہین ہوتے اور جتنے بڑے بڑے اوتار رگہیشر منشر ہوگئے ہین سب آبات کی از روے تحقیق
ظاہری اور باطنی کے قایل ہوے ہین **حدیث قدسی** اور ایسا ہی سالار انبیا محمد مصطفے
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے * سَاَلَ اَبُوْبَکْرِ الرَّاوِیْ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْاَرْوَاحِ
حِیْنَ یَخْرُجُ مِنَ الْاَجْسَادِ اَیْنَ یَکُوْنُ قَالَ فِیْ سِتَّۃِ مَوْضِعٍ اَمَّا اَرْوَاحُ الْاَنْبِیَاءِ مَعْدِنُھَا فِیْ
جَنَّاتِ عَدْنٍ وَاَرْوَاحُ الْعُلَمَاءِ فِیْ جَنَّاتِ الْفِرْدَوْسِ وَاَرْوَاحُ السُّعَدَاءِ مَعْدِنُھَا فِیْ عِلِّیِّیْنَ
وَاَرْوَاحُ الشُّھَدَاءِ کَطَیْرٍ مِثْلَ بُطُیُوْرٍ فِی الْجَنَّۃِ حَیْثُ شَآءَتْ ثُمَّ اِلٰی قَنَادِیْلَ مِنْ ذَھَبٍ
مُعَلَّقَۃٍ فِی الْعَرْشِ وَاَرْوَاحُ الْمُذْنِبِیْنَ یَکُوْنُ مُعَلَّقَۃً فِی الْھَوَاءِ لَا فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ
اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ وَاَرْوَاحُ الْمُنَافِقِیْنَ یَکُوْنُ فِیْ قُبُوْرِھِمْ یُعَذَّبُوْنَ مَعَ اَجْسَادِھِمْ اِلٰی
یَوْمِ الْقِیَامَۃِ * کما قال اللہ تعالی کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ اور دوسری جگہہ وَ
اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ * ترجمہ سوال کیا ابوبکر راوی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
ارواحون سے جبکہ نکلتی ہین وہ جسمون سے کہان ہوتی ہین فرمایا بیچ چہہ جگہہ ای پر ارواح انبیا کی معدن
اونکا بیچ جنات عدن کے ہی اور ارواح علما کی بیچ جنات فردوس کے اور ارواح مومن کی معدن اونکا بیچ علیین کے اور
ارواح شہیدونکی مانند پرند جانور کے ہی جانورون جنت سے ہر طرف قندیلون بیچ چاندی کے جو لٹکے ہوے ہین بیچ
عرش کے اور ارواح گنہگارونکے لٹکی ہوئی ہین بیچ ہوا نہ زمین نہ آسمان مین دن قیامت تک اور ارواح منافقین
گیانی اور اگیانی کے مرگ مین تفاوت ہے اگرچہ ظاہر مین مرگ یکسان بہا شتا ہے لیکن
باطن مین یکسان نہین ہے جیسے جنتری مین تار سونے چاندی اور تانبے اور لوہے کا ایک
ہی طرح نکلتا ہے مگر لوہا اور تانبا سونے کی برابر نہین ہو سکتا حضرت مولانا روم علیہ الرحمت
دربارہ مرگ ابرار فرماتے ہین ~ ظاہرش مرگ و بباطن زندگی * ظاہر ابتر نہان پایندگی
بہر روز مرگ این دم مردہ باش * تا شوی با عشق سرمد خواجہ تاش * خلق گوید مرد آن مسکین فلان
تو بگوئی زندہ ام ای غافلان * اور جو رات دن لہو و لعب مین مبتلا رہتے ہین یاد بود نہین کرتے
اونکی موت کی نسبت مولانا واولانا علیہ الرحمت یون فرماتے ہین * اشعار

مرگ ہر یک ای پسر ہمرنگ اوست ٭ پیش دشمن دشمن و بر دوست دوست ٭ خلق در بازار یکسان میروند
آن یکے در ذوق و دیگر دردمند ٭ ہمچنین در مرگ یکسان می رویم ٭ نیم در خسران و نیمی خسرویم
کشتن و مردن کہ بر نفس و تن است ٭ چون انار و سیب را اشکست است ٭ انچہ شیرین است و شد نار دانگ
وانکہ پوسیدہ ست نبود غیر بانگ ٭ انچہ با معنی است خود پیدا شود ٭ انچہ پوسیدہ است او رسوا شود
اس چرچا کو سنکر سب بولے کہ واہ مہاراج دھن ہے دھن یہہ تو آپنے ہمکو خوب سمجھایا اور ہماری چنتا
کو مٹا دیا اب دوسری بات جو باقی رہی اوسکی بہی دبدہا ہمارے من سے مٹائیے مہاپرش نے
کہا سنو جس قدر رکہیشر منیشر جگیشر اوتار مہاتما اتم پرش انبیا اولیا بڑے بڑے بدھی دانا دان
عقیل فہیم عالم فاضل اہل تحقیق ظاہر اور باطنی اندر جامی اس پرتہی پر جنمے ہین سب برن اور
پرمیشر کی جب تپ یاد بودگیان دہیان مین دن رین مشغول رہے ہین اور بعد چہوڑنے سریر
خاکی یعنی بدن کثیف اور داخل ہونے بدن لطیف کے بہی یہی ہدایت و تلقین فرماتے ہین کہ ایشر
کی یاد بودگیان دہیان کی برابر کوئی شئی نہین ہے اور کتب اہل ہنود اور قرآن شریف مین جا
بجا بہگوان کی بہگتی کا ذکر ہے اور انیک ترکیبین مشغولی اور گیان کی اوت پتی کی لکہی ہین۔
قرآن شریف مین پانچ وقت کی نماز کا حکم ہے اور خدا تعالی نے فرمایا ہے ما خلقت الجن و
الانس الا لیعبدون ترجمہ نہین پیدا کیا مین نے جن اور انسان کو مگر یہہ کہ عبادت کرین
اور فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ۔ ترجمہ پس تم یاد کرو مجہکو مین یاد کرون گا تمکو۔ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا
یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ ترجمہ اور نہین ہے کوئی چیز مگر کہ وہ تسبیح کرتی ہے ساتہہ تعریف اوسکی کے۔
وَاعْبُدْ رَبَّکَ حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْیَقِیْنُ ترجمہ اور عبادت کر تو رب اپنے کی یہانتک کہ آوے
تجہکو یقین۔
فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا ترجمہ پس جبکہ ادا کرو تم نماز کو پس یاد کرو تم
اللہ کو کہڑے ہو کر اور بیٹہکر۔ حدیث شریف۔ لَایَزَالُ یَذْکُرُوْنِیْ وَاَذْکُرُہٗ حَتّٰی عَشِقَنِیْ
ترجمہ حدیث ہمیشہ یاد کرتا ہو مجہکو اور یاد کرتا ہون مین اوسکو یہانتک کہ عاشق ہوتا ہی مجہپر

طاعت وعبادت پر مشرکی فضول نہین ہے اور جو طلب وریا وبود سے یہہ سمجھکر باز رہتے ہین
کہ ذات کا پتا تو کچھہ ملتا ہی نہین ہے اوسکی طلب مین تضییع اوقات کرنا کیا ضرور ہی یہہ خیالات
فاسد ہین اور کم ہمتی اور پست حوصلگی کی باتین ہین جناب غوث الثقلین رحمت اللہ علیہ دربارۂ
طلب فرماتے ہین کہ طلب وہ ہے کہ تمام عقلا متفق ہو کر یہہ کہین کہ مطلوب کا میسر ہونا محال ہے
اور اوس تک پہونچنا ممکن نہین ہے تو اونکی گفتگو پر کچھہ خیال نکرے اور طلب سے باز نرہے اور طلب
اور جستجو مین لگا رہے تو اوسکو طلب کہتے ہین اور جو ایسی باتون سے طلب سے باز رہے تو یہہ طلب نہین ہے
بوالہوسی ہے اور جو ایسی صدق اور ارادت اور عقیدت اور اخلاص سے راہ طلب مین مستحکم اور مستقل
رہیگا اوسکو فنای کلی حاصل ہوگی - اور جو طلب سے مانع ہون اونکی موانست اور مجالست
مانع قرب درگاہ ہوتی ہے یار بد مار بد سے بدتر ہوتا ہے ؎ یار بد بدتر بدان از مار بد
کو ہلاکت می کند از کار بد ÷ زہر مار بد ہلاک جان بود ÷ قصد یار بد بسوی ایمان بود ÷
یار بد را چون مگس از خود بران ÷ تا می یابی زشر او امان ÷ جو لوگ یون سمجھتے ہین کہ جب نا راین
ہی نا راین ہے اور سب ویسکی رچنا اور وہ سرب بیاپک ہے اور اوسکی سوا اور کچھہ نہین ہے - ہو الاول
ہو الآخر - ہو الظاہر - ہو الباطن - تو پھر پوجا پاٹ تاپ جاپ کسکی گیان دہیان کسکا عارف
کون معروف کون عابد کون معبود کون ساجد کون مسجود کون یہہ بات تو درست ہے کہ غیر اللہ اور
کچھہ نہین ہے ہر رنگ ہر روپ ہر صفت ہر شان مین وہ ہی بھرپور ہے اور سب ویسکا پسارا ہے
مطلق مقید منزہ مشبہ بے مکان بامکان بے صورت باصورت حاضر غایب عیان نہان جو کچھہ کہو
سو وہ ہی ہے مگر یہہ منافی یاد بود نہین ہے ارشاد حضرت ابراہیم ادہم حضرت ابراہیم
ادہم علیہ الرحمت فرماتے ہین کہ جسکے دلمین یہہ وسوسہ پیدا ہوتا ہے کہ ادب ایک ٹہرائی ہوئی بات
ہے اسکی رعایت کیا ضرور ہے اور ترک نوافل مین کچھہ عذاب نہین ہے اور سنت فرض سے کمتر
ہے اور فرض کا اللہ محتاج نہین ہے اور جسکو خلوص کہتے ہین یہہ ہے ایک بیکار بات ہے خدا
ہمارے خدا کس چیز مین شامل ہے مذہب سنت وجماعت کی پابندی فضول ہے سب مذہب اللہ تعالی

کے بنائے ہوئے ہین توحید اور معرفت اللہ تعالی کی ایک وہم ہے اور کچھہ نہین ہے جنے ان باتون کو مان لیا ناکام رہا۔ جیت لگا کر اسبات کو سنو اور سمجھو کہ جتنے پرش اور مہاپرش اور اتم پرش ہو گئے ہین سب کا ازروئے تحقیق اسبات پر اتفاق ہے کہ پہلے سوائے آتما کے یہہ موجود مخلوقات یہہ جگت جو بھاشنا ہے کچھہ نہ تھا جب آتمانے چاہا کہ بصورت و شکلہای گوناگون جلوہ نما ہون تو اوسنے اول بدن پیدا کئے وہ بے حس و حرکت تھے اونکو حس و حرکت دینے کیواسطے آتما باد کی طرح اونکے اندر رچے نفخت فیہ من الروحی۔

اور اس باد کی پانچ قسمین قرار دیکر پانچ نام رکھے۔ پران۔ اپان۔ بیان۔ اودان۔ سمان۔ اور ظہور کا نام چار اوستھا یعنی چار مراتب کہتے ہین رکھا گیا ترپا عالم لاہوت۔ سکوپت عالم جبروت جسکو عالم بیخواہش کہتے ہین۔ سپن عالم خواب جسکو عالم ملکوت کہتے ہین جاگرت عالم ظاہر جسکو عالم ناسوت کہتے ہین ان چارون اوستھا مین آتما کا ظہور ہے اور بہوت آتما مین رہنا کہ وہ ہی مطلق و مقید اور ثابت بے اثبات اور بے آرزو آرزومند نظر آتا ہے بہوت آتما مین ظہور آتما کا بشان عبودیت ہے ؎ عاشق حسن خو دست آن بے نظیر ✠ حسن خو در اخود تماشا میکند ✠ دیہہ بدہا تو داسو ہم ✠ جی بدہا تو آنشکم ✠ برہم بدہا تو میوا ہم ✠ امیتست انجلا متے ✠ اسصورت مین اپنی پوجا پاٹ اور عبادت آپہی کرتا ہے ✠ حضرت منصور حلاج قدس سرہ پانسو رکعت نوافل روز پڑہتے تہے اور انا الحق کہتے تہے کسی نے اون سے سوال کیا کہ جب تم انا الحق کہتے ہو تو نماز کسکی پڑہتے ہو جواب دیا کہ ہمارا ظاہر باطن کی پرستش کرتا ہے یعنے اپنی آپ نماز پڑہتے ہین۔ اور نزدیک ارباب کشف کے کوئی شئے حمد اور تسبیح حق سے خالی نہین ہے چنانچہ مولانای جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین ؎

حمد و تسبیح حق بدین قانون ✠ کہ رسانیدہ شد بعرض کنون ✠ بلسان دلالت آمد و حال ✠ نہ بترتیب لفظ و حرف و مقال ✠ دین بسمع خرد شود مدرک ✠ و ندران نیست ہیچکس را شک ✠ لیک ارباب کشف اہل عیان ✠ در جماد و نبات و ہر حیوان ✠ نطق دیگر میکنند اثبات ✠ در جمیع مواطن و اوقات ✠

ہمہ ہستند زندہ و گویا ✤ خالق خویش را بجان جویا ✤ حمد و تسبیح حق ہمے گویند ✤
راہ قرب و رضا ہمے پویند ✤ تیز گوشان کہ سمع شان مبدل ✤ شد بسمع دگر ز نور ازل
حمد و تسبیح شان ہمی شنوند ✤ گرچہ اہل نظر ہمی کردند ✤ مرتضی گفت با رسول خدا
رفتم از مکہ جانب صحرا ✤ ہیچ سنگ و درخت نامد پیش ✤ کہ نگفتش سلام بے کم و بیش
ابن مسعود گفت وقت طعام ✤ می شنیدیم از طعام کلام ✤ بزبان فصیح و لفظ صریح
خوش ماہی گفت سر حق تسبیح قولہ تعالی وان من شئ الا یسبح بحمدہ ولاکن لا تفقہون تسبیحہم
اور نہین ہے کوئی شئ مگر کہ وہ تسبیح کرتی ہی ساتھہ حمد اوسکے اور لیکن نہین سمجھتے ہو تم تسبیح اون کی کو
دنیا مین انیک متا ہین مت پورب می مانسا۔ مت نیائی شاستر۔ مت پاتنجل و ساکہ شاستر
مت سنتون کی۔ مت بشنو۔ مت سو لنس والی۔ مت جین دہرم۔ مت ناستک
مت یہودی۔ مجوسی۔ عیسوی۔ اور مت محمدی وغیرہ سوائے ناستک مت والون کے
اور سب مت والے طاعت عبادت اور اوسکے گیان دہیان اور سرگ نرگ اور ایشر
انبیا اولیا سب کے قایل ہین وہ یاد بود کو خواہ بغرض مکت ہو یا جیون مکت ہو یا اور کسی
طرح پر ہو مکہ جانتے ہین البتہ یہہ فرق اور اختلاف ہے کہ کوئی کرم کو سراہتا ہے کوئی
آپاشنا کو کوئی گیان کو کوئی جوگ کو کوئی جگت کو ست کہتا ہے کوئی است کہتا ہے کوئی
پرالبدہ کو مکہ کہتا ہے کوئی سادہ گوروکی سیوا کو مکتہ جانتا ہے کوئی کرم اپاشنا گیان دہیان
جوگ جپ تپ پوجا تیرتھہ برت سب کو اچھا کہتا ہے لیکن ناستک متا والی کرتا یعنی ایشر کو
نہین مانتے کہتے ہین کہ جگت آپ ہی آپ پیدا ہوتا ہے اور آپ ہی اوسکا ناش ہو جاتا ہے
نکوئی اوسکا پیدا کرنیوالا ہے اور نکوئی اوسکا ناش کرنیوالا ہے جہان چار تت باہم ملی کچھہ نکچھہ
اکار بن گیا خواہ آدمی خواہ جانور وغیرہ جیسے تیل بتی دیا آگ ایک جگہہ جمع ہوے دیا روشن
ہو گیا اسی طرح چارون تت کے ملنے سے انسان یا حیوان پیدا ہو جاتا ہے اور پہر خود بخود
ناش ہو کر لوپ ہو جاتا ہے اونکی مت مین سرگ نرگ جگت پرلوا وتار دیوتا کچھہ نہین ہے

ناستکون کی مت سے یہہ بات ظاہر ہے کہ وہ خدا تعالی کو جو وحدہ لاشریک اور خالق کل
موجودات مخلوقات جیو جنت ہے نہین مانتے اور چار تت یعنی چار عناصر کو جو اوسکی مخلوق ہے
جانتے ہین انکی مت اچھی نہین ہے انکی مت کے پیرو ہونا نہین چاہئے کیونکہ سوای ناستک مت
والون کے اور جملہ مت والے نارائن اور سرگ نرگ ور سرا تسر کو مانتے ہین گو اسبات مین اونکی
اختلاف ہو کہ سرگ نرگ کیا ہے اور کہان اور کیسا ہے اور کسکے واسطے ہے اور کسکے واسطے نہین
ہے مگر اوسکے منکر نہین ہین اور ناستک ہی جو کرتار کے منکر ہین جسوقت کسی مصیبت مین مبتلا ہوتے
ہین یا کوئی مرض مہلک اور زیادہ تکلیف دینے والا لاحق ہوتا ہے یا اور کوئی آفت ارضی یا
سماوی اونپر نازل ہوتی ہے اور اوسکے دفع کرنے کی تدبیرات کرتے ہین اور کوئی تدبیر کارگر
نہین ہوتی یا کسی کام کا ارادہ کرتے ہین اور وہ اونکے خواہش کے موافق نہین ہوتا تب مجبور
اور لاچار ہو کر کہنے لگتے ہین کہ کرتا کوئی ہے ایسی مت والونکی ست سنگ سی بچنا چاہئے۔
سوفسطائیہ ہین جو تین فرقہ ہین۔ عنادیہ۔ عندیہ۔ لاادریہ۔ فرقہ اولی ثبوت حقایق اشیا
کا قایل نہین ہے کہتے ہین کہ عالم وہم وخیال ہے فرقہ ثانیہ ثبوت حقائق کا قایل ہے لیکن جس
طرحپر اونکی عقل مین آوے مثلاً اگر جوہر کو عرض تعقل کرین تو عرض ہے اور عرض کو جوہر اعتقاد
کرین تو جوہر ہے ؎ ازین دیو مردم کہ دام و دد اند + نہان شو کہ ہم صحبتان بد اند
بجز وی گوہر خرد سفتست + یار بد بہ ز مار بد گفتست + مار بد جز بگرد تن نہ تنند
یار بد عقل و دین ز تن بکند + مار بد گر بفگنی سنگے + جہد از خانۂ تو فرسنگے
رستن از یار بد بود دشوار + ور بہ بندی در آید از دیوار + مار بد جز بعمر ہاے مدید
ناید از اندر سرا و خانہ پدید + باشد آسان از وحذر کردن + نقد جان لی زکفش بدر بردن
یار بد از فسون افسانہ + با تو ہم خوابہ است و ہم خانہ + کے دہد دست رستن از کیدش
یا بدین پای جستن از قیدش + مار بد چون بہ نیشش دانی + یار بد را شناخت نتوانی
بسکہ خون جگر بباید خورد + تا شود آشکار جوہر مرد + مار بد خصم این جہان باشد + یار بد خصم جاودان باشد

اور جو یہہ ایک سوال تمہارا ہے کہ چیتنا آتما کا گیانی اور اگیانی دونون مین ہے اور گیانی اگیانی
مین کچھہ فرق ہے یا نہین پہلے ہم تمسے یہہ بات پوچھتے ہین کہ منش اور پشو دونون مین آتما کا
چیتنا ہے جیسے منش آتما بہن نہین ہے ویسی ہی پشو سے بہی بہن نہین ہے تم بہی عقل شعور تمیز
سمجھہ رکھتے ہو تم ہی بتلاؤ تمہارے نزدیک ان دونون مین کچھہ فرق تفاوت ہے یا نہین
مہاراج انسان اور حیوان مین تو بہت بڑا فرق ہے جیسا تم انسان اور حیوان مین فرق سمجھتے ہو
ویسا ہی انبیا اور اولیا اور گہیشرون اور عوام مین جو اگیانی ہوتے ہین فرق و تفاوت سمجھو
قلندر صاحب جو بڑے مہا پرش ہے فرماتے ہین ع چیست غوغا در جہان این شور شر
خاص و عامہ غیر جنس یکدیگر + عامیان جن اند بصورت آدمی + خلقت ایشان برای خادمی و
خادم اند و حاسد اند و بدنہاد + عامیان را تو بدان مایہ فساد + خاک را بر تارک عامی بپاش
چونکہ انسانی برو با خویش باش + آشنائی چون کند آخر ضرر + این مثل مشہور گرداری خبر
صحبت عامہ عذاب است بالتمام + ور بپرہیزی تو بہ است والسلام + صوفیان را کشف شد ذات اللہ
باقیان زندیق در چاہ سیاہ + صوفیان در فکر خود شادان شدند + دیگران در وہم خود حیران بدند
صوفیان را صاف شد عالی مذاق + والی ملک اند بے شرک و نفاق + فکر نادان کے رسد در فکر شان
فکر ایشان میدہد حق را نشان + علم حق در بحر علم صوفیان + گم شود نے نام ماند نے نشان
این سخن باور نباشد پیش عام + اولیا را کشف باشد این مقام + اولیا را می شناسد اولیا
دزد را ہم دزد داند بے ریا + کار عامہ روز و شب شور و شر است + بیہودہ بے مغز چون بانگ خر است
عامیان دیوانہ اند مثل جنیان + جن و انسان ہست ظاہر و عیان + مردم ناقص چو دیو و دیو ند
سود کم باشد زیان بیحد کنند + صحبت ایشان مرو اے مرد کار + باز دارند از رہت ای خوش عیار
عامہ صد خاصگان اند از نخست + جنس غیر اند کے شود صحبت درست + صحبت عامہ زیانست سر بسر
بر تو آرند صد بلا زیشان حذر + دیو خلق عام باشد ای عزیز + ہر کہ انسان ہست دارد او تمیز
کہا ہے کہ جبکہ اس جگت مین آتما کا گیان پراپت ہو جاتا ہے جب وہ استھول سریر کو چھوڑ کر سوکہم

یعنے بدن لطیف مین بڑا جتنا ہے تو جتنے عالم عالم غیب مین ہین - پترلوک - ماترلوک بہراتہ لوک - شیولوک - استری لوک - سب پر اوسکا تصرف ہوتا ہے اور جو نتایج تمام شناسی یعنی گیانی ہونے کے ہین اونکا کچھہ اوٹک نہین ہے اور یہہ بہی لکہا ہے کہ جو کوئی کتاب کو باچنتا ہے اور اوسکی ارتہہ سمجہتا ہے وہ صرف اتنا ہی جانتا ہے کہ کرتا ہے اور جو کوئی ادہکاری اور برہی یعنی طالب و عاشق صادق صاحب یاضبط و سلوک ہوتا ہے وہ جامع شریعت اور طریقت اور حقیقت و معرفت ہوتا ہے وہ اوصاف بشریت سے رہت ہو کر کمال سرور لایزالی کے ساتہہ تمام عناصر اور عالم کو اپنے آپ مین دیکہتا ہے اور اپنے آپ کو تمام عالم مین اور جنکا من سلوک سے صاف نہین ہوا اور خواہشات مین اونکا چت پہنسا اور لگا ہوا ہے اور مایا مین مشغول رہتے ہین وہ ان باتون سے بے خبر ہین مولانای رومی اور قلندر صاحب جو بڑے اتم پرش اور گیانی ہے فرماتے ہین ؎ از مقلد تا محقق فرقہاست * کین چو داود است وآن دیگر صداست منبع گفتار این سوزی بود * وان مقلد کہنہ آموزی بود * زانکہ تقلید آفت ہر نیکو ئیست کہ بود تقلید اگر کوہ قویست * ای مقلد تو مجوبیشے بران * کہ بود منبع ز نور آسمان نقل باشد محض تقلید ای جوان * او چہ داند حیست تحقیقات آن * آن محقق ہر چہ میگوید حق است آن مقلد ہر چہ میگوید دقست * اب تم سمجہو کہ خاص اور عام اور محقق اور مقلد مین بڑا فرق ہے اور دولت فقر کی عجیب دولت ہے کوئی دولت اسکے ہم پلہ نہین ہے اور جو کچھہ عزت عظمت شان و شوکت مرتبت اس مین فقرای بارگاہ صمدی کے ہے اوسکا کچھہ بیان نہین ہوسکتا اور انکی برابری کوئی تاس جہان مین کرسکتا ہے اور نا وس جہان مین شان معز اور مذل اگرچہ دونون پر بشر کے ہین لیکن ظہور شان فقر کا جیسا وجود انبیا اور اولیا مین ہوتا ہے ایسا اورون مین نہین ہوتا چنانکہ جناب رسالت مآب سالار انبیا نے سوائے فقر کے اور کسیکی نسبت فخر نہین فرمایا اسیکی نسبت فرمایا ہے الفقر فخری اور سات مراتب فقر کے جو حضرت نے فرمائے ہین اون کے

ساتوان مرتبہ فقر کا فرمایا ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اللہ عز وجل اِنّ فی جسد ابن آدم مُضغۃٌ وفی المضغۃ قلبٌ وفی القلب عقلاً وفی العقل فؤادٌ وفی الفؤاد روحٌ وفی الروح سِرٌّ وفی السر انا ٭ یہہ حدیث قدسی ہے اور اسمین سات مراتب قلب کے مناسبت صفت صفات قدیم کے درج ہین جملہ مخلوقات ازلی علمی ابدی شہودی سب ظہور صفات سبعہ کا ہی پس قلب آئینہ صفات سبعہ کا ہوا کہ مراد الوہیت سے ہے اور یہہ ہی واقع ہے وَقَدْ خَلَقَکُمْ اَطْوَارًا۔ ہر طور کا ظاہر اور باطن ہے طور اول قلب جو عالم اجسام سے متعلق ہے کہ مضغہ اور صدر اوسکو کہتے ہین ظاہر اسکا یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس۔ ہے اور باطن اسکا انوار الہامات رحمانی ہین اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَہُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ اور طور دوسرا فکر اور بصیرت ہے اور عالم نفسانی سے تعلق رکہتے ہے فکر اور بصیرت معاش کی طرف متوجہ اور مصروف اور معاد سے غافل رہتی ہے ظاہر اسکا ولکن تعمی القلوب التی فی صدور الناس۔ اور باطن اسکا جای ایمان اور محل القا ہے۔ اُولٰئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْاِیْمَانَ۔ اور طور سوم محبت ہے ظاہر اسکا محبت بہشت ہے۔ فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ہِیَ الْمَاْوٰی۔ اور باطن اسکا محبت لا الہ الا اللہ طور چہارم محل مشاہدہ متعلق بعالم روحانیت ہے ظاہر اسکا مشاہدہ حق ہے آثار اور آیات مین اور باطن اسکا مشاہدہ ذات ہے شان جلال و جمال مین طور پانچوان محل معاینہ متعلق بعالم سر ہے ظاہر اسکا یہہ ہے کہ تجلی کو تجلیات مین دیکہے اور باطن اسکا یہہ ہے کہ رفع تجلیات کر کی تجلی کو دیکہے طور چہٹا معرفت متعلق بعالم نور ہے ظاہر اسکا معرفت حق کی ہے سات اسما اور صفات کی اور باطن اسکا متصف ہو جانا ہے انبیا سے سات اسما اور صفات کی اُبْرِئُ الْاَکْمَہَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ اور طور ساتوان فقر ہے کہ جو حامل تجلی ذات ہے ظاہر اسکا فنای کلی ہے علم اور شعور فنا سے اور باطن اسکا بقائیت ہے اذا تم الفقر فہو اللہ اوسیکو کہتے ہین۔ اسبات کو یاد رکہو کہ دولت فقر کی بغیر ست سنگ اور تربیت اور ارادت اور ادب تعظیم مہاپرشون اور جبہ وجہد اور گیان دہیان سماوی کے حاصل ہونا محال ہے ۔ تیرتہہ نہائی اک پہل سادہ ملی پہل چار ٭ ست گور ملی انیک پہل کہین کبیر بچار ٭

جنون نے سنتہو کہہ کر کے من کو مارا ہے اور پرمیشر کی یاد بود مین اپنا چت لگایا ہے اونہون نے
تمام جگت کو جیتا ہے ؎ من کو مارے ہارہے اور من جیتی جیت ٭ پار برہمہ کو پائی من ہی کی پرتیت ٭
گودہن گنج دہن باج دہن اور رتن دہن کہان ٭ جب آوی سنتہو کھہ دہن سب دہن دہول سمان ٭
سہا مین سب سنتہو کہہ دیہا و بھگت بسواس ٭ صدق صبوری سانچ دے مانگے داد وداس
اور یاد بود کے واسطے کبیر جو بڑے گیانی اور بھگت ہتے یون فرماتے ہین ؎
بہور بہیے چوتارا بہنو بارا بہنو تہوڑے ٭ جو گہڑ نہی تو چوسی بہنو مت سی آئے باری
ستر تو شب پاس کو بہنو سلجہہ رہے گی تانے ٭

اور جو لوگ یہہ سمجہکر کہ گیان اگیان اور ذاکر شاغل غافل جاہل سب یکسان ہے کچہہ اسمین
فرق نہین ہے یاد بود سے غافل رہتے ہین تب پیچہے پچہتاتے ہین ؎ دوہرہ
جب کرنا تہا سونا کیو پڑو لوہہ کے پہند ٭ نانک سمیا رم گیا اب کیون روت بزانده
آگے کے دن پاچہے گئے ہر سے کیا نہ ہیت ٭ اب پچہتائے کا ہوت ہے جب چڑیان چگ گئین کہیت
فردا کہ پیشگاہ حقیقت شود پدید ٭ شرمندہ رو شوی کہ عمل بر مجاز رفت رباعی
آن مہ چو نقاب از رخ خود بکشاید ٭ وز پردہ بام خانہ بیرون آید ٭ ہر سر کہ بتاریکی شب پنہان بود
در پیہ نور روی وی عیان بنماید ٭ یاد بود گیان دہیان پرمیشر کا سب سے مکہہ ہے اس
حیات مستعار حباب وار مین جو کچہہ ہو سکے کرنا چاہیے اشعار
حباب وار زبہر نظارہ آمدیم ٭ کہ سر زنیم و تماشا کنیم و باز رویم ٭ چلنا ہی رہنا نہین اور چلنا بسوی سر
دنا چار کے سوہاگ کو تو کیون گوندہاوے سیس ٭ احمد گہڑی دہول کی رہی یون ہی بہول ٭
گانٹہہ جتن کی کہل گئی تو انت ہو لگی دہول ٭ ۔ اس تمام گیان چرچا کو سبنے سنکر ہاتہہ باندہکر
مہا پرش کی خدمت مین عرض کیا کہ مہاراج کر باندہان آپنے بڑی دیا اور بڑی کرپا کی اور
ہمکو خوب سمجہایا اب ہمارے من مین کچہہ سندیہہ نہین رہا اور ہمنے جان لیا کہ پرمیشر کی یاد بود
گیان دہیان سے افضل کچہہ نہین ہے جو ایشر کی یاد مین چت لگاوے وہ ہی انسان ہے

ورنہ حیوان ہے بلکہ حیوان سے بھی بدتر ہے اب ایک سوال مہاراج اور باقی ہے جسکی ہمارے من مین خلجان بڑا ہوا اور سندیہہ ہے دیا کرکے اسکو بھی سمجھا دیجے تاکہ اسکی چنتا بھی ہمارے من سے جاتی رہے مہاراج پرمیشر کے قرب مین خاص عام سب برابر ہین یا کچھ فرق ہے کہو سنو اور سمجھو کہ قرب ایک صفت ہے خاص کر اللہ نے اپنے آپ کو اوس سے موصوف کیا ہے اور اپنے بندون کو بھی اس صفت کی ساتھہ مخصوص کیا ہے یعنی نحن اقرب الیہ من حبل الورید قرب حق مین نہ بعد مسافت نہ مسافت بعد سے بعید ہے اور قرب سے قریب باطن مین قرب بلا بعد ہے اور ظاہر مین بعد بلا قرب جسکو قرب کہتے ہین وہ ایک ایسا راز ہے کہ نہ وہم و گمان مین آسکتا ہے اور نہ تصور عقل مین سما سکتا ہے اور جسکو ایسا قرب حاصل ہوتا ہے نہ وہ خود رہتا ہے اور نہ اوسکی خودی مثال اسکی یہہ ہے اسکو سمجھو کہ یہ شش مجموعہ ہے سر پیر اور روح کا سر طبیعت سے منسوب ہے اسلیے کہ جسم مرکب ہی چار تتون سے اور روح حقیقت مین کان ہے سات صفتونکی جو اللہ کی ہین یعنی حیات و قدرت و ارادت و علم و سمع و بصر و کلام اور جو اثر روح اور جسم کی واسطے سے ظاہر ہے وہ اثر صفات اللہ کا ہی اور اللہ اوسکے سوا ہے واللہ من ورائہم محیط پس صورت مین طبیعت اثر ہے اور حقیقت جان اور اللہ جان جان اور اللہ ساتون صفات مذکورہ کے ساتھہ موثر ہے روح مین اور روح موثر ہے جسم مین جسطرح ایک پھول نہایت تیز خوشبودار ہو اور اوسکو ایک کپڑہ مین لپیٹین اور اوسکے اوپر اور تہ بتہ کپڑے لپیٹین اور سب کپڑون کے اندر خوشبو اوس پھول کی سرایت کرے اگرچہ خوشبو ایک ہی پھول کی ہوگی مگر ہر مرتبہ مین مرتبہ خوشبو کا مختلف ہوگا پھول بمنزلہ سر کے ہے اور خوشبو بمنزلہ روح ہے پس قرب اللہ کا خلقت کے ساتھہ مانند قرب روح کے ہے جسم کے ساتھہ مگر عین اوسکا ناپیدا ہے قرب اللہ کا اگرچہ علویات اور سفلیات عرش فرش سب مین برابر ہے نہ علویات سے ظاہر مین قریب اور نہ سفلیات سے باطن مین بعید لیکن ہر شئ اس قرب اور معرفت اور علم اور آگہی کی لایق نہین ہوتا جیسی ہر زمین مین سونے کی کان نہین ہوتی ہے کسی خاص زمین مین ہوتی ہے اسی طرح قرب کی علم آگہی کے لایق ہر آدمی نہین ہوتا

شعر

اسرار حقیقت اہر دل نبود قابل ٭ دُر نیست بہر دریا زر نیست بہر کانے ٭ جسطرح ہر زمین مین
کان طلا نہین ہوتی ہے اسی طرح ہر آدمی کی طبیعت کے اندر اثر حقیقت کا نہین ہوتا اُولٰئک
کالانعام بل ہم اضل سبیلا مین داخل ہین اور وہ ہزارون لاکھون آدمیون مین سے کوئی
ایسا ہوتا ہے کہ جسکی طبیعت حقیقت کی طرف رجوع ہوتی ہے اور معرفت الٰہی سے بہرہ یاب
اور سرفراز ہوتا ہے اور جس طبیعت کے اندر اثر حقیقت ہوتا ہی وہ مانند زر خاک آلودہ کی ہے
اور حقیقت مانند زر خالص کے ہے جو خاک سے پاک ہوا وسکو عین کہتے ہین اور حق مانند اکسیر کے
ہے کہ عین عین ہے جب زر کو قرب اکسیر بعد صفائی کدورت طبیعت کے حاصل ہوتا ہے تو جس
مس پر زر کو ڈالینگے سونا کر دیگا اکسیر طلا کی قدر وہ ہے خوب جانتا ہے جو کدورت کائی سی
پاک صاف ہو گیا ہو جب تک کدورت طبیعت سی صفائی حقیقت نہو شہود حق ہونا محال ہے
جب کدر طبیعت رفع ہوتا ہی تب حقیقت کا شہود ہوتا ہے اور یہہ عمل سوا انبیا علیہ السلام اور
اولیا رکرام کی اور کسیکو حاصل نہین ہوتا اسبارہ مین جناب سرور کائنات مفخر موجودات کی شان
عالیشان مین ہے وتریٰہم ینظرون الیک وہم لا یبصرون ۔ یعنی یہہ تجکو طبیعت سے دیکھتے
ہین اور حقیقت سے محجوب ہین اور جنہون نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو طبیعت سے دیکھا
اونہون نے تو حضرت کی نسبت یہہ کہا ۔ قَالُوا مَالِ ہٰذَا الرَّسُولِ یَاکُلُ الطَّعَامَ وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ
اور جنہون نے ازراہ حقیقت جناب سالار انبیا کو دیکھا جیسے موسیٰ علیہ السلام نے تو یون فرمایا اَللّٰہُمَّ
اجْعَلْنِیْ مِنْ اُمَّتِ مُحَمَّدٍ اور عیسیٰ علیہ السلام نے بھی ازراہ حقیقت حضرت کو دیکھا چنانچہ اونہون نے
یہہ فرمایا یالیت کنت من امت محمد ۔ قرب کئی قسم کا ہوتا ہے ۔ قرب مکانی ۔ قرب زمانی
قرب صفت ۔ قرب مکانی یہہ ہے کہ جیسے میرٹھہ دہلی سے قریب ہے اور کلکتہ بہ نسبت وسکے دور ہے
قرب زمانی یہہ ہے جیسے جیون ارکاش کا زمانہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ کے قریب ہے اور کرشن جی
کا بہ نسبت اوسکے بعید ہے اور قرب صفت یہہ ہے کہ جیسے انسان عقل و تمیز مین بہ نسبت حیوانون کے فرشتون کے
قریب تر ہے ایسی ہی صفت ایمان مین مومن بہ نسبت اہل کفر کے اولیا اللہ سے قریب تر ہی اور خواص

اولیا عام مومنین سے حقیقت مین انبیا علیہ السلام سے قریب تر ہین اور انبیا علیہ السلام بتبدیل اخلاق
مین بہ نسبت اولیا کے حق سے قریب تر ہین پس قرب حق کا اوصاف سئیہ سے نیک ہوتا
ہے نہ اوصاف رضیہ سے اوصاف رضیہ تقرب مکانی ہے نہ زمانی اشعار

قرب بر انواع باشد ای پدر ٭ می زند خورشید بر کہسار و در ٭ آن نمی بینی کہ قرب اولیا
صد کرامت دارد و کار و کیا ٭ قرب خلق و رزق بر جملہ است عام ٭ قرب وحی عشق دانند این کرام
گفت پیغمبر کہ معراج مرا ٭ نیست بر معراج یونس اجتبا ٭ آن من بر چرخ آن او نشیب
زانکہ قرب حق فرونست از حسیب ٭ قرب نے بالا و پستی رفتن است ٭ قرب حق از قید ہستی رستن است
آنکہ چون سنگ زحل کیدانی بود ٭ کے مرا و را حرص سلطانی بود ٭ ٭ ٭

اگرچہ ساتون صفت کا اثر کل نفوس انبیا اولیا مومن کافر مین برابر ہے لیکن شناسا اوس
اثر کا کوئی کوئی ہوتا ہے جسطرح اکسیر جبس مس مین اپنا عمل اور تاثیر کرتی ہے تو مس کی
حقیقت بدل جاتی ہے اور وہ عین سونا ہو جاتا ہے اور صفت مسیت کی اوسمین نہین
رہتی ہے جسکی طبیعت مین حقیقت کا اثر ہے وہ مومن ہے اور جسکی نظر عین پر ہے وہ ولی
ہے اور جسکا عین عین پر گذر ہے وہ نبی ہے قرب حق کا بغیر دل شناسائی مین نہین آسکتا
کہ عقل اوسکی ادراک سے عاجز ہے دیکھو دربارہ حضرت عیسی علیہ السلام جو یہہ ارشاد ہے وَاُبْرِئُ
الْاَکْمَہَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ یہہ دلیل عین عین کے کشف کی ہے پس بیان
مذکورہ بالا سے مراتب قرب ظاہر ہین قرب مطلق انبیا کو ہی اور پہر اتقیا اور اصفیا کا قرب ہے
کہ سونا حقیقت انکی کا خاک طبیعت سے پاک صاف علیحدہ ہی اسکے بعد مومنین کا قرب ہے کہ یہہ
اپنی خاک طبیعت مین زر حقیقت کا اثر رکہتے ہین اسکے بعد دیگر عوام الناس کا جو مشرک اور کافر
ہین کہ طبیعت اونکی بے حقیقت اور خاک بے زر اور نا صاف پر از گند ہے خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ
وَعَلٰی سَمْعِہِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِہِمْ ترجمہ پردہ ڈالدیا اللہ نے دل اونکے پر آنکہین اونکی پر اور کانون
اونکے پر۔ اس گیان چرچا کو سنکر سب کا من بڑا پرشن اور آنند ہوا

دیده بگشا تا ببینی آفتاب روی او — کآفتاب روی او از دیده ها مستور نیست
لیک درویش را بنور روی او دیدن توان — گرچه مانع دیده را از دیدنش جز نور نیست
گر ترا دیدار او باید برابر طور دل — حاجت رفتن چو موسی سوی کوه طور نیست
تو کتابی در تو مستور است علمی هرچه هست — چیست آن کو در کتاب لوح تو مسطور نیست

خاتمه ضمیمه ریاض الفقرا من تصنیف منشی فضل رسول صاحب

دور کن از دل غم دنیا و دین ای شادکام — باش آسوده درین دیر کهن ای خوش خرام
بی تعصب دار با کس نه بکس جنگ و فساد — صلح کل می باش دایم خوش مزاج و خوش کلام
آتشی زن خانهٔ خس پوش ننگ و نام را — خاک افگن بر سر سرخ و سپید و نیل فام
می خور از خم خانهٔ توحید و وحدت بیدرنگ — پاک کن لوح دل از شرک و دوئی و اوهام

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

گر تو مرد عاقلی با کس مکن جنگ و فساد — سینهٔ خود پاک دار از کبر و از کین و عناد
حسن خلق آموز از یاران رحمت العزیز — گو همی بارد بدیر و خانهٔ رب العباد
گر تو میخواهی شدن روشن برنگ آفتاب — نور افشانی بکن بر روی آب و خاک و باد
بحث هفتاد و دو ملت دور کن از فکر خویش — بحث می باشد بنای فتنهٔ کون و فساد

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

بد مگو و بد مجو و بد مکن بد بین مباش — زاعتراض و طعن و لبها را مکن صرف خراش
دو مگو و دو مبین و دو مدان گلزین دوئی — یک بدان و یک ببین و باش یکرا خواجه تاش
باش یک دل یک زبان یک گوش و یک چشم و نظر — از دورنگی می شود دل پاره پاره باش باش

پای بوس هرکسی مانند سیل آب باش … خواه هندو یا مسلمانی بود نیکو معاش

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

تو چه دانی کیست مقبول خدای ذو المنن … شیخ می باشد عزیز خاطرش یا برهمن
بی نیاز است و غنی و لا و بالی شان اوست … برتر است اسرار او از هر خیال و وهم و ظن
جن و انسان و ملک ارض و فلک از هر چه هست … آفرید از حکمت خود با هزاران راز و فن
جلوهٔ ذات کمالش دان ملان کس احقیر … یاد داری پند را از رهبر شیرین سخن

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

تا بوهم عز و شانی یا بفکر کر و فر … یا اسیر دام زر یا بند زعم خیر و شر
یا گریزی از مذلت یا پسندی عز و جاه … یا برنجی از ذم و از مدح گردی شاد تر
یا نفوری از جلال و مایلی سوی جمال … یا کنی فرقی میان نفس و روح از یکدیگر
یا نه بینی اصل و سوی فرع میداری نظر … واصلی حق نیستی میدان که هستی دور تر

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

گر بخواهی عالمی گردد ترا حلقه بگوش … خلق کن با خلق دایم عیبهای شان بپوش
لب مجنبان چون صدف تا سینه گردد پر گهر … همچون عمان باش ساکت نی چو چشمه در خروش
از تحمل باش قایم دایما مانند کوه … چون زمین یا فلک بر دای محنت عالم بدوش
از کشاکشهای دنیا گر رهائی بایدت … بادهٔ گل رنگ یکرنگی و یکتائی بنوش

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

شیوهٔ اهل دغل بگذار مکاری مکن
دل بدست آور ولی جور و دل آزاری مکن

باش دایم در طریق راستی ثابت قدم
هرچه میخواهی بکن لیکن ستمکاری مکن

از خیال خود گرفتار بلاهای دوئی
تفرقه بگذار و خود را از ادب عاری مکن

غیر او جز وهم باطل در حقیقت هیچ نیست
از غم این وهم و غربت زبان کاری مکن

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

از تواضع می شود دلهای عالم پر سرور
از تواضع رام گردد آدم و جن و طیور

می کند عجب و تکبر آدمی را خوار و زار
از تکبر مے شود از بکید بگیر هر کس نفور

راه الفت گیر و از وحشت گریز و دور باش
زانکه وحشت کلفت آرد در دل اهل شعور

مردم بی مهر را در بارگاهش بار نیست
کجروی و کج ادائی دور دارد از حضور

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

دست رحمت نه بسر هر عاجز و درویش دار
مرهم لطفی بجان خسته و دلریش دار

جان و مال خود بکن در راه عشق او نثار
خویش را از خویشتن بیگانه و بیخویش دار

هان مکن جور و جفا هیچکس ای ذی شعور
فکر رفتن زین جهان هر ساعتی در پیش دار

گر ترا عشق است با سلطان ملک ابد
ربط دل با هر گروه هر قوم و با هر کیش دار

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام
با مسلمان الله الله با برهمن رام رام

قطعه تاریخ محب الفقرا دوست اهل الله ارادت تهماد راسخ الاعتقاد لاله لچهمی نرائن صاحب خلف الرشید لاله فتح چند عرف للو صاحب لاهور رئیس صدر بازار میرٹھ

ای ریاض الفقرا قربانت شوم
در بیان فقر بی همتا توئی

ہم ز فضل حضرت یکتای پاک — در رموز معرفت یکتا توی
خفتگان خواب غفلت را مدام — چون نسیم صبح ہوش افزا توی
ساکنان کوچۂ دلدار را — عیش افزا و طرب پیرا توی
از جمالت عالمی پر نور شد — شاہد زیبا و مہ سیما توی
ہر ورق طور تماشای جمال — ہم تجلای و ہم موسیٰ توی
برلب لچھمی نراین سال بست — ارمغان تازہ عقبیٰ ۱۳ھ

قطعہ تاریخ نوباوہ چمن دولت و اقبال ثمرہ شجرہ دولت و اجلال کرپارام عرف موتی لعل خلف لالہ لچھمی نراین صاحب طول عمرہ

ہے عجب یہہ کتاب مصدر فیض — فرخ آغاز و خوب تر انجام
ورق مہر جسکا ہر صفحہ — جسکا ہر حرف رشک ماہ تمام
ہین یہہ اوس شاہ دین کے ارشادات — جسکے ممنون فیض خاص اور عام
سالک مسلک خدا دانی — پیر عشاق عارفون کے امام
مہبط کیف ہاے لاہوتی — مظہر ذوالجلال والاکرام
عارف ذات واصل مولیٰ — غوث علی شاہ مقتدای انام
جلوہ ذات خاص حق لکھیے — اسکی تاریخ طبع کرپارام

قطعہ تاریخ لالہ جوالا پرشاد صاحب فقیر دوست رئیس میرٹھہ (سمت ۱۹)

ریاض العفت ہے طرفہ دل آرا — فدا ہر گل پہ ہے دل بلبل آسا
یہہ باغ بے خزان ہے دائم آباد — حیات دائمی ہر پھل ہے اسکا
عیان ہر گل سے ہے صنعت خدا کی — ہر ایک پتا ہے قدرت کا تماشا
جدہر دیکھو ادہر ہے جلوہ حق — وہی ہے بس نہان و آشکارا
ہر ایک برگ و گل و خار و شجر مین — برنگ بوی گل ہے جلوہ فرما

عجب اس بانکی بو ہی دل آویز
ہوا بدست جسنے کچھہ بہی سونگھا

یہہ ہے خوبی مین یکتا اور یگانہ
کوئی ثانی نہین اسکا نہوگا

لکھے جدم جو لالا نے یہہ اشعار
بہ تعریف ریاض فقر زیبا

تو آئی اس عاصی غیبی آواز
جزاک اللہ فی الدارین خیرا

قطعہ تاریخ من تصنیف محب الفقرا دوست اہل اللہ لالہ امراؤ سنگہ صاحب اوج وکیل منصفی ولد لالہ گدارناتہہ صاحب ساہوکار رئیس میرٹھہ شاگرد مولف

صل علی کیسی ہے نادر کتاب
ہر ورق اسکا ورق آفتاب

گوہر الفاظ ہین بحر العلوم
معنی روشن ہین صفائی نجوم

حسن مضامین تجلی ادا
جلوۂ طور کرم کبریا

اختر تابندہ حسن صفات
طور تماشای تجلی ذات

حسن رخ شاہد بی شک و ریب
جلوہ دہ وکاشف اسرار غیب

مظہر آثار تقدس صفات
خال رخ جلوۂ تنزیہ ذات

آئینہ تطہیر جلال وجمال
ہالۂ فضل وکرم ذو الجلال

لجۂ فیض وکرم دوستان
چشمۂ فضل اتم مستعان

عطر گریبان تمنای یار
طبلۂ مشک کرم کردگار

نرگس شہلای بہار نعیم
یاسمن گلشن فیض عمیم

غرۂ پیشانی صدق وصفا
طرۂ تاج اثر اہتدا

قلقل مینای می شوق یار
جرعۂ بیکیف علاج خمار

اوج کمالات کا معدن ہے یہہ
مخزن اسرار مہیمن ہے یہہ

قطعہ تاریخ من تصنیف لالہ بجال سنگہ صاحب ولد لالہ گدارناتہہ صاحب ساہوکار رئیس میرٹھہ شاگرد مولف

لکھی عجب ظہور نے اختر ریاض فقر
روشن ہے جس سے شان جلال محمدی

ہاتف نے فی البدیہہ ندا دی کہ بالیقین | ہے رنگ پر ظہور کمال محمدی

قطعۂ تاریخ من تصنیف لالہ پیاری لال صاحب مختار شاگرد مولف

۴۰۰ تعالی اللہ کتاب باشرح توحید | بحسن عالم آرا آفتابی است
۲۰۰ ریاض الفقر نام پر بہارش | بہ فیض از رحمت یزد سبحانی است
۴۰۰ تماشای جمال معرفت را | خوشا آئینہ با آب و تابی ست
۲۰۰ رقم پرواز مضمون کمالش | لبشعراے زمانہ انتخابیست
۴۰ می وحدت بجام شوق دارد | بعصر فانی ز مرشد خوش خطابیست
۴ دلش محو حق و در شوق توحید | پسندیدہ خیال و لاجوابیست
۱۳۰۴ سر ہر مصرعہ اول پی سال | بخوشتر صورت و زیبا حسابیست

قطعۂ تاریخ خادم الفقرا دوست اہل اللہ منشی پربھو نراین صاحب وصلیباقی تونسہرہ

حبذا حبذا ریاض الفقر | بفتوحی اتم صلا در داد
باغبان ریاض توحیدی | آفرین ای ظہور رنگ نہاد
از بہار کمال تحقیقت | چمن دل شدہ طرب آباد
رنگ افروز صد تماشا شد | گلشن پربہار صدق و سداد
پی تاریخ طبع و خوبی او | خواستم از سروش نغمہ داد
بدعا در حروف معجم گفت | ذوق وہم شوق حق مبارکباد

قطعۂ تاریخ خادم الفقرا دوست اہل اللہ منشی دہوم سنگہ شوق شاگرد مولف

شوق عجب ہے یہ کتاب ظہور | جسکے مضامین پہ فدا حسن طور
ہے یہ عجب جلوہ حسن صفات | ہے یہ عجب غمزہ توحید ذات
آئنہ حسن جلال و جمال | تاب رخ جوہر شان کمال
تہ کش رشتہ علم و عمل | جلوہ آئینہ فیض ازل

حلہ گر قامت رعنای شوق	لعل طراز کمر کوہ ذوق
آئینہ تقدیس کمال کمال	معنی تنزیہ جمال و جلال
آب رخ جوہر علم الیقین	تاب دہ آئینہ حسن دین
سرمہ کش دیدہ و دید و شنید	مرسلہ آرای گلوی امید
غازہ دہ عارض رعنای شوق	وسمہ کن ابروی زیبای شوق
طرفگی طرز مین ہے لاجواب	باغ مراد بجنبا - ہے کتاب

قطعہ تاریخ تصنیف لالہ رام چندر زار ساکن تھانہ بھون ضلع مظفر نگر شاگرد پیرجی واحد علی صاحب

شد مطبوع ذکر خیر حضرت	نہ ذکری بل ہمہ صہبای عرفانست
بیاضش روشناس جہر وحدت	سوادش مظہر سودای عرفانست
بہر سطرش نشان واحدیت	بہر یک صفحہ او جای عرفانست
کتاب زر رنگ چین بابند عجب نیست	کہ نقطہ نقطہ سرتاپای عرفانست
بگفتم زار تاریخش بہجری	کہ گوئی منبع دریای عرفانست

قطعہ تاریخ تصنیف منشی نراین داس صاحب ساکن دہلی

حمل علی ہے کتاب خمسہ	وحدت حق ہوئی ہے جس سے عیان
جلوہ فروز ہے حسن ذات	نور سے پر ہوئی کون و مکان
طور کمال کے غمزے ہین	ایک ایک حرف سے جلوہ فشان
وحدت حق کے مضامین سے	محو ذات بنا ہی جہان
سال ہے اسکا نراین داس	ابر مکرمت عرفان

قطعہ تاریخ تصنیف منشی چرنجی لال صاحب شاگرد مولف

بارک اللہ کتاب نادر طرز	نہین عالم مین ابتہ ثانی

تیری ہر لفظ کے ہیں رنگ بہر — شہرہ فلق جلوہ افشانی
در نایاب ہے ترا ایک ایک حرف — شکل آئینہ ساز حیرانی
ہوا کوزہ مین خوب دریا بند — کھلے اسرار خاص عرفانی
فی تاریخ کیون چہ ہجی لال — تم اوٹھاتے ہو اب پریشانی
لکھو بیک۔ صحیفہ ذاتی — بکمال و بخوشترین شانی

قطعہ تاریخ التصنیف منشی رام چندر مختار عدالت ساکن میرٹھ

واللہ کتاب ریاض ظہور — ایک جلوہ شان رحمت ہی
ہر حرف مین ندرت کی ہی ادا — ہر لفظ مین رنگ وحدت ہی
ہر طرح تعصب سے ہے بری — غمخوار مذہب و ملت ہی
توحید کے مضمون کی ہو بہتا — ہر بات کی زیبا حالت ہی
ہے لب دل سے ندا — کشاف رموز حقیقت ہی

قطعہ تاریخ تصنیف بابو بھجن داس صاحب رئیس غازی آباد شاگرد مولف

فی الحقیقت این کتاب فیض بخش — جلوہ آثار افضال خدا ست
لفظ لفظش رنگ افروز کمال — حرف حرفش جوہر صدق و صفا ست
عاشقان ذات را دیدار نو — مایہ آرامش ہر دو سرا ست
از لب شیرین شوق و ذوق درو — نغمہ سالش گوش تر آشنا ست

تاریخ تالیف کتاب تصنیف کردہ کالکا پرشاد دل اہلکار نقلنویس کلکٹری میرٹھ شاگرد مولف

بے مثل لکھی کتاب عرفانی نے — عقل اہل کمال جس سے حیران
دل فکر مین سال کی ہو کاوش کیوں — تاریخ ہے اسکی [illegible] حیران

قطعہ تاریخ تصنیف منشی سوہن لعل صاحب مین پوری شاگرد مولف

طبع جب ہو چکی ریاض النظر — جس سے روشن ہوئی کمال ظہور

مصدرِ فیض بنا سب پڑھو — جلوہ افشان ہوئی تجلی نور

شان حق سے سال ہمت مین — مجھے ہی دیکھنے ہوئی منظور

ہاتف نے کہا کہ فکر ہے کیا — اتنی کاوش کی تمکو کیا ہی ضرور

دل خورشید معرفت ہے موج — اسکی تاریخ رشک جلوہ طور

قطعہ تاریخ تصنیف منشی رام جیداس صاحب وکیل منصفی ساکن بہسو ضلع میرٹھ شاگرد مولف

ہے حقیقت مین یہ توحید کا بحر مواج — عارف معرفت ہے اس سے آگاہ

فکر تاریخ ہو کیا لکھدی یہی دو تم اجلاس — رحمت عالم ہو یہ چشمۂ فیض الہ

قطعہ تاریخ تصنیف منشی پیاری لعل کیف الہ آبادی شاگرد مولف

گلشن فیض ریاض زہد — باہمہ زینت جلوہ نما ہے

آو اصل شوق کیسان ہو — دیکھو رنگ پہ فضل خدا ہے

کیسی کتاب ہے کیسا بیان ہے — کیا کیا اسمین نکتہ لکھا ہے

کیا کیا وحدت کے ہین گیت — جوش پہ بحر صدق و صفا ہے

ذاکر اسم مبارک واحد — جان اور دل سے اسپہ فدا ہے

قطعہ تاریخ تصنیف سید ضیاء الدین ضیا شاگرد مولف مرید حضرت قبلہ

باسلوب زیبا و ترتیب خوب — چھپی یہ کتاب بہار کمال

مضامین سے اسکے ہے جلوہ فروش — صفاتی جمال و ذاتی جلال

ہے تفسیر آیات حمد ملک — ضیا اسکی تاریخ فرخندہ فال

قطعہ تاریخ مولوی جلال الدین ساکن میرٹھ

ضیاء الفت کیا نسخہ ہے نادر — ہے شہرت جسکی از مہ تا بماہی

مضامین تصوف راز دار — بیان وحدت حق ہے کماہی

ہے اسلئے فیض کا طلوت من شور | ملایک سے زمن دل سے لواہی
ریاض الفقر عرفانی دریا | ہے بیشک چشمہ فیض الٰہی ۱۳۰ھ

قطعہ تاریخ تصنیف مرزا عبد اللطیف بیگ ٹھواری ساکن میرٹھ

ہے ریاض الفقر دریای کمال | بلکہ ابر لطف خاص ذوالجلال
آئیے رحمت ہو ایک ایک حرف پاک | نقطہ نقطہ آخر روشن جمال
محو اسم ذات ماجد بنگیا | جب ہوا دلکو خیال و فکر سال

قطعہ تاریخ تالیف کتاب تصنیف منشی محمد ابراہیم بیگ خلیل تخلص شاگرد مولف

جب ریاض ظہور عاشق ذات | بہمہ اہتمام و حسن ادا
ہوی جلوہ فروش شان کمال | ہوی رنگ بہار صدق و صفا
جسنے دیکھا وہ محو کیف بنا | ہوا اصل علی کا نغمہ سرا
سال تاریخ ہاتفی سے خلیل | کہا لکھو فضایل فقرا ۱۳۰۲

قطعہ تاریخ تصنیف چراغ علی برادرزادہ مولف

ہے یہہ کتاب ریاض ظہور | جو ہر قدسے فیض صمد
آیہ شان حسن صفات | جلوہ رحمت ذات احد
سال ہے اسکا چراغ علی | مجمع معرفت سرمد ۱۳ھ

قطعہ تاریخ تصنیف مولوی محمد حسین طول عمرہ خلف مولف

بطرز خوب ترتیب خوش انداز | کتاب فیض بخش و رحمت آثار
بحسن خوبی تحریر و تصحیح | ہوی بجلدم محمد حبیب کے تیار
خیال سال آیا میرے دل میں | کہا ہاتف نے مت کر فکر زنہار
ریاض الفقر کی وصف و ثنا میں | ہوتا مضمون کی خوبی کا اظہار
بتعداد و شمار آل اطہار | لب حق ہی سے لفظ حق کا ظہور ۱۳۰ھ

قطعہ تاریخ تالیف کتاب منشی جمال الدین صاحب جمالی شاگرد مولف

جمالی عجب ہے یہہ نادر کتاب ۔ عجب اسمین ہین درج اخبار فقر
تجلی فروش اسکے ہر حرف سے ۔ باثار روشن ہین انوار فقر
سراپا ہے تحقیق وحدت ہے پر ۔ لکھو اسکی تاریخ ــ افکار فقر ۱۳۰۲ھ

قطعہ تاریخ طبع من تصنیف حافظ مولا بخش صاحب ظہیر شاگرد مولف

ہے یہہ کتاب بیشک ہادی فیض وحدت ۔ تاریخ پاک و اطہر اسکی ظہیر لکھو
محو ادای رحمت ہے اس سے جان آگاہ ۔ تفسیر برگزیدہ ــ الحمد وقل ہو ۱۲۹۴ھ

قطعہ تاریخ تصنیف سید فضل حق صاحب فضلے نائب صدر منصرم بند و بست گوالیار

بے شبہ ریاض الفقر ظہور ۔ یہہ دولت مومن ہے
ہر لفظ سے عشرت اہل دل ۔ ہر حرف سے فرحت مومن ہے
تاریخ کمال اہل وصول ۔ تحقیق حالت مومن ہے
تاریخ ہے اسکی شاہد حال ۔ تعلیم حقیقت مومن ہے ۱۳ھ

قطعہ تاریخ تصنیف میران بخش منشی ساکن علاقہ ضلع جالندھر ملک پنجاب مرید حضرت

شیدای ریاض الفقر بنا ۔ جو دل سے حبیب واحد ہے
جو محو ہے اسکے مضمون پر ۔ بے شبہ قریب واحد ہے
ہر لفظ سے اسکے جلوہ فروش ۔ ایک فضل عجیب واحد ہے
تاریخ ہے اسکی میران بخش ۔ یہہ گنج غریب واحد ہے ۱۳ھ

قطعہ تاریخ حافظ اللہ بخش صاحب مرید حضور ساکن میرٹھ

چھپ چکی جب یہہ کتاب نافع ہر خاص و عام ۔ واہ وا اسرار ہے جہان پر تازہ باب معرفت
عالم اسرار سے آئی ندا نام خدا ۔ قابل تحسین ہے یہہ ــ کامل کتاب معرفت

۱۳۰۴ھ

تقریظ بیخته خامهٔ گل گلبن امارت بختیاری بلبل بستان دولت کامگاری
لاله راما کنجد یال صاحب خلف لاله درگا پرشاد صاحب ساهو مرحوم سهیروالهٔ شاگرد مؤلف

وصف تو چو پرسیم از خموشی	گویند باشار هم که بخروش
هرگه ز سخن سراغ گیرم	فریاد برآورد که خاموش

خدایا زبانی که از گرد معذوری خاک بر سر وادی ناکامی بیان است در روش ثنا پرواز همت
چه جرأتی نماید و بیابانی که از غبار معترف القصوری هوس بباد داده صحرای شکسته بالی قربان است
بطراز ستایش گستریت چه همی آرد۔ همت آباد هرزه درائی طوفان طرازی قلزم بودن کار
موج سراب زبان نیست۔ و حیرت کده بیصرفه سرای جلوه نور خورشید گشتن [illegible] تاریکی سایه زیبا و شایان
غواص فکر دقیق از دریای بیمان[illegible] گوهر بدست و پازنی شوق گوهر مدعا بدست آورد نقش سر
که بر آب ثبت ساختن و نظارگی [illegible] هم بلند از فلک ستایشش اگر بنظارهای ذوق اختری
از اوج تمنا بنظاره[illegible]ی ست که شعاع خورشید انداختن۔ بهار صفائش رنگ حسن لب
گلزار خیا[illegible] بهاریه حیرتش خون ساخته بسبزه خیابان و رگش بهای شوق یکه تاز
خورشید ذاتش پرتو نظری نداده که چمنستان فهم رشک جنان بجبینش داغ نموده بجا
ساز و شعله تحقیق بالش [illegible] نسازیم نظم بحر بیتاب که آن گوهر نایاب کجاست + چرخ سر گشته که
خورشید جهانتاب کجاست + دیر از این غصه در آتش که چه بگذشت صنم + کعبه زین درد سیه
پوش که محراب کجاست + های سمندر بهوس داغ فروش آتش گه + ماهیان تشنه بهر ندوم آب کجاست +
بچنین دعوی وصف محبوبی که الفقر فخری نقش نگین خاتم شهریاری اوست بجز همت بیصرفه
سرای چه برمی دهد و ادعای ثنای مطلوبی که من رانی جلوه جمال تجلی طور عالم مقداری اوست
سوای تنگ هرزه جای چه سود می بخشد نظم جرأت اندیشان که درس حمد و نعتی خوانده اند +
ان شود معلوم زینجا رانده زانشه مانده اند + انتخاطی کرده اند اما بعلم آگهی +
ان زبان بی تمیزی یک سبق گردانده اند + بیش از این روش نگرد و که این سید الشان +